تنظیم المدارس کے درجہ ثانویہ عامہ و درجہ ثانویہ خاصہ
(طالبات) کے نصاب کے مطابق

نہج البلاغہ اردو

(اوّل تا پنجم)

تصنیف
حضرت علامہ مفتی محمد امین خان دامت برکاتہم العالیہ

فرید بک سٹال ۳۸۔ اردو بازار لاہور

فلولا نفر من کل فرقة منهم طائفة لیتفقهوا فی الدین

تو کیوں نہ ہو کہ ان کی ہر بڑی جماعت سے ایک چھوٹی جماعت نکلے جو دین کی سمجھ حاصل کرے

(سورۃ یونس ۱۰/۱۲۲)

سنہری کرنیں

صبغۃ اللہ

(حصہ اول تا پنجم)

خواتین کیلئے اسلامی نظام کے مطابق زندگی گزارنے کا نصاب

جو خواتین کامیاب ترین زندگی گزارنے کی خواہش رکھتی ہیں وہ اس کتاب کا ضرور مطالعہ کریں

تصنیف

خلیلِ ملت حضرت علامہ مولانا مفتی محمد خلیل خاںؒ قادری برکاتی قدس سرہٗ العزیز

ناشر

فرید بک سٹال (رجسٹرڈ) ۳۸۔ اردو بازار لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جملہ حقوق بحق ناشر کاپی رائٹ نمبر 8904 کے تحت محفوظ ہیں

نام کتاب ❁ سُنی بہشتی زیور (اوّل تا پنجم)

تصنیف ❁ مولینا مفتی محمد خلیل خاں برکاتی قدس سرہٗ

تصحیح ونظر ثانی ❁ مولینا محمد ابراہیم فیضی

مطبع ❁ ہاشم اینڈ حماد پرنٹرز، لاہور

طبع باراوّل ❁ 1981ء

الطبع الثالث ❁ فروری 2001ء

ہدیہ ❁ 240/= روپے

ناشر

فرید بک سٹال (رجسٹرڈ) ۳۸۔ اُردو بازار لاہور

فون نمبر 0092-42-7312173 - 7123435

فیکس نمبر 0092-42-7224899

ای۔میل Email:info@faridbookstall.com

ویب سائٹ Visit us at:faridbookstall.com

فہرست

سنی بہشتی زیور

♦

حصہ اوّل

نصاب عقائد برائے طالبات
ثانویہ عامہ وثانویہ خاصہ

♦

حصہ دوم

نصاب فقہ برائے
طالبات ثانویہ عامہ

♦

حصہ سوم

نصاب فقہ برائے
طالبات ثانویہ عامہ

حصہ اوّل

- عرض مولف ____ 17
- پیش لفظ ____ 19
- کچھ مولف کے بارے میں ____ 21
- ذات وصفات باری تعالیٰ کا بیان ____ 26
- نبوت کا بیان ____ 29
- سیدالانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فضائل مبارکہ ____ 33
- آسمانی کتابیں اور صحیفے ____ 36
- ملائکہ کا بیان ____ 38
- جن کا بیان ____ 41
- تقدیر کا بیان ____ 42
- موت وقبر کا بیان ____ 44
- علامات قیامت کا بیان ____ 47
- امام مہدی کا ظاہر ہونا ____ 48
- دجال کا ظاہر ہونا ____ 49
- حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا آسمان سے نزول فرمانا ____ 50

- یاجوج ماجوج کا خروج ـــــ 52
- دھوئیں کا پیدا ہونا ـــــ 53
- مغرب سے آفتاب کا طلوع ہونا ـــ 53
- دآبۃ الارض کا نکلنا ـــــ 54
- قیام قیامت کا بیان ـــــ 54
- حشر ونشر کا بیان ـــــ 55
- آخرت کے چند احوال وشفاعت ـــ 58
- اعمال نامہ ـــــ 61
- میزان ـــــ 61
- حساب ـــــ 62
- صراط ـــــ 63
- حوض کوثر ـــــ 64
- دیدار الٰہی ـــــ 65
- جنت کا بیان ـــــ 66
- دوزخ کا بیان ـــــ 68
- اعراف کا بیان ـــــ 70
- ذبح موت کا بیان ـــــ 70
- ایمان وکفر کا بیان ـــــ 71
- خوب یاد رکھنا چاہیے ـــــ 74
- نفاق کا بیان ـــــ 75
- گمراہ فرقے ـــــ 77
- قادیانی ـــــ 79
- بابی ـــــ 80
- چکڑالوی ـــــ 82
- نیچری ـــــ 82
- رافضی ـــــ 83
- خارجی ـــــ 84
- بدعت سیئہ وحسنہ ـــــ 90
- ضروری تنبیہ ـــــ 92
- گناہ کبیرہ اور صغیرہ کا بیان ـــ 93
- ایک گناہ صغیرہ ـــــ 94
- دوسرا گناہ کبیرہ ـــــ 94
- مسلمان مرد اور بیبیاں یاد رکھیں کہ ـــــ 95
- صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم ـــ 97
- اہل بیت عظام رضی اللہ تعالیٰ عنہم ـ 100
- ولایت کا بیان ـــــ 102
- پیران طریقت ـــــ 106
- اور ایسے پیروں سے بدتر ہیں وہ نام نہاد پیر ـــــ 108
- آداب المریدین ـــــ 109
- دعائے خیر ـــــ 111

حصہ دوم

- طہارت کا بیان ____ 112
- چند ضروری اصطلاحیں ____ 113
- وضو کا بیان ____ 114
- چند احادیث کریمہ ____ 114
- فقہی احکام ____ 115
- متفرق مسائل ____ 117
- وضو کی سنتیں ____ 118
- وضو کے مستحبات ____ 119
- وضو کرنے کا مسنون طریقہ ____ 120
- وضو کے مکروہات ____ 121
- وضو توڑنے والی چیزوں کا بیان ____ 122
- وہ صورتیں جن میں وضو نہیں جاتا ____ 123
- وضو کے متفرق مسائل ____ 124
- ضروری نہایت ضروری ____ 125
- وضو کی دعائیں ____ 126
- متفرق مسائل ____ 128
- غسل کا بیان ____ 129
- چند احادیث کریمہ ____ 129
- فقہی احکام ____ 130
- غسل کی احتیاطیں ____ 132
- غسل کی سنتیں ____ 133
- غسل کن چیزوں سے فرض ہوتا ہے ____ 134
- متفرق مسائل ____ 135
- کس پانی سے وضو و غسل جائز ہے اور کس سے نہیں ____ 137
- کنوئیں کا بیان ____ 139
- چند اور مسائل متعلقہ ____ 143
- آدمی اور جانوروں کے جھوٹے کا بیان ____ 144
- متفرق مسائل ____ 145
- تیمم کا بیان ____ 146
- چند احادیث کریمہ ____ 147
- فقہی احکام ____ 147
- متفرق مسائل ____ 148
- تیمم کا مسنون طریقہ ____ 150
- کچھ اور مسائل ____ 150
- موزوں پر مسح کا بیان ____ 152
- مسح سے متعلق چند احادیث کریمہ ـ 153

- "اقوال ائمہ ملت" ——— 154
- مسائل ضروریہ ——— 155
- اعضائے وضو پر مسح کرنے کے مسائل ——— 159
- حیض کا بیان ——— 160
- حیض کے مسائل ——— 160
- نفاس کا بیان ——— 164
- حیض ونفاس سے متعلق احکام ——— 166
- ضروری نہایت ضروری ——— 171
- استحاضہ کے احکام ——— 171
- نجاست کا بیان اور اسکے احکام ——— 173
- متفرق مسائل ——— 175
- نجس چیزوں کے پاک کرنے کا طریقہ ——— 177
- استنجے کے متعلق چند مسائل ——— 179
- نماز کے وقتوں کا بیان ——— 180
- متفرق مسائل ——— 181
- اذان واقامت کا بیان ——— 183
- ضروری اشد ضروری ——— 186
- اذان و اقامت سے متعلق چند فقہی مسائل ——— 188
- فائدہ نفیسہ ——— 192
- نماز کی شرطوں کا بیان ——— 193
- نماز پڑھنے کا طریقہ ——— 197
- نماز کے فرائض ——— 201
- نماز کے واجبات کا بیان ——— 204
- نماز کی سنتوں کا بیان ——— 206
- نماز کے مستحبات ——— 207
- جماعت وامامت کا بیان ——— 207
- ترک جماعت کے اعذار ——— 209
- امام کسے بنایا جائے؟ ——— 209
- تنبیہ جلیل ——— 211
- مسلمان ہرگز ایسے کو امام نہ بنائیں جو ——— 212
- نماز کے بعد کے ذکر ودعا ——— 213
- نماز توڑنے والی چیزوں کا بیان ——— 213
- وہ چند چیزیں جو نماز میں مکروہ تحریمی ہیں ——— 215
- چند وہ چیزیں جو نماز میں مکروہ تنزیہی ہیں ——— 216
- نماز وتر کا بیان ——— 217
- سنتوں اور نفل نمازوں کا بیان ——— 218

- قضا نماز کا بیان ـــــ 219
- پردہ سے متعلق چند آیات و احادیث ـــــ 221
- پردے کے متعلق چند احکام ـــــ 224
- شوہر کے حقوق ـــــ 226
- بیوی کے حقوق ـــــ 230
- چہل احادیث ـــــ 233
- اولاد کی تعلیم و تربیت ـــــ 237

حصہ سوم

- نفل نمازوں کا بیان ـــــ 240
- تحیۃ الوضوء ـــــ 240
- نماز اشراق ـــــ 241
- نماز چاشت ـــــ 241
- صلوٰۃ الاوابین ـــــ 241
- نماز تہجد ـــــ 241
- نماز استخارہ ـــــ 242
- صلوٰۃ التسبیح ـــــ 244
- نماز حاجت ـــــ 245
- سجدۂ سہو کا بیان ـــــ 246
- بیمار کی نماز کا بیان ـــــ 250
- سجدۂ تلاوت کا بیان ـــــ 252
- سجدۂ شکر کے بعض مواقع ـــــ 255
- نماز مسافر کا بیان ـــــ 255
- چند نفیس فائدے ـــــ 257
- جمعہ کا بیان ـــــ 259
- چند حقائق ـــــ 260
- چند فضائل ـــــ 262
- چند ضروری مسائل ـــــ 265
- بعض دیگر مسائل ـــــ 267
- جمعہ کے دن یا رات میں مرنے کے فضائل ـــــ 270
- عیدین کا بیان ـــــ 271
- چند احادیث کریمہ ـــــ 273
- مسائل فقہیہ ـــــ 273
- نماز عید کی ترکیب ـــــ 275
- تنبیہ ـــــ 276
- رویت ہلال یعنی چاند دیکھنے کا بیان ـــــ 277
- مسائل متعلقہ ـــــ 279
- تنبیہ ضروری ـــــ 282

- بیماری کا بیان ـــــ 283
- مریض کی عیادت ـــــ 285
- بیماریوں کا علاج ـــــ 286
- موت آنے کا بیان ـــــ 288
- میت کا غسل وکفن ـــــ 291
- مسئلہ ضروریہ ـــــ 297
- نماز جنازہ اور قبر و دفن سے متعلق بعض مسائل ـــــ 298
- تنبیہ ضروری ـــــ 299
- عورتوں کیلئے زیارت قبور ـــــ 300
- ایک سچی حکایت ـــــ 301
- تنبیہ ضروری ـــــ 304
- تعزیت کا بیان ـــــ 304
- سوگ اور نوحہ کا بیان ـــــ 307
- شہادت کا بیان ـــــ 310
- ایصال ثواب کا بیان ـــــ 311
- ایصال ثواب کے غلط طریقے ـــــ 317
- شب برات کا حلوہ ـــــ 317
- رجبی شریف ـــــ 318
- فاتحہ عشرۂ محرم ـــــ 318
- نذر غوث اعظم ـــــ 319
- طعام میت ـــــ 320
- والدین کے حقوق وفات پا جانے کے بعد ـــــ 322
- زکوٰۃ کا بیان ـــــ 324
- مسائل زکوٰۃ ـــــ 327
- صدقہ فطر کا بیان ـــــ 330
- روزے کا بیان ـــــ 331
- چند مسائل ـــــ 333
- روزے کی قضا ـــــ 334
- وہ حالتیں جن میں روزہ نہیں جاتا ـــــ 337
- سحری وافطار ـــــ 338
- روزہ نہ رکھنے کی اجازت ـــــ 339
- روزہ توڑنے کا کفارہ ـــــ 341
- نفلی روزے ـــــ 342
- عشرۂ محرم ـــــ 342
- نفیس فائدہ ـــــ 343
- فضائل عاشوراء ـــــ 344
- پندرہویں شعبان کا روزہ ـــــ 346
- شش عید کے روزے ـــــ 347
- ۲۷ رجب کا روزہ ـــــ 347
- ایام بیض کے روزے ـــــ 348

- پیر اور جمعرات کے روزے ـــــ 348
- بعض اور دنوں کے روزے ـــــ 348
- چپ روزہ ـــــ 349
- نفلی روزہ توڑنا ـــــ 350
- منت کے روزے ـــــ 351
- حرام روزے ـــــ 351
- اعتکاف کا بیان ـــــ 352
- چند مسائل متعلق باحکام اعتکاف ـــ 355
- لیلۃ القدر کے فضائل واعمال ـــ 359
- علماء کرام فرماتے ہیں کہ ـــــ 363
- شب قدر کا اہتمام اور شب بیداری ـــ 364
- شب بیداری کا مفہوم ـــــ 365
- حج کا بیان ـــــ 366
- ضروری مسائل ـــــ 367
- عورت کے ہمراہ سفر میں محرم کا ہونا شرط ہے ـــــ 368
- حج بدل ـــــ 369
- حج میں عورت کے مخصوص احکام ـــ 371
- ایک ضروری نصیحت ـــــ 373
- سفر مدینہ طیبہ ـــــ 375
- تنبیہ ـــــ 376
- ضروری نہایت ضروری ـــــ 378
- ہدایت ـــــ 378

حصہ چہارم

- نکاح کا بیان ـــــ 379
- اسلام میں نکاح ـــــ 379
- عورت اسلام سے پہلے ـــــ 383
- ایجاب وقبول ـــــ 385
- ایجاب وقبول گواہوں کے روبرو ہونا ـ 387
- محرمات کا بیان ـــــ 389
- نسب ـــــ 389
- مصاہرت یعنی سسرالی رشتے ـــ 390
- ضروری مسائل جن کا تعلق مصاہرت سے ہے ـــــ 390
- جمع بین المحارم ـــــ 392
- غیر مسلمہ سے نکاح ـــــ 392
- عورت کا کسی دوسرے کے نکاح یا عدت میں ہونا ـــــ 394
- رضاعت یعنی دودھ کے رشتے ـــ 395
- نکاح میں ولایت اور وکالت ـــ 397

- فقہی مسائل ——— 398
- کفو کا بیان ——— 401
- عورت کا حق مہر ——— 405
- مہر کی قسمیں ——— 407
- چند متفرق مسائل ——— 408
- طلاق کا بیان ——— 410
- طلاق ابغض المباحات ہے ——— 412
- عورتوں کی اصلاح کی تدبیریں ——— 413
- اعتذار ——— 416
- تنبیہ ضروری ——— 417
- چند فقہی مسائل ——— 417
- طلاق رجعی، بائن اور مغلظہ ——— 420
- تین طلاقوں کے بعد ——— 420
- رجعت کا مسنون طریقہ ——— 421
- حلالہ کی صورت ——— 422
- ایلاء اور ظہار کا بیان ——— 423
- مسائل فقہیہ ——— 426
- خلع کا بیان ——— 429
- لعان کا بیان ——— 430
- زوجہ مفقود کا بیان ——— 433
- عدت کا بیان ——— 434
- ضروری نہایت ضروری ——— 437
- بچہ کی پرورش کا بیان ——— 439
- نفقہ کا بیان ——— 442
- عورت کا نفقہ ——— 443
- نابالغ اولاد کا نفقہ ——— 446
- ماں باپ وغیرہ کا نفقہ ——— 446
- مجالس خیر کا بیان ——— 447
- میلاد شریف ——— 447
- خلفاء راشدین کیلئے مجالس وعظ ——— 449
- عشرہ محرم میں مجلس وعظ ——— 449
- عقیقہ اور ختنہ سے متعلق چند مسائل ـ 450
- کسی ولی کے نام کی چوٹی اور ایسی ہی دوسری خرافات ——— 452
- زینت کا بیان ——— 454
- شوہر کیلئے بناؤ سنگھار ——— 455
- گھنگرو والے زیورات ——— 456
- چست لباس ——— 456
- ناخن کاٹنا ——— 457
- سر کے بال تراشنا ——— 458
- بزرگوں کی تصویریں ——— 459
- نعل اقدس اور روضہ انور کے نقشے ——— 459

- گڑیاں کھیلنا ـــــ 459
- اصلاح الرسوم ـــــ 460
- ایک شرعی قانون ـــــ 461
- دولہا کو بنانا سنوارنا ـــــ 462
- دلہن کو مائیوں بٹھانا ـــــ 462
- نبوٹ کھیلنا ـــــ 462
- شادی میں ٹال مٹول ـــــ 463
- بلائے قرض ـــــ 464
- ڈھول تماشا گانا بجانا ـــــ 465
- ناچ باجا ـــــ 466
- اور آہ صد آہ ـــــ 468
- فلمی ریکارڈنگ ـــــ 469
- آتش بازی ـــــ 470
- طاق بھرنا ـــــ 471

حصّہ پنجم

- فضائل ومسائل درود شریف ـــــ 473
- چند مسائل ـــــ 475
- قرآن مجید پڑھنے کے فضائل و آداب ـــــ 476
- آداب تلاوت ومسائل قراءت ـــــ 478
- مسئلہ ضروریہ ـــــ 482
- دعا اور اس کے فضائل وآداب ـــــ 482
- قبولیت دعا کے اوقات ـــــ 485
- بشارتیں ـــــ 486
- مفید نہایت مفید ـــــ 486
- قسم اور اس کے کفارہ کا بیان ـــــ 487
- فائدہ جلیلہ ـــــ 491
- حدود اور تعزیرات (جُرم وسزا) کا بیان ـــــ 492
- قابل حفظ فائدہ جلیلہ ـــــ 492
- فقہی مسائل متعلق بہ زنا ـــــ 495
- حد قذف کا بیان ـــــ 496
- تعزیر کا بیان ـــــ 498
- ایک نفیس فائدہ ـــــ 500
- شراب نوشی کی حد کا بیان ـــــ 500
- چند مسائل متعلقہ ـــــ 502
- تنبیہ ـــــ 503
- مرتد کا بیان ـــــ 504
- تنبیہ ضروری ـــــ 505
- ارتداد سے متعلق چند احکام ـــــ 506

ضروری نصیحت ____ 507
چند غلط فہمیوں کا ازالہ ____ 508
پہلا مکر ____ 508
دوسرا مکر ____ 509
تیسرا مکر ____ 511
چوتھا مکر ____ 512
ایک اور نصیحت ____ 514
چند کفریہ کلمات ____ 516
لقطہ کا بیان ____ 521
لقطہ کے مناسب کچھ اور مسائل ____ 523
فائدہ ____ 525
مفقود کا بیان ____ 525
خرید وفروخت کا بیان ____ 526
فائدہ ضروریہ ____ 527
ایک نفیس دعا ____ 528
کسب حلال کی فضیلت ____ 528
مسائل متعلقہ ____ 529
خیار رویت کا بیان ____ 531
خیار عیب کا بیان ____ 533
بیع باطل وبیع فاسد کا بیان ____ 535
بیع فاسد وباطل کی چند صورتیں ____ 536
فائدہ نفیسہ ____ 537
بیع مکروہ کا بیان ____ 541
مسائل متعلقہ ____ 542
خرید وفروخت کے متفرق مسائل ____ 545
قرض کا بیان ____ 547
ضروری فہمائش ____ 551
متفرقات ____ 552
یادداشت کیلئے گرہ لگانا ____ 552
پاؤں میں ڈورا باندھنا ____ 552
گلے یا بازو میں تعویذ ____ 553
لکھا ہوا دسترخوان ____ 554
وعدہ خلافی ____ 555
نظر بد سے حفاظت ____ 555
غیر مسلموں کے استعمالی برتن ____ 555
قصے کہانی سننا سنانا ____ 556
عربی زبان ____ 556
جہیز کی ایک صورت ____ 557
ہولناک باتیں ____ 558
شرکت کا مال ____ 558
بچوں کے لیے تحائف ____ 558
نابالغ ونابالغہ ____ 559

- جھوٹ غیبت معنوی نجاست ہیں ـــ 559
- ایک دوسرے کے مال میں تصرف ـــ 560
- تہمت کی جگہ ـــــــــ 560
- پیروں کے ہاتھ پاؤں کو بوسہ ـــ 560
- کھریا، ملتانی مٹی وغیرہ ـــــ 561
- چہرے پر کالک لگانا ـــــــــ 561
- اپنے حق کیلئے دوسرے کا مال دبانا ـــ 561
- غیبت کی اجازت ـــــــــ 561
- غیبت کی بعض صورتیں ـــــ 562
- ٹڈی، جوں، چیونٹی وغیرہ ـــــ 563
- جھوٹا پانی ـــــــــ 564
- رشوت کی ایک صورت ـــــ 564
- نقالوں گویوں کا انعام ـــــ 564
- ماں باپ کا نام لینا ـــــــــ 564
- شوہر کا نام لے کر پکارنا ـــــ 564
- مرنے کی دعا کرنا ـــــــــ 565
- زلزلہ کے وقت ـــــــــ 565
- طاعون سے بھاگنا ـــــــــ 565
- کافر کیلئے دعائے مغفرت ـــــ 565
- پرندوں کے گھونسلے ـــــــــ 566
- ہم بستری کے وقت کلام وغیرہ ـــ 566
- نماز عشاء سے پہلے اور بعد ـــــ 566
- نجومیوں کے ڈھکوسلے ـــــــ 566
- مظلوم سے معافی ـــــــــ 567
- ماہ صفر یا تیرہ تیزی ـــــــــ 567
- ذی قعدہ یا خالی کا مہینہ ـــــــ 568
- روزمرہ زندگی سے متعلق چند اور مسائل ـــــــــ 568
- تانبے اور مٹی کے برتن ـــــــ 568
- جوتا پہنے کھانا ـــــــــ 569
- روٹی کے چار ٹکڑے کرنا ـــــــ 569
- پان میں تمباکو کا استعمال ـــــ 570
- بیڑی سگریٹ حقہ ـــــــــ 570
- کبوتر پالنا ـــــــــ 570
- اندھے سے پردہ ـــــــــ 571
- کانٹے چھری سے کھانا کھانا ـــــ 571
- کھانا کھاتے وقت ایک غلط رواج ـــ 572
- آگ اور پانی کا منع کرنا ـــــــ 572
- پانی پینے کی اسلامی تہذیب ـــــ 573
- تسمیہ خوانی پر چاندی کا قلم وغیرہ ـــ 574
- دس سال کا لڑکا لڑکی ـــــــــ 574
- خالی مکان میں جانا ـــــــــ 574

- سلام کا غلط جواب ——— 574
- چھینک بدفالی نہیں ——— 575
- چھت پر چڑھنا ——— 575
- غاصب وارثی نہ کرے گا ——— 575
- عاریت امانت ہے ——— 575
- ہدیہ کی واپسی ——— 575
- دوسرے کے برتنوں کا استعمال ——— 576
- قطب شمالی کی طرف پاؤں کرنا ——— 576
- تنکے سے خلال ——— 576
- امام ضامن کا پیسہ ——— 576
- ام الصبیان سے حفاظت ——— 577
- جھولا جھولنا ——— 577
- کامدار جوتا ——— 577
- عصر کے بعد کھانے سے پرہیز ——— 577
- سونے چاندی کے برتن ——— 577
- آرائش وزیبائش ——— 578
- سونے چاندی کے بٹن ——— 578
- سرخ، سبز اور سیاہ کپڑے ——— 578
- تنگ پاجامے ——— 578
- بغیر سلام کیے کلام کرنا ——— 579
- چھینک کے آداب ——— 579
- اسلامی تہذیب کے چند ابواب ——— 579
- کھانے پینے کے آداب ——— 580
- چلنے پھرنے کے آداب ——— 585
- مجلس کے آداب ——— 587
- گفتگو اور ملاقات کے آداب ——— 589
- سونے کے آداب ——— 591
- خوشی اور غم کے آداب ——— 592
- ہمسائیگی (پڑوس) کے آداب ——— 593
- متفرق آداب ——— 595
- جماہی اور چھینک ——— 596
- قہقہہ مارنا ——— 596
- قبلہ رو تھوکنا ——— 597
- خواب کی تعبیر ——— 597
- مکان میں جانے کیلئے اجازت ——— 597
- بددعا ——— 598
- صلہ رحمی ——— 598
- بڑا بھائی، چچا اور خالو ——— 598
- میلے کپڑے ——— 599
- خودداری ——— 599
- نیک کام پر ہمیشگی ——— 599
- اسباب فقر وتنگدستی ——— 599
- خود کردہ را علاج نیست ——— 606
- اسباب غناء وفراخ دستی ——— 609
- دعائے خیر ——— 610

عرضِ مؤلف

اللہ تبارک و تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر و احسان کہ اس نے مجھ جیسے بے مایہ و بے بضاعت کو یہ توفیق خیر رفیق عطا فرمائی کہ اس فقیر نے مایۂ علم و حسن سے کورا ہونے کے باوجود ہماری نماز کی تالیف کے بعد مسلمان بچوں اور بچیوں کے لیے چند سال قبل "ہمارا اسلام" کے نام سے ایک کتاب ترتیب دی جو پانچ حصوں پر مشتمل ہے اور ہر حصّہ شعبۂ عقائد و شعبۂ اعمال پر منتظم۔

جس وقت یہ کتاب شائع ہوئی اس وقت اس ہیچمداں کو یہ خیال بھی نہ تھا کہ یہ کتاب عوام و خواص میں اس قدر مقبول و پسندیدہ ہوگی جس کا اندازہ اساطینِ دین و ملت و علمائے اہلِ سُنّت و جماعت کی اس قدر افزائی سے ہوتا ہے جو ان کی زبانِ حق ترجمان اور قلمِ حق رقم سے وقتاً فوقتاً ظہور میں آیا۔ فَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔

انہیں ایام میں اس سرتاپا بے بضاعت سے بعض احباب نے تقاضا کیا کہ فقہی مسائل پر مشتمل میں ایک ایسی کتاب بھی ترتیب دوں جس سے عام مسلمان عورتیں استفادہ کر سکیں اور جس میں طہارت و نماز کے مسائل خصوصاً ایسے نہج پر لکھے جائیں کہ عام حالات میں یہ کتاب ان کی صحیح رہنمائی کر سکے اور بہترین رفیق ثابت ہو۔

یہ ہیچمداں کہ حقیقتاً علمائے کرام کی خاک پائے برابر بھی نہیں اپنی اہم مصروفیتوں کے باوجود، اپنے اساتذہ کرام و مشائخ عظام کی عنایاتِ بے غایات کی بدولت جو اس فقیر پر مبذول رہی ہیں اور آج بھی رہتی ہیں۔ اپنی سی کوششوں میں کامیاب ہوا اور "بہارِ

نسواں" المعروف "سنی بہشتی زیور" کے نام سے یہ کتاب ترتیب دے کر آپ کی خدمت میں پیش کرنے کا شرف حاصل کر رہا ہے۔ اس فقیر کو اس مقصد میں کہاں تک کامیابی ہوئی اس کا فیصلہ اہلِ علم فرمائیں گے۔

فروری ۱۹۷۴ء کو یہ کتاب پہلی مرتبہ، سنی باب الاشاعت کراچی ۳۱ سے شائع ہوئی اور صرف تین ماہ کی قلیل مدت میں ہاتھوں ہاتھ گئی۔ احباب کے تقاضے بڑھے کہ اس میں اور اضافہ کیجئے۔ قارئین نے اصرار کیا کہ اس کی ضخامت بڑھائیے۔ ادھر درس و تدریس کی مصروفیات میں تنہا اور کار بسیار۔ ابھی اسی تردد و کشمکش میں تھا کہ ایک موذی مرض کے حملہ کا شکار ہو گیا اور مہینوں اس کی زد میں رہا۔

بزرگوں کی دعاؤں نے دوبارہ طاقتور کیا۔ زندگی بخشی۔ چراغ سحری جھلملا رہا تھا کہ پھر روشن ہو گیا۔ غرض "بہارِ نسواں" میں اضافے کی نیت سے قلم اٹھایا اور پھر میرے اساتذہ و مشائخ کرام کا کرم اور ان کا التفاتِ تام تھا کہ توفیقِ الٰہی سے کام سنورا اور سنورتا ہی چلا گیا۔

فذلکۃ فضل اللہ یؤتیہ من یشاء واللّٰہ ذوالفضل العظیم۔

قارئین سے پھر التماس ہے کہ فقیر گناہ گار کے حق میں دعائے خیر فرمائیں کہ مولائے کریم خاتمہ بالخیر فرمائے۔

ناظرین سے التماس ہے کہ کسی غلطی پر مطلع ہوں تو اس فقیر کو آگاہ فرمائیں۔

والسلام!

العبد محمد خلیل خاں القادری البرکاتی المارہروی

۸ محرم الحرام ۱۳۹۹ھ

پیش لفظ

فاضل مؤلف حضرت مولانا مفتی محمد خلیل خاں صاحب برکاتی مدظلہ العالی صدر المدرسین شیخ الحدیث دارالعلوم احسن البرکات حیدر آباد سندھ، سندھ کے علمائے اہلِ سُنّت میں ممتاز ہیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ آپ تصنیف و تالیف کی طرف متوجہ ہیں جس سے اکثر علماء غافل ہیں۔ حضرت مولانا زید لطفہ نے پہلے "ہمارا اسلام" اور اس کے بعد "بہارِ نسواں" لکھ کر مسلمان عورتوں، بچوں اور مردوں کے لیے اپنی معلومات کا ایک وافر ذخیرہ فراہم کیا اور وقت کی اہم ضرورت کو پورا فرمایا۔ آپ نے جو کچھ تحریر فرمایا ہے۔ خلوص اور للّٰہیت کے ساتھ تحریر فرمایا ہے۔ اس سے کوئی جماعتی غرض مقصود نہیں جیسا کہ بعض علمائے نے عورتوں اور بچوں کے لیے انہی موضوعات پر کتابیں لکھ کر چوری چھپے اپنے عقائد کی اشاعت کی ہے اور معصوم بچوں، بے گناہ عورتوں کو گناہ گار بنایا ہے۔

آج کل نہ صرف عورتوں بلکہ مردوں کو بھی دینی مسائل سے واقفیت کی اشد ضرورت ہے۔ حال یہ ہے کہ علماء و صوفیاء کے گھرانوں میں بھی تہذیب جدید نے اپنا پڑاؤ ڈالا ہوا ہے۔ اور نئی پود کے جوان مرد اور عورتیں دینی مسائل سے بیگانہ ہوتے جا رہے ہیں اوروں کا تو ذکر ہی کیا۔ ایسے نازک وقت میں حضرت مؤلف مدظلہ نے عورتوں پر احسان عظیم فرمایا اور یہ مختصر رسالہ تالیف فرمایا جس کو وہ عورتیں بھی پڑھ سکتی ہیں جو امور خانہ داری میں مصروف رہتی ہیں اور وہ عورتیں بھی جو غم روزگار میں گرفتار مردوں کے دوش بدوش چلنے کی آرزومند ہیں۔ اتنی فرصت دونوں کو میسر آسکتی ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ اسلام ہمارا ظاہر و باطن پاک رکھنا چاہتا ہے اور یہ نوع انسانی پر اس کا زبردست احسان ہے۔ پاکی و طہارت دراصل حسن و جمال کا دوسرا نام ہے جو طاہر نہیں، جمیل ہو نہیں سکتا۔ اسلام مرد سے زیادہ عورت کے حسن کی حفاظت چاہتا ہے اس لیے اس کو پوشیدہ رہنے پر زور دیا گیا ہے کہ ہر قیمتی اور حسین شے پوشیدہ ہی رہے تو مناسب ہے اس لیے اسلام نے معاش کا سارا بوجھ مرد پر ڈالا ہے اور عورت کو مستغنی رکھا تاکہ وہ دل رُبا و دل پذیر رہے۔ مرد کے ذوق و شوق اور قوت عمل کی محرک بنے۔ عورت و مرد پہلوان کے دو بیل نہ ہوں بلکہ اسلام چاہتا ہے کہ وہ ایک گلشن کے گل و بلبل ہوں۔ ایک محفل کے شمع و پروانہ ہوں۔ اور ایک آسمان کے آفتاب و ماہتاب ہوں۔ تو یہ کتاب جمال ظاہری کے ساتھ ساتھ جمال باطنی کو برقرار رکھنے کے لیے لکھی گئی ہے اور جب تک یہ حاصل نہ ہو ظاہری جمال باقی رہ نہیں سکتا۔ مولیٰ تعالیٰ حضرت مؤلف دامت برکاتہم العالیہ کو جزائے خیر عطا فرمائے اور ان کا مبارک سایہ قائم و دائم رکھے۔ تاکہ علم و دانش کا یہ چشمہ جاری رہے اور بھولے بھٹکے ہدایت پاتے رہیں۔

آمین اللھم آمین

محمد مسعود احمد
پرنسپل گورنمنٹ کالج سکرنڈ (ضلع نواب شاہ سندھ)
۱۲ ربیع الاول ۱۳۹۸ھ مطابق ۲۰ فروری ۱۹۷۸ء

کچھ مؤلف کے بارے میں

نام

محمد خلیل خاں بن عبدالجلیل خاں بن اسمٰعیل خاں بن سردار خاں بن فیض اللہ خاں لودھی۔

ابتدائی زندگی

جولائی ۱۹۳۰ء میں ضلع علی گڑھ کی مشہور ریاست دادوں سے ملحق موضع کھیری میں ایک متوسط گھرانے میں پیدا ہوئے۔ عمر شریف چھ روز ہی ہوئی کہ والد ماجد کے سایۂ عاطفت سے محروم ہوگئے۔ دادا صاحب نے پرورش میں لیا۔ لیکن وہ بھی جلد ہی رخصت ہوگئے، جس کے بعد آپ والدہ ماجدہ کے ہمراہ اپنی ننھیال مارہرہ شریف تشریف لے آئے، یہاں آکر والدہ ماجدہ بھی رحلت فرما گئیں۔ ابھی آپ عمر کے اس حصہ کو نہ پہنچے تھے کہ جہاں نیک و بد کا شعور ہو۔ چنانچہ چچا صاحب نے اپنی تربیت میں لیا۔ "مارہرہ شریف" ضلع ایٹہ کا ایک مشہور قصبہ ہے۔ جہاں سلسلہ قادریہ کے مشائخ کرام کا فیض صدیوں سے جاری ہے۔ مفتی صاحب موصوف مارہرہ شریف کے محلہ کمبوہ میں "افغان روڈ" پر اقامت پذیر ہوئے۔ وہاں کے دستور کے مطابق آپ نے بھی انگریزی تعلیم حاصل کی اور اوائل ۱۹۳۴ء میں انگریزی مڈل اچھی پوزیشن میں پاس کیا

اسی دوران آپ نے ڈیڑھ سال کا عرصہ اپنے چچا صاحب کے ہمراہ حیدر آباد سندھ میں بھی گزارا۔ وسائل کی کمی کی وجہ سے قصبہ سے باہر حصول علم کے لیے نہ جا سکے۔ لیکن قدرت کو کچھ اور منظور تھا۔ چنانچہ ریاست مینڈو کے مدرسہ یوسفیہ عربیہ میں چھ ماہ تک گلستان بوستان پڑھی، جس کے بعد تقدیر کشاں کشاں آپ کو پھر ریاست دادوں لے آئی۔

آپ کے نانا کرم خاں صاحب مولانا عبدالرحمٰن خاں صاحب مرحوم کے برادر حقیقی تھے، اور مولانا مرحوم مولانا لطف اللہ صاحب علی گڑھی رحمتہ اللہ علیہ کے ممتاز تلامذہ میں شمار کیے جاتے تھے۔ گویا علم دین آپ کو انہیں حضرت کی وراثت ہاتھ آیا۔

۹ مارچ ۱۹۳۵ء ذی الحجہ ۱۳۵۳ھ آپ مدرسہ حافظیہ سعیدیہ میں عربی کی پہلی جماعت میں داخل ہوئے۔ یہ مدرسہ نواب ابوبکر خاں صاحب نے قائم کیا تھا۔ پہلے ہی امتحان میں آپ اپنی جماعت میں اول رہے اور بعد میں ہر امتحان میں یہی پوزیشن حاصل کرتے رہے۔[1] دو سال کے عرصہ بعد ہی حضرت صدر الشریعہ مولانا شاہ محمد امجد علی صاحب رحمتہ اللہ علیہ نے مدرسہ کی تعلیمی سرپرستی قبول فرمالی اور یہ دور مدرسہ کا شاندار دور تھا۔ ۱۳۵۹ھ میں درجہ مولوی اور ۱۳۶۱ھ میں عالم کی سند اسی مدرسہ سے حاصل کی۔ آپ مدرسہ کے ممتاز طلبہ کی صف میں شامل تھے۔ شعبان ۱۳۶۳ھ میں آپ نے دورۂ حدیث سے فراغت حاصل کی اور اسی سال رسمِ دستار بندی عمل میں آئی۔ حضرت مفتیٔ اعظم ہند نے سند حدیث عنایت فرمائی۔

بیعت و خلافت

زمانۂ طالب علمی ہی میں آپ کا خیال تھا کہ حضرت حجتہ الاسلام مولانا الشاہ حامد رضا خاں صاحب رحمتہ اللہ علیہ سے شرف بیعت حاصل کریں۔ لیکن وقتاً فوقتاً تین مرتبہ یہ خواب دیکھا کہ جامع مسجد برکات مارہرہ شریف میں حضرت آج العلماء وارث

[1] زمانہ طالب علمی میں ایک مرتبہ مدرسین کی کمی کی وجہ سے صدر الشریعہ رحمتہ اللہ علیہ نے چند کتب تدریس کے لیے موصوف کے سپرد کیں۔

الاکابر الاساطین بلا تحقق والا نفراد مولانا الشاہ محمد میاں صاحب قدس سرہ کی اقتدا میں نماز ادا کر رہے ہیں۔ چنانچہ اسی زمانہ میں مارہرہ شریف حاضر ہو کر اپنا نام غلامانِ برکات میں شامل کرالیا۔ حضرت اقدس کے خلیفہ و جانشین حضرت سید شاہ حسن میاں صاحب نے حضرت اقدس کے ایماء پر ان کے وصال کے بعد سندِ خلافت عطا فرمائی۔ بعدہ، صاحبزادہ اعلیٰ حضرت قدس سرہ حضرت مفتیٔ اعظم ہند مولانا الشاہ مصطفےٰ رضا خاں صاحب قادری برکاتی نوری دامت برکاتہم العالیہ نے قرآن عظیم اور احادیث نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور جملہ اذکار و اوراد و اشغال و اوفاق و اعمال اور "النور والبہاء" کے تمام مذکورات کی اجازت کے ساتھ سلسلہ قادریہ رضویہ کی خصوصاً اور دیگر سلاسل کی عموماً سندِ خلافت عطا فرمائی۔ حضرت مفتی صاحب موصوف مدظلہ العالی حضرت صدر الشریعہ رحمۃ اللہ علیہ کے ارشد تلامذہ میں شامل تھے حتیٰ کہ خود حضرت نے اپنی کتاب "بہار شریعت" میں مفتی صاحب کا ذکر کیا ہے۔

پاکستان میں آمد

فراغت کے بعد آپ مارہرہ شریف میں رہے اور حالات کی کشاکش کی بناء پر ترک وطن کر کے ۲۳ شعبان ۱۳۷۱ھ میں پاکستان تشریف لے آئے۔ کچھ عرصہ میرپور خاص اور پھر کراچی میں ایک سال تک رہے۔ بعد ازاں حاجی محمد عمر صاحب برکاتی کے مشورے پر حیدر آباد منتقل ہو گئے، جہاں حاجی صاحب موصوف نے مفتی صاحب کے لیے ایک مکان حاصل کر لیا تھا۔ اسی زمانہ جولائی ۱۹۵۲ء میں سید جعفر حسین شاہ صاحب مرحوم کی نگرانی و سرپرستی میں دار العلوم احسن البرکات کی بنیاد رکھی۔ اس وقت دار العلوم سندھ میں ممتاز مقام کا حامل ہے۔ مفتی صاحب موصوف کے دست مبارک سے اب تک تقریباً ترانوے طلبہ درجۂ حدیث سے سند فراغ حاصل کر چکے ہیں۔

مفتی صاحب موصوف کے دست مبارک سے ہزاروں طلبہ سند حدیث حاصل کر چکے ہیں۔ مفتی محمد خلیل خان صاحب قادری کا وصال ۲۸ رمضان المبارک ۱۴۰۵ھ (۱۸ جون ۱۹۸۵ء) کو افطار کے وقت حیدر آباد میں ہوا۔ نماز جنازہ میں کم و بیش بیس ہزار افراد

نے شرکت کی، خانوادۂ غوثیہ حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی اولاد میں سے ایک بزرگ حضرت سخی عبدالوہاب شاہ جیلانی رحمتہ اللہ علیہ کی درگاہ شریف جیلانیہ کے احاطہ میں آپ کی آخری آرام گاہ بنی اور آپ کا مزار پُر انوار مرجع عوام و خواص ہے۔ زائرین ہر لمحہ فاتحہ خوانی کرتے رہتے ہیں۔ اس طرح قادری سلسلہ کے یہ فقیہ، قادری درگاہ میں قادریوں کے ساتھ جا ملے۔ مفتی صاحب موصوف "مفتیٔ اعظم سندھ، بلوچستان" کے لقب سے مشہور و معروف ہوئے۔ علماء و احباب نے آپ کو "خلیل ملت" کا خطاب دیا۔ خانقاہ برکاتیہ اور خانقاہ رضویہ سے آپ کو "خلیل العلماء" کا لقب عطا ہوا۔ مفتی صاحب نے اپنے وصال تک آخری سانس کو بھی دین متین کی خدمت کے لیے وقف رکھا۔ آپ نے جو فتاویٰ جاری فرمائے ان کی تعداد تقریباً پانچ ہزار ہے جو بارہ جلدوں پر مشتمل ہیں۔ آپ نے تقریباً ساٹھ کتب تصنیف و ترجمہ فرمائیں۔ قرآن کریم کے سترہ (۱۷) پاروں کی تفسیر "خلاصۃ التفاسیر" کے نام سے لکھی۔ آپ کی ایک تصنیف "ہمارا اسلام" نے بین الاقوامی شہرت حاصل کی جو ملک و بیرون ملک، بہت سے اسکولوں میں نصاب میں شامل ہے، اس کتاب کے ہزاروں ایڈیشن ملکی و غیر ملکی ناشرین، انجمنوں اور اداروں نے شائع کیے اور کئی بار مفت تقسیم ہوئے۔ اس کتاب کا ترجمہ سندھی، ڈچ اور انگریزی میں بھی شائع ہو رہا ہے۔ آپ کی چند مزید مشہور کتب میں زیر نظر کتاب سنی بہشتی زیور، عقائد الاسلام، ترجمہ سبع سنابل، نور علیٰ نور (ترجمہ سراج العوارف)، الصلوٰۃ، چادر اور چاردیواری، شرح فیصلہ ہفت مسئلہ، حکایات رضویہ، ہماری نماز، روشنی کی طرف شامل ہیں۔ آپ کی آخری تصنیف "موت کا سفر" بھی نہایت عمدہ کتاب ہے جو موت کی تیاری سے متعلق آداب وغیرہ پر مشتمل ہے۔

مفتی صاحب اپنی رائے میں بڑے صائب تھے، ایک بار جو قول فرما دیا کبھی اس سے رجوع کی ضرورت پیش نہ آئی۔ اہلِ حیدر آباد پر آپ کا یہ احسان ہمیشہ رہے گا کہ آپ نے ان کی اصلاح کے لیے ہمیشہ، حق کا اظہار، برملا فرمایا، امام اہلسنّت اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمتہ اللہ علیہ سے آپ کو والہانہ انسیت و محبت تھی۔ یہی وجہ ہے کہ آپ کی تحریر میں جگہ جگہ رضویت کی تازگی، بہار دکھاتی نظر آتی ہے۔

مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ ایک سچے نعت گو شاعر بھی تھے، آپ کا ایک دیوان پاکستان آتے ہوئے راستہ میں ضائع ہوگیا۔ دوسرا دیوان موجود ہے جس کی اکثر نعتیں مختلف رسائل کی زینت بن چکی ہیں۔

پیش کردہ

ابو حماد مفتی احمد میاں برکاتی

مہتمم دار العلوم احسن البرکات، حیدر آباد

شاہراہ مفتی محمد خلیل خاں، ۲ جنوری ۱۹۹۰ء

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

(۱) ذات وصفاتِ باری تعالیٰ کا بیان

(۱) **عقیدہ:** اللہ ایک ہے، کوئی اس کا شریک نہیں، نہ ذات میں نہ صفات میں، نہ افعال میں، نہ احکام میں اور نہ اسماء میں۔ وہی معبود برحق اور اس کا مستحق ہے کہ اس کی عبادت و بندگی کی جائے۔ قدیم و ازلی اور ابدی ہے، یعنی ہمیشہ سے ہے ہمیشہ رہے گا اور جس طرح اس کی ذات قدیم ازلی، ابدی ہے۔ صفات بھی قدیم ازلی ابدی ہیں۔ ذات و صفات کے سوا ساری چیزیں حادث ہیں، یعنی پہلے نہ تھیں، پھر موجود ہوئیں۔ جو عالم میں سے کسی شے کو قدیم مانے یا اس کے حادث و نو پید ہونے میں شک کرے، وہ کافر اور دائرۂ اسلام سے خارج ہے۔

(۲) **عقیدہ:** وہ حی ہے، یعنی خود زندہ ہے اور سب کی زندگی اس کے ہاتھ میں ہے جب چاہے زندگی بخشے، زندہ کرے اور جب چاہے موت دے۔

(۳) **عقیدہ:** نہ وہ کسی کا باپ ہے نہ بیٹا، نہ اس کے لیے بی بی ہے جو اسے باپ یا بیٹا بتائے یا اس کے لیے بی بی ثابت کرے کافر ہے، بلکہ جو ممکن بھی کہے وہ بددین اور گمراہ ہے۔ ہم سب اس کے بندے ہیں اور وہ ہم پر ہمارے ماں باپ سے زیادہ مہربان۔

(۴) **عقیدہ:** وہ بے پرواہ ہے، غنی و بے نیاز ہے، کسی آن، کسی بات میں، کسی کا محتاج نہیں، بلکہ تمام جہان اس کا محتاج ہے۔

(۵) **عقیدہ:** وہ قدیر ہے، یعنی ہر ممکن پر قادر۔ کوئی اس کی قدرت سے باہر نہیں۔ بڑی طاقت و قدرت والا ہے جو چاہے اور جیسا چاہے کرے۔ کسی کو اس پر قابو نہیں، وہی سب کا مالک ہے، کوئی بھی اس کے حکم میں دم نہیں مار سکتا۔

(۶) **عقیدہ:** وہ سمیع ہے، ہر پکارنے والے کی پکار اور آواز سنتا ہے۔ زمین پر چیونٹی کے چلنے کی آہٹ اور مچھر کے پروں کی آواز تک سنتا ہے۔

(۷) **عقیدہ:** وہ بصیر ہے، یعنی ہر چیز کو دیکھتا ہے، کوئی چیز اندھیرے میں ہو، خواہ اجالے میں، دور ہو یا نزدیک، بڑی ہو یا چھوٹی، اس سے چھپی ہوئی نہیں۔ ہر باریک سے باریک کو کہ خوردبین سے محسوس نہ ہو، وہ دیکھتا ہے۔

(۸) **عقیدہ:** وہ علیم ہے، یعنی ہر چیز کی اسے خبر ہے۔ جو کچھ ہو رہا ہے یا ہو چکا ہے یا آئندہ ہونے والا ہے، سب اس کے علم میں ہے۔ ہماری گفتگو، ہماری نیتیں، ہمارے ارادے، جو ہمارے سینوں میں پوشیدہ ہیں، چھپے ہوئے ہیں، سب اسے معلوم ہیں۔ ایک ذرہ بھی اس سے مخفی و پوشیدہ نہیں۔ سب کو ازل میں جانتا تھا اور اب جانتا ہے اور ابد تک جاننے کا۔ اشیاء بدلتی ہیں، اس کا علم نہیں بدلتا۔ دلوں کے خطروں اور وسوسوں سے وہ واقف ہے۔ غرض اس کے علم کی کوئی انتہا نہیں۔

(۹) **عقیدہ:** تمام چیزیں اسی کے ارادہ و اختیار سے ہیں۔ جس کو چاہتا ہے وہی چیز ہوتی ہے اور وہ جسے نہ چاہے ہرگز نہیں ہو سکتی۔ اس کی مشیّت (ارادے) کے بغیر کوئی کچھ نہیں کر سکتا۔ پرندہ پر نہیں مار سکتا۔ کوئی ذرہ بغیر اس کے حکم کے حرکت نہیں کر سکتا۔ جہاں میں جو کچھ ہوتا ہے سب کچھ اسی کی مشیّت سے ہوتا ہے، کسی کو اس پر قابو نہیں اور نہ ہی کوئی اسے اس کے ارادے سے باز رکھنے والا۔

(۱۰) **عقیدہ:** وہی ہر چیز کا خالق ہے، آسمان، زمین، چاند، سورج، ستارے، آدمی، جانور، پہاڑ، دریا اور سمندر، غرض تمام حیوانات، نباتات اور جمادات، ساری کائنات، تمام جہان کا پیدا کرنے والا وہی ایک اکیلا ہے۔ ہمیں اور جو کچھ ہم کرتے ہیں اسی نے

پیدا کیا۔ سوائے اللہ کے اور کوئی کسی چیز کا مالک و خالق نہیں۔ ہر چھوٹی اور بڑی چیز اسی کی مخلوق، اسی کی پیدا کی ہوئی ہے جس چیز کو اللہ پیدا کرنا چاہتا ہے "کن" کہہ کر پیدا کر دیتا ہے۔

(۱۱) **عقیدہ:** وہی رزاق ہے، چھوٹی سے چھوٹی اور بڑی سے بڑی مخلوق کو روزی دیتا ہے۔ وہی ہر چیز کی پرورش کرتا ہے، وہی رب العالمین ہے، وہی حقیقتاً روزی پہنچانے والا ہے۔ ماں، باپ، حاکم، بادشاہ بلکہ فرشتے وغیرہم سب وسیلے اور واسطے ہیں۔

(۱۲) **عقیدہ:** وہ متکلم ہے، یعنی کلام بھی کرتا ہے مگر اس کا کلام آواز سے پاک ہے جس طرح اس کا کلام کرنا، زبان سے نہیں۔ یوں ہی اس کا دیکھنا، سننا، آنکھ اور کان سے نہیں۔ مثل دیگر صفات کے کلام بھی قدیم ہے تمام آسمانی کتابیں، صحیفے اور قرآن کریم سب اللہ تعالیٰ کا کلام ہے۔ ہمارا پڑھنا لکھنا اور یہ آواز حادث و نو پید ہے مگر جو ہم نے پڑھا، لکھا اور سنا اور حفظ کیا وہ قدیم ہے اس کی صفات بھی اس کی شان کے مطابق ہیں۔

(۱۳) **عقیدہ:** وہ ہر کمال کا ہر خوبی کا جامع ہے اور ہر عیب و نقصان اور برائی سے پاک ہے، یعنی کسی عیب کسی نقصان کا اس میں ہونا محال ہے۔ بلکہ جس بات میں نہ کمال ہو، نہ نقصان، وہ بھی اس کے لیے محال ہے۔ مثلاً جھوٹ، دغا، خیانت، ظلم، جہل، نادانی اور بے حیائی وغیرہا عیوب اس پر قطعاً محال ہیں۔

(۱۴) **عقیدہ:** اس کو نہ اونگھ آئے نہ نیند۔ تمام جہان کا نگاہ رکھنے والا، نہ تھکے نہ اونگھے۔ اسی کی رحمت، ٹوٹے ہوئے دلوں کا سہارا ہے۔ اس کے وعدہ وعید بدلتے نہیں۔ اس نے وعدہ فرمالیا ہے کہ کفر کے سوا ہر چھوٹے بڑے گناہ کو جسے چاہے معاف کر دے گا۔ وہ بڑے حلم والا ہے۔ اسی کے لیے بڑائی اور عظمت ہے اس کی پکڑ بھی بڑی سخت ہے۔ جس سے بے اس کی مرضی کے کوئی چھوٹ نہیں سکتا وہ جو کچھ کرتا ہے یا کرے گا، عدل و انصاف ہے۔ ظلم سے وہ پاک و صاف ہے۔ مخلوق کا نفع و ضرر سب اسی کے ہاتھ میں ہے۔ مظلوم کی فریاد کو پہنچتا اور ظالم سے بدلہ لیتا ہے، اس کی

مشیّت وارادہ کے بغیر کچھ نہیں ہو سکتا مگر اچھے پر خوش ہوتا ہے اور برے سے ناراض۔

(۱۵) **عقیدہ:** اس کے ہر فعل میں کثیر حکمتیں ہیں، خواہ ہماری سمجھ میں آئے یا نہ آئے اور اس کے فعل کے لیے غرض و غایت نہیں اور نہ اس کے افعال، علت و سبب کے محتاج ہیں۔ اس کی سب باتوں کا خلاصہ یہ ہے کہ جہاں تک عقل پہنچتی ہے وہ خدا نہیں، اور جو خدا ہے اس تک عقل رسا نہیں۔

(۱۶) **عقیدہ:** اس کا دیدار، آخرت میں ہر مسلمان کے لیے ممکن بلکہ واقع ہے، البتہ اس کا دیدار بلا کیف ہے یعنی دیکھیں گے اور یہ نہیں کہہ سکتے کہ کیسے دیکھیں گے۔

(۲) نبوت کا بیان

مسلمان کے لیے جس طرح ذات و صفاتِ الٰہی کا جاننا ماننا اور ان پر ایمان لانا ضروری اور فرض عظیم ہے اسی طرح یہ جاننا بھی ضروری ہے کہ نبی کون ہو سکتا ہے۔ نبی کے لیے کیا جائز ہے اور کیا واجب اور کیا محال؟ کہ کس واجب کا انکار اور محال کا اقرار، موجبِ کفر ہے، کہیں اسے کافر نہ کر دے اور بہت ممکن ہے کہ آدمی نادانی سے اسلامی عقائد کے برخلاف کوئی عقیدہ رکھے یا خلافِ عقیدہ کوئی بات زبان سے نکالے اور ہلاک ہو جائے کہ نبوت بڑا عظیم، بہت بلند اور بڑا درجہ ہے۔

(۱۷) **عقیدہ:** اللہ عزوجل نے اپنے خاص فضل و کرم سے بندوں کی ہدایت و رہنمائی کے لیے جن پاک بندوں کو اپنا پیغام پہنچانے کے لیے مبعوث فرمایا اور بھیجا انہیں نبی کہتے ہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ اور اس کے بندوں کے درمیان واسطہ ہوتا ہے، جو لوگوں کو خدا تعالیٰ کی طرف بلاتے ہیں۔

(۱۸) **عقیدہ:** نبی و رسول، اللہ تعالیٰ کے خاص اور معصوم بندے ہوتے ہیں۔ بڑی عزت و وجاہت والے، ان کی نگرانی اور تربیت خود اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ صغیرہ کبیرہ گناہوں سے بالکل پاک ہوتے ہیں۔ عالی نسب، عالی حسب، انسانیت کے اعلیٰ مرتبہ پر

پہنچے ہوئے، خوبصورت، نیک سیرت، عبادت گزار، پرہیزگار، تمام اخلاق حسنہ، نیک خصلتوں سے آراستہ اور ہر قسم کی برائی، بے حیائی، اور بے غیرتی کے کاموں سے دور رہنے والے، انہیں عقل کامل عطا کی جاتی ہے۔ اوروں کی عقل سے ہزار درجے زائد، کسی دانشور، کسی فلسفی، کسی سائنس دان کی فہم و فراست، زیرکی و ذہانت ان کے لاکھویں حصے تک نہیں پہنچ سکتی۔

(۱۹) **عقیدہ:** اللہ کے نبی، تمام مخلوق الٰہی سے افضل و اعلیٰ اور برتر و بالا ہوتے ہیں۔ فرشتوں میں بھی کوئی ان کا ہم مرتبہ نہیں بڑے سے بڑا ولی، ان کے برابر نہیں ہو سکتا۔

(۲۰) **عقیدہ:** نبی کی تعظیم کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے بلکہ یہ فرض دوسرے تمام فرضوں سے بڑھ کر ہے۔ جو شخص کسی نبی کی شان میں کوئی ایسی بات کہے جس سے ان کی توہین ہوتی ہو، وہ مسلمان نہیں ہو سکتا، کافر ہے اگرچہ اسلام کا نام لیتا ہو۔

(۲۱) **عقیدہ:** نبوت بہت بڑا مرتبہ ہے، کوئی بھی شخص عبادت کے ذریعے اسے حاصل نہیں کر سکتا۔ نبوت خدا تعالیٰ کا عطیہ ہے جسے چاہتا ہے، اپنے فضل سے دیتا ہے۔ ہاں دیتا اسی کو ہے جسے اس کے قابل بناتا ہے۔

(۲۲) **عقیدہ:** انبیاء کرام علیہم السلام غیب کی باتوں کا خود بھی علم رکھتے ہیں اور دوسروں کو بھی ان کی خبر دیتے ہیں۔ حساب، کتاب، جنت، دوزخ، ثواب، عذاب، حشر، نشر اور فرشتے وغیرہ غیب نہیں تو اور کیا ہیں؟ یہ وہ کچھ بتاتے ہیں جس تک عقل کی رسائی نہیں مگر یہ علم غیب کہ ان کے لیے ہے اللہ تعالیٰ کا عطیہ، اللہ تعالیٰ کے دیئے سے ہے۔ لہٰذا ان کا علم عطائی ہے۔ (خدا تعالیٰ کا عطا کیا ہوا) اور خدائے تعالیٰ کا علم ذاتی ہے۔ (اپنی صفات سے)

(۲۳) **عقیدہ:** اللہ تعالیٰ انبیائے کرام کو ہر ایسی بات سے دور اور پاک صاف رکھتا ہے جو لوگوں کے لیے نفرت کا باعث ہو۔ اسی لیے انبیاء کرام کے جسموں کا برص

(سفید داغ) جذام (کوڑھ) وغیرہ ایسی بیماریوں سے پاک ہونا ضروری ہے جن سے لوگ گھن کریں اور دور بھاگیں۔

(۲۴) **عقیدہ:** انبیاء کرام کی کوئی خاص تعداد مقرر کرلینا جائز نہیں۔ اللہ اور رسول نے جنہیں تفصیلاً نام بنام نبی بتایا اور قرآن و حدیث میں ان کا تذکرہ آیا، ہم ان پر تفصیلاً ایمان لائے ہیں اور باقی تمام انبیاء کرام پر ہم اجمالاً ایمان و اعتقاد رکھتے ہیں۔ خدا کے ہر نبی پر ہمارا ایمان ہے اور رام کرشن وغیرہ جنہیں ہندو مانتے ہیں، ان کے وجود پر ہمارے پاس کوئی دلیل نہیں کہ یہ واقعی کچھ اشخاص تھے، اور ہندوؤں کی کتابوں میں جہاں ان کا ذکر ملتا ہے، وہیں ان کی بداعمالیوں اور بداخلاقیوں کا پتا بھی چلتا ہے اور ظاہر ہے کہ ایسے بدکردار، بداطوار لوگ ہرگز ہرگز نبی نہیں ہوسکتے۔

(۲۵) **عقیدہ:** اللہ تعالیٰ کا ہر نبی زندہ ہے، ان پر ایک آن کو محض قرآنی وعدہ کی تصدیق کے لیے موت طاری ہوتی ہے۔ اس کے بعد پھر ان کو حقیقی زندگی عطا ہوتی ہے۔

(۲۶) **عقیدہ:** اللہ تعالیٰ نے انبیاء کرام پر، بندوں کے لیے جتنے احکام نازل فرمائے، انہوں نے وہ سب بندوں کو پہنچا دیئے۔ جو یہ کہے کہ کسی حکم کو کسی نبی نے چھپائے رکھا، یعنی خوف و تقیہ یا کسی اور وجہ سے نہ پہنچایا، وہ کافر ہے۔

(۲۷) **عقیدہ:** دنیا میں سب سے پہلے نبی حضرت آدم علیہ السلام تشریف لائے۔ آپ سے پہلے زمین پر انسان کا وجود نہ تھا۔ سب انسان آپ ہی کی اولاد ہیں، اسی لیے بنی آدم یا آدمی کہلاتے ہیں، یعنی اولادِ آدم۔ اور حضرت آدم علیہ السلام کو ابوالبشر کہتے ہیں، یعنی سب انسانوں کے باپ، سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنی قدرت کاملہ سے بے ماں باپ کے پیدا کیا اور اپنا خلیفہ بنایا اور فرشتوں کو حکم دیا کہ انہیں سجدہ کریں۔

(۲۸) **عقیدہ:** انبیاء اللہ کے مختلف درجے ہیں۔ بعضوں کے رتبے بعضوں سے

اعلیٰ ہیں اور سب میں اکمل و افضل، رتبے میں سب سے برتر و بالا، ہمارے آقا و مولیٰ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں، اسی لیے آپ کو سید الانبیاء کہا جاتا ہے، یعنی سارے نبیوں کے سرور و سردار، سب کے سر کے تاج صلی اللہ علیہ وسلم۔

(۲۹) **عقیدہ:** اللہ تعالیٰ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ واصحابہ وسلم پر نبوت کا سلسلہ ختم کر دیا۔ حضور کے زمانہ میں یا بعد میں کوئی نیا نبی نہیں آ سکتا، اور جو اس کے خلاف ہے، وہ یقیناً کافر و مرتد ہے۔ حضور ہی پیشوائے مرسلین ہیں اور حضور ہی خاتم النبیین ہیں کہ آپ کی ذات پاک پر نبوت کا خاتمہ ہو گیا۔

(۳۰) **عقیدہ:** نبی صرف انسانوں میں سے ہوتے ہیں اور ان میں بھی یہ مرتبہ صرف مرد کے لیے ہے۔ نہ کوئی جن و فرشتہ نبی ہوا اور نہ ہی یہ مرتبہ کسی عورت کو ملا۔

(۳۱) **عقیدہ:** نبی کے دعویٰ نبوت میں سچے ہونے کی ایک دلیل یہ ہے کہ وہ اپنے صدق کا علانیہ دعویٰ فرما کر ایسی باتوں کے ظاہر کرنے کا ذمہ لیتا ہے جو عادتاً محال و ناممکن ہوتی ہیں اور منکروں کو اس کی مثال لانے کی دعوت دیتا ہے۔ اللہ عزوجل اس کے دعویٰ کے مطابق، امر محالِ عادی کو ظاہر فرما دیتا ہے اور منکرین سب عاجز رہتے ہیں، اسی کو معجزہ کہتے ہیں، جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصا کا سانپ ہو جانا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا مردوں کو جِلا دینا، مادر زاد اندھے اور کوڑھی کو اچھا کر دینا۔ اور ہمارے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات تو بہت ہیں، جن کے ذکر سے بڑی بڑی کتابیں مالا مال ہیں جیسے اشارے سے چاند کے دو ٹکڑے کر دینا، ڈوبے ہوئے سورج کو پھیر لینا، آپ کے حکم سے کنکریوں کا کلمہ پڑھنا۔ آپ کے حکم ہی سے درخت کا چل کر حاضرِ خدمت ہو جانا۔ آپ کی انگلیوں سے پانی کے چشمۂ فیض کا جاری ہو جانا۔ رات کے تھوڑے سے حصّے میں مکّہ معظمہ سے بیت المقدس تشریف لے جانا، وہاں انبیاء کرام کی امامت فرمانا۔ بیت المقدس سے آسمانوں پر تشریف فرما ہونا۔ اللہ تعالیٰ کا قُربِ خاص پانا اور اسی مختصر سے وقت میں واپس مکہ معظمہ آ جانا وغیرہا۔

(۳۲) **عقیدہ:** جو شخص نبی نہ ہو وہ نبوت کا دعویٰ کر کے کوئی محالِ عادی اپنے

دعوے کے مطابق ظاہر نہیں کر سکتا۔ اور کوئی جھوٹا نبی، نبوت کا دعویٰ کر کے ہرگز کوئی معجزہ نہیں دکھا سکتا۔ ورنہ سچے جھوٹے میں فرق نہ رہے گا۔ دراصل جن لوگوں کی طبیعت میں کچھ کجی ہوتی ہے وہ نبوت کی سچائی پر ایک ایسی علامت دیکھنا چاہتے ہیں جو اوروں کے ہاتھوں انجام نہ پا سکے، جیسا کہ بعض بیمار دوا کو بغیر شیرینی ملائے نہیں پی سکتے۔ اور شفیق و مہربان طبیب اس میں شیرینی ملا دیتے ہیں۔ اسی طرح دونوں جہانوں کا پروردگار، نبی کے ہاتھوں ایسی محال و ناممکن باتوں کو ظاہر فرما دیتا ہے، جس سے بہت سوں کو تسکین ہو جاتی ہے۔ جھوٹے بھی ایسا کر گزریں تو پھر سچے اور جھوٹے میں کیا امتیاز رہے گا۔

(۳) سید الانبیاء ﷺ کے فضائل مبارکہ

حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میں دو قسم کے اوصاف پائے جاتے ہیں۔ ایک وہ جن میں اور نبی و رسول آپ کے ساتھ شریک ہیں، مثلاً ایمان، اسلام، رسالت اور نبوت۔ اور دوسری قسم کے وہ اوصاف ہیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ خاص ہیں۔ ان میں کوئی دوسرا آپ کا شریک نہیں بلکہ کسی دوسرے کا ان میں شریک ہونا محال ہے۔ یہ وہ صفات ہیں جنہیں "خصائص" کہا جاتا ہے۔ یہ اوصاف آپ ہی کے ساتھ مخصوص ہیں۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض خصائص اور فضائل و کمالات یہ ہیں:

(۱) سب سے پہلے جس کو نبوت ملی، وہ آپ ہیں۔

(۲) قیامت کے روز جو سب سے پہلے قبر سے اٹھے گا، وہ آپ ہی ہوں گے۔

(۳) شفاعت کی اجازت سب سے پہلے آپ ہی کو دی جائے گی۔

(۴) پل صراط سے سب سے پہلے حضور، اپنی امت کو لے کر گزریں گے۔

(۵) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ عزوجل مقامِ محمود عطا فرمائے گا کہ تمام اولین و آخرین حضور کی حمد و ستائش کریں گے۔

(۶) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک جھنڈا مرحمت ہوگا جس کو لواء الحمد کہتے ہیں۔ تمام مومنین حضرت آدم علیہ السلام سے آخر تک سب اسی کے نیچے ہوں گے۔

(۷) حضور ہی کے لیے ساری زمین پاک کرنے والی اور مسجد ٹھہری۔

(۸) حضور ہی کے لیے مالِ غنیمت حلال کیا گیا۔

(۹) حضور ہی پیشوائے مرسلین اور خاتم النبیین ہیں۔

(۱۰) روزِ محشر حضور آگے آگے ہوں گے اور ساری مخلوق پیچھے پیچھے۔

(۱۱) اور انبیاء کرام کسی ایک قوم کی طرف بھیجے گئے اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم تمام مخلوق کی طرف مبعوث فرمائے گئے رسول بنا کر۔ اور آپ ہی ساری کائنات کے نبی ہیں۔

(۱۲) آپ کو جسم اقدس کے ساتھ معراج ہوئی اور وہ قرب خاص حاصل ہوا کہ کسی بشر و ملک کو کبھی نہ حاصل ہوا اور نہ کبھی حاصل ہوگا۔ جمالِ الٰہی بچشمِ سر دیکھا اور کلامِ الٰہی بلاواسطہ سنا اور تمام آسمانوں، زمینوں کو بالتفصیل ذرہ ذرہ ملاحظہ فرمایا۔

(۱۳) اللہ تعالیٰ نے تمام نبیوں سے آپ پر ایمان لانے اور آپ کی مدد کرنے کا وعدہ لیا۔

(۱۴) آپ کو اللہ تعالیٰ نے محبوبیتِ کبریٰ کے مرتبہ پر سرفراز فرمایا۔ حبیب اللہ کا خطاب دیا۔ تمام جہان اللہ تعالیٰ کی رضا چاہتا ہے اور اللہ تعالیٰ آپ کی رضا کا طالب ہے۔

(۱۵) حضور کی اطاعت و فرمانبرداری، عین طاعتِ الٰہی ہے اور طاعتِ الٰہی حضور کی طاعت کے بغیر ناممکن ہے۔

(۱۶) احکامِ شریعت حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے قبضہ میں کر دیئے گئے ہیں کہ جس کے لیے چاہیں حلال فرمادیں اور جو فرض چاہیں جس سے چاہیں معاف فرمادیں۔

(۱۷) حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اللہ عزوجل کے نائب مطلق ہیں۔ تمام جہان حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے ماتحت ہے۔ سارا عالم

ان کا محکوم ہے۔ جو چاہیں کریں اور جو چاہیں حکم دیں۔ تمام جہان میں ان کے حکم کو پھیرنے والا کوئی نہیں۔

(۱۸) حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم رحمۃ للعالمین ہیں۔ خدائی نعمتوں کی تقسیم انہیں کے مبارک ہاتھوں سے ہوتی ہے اور بارگاہِ الٰہی سے جو کچھ ملتا ہے، انہیں کے واسطہ سے ملتا ہے۔

(۱۹) حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم جس طرح اپنے تمام کمالات میں جملہ انبیاء و مرسلین سے افضل و اعلیٰ برتر و بالا ہیں اسی طرح آپ کمالاتِ علمی میں بھی سب سے فائق، سب کے صدر نشین ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے تمام کائنات کے علوم آپ کو عطا فرمائے۔ علوم غیبیہ کے دروازے کھولے۔ ہر چیز حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم پر روشن فرمادی اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم نے گزشتہ و آئندہ، تمام امور کی معرفت حاصل کرلی۔ امت کا ہر حال، ان کی نیتیں، ان کے ارادے اور دلوں کے خطرے سب حضور پر روشن ہیں۔

(۲۰) اللہ عزوجل نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم کو اپنی ذات کا مظہر و آئینہ بنایا اور حضور پُرنور کے نُور سے تمام عالم کو منور فرمایا۔ ہر شے میں حضور پُرنور شافع یوم النشور صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم کا نُور جلوہ فرما ہے۔ ہر چیز میں ان کے نور کا ظہور ہے۔ بایں معنی ہر جگہ حضور نبی کریم افضل الصلوٰۃ والتسلیم تشریف فرما ہیں۔ حاضر و ناظر ہیں۔ مگر کورِ باطن کا کیا علاج؟ ؎

گر نہ بیند بروز شپرہ چشم!
چشمۂ آفتاب را چہ گناہ

آنکھ والا تیرے جوبن کا نظارہ دیکھے
دیدۂ کور کو کیا آئے نظر کیا دیکھے

(۴) آسمانی کتابیں اور صحیفے

عقیدہ: اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے لوگوں کی ہدایت کے لیے چھوٹی یا بڑی جتنی کتابیں، اپنے نبیوں پر اُتاریں، سب کلام اللہ ہیں، سب حق ہیں اور ان میں جو کچھ ارشاد ہوا ہے، سب پر ایمان لانا ضروری ہے۔ ان میں چار کتابیں بہت مشہور ہیں:

(۱) **توراۃ:** حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل کی گئی۔

(۲) **زبور:** حضرت داؤد علیہ السلام پر اتاری گئی۔

(۳) **انجیل:** حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر اتاری گئی۔

(۴) **قرآن کریم:** جو سب سے افضل کتاب ہے، سب سے افضل رسول، حضور پُرنور شافع یوم النشور صلی اللہ علیہ وسلم کو عنایت فرمائی گئی۔

توراۃ و زبور عبرانی زبان میں، انجیل سُریانی زبان میں، قرآن کریم لسان عربی مبین میں نازل ہوا۔

عقیدہ: اگلی کتابوں کی حفاظت اللہ تعالیٰ نے ان امتوں کے سپرد کی تھی مگر ان سے ان کتابوں کی حفاظت نہ ہو سکی۔ اور کلامِ الٰہی جیسا اُترا تھا ان کے ہاتھوں میں ویسا باقی نہ رہا، بلکہ ان کے شریروں نے تو ان میں تحریفیں کر دیں، یعنی اپنی خواہش کے مطابق کہیں گھٹا دیا، کہیں بڑھا دیا۔

عقیدہ: چونکہ یہ دین ہمیشہ رہنے والا ہے، لہٰذا قرآن عظیم کی حفاظت اللہ عزوجل نے اپنے ذمے لے رکھی ہے کہ تحریف و تبدیل اور کمی بیشی سے اس کی حفاظت فرماتا ہے۔ تمام جن و انس اور ساری مخلوق کے مقدور میں نہیں ہے کہ اس میں ایک حرف کی کمی بیشی یا تغییر و تبدیل کر سکے۔ پھر قرآن کریم کی حفاظت کئی طرح پر ہے۔ ایک یہ کہ قرآن شریف کو معجزہ بنایا کہ بشر کا کلام اس میں شامل ہی نہ ہو سکے۔ ایک

یہ کہ اس کو معارضہ اور مقابلہ سے محفوظ کیا کہ کوئی اس کے مثل بنانے پر قادر نہ ہو۔ ایک یہ کہ ساری خلقت کو اس کے نیست و نابود اور معدوم کر دینے سے عاجز کر دیا کہ کفار باوجود کمال عداوت کے اس کتابِ مقدس کو معدوم کرنے سے عاجز ہیں، لہٰذا اس میں کسی حرف یا نقطہ کی کمی بیشی محال ہے۔ اگرچہ تمام دنیا اس کے بدلنے پر جمع ہو جائے، تو جو یہ کہے کہ اس میں سے کچھ پارے یا سورتیں یا آیتیں بلکہ ایک حرف بھی کسی نے کم کر دیا یا بڑھا دیا یا بدل دیا، وہ قطعاً کافر ہے۔

عقیدہ: اگلی کتابیں انبیاء کرام ہی کو زبانی یاد ہوتیں۔ قرآن کریم کا معجزہ ہے کہ اسے مسلمانوں کا بچہ بچہ یاد کر لیتا ہے۔

عقیدہ: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے قبل جتنے نبی و رسول تشریف لائے ان کی رسالت کسی خاص قوم اور ایک مقررہ وقت تک کے لیے تھی۔ اس لیے وہ فرمان اور قانون یا ہدایتیں جو پیغمبروں کے ذریعے ان کی امتوں کو بھیجی گئیں، ان میں اصلاح کی قوت ایک معین زمانے اور ایک خاص قوم کے لیے تھی، لہٰذا اگر تھوڑی دیر کے لیے یہ فرض کر لیا جائے کہ ان آسمانی کتابوں کا وجود اس وقت بھی بعینہٖ موجود ہے، تب بھی وہ تمام عالمِ انسانی کے لیے کامل دستور العمل نہ سمجھی جائیں گی۔ ایسا کامل دستور العمل یا ضابطۂ حیات جو زندگی کے تمام شعبوں اور انسانی ترقی کے تمام مرحلوں میں صحیح رہنمائی فرمائے۔ وہ صرف ایک ہی صحیفۂ آسمانی ہے جس کا نام قرآن مجید ہے۔ اسی لیے ہم مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ قرآن مجید نے اگلی کتابوں کے بہت سے احکام منسوخ کر دیئے۔

عقیدہ: کسی حکم کے منسوخ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ بعض احکام کسی خاص وقت کے لیے ہوتے ہیں جو علمِ الٰہی میں ہوتا ہے، مگر امت پر یہ ظاہر نہیں کیا جاتا کہ یہ حکم فلاں وقت تک کے لیے ہے۔ جب وہ میعاد پوری ہو جاتی ہے تو دوسرا حکم نازل ہوتا ہے۔ جس سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ پہلا حکم اٹھا دیا گیا اور حقیقتاً دیکھا جائے تو اس کے وقت کا ختم ہونا بتایا جاتا ہے۔ منسوخ کے معنی، بعض لوگ باطل ہونا کہتے ہیں۔

یہ بہت سخت بات ہے۔ احکامِ الٰہیہ سب حق ہیں، وہاں باطل کی رسائی کہاں؟

عقیدہ: قرآن مجید تئیس برس کی مدت میں تھوڑا تھوڑا، حسبِ حاجت نازل ہوا، جس حکم کی حاجت ہوتی، اسی کے مطابق سورت یا کوئی آیت نازل ہوتی، تو جبریل علیہ السلام اس کا مقام بھی بتا دیتے اور اس طرح قرآنِ عظیم کی سورتیں اپنی اپنی آیتوں کے ساتھ جمع ہو جاتیں۔ اور خود حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسی ترتیب سے اسے نمازوں میں پڑھتے اور تلاوت فرماتے۔ پھر حضور سے سن کر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم یاد کر لیتے۔ غرض قرآنِ عظیم کی ترتیب اللہ تعالیٰ کے حکم سے جبریل علیہ السلام کے بیان کے مطابق اور لوحِ محفوظ کی ترتیب کے موافق حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس ہی میں واقع ہوئی تھی۔ یہی ترتیب آج بھی باقی ہے اور قیامت تک باقی رہے گی۔

عقیدہ: خلق اللہ کی اصلاح و فلاح کے لیے اللہ تعالیٰ کی اتاری ہوئی مختصر مختصر سی چھوٹی چھوٹی کتابیں یا ورق، جو قرآن شریف سے پہلے اتارے گئے، انہیں صحیفے کہتے ہیں۔ ان میں اچھی اچھی، مفید نصیحتیں اور کارآمد باتیں ہوتی تھیں۔ قرآن کریم میں صُحُفِ اِبْرَاهِيْمَ وَمُوْسٰى کا ذکر ہے۔ یہ اور ان کے سوا، باقی تمام آسمانی صحیفے حق ہیں اور سب پر ایمان ضروری۔

(۵) ملائکہ کا بیان

عقیدہ: ملائکہ یعنی فرشتے اجسام نوری ہیں، یعنی وہ نور سے پیدا کیے گئے۔ نہ مرد ہیں نہ عورت۔ فرشتے اللہ تعالیٰ کے ایمان دار، عبادت گزار، اطاعت شعار اور خدا تعالیٰ کے پورے پورے مطیع و فرمانبردار، بڑی عزت و کرامت والے اور اللہ کے مقرب بندے ہیں، معصوم ہیں۔ خدا تعالیٰ کی نافرمانی اور گناہ نہیں کرتے۔ وہی کرتے ہیں جو انہیں حکم دیا جاتا ہے۔ نہ کھاتے ہیں، نہ پیتے ہیں، خدا تعالیٰ کی عبادت و بندگی ان کی غذا

ہے۔ ہر قسم کے صغائر و کبائر سے پاک ہیں۔ خدا تعالیٰ کے حکم کے خلاف کچھ نہیں کرتے نہ قصداً نہ سہواً اور نہ خطاءً۔

عقیدہ: اللہ تعالیٰ نے ان کو یہ طاقت دی ہے کہ جو شکل چاہیں بن جائیں۔ کبھی وہ انسان کی شکل میں ظاہر ہوتے ہیں اور کبھی دوسری شکل میں۔ صورت اور بدن ان کے حق میں ایسا ہے جیسا ہمارے لیے ہمارا لباس۔ ہاں قرآن کریم سے ثابت ہوتا ہے کہ ان کے بازو ہیں۔ ملائکہ کو اللہ تعالیٰ نے بڑی قوت عطا فرمائی ہے۔ وہ ایسے کام کر سکتے ہیں جس سے لاکھوں اور کروڑوں آدمی مل کر بھی انجام نہیں دے سکتے۔

عقیدہ: اللہ تعالیٰ کے حکم سے فرشتے مختلف کاموں میں مصروف رہتے ہیں، یا یوں کہہ لو کہ ان کو مختلف خدمتیں سپرد ہیں۔ بعض کے ذمے انبیائے کرام کی خدمت میں وحی لانا، کسی کے متعلق پانی برسانا، کسی کے متعلق ہوا چلانا، کسی کے متعلق روزی پہنچانا، کسی کے ذمے ماں کے پیٹ میں بچہ کی صورت بنانا کسی کے متعلق بدن انسانی میں تصرف کرنا، کسی کے متعلق خدا اور رسول کا ذکر کرنے والوں کی محفلیں تلاش کرنا، اور ان میں حاضر ہونا۔ کسی کے متعلق سرکارِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم میں مسلمانوں کا نام بنام صلوٰۃ و سلام پہنچانا۔ بعض فرشتے بندوں کے اعمال لکھنے پر مامور ہیں جن کو کراماً کاتبین بھی کہتے ہیں۔ آدمی جو کچھ زبان سے بولتا یا جو کام کرتا ہے وہ اس کو قلم بند کرتے جاتے ہیں۔ اور یہی نامۂ اعمال کی صورت میں کل بروز قیامت پیش کیے جائیں گے۔ بعض فرشتے اس کام پر متعین ہیں کہ وہ بندگانِ خدا کو تمام گناہوں سے آگاہ کریں اور گناہ و نافرمانی میں مبتلا ہونے سے روکیں اور صرف وہ گناہوں سے بچاتے ہی نہیں، بلکہ نیک کاموں کی طرف ترغیب بھی دلاتے ہیں۔ بعض فرشتے قبر میں مردوں سے سوال کرنے پر متعین ہیں۔ ان میں سے ایک کو منکر اور دوسرے کو نکیر اور دونوں کو نکیرین کہتے ہیں۔ ان کی شکل بڑی ہیبت ناک ہے۔ ان کے علاوہ اور بہت سے کام ہیں جو ملائکہ انجام دیتے ہیں۔ ہر ایک فرشتے کا جداگانہ کام متعین ہے اور وہ جس کام کے لیے مقرر کیا گیا ہے، اس سے سرِ مُو (بال برابر) تجاوز نہیں کر سکتا ہے۔

عقیدہ: فرشتے بے شمار ہیں۔ ان کی تعداد وہی جانے جس نے انہیں پیدا کیا یا اس کے بتانے سے اس کا پیارا رسول صلی اللہ علیہ وسلم جانے۔ البتہ احادیثِ کریمہ سے یہ بات روشن ہے کہ ان کی پیدائش روزانہ جاری ہے۔ ہر روز بے شمار فرشتے پیدا ہوتے ہیں۔ اولیاء اللہ فرماتے ہیں کہ نیک کلام، اچھا کلام فرشتہ بن کر آسمان کو بلند ہوتا ہے۔

عقیدہ: ان کے مرتبوں کے لحاظ سے، ان کے منصب بھی ہیں، البتہ چار فرشتے بڑی عظمت والے اور بہت مشہور ہیں اور یہ سب فرشتوں پر فضیلت رکھتے ہیں:

(۱) حضرت جبرئیل علیہ السلام، ان کے ذمے پیغمبروں کی خدمت میں وحی لانا ہے۔

(۲) حضرت میکائیل علیہ السلام، پانی برسانے اور روزی پہنچانے پر مقرر ہیں۔

(۳) حضرت اسرافیل علیہ السلام، جو قیامت کو صور پھونکیں گے۔

(۴) حضرت عزرائیل علیہ السلام، جنہیں رُوح قبض کرنے، یعنی لوگوں کی جان نکالنے کی خدمت سپرد کی گئی ہے۔ بے شمار فرشتے ان کی ماتحتی میں کام کرتے ہیں۔

عقیدہ: فرشتے ہمیں نظر نہیں آتے مگر جنہیں اللہ تعالیٰ چاہتا ہے وہ فرشتوں کو دیکھتے ہیں۔ جیسے خدا تعالیٰ کے پیغمبر انہیں دیکھتے اور ان سے کلام بھی فرماتے ہیں۔ ہاں! موت کے وقت رحمت کے فرشتے مسلمان کو، اور عذاب کے فرشتے کافر کو نظر آجاتے ہیں۔

عقیدہ: کسی فرشتے کے ساتھ ادنیٰ گستاخی کفر ہے۔ جاہل لوگ اپنے کسی دشمن وغیرہ کو دیکھ کر کہہ دیتے ہیں کہ ملک الموت یا عزرائیل آگیا۔ یہ قریب قریب کلمۂ کفر ہے۔

عقیدہ: فرشتوں کے وجود کا انکار، یا یہ کہنا کہ فرشتہ نیکی کی قوت کو کہتے ہیں اور اس کے سوا کچھ نہیں، یہ دونوں باتیں کفر ہیں۔

(۶) جنّ کا بیان

عقیدہ: جنّ ایک قسم کی مخلوق ہے، جو آگ سے پیدا کی گئی ہے۔ بنی آدم یعنی نوعِ انسانی کی طرح ذی عقل اور ارواح و اجسام (رُوح و جسم) والی ہے۔ ان میں توالد و تناسل بھی ہوتا ہے، یعنی انسانوں کی طرح، ان کی بھی نسل بڑھتی اور پھولتی پھیلتی ہے، کھاتے پیتے، جیتے مرتے ہیں، مگر ان کی عمریں بہت طویل ہوتی ہیں۔

عقیدہ: فرشتوں کی طرح جنوں میں بھی بعض کو یہ طاقت دی گئی ہے کہ جو شکل چاہیں بن جائیں۔ حدیثوں سے ثابت ہے کہ ان میں کسی کسی کے پر بھی ہوتے ہیں اور وہ ہوا میں اُڑتے پھرتے ہیں۔ اور بعض سانپوں، اور کتوں کی شکل میں گشت لگاتے پھرتے ہیں اور بعض انسانوں کی طرح رہتے سہتے ہیں، لیکن اکثر ان کی رہائش گاہ بیابان یا ویران مکان اور جنگل، پہاڑ ہیں۔

عقیدہ: ان میں مسلمان بھی ہیں کافر بھی، مگر ان کے کفار، انسان کی بہ نسبت بہت زیادہ ہیں۔ ان کے مسلمان نیک بھی ہیں اور فاسق بھی۔ سنی بھی ہیں، بدمذہب بھی۔ البتہ ان میں فاسقوں، بدکاروں کی تعداد بہ نسبت انسان کے زائد ہے۔ شریر جنوں کو شیطان کہتے ہیں، ان سب کا سرگروہ ابلیس ہے جس نے حضرت آدم علیہ السلام کو غرور میں آکر سجدہ کرنے سے انکار کر دیا تھا اور حکمِ خداوندی کی نافرمانی کی تھی جس کی وجہ سے وہ راندۂ بارگاہِ الٰہی ہوا اور ہمیشہ ہمیش کے لیے مردود کیا گیا۔ قیامت تک کے لیے اسے مہلت دی گئی۔ شیطان کے مُردہ رہنے کی مدت نفخۂ اولیٰ سے نفخۂ ثانیہ تک چالیس برس ہے اور اسے اس قدر مہلت دینا اس کے اکرام کے لیے نہیں، بلکہ اس کی بلا و شقاوت اور عذاب کی زیادتی کے لیے ہے۔

عقیدہ: ابلیس کی طرح اس کی ذریت بھی مردود ہے۔ یہ سب شیاطین ہیں اور انسانوں کو بہکانا ان کا کام ہے۔ طرح طرح کی ترکیبوں کے ذریعے نیک کام سے باز رکھتے

اور برے کاموں کی طرف ترغیب دلاتے ہیں۔ خدا کے نیک بندے ان کے مکر و اغوا میں نہیں آتے، بلکہ اول سے نیک کاموں میں مصروف رہتے ہیں، لیکن جو ان کے بہکانے میں آجاتے ہیں، وہ آخر کار گمراہ ہو جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنی پناہ میں رکھے اور ان کے مکر و اغوا سے بچائے۔ آمین

عقیدہ: جن و شیطان کے وجود کا انکار، یا بدی کی قوت، جو ہر انسان میں پوشیدہ ہے، اس کا نام جن و شیطان رکھنا اور یہ سمجھنا کہ شیطان کا کوئی خارجی وجود نہیں، یہ سب باتیں کفر ہیں اور ایمان و اسلام کے منافی و برخلاف۔

(۷) تقدیر کا بیان

عقیدہ: اللہ تعالیٰ کے بندے جو کچھ نیکی یا بدی کے کام کرتے ہیں، وہ سب اللہ تعالیٰ کے علمِ ازلی کے مطابق ہوتا ہے، یعنی جیسا ہونے والا تھا، اور جو جیسا کرنے والا تھا اللہ تعالیٰ نے اسے اپنے علمِ ازلی سے جانا اور وہی لکھ لیا۔ تو وہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کے علم میں ہے اور اس کے پاس لکھا ہوا، اسی کا نام تقدیر ہے۔

عقیدہ: یہ بات کہنا بڑی بے ادبی و محرومی ہے کہ جیسا اس نے لکھ دیا، ویسا ہی ہم کو کرنا پڑتا ہے، یعنی ہم ویسا ہی کرنے پر مجبور ہیں۔ بلکہ بات دراصل یہ ہے کہ جیسا ہم کرنے والے تھے، وہ اس نے اپنے علمِ ذاتی ازلی سے جانا اور لکھ دیا۔ کسی کے ذمے برائی لکھی، اس لیے کہ وہ برائی کرنے والا تھا۔ اگر وہ بھلائی کرنے والا ہوتا تو وہ اس کے لیے بھلائی لکھتا۔ تو اس کے علم یا اس کے لکھ دینے نے کسی کو مجبور نہیں کر دیا۔

عقیدہ: آدمی جس طرح نہ آپ سے آپ بن سکتا تھا، نہ اپنے لیے کان، ہاتھ، پاؤں، زبان وغیرہ بنا سکتا تھا یونہی وہ اپنے لیے طاقت، قوت، ارادہ، اختیار بھی نہیں بنا سکتا۔ سب کچھ اسی نے دیا اور اسی نے بنایا۔ ارادہ و اختیار بھی انسان کو بخشا کہ ایک کام چاہے کرے چاہے نہ کرے۔ تو اس ارادہ و اختیار کے پیدا ہونے سے آدمی صاحب

ارادہ اور صاحب اختیار ہوا نہ کہ بے اختیار اور مجبور و ناچار۔ اسے یوں سمجھو کہ اللہ تعالیٰ نے آدمی کو پتھر اور دیگر جمادات کی طرح بے حس و حرکت نہیں پیدا کیا۔ بلکہ ایک نوع اختیار دیا ہے اور اس کے ساتھ عقل بھی دی ہے کہ بھلے برے، نفع و نقصان کو پہچان سکے۔ پھر ہر قسم کے سامان اور اسباب پیدا کر دیئے ہیں کہ جب کوئی کام کرنا چاہتا ہے تو اسی قسم کے سامان مہیا ہو جاتے ہیں اور اسی بناء پر مواخذہ اور حساب و کتاب ہے۔ اپنے آپ کو بالکل مجبور یا بالکل مختار سمجھنا دونوں گمراہی ہیں۔

عقیدہ: تدبیر، تقدیر کے منافی نہیں، بلکہ تقدیرِ الٰہی کے موافق ہے، جس طرح تقدیر کو بھول کر، تدبیر پر پھولنا، اور اسی پر اعتمادِ کلی کر بیٹھنا کفار کی خصلت ہے۔ یوں ہی تدبیر کو محض عبث و فضول اور لاحاصل و مہمل بتانا کھلے گمراہ یا سچے مجنون کا کام ہے۔

عقیدہ: بُرا کام کر کے مشیّت الٰہی کے سپرد کرنا یا اسے تقدیر کی طرف منسوب کرنا کہ تقدیر میں لکھی تھی بہت بُری بات ہے اور خلافِ ادب۔ حکم یہ ہے کہ جو اچھا کام کرے اسے منجانب اللہ کہے کہ فضلِ خداوندی سے اور اس کی توفیق سے ایسا ہوا، اور جو بُرائی سرزد ہو، اسے شامتِ نفس تصور کرے کہ ہمارے بد اعمال کا نتیجہ ہے جو سامنے آیا۔

عقیدہ: تقدیری امور، یعنی قضاء و قدر کے مسائل عام عقلوں میں نہیں آسکتے۔ ان میں زیادہ غور و فکر کرنا، یا انہیں اپنی محفلوں میں ذریعہ بحث بنالینا، ہلاکت و نامرادی کا باعث ہے۔ صدیق اکبر و فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہما جیسی عظیم شخصیتوں کو اس مسئلہ پر بحث کرنے سے منع فرمادیا گیا۔ ماوشما کس گنتی میں ہیں۔ عقیدۂ اہلسنّت کا خلاصہ بس یہی ہے کہ انسان نہ پتھر کی طرح مجبور محض ہے اور اپنے ارادہ و اختیار سے کوئی حرکت کر سکے اور نہ خود مختار و شترِ بے مہار ہے کہ جو چاہے کرتا پھرے اور اس سے کوئی باز پُرس نہ ہو۔ تقدیر ان دونوں کے درمیان ایک حالت ہے۔

(۸) موت و قبر کا بیان

عقیدہ: ہر شخص کی زندگی مقرر ہے۔ اس میں نہ کمی ہو سکتی ہے نہ زیادتی۔ جب وقت پورا ہو جاتا ہے، تو ملک الموت (موت کا فرشتہ) یعنی عزرائیل علیہ السلام قبضِ رُوح کے لیے آتے اور اس کی جان نکال لیتے ہیں، اسی کا نام موت ہے۔

عقیدہ: مرنے کے بعد بھی رُوح کا تعلق بدنِ انسان کے ساتھ باقی رہتا ہے، اسی لیے بدن پر جو گزرے گی، رُوح اس سے ضرور آگاہ و متاثر ہوگی۔ جس طرح دنیاوی زندگی میں ہوتی ہے، بلکہ اس سے زائد۔ اور رُوح کے لیے خاص اپنی راحت و کلفت کے الگ اسباب ہیں، جن سے سرور یا غم پیدا ہوتا ہے۔

عقیدہ: روحوں کے رہنے کے لیے مقامات مقرر ہیں، نیکوں کے لیے علیحدہ، بدوں کے لیے علیحدہ مگر کہیں ہوں، اپنے جسم سے ان کو تعلق بدستور باقی رہتا ہے۔ قبر پر آنے جانے والوں کو دیکھتے پہچانتے اور ان کی بات سنتے ہیں۔ البتہ جب مسلمان مرتا ہے، تو اس کی راہ کھول دی جاتی ہے، جہاں چاہے جائے۔ اس کی مثال حدیث میں یہ فرمائی گئی ہے کہ ایک طائر ہے، پہلے قفس میں بند تھا، اب آزاد کر دیا گیا اور کافروں کی ارواح کو کہیں جانے آنے کا اختیار نہیں کہ قید ہیں۔

عقیدہ: یہ خیال کہ وہ رُوح کسی دوسرے بدن میں چلی جاتی ہے۔ خواہ وہ آدمی کا بدن ہو یا کسی اور جانور کا، جسے تناسخ اور اواگون کہتے ہیں۔ محض باطل اور ہنود کا عقیدہ ہے اور اس کا ماننا کفر ہے۔

عقیدہ: موت کے معنی ہیں "رُوح کا جسم سے جُدا ہو جانا۔" نہ یہ کہ رُوح مر جاتی ہے۔ جو رُوح کو فنا مانے، وہ بدمذہب و گمراہ ہے۔

عقیدہ: جب مُردہ کو قبر میں دفن کرتے ہیں، اس وقت اس کو قبر دباتی ہے۔ اگر

وہ مسلمان ہے تو اس کا دبانا ایسا ہوتا ہے جیسے ماں پیار میں اپنے بچے کو زور سے چپٹا لیتی ہے اور اگر کافر ہے تو اس کو اس زور سے دباتی ہے کہ اِدھر کی پسلیاں اُدھر اور اُدھر کی اِدھر ہو جاتی ہیں۔

عقیدہ: جب دفن کرنے والے دفن کر کے واپس ہوتے ہیں، تو مُردہ ان کے جوتوں کی آواز سنتا ہے۔ اس وقت اس کے پاس دو فرشتے اپنے بڑے بڑے دانتوں سے زمین کو چیرتے ہوئے آتے ہیں۔ ان کی شکلیں ڈراؤنی، آنکھیں دیگ کے برابر، سیاہ اور نیلی، بدن کا رنگ سیاہ اور بال سر سے پاؤں تک۔ غرض ہیبت ناک صورت کا سامنا ہوتا ہے۔ وہ مُردے کو جھڑک کر اٹھاتے ہیں اور نہایت سختی کے ساتھ اس سے تین سوال کرتے ہیں:

(۱) تیرا رب کون ہے؟

(۲) تیرا دین کیا ہے؟

(۳) اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف اشارہ کر کے پوچھتے ہیں کہ ان کے بارے میں تُو کیا کہتا ہے؟

مُردہ مسلمان ہو، تو جواب دیتا ہے:

(۱) میرا رب اللہ ہے۔ (۲) میرا دین اسلام ہے۔ (۳) اور وہ تو میرے آقا و مولیٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہیں۔ فرشتے کہتے ہیں کہ "ہم جانتے تھے کہ تُو یہی جواب دے گا۔" پھر اس کی قبر جہاں تک نگاہ پہنچے گی، کشادہ کر دی جائے گی۔ جنّت کی خُوشبو اس کے پاس آتی رہے گی اور جنّت کا بستر، جنّت کا لباس اسے مہیا کیا جائے گا اور اس سے کہا جائے گا کہ تُو سو جیسے دولھا سوتا ہے۔

اور مردہ کافر یا منافق ہے تو کسی سوال کا جواب نہ دے سکے گا، بلکہ ہر بار یہی کہے گا کہ "مجھے تو کچھ نہیں معلوم، میں لوگوں کو کہتے سنتا تھا، خود بھی کہتا تھا۔" اس وقت ایک پکارنے والا آسمان سے ندا کرتا ہے کہ "یہ جھوٹا ہے، اس کے لیے آگ کا بچھونا بچھا دو، آگ کا لباس پہنا دو، اور جہنم کی طرف دروازہ کھول دو۔" دوزخ کی گرمی اور تپش اس کو پہنچے گی اور اس پر عذاب دینے کے لیے دو فرشتے مقرر ہوں گے جو اندھے اور بہرے

ہوں گے، وہ لوہے کے بڑے بڑے گرزوں سے اسے مارتے رہیں گے، نیز سانپ اور بچھو وغیرہ اسے عذاب پہنچاتے رہیں گے اور اس کے بُرے اعمال کتے، بھیڑیئے وغیرہ موذی جانوروں کی شکل بن کر اسے ایذا پہنچاتے رہیں گے، جبکہ نیکوں کے نیک اعمال، مقبول، پسندیدہ اور محبوب صورت و شکل میں اسے سکون و انس دیں گے۔

عقیدہ: بعض گنہگار مسلمانوں پر بھی قبر میں عذاب ہوگا۔ ان کی معصیت اور نافرمانی کے لائق۔ پھر مسلمانوں کے صدقات، خیرات، دعائے مغفرت اور ایصالِ ثواب کے دوسرے طریقوں سے اس عذاب میں تخفیف ہو جاتی ہے۔ یونہی اس کے پیرانِ عظام یا مذہب کے امام یا اولیائے کرام کی شفاعت سے یا محض رحمتِ خداوندی سے جب وہ چاہے گا، نجات پائیں گے۔

عقیدہ: زندوں کے نیک اعمال سے مُردہ مسلمانوں کو ثواب ملتا اور فائدہ پہنچتا ہے۔ قرآن کریم کی تلاوت، درود شریف کی قرأت، اور کلمہ طیبہ وغیرہ پڑھ کر اس کا ثواب مُردوں کو بخشنا چاہیے، اسے ایصالِ ثواب کہتے ہیں۔ حدیث شریف میں اس کا جائز اور مُردوں کے حق میں نافع و فائدہ بخش ہونا ثابت ہے۔

عقیدہ: مُردہ اگر قبر میں دفن نہ کیا گیا تو جہاں پڑا رہ گیا، یا پھینک دیا گیا، غرض کہیں ہو تو اس سے وہیں سوالات ہوں گے اور وہیں ثواب یا عذاب اسے پہنچے گا۔ یہاں تک کہ جسے شیر وغیرہ کوئی درندہ کھا گیا، تو اسی کے پیٹ میں سوال ہوں گے اور ثواب جو کچھ ہوا، اسے پہنچے گا۔

عقیدہ: جسم اگرچہ گل سڑ جائے، خاک ہو جائے، گوشت اور ہڈیاں راکھ ہو جائیں اور ان کے ذرے کہیں بھی منتشر ہو جائیں، مگر اس کے اجزاء اصلیہ قیامت تک باقی رہیں گے اور عذاب و ثواب انہیں پر وارد ہوگا اور انہیں پر روزِ قیامت دوبارہ ترکیبِ جسم فرمائی جائے گی اور رُوحوں کا اعادہ اسی جسم میں ہوگا نہ کہ جسمِ دیگر میں۔ اسی کا نام حشر ہے۔ عذاب و تنعیمِ قبر حق ہے اور ان کا انکار وہی کرے گا، جو گمراہ ہوگا۔

(۹) علاماتِ قیامت کا بیان

عقیدہ: جس طرح دنیا میں ہر پیدا ہونے والی چیز ایک میعاد پر فنا ہوتی ہے اور مٹتی رہتی ہے، یونہی ساری کائنات کی بھی ایک عمر و میعاد اللہ تعالیٰ کے علم میں مقرر ہے۔ اس کے پورا ہونے کے بعد ایک دن ایسا آئے گا کہ ساری کائنات، زمین و آسمان، دریا، پہاڑ، جمادات، نباتات، حیوانات سب فنا ہو جائیں گے، اسی کا نام قیامت ہے، مگر جس طرح عموماً آدمی کے مرنے سے پہلے بیماری کی شدت، موت کے سکرات، جان کنی کے آثار اور نزع کی حالتیں ظاہر ہوتی ہیں۔ اسی طرح قیامِ قیامت، یعنی دنیا کے فنا ہونے سے پہلے چند نشانیاں ظاہر ہوں گی، جنہیں علاماتِ قیامت کہا جاتا ہے۔ ان علامات یا آثار قیامت میں سے چند یہ ہیں:

(۱) تین خسف ہوں گے، یعنی آدمی زمین میں دھنس جائیں گے، ایک مشرق میں، دوسرا مغرب میں اور تیسرا جزیرۂ عرب میں۔

(۲) علمائے حقانی اٹھا لیے جائیں گے، ان کی جگہ لوگ جاہلوں کو اپنا امام و پیشوا بنائیں گے۔

(۳) شراب خوری، حرام کاری، بے حیائی اور زناکاری کی زیادتی ہوگی۔

(۴) مرد کم ہوں گے اور عورتیں زیادہ۔ یہاں تک کہ ایک مرد کی سرپرستی میں پچاس عورتیں ہوں گی۔

(۵) علاوہ اس بڑے دجال کے تیس دجال اور ہوں گے کہ وہ سب نبوت کا دعویٰ کریں گے، حالانکہ نبوت ختم ہو چکی۔ ان میں سے بعض گزر چکے اور جو باقی ہیں وہ ضرور ہوں گے۔

(۶) مال کی کثرت ہوگی، زمین اپنے دفینے اور خزانے اگل دے گی۔

(۷) دین پر قائم رہنا اتنا مشکل ہوگا جیسے مٹھی میں انگارا۔

(۸) وقت میں برکت نہ ہوگی، یعنی بہت جلد وقت گزرے گا۔

(۹) زکوٰۃ دینا لوگوں پر گراں ہوگا، اسے ایک قسم کا تاوان سمجھیں گے۔

(۱۰) عورتیں مردانہ وضع اختیار کریں گی اور مرد زنانی وضع پسند کریں گے۔

(۱۱) گانے بجانے کی کثرت ہوگی، حیاء و شرم جاتی رہے گی۔

(۱۲) بوقتِ ملاقات سلام کی بجائے لوگ گالی گلوچ سے گفتگو شروع کریں گے۔

(۱۳) لوگ علمِ دین پڑھیں گے، مگر دین کی خاطر نہیں، دنیا کمانے اور جمع کر لینے کے لیے۔

(۱۴) مسجد کے اندر شور و غل ہوگا۔ لوگ بے دھڑک وہاں دنیا کی باتیں کریں گے۔

(۱۵) نماز کی شرائط و ارکان کا لحاظ کیے بغیر لوگ نماز پڑھیں گے، یہاں تک پچاس میں سے ایک نماز بھی قبول نہ ہوگی۔

(۱۶) اگلے لوگوں پر لوگ لعنت کریں گے، ان کو برا کہیں گے۔

(۱۷) ذلیل آدمی جنہیں تن کا کپڑا، پاؤں کی جوتیاں نصیب نہ تھیں، بڑے بڑے محلوں، عالی شان کوٹھیوں میں فخر کریں گے۔

یہ وہ علامات ہیں جو کچھ وقوع میں آچکیں اور جو باقی ہیں، وہ حضرت امام مہدی رضی اللہ عنہ کے ظہور تک وقوع میں آتی رہیں گی، انہیں علاماتِ صغریٰ کہا جاتا ہے۔

دوسری قسم کی علامات وہ ہیں، جو ظہور امام مہدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بعد نفخِ صور یعنی صور پھونکے جانے تک ظاہر ہوں گی۔ یہ علامات یکے بعد دیگرے، پے در پے ظاہر ہوں گی جیسے سلک مروارید سے موتی گرتے ہیں۔ ان کے ختم ہوتے ہی قیامت برپا ہوگی، انہیں علاماتِ کبریٰ کہتے ہیں جو یہ ہیں:

(۱۰) امام مہدی کا ظاہر ہونا

حضرت امام مہدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ائمہ اثناء عشریہ (بارہ اماموں) میں آخری امام اور خلیفتہ اللہ ہیں۔ آپ کا اسم گرامی محمد، والد کا نام عبداللہ اور ماں کا نام آمنہ ہوگا۔ وہ نسباً سیّد حسنی، حضرت فاطمتہ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی اولاد سے ہوں گے۔

چالیس سال کی عمر میں آپ کا ظہور ہوگا۔ آپ کی خلافت تقریباً ۸ سال کی ہوگی۔ اس کے بعد آپ کا وصال ہوگا، اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام آپ کی نمازِ جنازہ پڑھائیں گے۔

آپ کے ظہور کا اجمالی بیان یہ ہے کہ جب قیامت کی علاماتِ صغریٰ واقع ہو چکیں گی، نصاریٰ کا غلبہ ہوگا اور دنیا میں سب جگہ حرمین شریفین (مکہ معظمہ و مدینہ منورہ) کے علاوہ کفر کا تسلط ہوگا، اس وقت تمام ابدال بلکہ تمام اولیاء کرام سب جگہ سے سمٹ کر حرمین شریفین کو ہجرت کر جائیں گے کہ صرف وہیں اسلام رہے گا اور ساری دنیا کفرستان ہو جائے گی۔ رمضان شریف کا مہینہ ہوگا۔ ابدال طواف کعبہ میں مصروف ہوں گے۔ حضرت امام مہدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی وہاں موجود ہوں گے۔ اولیاء انہیں پہچان کر درخواستِ بیعت کریں گے۔ وہ انکار فرمائیں گے۔ دفعتاً غیب سے ایک آواز آئے گی:

هٰذا خليفة اللّٰه المهدى فاسمعوا له واطيعوه۔ — یہ اللہ کا خلیفہ مہدی ہے، اس کی بات سنو اور اس کا حکم مانو۔

اب تمام لوگ آپ کے دستِ مبارک پر بیعت کریں گے اور آپ وہاں سے سب کو ہمراہ لے کر ملکِ شام کو تشریف لے جائیں گے۔ افواجِ اسلام کی خبر سن کر نصاریٰ بھی لشکرِ جرار لے کر شام میں جمع ہو جائیں گے۔ دونوں میں جنگ عظیم ہوگی اور چوتھے روز مسلمانوں کو نصاریٰ پر فتح حاصل ہوگی۔ قسطنطنیہ بھی فتح ہوگا کہ ناگاہ شیطان پکارے گا کہ تمہارے گھروں میں دجال آگیا۔ مسلمان پلٹیں گے۔ پھر جب لشکرِ اسلام قسطنطنیہ سے روانہ ہوگا، اور شام میں آئے گا، تو اس جنگِ عظیم سے ساتویں سال دجال ظاہر ہوگا۔

(۱۱) دجال کا ظاہر ہونا

دجال قوم یہود کا ایک مرد ہے جو اس وقت بحکمِ الٰہی قید ہے۔ جب آزاد ہوگا، تو ایک عظیم لشکر کے ساتھ ملکِ خدا میں فتور پیدا کرنے کو شام و عراق کے میدان کے

درمیان سے نکلے گا۔ اس کی ایک آنکھ اور ایک ابرو بالکل نہ ہوگی۔ اسی وجہ سے اسے مسیح (چوپٹ) کہتے ہیں۔ اس کے ساتھ یہودی فوجیں ہوں گی۔ اس کی پیشانی پر لکھا ہوگا ک ف ر (یعنی کافر) جس کو ہر مسلمان پڑھے گا اور کافر کو نظر نہ آئے گا۔ اس کا فتنہ بہت شدید ہوگا۔ چالیس دن میں حرمین طیبین کے سوا تمام رُوئے زمین کا گشت کرے گا اور بہت تیزی کے ساتھ ایک شہر سے دوسرے شہر میں پہنچے گا، جیسے بادل ہوا اڑاتی ہو۔ ایک باغ اور ایک آگ اس کے ہمراہ ہوں گے، جن کا نام جنت و دوزخ رکھے گا، مگر وہ دیکھنے میں جو جنت معلوم ہوگی وہ حقیقتاً آگ ہوگی اور جو جہنم دکھائی دے گا، وہ آرام کی جگہ ہوگی۔ خدائی کا دعویٰ کرے گا۔ جو اس پر ایمان لائے گا، اسے اپنی جنت میں ڈالے گا اور جو انکار کرے گا، اسے اپنی جہنم میں جھونک دے گا۔ بادلوں کو حکم دے گا، وہ برسنے لگیں گے، زمین کو حکم دے گا، تو کھیتی جم اٹھے گی۔ ویرانے میں جائے گا تو وہاں کے دفینے شہد کی مکھیوں کی طرح اس کے پیچھے ہولیں گے۔ غرض اس قسم کے بہت سے شعبدے دکھائے گا اور حقیقت میں یہ سب جادو کے کرشمے ہوں گے۔ اسی لیے اس کے ہاتھوں یہ منظر دیکھ کر اس کے وہاں سے جاتے ہی لوگوں کے پاس کچھ نہ رہے گا۔ اس وقت مسلمانوں کی روٹی پانی کا کام، ان کی تسبیح و تہلیل دے گی، یعنی وہ ذکرِ خدا میں مصروف و مشغول رہیں گے اور اس سے بھوک و پیاس رفع ہوگی۔ جب وہ ساری دنیا میں پھر پھرا کر ملک شام کو جائے گا تو اس وقت حضرت عیسیٰ علیہ السلام نزول فرمائیں گے۔

(۱۲) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا آسمان سے نزول فرمانا

جب دجال کا فتنہ انتہا کو پہنچ چکے گا تو وہ ملعون ملکِ شام میں پہنچ کر مسلمانوں کا محاصرہ کرے گا کہ ناگاہ اسی حالت میں قلعہ بند مسلمانوں کو غیب سے آواز آئے گی، "گھبراؤ نہیں، فریاد رس آ پہنچا۔" اس وقت حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے دو فرشتوں کے پروں پر ہاتھ رکھے، زرد رنگ کا جوڑا زیب تن فرمائے ہوئے، نہایت نُورانی شکل میں دمشق کی جامع مسجد کے شرقی منارہ پر دینِ محمد رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کے حاکم اور امام عادل و مجددِ ملت ہو کر نزول فرمائیں گے۔ صبح کا وقت ہوگا، نماز فجر کے لیے اقامت ہو چکی ہوگی۔ حضرت امام مہدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جو اس جماعت میں موجود ہوں گے، امامت کا حکم دیں گے۔ حضرت امام مہدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نماز پڑھائیں گے۔ بعد فراغت حضرت عیسیٰ علیہ السلام شہر کا دروازہ کھلوائیں گے۔ اس طرف دجال ہوگا جس کے ساتھ ستر ہزار یہودی ہتھیار بند ہوں گے۔ لشکرِ اسلام اس لشکرِ دجال پر حملہ کرے گا، گھمسان کا معرکہ ہوگا۔ جب دجال کی نظر حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر پڑے گی تو وہ لعین آپ کی سانس سے پگھلنا شروع ہوگا جیسے پانی میں نمک گھلتا ہے۔ وہ بھاگے گا، یہ تعاقب فرمائیں گے اور بیت المقدس کے قریب موضع لُد کے دروازے پر جالیں گے اور اس کی پشت میں نیزہ ماریں گے، وہ واصلِ جہنم ہوگا۔ آپ مسلمانوں کو اس کا خون اپنے نیزے پر دکھائیں گے۔

دجال کا فتنہ فرو ہونے کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام اصلاحات میں مشغول ہوں گے۔ کافروں سے جہاد کریں گے اور جزیہ کو موقوف کر دیں گے، یعنی کافر سے سوائے اسلام کے کچھ قبول نہ فرمائیں گے۔ صلیب توڑیں گے، خنزیر کو نیست و نابود کریں گے۔ تمام اہلِ کتاب جو قتل سے بچیں گے، سب ان پر ایمان لے آئیں گے۔ تمام جہان میں دین ایک دینِ اسلام ہوگا اور مذہب، ایک مذہب اہلِ سُنّت ہوگا۔ آپ کے زمانہ میں مال کی کثرت ہوگی، ساری دنیا عدل سے بھر جائے گی۔ یہاں تک کہ بھیڑیئے کے پہلو میں بکری بیٹھے گی اور وہ آنکھ اٹھا کر نہ دیکھے گا، بچے سانپ سے کھیلیں گے اور شیر بکری ایک ساتھ چریں گے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام چالیس سال زمین میں امامتِ دین و حکومتِ عدل آئین فرمائیں گے۔ نکاح بھی کریں گے اور آپ کی اولاد بھی ہوگی۔ مزارِ اقدس سیّد عالم صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم پر حاضر ہو کر سلام عرض کریں گے۔ قبرِ انور سے جواب آئے گا۔ ان سب وقائع کے بعد جن کا ذکر گزرا، آپ وفات پائیں گے۔ مسلمان ان کی تجہیز و تکفین کریں گے۔ نماز پڑھیں گے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کے روضہ انور میں آپ کے پہلو میں دفن کیے جائیں گے۔

(۱۳) یاجوج ماجوج کا خروج

دجال لعین کے قتل کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو حکم ہوگا کہ مسلمانوں کو کوہ طور پر لے جاؤ، اس لیے کہ کچھ ایسے لوگ ظاہر کیے جائیں گے جن سے لڑنے کی کسی میں طاقت نہیں ہوگی، چنانچہ مسلمانوں کے کوہ طور پر جانے کے بعد یاجوج ماجوج ظاہر ہوں گے۔ یہ اس قدر کثیر ہوں گے کہ پہلی جماعت بحیرہ طبریہ پر (جس کا طول دس میل ہوگا) جب گزرے گی تو اس کا پانی پی کر اس طرح سکھادے گی کہ دوسری جماعت جب آئے گی تو کہے گی کہ یہاں کبھی پانی نہ تھا۔ غرض یہ لوگ موروملخ کی طرح ہر طرف پھیل کر فتنہ و فساد کریں گے۔ جب اس سے فرصت پائیں گے تو کہیں گے کہ زمین والوں کو قتل کرلیا، آؤ اب آسمان والوں کو قتل کریں۔ یہ کہہ کر اپنے تیر آسمان کی طرف پھینکیں گے۔ خدا تعالیٰ کی قدرت کہ ان کے تیرے اوپر سے خون آلود گریں گے۔

یہ اپنی انہی حرکتوں میں مشغول ہوں گے اور وہاں پہاڑ پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام مع اپنے ساتھیوں کے محصور اور قلعۂ طور میں قلعہ بند ہوں گے۔ اس وقت حضرت عیسیٰ علیہ السلام مع اپنے ہمراہیوں کے دعا فرمائیں گے۔ دعا قبول ہوگی اور اللہ تعالیٰ ان کی گردنوں میں ایک قسم کا کیڑا پیدا کردے گا کہ ایک رات میں سب ہلاک ہو جائیں گے۔ ان کی ہلاکت کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور آپ کے اصحاب پہاڑ پر سے اُتریں گے اور دیکھیں گے کہ تمام زمین ان کی لاشوں اور بدبو سے بھری پڑی ہے۔ آپ مع اپنے ہمراہیوں کے ایک بار پھر دعا کریں گے۔ اللہ تعالیٰ ایک سخت آندھی اور ایک قسم کا پرندہ بھیجے گا کہ وہ ان لاشوں کو جہاں اللہ تعالیٰ چاہے گا، پھینک آئیں گے اور ان کے تیر و کمان و ترکش مسلمان سات برس تک جلائیں گے۔

پھر اس کے بعد بارش ہوگی، جس سے زمین ہموار ہو جائے گی۔ اب زمین کو حکم ہوگا کہ اپنے پھلوں کو اُگا اور آسمان کو حکم ہوگا کہ اپنی برکتیں انڈیل دے۔ پھر تو یہ عالم ہوگا کہ ایک انار سے ایک جماعت کا پیٹ بھر جائے گا اور وہ اتنے بڑے بڑے ہوں گے

کہ اس کے چھلکے کے سائے میں ایک جماعت آجائے گی اور دودھ میں یہ برکت ہوگی کہ ایک اونٹنی کا دودھ آدمیوں کے گروہوں کو کافی ہوگا۔ ایک گائے کا دودھ قبیلے بھر کو اور ایک بکری کا دودھ خاندان بھر کو کفایت کرے گا۔

(۱۴) دھوئیں کا پیدا ہونا

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی وفات شریف کے بعد آہستہ آہستہ کفر و جہل کی رسوم شائع ہوں گی۔ اسی اثناء میں ایک مکان مغرب میں اور ایک مشرق میں، جہاں منکرِ تقدیر رہتے ہوں گے، زمین میں دھنس جائے گا۔ اس کے بعد آسمان سے دھواں نمودار ہوگا جس سے آسمان سے زمین تک اندھیرا چھا جائے گا اور متواتر چالیس روز تک رہے گا۔ اس سے مسلمان زکام میں مبتلا ہو جائیں گے۔ کافروں اور منافقوں پر بے ہوشی طاری رہے گی۔ بعضے ایک دن، بعضے دو دن، اور بعضے تین دن کے بعد ہوش میں آئیں گے، پھر مغرب سے آفتاب طلوع ہوگا۔

(۱۵) مغرب سے آفتاب کا طلوع ہونا

روزانہ آفتاب، بارگاہِ الٰہی میں سجدہ کر کے طلوع کی اجازت چاہتا ہے، تب طلوع ہوتا ہے۔ قُربِ قیامت جب آفتاب حسب معمول طلوع کی اجازت چاہے گا تو اجازت نہ ملے گی، بلکہ حکم ہوگا کہ واپس جا، وہ واپس ہو جائے گا، اور رات اس قدر طویل ہو جائے گی کہ بچے چلا اٹھیں گے، مسافر تنگ دل اور مویشی چراگاہ کے لیے بے قرار ہوں گے۔ یہاں تک کہ لوگ بے چینی کی وجہ سے نالۂ و زاری کریں گے اور توبہ توبہ پکاریں گے۔ آخر تین چار رات کی مقدار دراز ہونے کے بعد، اضطراب کی حالت میں مغرب سے، چاند گرہن کی مانند، تھوڑی روشنی کے نکلے گا اور نصف آسمان تک آکر لوٹ جائے گا، اور جانبِ مغرب غروب ہوگا۔ اس کے بعد بدستور سابق، مشرق سے طلوع کیا کرے گا۔

اس نشانی کے ظاہر ہوتے ہی توبہ کا دروازہ بند ہو جائے گا۔ کافر اپنے کفر سے، گنہگار اپنے گناہوں سے توبہ کرے گا، توبہ قبول نہ ہوگی اور اس وقت کسی کافر کا اسلام لانا معتبر نہ ہوگا۔

(۱۶) دآبۃ الارض کا نکلنا

آفتاب کے مغرب سے طلوع ہونے کے بعد دوسرے روز لوگ اسی چرچے میں مصروف ہوں گے کہ کوہِ صفا زلزلہ سے پھٹ جائے گا اور دآبۃ الارض نکلے گا۔ یہ عجیب شکل کا ایک جانور ہوگا، جس کے ہاتھ میں موسیٰ علیہ السلام کا عصا اور سلیمان علیہ السلام کی انگشتری ہوگی۔ عصا سے ہر مسلمان کی پیشانی پر ایک نورانی نشان بنائے گا اور انگشتری سے ہر کافر کی پیشانی پر ایک سیاہ دھبہ۔ اس وقت تمام مسلم کافر علانیہ ظاہر ہوں گے۔ مسلمان کا چہرہ نورانی ہوگا اور کافر کا چہرہ سیاہ، بے رونق۔ یہ علامت کبھی نہ بدلے گی۔ جو کافر ہے، ہرگز ایمان نہ لائے گا اور جو مسلمان ہے، ہمیشہ ایمان پر ثابت قدم رہے گا۔

یہ جانور کوہِ صفا سے برآمد ہوگا کہ تمام شہروں میں بہت جلد پھرے گا اور ایسی تیزی سے دورہ کرے گا کہ کوئی بھاگنے والا اس سے نہ بچ سکے گا۔ دآبۃ الارض پہلے یمن میں، پھر نجد میں ظاہر ہو کر غائب ہو جائے گا اور تیسری بار مکہ معظمہ میں ظاہر ہوگا۔

(۱۷) قیامِ قیامت کا بیان

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی وفات کے ایک زمانہ کے بعد جب قیام قیامت کو صرف چالیس سال رہ جائیں گے تو ایک خوشبودار ہوا چلے گی جو لوگوں کی بغلوں کے نیچے سے گزرے گی، جس کا اثر یہ ہوگا کہ مسلمانوں کی وفات ہو جائے گی اور دنیا میں کافر ہی کافر رہ جائیں گے۔ اس کے بعد پھر چالیس برس کا زمانہ ایسا گزرے گا کہ اس میں کسی کے اولاد نہ ہوگی، یعنی چالیس برس سے کم عمر کا کوئی نہ رہے گا۔ دنیا میں کافر ہی کافر ہوں

گے۔ اللہ کہنے والا کوئی نہ ہوگا اور لوگ اپنے اپنے کاموں میں مصروف ہوں گے کہ دفعتاً حضرت اسرافیل علیہ السلام کو صور پھونکنے کا حکم ہوگا۔ شروع شروع میں اس کی آواز بہت باریک ہوگی لیکن رفتہ رفتہ بلند ہوتی جائے گی، لوگ کان لگا کر اس آواز کو سنیں گے اور بے ہوش ہو کر گر پڑیں گے اور مر جائیں گے اور جن پر موت طاری ہو چکی۔ پھر اللہ تعالیٰ نے انہیں حیات عطا کی اور وہ قبروں میں زندہ ہیں جیسے کہ انبیاء و شہداء، ان پر اس سے بے ہوشی کی سی کیفیت طاری ہو جائے گی اور جو عام لوگ قبروں میں مرے پڑے ہیں، انہیں اس کا شعور بھی نہ ہوگا۔

پھر تو زمین و آسمان میں ہلچل پڑ جائے گی۔ زمین اپنے بوجھ اور خزانے باہر نکال دے گی۔ پہاڑ ہل ہل کر ریزہ ریزہ ہو جائیں گے اور دھنی ہوئی روئی یا اون کے گالوں کی طرح اڑنے لگیں گے۔ آسمان کے تمام ستارے ٹوٹ ٹوٹ کر گر پڑیں گے اور ایک دوسرے سے ٹکرا ٹکرا کر ریزہ ریزہ ہو کر فنا ہو جائیں گے۔ غرض آسمان و زمین اور پہاڑ جیسی عظیم الشان چیزیں یہاں تک کہ صور اور اسرافیل اور تمام ملائکہ فنا ہو جائیں گے۔ اس وقت سوا اس واحدِ حقیقی کے کوئی نہ ہوگا۔ وہ فرمائے گا: "لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ۔" آج کس کی بادشاہت ہے؟ کہاں ہیں جبارین؟ کہاں ہی متکبرین؟ مگر کون ہے جو جواب دے گا، پھر خود ہی فرمائے گا: "لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ۔" صرف اللہ واحد قہار کی سلطنت ہے۔

عقیدہ: قیامت بے شک قائم ہوگی، اس کا انکار کرنے والا کافر ہے، جو شخص قیامت کو تو حق کہے، مگر اس کے نئے معنی گھڑے، اور ان معنی کا انکار کر دے جو مسلمانوں میں مشہور ہیں، وہ بھی درحقیقت قیامت کا منکر اور کافر ہے۔

(۱۸) حشر و نشر کا بیان

کائنات کے فنا ہو جانے کے بعد، پھر جب اللہ تعالیٰ چاہے گا، حضرت اسرافیل علیہ السلام کو زندہ فرمائے گا اور صور کو پیدا کر کے دوبارہ پھونکنے کا حکم دے گا، دوبارہ صور

پھونکتے ہی تمام اولین و آخرین، ملائکہ، انس و جن و حیوانات موجود ہو جائیں گے۔ پھر از سرِ نو زمین و آسمان، چاند و سورج موجود ہوں گے۔ پھر ایک مینہ برسے گا جس سے سبزہ کے مثل، زمین کا ہر ذی روح، اپنے جسم کے ساتھ زندہ ہو گا۔ سب سے پہلے حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم قبرِ انور سے برآمد ہوں گے کہ دائیں ہاتھ میں حضرت صدیق اکبر کا ہاتھ ہو گا اور بائیں ہاتھ میں حضرت فاروق اعظم (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) کا ہاتھ۔ پھر مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے مقابر میں جتنے بھی مسلمان دفن ہیں، سب کو اپنے ہمراہ لے کر میدان حشر میں تشریف لے جائیں گے۔

عقیدہ: حشر صرف رُوح کا نہیں، بلکہ رُوح و جسم دونوں کا ہے۔ جو کہے صرف روحیں ہی اٹھیں گی، جسم زندہ نہ ہوں گے، وہ بھی کافر ہے اور دنیا میں جو رُوح جس جسم کے ساتھ متعلق ہو گی، اس رُوح کا حشر اسی جسم میں ہو گا۔ یہ نہیں کہ کوئی نیا جسم پیدا کر کے اس کے ساتھ رُوح متعلق کر دی جائے۔

عقیدہ: جسم کے اجزاء اگرچہ مرنے کے بعد متفرق ہو گئے اور مختلف جانوروں کی غذا بن گئے، یا ریزہ ریزہ ہو کر ہوا کے ساتھ اڑ گئے ہوں۔ اللہ تعالیٰ ان سب اجزاء کو جمع فرما کر پہلی ہیئت پر لا کر، انہیں اجزائے اصلیہ پر کہ محفوظ ہیں، دوبارہ ترتیب دے گا اور قیامت کے دن اٹھائے گا۔

عقیدہ: جسم کے اجزائے اصلیہ، ریڑھ کی ہڈی میں جس کو عجب الذَّنَب کہتے ہیں، کچھ ایسے باریک اجزاء ہیں، جو نہ کسی خوردبین سے نظر آ سکتے ہیں، نہ انہیں آگ جلا سکتی ہے، نہ انہیں زمین گلا سکتی ہے۔ وہی تخم جسم ہیں، ولہٰذا روز قیامت روحوں کا اعادہ اسی جسم میں ہو گا، نہ کہ جسم دیگر میں۔ بالائی زائد اجزاء کا گھٹنا، بڑھنا جسم کو نہیں بدلتا۔ جیسے بچہ کتنا چھوٹا پیدا ہوتا ہے، پھر کتنا بڑا ہو جاتا ہے۔ قوی ہیکل جوان، بیماری میں گھل کر کتنا حقیر رہ جاتا ہے، پھر نیا گوشت پوست آ کر مثلِ سابق ہو جاتا ہے۔ ان تبدیلیوں میں سے کوئی نہیں کہہ سکتا کہ شخص بدل گیا۔ یونہی روزِ قیامت کا عود ہے کہ وہی گوشت، وہی ہڈیاں، پہلی ہیئت میں لا کر اسی جسمِ سابق سے رُوح کو متعلق کر کے،

بروزِ قیامت اٹھایا جائے گا۔

عقیدہ: قیامت کے دن، عام لوگ اپنی اپنی قبروں سے ننگے بدن، ننگے پاؤں، ناختنہ شدہ اٹھیں گے اور اس وقت محشر کے عجیب و غریب منظر کو حیرت زدہ ہو کر نگاہیں اٹھا اٹھا کر دیکھیں گے، کسی کو اپنے پرائے کا ہوش نہ ہوگا۔ مومنین کی قبروں پر اللہ تعالیٰ کی رحمت سے سواریاں حاضر کی جائیں گی۔ ان میں بعض تنہا سوار ہوں گے اور کسی سواری پر دو، کسی پر تین، کسی پر چار، کسی پر دس ہوں گے۔ مراتب اور درجاتِ ایمان و اعمال کا لحاظ رکھا جائے گا، جبکہ کافر منہ کے بل چلتا ہوا میدانِ حشر کو جائے گا، کسی کو ملائکہ گھسیٹ کر لے جائیں گے، اور کسی کو آگ جمع کرے گی۔

یہ میدانِ حشر، شام کی زمین پر قائم ہوگا اور زمین ایسی ہموار ہوگی کہ اس کنارے پر رائی کا دانہ گر جائے تو دوسرے کنارے پر دکھائی دے۔ اس دن زمین تانبے کی طرح ہوگی، آفتاب سروں سے بہت قریب بقدر ایک میل ہوگا، تپش اور گرمی سے بھیجے کھولتے ہوں گے اور اس کثرت سے پسینہ نکلے گا کہ ستر گز زمین میں جذب ہو جائے گا، پھر اوپر چڑھے گا، کسی کے ٹخنوں تک ہوگا، کسی کے گھٹنوں تک، کسی کے کمر کمر، کسی کے سینے اور کسی کے گلے تک اور کافر کے منہ تک چڑھ کر مثل لگام کے جکڑ جائے گا، جس میں وہ ڈبکیاں کھائے گا۔ زبانیں سوکھ کر کانٹا ہو جائیں گی اور دل ابل کر گلے تک آجائیں گے، دہشت سے طاقت طاق ہوگی۔

پھر باوجود ان مصیبتوں کے کوئی کسی کا پرسانِ حال نہ ہوگا۔ پھر حساب کا دفتر کھلے گا۔ سب کے اعمال نامے سامنے رکھ دیئے جائیں گے۔ انبیاء کرام علیہم السلام اور دوسرے گواہ دربار میں حاضر ہوں گے اور ہر شخص کے اعمال کا نہایت انصاف سے ٹھیک ٹھیک فیصلہ سنایا جائے گا۔ کسی پر کسی طرح کی زیادتی نہ ہوگی۔ ان تمام مرحلوں کے بعد اب اسے ہمیشگی کے گھر جانا ہے۔ جہاں کسی کو آرام و آسائش کا گھر ملے گا۔ جس کی آسائش اور راحت کی کوئی انتہاء نہیں، اس کو جنت کہتے ہیں یا تکلیف کے گھر میں جانا پڑے گا۔ جس کی تکلیف و اذیت کی کوئی حد نہیں، اسے جہنم کہتے ہیں۔

(۱۹) آخرت کے چند احوال و شفاعت

میدانِ حشر میں جہاں بھائی بھائی سے بھاگے گا، ماں باپ اولاد سے پیچھا چھڑائیں گے، بی بی بچے الگ جان چرائیں گے اور ہر ایک اپنی اپنی مصیبت میں گرفتار ہوگا اور اسی حالت میں قیامت کا دن کہ پچاس ہزار برس کا ایک دن ہوگا۔ قریب قریب آدھے کے گزر جائے گا کہ تمام مومنین اولین و آخرین کے دلوں میں یہ بات قدرتاً پیدا ہوگی کہ جب انبیائے کرام دنیا میں حاجت برآری کا وسیلہ تھے، تو یہاں بھی حاجت روائی انہیں کے ذریعہ ہوگی، چنانچہ یہ بات مشورہ سے قرار پائے گی کہ ہم سب کو حضرت آدم علیہ السلام کے پاس چلنا چاہیے، چنانچہ افتاں و خیزاں گرتے پڑتے کس کس مشکل سے ان کے پاس حاضر ہوں گے اور ان کے فضائل بیان کر کے عرض کریں گے کہ آپ ہماری شفاعت کیجئے کہ اللہ تعالیٰ ان مصائبِ محشر سے ہمیں نجات دے۔ آپ فرمائیں گے "مجھے آج اپنی جان کی فکر ہے، تم لوگ نوح علیہ السلام کی خدمت میں جاؤ۔ نوح علیہ السلام فرمائیں گے تم ابراہیم علیہ السلام کے پاس جاؤ، وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس اور موسیٰ علیہ السلام حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس بھیجیں گے۔ وہ فرمائیں گے، تم ان کے پاس جاؤ جو آج بے خوف ہیں اور تمام اولادِ آدم کے سردار ہیں۔ وہ خاتم النبیین ہیں، وہ آج تمہاری شفاعت فرمائیں گے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے فرمانے پر ٹھوکریں کھاتے، دہائیاں دیتے، بارگاہِ بے کس پناہ حضور سرورِ کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم میں حاضر ہو کر حضور کے بہت سے فضائل بیان کر کے شفاعت کے لیے عرض کریں گے، تو حضور جواب میں ارشاد فرمائیں گے: "میں اس کام کے لیے ہوں، میں اس کام کو انجام دوں گا، میں ہی وہ ہوں جسے تم تمام جگہ ڈھونڈ آئے۔"

یہ فرما کر بارگاہِ عزت میں حاضر ہوں گے اور سجدہ کریں گے، ارشاد ہوگا: "اے محمد! اپنا سر اٹھاؤ اور کہو تمہاری بات سنی جائے گی اور مانگو، جو کچھ مانگو گے، ملے گا اور

شفاعت کرو، تمہاری شفاعت مقبول ہے۔" پھر تو شفاعت کا سلسلہ شروع ہو گا۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم کی شفاعت کئی قسم پر ہے:

(۱) شفاعتِ کبریٰ، یعنی حضورِ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم کی وہ شفاعت جو تمام مخلوق، مومن و کافر، فرمانبردار و نافرمان، موافق و مخالف اور دوست و دشمن سب کے لیے ہوگی اور وہ انتظارِ حساب جو سخت جاں گزرا ہو گا، جس کے لیے لوگ تمنائیں کریں گے کہ کاش جہنم میں پھینک دیئے جاتے اور اس انتظار سے نجات پاتے۔ اس بلا سے چھٹکارا، کافروں کو بھی حضور کی بدولت ملے گا، جس پر اولین و آخرین، مومنین و کافرین، موافقین و مخالفین سب حضور کی حمد کریں گے۔ اس کا نام مقامِ محمود ہے اور یہ مرتبہ شفاعتِ کبریٰ حضور کے خصائص سے ہے۔

(۲) بہتوں کو بلا حساب جنت میں داخل فرمائیں گے۔

(۳) بہتیرے وہ ہوں گے، جو مستحق جہنم ہو چکے ہوں گے، ان کو جہنم میں جانے سے روکیں گے۔

(۴) بعضوں کی شفاعت فرما کر جہنم سے نکالیں گے۔

(۵) بعضوں کے درجات بلند فرمائیں گے۔

(۶) بعضوں سے تخفیف عذاب فرمائیں گے۔

(۷) جن کی نیکیاں اور برائیاں برابر ہوں گی، انہیں بہشت میں داخل فرمائیں گے۔

(۸) یہاں تک کہ جس کے دل میں رائی کے دانہ سے بھی کم ایمان ہو گا، اس کے لیے شفاعت فرما کر جہنم سے نکالیں گے۔

(۹) یہاں تک کہ جو سچے دل سے مسلمان ہوا، اگرچہ اس کے پاس کوئی نیک عمل نہیں ہے، اسے بھی دوزخ سے نکالیں گے۔

عقیدہ: ہر قسم کی شفاعت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم کے لیے ثابت ہے، بکثرت آیات و احادیث اس میں وارد ہیں، کسی بھی قسم کی شفاعت کا انکار وہی کرے گا جو بدمذہب و گمراہ ہے اور قرآن کریم میں جس شفاعت کی نفی کی گئی ہے وہ بتوں اور کافروں کی شفاعت ہے کیونکہ شفاعت مقربین کی ہو سکتی ہے، نہ کہ مغضوبین کی

کہ وہ تو خود ہی عذابِ الٰہی میں گرفتار ہیں اور رہیں گے تو دوسروں کے کیا کام آئیں گے۔ اللہ تعالیٰ نے جو حکم کافروں اور بتوں پر صادر فرمایا ہے، وہ اس کے محبوبوں اور مقرب بندوں پر لگانا اور یہ کہہ دینا کہ کوئی کسی کا وکیل و سفارشی نہیں، خدا اور رسول پر بہتان اور نئی شریعت گھڑنا ہے۔

عقیدہ: شفاعت کے باب میں عقیدہ کا خلاصہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ خالق و مالک و شہنشاہ حقیقی ہے۔ اس کو نہ کسی قسم کا لالچ ہے نہ ڈر۔ نہ وہ کسی کے دباؤ میں ہے، نہ اس پر کسی کی دھونس یا زور چلتا ہے۔ اسی نے اپنی قدرتِ کاملہ اور حکمتِ بالغہ سے اپنے بندوں میں سے اپنے محبوبوں کو چن لیا اور اپنے تمام محبوبوں کا سردار، مدنی تاجدار، احمد مختار صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم کو کیا، وہ بکمالِ بے نیازی، اپنے کرم سے اپنے محبوبانِ کرام کی ناز برداری فرماتا ہے، اسی نے اپنے محبوبوں کی عظمت و جلالت اور شانِ محبوبیت دکھانے اور ان کی شوکت و وجاہت ظاہر فرمانے کے لیے، ان کو اپنے گنہگار بندوں کا شفیع بنایا اور انہیں منصبِ شفاعت عطا فرمایا اور وہی اپنے کرم سے انبیاء و اولیاء، علماء و شہداء و اہلِ شفاعت کی شفاعت قبول فرمائے گا۔ ہمیشہ یاد رکھیں کہ شفاعت کے معنی ہیں "کسی شخص کو اپنے بڑے کے حضور میں اپنے چھوٹے کے لیے سفارش کرنا۔" شفاعت دھمکی اور دباؤ سے کسی بات کے منوانے کو نہیں کہتے اور نہ ہی شفاعت ڈر کر یا دب کر مانی جاتی ہے۔

عقیدہ: تمام انبیائے کرام علیہم السلام اپنی اپنی امت کی شفاعت فرمائیں گے۔ اولیائے کرام، حفاظ، حجاج اور ہر وہ شخص جسے کوئی منصبِ دینی ملا ہے، کل بروزِ قیامت اپنے اپنے متعلقین کی شفاعت کریں گے، بلکہ نابالغ بچے جو مر گئے، اپنے ماں باپ کی شفاعت کریں گے بلکہ آتشِ دوزخ سے نجات پانے والے مسلمان، اپنے ان بھائیوں کی رہائی کے لیے جو آتشِ دوزخ میں ہوں گے، اللہ تعالیٰ کے حضور شفاعت و سوال میں مبالغہ کریں گے اور اللہ تعالیٰ سے اذن پا کر مسلمانوں کی کثیر تعداد کو پہچان پہچان کر دوزخ سے نکالیں گے، یہاں تک کہ علماء کے پاس کچھ لوگ آکر عرض کریں گے: ہم نے آپ

کے وضو کے لیے فلاں وقت میں پانی بھر دیا تھا۔ کوئی کہے گا کہ میں نے آپ کو استنجے کے لیے ڈھیلا دیا تھا۔ اور علمائے کرام ان تک کی شفاعت کریں گے۔

اللہ اللہ یہ ہے کرمِ خداوندی کی ناز برداری اور شفاعتِ محبوبانِ الٰہی کی جلوہ طرازی۔

(۲۰) اعمال نامہ

عقیدہ: اعمال نامہ ہمارے تمام اچھے بُرے اعمال کا مکمل ریکارڈ ہے۔ قیامت کے دن ہر شخص کا اعمال نامہ اسے دیا جائے گا۔ نیکوں کے دائیں ہاتھ میں، بروں کے بائیں ہاتھ میں، اور کافر کا سینہ توڑ کر، اس کا بایاں ہاتھ اس کے پسِ پشت نکال کر پیٹھ کے پیچھے دیا جائے گا کہ خود پڑھ کر فیصلہ کرلے کہ جو کام عمر بھر کیے تھے کوئی رہا تو نہیں یا زیادہ تو نہیں لکھا گیا۔ ہر آدمی اس وقت یقین کرے گا کہ ذرہ ذرہ بلا کم و کاست اس میں موجود ہے۔ اپنے گناہوں کی فہرست پڑھ کر مجرم خوف کھائیں گے کہ دیکھئے آج کیسی سزا ملتی ہے، اور کافروں کا تو خوف کے مارے برا حال ہوگا۔ پھر میزان پر ان لوگوں کے نیک و بد اعمال تولے جائیں گے۔

(۲۱) میزان

عقیدہ: میزان، ترازو کو کہتے ہیں اور اعمال کے تولنے کے لیے قیامت میں جو میزان نصب کی جائے گی، اس کا کچھ اجمالی مفہوم شریعت نے بیان فرمایا ہے کہ وزنِ اعمال ایسی میزان سے کیا جائے گا، جس میں کفتین (یعنی پلے) اور لسان یعنی چوٹی وغیرہ موجود ہیں اور اس کا ہر پلہ اتنی وسعت رکھے گا، جیسی وسعت مشرق و مغرب کے درمیان ہے۔ اس سے زائد تفصیلات پر مطلع ہونا کہ وہ میزان کس نوعیت کی ہوگی اور اس سے وزن معلوم کرنے کا کیا طریقہ ہوگا، یہ ہماری عقل و ادراک کی رسائی سے باہر

ہے، خدا اور رسول ہی خوب جانتے ہیں۔ ہمیں تو اس پر عقیدہ رکھنا ہے کہ میزان حق ہے اور اس پر لوگوں کے تمام نیک و بد اعمال تولے جائیں گے، جن کے اعمال کا پلہ وزنی ہو گا، وہ کامیاب ہیں اور جن کا وزن ہلکا ہو گا، وہ خسارے میں رہیں گے۔ نیکی کا پلہ بھاری ہونے کے یہ معنی ہیں کہ اوپر اٹھے۔ دنیا کا سا معاملہ نہیں کہ جو بھاری ہوتا ہے، نیچے کو جھکتا ہے۔

(۲۲) حساب

دنیا کے اکثر بڑے بڑے عقلاء و دانشور، باوجود اختلافِ مذہب کے اس بات پر متفق ہیں کہ اس زندگی کے بعد، کوئی دوسری زندگی بھی آنے والی ہے اور معاملہ اسی دنیا میں موت تک ختم نہیں ہو جاتا اور اس دوسری زندگی میں ہماری سعادت و شقاوت، نیک بختی و بد بختی کا مدارِ کار ہماری اس دنیاوی زندگی کے اعمال و افعال پر ہے اور ہمارے تمام نیک و بد اعمال کی جزا و سزا کا ایک دن مقرر ہے۔ یہی روزِ حساب و روزِ قیامت ہے اور اسی روز ہمارے تمام اعمال کی بازپُرس ہو گی۔

عقیدہ: حساب حق ہے، اعمال کا حساب ہونے والا ہے۔ حساب کا منکر کافر ہے۔

عقیدہ: اعمال کے حساب کی نوعیتیں جُداگانہ ہوں گی۔ کسی سے خفیتاً پوچھا جائے گا کہ تُو نے یہ کیا؟ وہ اقرار کرے گا اور اپنے دل میں سمجھے گا کہ اب کم بختی آئی، مگر وہ ربِ کریم، غفور رحیم فرمائے گا کہ ہم نے دنیا میں تیرے عیب چھپائے اور اب بخشتے ہیں۔ کسی کو نعمتیں یاد دلا کر یہ پوچھا جائے گا کہ "کیا تیرا خیال تھا کہ مجھ سے ملے گا؟" عرض کرے گا "نہیں۔" پھر وہ عذاب میں چھوڑ دیا جائے گا۔

بعض کافر ایسے ہوں گے کہ جب انہیں نعمتیں یاد دلا دلا کر پوچھا جائے گا کہ تُو نے کیا کیا؟ تو وہ ایمان، نماز، روزے، خیرات و صدقات وغیرہ نیک کاموں کا ذکر کر جائے گا۔ اس وقت بحکمِ الٰہی اس کے بدن کے تمام اعضاء اس کے خلاف گواہی دیں گے کہ یہ تو

ایسا ایسا تھا اور وہ جہنم میں ڈال دیا جائے گا۔

اس امتِ مرحومہ میں وہ شخص بھی ہوگا جس کے گناہوں کے دفتر کے دفتر بھرے ہوں گے، وہ ان میں سے کسی امر کا انکار نہ کر سکے گا، اور نہ کوئی عذر اس کے پاس ہوگا۔ اس وقت ایک پرچہ جس میں کلمۂ شہادت لکھا ہوگا، اسے دیا جائے گا کہ جا تُلوا۔ پھر ایک پلے میں وہ سب دفتر رکھے جائیں گے اور ایک میں وہ پرچہ۔ قدرتِ الٰہی سے وہ پرچہ دفتروں سے بھاری ہو جائے گا اور وہ ہشاش بشاش داخل جنت ہوگا۔ حق ہے کہ اس غفور و رحیم کی رحمت کی کوئی انتہا نہیں جس پر رحم فرمائے، تھوڑی چیز بھی بہت کثیر ہے۔ اس کی رحمت چاہے تو کروڑوں برس کے گناہ ایک نیکی سے معاف فرما دے، بلکہ ان گناہوں کو نیکیوں سے بدل دے۔ بس غلامی ہونی چاہیے سرکارِ اعظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی۔

اور کسی سے سختی کے ساتھ ایک ایک بات کی بازپرس ہوگی اور وہ ہلاک ہوگا۔ جبکہ اس امت سے اللہ عزوجل کے بے شمار کروڑ در کروڑ بندے، بلا حساب جنت میں جائیں گے، جیسے تہجد گزار۔ حدیث شریف میں وارد ہے کہ اہلِ محشر کی ایک سو بیس صفیں ہوں گی، جن میں چالیس پہلی امتوں کی اور اسّی اس امت مرحومہ کی۔ حساب و کتاب سے فراغت کے بعد سب کو پل صراط سے گزرنے کا حکم ہوگا۔

(۲۳) صراط

عقیدہ: صراط حق ہے۔ یہ ایک پل ہے کہ پشتِ جہنم پر (دوزخ کے اوپر) نصب کیا جائے گا۔ بال سے زیادہ باریک اور تلوار سے زیادہ تیز ہوگا۔ جنت میں جانے کا یہی ایک راستہ ہے۔ سب کو اس پر سے گزرنا ہے۔ اپنے اپنے اعمال کے مطابق پل صراط سے گزرنے میں لوگوں کی حالتیں جداگانہ ہوں گی، جس مرتبہ و مقام کا آدمی ہوگا، اس کے لیے ایسی ہی آسانی یا دشواری ہوگی، نیکوکاروں میں بعض تو ایسی تیزی سے گزر جائیں گے جیسے بجلی کا کوندا کہ ابھی چمکا، ابھی غائب ہو گیا۔ ابھی اِدھر تھے، ابھی اُدھر پہنچے۔

بعض تیز ہوا کی طرح، کوئی ایسے جیسے پرندہ اڑتا ہے، بعض تیز گھوڑے کی طرح اور بعض ایسے جیسے آدمی دوڑتا ہے۔ بعض آہستہ آہستہ یہاں تک کہ بعض سرین پر گھسٹتے ہوئے اور بعض گرتے پڑتے، لنگڑاتے ہوئے اس پل پر سے گزر جائیں گے اور بعض چیونٹی کی چال چل کر پار ہو جائیں گے۔ غرض نیک سلامت رہیں گے اور اپنے اپنے درجے کے موافق وہاں سے صحیح سلامت گزر جائیں گے اور کافروں کے لیے بڑی حسرت کا عالم ہو گا، جبکہ وہ پل سے نہ گزر سکیں گے اور جہنم میں گر پڑیں گے۔

عقیدہ: پل صراط کے دونوں جانب بڑے بڑے آنکڑے لٹکتے ہوں گے۔ جس شخص کے بارے میں حکم ہو گا، اسے پکڑ لیں گے، مگر بعض تو زخمی ہو کر نجات پا جائیں گے اور بعض کو جہنم میں گرا دیں گے اور یہ ہلاک ہوا۔

عقیدہ: سب سے پہلے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم پل صراط سے گزر فرمائیں گے۔ پھر باقی انبیاء و مرسلین گزریں گے۔ ان کے بعد حضور کی امت مسلمہ مرحومہ، پھر اور امتیں گزریں گی۔

(۲۴) حوضِ کوثر

عقیدہ: حشر کے دن، اس جانکاہ پریشانی کے عالم میں اللہ تعالیٰ کی ایک بڑی نعمت، حوضِ کوثر ہے، جو ہمارے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم کو مرحمت ہوا ہے۔ حوضِ کوثر حق ہے۔ اس حوض کی مسافت ایک مہینے کی راہ ہے۔ اس کے کناروں پر موتی کے قبے ہیں۔ اس کی مٹی نہایت خوشبودار اور مشک کی ہے۔ اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید، شہد سے زیادہ میٹھا اور مشک سے زیادہ پاکیزہ ہے۔ اس پر پانی پینے کے برتن گنتی میں ستاروں سے بھی زیادہ ہیں۔ جو ایک بار پیئے گا، کبھی پیاسا نہ ہو گا۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم اس سے اپنی امت کو سیراب فرمائیں گے۔ اللہ تعالیٰ ان کے ہاتھوں ہمیں بھی نصیب فرمائے۔ آمین!

(۲۵) دیدارِ الٰہی۔

عقیدہ: سب سے برتر و بالاتر، سب نعمتوں سے اعظم و اعلیٰ جو نعمت اس روز مسلمانوں کو ملے گی، وہ اللہ عزوجل کا دیدار ہے کہ اس نعمت کے برابر کوئی نعمت نہیں، جسے ایک بار دیدار میسر ہوگا، ہمیشہ ہمیشہ اس کے ذوق میں ڈوبا رہے گا، کبھی نہ بھولے گا۔ سب سے پہلے دیدارِ الٰہی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم کو ہوگا۔ اس کے بعد درجہ بدرجہ انبیاء و مرسلین کو اور پھر تمام اولین و آخرین یعنی عامۃ المسلمین کو۔ مولائے کریم ہمیں بھی دیدار نصیب فرمائے۔ آمین!

عقیدہ: اللہ عزوجل کا دیدار بلاکیف ہے، یعنی مسلمان اسے دیکھیں گے، مگر یہ نہیں کہہ سکتے کہ کیسے دیکھیں گے۔ عالمِ آخرت چونکہ اس عالم سے بالکل علیحدہ ایک عالم ہے اس لیے اس عالم پر اسے قیاس نہیں کیا جا سکتا۔ اس دنیا میں کسی چیز کو دیکھنے کے لیے ضروری ہے کہ وہ چیز آنکھوں کے سامنے ہو، کسی ایک خاص جگہ ہو، اس کے لیے کوئی مکان ہو، اور وہ واجب الوجود ان تمام امور سے پاک و منزہ ہے کہ یہ سب چیزیں جسمیت کے لیے لازم ہیں۔

خلاصہ یہ کہ یہ تعین نہیں کیا جا سکتا کہ وہ دیدارِ الٰہی کس نوعیت پر ہوگا، کیونکر ہوگا، اور کس شان سے ہوگا۔ بہرحال قرآن کریم، احادیثِ کریمہ اور اجماعِ امت اس بات پر گواہ ہیں کہ عالمِ آخرت میں خداوند تعالیٰ کی بہترین نعمت یہ ہوگی کہ وہ اپنی مخلوق کو اپنے دیدار سے مشرف فرمائے، اگرچہ اس کی کوئی صورت مقرر نہ ہو۔ ہاں وقتِ دیدار، نگاہ اس کا احاطہ کرے، یہ محال ہے۔ رافضی کہ دیدارِ الٰہی سے مایوس ہیں، مایوس ہی رہیں گے۔

عقیدہ: قیامت، بعث، حشر و نشر، ثواب و عذاب، جنت و دوزخ اور ملائکہ و شیاطین سب کے وہی معنی ہیں جو مسلمانوں میں مشہور ہیں۔ جو شخص ان چیزوں کو تو حق

کہے، مگر ان کے نئے معنی اپنے جی میں گھڑے، مثلاً کہے کہ جنّت صرف ایک اعلیٰ درجہ کی راحت کا نام ہے، یا کہے کہ رُوحانی اذیت کے اعلیٰ درجہ پر محسوس ہونے کا نام دوزخ ہے یا ثواب کے معنی اپنی نیکیوں کو دیکھ کر خوش ہونا اور عذاب کے معنی بُرے اعمال کو دیکھ کر غمگین ہونا بتائے یا کہے کہ حشر صرف رُوحوں کا ہوگا، وہ حقیقتاً ان چیزوں کا منکر ہے، اور ایسا شخص قطعاً دائرۂ اسلام سے خارج اور اسلامی برادری سے باہر ہے، اگرچہ کلمہ پڑھتا اور اسلام کا اقرار کرتا ہو۔

یونہی فرشتوں کے وجود کا انکار کرنا، یا بدی کی قوت کا نام جن یا شیطان رکھنا کفر ہے۔ غرض ان تمام امور کے متعلق جو عقیدے مسلمانوں میں مشہور ہیں اور ان کے جو معنی اہلِ اسلام میں مراد لیے جاتے ہیں، یہی معنی قرآن پاک و احادیثِ شریفہ میں صاف صاف روشن الفاظ میں بیان کیے گئے ہیں اور یہ امور اسی طور پر تواتر کے ساتھ منقول ہوتے ہوئے ہم تک پہنچے ہیں تو جو شخص ان الفاظ کا تو اقرار کرے، لیکن یوں کہے کہ ان کے ایسے معنی مراد ہیں، جو ان کے ظاہر الفاظ سے سمجھ میں نہیں آتے، ایسا شخص یقیناً ضروریاتِ دین کا منکر اور قطعی طور پر دائرۂ اسلام سے خارج ہے اور کلمہ پڑھتا ہو تو مرتد ہے۔

(۲۶) جنّت کا بیان

عقیدہ: اہلِ ایمان کے ثواب اور انعامات کے لیے اللہ تعالیٰ نے ایک مکان بنایا ہے جس میں تمام قسم کی جسمانی و رُوحانی لذتوں کے وہ سامان مہیا فرمائے ہیں جو شاہانِ ہفت اقلیم، ساری کائنات کے فرمانرواؤں اور حکمرانوں کے خیال میں نہیں آسکتے۔ اسی کا نام جنّت و بہشت ہے۔

جنّت میں اللہ تعالیٰ نے اپنے ایمان دار بندوں کے لیے انواع و اقسام کی ایسی نعمتیں جمع فرمائی ہیں، جنہیں نہ آنکھوں نے دیکھا، نہ کانوں نے سنا اور نہ کسی آدمی کے دل پر ان کا خطرہ گزرا تو ان کا وصف پوری طرح بیان میں نہیں آسکتا۔ اللہ تعالیٰ عطا

فرمائے تو وہیں ان کی قدر معلوم ہوگی۔ جو کوئی مثال اس کی تعریف میں دی جائے، سمجھانے کے لیے ہے، ورنہ دنیا کی اعلیٰ سے اعلیٰ شے کو جنت کی کسی چیز کے ساتھ کوئی مناسبت نہیں۔

جنت میں سو درجے ہیں اور ہر درجے کی وسعت اتنی ہے کہ اگر تمام عالم ایک درجہ میں جمع ہو تو سب کے لیے وسیع ہو، اور جگہ باقی رہے۔

جنت میں قسم قسم کے جواہر کے محل ہیں، ایسے صاف و شفاف کہ اندر کا حصہ باہر سے اور باہر کا اندر سے دکھائی دے۔ جنت کی دیواریں، سونے چاندی کی اینٹوں اور مشک کے گارے سے بنی ہوئی ہیں۔ زمین زعفران کی اور کنکریوں کی جگہ موتی اور یاقوت ہیں۔

جنت میں چار دریا ہیں، ایک پانی کا، دوسرا دودھ کا، تیسرا شہد کا اور چوتھا پاکیزہ شراب کا۔ پھر ان میں سے نہریں نکل کر ہر ایک جنتی کے مکان میں جاری ہیں۔

جنت میں جنتیوں کو ہر قسم کے لذیذ سے لذیذ کھانے ملیں گے اور جو چاہیں گے، فوراً ان کے سامنے ہو جائے گا۔

جنت میں نجاست، گندگی، پاخانہ، پیشاب، تھوک وغیرہ حتیٰ کہ کان کا میل، بدن کا میل اصلاً نہ ہوں گے۔ ایک خوشبودار فرحت بخش پسینہ نکلے گا اور ایک خوشبودار اور فرحت بخش ڈکار آئے گی اور سب کھانا ہضم ہو جائے گا۔ ہر وقت زبان سے تسبیح و تکبیر بالقصد اور بلاقصد مثل سانس کے جاری ہوگی۔ باہم ملنا چاہیں گے، تو ایک کا تخت دوسرے کے پاس چلا جائے گا۔

جنت میں کم از کم ہر شخص کے سرہانے میں دس ہزار خادم کھڑے ہوں گے، جنتیوں کے نہ لباس پرانے پڑیں گے اور نہ ان کی جوانی فنا ہوگی اور اگر مسلمان اولاد کی خواہش کرے گا، تو اس کا حمل اور وضع اور پوری عمر یعنی تیس سال کی خواہش کرتے ہی ایک ساعت میں ہو جائے گی۔ جنت میں نیند نہیں کہ نیند ایک قسم کی موت ہے اور جنت میں موت نہیں۔

جنتی جب جنت میں جائیں گے، ہر ایک اپنے اعمال کی مقدار سے مرتبہ پائے گا

اور اس کے فضل کی حد نہیں۔ پھر انہیں دنیا کے ایک ہفتہ کی مقدار کے بعد اجازت دی جائے گی کہ اپنے پروردگار عزوجل کی زیارت کریں۔ عرشِ الٰہی ظاہر ہوگا اور رب عزوجل جنت کے باغوں میں سے ایک باغ میں تجلی فرمائے گا اور خدا تعالیٰ کا دیدار ایسا صاف ہوگا، جیسے آفتاب اور چودھویں رات کے چاند کو، ہر ایک اپنی اپنی جگہ سے دیکھتا ہے کہ ایک کا دیکھنا دوسرے کے لیے مانع نہیں۔ ان میں اللہ عزوجل کے نزدیک سب میں معزز وہ ہے، جو اللہ تعالیٰ کے وجہِ کریم کے دیدار سے ہر صبح و شام مشرف ہوگا۔

(۲۷) دوزخ کا بیان

اللہ تعالیٰ نے گنہگاروں، نافرمانوں اور سرکشوں کے عذاب و سزا کے لیے بھی ایک جگہ بنائی ہے جس کا نام جہنم یا دوزخ ہے۔ یہ ایک مکان ہے کہ اس قہار و جبار کے جلال و قہر کا مظہر ہے۔ جس طرح اس کی رحمت و نعمت کی انتہا نہیں کہ انسانی خیالات و تصوّرات جہاں تک پہنچیں، وہ ایک شمہ ہے اس کی بے شمار نعمتوں سے۔ اسی طرح اس کے غضب و قہر کی کوئی حد نہیں کہ ہر وہ تکلیف و اذیت کہ ادراک کی جائے، ایک ادنیٰ حصّہ ہے اس کے بے انتہا عذاب کا۔ چنانچہ جہنم میں تمام قسم کے اذیت دہ، طرح طرح کے ایسے ایسے عذاب مہیا کیے گئے ہیں، جن کے تصوّر سے ہی رونگٹے کھڑے ہوتے اور حواس گم ہوتے ہیں۔

قرآن مجید و احادیث میں جو اس کی سختیاں مذکور ہیں، ان میں سے کچھ یہ ہیں:

جہنم کے شرارے (پھول) اونچے اونچے محلوں کے برابر اُڑیں گے۔ گویا زرد اونٹوں کی قطار کہ پیہم آتے رہیں گے۔ آدمی اور پتھر اس کا ایندھن ہے یہ جو دنیا کی آگ ہے، اس آگ کے ستّر جزوں میں سے ایک جز ہے اور یہ آگ بھی خدا تعالیٰ سے دعا کرتی ہے کہ اسے جہنم میں پھر نہ لے جائے۔

جہنم میں جس کو سب سے کم درجہ کا عذاب ہوگا، اسے آگ کی جوتیاں پہنائی جائیں گی، جس سے اس کا دماغ ایسا کھولے گا جیسے تانبے کی پتیلی کھولتی ہے، وہ سمجھے گا کہ

سب سے ہلکا ہے۔ سب سے ہلکے درجے کا جس پر عذاب ہوگا اس سے اللہ عزوجل پوچھے گا "اگر ساری زمین تیری ہو جائے، تو کیا اس عذاب سے بچنے کے لیے تو سب فدیے میں دے دے گا؟" عرض کرے گا "ہاں!" فرمائے گا: "جب تو پشتِ آدم میں تھا، تو ہم نے اس سے بہت ہلکی چیز کا حکم دیا تھا کہ کفر نہ کرنا، مگر تُو نے نہ مانا۔"

جہنم کی آگ ہزار برس تک دہکائی گئی ہے، یہاں تک کہ سرخ ہو گئی۔ پھر ہزار برس اور جلائی گئی یہاں تک کہ سفید ہو گئی۔ پھر ہزار برس اور، یہاں تک کہ سیاہ ہو گئی۔ اب وہ نری سیاہ ہے جس میں روشنی کا نام نہیں۔ دوزخ کی گہرائی کو خدا ہی جانے کہ کتنی گہری ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ اگر پتھر کی چٹان جہنم کے کنارے سے اس میں پھینکی جائے تو ستر برس میں بھی تہہ تک نہ پہنچے گی۔ غرض کہ کافر اس میں جھونک دیئے جائیں گے۔

کفار کی سرزنش کے لیے طرح طرح کے عذاب ہوں گے۔ لوہے کے بھاری بھاری گرزوں سے ان پر مار پڑے گی، بڑے بڑے اونٹوں کی گردن کے برابر بچھو اور اللہ جانے کس قدر بڑے بڑے سانپ ان پر مسلط کیے جائیں گے۔

خود جہنمیوں کی شکلیں ایسی کریہہ ہوں گی کہ اگر دنیا میں کوئی جہنمی اس صورت پر لایا جائے تو تمام لوگ اس کی بدصورتی اور بدبُو سے مر جائیں۔ جسم ان کا اتنا بڑا کر دیا جائے گا کہ ایک شانے سے دوسرے تک تیز سوار کے لیے تین دن کی راہ ہے۔

پھر آخر میں ان کافروں کے لیے یہ ہو گا کہ ان کے قد کے برابر آگ کے صندوق میں اسے بند کریں گے، پھر اس میں آگ بھڑکائیں گے اور آگ کا قفل لگایا جائے گا، پھر یہ صندوق آگ کے دوسرے صندوق میں رکھا جائے گا اور دونوں کے درمیان آگ جلائی جائے گی۔ اسی طرح یہ صندوق ایک اور صندوق میں رکھ دیا جائے گا اور آگ جلا کر لوہے کا قفل اس میں لگا دیا جائے گا تو اب ہر کافر یہ سمجھے گا کہ اس کے سوا اب کوئی عذاب میں نہ رہا اور یہ عذاب بالائے عذاب ہے اور اب ہمیشہ کے لیے ہے، مولا کریم اپنی پناہ میں رکھے۔۔۔ آمین۔

(۲۸) اَعراف کا بیان

جنّت اور دوزخ کے بیچ میں ایک پردہ کی دیوار ہے۔ یہ دیوار جنّت کی نعمتوں کو دوزخ تک اور دوزخ کی کلفتوں کو جنّت تک پہنچنے سے مانع ہوگی۔ اسی درمیانی دیوار کی بلندی پر جو مقام ہے، اس کو اَعراف کہتے ہیں۔

اور اکثر سلف و خلف سے یہ بات منقول ہے کہ اَعراف میں وہ لوگ رکھے جائیں گے جن کی نیکیاں اور بدیاں برابر ہوں گی۔ یہ لوگ جب اہلِ جنّت کو دیکھیں گے، تو انہیں سلام کریں گے جو بطورِ مبارک باد ہوگا اور جب جہنمیوں کی طرف دیکھیں گے تو کہیں گے "یارب ہمیں ظالم قوم کے ساتھ نہ کر۔" اور چونکہ اَعراف والے ابھی تک جنّت میں نہ گئے ہوں گے اس لیے جنّت کی طمع اور آرزو کریں گے اور انجامِ کار اَعراف والے جنّت میں چلے جائیں گے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اَعراف میں ہر درجہ کے لوگ ٹھہرائے جائیں اور ہر ایک کے ٹھہرانے کی حکمت جداگانہ ہو، مثلاً ان فضیلت اور رتبۂ عالیہ کا اظہار تاکہ سب جنتی اور دوزخی ان کو دیکھیں اور وہ سب کے احوال کا معائنہ کریں۔

(۲۹) ذبحِ موت کا بیان

جب سب جنتی، جنّت میں پہنچ جائیں گے اور جہنم میں صرف وہی لوگ رہ جائیں گے جن کو ہمیشہ کے لیے اس میں رہنا ہے، اس وقت جنّت اور دوزخ کے درمیان موت کو ایک مینڈھے کی شکل میں لا کر کھڑا کریں گے۔ پھر ایک منادی والا جنّت والوں کو پکارے گا۔ وہ ڈرتے ہوئے جھانکیں گے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ جنّت سے نکلنے کا حکم ہو، پھر جہنمیوں کو پکارے گا، وہ خوش ہوتے ہوئے جھانکیں گے کہ شاید ان مصیبتوں سے رہائی ہو جائے۔ پھر وہ منادی والا ان سب کو دکھا کر پوچھے گا کہ "اسے پہچانتے ہو؟" سب کہیں

گے کہ "ہاں! یہ موت ہے۔" پھر ان سب کو دکھا کر ذبح کر دی جائے گی اور اسے جنّت و دوزخ کے درمیان یحییٰ علیہ السلام اپنے ہاتھ سے ذبح فرمائیں گے اور یہ فرمایا جائے گا کہ "اے اہلِ جنت! ہمیشگی ہے اب مرنا نہیں اور اے اہلِ نار! ہمیشگی ہے اب مرنا نہیں۔"

اس وقت اہلِ جنّت کے لیے فرحت و سرور کی انتہا نہ ہوگی۔ ان کے لیے خوشی پر خوشی ہے۔ اسی طرح دوزخیوں کے رنج و غم کی نہایت نہ ہوگی، ان کے لیے غم بلائے غم ہے۔

عقیدہ: جنّت و دوزخ حق ہیں، ان کا انکار کرنے والا کافر ہے۔

عقیدہ: جنّت و دوزخ کو بنے ہوئے ہزارہا سال ہوئے اور وہ اب بھی موجود ہیں، یہ نہیں کہ اس وقت تک مخلوق نہ ہوئیں قیامت کے دن بنائی جائیں گی۔

(۳۰) ایمان و کفر کا بیان

سچے دل سے ان تمام باتوں کی تصدیق کرنا جو ضروریاتِ دین سے ہیں، اسے ایمان کہتے ہیں، یا یوں سمجھو کہ جو حکم یا خبر، محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم اپنے رب کے پاس سے لائے، ان سب کو حق جاننا، سچے دل سے ماننا اور ان پر ایسا یقین رکھنا کہ ذرہ برابر اس میں شک نہ رہے، ایمان کہلاتا ہے اور ان میں سے کسی ایک بات کو بھی نہ ماننا کفر ہے۔ اگرچہ ایسا شخص باقی تمام ضروریات کی تصدیق کرتا ہو اور ضروریاتِ دین، وہ مسائلِ دین ہیں جن کو ہر خاص و عام، دین کا مسئلہ جانتے ہوں، جیسے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت، انبیاء کی نبوت، جنّت و دوزخ، حشر و نشر وغیرہا۔ مثلاً جیسے یہ اعتقاد کہ حضورِ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم خاتم النبیین ہیں۔ نبوت آپ پر ختم ہو گئی اور حضور کے بعد کوئی نیا نبی نہیں آسکتا۔

وہ مسلمان کہ دور دراز دیہاتوں اور جنگلوں اور پہاڑوں کے رہنے والے ہوں، جو کلمہ بھی صحیح نہیں پڑھ سکتے، ان کے مسلمان ہونے کے لیے یہ بات ضروری ہے کہ وہ

ضروریاتِ دین میں سے کسی دینی ضرورت کے منکر نہ ہوں اور یہ اعتقاد رکھتے ہوں کہ اسلام میں جو کچھ ہے، حق ہے یا بالفاظ دیگر اس بات پر اجمالاً ایمان لائے ہوں کہ اسلام سچا دین ہے، اور اس کا ہر حکم سچا، اس کی ہر بات، ہر خبر سچی اور اس کے تمام فرمان سچے۔

مسلمان بھائی اور بہنیں، چھوٹے اور بڑے خوب یاد رکھیں کہ نجات اس بات پر منحصر ہے کہ ایک ایک عقیدہ اہلِ سنت و جماعت کا ایسا پختہ ہو کہ آسمان و زمین ٹل جائیں، مگر وہ نہ ٹلے۔ یہی دینی تصلب ہے اور یہ تصلّب دین میں محمود۔ پھر اس کے ساتھ ہر وقت خوف لگا ہو۔ علمائے کرام فرماتے ہیں جس کو سلبِ ایمان کا خوف نہ ہو، مرتے وقت اس کا ایمان سلب ہو جائے گا۔ ہر مسلمان کو اتنا تو ہونا ہی چاہیے کہ صحت و تندرستی کے وقت خوف غالب ہو اور مرتے وقت رجا و امید کہ وہ ربِ کریم اپنے فضلِ عمیم سے مغفرت و نجات بخشے گا۔

عقیدہ: مسلمان ہونے کے لیے یہ بھی شرط ہے کہ زبان سے کسی ایسی چیز کا انکار نہ کرے، جو ضروریاتِ دین سے ہیں۔ اگرچہ باقی باتوں کا اقرار کرتا ہو، اگرچہ وہ یہ کہے کہ صرف زبان سے انکار ہے دل میں انکار نہیں۔ ہاں شرعاً ایسی مجبوری آڑے آجائے جس میں جان جانے کا غالب گمان ہے، یعنی اسے مار ڈالنے یا اس کا عضو کاٹ ڈالنے کی صحیح دھمکی دی گئی ہے تو اسے معاذ اللہ کلمۂ کفر زبان سے جاری کرنے کی اجازت ہے، مگر شرط اب بھی یہی ہے کہ دل میں وہی اطمینانِ ایمانی اور قلبی اور جزمِ قطعی ہو جو پیشتر تھا، مگر افضل اب بھی یہی ہے کہ جان دے دے، مگر کلمۂ کفر زبان سے نکال کر اسلام سے نہ ہٹے۔ اس سے معلوم ہوا کہ بلا اکراہِ شرعی مسلمان کلمۂ کفر صادر نہیں کر سکتا۔ ایسی بات وہی شخص زبان پر لائے گا جس کے دل میں اسلام کی اتنی ہی وقعت ہے کہ جب چاہا، اس کا انکار کر دیا اور کلمۂ کفر زبان سے نکال دیا۔ جبکہ ایمان تو ایسی تصدیقِ قلبی اور یقینِ محکم کا نام ہے جس کے خلاف کی اصلاً گنجائش نہیں۔

عقیدہ: جب تک دل میں تمام ضروریاتِ دین کی تصدیق جاگزیں اور اسلام کی حقانیت پر یقینِ کامل باقی ہے، کبیرہ گناہوں میں گرفتار مسلمان، مسلمان ہی ہے اور جنّت

میں جائے گا خواہ اللہ عزوجل اپنے محض فضل سے اس کی مغفرت فرمادے یا حضورِ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی شفاعت کے بعد، یا اپنے کیے کی کچھ سزا پاکر بخشا جائے۔ اس کے بعد کبھی جنّت سے نہ نکلے گا، یا یوں کہہ لو کہ گناہِ کبیرہ کرنے سے اگرچہ قصداً کیا ہو، آدمی کافر اور ایمان و اسلام سے خارج نہیں ہوتا، اور مسلمان برادری سے نہیں نکلتا۔

عقیدہ: شرک کے معنی ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کو واجب الوجود یا مستحقِ عبادت جاننا یعنی اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات میں دوسرے کو شریک کرنا اور یہ کفر کی سب سے بدتر قسم ہے۔ اس کے سوا کوئی بات اگرچہ کیسی ہی شدید کفر ہو، حقیقتاً شرک نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ شریعتِ مطہرہ نے اہلِ کتاب کفار، یعنی یہودیوں اور نصرانیوں کے احکام مشرکین کے احکام سے جدا فرمائے، مثلاً کتابی کا ذبیحہ حلال ہے اور مشرک کا مردار۔ کتابیہ سے نکاح ہو سکتا ہے، مشرکہ سے نہیں۔ ہاں کبھی شرک بول کر مطلق کفر مراد لیا جاتا ہے۔ یہ جو قرآن شریف میں فرمایا کہ شرک نہ بخشا جائے گا، وہ اسی معنی پر ہے۔ یعنی اصلاً کسی کفر کی مغفرت نہ ہوگی۔ باقی سب گناہ اللہ عزوجل کی مشیت پر ہیں، جسے چاہے بخش دے۔

بعض اعمال جو قطعاً ایمان و اسلام کے منافی ہوں، ان کے مرتکب کو کافر کہا جائے گا، جیسے بت یا چاند سورج کو سجدہ کرنا، قرآن کریم، کعبۂ معظمہ یا کسی نبی اللہ کی توہین کرنا۔ اس کی شان و وقعت کو گھٹانا، یہ باتیں یقیناً کفر ہیں۔ یونہی بعض اعمال کفر کی علامت ہیں جیسے زنار باندھنا، قشقہ لگانا، سر پر ہندوؤں کی طرح چٹیا رکھنا۔ معاذاللہ جو ایسی باتوں کا مرتکب ہو، اسے ازسرِ نو اسلام لانے، کلمہ پڑھنے اور اس کے بعد اپنی عورت سے تجدیدِ نکاح کا حکم دیا جائے گا، یعنی اس پر لازم ہوگا کہ اس فعل سے توبہ کر کے کلمۂ اسلام پڑھے اور اپنی بیوی سے دوبارہ نکاح پڑھائے۔

عقیدہ: ایمان و کفر میں واسطہ نہیں، یعنی آدمی یا مسلمان ہوگا یا کافر۔ تیسری صورت کوئی نہیں کہ نہ مسلمان ہو نہ کافر۔ ہاں یہ ممکن ہے کہ ہم بوجہ شبہ کے کسی کو نہ

مسلمان کہیں نہ کافر، جیسے یزید پلید۔

عقیدہ: مسلمان کو مسلمان، کافر کو کافر جاننا ضروریاتِ دین سے ہے۔ اگرچہ کسی خاص شخص کی نسبت یہ یقین نہیں کیا جا سکتا کہ اس کا خاتمہ ایمان، یا معاذاللہ کفر پر ہوا، تاوقتیکہ اس کے خاتمہ کا حال دلیلِ شرعی سے ثابت نہ ہو، مگر اس سے یہ نہ ہوگا کہ جس شخص نے قطعاً کفر کیا ہو، اس کے کفر میں شک کیا جائے کہ قطعی کافر کے کفر میں شک بھی آدمی کو کافر بنا دیتا ہے، خاتمہ پر بنا، روزِ قیامت اور ظاہر پر حکمِ شرع کا مدار ہے تو جس نے کفر کیا، فرض ہے کہ ہم اسے کافر ہی جانیں اور خاتمہ کا حال علمِ الٰہی پر چھوڑ دیں۔ جس طرح ظاہراً جو مسلمان ہو، اور اس سے کوئی قول و فعل، خلافِ ایمان صادر نہ ہو۔ فرض ہے کہ ہم اسے مسلمان ہی مانیں۔ اگرچہ ہمیں اس کے خاتمہ کا بھی حال معلوم نہیں۔ اس زمانہ میں لوگ کہہ دیتے ہیں کہ یہاں جتنی دیر اسے کافر کہو گے، اتنی دیر اللہ اللہ کرو کہ یہ ثواب کی بات ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ ہم کب کہتے ہیں کہ کافر کافر کا وظیفہ کر لو۔ مقصود یہ ہے کہ اسے کافر جانو اور پوچھا جائے تو قطعاً کافر کہو۔ نہ یہ کہ اپنی "صلح کل" پالیسی سے اس کے کفر پر پردہ ڈالو۔

خوب یاد رکھنا چاہیے

جب اصلاً کسی کفر کی مغفرت نہ ہوگی جیسا کہ قرآن کریم کی گواہی ہے تو جو کسی کافر کے لیے اس کے مرنے کے بعد مغفرت کی دعا کرے یا کسی مردہ مرتد یعنی ایسے شخص کو جو کلمہ گو ہو کر کفر کرے، جنتی، مرحوم یا مغفور یا رحمتہ اللہ علیہ یا نور اللہ مرقدہ یا اس کے ہم معنی دوسرے الفاظ کہے، یا کسی مردہ ہندو کو کہ علانیہ، اسلام سے دور اور کفر پر اڑا رہا۔ بیکنٹھ باشی کہے، خود کافر ہے کہ درحقیقت انکار کرتا ہے حکمِ قرآنی اور فرمانِ ربانی کا۔

قرآن کریم کا واضح ارشاد ہے کہ مغفرت اور بخشش کی دولت، صرف ان خوش نصیبوں کے لیے ہے جو مرتے دم تک ایمان و اسلام پر قائم رہے تو جو بدنصیب عمر بھر کفر

و شرک میں گرفتار رہے اور اسی حالت میں موت نے انہیں آلیا، ان کے لیے بخشش و نجات کی تمام راہیں اور مغفرت کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں۔

اور ان سے بدتر ہیں وہ بدبخت جو کلمۂ اسلام پڑھ کر کفر پر مریں، اسلام کا نام لیں اور کفر کی بستی آباد کریں۔ یہ کب اس قابل ہیں کہ رحمتِ الٰہی ان کی طرف متوجہ ہو۔ اسی لیے قرآن و حدیث کے احکام کے بموجب ایسوں کی نمازِ جنازہ پڑھنا بھی حرام اور شدید گناہ ہے کہ آخر نمازِ جنازہ کا مقصود بھی مرنے والے کے لیے دعائے مغفرت اور عام مسلمانوں کی جانب سے اس کی شفاعت ہے، جبکہ وہ بدنصیب اس دولت کا اہل ہی نہیں، بلکہ اس کے مرنے کے بعد اس کی قبر پر بغرضِ زیارت، بطورِ اکرام جانا بھی شرعاً ایک بہت بڑا گناہ اور حرام و ناجائز ہے۔ یونہی ان کے کفن و دفن میں شرکت بھی شرعاً درست نہیں اور ان احکامِ شرعیہ کی علت وہی کہ جب وہ ایمان سے خالی ہیں، تو اس کی اہلیت ہی نہیں کہ ان پر نمازِ جنازہ پڑھی جائے، اور جب وہ مبغوض و مردود اور لعنتِ الٰہی میں گرفتار ہیں، تو ان پر یہ نعمتیں کیسی اور ان کے لیے عزت و تکریم کا اہتمام کیسا؟

مسلمان مرد اور عورتوں پر لازم ہے کہ وہ ایسے منافقوں کو اپنی جماعت میں کسی طرح نہ پنپنے دیں اور ہرگز کوئی ایسا کام نہ کریں جس سے ایسے بدنصیبوں کی ہمت افزائی ہو اور ایسے بدنصیب، مسلمانوں میں شمار کیے جائیں اور یوں غیروں کی نگاہوں میں ان کی کجروی و گمراہی، بددینی ولامذہبی اسلام قرار پائے۔ مولائے کریم سب مسلمانوں کو ایسے فتنہ پردازوں کے فتنوں سے بچائے۔ آمین!

نفاق کا بیان

قرآن کریم نے ذکر تین قسم کے لوگوں کا کیا ہے: ایک مومن، قانونِ الٰہی کے مطیع و فرمانبردار، دوسرے کافر، قانونِ الٰہی کے منکر اور اسلام کے منکر و باغی اور علانیہ اسلام کے مخالف و معاند، تیسرے منافق، ہوتے یہ بھی کافر و منکر اور اسلام کے باغی ہیں، لیکن یہ اپنے کفر و انکار پر، پردہ مکر و فریب کا ڈالے رکھتے ہیں، یعنی زبان پر دعویٰ اسلام

رکھتے ہیں، دل میں کفرِ خالص۔ اعلان بھلائی کا کرتے ہیں، مگر شر کو اندر ہی اندر چھپائے رکھتے ہیں۔ دنیاوی فوائد حاصل کرنے کے لیے اسلام کی حقانیت کا اقرار کرتے ہیں، مگر درپردہ مسلمانوں میں شامل رہ کر سازشوں کا جال پھلاتے ہیں۔ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے زمانۂ اقدس میں، یعنی ہجرت نبوی کے بعد کچھ لوگ ان احوال وعلامات کے حامل مدینہ منورہ میں مشہور ہوئے۔ اسلام سے عداوت اور حضورِ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم سے عناد میں یہ لوگ کھلے ہوئے کافروں سے کچھ کم نہ تھے، مگر زبانی اقرارِ اسلام کے باعث سمجھتے تھے کہ ان کی یہ منافقانہ روش ان کے لیے مفید ہوگی، مگر ان کی منافقت کا راز فاش ہو کر رہا اور ان کے کفرِ باطنی پر قرآن ناطق ہوا۔ نیز نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے اپنے وسیع علم سے ایک ایک کو پہچانا اور فرمادیا کہ فلاں منافق ہے اور فلاں منافق ہے اور ایک ایک منافق کا نام لے کر اسے مسجدِ کریمہ سے نکال دیا۔ اب کہ وحیِ الٰہی کا سلسلہ منقطع ہو چکا اور یقین وجزم سے کسی کے دل کی حالت ونیت کے علم کا راستہ مسدود ہوگیا، اس لیے اس زمانہ میں کسی خاص شخص کی نسبت قطع ویقین کامل کے ساتھ منافق نہیں کہا جا سکتا۔ ہمارے سامنے جو دعویٰ اسلام کرے، اسلام کا کلمہ پڑھے اور خود کو مسلمان کہے، ہم اس کو مسلمان ہی سمجھیں گے، مسلمان ہی جانیں گے اور مسلمان ہی کہیں گے۔ جب تک اس سے کوئی قول وفعل ایسا سرزد نہ ہو جو ایمان کے منافی اور دعویٰ اسلام کے قطعاً برخلاف ہے۔

البتہ نفاق کی ایک شاخ اس زمانے میں پائی جاتی ہے کہ بہت سے بدمذہب اپنے آپ کو مسلمان کہتے ہیں اور دیکھا جائے تو دعویٰ اسلام کے ساتھ ضروریاتِ دین کا انکار بھی کر بیٹھتے ہیں۔ کافروں میں سب سے بدتر مسلمانوں کے حق میں یہی منافق ہیں اور ان کی صحبت ہزار کافروں کی صحبت سے بدتر اور مضر ہے کہ یہ مسلمان بن کر کفر سکھاتے ہیں اور مسلمان ان کی ظاہری روش اور وضع قطع، طور طریق کو دیکھ کر ان کے بہکائے میں آجاتے ہیں۔

مسلمان خبردار رہیں اور اس ارشادِ قرآنی کو مدنظر رکھیں کہ:

اِنَّ الَّذِیْنَ فَرَّقُوْا دِیْنَھُمْ وہ لوگ جنہوں نے اپنے دین میں جُدا

وَكَانُوْا شِيَعًا لَّسْتَ مِنْهُمْ فِيْ شَيْءٍ۔

جُدا راہیں نکالیں اور گروہ در گروہ بن گئے۔ اے محبوب! تمہیں ان سے کچھ علاقہ نہیں، ان سے تمہارا کوئی واسطہ نہیں۔

ارشادِ قرآنی کا مدعا یہ ہے کہ خدا اور رسول جل و علا و صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم کے فرمودات اور دینِ اسلام کے وسیع اصول و کلیات کو چھوڑ کر اپنی نفسانی خواہشات کے اتباع اور اپنی خود پسندی کی پیروی میں جو لوگ کفر و شرک یا بدعت کے طریقوں کو اختیار کر کے ٹکڑیوں میں بٹ گئے اور بے شمار مذاہب اور فرقے بنتے چلے گئے، اور دین کی وحدت و یک جہتی کو پارہ پارہ کر دیا۔ ان سے اللہ کا رسولِ برحق، لاتعلق اور بری الذمہ ہے۔ ان میں سے کسی کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم کا کوئی تعلق، کوئی واسطہ نہیں اور ظاہر ہے کہ جس فرد یا جماعت یا گروہ و فرقہ کے ساتھ اللہ جل جلالہٗ کے رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم کا کوئی تعلق نہ ہو اس کا اسلام سے کیا تعلق رہ سکتا ہے، اور اسلام کے سچے پیروکاروں سے اسے کون سا واسطہ باقی رہ سکتا ہے اور امتِ مسلمہ مرحومہ کو فرقوں اور گروہوں کی تقسیم در تقسیم کی لعنت میں ڈالنے والے، کب خدا اور رسول کی رحمت و رافت کے حقدار ہو سکتے ہیں اور اللہ کی زمین میں ان کے اطاعت گزار بندوں کے مابین فتنہ و فساد کی آگ بھڑکا کر اور فسق و فجور کا بازار گرم کر کے عنایتِ ربانی کب ان کی جانب مبذول ہو سکتی ہے۔ ولہٰذا سلامتی کی راہ یہی ہے کہ ان ساری ناپاک گروہ بندیوں اور ان تمام باطل فرقوں سے آدمی دور و نفور رہے۔ یہی فرمانِ خداوندی ہے اور یہی ارشادِ رسالت پناہی۔

(۳۲) گمراہ فرقے

صحیح حدیث شریف میں ہے کہ یہود اکہتر (۷۱) فرقے ہو گئے۔ ان میں سے صرف ایک ناجی، باقی سب ناری اور نصاریٰ بہتر (۷۲) فرقے ہوئے، ان میں سے ایک ناجی، باقی سب ناری۔ اور میری امت تہتر (۷۳) فرقے ہو جائے گی۔ ایک فرقہ جنتی ہو گا، باقی سب

جہنمی۔ صحابہ کرام نے عرض کی: "یارسول اللہ! وہ ناجی (جنتی) فرقہ کون ہے؟" ارشاد فرمایا: وہ جس پر میں اور میرے صحابہ ہیں۔ یعنی سنت کے پیرو۔ دوسری روایت میں ہے، فرمایا: "وہ جماعت ہے۔" یعنی مسلمانوں کا بڑا گروہ جسے سوادِ اعظم فرمایا اور فرمایا: "جو اس سے الگ ہوا جہنم میں الگ ہوا۔" اسی وجہ سے اس ناجی و نجات پانے والے فرقہ کا نام ہوا: اہلِ سنت و جماعت۔ "لہٰذا سوادِ اعظم اہلِ سنت و جماعت سے جو لوگ کٹ گئے اور انہوں نے ایک نئی راہ اپنے دماغ کی اپج یا بزرگانِ دین میں سے کسی کے ساتھ عقیدت میں غلو اور کسی کے ساتھ بغض و عداوت سے نکالی، وہ یقیناً انہیں بہتر فرقوں میں ہیں، جو فرمانِ نبوی کے مطابق جہنمی ہیں۔ انہیں کے متعلق ارشاد فرمایا: "یہ تمام جہان سے بدتر ہیں۔ اللہ تعالیٰ ایسے بدمذہب کی نہ نماز قبول کرے، نہ روزہ، نہ زکوٰۃ نہ حج، نہ عمرہ، نہ جہاد، نہ فرض نہ نفل اور بدمذہب اسلام سے یوں نکل جاتا ہے۔ جیسے آٹے سے بال۔"

(بیہقی)

ایسوں ہی کے بارے میں نصیحت فرمائی کہ نہ ان کے ساتھ کھانا کھاؤ، نہ پانی پیو، نہ ان کے جنازے کی نماز پڑھو، نہ ان کے ساتھ نماز پڑھو۔ (ابن حبان)

اور مسلم شریف میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اِیَّاکُمْ وَاِیَّاھُمْ لَا یُضِلُّوْنَکُمْ وَلَا یَفْتِنُوْنَکُمْ۔

اپنے کو ان سے دُور رکھو، اور انہیں اپنے سے دُور رکھو، کہیں وہ تمہیں گمراہ نہ کر دیں، کہیں وہ تمہیں فتنہ میں نہ ڈال دیں۔

مسلمانو! ان گمراہ فرقوں میں بعض ایسے بھی فرقے ہیں جو ظاہراً لباسِ شریعت سے آراستہ نماز روزے حج زکوٰۃ پر فریفتہ نظر آتے ہیں۔ بات بات پر قرآن و حدیث کا نام لیتے ہیں اور بہت سی باتوں میں دوسرے کلمہ گویوں سے ممتاز نظر آتے ہیں۔ خبردار! ان کے فریب میں نہ آنا۔ رسول اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم نے اپنے علمِ وسیع سے انہیں جانا پہچانا اور ہمارے لیے ان کی شناخت کو آسان کر دانا ہے۔

بخاری و مسلم شریف کی حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم

مال غنیمت تقسیم فرمارہے تھے کہ ایک شخص ذوالخو-صرہ نامی نے کہا "یارسول اللہ! عدل کیجئے۔" حضورِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم نے فرمایا: "تجھے خرابی ہو، میں نہ عدل کروں گا تو کون عدل کرے گا؟" حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا: "مجھے اجازت دیجئے کہ اس منافق کی گردن ماردوں۔" حضور نے فرمایا: "اسے چھوڑ دو، اس کے اور بھی ہمراہی ہیں (جو اس کی صلب سے پیدا ہوں گے) کہ تم ان کی نمازوں اور روزوں کے سامنے اپنی نمازوں اور روزوں کو حقیر سمجھو گے۔ وہ قرآن پڑھیں گے اور ان کے گلوں سے نہ اترے گا۔ (یعنی ان کی حقانیت کی برکات سے ان کے سینے اور دل و دماغ محروم رہیں گے) وہ دین سے ایسے نکل جائیں گے جیسے تیر شکار سے۔"

غرض کہنا یہ ہے کہ ان گمراہ فرقوں میں بہت سے پیدا ہو کر ختم ہو گئے اور امت میں فتنوں کے دروازے کھول گئے۔ کچھ ادھر برصغیر پاک و ہند میں موجود ہی نہیں مگر آمد و رفت کے ذرائع کی آسانیوں نے ان کے لیے بہت سے ممالک کے دروازے کھول دیئے ہیں۔ اسلام کے منکر، مگر کلمۂ اسلام پڑھ کر، اقراری مسلمان بن کر ادھر اُدھر جاتے اور ریشہ دوانیاں کرتے ہیں۔ انہیں بہتر فرقوں میں شمار کیے جانے والے ہیں۔

۱۔ **قادیانی:** یہ فرقہ مرزا غلام احمد قادیانی کا پیرو ہے جو اپنے آپ کو نبی و رسول بتاتا، اپنے کلام کو کلام الٰہی بتاتا، اور انبیائے کرام علیہم السلام کی شان میں نہایت بے باکی کے ساتھ گستاخیاں کرتا رہا۔ خصوصاً حضرت عیسیٰ روح اللہ و کلمتہ اللہ علیہ الصلوۃ والسلام اور ان کی والدہ ماجدہ طیبہ طاہرہ صدیقہ حضرت مریم کی شانِ جلیل میں تو اس نے وہ بے ہودہ کلمات استعمال کیے جن کے ذکر سے مسلمانوں کے دل دہل جاتے ہیں۔

خود مدعی نبوت بننا اور ابد الآباد تک جہنم میں رہنے کے لیے کافی تھا کہ قرآن مجید کا انکار اور حضور خاتم النبیین صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم کو خاتم النبیین نہ ماننا، مگر اس نے اتنی ہی بات پر اکتفا نہ کیا، بلکہ انبیائے کرام علیہم الصلوۃ والتسلیم کی تکذیب و توہین کا وبال بھی اپنے سر لے لیا اور یہ صدہا کفر کا مجموعہ ہے کہ ہر نبی کی تکذیب مستقلاً کفر ہے۔

اور اس نے تو صدہا کی تکذیب کی اور اپنے کو نبی سے بہتر بنایا۔ ایسے شخص اور اس کے متبعین کے کافر ہونے میں کسی مسلمان کو ہرگز شک نہیں ہو سکتا، بلکہ ایسے کی

تکفیر میں اس کے اقوال پر مطلع ہو کر، جو شک کرے، وہ خود کافر ہے۔ خواہ وہ ان لوگوں کے چیلے ہوں، جو معاذاللہ قادیانی کو شریعتِ مستقلہ کا صاحب رسول مانتے ہیں یا مرزا محمود قادیانی کے گرگے ہوں، جو قادیانی کو فنافی الرسول بتا کر اسے بروزی نبی اور امتی نبی ٹھہراتے ہیں، یا کسی ایسے کے پیرو ہوں جو قادیانی کے کفریات پر مطلع ہو کر بھی اس کو مجدد و مسیح و مہدی مانتے ہیں، یا بے دین زندیق نام نہاد صدیق دین دار کے متبع ہوں، جو قادیانی کو بھی، نبی و رسول مانتا ہے اور اپنے نفس ناپاک کو بھی قادیانیوں کے لیے بھی نبی و رسول اور ہندوؤں کے لیے بھی اپنے آپ کو چن بِسوِیشوُر اوتار، اور مسلمانوں کے لیے امام مہدی اور نصاریٰ کے لیے اپنے آپ کو مسیح موعود ٹھہراتا ہے۔ والعیاذ باللہ تعالی۔

تعجب ہے ان سادہ لوحوں پر کہ ایسے فتنہ پرور، شرانگیز کے متبع ہو رہے ہیں، جنہیں احادیث کریمہ میں ملعون اور دجال فرمایا گیا یا کم از کم انہیں مسلمان ہی جانتے مانتے ہیں اور سب سے زیادہ تعجب ان پڑھے لکھے کٹ بگڑوں پر ہے کہ جان بوجھ کر، اس کے کفریات پر اطلاع پانے کے باوجود اسے مصلح قوم یا چنین و چناں کہہ کر اس کے ساتھ خود بھی جہنم کے گڑھوں میں گر رہے ہیں۔ کیا ایسے شخص کے کافر و مرتد بے دین ہونے میں کسی مسلمان کو شک ہو سکتا ہے۔ حاشاللہ جو ان خباثتوں پر مطلع ہو کر اس کے عذاب و کفر میں شک کرے، خود کافر ہے۔

۲۔ **بابی:** یہ فرقہ اپنے عقائدِ کفریہ میں قادیانیوں سے بھی چار قدم آگے ہے۔ ان کا پیشوا علی محمد شیرازی ہے جس نے امام مہدی آخر الزماں ہونے کا دعویٰ کیا اور ساتھ اپنے مسیح و نبی اور رسول ہونے کا مدعی بھی بن گیا۔ اسی علی محمد شیرازی نے اس بات کا بھی دعویٰ کیا تھا کہ وہ باب الوصول الی اللہ ہے، یعنی اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کا دروازہ۔ اسی لیے اختصاراً وہ باب کہلایا جانے لگا اور جن لوگوں نے اس کے ان دعووں کو قبول کیا، وہ بابی کہلائے، جو ان اطراف و جوانب میں جابجا بکھرے ہوئے ہیں۔

اسی مدعی بابیت علی محمد شیرازی نے اپنی امتِ بابیہ کو ایک کتاب (البیان) لکھ کر دی اور بتایا کہ یہ آسمانی و ربانی کتاب ہے اور اپنی اس کتاب کو تمام آسمانی کتابوں سے حتیٰ

کہ قرآنِ کریم سے بھی افضل بتایا۔ علی محمد شیرازی کی یہ کتاب صدہا کفریات کا پلندہ ہے۔ علی محمد باب شیراز میں ۱۲۰ اکتوبر ۱۸۱۹ء کو پیدا ہوا۔ ۲۰ مئی ۱۸۴۴ء کو دعویٰ کیا کہ میں ایلیا اور مہدی موعود ہوں۔ ۱۸۴۴ء سے ۱۸۵۰ء تک چھ سال متواتر اپنے کفریات کی تبلیغ کرتا رہا اور اسی سال یعنی ۱۸۵۰ء میں ۳۱ سال کی عمر میں قتل کر دیا گیا۔

مرزا حسین علی جو طہران میں ۱۲ نومبر ۱۸۱۷ء کو پیدا ہوا تھا۔ اس نے ۱۸۴۴ء میں باب سے تعلق پیدا کیا اور اپنے شیخ شیرازی کے قتل ہو جانے کے کچھ سال بعد یعنی ۱۸۶۳ء میں اعلان کر دیا کہ میں ظہورِ اعظم ہوں، جس کی بشارت تمام انبیاء نے دی تھی اور اپنا نام بہاء اللہ رکھا۔ اب بابیوں میں سے جو لوگ بہاء اللہ کے پیرو ہو گئے وہ بہائی کہلائے، اور یہ بھی برصغیر پاک و ہند میں جگہ جگہ موجود اور اپنے شیطانی کام میں مصروف ہیں۔

بہاء اللہ نے تمام مذاہب کو دعوتِ اتحاد دی اور تین کتابیں لکھ کر اپنی امت بہائیہ کو دیں۔ ایک کا نام کتاب "الاقدس" ہے۔ دوسری کا نام کتاب "مبین" اور تیسری کا نام کتاب "الایقان" ہے۔ بہائی مذہب کو ماننے والے، معاذ اللہ قرآن عظیم کو منسوخ سمجھتے اور اس کی جگہ کتاب "الاقدس" کو بہاء اللہ پر نازل شدہ جانتے ہیں۔ اس کتاب میں ضروریاتِ دین کی تحریف کی۔ دین کے اصول و احکام کو الٹ پلٹ دیا اور قسم قسم کی مکاریوں اور طرح طرح کی فریب کاریوں سے ضروری دینی ایمانی یقینی عقائد و احکام کو بیہ پچیہ میں ڈال کر ایک نئے اور جھوٹے دین کی بنیاد ڈالی اور بحکمِ شریعتِ مطہرہ کافروں، مرتدوں اور ابدی دوزخیوں میں اپنا نام لکھایا اور اپنے پیروؤں کو حدودِ اسلامیہ سے بے پروا اور قیودِ شرعیہ سے آزاد کر دیا اور چودہ سو سالہ اسلامی روایات کو معاذ اللہ قطعاً غلط و باطل ٹھہرایا۔

اور انہیں قادیانیوں، بابیوں، بہائیوں کے بھائی بندوں میں شامل ہیں، وہ لوگ جو اپنے آپ کو دینِ اسلام کے علاوہ کسی اور دین کا پیرو بتائیں، اپنا الگ کلمہ گھڑیں۔ اپنے پیش رو کو خدا کا اوتار کہیں۔ ان کی کسی طور پر پوجا پاٹ کریں۔ آیاتِ قرآنیہ میں تحریف کریں اور قواعدِ شرع میں سے کسی قاعدے کو اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ

وسلم کے ان افعال کو جھٹلائیں اور انکار کریں جو نقل متواتر کے ساتھ یقینی طور پر معلوم ہوئے ہیں اور زمانہ اقدس سے لے کر اب تک ہر زمانے میں برابر ان پر اجماع رہا ہے۔ ایسے لوگ بھی بحکمِ شریعتِ مطہرہ قطعاً کافر و مرتد ہیں۔

۳۔ **چکڑالوی:** اس فرقہ کا موجد عبداللہ چکڑالوی ہے۔ یہ ایک نیا فرقہ ملعونہ حادث ہوا ہے کہ ائمہ مجتہدین اور فقہائے کرام درکنار، خود حضورِ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی پیروی سے منکر ہے اور تمام احادیثِ مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو صراحتاً باطل اور ناقابل بتاتا ہے اور صرف قرآنِ عظیم کی پیروی کا دعویٰ کرتا ہے۔ ان فتنہ پروروں نے اپنی نماز بھی مسلمانوں سے علیحدہ گھڑلی ہے جس میں ہر وقت صرف دو ہی رکعتیں ہیں۔ اس فرقے کی ناپاک کتابوں میں مذکور ہے کہ صرف قرآن پاک ہی پر اپنی اپنی سمجھ کے مطابق عمل کرلینا نجات و ہدایت کے لیے کافی ہے اور تمام تر حدیثیں یکسر باطل اور ردی کے ٹوکرے میں پھینک دینے کے قابل ہیں اور ایسے اقوال قطعاً کفر ملعون ہیں اور ان کا اعتقاد رکھنے والے قطعی یقینی کافر و مرتد اور اسلام سے خارج ہیں اور اتنی بات تو ہر مسلمان جانتا ہے کہ مسلمانوں پر حضورِ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت اور آپ کا اتباع فرض ہے، بلکہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت ہی اللہ عزوجل کی اطاعت ہے تو جو اسے کفر و شرک بتائے، وہ خود عذابِ جہنم کا سزاوار ہے۔ اس فرقۂ ملعونہ نے پہلے اپنا نام اہلِ قرآن رکھا تھا، پھر اپنا نام اہل الذکر مقرر کیا اور اب امتِ مسلمہ اپنا نام رکھ کر مسلمانوں کو دھوکے دے رہے ہیں بحکمِ شریعتِ مطہرہ ایسے عقیدے والے اور ان کا اتباع کرنے والے کفار و مرتدین ہیں اور اگر بے توبہ مریں تو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے عذابِ جہنم کے مستحق ہیں۔ والعیاذ باللہ تعالیٰ۔

۴۔ **نیچری:** یہ باطل طائفہ ضروریاتِ دین کا منکر ہے۔ قرآنِ عظیم کے قطعی ضروری اور صاف صریح احکام میں درپردہ تاویل و تحریف اور تبدیل کرتا ہے۔ ملائکہ و جن و شیاطین، حشر و نشر، جنّت و دوزخ اور انبیائے کرام کے عظیم معجزوں سے اپنی ناپاک

تاویلوں کی آڑ میں انکار کرتا ہے۔ تمام آسمانی کتابوں کو انسانی خیالات کا مجموعہ بتاتا اور وحیِ الٰہی کو کسی مجنون کی بڑ ٹھہراتا ہے۔

طوافِ خانہ کعبہ کو جو نمازہی کی طرح اللہ عزوجل کی عبادت ہے، اسے وحشی قوموں کی ایجاد کی ہوئی غیر مہذب نماز بتاتا ہے اور احرام کو وحشیانہ لباس کہتا ہے اور حاجیوں کو جن میں انبیاء و مرسلین شامل ہیں، دو پیروں کا جانور بتاتا ہے۔ جنت کی نعمتوں کو اعلیٰ درجہ کی روحانی راحت اور دوزخ کی اذیتوں کلفتوں کو روحانی اذیت کہتا ہے۔ اتنا ہی نہیں بلکہ جنت کو بدکاریوں کا اڈہ کہہ کر اس کا مذاق اڑاتا ہے۔ نیچریوں کے عقیدہ کا لب لباب یہ ہے کہ تمام مذہبوں میں سے ان تمام باتوں کو نکال ڈالا جائے جو نیچر کے خلاف ہیں اور ان تمام امور کو بھی علیحدہ کر دیا جائے، جن میں کسی ایک مذہب کا بھی اختلاف ہے، ان میں نہ کوئی معجزہ رکھا جائے اور نہ عقلوں کو حیران کر دینے والا قدرت الٰہیہ کا کوئی نشان باقی رہے، نہ کوئی ایسی بات دین میں شمار کی جائے جو عقل انسانی کے لیے قابل قبول نہ ہو۔ اب تمام مذہبوں میں جو مشترک باتیں باقی رہ جائیں گی، بس وہی مذہب نیچر یہ ہے اور یہی ان کے نزدیک خلاصۂ اسلام ہے۔ غرض یہ کہ یہ فرقہ دراصل اسلامی تعلیم کی نیچ کنی اور مسلمانوں کی دینی ضرر رسانی میں دوسروں سے آگے، بہت بڑھ چڑھ رہے۔ مولائے کریم اپنی پناہ میں رکھے۔

رافضی: یہ بھی بالعموم اسلامی تعلیمات اور دین کے مسلمہ معتقدات اور دینی ضروریات کا منکر ایک فرقہ ہے۔ علاوہ اور کفریات کے دو کفر تو ان کے عالم، جاہل، مرد و عورت سب کو شامل ہیں: ایک مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کو تمام انبیائے سابقین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم سے افضل ماننا اور جو کسی غیر نبی کو کسی نبی سے افضل کہے، وہ یقیناً قطعاً اجماعاً کافر۔ دوم قرآن عظیم سے معاذ اللہ صحابہ کرام وغیرہم اہلِ سنت کا چند پارے یا سورتیں یا آیتیں گھٹانا اور کچھ الفاظ میں تغیر و تبدیل کر دینا اور جو قرآن کریم کے ایک حرف ایک نقطہ کی نسبت ایسا گمان کرے، وہ کافر ہے کہ قرآن مجید کا انکار ہے۔ اس کی حفاظت اس کے نازل فرمانے والے مولائے کریم قادر و قدیر نے اپنے ذمۂ قدرت پر لے لی ہے۔

روافض جو یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ قرآن پاک معاذ اللہ ناقص ہے، انہیں دو قطعی یقینی ملعون کفروں میں سے ہرگز مفر نہیں۔ یا تو کہیں کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے قرآن پاک کی حفاظت کا جھوٹا وعدہ فرمایا تھا اور سینوں کے خوف سے۔۔۔ اہلِ بیت کی طرح اس نے بھی تقیہ کر لیا تھا، والعیاذ باللہ تعالیٰ۔ یا یہ کہ اس نے حفاظت تو فرمائی مگر صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی دستبرد سے اپنے کلام عظیم کو محفوظ نہ رکھ سکا۔ والعیاذ باللہ۔ بہرحال جو شخص کسی رافضی کے ایسے ملعون عقیدوں پر مطلع ہونے کے بعد بھی اس کے کافر ہونے میں شک رکھے، یا اس کو کافر و مرتد کہنے سے اپنی زبان روکے، وہ بھی بحکمِ شریعتِ مطہرہ قطعاً یقیناً اجماعاً کافر و مرتد اور خارج از اسلام ہے۔

صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی شان میں یہ فرقہ نہایت ہی گستاخ ہے۔ یہاں تک کہ ان پر سب و شتم (گالی گلوچ اور تبرا) ان کا عام شیوہ ہے، بلکہ باستثنائے چند سب کو معاذ اللہ کافر و منافق قرار دیتا ہے اور حضرات خلفائے ثلاثہ یعنی سیدنا ابوبکر صدیق، سیدنا عمر فاروق اعظم اور سیدنا عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی خلافت کو، جو خلافتِ راشدہ اور منہاجِ نبوت کے مطابق ہے، خلافتِ غاصبہ کہتا ہے اور اپنے اس عقیدہ و خیالِ باطل میں اسے اس قدر غلو ہے کہ مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے جو ان حضرات کی خلافتیں تسلیم کیں اور ان کے اوصافِ جلیلہ و فضائل جمیلہ بیان کیے، اس کو تقیہ و بزدلی پر محمول کرتا ہے۔

کیا معاذ اللہ! منافقین و کافرین کے ہاتھوں پر بیعت کرنا، ان کے مشوروں میں شریک رہنا، ان کے فرامین کو نافذ کرنا اور عمر بھر ان کی مدح و ستائش میں رطب اللسان رہنا شیرِ خدا، مشکل کشا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی شان ہو سکتی ہے۔ پھر صحابہ بھی کون؟ جنہیں قرآن مجید جلیل و مقدس خطابات سے یاد فرماتا ہے، جن کی صاحبزادیاں شرفِ زوجیت سے مشرف ہوئیں اور حضور کی صاحبزادیاں جن کے نکاح میں آئیں۔ کیا ایک لمحے کے لیے بھی ان کی شان میں وہ ملعون الفاظ جائز قرار دیئے جا سکتے ہیں۔ لا واللہ ہرگز نہیں، ہرگز نہیں۔ مولائے کریم ان کے فتنوں سے ہمیں پناہ میں رکھے۔ آمین!

خارجی: یہ ایک گمراہ اور گم کردۂ راہِ ہدایت فرقہ ہے جو جنگ صفین کے بعد حضرت

مولا علی کرم اللہ وجہہ الکریم کی نصرت و حمایت سے دستبردار اور آپ کے خلاف بغاوت پر کمربستہ ہو کر آپ کی حق پسند، حق پذیر، حق جو، جماعت سے خارج ہو گیا اور خارجی کہلایا۔ یہی وہ گروہ ہے جس نے ہزارہا صحابہ کرام کو خارج از اسلام اور کافر و مشرک ٹھہرایا۔ یہی وہ گروہ ہے جسے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بدترین خلق جانتے کہ انہوں نے وہ آیتیں جو کافروں کے حق میں اتریں، اٹھا کر مسلمانوں پر رکھ دیں۔ یہی وہ فرقہ ہے جس سے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے حضرت امیرالمومنین علی کرم اللہ وجہہ سے فہمائش کی اجازت چاہی تھی اور بحکم امیرالمومنین تشریف لے گئے اور ان سے پوچھا: کیا بات امیرالمومنین کی تم کو ناپسند آئی کہ ان کے خلاف ہو گئے؟ انہوں نے کہا واقعہ صفین میں ابوموسیٰ کو حکم بنایا، یہ شرک ہوا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "ان الحکم الا للہ" (حکم نہیں، مگر اللہ تعالیٰ کے لیے) حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: اسی قرآن کریم میں یہ آیت بھی تو ہے کہ:

فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا۔

(زن و شو میں خصومت ہو) تو ایک حکم اس کی طرف سے بھیجو اور ایک حکم اس کی طرف سے۔ (اگر وہ دونوں اصلاح چاہیں گے، تو اللہ تعالیٰ ان میں میل کر دے گا۔)

اس جواب کو سن کر وہ لوگ لاجواب ہو گئے اور ان میں سے پانچ ہزار نے اپنی اس حرکت سے توبہ کر لی۔ پانچ ہزار کے سر پر موت سوار تھی، وہ اپنی شیطنت پر قائم رہے اور امیرالمومنین نے ان کے قتل کا حکم فرما دیا۔

امام حسن و حسین و دیگر صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو ان کے قتل میں تامل ہوا کہ یہ قوم رات بھر تہجد اور دن بھر تلاوت کرتی رہتی ہے، ہم کیونکر ان پر تلوار اٹھائیں؟ مگر امیرالمومنین کو تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم: عالم ما کان وما یکون۔ (جو کچھ ہو چکا اور آئندہ ہو گا اس کے واقف کار) نے خبر دے رکھی تھی کہ نماز روزہ وغیرہ ظاہری اعمال کے بہ شدت پابند ہوں گے۔ بایں ہمہ دین سے ایسا نکل جائیں گے جیسے تیر نشانے سے۔ قرآن کریم پڑھیں گے، مگر ان کے گلوں سے نیچے نہیں اترے گا۔

غرض امیرالمؤمنین کے حکم سے لشکر ان کے قتل پر مجبور ہوا۔ عین معرکہ میں خبر آئی کہ وہ نہر کے پاس اتر گئے۔ امیرالمومنین نے فرمایا: "واللہ! ان میں سے دس بھی پار نہ جانے پائیں گے، سب اسی طرف قتل ہوں گے" چنانچہ سب قتل ہو چکے۔ امیرالمومنین نے لوگوں کے دلوں سے ان کے تقویٰ و طہارت اور تہجد و تلاوت کا وہ خدشہ دفع کرنے کے لیے فرمایا: "تلاش کرو، اگر ان میں ذوالثدیہ (پستان جیسے ہاتھ والا) پایا جائے، تو تم نے بدترین اہلِ زمین کو قتل کیا، تلاش کیا گیا تو لاشوں کے نیچے سے نکلا جس کا ایک ہاتھ پستان زن کے مشابہ تھا۔ امیرالمومنین نے تکبیر کہی اور حمدِ الٰہی بجالائے اور لشکر کے دل کا شبہ اس غیب کی خبر بتانے اور مطابق آنے سے زائل ہو گیا۔

کسی نے کہا: "حمد ہے اسے جس نے ان کی نجاست سے زمین کو پاک کیا۔" امیر المومنین نے فرمایا: "کیا سمجھتے ہو کہ یہ لوگ ختم ہو گئے، ہرگز نہیں، ان میں سے چھ ماں کے پیٹ میں ہیں، چھ باپ کی پیٹھ میں۔ جب ان میں سے ایک گروہ ہلاک ہو گا تو دوسرا سر اٹھائے گا، یہاں تک کہ ان کا پچھلا گروہ دجال کے ساتھ نکلے گا۔"

یہی وہ فرقہ ہے کہ ہر زمانے میں نئے نام سے ظاہر ہوتا رہا اور آج بھی نئے رنگ، نئے لباس، نئے جامہ اور نئی سج دھج سے موجود ہے۔ ان کا ظاہری و معنوی باپ وہ منافق تھا، جس نے بارگاہِ رسالت کی مجلسِ اقدس کے کنارے پر کھڑے ہو کر ایک نگاہ تمام حاضرین پر ڈالی اور دل میں یہ کہتا چلا گیا تھا کہ مجھ سا ان میں ایک بھی نہیں۔

یہ غرور تھا، اس خبیث کو اپنی نماز اور اپنے ظاہری تقدس و پاک دامنی پر اور یہ نہ جانا کہ نماز ہو یا کوئی اور عمل صالح، وہ سب اس سرکار کی غلامی کی فرع ہے۔ جب تک ان کا غلام نہ ہو لے، کوئی بندگی کام نہیں دے سکتی۔ کہنا یہ ہے کہ اسی بدباطن، خبیث النفس کی ظاہری اور معنوی نسل آج دنیا کو گندہ کر رہی ہے۔ ان میں بہت سے "خطیب العصر" ہیں جو بزورِ بیان اہلِ بیت کرام کے فضائل پر خاک اڑاتے اور یزید پلید اور اس کے ساتھیوں کی عظمت و امارت، بلکہ خلافت کے ترانے گاتے اور ان کے نام کی جے پکارتے ہیں اور مسلمان ان کی زور بیانی پر ریجھ کر، ان کے وعظ و تقریر میں جاتے اور ان کی محفلوں کی رونقیں بڑھا کر اپنے دین و ایمان کو ہلاکت میں ڈالتے ہیں۔

انہی خارجیوں کی معنوی اولاد میں وہ بدزبان، بدطینت و بدکردار ہیں جو حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام مبارک اور حضرت مولا علی مشکل کشا کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کا نام مبارک بغیر کسی کلمۂ تعظیم کے اس طرح لیتے ہیں، جیسے معاذ اللہ کوئی شخص اپنے کسی چھوٹے کا نام لیا کرتا ہے، چنانچہ انہی میں سے ایک سرپھرے نے اپنی کتاب "تقویۃ الایمان" میں لکھا: "جس کا نام محمد یا علی ہے، وہ کسی چیز کا مختار نہیں۔"

اس عبارت میں حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اختیار کی مطلقاً نفی کر دی کہ کسی چیز کا مختار نہیں اور یہ صراحتاً بہت سی آیات کریمہ کے خلاف ہے اور احادیثِ مبارکہ تو اس ذکر سے مالا مال ہیں کہ خزانوں کی کنجیاں، زمین کی کنجیاں، دنیا کی کنجیاں، جنت کی کنجیاں، دوزخ کی کنجیاں، غرض ہر شے کی کنجیاں حضور کو عطا ہوئیں اور ظاہر ہے کہ جس کے ہاتھ میں کنجیاں ہوتی ہیں، وہ اختیارِ عام اور تصرفِ تام رکھتا ہے۔

اسی بدگو نے اپنی کتاب "تقویۃ الایمان" میں لکھا: "ہر مخلوق، بڑا ہو یا چھوٹا اللہ کی شان کے آگے چمار سے بھی زیادہ ذلیل ہے۔" اسی کتاب میں لکھا: "سب انبیاء اس کے روبرو ذرۂ ناچیز سے بھی کمتر ہیں۔ یعنی چوہڑے اور چمار سے بھی بدتر کہ وہ پھر انسان ہیں۔" حالانکہ اس بے ادب گستاخ نے یہ نہ جانا کہ انبیاء کی شان اللہ ہی کی شان ہے۔ انبیاء کی عزت اللہ ہی کی عزت ہے، انبیاء کرام کی تعظیم اللہ ہی کی تعظیم ہے۔ تو انبیائے کرام و اولیائے عظام کی شان میں ایسے ملعون الفاظ استعمال کرنا کیا کسی مسلمان کا کام ہو سکتا ہے؟ غرض ان بدگویانِ رسولِ کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم کے مذہب نامہذب کا رکن اعظم اللہ تعالیٰ کی توہین اور محبوبانِ خدا کی تذلیل ہے۔ ہر امر میں وہی پہلو اختیار کریں گے، جس سے توہین و تذلیل نکلتی ہو۔ اس ناپاک گروہ کا ایک بنیادی عقیدہ یہ ہے کہ جو ان کے مذہب پر نہ ہو، وہ کافر مشرک ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بات بات پر محض بلاوجہ مسلمانوں پر حکمِ شرک و کفر لگایا کرتے ہیں اور تمام دنیا کو مشرک بتاتے ہیں، چنانچہ اسی کتاب یعنی "تقویۃ الایمان" میں (جس کی کچھ عبارتیں ہم نے اوپر نقل کیں) وہ حدیث لکھ کر کہ آخر زمانہ میں اللہ تعالیٰ ایک ہوا بھیجے گا جو ساری دنیا سے مسلمانوں کو اٹھا لے گی۔" اس کے بعد صاف لکھ دیا کہ "سو پیغمبرِ خدا کے فرمانے کے مطابق ہوا۔"

یعنی وہ ہوا چل گئی اور کوئی مسلمان روئے زمین پر باقی نہ رہا، مگر یہ نہ سمجھا کہ اس صورت میں خود بھی تو کافر ہو گیا۔

اسی طرح یہ فرقہ صریح واضح حدیثوں میں بھی معنوی تحریفیں کرتا ہے پر کی اڑاتا، جھوٹے مطلب دل سے بناتا اور انہیں مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا مقصود ٹھہراتا ہے، پھر دعویٰ ہے کہ ہم تو خَیْرُ الْبَرِیَّۃ یعنی قرآن اور قول خَیْرُ الْبَرِیَّۃ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم یعنی حدیث پر چلتے ہیں۔

واقعی یہ لوگ ان پرانے خارجیوں کی ٹھیک ٹھاک یادگار ہیں۔ وہی مسئلے، وہی دعوے، وہی انداز، وہی وطیرے ہیں۔ خارجیوں کا معمول تھا کہ اپنا ظاہر اس قدر مطابق شرع بناتے کہ عوامِ مسلمین انہیں نہایت پابندِ شرع جانتے، پھر بات بات پر عمل بالقرآن کا دعویٰ عجب دام در سبزہ تھا اور مسلک وہی کہ ہمیں مسلمان ہیں، باقی سب مشرک۔ یہی رنگ ان حضرات کے ہیں کہ آپ موحد ہیں اور سب مشرکین۔ آپ محمدی ہیں اور سب بددین۔ ان میں جو اپنے آپ کو محمدی کہتے ہیں، اس کی اصل وجہ یہی ہے کہ وہ دنیا بھر کے مسلمانوں کو جو ان کے طور و طریق کے پابند نہیں، مشرک سمجھتے ہیں، جبکہ مسلمانوں کو تو خدا تعالیٰ کی امان ہے، ان کے لیے ان کے سچے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم سے بشارت آئی ہے کہ یہ امتِ مرحومہ ہرگز شرک اور غیرِ خدا تعالیٰ کی پرستش نہ کرے گی۔ اسی لیے جب قیامت آنے کو ہوگی اور شرک محض کا وقت آئے گا، ہوا بھیج کر مسلمانوں کو اٹھالیں گے۔

ہر مسلمان اور یہ حضرات خود بھی جانتے ہیں کہ تمام اسلامی شہروں اور ملکوں میں امتِ مرحومہ مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے کروڑوں، اربوں آدمی اس نئے مذہب سے منزہ و بری ہیں اور ان کے کرتوتوں سے دور و نفور۔

خارجیوں کی انہیں معنوی اولاد میں ایک گروہ اور بھی ہے جو مسلمانوں میں سنی حنفی شافعی مالکی اور حنبلی بن کر آتا ہے۔ قادریوں، چشتیوں، نقشبندیوں اور سہروردیوں کے پردہ میں اپنی چال دکھاتا ہے۔ انہیں کے ایک سرگروہ نے اپنی کتاب "حفظ الایمان" میں ہر پاگل اور چوپائے کے لیے علم غیب مان کر، صاف لکھ دیا کہ "جیسا علم رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو ہے، ایسا تو ہر پاگل اور جانور کو ہوتا ہے۔"

اسی شیطانی گروہ کے نزدیک "ابلیس لعین کا علم، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے علم سے زیادہ بلکہ بے شمار بار زیادہ ہے۔"

انہی کا ایک پیشرو اپنی کتاب "براہین قاطعہ" میں ابلیس کے علم کو نص قطعی سے ثابت کہتا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی وسعت علم کو باطل بے ثبوت مانتا ہے۔ ان کے لیے وسعتِ علم ماننے کو خاص شرک بتاتا مگر ابلیس لو وسعتِ علم میں خدا تعالیٰ کا شریک جانتا ہے۔

اسی گروہ کا ایک شقی اپنی کتاب "تحذیر الناس" میں رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم پر نبوت ختم ہونے کا صاف منکر ہے۔ خاتم النبیین کے معنی میں تحریف کرتا اور بہ معنی آخر النبیین لینے کو جاہلوں کا خیال بتاتا ہے۔

ان نام نہاد علماء و فضلا اور چنین و چناں گمراہوں کے اقوال بد تر از ابوال پر احکامِ شرعیہ کے لیے حسام الحرمین اور اپنے علمائے اہلِ سنت و جماعت کی کتابیں مطالعہ کریں تاکہ ان "بزرگواروں" کی حقیت عیاں ہو اور ان کی اس نمود و نمائش اور "مشیخیت" سے پردہ اٹھے، جس کے پیچھے یہ چھپے بیٹھے ہیں۔

اسی گروہ کا ایک عام طریقہ یہ ہے کہ جس کو اللہ و رسول نے منع نہیں کیا، بلکہ قرآن و حدیث سے اس کا جواز ثابت ہے، اور جسے سینکڑوں برسوں سے امتِ مرحومہ کے عوام و خواص، حامیانِ سُنّت، قاطعانِ بدعت ہمیشہ خود کرتے چلے آئے اور اپنے متبعین میں اس کی تلقین و ترویج فرماتے آئے۔ یہ کور باطن ایسے امور کو ممنوع کہنا تو درکنار، اس پر شرک و بدعت کا حکم لگا دیتے ہیں۔ مثلاً مجلسِ میلاد شریف اور قیام و ایصالِ ثواب و زیارتِ قبور و حاضری بارگاہِ بے کس پناہ سرکارِ مدینہ طیبہ و عرس بزرگانِ دین و فاتحہ سوم و چہلم اور انبیاء و اولیاء کی ارواح طیبہ سے استمداد اور مصیبت کے وقت انبیاء و اولیاء کو پکارنا وغیرہا۔

بلکہ میلاد شریف کی نسبت تو اس گروہ کے ایک چابک دست نے اپنی کتاب "براہینِ قاطعہ" میں یہ الفاظ لکھے: "پس ہر روز اعادۂ ولادت کا تو مثل ہنود کے کہ سانگ

تھیا کے ولادت کا ہر سال کرتے ہیں یا مثل روافض کے کہ نقل شہادتِ اہلِ بیت ہر سال بلاتے ہیں۔ معاذ اللہ سائنگ آپ کی ولادت کا تھہرا اور خود حرکتِ قبیحہ قابلِ لوم و حرام و فسق ہے۔ بلکہ یہ لوگ اس قوم سے بڑھ کر ہوئے۔ وہ تو تاریخ معین پر کرتے ہیں اور ان کے یہاں کوئی قید ہی نہیں، جب چاہیں یہ خرافات فرضی سناتے ہیں۔"

صاف ظاہر ہے کہ ان گستاخوں کے نزدیک میلاد شریف مثل تھیا کے جنم کے ہے اور فسق اور حرام ہے اور اس کے کرنے والے، ان بدگویوں کے نزدیک قوم ہنود سے بدتر ہیں۔ مسلمانو! کیا تم بھی اپنے نبی کے میلاد مبارک کو جنم تھیا سمجھتے ہو اور ائمہ دین کو کہ اس مجلس کے عامل رہے۔ ہندوؤں سے بڑھ کر خرافاتی مانتے ہو۔ والعیاذ باللہ تعالیٰ۔

مسلمانو! یہ ایک نہایت مختصر ترین خاکہ ہے ان خارجیوں اور ان کے ان معنوی پسروؤں کا۔ حیرت ہے کہ پھر بھی مغربی تہذیب کا دلدادہ، صلح کلیت کا شیدائی ایسوں کو پیشوا اور ممدوح دینی ماننے سے باز نہیں آتا اور اللہ و رسول کے مقابل ان کی حمایت پر تلا ہوا ہے۔ محبوبانِ خدا کی توہین و تنقیص کوئی چیز نہیں، مگر ان کے ایسے اقوال پر حکم شرعی بیان کیا جائے تو اسے گالیاں دینا کہتا ہے۔ عقل دشمنی کی بھی کوئی حد ہونی چاہیے۔ الٰہی ہمیں حق کہنے، حق بولنے، حق کو قبول کرنے اور حق پر چلنے کی توفیق عطا فرما۔ صدقہ اپنے محبوبِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم کا۔

(۳۳) بدعتِ سیئہ و حسنہ

خارجیوں کی معنوی نسل سے تعلق رکھنے والے خواہ وہ تقلید ائمہ کے منکر ہوں، خواہ اہلِ سُنّت و جماعت کے چاروں مذہبوں میں سے کسی ایک کے امام مجتہد کے مقلد اور تقلیدِ ائمہ بالخصوص ہمارے ان اطراف و اکناف میں امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ کی تقلید کے مدعی، ان سب میں ایک باطنی بیماری مشترک ہے اور وہ مسلمانانِ اہلِ سُنّت و جماعت کو مدعت کا پیرو، بدعتی، جہنمی، مشرک، شرک پسند اور قبر پرست وغیرہ کے

القاب اور خطابات سے نوازنا، اور بات بات پر انہیں قرآن و حدیث کا مخالف بتانا، حالانکہ جو مسلمانانِ اہلِ سُنّت و جماعت کو بدعتی و گمراہ کہے، وہ بدعتی و گمراہ اور ناحق پرست ہے کہ بہ حکم حدیث ناجی و جنتی اور نجات پانے والا گروہ اہلِ سُنّت و جماعت آج چار مذہب حنفی، مالکی، شافعی اور حنبلی میں جمع ہو گیا ہے۔ اب جو ان چار سے باہر ہے، وہ اسلامی برادری سے گویا کہ باہر اور بدمذہب ہے۔

تو کہنا یہ ہے کہ ان بدمذہبوں میں بدعت کا بڑا خرچ ہے۔ جس چیز کو دیکھئے بدعت و گمراہی کہہ کر مسلمانوں کو ورغلاتے اور فریب کھلاتے ہیں۔ اس لیے مسلمان یاد رکھیں:

بدعت اس نوپیدا شی کو کہتے ہیں جو رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے بعد دین میں نکلی اور مسلمانوں میں رواج پا چکی، اس کی دو قسمیں ہیں:

۱۔ **بدعتِ ضلالت:** جس کو بدعتِ سیہ بھی کہتے ہیں۔ یہ وہ نوپید بات ہے جو قرآن و حدیث اور اجماعِ امت کے مخالف ہو۔ یا یوں کہنا چاہیے کہ جو نوپید بات کسی ایسی چیز کے تحت داخل ہو، جس کی برائی شرع سے ثابت ہے تو وہ بری اور بدعتِ سیہ ہے اور اس کی دو صورتیں ہیں۔ مکروہ و حرام جیسے داڑھی منڈانا، اور اس کی نئی تراش خراش ایجاد کرنا، یونہی محض اپنی نام و نمود کے لیے مسجدوں کی زیبائش وغیرہ۔

۲۔ **بدعتِ حسنہ:** جس کو بدعتِ محمودہ بھی کہتے ہیں۔ یہ وہ نوپید بات ہے جو کتاب اللہ اور حدیثِ رسول اللہ اور اجماعِ امت کے مخالف نہ ہو یا یوں کہہ لو کہ بدعتِ حسنہ وہ ہے جو کسی سُنّت کے مخالفت و مزاحم نہ ہو، بلکہ وہ کسی ایسی چیز کے نیچے داخل ہو، جس کی خوبی شرع سے ثابت ہے اور یہ بدعت کبھی مباح ہوتی ہے، جیسے عمدہ و لذیذ کھانے پینے کی چیزیں، بیش قیمت اور دیدہ زیب لباس، کبھی سُنّت ہوتی ہے، جیسا کہ حضرت امیرالمومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ تراویح کی نسبت فرماتے ہیں:

نِعْمَتِ الْبِدْعَةُ هٰذِهٖ۔ یہ اچھی بدعت ہے۔

حالانکہ تراویح سنّتِ موکدہ ہے اور کبھی واجب ہوتی ہے جیسے اہلِ ضلالت اور گمراہ فرقوں کے رد میں تصنیف و تالیف اور ایسی کتابوں کی اشاعت تاکہ مسلمان گمراہی

سے بچیں یا قرآن و حدیث کو سمجھنے کے لیے علم صرف و نحو وغیرہ علوم کا پڑھنا جو فہم و ادراکِ احکام شرع میں مفید و معاون ہوں۔ مسلمان خوب یاد رکھیں کہ جس امر کی اصل شرع شریف سے ثابت ہو، وہ ہرگز بدعتِ قبیحہ نہیں ہو سکتا، مگر خود ان منکرین کے مدارس اور ان کے وعظ کے جلسے، دستار بندی کے اجتماعات، کتابوں کی اشاعت و طباعت اور ایسے ہی دوسرے مشاغل اپنی اپنی ہیئاتِ خاصہ کے ساتھ ضرور بدعت ہوں گے، مگر ان کے یہاں تو یہ ٹھہری ہے کہ محبوبانِ خدا کی عظمت کے جتنے امور ہیں، سب حرام و بدعت ہیں اور جس میں ان کا مطلب ہو، وہ حلال و سُنّت ہیں۔ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

ضروری تنبیہ

نجدی قماش کے لوگ عام طور پر یہ باتیں جو تقویۃ الایمان جیسی کتابوں میں بھری پڑی ہیں، مسلمانانِ اہلِ سُنّت و جماعت سے چھپاتے اور فرعی مسائل مثلاً میلاد شریف، قیام، گیارہویں شریف، فاتحہ، تیجا، دسواں، چالیسواں، عرس، یا رسول اللہ، یا علی، یا غوث کہنا مزارات پر غلاف ڈالنا، روشنی وغیرہ کرنا اور ان میں جو غیر مقلد ہیں، وہ مقتدی کے فاتحہ نہ پڑھنے، آمین بالجہر نہ کہنے، رفع یدین نہ کرنے، وتر کی تین، تراویح کی بیس رکعتیں ہونے اور ایسے ہی دوسرے امور کو چھیڑتے ہیں اور بھولے بھالے مسلمان ان کے دھوکے میں آکر ان میں بحث کرنے لگتے ہیں۔

بھائیو! بہنو! ماؤں! بیٹیو! جو لوگ اللہ و رسول جل و علا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور ان کے ذوی الاحترام کی عزت پر حملے کر رہے ہیں، ان کو کسی فرعی مسئلے میں بحث کا کیا حق؟ یہاں تو ایک بات ان کے جواب کو کافی ہے کہ تم لوگ پہلے اللہ و رسول پر اپنا ایمان تو ٹھیک کر لو، پھر بات کرنا۔

اور اگر وہ چپٹ ہی جائیں اور اپنی بات بنانے کے لیے بات بڑھانے پر اتر آئیں، اور کہنے لگیں کہ فلاں کام مثلاً اذان سے پہلے پست آواز میں درود شریف پڑھنا یا دعا کے

بعد آیۂ کریمہ پڑھنا بدعت ہے حادث ہے، اگلوں سے ثابت نہیں۔ اس کا ثبوت لاؤ، تو سب کا جواب یہی ہے کہ تم اندھے ہو، اوندھے ہو۔ دو باتوں میں سے ایک کا ثبوت تمہارے ذمہ ہے۔ یا تو یہ کہ فی نفسہ اس کام میں شر ہے، برائی ہے اور دین میں رخنہ اندازی ہے۔ کسی سنت کے مخالف و مزاحم ہے یا یہ کہ شرعِ مطہر نے اسے منع فرمایا اور مسلمان کو اس کام سے روکا ہے۔ جب نہ شرع میں منع، نہ کسی سنت کے مخالف و مزاحم، نہ اس کام میں فی نفسہ کوئی شر کوئی خرابی، تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم بلکہ قرآنِ عظیم کے ارشاد سے جائز کہ قرآن عظیم اتر چکا، دین کامل ہو لیا، اب کوئی نیا حکم آنے کو نہ رہا۔ جتنی باتوں کا شریعت نے نہ حکم دیا، نہ منع کیا، بموجب حدیث شریف اس کی معافی مقرر ہو چکی ہے جس کی اب تبدیلی نہ ہوگی۔ تو جو اس پر اعتراض کرتا ہے، اللہ کی معافی پر اعتراض کرتا ہے اور مردود ہے۔ بھلا جس بات سے نہ خدا تعالیٰ نے منع کیا، نہ اس کے رسول نے ممانعت فرمائی، نہ صحابہ کرام نے روکا، نہ تابعین نے اس سے باز رکھا، تو کیا تم خدا اور رسول اور صحابہ و تابعین سے بڑھ کر ہو کہ انہوں نے منع نہ کیا تم خواہی نخواہی آڑے آتے ہو، فیصلہ وہ ہے جو سنن ابوداؤد میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ "جسے اللہ و رسول نے حلال کہا، وہ حلال ہے، جسے حرام کہا وہ حرام ہے اور جس کا کچھ ذکر نہ فرمایا وہ معاف۔" معلوم ہوا کہ جس کا نہ حکم دیا، نہ منع کیا وہ نہ واجب نہ گناہ، بلکہ معافی میں ہے اور مسلمانوں کے لیے اس میں راہیں کشادہ:

گر بر تو حرام است حرامت بادہ

(۳۴) گناہِ کبیرہ اور صغیرہ کا بیان

خدا اور رسول کے احکام کی خلاف ورزی یعنی احکامِ شریعت پر عمل نہ کرنا گناہ اور معصیت ہے اور نافرمانی۔ یہ نافرمانی جس قدر ناخدا ترسی اور ڈھٹائی اور جسارت کی کیفیت اپنے اندر لیے ہوئے ہوگی، اسی قدر گناہ بھی شدید ہوگا۔ اسی لحاظ سے گناہ کی دو

قسمیں ہیں:

ایک گناہِ صغیرہ

یہ وہ گناہ ہے جس کے کرنے والے کے لیے کوئی وعید نہیں آئی، یعنی اسے کوئی وعدۂ عذاب نہیں دیا گیا اور کوئی خاص سزا اس کے لیے شریعت میں نہیں رکھی گئی۔ آدمی کوئی نیکی، عبادت، صدقہ، ماں باپ کی فرمانبرداری وغیرہ کرتا ہے تو اس کی برکت سے یہ گناہ زائل ہو جاتا ہے۔ جیسے حدیث شریف میں آیا کہ "جو بندہ وضوئے کامل کرتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کے اگلے پچھلے گناہ بخش دیتا ہے۔" غرض یہ گناہ بلا توبہ بھی اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے معاف ہو جاتا ہے۔ مگر شرط یہ ہے کہ اس پر اصرار نہ ہو کہ گناہِ صغیرہ اصرار سے گناہِ کبیرہ بن جاتا ہے اور بلا توبہ کیے اس کی معافی نہیں ہوتی۔

دوسرا گناہِ کبیرہ

یہ وہ گناہ ہے جس کے لیے شریعت میں کوئی حد مقرر فرمائی یا جس پر وعید آئی، یا وعدۂ عذاب دیا گیا۔ اور یہ وہی گناہ ہیں جن کی ممانعت صراحت اور تاکید کے ساتھ آچکی ہو، جیسے زناکاری، شراب نوشی اور چوری وغیرہ۔

علمائے کرام فرماتے ہیں: "جب انسان کسی گناہ کا ارتکاب کرتا ہے، تو اس سے اس کی پاکیزہ اور معصوم فطرت متاثر ہوتی ہے اور آہستہ آہستہ وہ گناہوں سے مانوس ہو جاتا ہے۔" حدیث شریف میں ہے: "سیّد عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: جب بندہ کوئی گناہ کرتا ہے، اس کے دل میں ایک سیاہ نقطہ پیدا ہو جاتا ہے۔ جب وہ اس گناہ سے باز آتا ہے اور توبہ و استغفار کرتا ہے تو دل صاف ہو جاتا ہے اور اگر پھر گناہ کرتا ہے تو وہ نقطہ بڑھتا ہے۔ یہاں تک کہ تمام قلب سیاہ ہو جاتا ہے جو اس نافرمانی پر دلیر اور جری کر دیتا ہے اور یہ بے باکی و جسارت اسے لے ڈوبتی ہے۔ گناہِ کبیرہ سے آدمی خالص توبہ و استغفار کیے بغیر پاک نہیں ہوتا۔"

قرآن و حدیث میں جن کبیرہ گناہوں کا ذکر آیا ہے، ان میں سے کچھ یہ ہیں:

ناحق خون کرنا، چوری ڈکیتی کرنا، یتیم کا مال ناحق کھانا اڑانا، ماں باپ کو ایذا دینا،

سود کھانا، شراب پینا، زنا کرنا، جھوٹی گواہی دینا، نماز نہ پڑھنا، فرض روزے نہ رکھنا، استطاعتِ حج کے باوجود حج نہ کرنا۔ صاحب نصاب ہوتے ہوئے بھی زکوٰۃ نہ دینا۔ جھوٹی قسم کھانا، ناپ تول میں کمی بیشی کرنا، مسلمانوں سے ناحق لڑائی لڑنا اور ان میں فتنے پھیلانا، اور دین کے نام پر ہو تو اور برا۔ حکام کے روبرو چغلی کھانا، کسی مسلمان کی غیبت کرنا، قرآن شریف پڑھ کر بھول جانا۔ علمائے دین کی بے عزتی کرنا، خدا تعالیٰ کی مغفرت سے ناامید ہونا، خدا تعالیٰ کے عذاب سے بے خوف ہونا، فضول خرچی کرنا، کھیل تماشہ میں اپنا پیسہ اور وقت برباد کرنا۔ خودکشی کرنا، ڈاڑھی منڈانا، آتش بازی کرنا، شادی بیاہ اور خوشی کی دوسری تقریبات کے مواقع پر بے حیائی اور ڈھٹائی کے ساتھ ناچ گانے کی محفلیں سجانا، اور احکام شریعت کی پرواہ کیے بغیر ہلڑ مچانا، پاک دامن پارسا اور نیک مردوں اور عورتوں پر تہمتیں تراشنا وغیرہ۔

مسلمان مرد اور بیبیاں یاد رکھیں کہ

گناہ کی دو صورتیں ہیں: ایک بندہ کا وہ گناہ جو خالص اس کے اور اس کے پروردگار کے معاملہ میں ہو کہ کوئی فرض نماز چھوڑ دی، کسی دن کا فرض روزہ چھوڑ دیا یا اور کوئی ایسا کام کر لیا جس کا تعلق بندوں سے نہیں، بلکہ وہ خالص اپنے رب جل و علا کے حکم کی خلاف ورزی ہے تو اس قسم کے گناہوں میں اتنا ہی کافی ہے کہ آدمی توبۃ النصوح یعنی سچے دل سے توبہ کرے، یعنی جو کر چکا، اس پر نادم ہو، بارگاہِ الٰہی میں گڑگڑا کر اس کی معافی چاہے اور آئندہ کے لیے اس گناہ و نافرمانی سے باز رہنے کا عزم بالجزم، قطعی پختہ ارادہ کر لے اور بقدرِ قدرت جہاں تک اس کے مقدور میں ہے، ان حقوق کا تدارک بھی کرے، یعنی نماز روزے کی قضا، زکوٰۃ نہ دی تھی، تو اس کی ادا کہ توبہ میں فرائض و واجبات کی قضا بھی لازم ہے جبکہ ان کی قضا ہو۔ دوسرے قسم کے وہ گناہ ہیں جو بندوں کے باہمی معاملات میں ہوں کہ شرعاً اس کے ذمہ کسی کے لیے ثابت ہو اور ہر وہ نقصان و آزار جو شرعی اجازت کے بغیر کسی قول و فعل یا ان کے ترک سے،

کسی کے دین، آبرو، جان، جسم، مال یا صرف قلب کو پہنچایا جائے۔ مثلاً خریدی ہوئی چیز کی قیمت، مزدور کی اجرت، عورت کا مہر وغیرہ کہ اس کے ذمہ لازم ہوئے اور یہ خواہ مخواہ اسے ٹالتا رہا۔ یا اس کے حق میں اس کی مرضی کے بغیر کمی کردی یا کسی کا مال چرایا، چھینا، یا لوٹا یا رشوت، سود، جوئے میں لیا یا امانت میں خیانت کی اور ایسے ہی دوسرے امور جن کا تعلق حقوق العباد سے ہے، تو ایسی صورت میں جب تک وہ بندہ جس کی حق تلفی ہوئی، حق تلف کرنے والے کو معاف نہ کرے، معاف نہیں ہوتا۔

یہ معاملہ حقوق العباد کا ہے اور حقوق العباد بغیر ان کی معافی کے معاف نہ ہوں گے۔ اگرچہ مولیٰ تعالیٰ ہمارا اور ہمارے جان و مال و حقوق سب کا مالک ہے۔ اگر وہ ہمارے حقوق، بغیر ہماری مرضی کے بھی چاہے معاف فرمادے، تو بھی عین حق و عدل ہے کہ ہم بھی اسی کے اور ہمارے حق بھی اسی کے مقرر فرمائے ہوئے، مگر اس کریم و رحیم جل و علا کی رحمت کہ ہمارے حقوق کا اختیار، ہمارے ہاتھ میں رکھا ہے۔ بغیر ہمارے بخشے معاف ہو جانے کی شکل نہ رکھی کہ کوئی ستم رسیدہ یہ نہ کہے کہ اے مالک میرے، میں اپنی داد کو نہ پہنچا۔

پھر یہاں معاف کرالینا سہل ہے۔ قیامت کے دن اس کی امید مشکل ہے کہ وہاں ہر شخص اپنے اپنے حال میں گرفتار، نیکیوں کا طلب گار، برائیوں سے بے زار ہوگا۔ پرائی نیکیاں اپنے ہاتھ آتیں، اپنی برائیاں اس کے سر جاتیں کیسے بری معلوم ہوتی ہیں، چنانچہ حدیث شریف میں آیا "میری امت میں مفلس وہ ہے جو قیامت کے دن نماز، روزے، زکوٰۃ لے کر آئے اور یوں آئے کہ کسی کو گالی دی، کسی پر زنا کی تہمت لگائی، کسی کا مال کھایا، کسی کا خون کرایا اور کسی کو مارا تو اس کی نیکیاں اسے دی گئیں۔ پھر اگر نیکیاں ختم ہوگئیں اور حقوق باقی ہیں، تو اس کے گناہ لے کر اس پر ڈالے گئے۔ پھر جہنم میں پھینک دیا گیا۔" والعیاذ باللہ تعالیٰ تو بندوں کے باہمی حقوق کی اسی دنیا میں معافی تلافی ہو جائے، تو آخرت میں کام آسان ہوگا۔

(۳۵) صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم

وہ مسلمان جس نے ایمان کی حالت میں اسی دنیاوی زندگی میں اپنی جسمانی آنکھوں سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا، اپنے ایمان و اسلام پر ثابت قدم رہا، اور ایمان ہی پر اس کی وفات ہوئی، اسے صحابی یا صحابہ یا اصحابِ رسول کہتے ہیں۔ یا یوں کہہ لو کہ صحابی ہر وہ مسلمان ہے جو حالتِ اسلام میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے چہرۂ خدا نما کی زیارت سے مشرف ہوا اور اسلام ہی پر دنیا سے گیا۔

ان صحابہ کرام کی دو قسمیں ہیں: مہاجرین و انصار۔

مہاجرین وہ صحابہ کرام ہیں جو مکہ معظمہ سے اپنا وطن، اپنا گھر بار، اپنا مال و متاع، سب کچھ چھوڑ کر حضور کی نصرت و رفاقت میں مدینہ طیبہ ہجرت کر گئے اور انصار وہ صحابہ کرام ہیں جنہوں نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی محبت و حمایت میں تمام مہاجرین کو ہاتھوں ہاتھ لیا اور ہر آزمائش میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا ساتھ دیا۔

عقیدہ: تمام صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اہل خیر و صلاح ہیں اور عادل۔ عدل گزیں، عدل گستر۔ ان کا جب ذکر کیا جائے تو خیر ہی کے ساتھ ہونا فرض ہے۔

عقیدہ: تمام صحابہ کرام اعلیٰ و ادنیٰ (اور ان میں ادنیٰ کوئی بھی نہیں) سب جنتی ہیں۔ سب سے اللہ تعالیٰ نے بھلائی کا وعدہ کیا۔ وہ سب جہنم سے دور رکھے گئے ہیں، وہ جہنم کی بھنک تک نہ سنیں گے۔ قیامت کی وہ بڑی گھبراہٹ انہیں غمگین نہ کرے گی، فرشتے ان کا استقبال کریں گے۔ یہ کہتے ہوئے کہ یہ ہے تمہارا وہ دن جس کا تم سے وعدہ تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ہر صحابی کی یہ شان اللہ عزوجل بتاتا ہے اور کتب احادیث تو ان کے فضائل سے مالا مال ہیں۔ ان کی قدر و منزلت وہی خوب جانتا

ہے جو سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی عزت و رفعت سے آگاہ ہے، اسی لیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: "خدا سے ڈرو، خدا سے ڈرو، میرے اصحاب کے حق میں، میرے بعد انہیں نشانہ نہ بنالینا، جو انہیں دوست رکھتا ہے، میری محبت سے انہیں دوست رکھتا ہے اور جو ان کا دشمن ہے، میری عداوت سے ان کا دشمن ہے، جس نے انہیں ایذا دی، اس نے مجھے ایذا دی، اور جس نے مجھے ایذا دی، اس نے اللہ تعالیٰ کو ایذا دی اور جس نے اللہ تعالیٰ کو ایذا دی تو قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو گرفتار کرے۔ (ترمذی)

عقیدہ: کسی صحابی کے ساتھ سوء عقیدت یعنی بدعقیدگی، بدمذہبی و گمراہی اور جہنم کی روسیاہی ہے کہ وہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے ساتھ بغض ہے۔ ایسے کا شمار رافضیوں ہی میں ہوگا، اگرچہ چاروں خلفاء کو مانے اور اپنے آپ کو سنی کہے۔

عقیدہ: صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے مابین جو واقعات رونما ہوئے، ان میں پڑنا حرام، حرام، سخت حرام ہے۔ مسلمانوں کو تو یہ دیکھنا چاہیے کہ وہ سب حضرات آقائے دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے جاں نثار اور سچے غلام ہیں، ہم ان کا فیصلہ کرنے والے کون ہیں؟

عقیدہ: صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم انبیاء نہ تھے، معصوم نہ تھے، فرشتے نہ تھے کہ ان سے کوئی خطا سرزد نہ ہو۔ ان میں سے بعض سے لغزشیں بھی صادر ہوئیں، مگر کسی نہ کسی غلط فہمی کے تحت نہ عناداً نہ مقصداً۔ لہٰذا ان کی کسی بات پر گرفت اللہ و رسول کے خلاف ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے ان کے تمام اعمال جان کر حکم فرمادیا کہ "ان سب سے ہم جنّتِ بے عذاب و ثواب و کرامتِ بے حساب کا وعدہ فرما چکے۔" تو دوسرے کو کیا حق رہا۔ اب بھی جو کوئی ان میں سے کسی کے حق میں واہی تباہی بکے، اپنا سر کھائے اور جہنم کو جائے۔

حضرت سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ مجتہد تھے۔ ان کا حضرت سیدنا

امیرالمومنین علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم سے خلاف، خطائے اجتہادی کی قسم سے تھا کہ اس میں مجتہد سے کوئی مواخذہ نہیں اور فیصلہ وہ جو خود رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ مولا علی کی ڈگری اور امیر معاویہ کی مغفرت۔ اور یہ جو بعض جاہل کہا کرتے ہیں کہ جب حضرت مولا علی کے ساتھ امیر معاویہ کا نام لیا جائے تو رضی اللہ تعالیٰ عنہ نہ کہا جائے، یہ محض باطل و بے اصل ہے۔ قرآن کریم نے تمام صحابہ کرام کے حق میں رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا اطلاق کیا ہے اور علمائے کرام کے اسمائے طیبہ کے ساتھ مطلقاً رضی اللہ تعالیٰ عنہم کہنے کا حکم دیا ہے تو یہ استثناء، نئی شریعت گھڑنا ہے۔

عقیدہ: کوئی ولی کتنے ہی بڑے مرتبے کا کیوں نہ ہو، کسی ادنیٰ صحابی کے رتبہ کو نہیں پہنچتا اور ان میں کوئی بھی ادنیٰ نہیں۔

عقیدہ: نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے بعد خلیفہ برحق حضرت سیدنا ابوبکر صدیق، پھر حضرت سیدنا عمر فاروق اعظم، پھر حضرت سیدنا عثمان غنی، پھر حضرت سیدنا مولیٰ علی ہیں۔ پھر چھ مہینے کے لیے حضرت امام حسن مجتبیٰ خلیفہ برحق ہوئے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔ ان حضرات کو خلفائے راشدین اور ان کی خلافت کو خلافتِ راشدہ کہتے ہیں کہ انہوں نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی سچی نیابت و جانشینی کا پورا حق ادا کر دیا۔

عقیدہ: خلفائے اربعہ راشدین کے بعد عشرہ مبشرہ کے بقیہ افراد، یعنی حضرت طلحہ، حضرت زبیر، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف، حضرت سعد بن ابی وقاص، حضرت سعید بن زید اور حضرت ابو عبیدہ بن الجراح، حضرت حسنین کریمین و اصحابِ بدر و اصحابِ بیعۃ الرضوان کے لیے افضلیت ہے اور یہ سب قطعی جنتی ہیں۔ چاروں خلفائے راشدین اور حضرت طلحہ وغیرہ چھ صحابہ سب مل کر عشرہ مبشرہ کہلاتے ہیں۔ یعنی وہ دس صحابہ کرام جن کو جیتے جی جنت کی بشارت ملی اور بہشتی کہلائے۔

عقیدہ: حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ذوی الاحترام عالی مقام صحابہ کرام میں شمار ہیں۔ اول ملوکِ اسلام، یعنی شاہانِ اسلام میں پہلے بادشاہ ہیں، اسی کی طرف

توراۃ مقدس میں اشارہ ہے کہ وہ نبی آخر الزماں شہنشاہِ کون و مکاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم مکہ میں ہوگا۔ مدینہ کو ہجرت فرمائے گا وملکہ بالشام اور اس کی سلطنت شام میں ہوگی، تو امیر معاویہ کی اگرچہ سلطنت ہے، مگر کس کی؟ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی سلطنت ہے۔ جو سیدنا امام حسن مجتبیٰ نے ایک فوج جرار کے ساتھ، عین میدان میں بالقصد و بالاختیار ہتھیار رکھ دیئے اور خلافت امیر معاویہ کے سپرد کر دی اور ان کے ہاتھ پر بیعت فرمالی جس کی بشارت حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے دی تھی اور اس صلح کو پسند فرمایا تھا۔ تو حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر معاذ اللہ! فسق وغیرہ کا طعن کرنے والا حقیقتاً حضرت امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، بلکہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم بلکہ حضرت حق عزوجل و علا پر طعن کرتا ہے اور ایسا شخص حقیقتاً رافضی ہے۔

(۳۶) اہلِ بیت عظام رضی اللہ تعالیٰ عنہم

حضور اکرم سید عالم نبی مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے نسب مبارک اور قرابت کے وہ لوگ ہیں، جن پر صدقہ حرام ہے۔ ان اہلِ بیت میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی ازواجِ مطہرات (آپ کی پاک بیبیاں ہم مسلمانوں کی مقدس مائیں) حضرت خاتونِ جنّت سیّدہ فاطمۃ الزہرا، حضرت مولا علی مشکل کشا اور حضرت امام حسن و امام حسین رضی اللہ عنہم اجمعین سب داخل ہیں، لیکن ازواج مطہرات مرتبہ میں سب سے زیادہ ہیں اور ان کا اجر و ثواب سب سے بڑھ کر ہے۔ دنیا جہان کی عورتوں میں کوئی بھی ان کا ہمسر و ہم مرتبہ نہیں۔ اگر اوروں کو ایک نیکی پر دس گنا ثواب ملے گا، تو انہیں بیس گنا، کیونکہ ان کے عمل میں دو جہتیں ہیں ایک اللہ تعالیٰ کی بندگی و طاعت اور دوسرے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی رضاجوئی و اطاعت۔

عقیدہ: اہل بیت کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم مقتدایان اہلِ سنت ہیں جو ان سے محبت نہ کرے، مردود و ملعون خارجی ہے۔ اہلِ سنت و جماعت سے اس کا کوئی علاقہ

نہیں۔

عقیدہ: ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ وام المومنین عائشہ صدیقہ اور حضرت سیدہ طیبہ طاہرہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہن قطعی جنتی ہیں اور انہیں اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی دوسری صاحبزادیوں (یعنی حضرت زینب، حضرت رقیہ اور حضرت ام کلثوم) اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی بقیہ ازواج مطہرات کو تمام صحابیات پر فضیلت ہے۔ ان سب کی طہارت پاکیزگی اور پاک دامنی کی بشارت قرآن عظیم نے دی۔

عقیدہ: ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا قطعی جنتی اور یقیناً آخرت میں بھی محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی محبوبہ عروس ہیں جو انہیں ایذا دیتا ہے، وہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو ایذا دیتا ہے اور بے توبہ مرے، تو اس کا ٹھکانہ جہنم ہے۔ ان پر معاذاللہ افک کی تہمت ملعونہ سے اپنی ناپاک زبان آلودہ کرنے والا یقیناً کافر و مرتد ہے اور اسلام سے خارج اور بالیقین لاتعلق۔ اگرچہ کلمہ پڑھے، اگرچہ کہے کہ میں مسلمان ہوں اور اس کے علاوہ اور کوئی طعن آپ پر کرنے والا رافضی تبرائی ہے۔ بے دین جہنمی ہے اگرچہ دعویٰ کرے کہ میں سنی ہوں۔

عقیدہ: حضرات حسنین کریمین، امامین جلیلین، امام حسن و امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما، یقیناً عالی مرتبت، اعلیٰ درجہ شہدائے کرام میں سے ہیں۔ ان میں سے کسی کی شہادت کا منکر، گمراہ، بددین خاسر ہے۔

عقیدہ: یزید پلید، فاسق فاجر، مرتکب کبائر تھا۔ معاذ اللہ اس سے اور ریحانۂ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کیا نسبت۔ آج کل جو بعض تقیہ باز گمراہ کہتے ہیں کہ ہمیں ان کے معاملے میں کیا دخل ہے؟ ہمارے وہ بھی شاہزادے، وہ بھی شاہزادے، ایسا بکنے والا مردود خارجی، ناصبی مستحق جہنم ہے۔

یزید بن امیہ وہ بدنصیب شخص ہے جس کی پیشانی پر اہل بیت کرام کے بے گناہ

قتل کا سیاہ داغ ہے اور جس پر رہتی دنیا تک دنیائے اسلام ملامت کرتی رہے گی اور تاقیام قیامت اس کا نام حقارت و نفرت کے ساتھ لیا جائے گا۔ یہ بدباطن حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے گھر پیدا ہوا۔ نہایت موٹا، بدنما، بداخلاق، شرابی، بدکار، ظالم و گستاخ تھا۔ اس کی شرارتیں اور بے ہودگیاں ایسی ہیں جن سے بدمعاشوں کو بھی شرم آئے۔ سود وغیرہ کو اس پلید نے علانیہ رواج دیا اور مدینہ طیبہ و مکہ مکرمہ کی بے حرمتی کرائی۔ البتہ اس پلید کو کافر کہنے اور نام لے کر اس پر لعنت کرنے میں احتیاط چاہیے۔ اس بارے میں ہمارے امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مسلک سکوت (خاموشی) ہے۔ یعنی ہم اسے فاجر و فاسق کہنے کے سوا نہ کافر کہیں نہ مسلمان۔ مگر یہ ضرور کہتے ہیں کہ اس کی حمایت کرنے والا اور اس کے مقابل حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر گرفت کرنے والا ہرگز ہرگز سنی مسلمان نہیں ہو سکتا۔ رضا و تسلیم کی امتحان گاہ میں امام حسین اور ان کے متوسلین نے وہ ثابت قدمی دکھائی کہ عالم ملائکہ بھی حیرت میں آگیا ہو گا۔ اللہ تعالیٰ ان کی برکات سے ہمیں فیض یاب فرمائے۔ آمین!

(۳۷) ولایت کا بیان

ولایت، اللہ تبارک و تعالیٰ کی بارگاہ میں ایک قرب خاص ہے کہ مولیٰ عزوجل اپنے اطاعت گزار اور برگزیدہ بندوں کو محض اپنے فضل و کرم سے عطا فرماتا ہے۔ جو لوگ اس مقام قرب پر فائز کیے جاتے ہیں، انہیں اولیاء اللہ کہا جاتا ہے۔ تو یہ کہنا چاہیے کہ اولیاء اللہ وہ اہل ایمان ہیں جو خدا اور رسول کی محبت میں اپنی خواہشوں کو فنا کر دیتے ہیں اور ہمیشہ خدا اور رسول کی اطاعت و فرمانبرداری میں مصروف رہتے ہیں۔ اور ان کی نظروں میں دنیا اور دنیاداروں کی کوئی وقعت نہیں ہوتی۔ بلکہ دولتِ دنیا ان کی لونڈی ہوتی ہے۔

ولایت، یعنی خدا تعالیٰ کا مقرب و مقبول اور بندۂ خاص ہونا، وہبی شے ہے۔ یعنی محض اللہ تعالیٰ کا عطیہ عزوجل کی عطائے خاص۔ نہ یہ کہ اعمالِ شاقہ اور مشقت میں

والنے والی ریاضتوں اور عبادتوں سے آدمی خود حاصل کرلے۔ ہاں یہ کہہ سکتے ہیں کہ غالبا اعمالِ حسنہ اس عطیۂ ربانی کے حصول کے لیے ذریعہ بن جاتے ہیں۔ جبکہ بعضوں کو ابتدا ہی میں مل جاتی ہے۔ اگرچہ بعد میں انہیں بھی ان اعمال شاقہ کی گھاٹیوں سے گزرنا پڑے۔ البتہ یہ دولتِ بیش بہا یعنی ولایت بے علم کو نہیں ملتی۔ خواہ علم بطور ظاہر حاصل کیا ہو، یا اس مرتبہ پر پہنچنے سے پہلے اللہ عزوجل نے اپنے کرمِ خاص سے اس پر علوم منکشف کردیئے ہوں۔ چنانچہ ایسے اولیاء اللہ گزر چکے ہیں، جنہوں نے بظاہر امی اور بے لکھا پڑھا ہونے کے باوجود عرفان و معرفت، شریعت و طریقت کے دریا بہادیئے ہیں۔

عقیدہ: تمام اولیائے اولین و آخرین میں، اولیائے محمدین یعنی اس امت کے اولیاء افضل ہیں اور تمام اولیائے محمدین میں سب سے زیادہ معرفت و قرب الٰہی میں خلفائے اربعہ ہیں اور ان میں بھی سب سے زیادہ معرفت و قرب صدیق اکبر کو ہے، پھر فاروق اعظم، پھر ذوالنورین، پھر مولا علی مرتضیٰ کو۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

عقیدہ: طریقت کہ انہیں حضرات اولیائے کرام کے طریق خاص کو کہتے ہیں، مناقی شریعت نہیں، نہ اس راہ کی کوئی منزل، کوئی مرحلہ، کوئی حصہ، احکام شریعت کے مقابل و مزاحم۔ طریقت شریعت ہی کا باطنی حصہ ہے۔ شریعت نام ہے ان تمام علوم و احکام کے مجموعہ کا جو جسم و جان، روح و قالب، جسد و قلب سے تعلق رکھتے ہیں، انہیں میں سے ایک حصے کا نام طریقت ہے۔ صرف فرض و واجب و حلال و حرام وغیرہ کے مجموعہ کا نام شریعت رکھ لینا محض اندھا پن ہے، بلکہ طریقت کے احوال و حقائق اگر شریعت کے مطابق ہوں تو حق و مقبول ہیں، ورنہ مردود۔ تو جو یہ بعض صوفی نما، جاہل کہہ دیا کرتے ہیں کہ میاں طریقت اور ہے شریعت اور۔ یہ ملاں مولوی طریقت کو کیا جانیں، یہ محض ایک شیطانی فریب ہے اور خیالِ باطل۔ اور اس زعمِ باطل کے باعث اپنے آپ کو شریعت سے آزاد سمجھنا صریح کفر و الحاد ہے، جبکہ احکامِ شرعیہ کی پابندی سے کوئی ولی کیسا ہی عظیم ہو سبکدوش نہیں ہو سکتا، البتہ اگر مجذوبیت سے عقل تکلیفی زائل ہوگئی ہو، جیسے غشی والا، تو اس سے قلمِ شریعت اُٹھ جائے گا، مگر یہ بھی سمجھ لو کہ

جو اس قسم کا ہوگا، اس سے ایسی باتیں کبھی نہ ہوں گی اور وہ شریعت کا مقابلہ کبھی نہ کرے گا اور نہ ہی شریعت کی پابندی کے خلاف حکم دے گا۔

عقیدہ: کرامت اولیاء حق ہے اور اس کا منکر گمراہ ہے۔ اولیاء اللہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے سچے نائب ہیں اور ان کو حضور کی نیابت اور جانشینی میں بڑے اختیارات، بڑے تصرفات ملتے ہیں، اور سیاہ و سفید کے مختار بنا دیئے جاتے ہیں۔ غیب کے علوم ان پر منکشف ہوتے ہیں۔ ان میں سے بہت کی نگاہیں لوح محفوظ پر رہتی ہیں اور ماضی و مستقبل ان پر روشن ہوتا ہے، مگر یہ سب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے واسطے و عطا سے ہے۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم کی وساطت کے بغیر، کوئی غیر نبی، کسی غیب پر مطلع نہیں ہو سکتا۔ اولیائے کرام کو اللہ عزوجل نے بہت بڑی طاقت دی ہوئی ہے۔ ان سے عجیب و غریب کرامتیں ظاہر ہوئیں، ان کی برکت سے اللہ تعالیٰ مخلوق کی حاجتیں پوری کرتا ہے۔ ان کی دعاؤں سے خلق خدا فائدہ اٹھاتی ہے، ان کی محبت دین و دنیا کی سعادت اور خدائے تعالیٰ کی رضا کا باعث ہے۔ ان کے مزارات پر حاضری، مسلمان کے لیے بڑی سعادت اور باعثِ برکت ہے اور ان کو دور و نزدیک سے پکارنا، یا غوث، یا خواجہ، اور ایسی ہی دوسری ندائیں کرنا، ان کے نام کا نعرہ لگانا، سب سلف صالحین کا طریقہ ہے اور دیندار، پابندِ شرع اہل محبت کا وطیرہ ہے۔

مسئلہ: مردہ زندہ کرنا، مادرزاد اندھے کو بینا کر دینا، کوڑھی کو شفا دینا، مشرق سے مغرب تک ساری زمین ایک قدم میں طے کر جانا، غرض تمام خوارقِ عادات، اولیاء سے ممکن ہیں، سوا اس معجزہ کے جس کی بابت دوسروں کے لیے ممانعت ثابت ہو چکی جیسے قرآن مجید کے مثل کوئی سورت لے آنا، یا دنیا میں بیداری میں اللہ عزوجل کے دیدار یا کلام الٰہی سے مشرف ہونا، اس کا جو اپنے کسی ولی کے لیے دعویٰ کرے، کافر ہے۔ جھوٹے صوفی کبھی کبھی ایسی ہانک دیا کرتے ہیں، مسلمان ان سے دور ہی رہیں: "نادان کی دوستی، جی کا جنجال۔" مشہور کہاوت کا مصداق یہ بھی ہیں۔

مسئلہ: ان سے استمداد و استعانت، یعنی مشکلات میں ان سے مدد چاہنا، محبوب اور

بزرگانِ دین کا معمول ہے۔ یہ مدد مانگنے والے کی مدد فرماتے ہیں، چاہے وہ کسی بھی جائز لفظ کے ساتھ ہو۔ رہا ان کو فاعل مستقل جاننا یہ وہابیہ کا فریب ہے۔ مسلمان کبھی ایسا خیال نہیں کرتا۔ مسلمان کے فعل کو خواہ مخواہ، قبیح رسومات پر ڈھالنا، اور اسے بت پرستوں کا عمل ٹھہرانا، انہیں معنوی خارجیوں کا طریقہ ہے۔

مسئلہ: اولیاء اللہ کو ایصالِ ثواب نہایت موجب برکات و امر مستحب ہے، اسے عرفاً براہِ ادب نذر و نیاز کہتے ہیں۔ یہ نذر شرعی نہیں، بلکہ معظمین کی سرکار میں جو ہدیہ حاضر کیا جاتا ہے، اسے عرف میں نذر کہتے ہیں، جیسے بادشاہوں کو نذر دی جاتی ہے۔ ان میں خصوصاً سیدنا غوث اعظم جیلانی بغدادی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی فاتحہ، جسے عرف عام میں گیارہویں شریف کی فاتحہ کہتے ہیں، نہایت عظیم برکت کی چیز ہے اور نیاز کا کھانا خواہ کسی بھی بزرگ کے لیے ہو، غنی بھی کھا پی سکتا ہے، اگرچہ وہ سید ہو۔ شاہ عبدالعزیز صاحب نے لکھا ہے: "نیاز کا کھانا تبرک ہو جاتا ہے۔"

مسئلہ: عرسِ اولیائے کرام، یعنی قرآن خوانی، فاتحہ خوانی و نعت خوانی، وعظ اور ایصالِ ثواب کے لیے مزارات پر مسلمانوں کا جمع ہونا، اور شیرینی وغیرہ تمام حاضرین میں تقسیم کرنا بے شک جائز اور باعثِ اجر و برکات ہے۔ رہے منکراتِ شرعیہ یعنی وہ امور جو شرع میں منکر ہیں، جیسے رقص و سرود اور قوالیوں کی محفلیں سجانا، ریاء و نمائش کے لیے ہو حق کے نعرے لگانا، وجد لانا، وہ تو ہر حالت میں مذموم اور قابلِ مذمت ہیں، مزاراتِ طیبہ کے پاس اور زیادہ مذموم۔ پھر عورتوں کو تو قبور پر ویسے بھی جانا نہ چاہیے۔ حدیث شریف میں ہے: "اللہ کی لعنت ان عورتوں پر جو قبروں کی زیارت کو جائیں۔" بے شک حاضرین مزار شریف، صاحبِ مزار کے مہمان ہوتے ہیں، مگر عورتیں ناخواندہ مہمان۔ عورت کو گوشہ نشینی کا حکم ہے، نہ یوں مردوں کے ساتھ خلط ملط کا، جیسا کہ ایسے موقعوں پر دیکھنے میں آتا ہے۔ بزرگانِ دین کے اعراس میں جو افعال ناجائز ہوتے ہیں، ان سے اُن حضرات کو بڑی تکلیف ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ان حضرات نے توجہ بھی کم کر دی ہے، ورنہ پہلے جس قدر فیوض ہوتے تھے، وہ اب کہاں؟

اور اولیائے کرام کے اعراس کی تعیین میں مصلحت یہ ہے کہ ان کی ارواح طیبہ کو ان کے وصال شریف کے دن، قبور کریمہ کی طرف زیادہ توجہ ہوتی ہے، چنانچہ وہ وقت جو خاص وصال کا ہے، برکات حاصل کرنے کے لیے زیادہ مناسب ہوتا ہے اور شرعاً اس کی ممانعت نہیں، نہ لازم و ضرور ہے۔

(۳۸) پیرانِ طریقت

عموماً مسلمانوں کو بحمدہ تعالیٰ اولیاء کرام سے نیازمندی اور مشائخ عظام کے ساتھ انہیں ایک خاص عقیدت ہوتی ہے اور وہ جانتے ہیں کہ نیک نیتی سے ان کے سلسلہ میں منسلک ہو جانا اور محبوبانِ خدا کے غلاموں کے دفتر میں نام لکھ جانا بڑی سعادت اور دنیا و آخرت میں انشاء اللہ تعالیٰ ان کی نجات و فلاح کا موجب ہے۔ انہیں یقین ہے کہ محبوبانِ خدا آیۂ رحمت و نشانِ برکت ہیں، وہ اپنا نام لینے والوں کو اپنا کر لیتے ہیں اور اس پر نظرِ رحمت رکھتے ہیں اور اگر ان کا مرید کسی ناپسندیدہ راہ پر ہو تو مولائے کریم کی بارگاہ سے اسے توبہ کی توفیق ملتی ہے۔ اس لیے مناسب ہے کہ مسلمان مرد بالخصوص عورتیں کہ شعبدہ بازوں کا جلد شکار ہو جاتی ہیں، یہ چند باتیں یاد رکھیں تاکہ جب مرید ہونا چاہیں تو اچھی طرح تفتیش کر لیں، ورنہ اگر کسی بدمذہب کے ہاتھ میں ہاتھ دے دیا تو دین و دنیا اور آخرت کا سنورنا اور سنوارنا درکنار، اصل ایمان سے بھی ہاتھ دھو بیٹھیں گے اور مقبولِ بارگاہ ہونا کجا، مردودِ بارگاہ قرار پائیں گے۔

اے بسا ابلیس آدم روئے ہست
پس بہر دستے نہ باید داد دست

پیری کے لیے چار شرطیں ہیں۔ قبل از بیعت ان کا لحاظ فرض ہے:

(۱) مرشدِ خاص جسے پیر و شیخ کہتے ہیں اور جس کے ہاتھ پر بیعت کرنے سے انسان کا سلسلہ حضور پرنور سید المرسلین رحمتہ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ واصحابہ وسلم تک متصل ہو جائے۔ اس کا سلسلہ باتصالِ صحیح حضورِ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم

تک پہنچا ہو، بیچ میں منقطع نہ ہو کہ منقطع کے ذریعے سے اتصال ناممکن۔ جو خود وہاں سے کٹ چکا وہ دوسروں کو ان سے کیسے جوڑ سکتا ہے۔ بیل سے دودھ یا بانجھ سے بچہ مانگنے کی مت جدا ہے۔ بعض لوگ بلا بیعت، محض اس زعم میں کہ ہم فلاں کے وارث ہیں اپنے باپ دادا کے سجادہ پر بیٹھ جاتے ہیں یا بیعت تو کی تھی مگر خلافت نہ ملی تھی تو ان کی بیعت بھی لاحاصل۔

(۲) شیخ سنی العقیدہ ہو۔ مذہب اہل سنت و جماعت کا پیرو ہو اور حنفی، شافعی، حنبلی، مالکی ان چاروں میں سے کسی ایک مذہب کا مقلد، ورنہ جو بدمذہب گمراہ مثلاً وہابی ہے، اس کا سلسلہ شیطان تک پہنچے گا نہ کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم تک۔

(۳) آج کل بہت سے بددینوں، بلکہ بے دینوں، حتیٰ کہ وہابیہ نے کہ سرے سے اولیاء اللہ کے منکر اور دشمن ہیں۔ فریب دہی اور بدکاری اور مسلمانوں کو گمراہی میں ڈالنے کے لیے پیری مریدی کا جال پھیلا رکھا ہے۔ مسلمان ان کے فریب کا شکار نہ ہوں۔ ہوشیار! خبردار! احتیاط، احتیاط!

(۳) شیخ عالم ہو، یعنی علمِ فقہ کم از کم اتنا رکھتا ہو کہ اپنی ضروریات کے مسائل کتابوں سے نکال سکے اور لازم ہے کہ عقائد اہلِ سُنّت و جماعت سے پورا پورا واقف ہو۔ کفر و اسلام اور ہدایت و گمراہی کی خوب پرکھ رکھتا ہو۔ ورنہ آج بدمذہب نہیں تو کل ہو جائے گا۔ سینکڑوں کلمات اور حرکات ہیں جن سے کفر لازم آتا ہے اور جاہل براہِ جہالت ان میں پڑ جاتا ہے۔ اول تو ان کی ناواقفی کے سبب انہیں خبر ہی نہیں ہوتی کہ ان سے ایسی باتیں یا حرکتیں صادر ہوئی ہیں جن سے کفر لازم آتا ہے اور ایمان ہاتھ سے جاتا ہے اور جب تک اطلاع نہ ہو تو یہ ناممکن ہے۔ تو اس وبال کفر میں گرفتار کے گرفتار ہی رہے، اور اگر کوئی خبر دے تو ایک سلیم الطبع جاہل ڈر بھی جائے توبہ بھی کر لے مگر وہ جو سجادۂ اہل طریقت پر ہادی و مرشد بنے بیٹھے ہیں، ان کی عظمت کہ خود ان کے دلوں میں مرچی بسی ہے، وہ کب قبول کرنے دے گی، تو بے توبہ اسی کفر کی اندھیری میں ہاتھ پیر مارتے رہیں گے۔ خود تو گمراہی میں بھٹک رہے ہیں، اوروں کو بھی لے ڈوبیں گے اور وہی سلسلہ کہ ٹوٹ چکا ہے، اسے جاری رکھیں گے، لہٰذا شیخ پر لازم ہے کہ عقائد اہل

سنت و جماعت کا عالم ہو۔

(۴) فاسق معلن نہ ہو۔ یعنی علانیہ نہ کسی گناہ کبیرہ کا مرتکب ہو اور نہ کسی گناہ صغیرہ پر مصر کہ باوجود علم و تنبیہہ اسی گناہ پر اڑا رہے۔ ہاں جو شخص گناہ کبیرہ کا مرتکب ہو یا گناہِ صغیرہ کا مرتکب ہو یا گناہ صغیرہ کا متعدد بار اس سے صدور ہو، یا نماز روزہ وغیرہ عبادتوں کو جو وقت معین میں فرض ہیں کہ وقت نکلنے پر قضا ہو جاتی ہیں، بغیر عذر شرعی ان کو وقت سے موخر کرے یا محض کاہلی اور سستی سے نماز یا جماعت ترک کرے یا جو شخص حقیر و ذلیل افعال اس سے صادر ہوں جیسے راستہ پر پیشاب کرنا، چلتے پھرتے لوگوں کے سامنے یا بازاروں میں کھانا پینا، یا صرف پاجامہ یا تہہ بند پہن کر بغیر کرتا پہنے یا بغیر چادر اوڑھے گزرگاہِ عام پر چلنا یا لوگوں کے سامنے خواہ مخواہ پاؤں دراز کر کے بیٹھنا وغیرہا۔ ایسا شخص بھی بیعت کے قابل نہیں۔

اور ایسے پیروں سے بدتر ہیں وہ نام نہاد پیر

کہ ناواقف و بے علم ہونے کے باوجود علماء کی طرف رجوع ہی نہ لائیں جو جی میں آئے کر گزریں اور ان سے بدتر ہیں وہ کہ جہالت کے باوجود صاحب العلم، صائب الرائے بنے۔ احکامِ علماء میں اپنی رائے کو دخل دے یا کسی حکمِ شرعی کے خلاف اپنے یہاں کے باطل رواج پر اڑے۔ اور اسے حدیث و فقہ سے بتا دیا جائے کہ یہ رواج بے اصل ہے۔ اس کی شریعت مطہرہ میں کوئی سند نہیں۔ جب بھی اسی کو حق کہے۔ اور ان سے ہزار درجے بدتر ہیں وہ ابلیسی مسخرے کہ علمائے دین پر ہنستے اور ان کے احکام کو لغو سمجھتے ہیں اور انہیں میں ہیں، وہ جھوٹے مدعیانِ فقر جو کہتے ہیں عالموں، فقیروں میں سدا سے ہوتی آئی ہے، یا کہیں کہ شریعت راستہ ہے اور ہم تو منزل پر پہنچ لیے، اب ہمیں شریعت کی ضرورت نہیں۔ شریعت راستہ ہے اور اب ہمیں اس راستے سے کیا کام۔ نماز روزہ کی بھی حاجت نہیں۔

اور ان سے بدتر بلکہ بدترین ہیں وہ نام نہاد پیرانِ بداطوار و بدکردار جو اگرچہ بزعم

خود وہابی، دیوبندی، رافضی وغیرہم بددینوں، بدمذہبوں سے نہیں بلکہ ان سے دور رہتے ہیں، بلکہ گاہ بگاہ ان کی کسی ناگفتنی یا ناکردنی سے براءت کا اظہار بھی کر دیتے ہیں۔ مگر انہیں صوفی باصفا عالم باعمل، راہبر و رہنما مانتے جانتے ہیں اور جب ان کی کفری عبارتیں اور ان عبارتوں پر احکام شریعت بیان کیے جاتے ہیں تو کہتے ہیں کہ "ہم اپنی زبان سے کسی کو برا بھلا نہیں کہہ سکتے۔ یہ عالموں کی باتیں ہیں، عالم ہی جانیں، ہم اپنی زبان کیوں آلودہ کریں وغیرہا"۔

یہ سب باتیں باغوائے شیطانی ہیں اور ان سب کا پیر شیطان ہے، اگرچہ بظاہر کسی کی بیعت کا نام لیں اور خود پیر و ولی و قطب بنیں۔ ارشادِ قرآنی کے مطابق "شیطان نے انہیں اپنے گھیرے میں لے کر اللہ تعالیٰ کی یاد بھلا دی۔ وہی شیطانی گروہ ہیں۔ سنتا ہے شیطان ہی کے گروہ زیاں کار ہیں" اور ظاہر ہے کہ جو ایسے کے ہاتھ میں اپنا ہاتھ دے گا، جو ایسے کا دامن تھام کر آگے بڑھے گا، محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم و بارک کی راہ سے دور جا پڑے گا، مشہور ہے ؎

ہر کہ پیِ کور شد
در چہ و در گور شد

(۳۹) آداب المریدین

مسلمان مرد خواہ عورت نے دنیاوی اغراض فاسدہ کے لیے نہیں، بلکہ نیک نیتی سے صرف تبرک کے لیے جب کسی عالم، سنی صحیح العقیدہ، صحیح الاعمال، (یعنی وہ جس کے اعمال، احکام شرع کے برخلاف نہ ہوں، یعنی وہ فاسق معلن نہ ہو) بلکہ جامعِ شرائط بیعت ہو کہ بیعت لینے کا شرع و طریقت میں اہل ہو، اس کے ہاتھ میں دے دیا، تو اب مرید پر لازم ہے۔

(۱) اپنے ارادہ و اختیار سے یکسر باہر ہو کر اپنے آپ کو شیخ مرشد، ہادی برحق، واصلِ بحق کے ہاتھ میں بالکل سپرد کر دے کہ شیخ ہادی نائب و خلیفہ ہے محبوبانِ خدا بلکہ محبوبِ

خدا (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم) کا۔

(۲) اسے مطلقاً ہر حال میں اپنا حاکم و مالک اور متصرف (تصرف کرنے والا) جانے۔

(۳) اس کے چلانے پر راہِ سلوک پر چلے، کوئی قدم بغیر اس کی مرضی کے نہ رکھے۔

(۴) اس کے لیے اس کے بعض احکام یا اپنی ذات میں خود اس کے کچھ کام، اگر اس کے نزدیک صحیح معلوم نہ ہوں، تو انہیں افعالِ خضر علیہ الصلوۃ والسلام کے مثل سمجھے۔ اپنی عقل کا قصور جانے، اس کی کسی بات پر دل میں بھی اعتراض نہ لائے، ورنہ فلاح نہ پائے گا۔

(۵) اپنی ہر مشکل اس پر پیش کرے۔

(۶) زنہار زنہار اس کی مرضی کے خلاف کوئی قدم نہ اٹھائے۔

(۷) ہر آسانی و دشواری، ہر خوشی و ناگواری میں اس کا حکم سنے اور اطاعت کرے۔

(۸) یقین رکھے کہ شیخ کا جو فعل مجھے صحیح معلوم نہیں ہوتا۔ شیخ کے پاس اس کی صحت پر دلیلِ قطعی ہے۔

(۹) شیخ کے روبرو لڑائی جھگڑا، دنگا فساد، درکنار بلند آواز سے بات بھی نہ کرے کہ ہادیانِ برحق اور واصلانِ حق کی عزت و تعظیم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی عزت و تعظیم ہے۔

(۱۰) ہرگز ہرگز کوئی ایسا کام نہ کرے جو ان کی اذیتِ قلبی اور کلفتِ روحانی کا سبب بنے۔

غرض اس کے ہاتھ میں مردہ بدست زندہ ہو کر رہے، یہی بیعت سالکین ہے اور یہی مقصودِ مرشدین ہے۔ یہی اللہ عزوجل تک پہنچاتی ہے اور یہی بندہ کو واصل بحق بناتی ہے۔ ؎

از خدا خواہیم توفیقِ ادب
بے ادب محروم ماند از فضلِ رب

(۴۰) دُعائے خیر

دردِ دل کر مجھے عطا یارب
دے میرے درد کی دوا یارب

لاج رکھ لے گناہگاروں کی
نام رحمٰن ہے تیرا یارب

مجھے ایسے عمل کی دے توفیق
کہ ہو راضی تیری رضا یارب

ہر بھلے کی بھلائی کا صدقہ
اس برے کو بھی کر بھلا یارب

مجھے دونوں جہاں کے غم سے بچا
شاد رکھ شاد، دائما یارب

اس نکتے سے کام لے ایسے
یہ نکما ہو کام کا یارب

کر دے فضل و نعم سے مالا مال
ہو مع الخیر خاتما یارب

وصلی اللہ تعالٰی علی خیر خلقہ ونور عرشہ ومظہر لطفہ وزینۃ فرشہ ومالک ملکہ وقاسم رزقہ سیدنا و مولانا وملجانا وماوانا سیدنا محمد وآلہ واصحابہ وابنہ سیدنا الغوث الاعظم وحزبہ اجمعین وعلینا بہم ولہم ومعہم وفیہم برحمتک یاارحم الراحمین یاالہ العالمین ○

العبد محمد خلیل خاں القادری البرکاتی
دارالعلوم احسن البرکات، حیدرآباد
پاکستان

۲۹ جمادی الاولٰی ۱۴۰۱ھ
مطابق ۱۶ اپریل ۱۹۸۱ء
دوشنبہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الحمدلله الواحد الاحد الصمد لم يلد ولم يولد ولم يكن له كفوا احد والصلوة والسلام على حبيبه سيدنا محمد الممجد وعلى آله واصحابه والتابعين لهم باحسان وعلينا بهم ولهم ومعهم وفيهم برحمتك يا حنّان يا منّان۔

طہارت کا بیان

نماز کے لیے طہارت (پاکی) ایسی ضروری چیز ہے کہ بغیر اس کے نماز ہی نہیں ہوتی۔ بلکہ جان بوجھ کر بغیر طہارت نماز ادا کرنے کو علمائے کرام کفر لکھتے ہیں۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ جنت کی کنجی نماز ہے اور نماز کی کنجی طہارت۔ (امام احمد)

ایک روز نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم صبح کی نماز میں سورۂ روم پڑھتے تھے کہ متشابہ لگا۔ یعنی قراءت میں شبہ پڑا۔ بعد نماز ارشاد فرمایا "کیا حال ہے ان لوگوں کا جو ہمارے ساتھ نماز پڑھتے ہیں اور اچھی طرح طہارت نہیں کرتے۔ انہیں کی وجہ سے امام کو قراءت میں شبہ پڑتا ہے"۔ (نسائی شریف)

تو جب بغیر کامل طہارت نماز پڑھنے کا وبال یہ ہے تو بے طہارت نماز پڑھنے کی

کیا پوچھنا۔ یہ تو عبادت کی بے ادبی و توہین ہے اور اس کا نتیجہ معلوم۔ مولیٰ عزوجل اپنے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے طفیل ہر مسلمان کا خاتمہ ایمان پر فرمائے۔ آمین۔

طہارت کی دو قسمیں ہیں:

(۱) طہارت صغریٰ۔ (۲) طہارت کبریٰ۔

طہارتِ صغریٰ وضو ہے اور طہارتِ کبریٰ غسل۔

جن چیزوں سے صرف وضو لازم آتا ہے، ان کو حَدَثِ اصغر کہتے ہیں اور جن چیزوں سے غسل فرض ہو ان کو حَدَثِ اکبر کہا جاتا ہے۔ (عامہ کتب)

چند ضروری اصطلاحیں

(۱) **فرض:** وہ بات کہ بے اس کے کیے آدمی بری الذمہ نہ ہوگا۔ یہاں تک کہ اگر وہ کسی عبادت میں ہے تو وہ عبادت بے اس کے باطل و معدوم ہوگی۔ اس کا چھوڑنا گناہ کبیرہ ہے۔

(۲) **واجب:** وہ کہ بے اس کے کیے بھی بری الذمہ ہونے (چھٹکارا پانے) کا احتمال ہے۔ مگر غالب گمان اس کی ضرورت پر ہے اور اگر کسی عبادت میں اس کا بجالانا درکار ہو تو عبادت بے اس کے ناقص رہے۔ کسی واجب کا ایک بار بھی قصداً چھوڑنا گناہ صغیرہ ہے اور چند بار چھوڑنا گناہ کبیرہ۔

(۳) **سنّت مؤکدہ:** وہ جس کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیشہ کیا ہو البتہ کبھی ترک بھی فرما دیا ہو (نہ کیا ہو) یا وہ کہ اس کے کرنے کی تاکید فرمائی اس کا کرنا ثواب اور نہ کرنا بہت بُرا۔ یہاں تک کہ جو اس کے چھوڑنے کی عادت ڈال لے، وہ عذاب کا مستحق ہے۔

(۴) **سنّت غیر مؤکدہ:** وہ کہ اس کا چھوڑنا شریعت کو پسند نہیں۔ اس کا کرنا ثواب اور نہ کرنا اگرچہ بطور عادت ہو عتاب کا موجب نہیں۔

(۵) **مستحب:** وہ جس کا کرنا شریعت کو پسند ہے مگر نہ کرنے پر کچھ ناپسندی نہ ہو۔ اس کا کرنا ثواب اور نہ کرنے پر مطلقاً کچھ نہیں۔

(۶) **حرام قطعی:** یہ فرض کا مقابل ہے۔ اس کا ایک بار بھی قصداً کرنا گناہ کبیرہ و فسق ہے اور بچنا فرض و ثواب۔

(۷) **مکروہ تحریمی:** وہ کہ اس کے کرنے سے عبادت ناقص ہو جاتی ہے اور کرنے والا گناہ گار ہوتا ہے اور چند بار اس کا کرنا گناہ کبیرہ ہوتا ہے۔

(۸) **مکروہ تنزیہی:** وہ جس کا کرنا شریعت کو پسند نہیں مگر نہ اس حد تک کہ اس کے کرنے پر عذاب آئے۔

وضو کا بیان

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْٓا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَيْنِ ؕ

یعنی اے ایمان والو! جب تم نماز پڑھنے کا ارادہ کرو تو اپنے منہ اور کہنیوں تک ہاتھوں کو دھوؤ اور سروں کا مسح کرو اور ٹخنوں تک پاؤں دھوؤ۔

چند احادیثِ کریمہ

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں:

(۱) قیامت کے دن میری امت اس حالت میں بلائی جائے گی کہ ان کے منہ اور ہاتھ آثارِ وضو سے چمکتے ہوں گے تو جس سے ہو سکے چمک زیادہ کرے۔ (بخاری و مسلم)

(۲) مسلمان بندہ جب وضو کرتا ہے تو کلی کرنے سے منہ کے گناہ گر جاتے ہیں اور جب ناک میں پانی ڈال کر صاف کیا تو ناک کے گناہ نکل گئے اور جب منہ دھویا تو اس کے چہرے کے گناہ نکلے یہاں تک کہ پلکوں کے نکلے اور جب ہاتھ دھوئے تو ہاتھوں کے گناہ نکلے یہاں تک کہ ہاتھوں کے ناخنوں سے نکلے اور جب سر کا مسح کیا تو سر کے گناہ نکلے یہاں تک کہ کانوں سے نکلے اور جب پاؤں دھوئے تو پاؤں کی خطائیں نکلیں یہاں تک کہ ناخنوں سے۔ پھر اس کا مسجد کو جانا اور نماز پڑھنا اس کے علاوہ ہے۔ (مالک و نسائی)

(۳) جو شخص ایک ایک بار وضو کرے تو یہ ضروری بات ہے اور جو دو دو بار کرے اس کو دونا ثواب ہے اور جو تین تین بار دھوئے تو یہ میرا اور اگلے نبیوں کا وضو ہے۔

(امام احمد)

(۴) جو شخص سخت سردی میں کامل وضو کرے اس کے لیے دونا ثواب ہے۔ (طبرانی)

(۵) جو شخص وضو پر وضو کرے اس کے لیے دس نیکیاں لکھی جائیں گی۔ (ترمذی)

فقہی احکام

آیۂ کریمہ جو اوپر لکھی گئی ہے اس سے ثابت ہوا کہ وضو میں چار باتیں فرض ہیں:

(۱) منہ دھونا۔

(۲) کہنیوں سمیت دونوں ہاتھوں کا دھونا۔

(۳) سر کا مسح کرنا۔

(۴) ٹخنوں سمیت دونوں پاؤں کا دھونا۔

فائدہ: (۱) کسی عضو کے دھونے کے یہ معنی ہیں کہ اس عضو کے ہر حصہ پر کم سے کم دو بوند پانی بہہ جائے۔ بھیگ جانے یا تیل کی طرح چپڑ لینے یا ایک آدھ بوند بہہ جانے کو دھونا نہیں کہیں گے۔ نہ اس سے وضو یا غسل ادا ہوگا۔ اس بات کا لحاظ بہت ضروری ہے۔ لوگ اس کی طرف توجہ نہیں دیتے اور نمازیں برباد جاتی ہیں۔ بدن میں

بعض جگہیں ایسی ہیں کہ جب تک ان کا خاص خیال نہ رکھا جائے ان پر پانی نہ بہے گا۔ جس کی تشریح ہر عضو میں بیان کی جائے گی۔

(۲) کسی عضو پر تر ہاتھ پھیرنے یا تری پہنچنے کو مسح کہتے ہیں۔ (درمختار وغیرہ)

(۱) **منہ دھونا:** شروع پیشانی سے (یعنی جہاں تک عموماً سر کے بال ہوتے ہیں) ٹھوڑی یعنی نیچے کے دانت جمنے کی جگہ تک لمبائی میں اور ایک کان سے دوسرے کان تک چوڑائی میں اس حد کے اندر جلد کے ہر حصے پر ایک مرتبہ پانی بہانا فرض ہے۔

(ردالمحتار)

مسئلہ: لبوں کا وہ حصہ جو عموماً اور عادتاً لب بند کرنے کے بعد ظاہر رہتا ہے۔ اس کا دھونا فرض ہے۔ یوں ہی رخسار اور کان کے بیچ میں جو جگہ ہے جسے کنپٹی کہتے ہیں، اس کا دھونا بھی فرض ہے۔

مسئلہ: نتھ کا سوراخ اگر بند نہ ہو تو اس میں پانی بہانا فرض ہے۔ اگر تنگ ہو تو پانی ڈالنے میں نتھ کو حرکت دے ورنہ حرکت دینا ضروری نہیں۔ (درمختار، ردالمحتار)

(۲) **ہاتھ دھونا:** اس حکم میں کہنیاں بھی داخل ہیں۔ اگر کہنیوں سے ناخنوں تک کوئی جگہ ذرہ برابر دھلنے سے رہ جائے گی، وضو نہ ہوگا۔

مسئلہ: ہر قسم کے جائز و ناجائز گہنے، چھلے، انگوٹھیاں، پہنچیاں، کنگن، کانچ لاکھ وغیرہ کی چوڑیاں، ریشم کے لچھے وغیرہ اگر اتنے تنگ ہوں کہ نیچے پانی نہ بہے تو اتار کر دھونا فرض ہے اور اگر صرف ہلا کر دھونے سے پانی بہہ جاتا ہو تو حرکت دینا ضروری ہے اور اگر ڈھیلے ہوں کہ بے ہلائے بھی نیچے پانی بہہ جائے گا تو کچھ ضروری نہیں۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: ہاتھوں کی آٹھوں گھائیاں، انگلیوں کی کروٹیں، ناخنوں کے اندر جو جگہ خالی ہے، کلائی کے بال جڑ سے نوک تک، ان سب پر پانی بہہ جانا ضروری ہے۔ اگر کچھ بھی رہ گیا یا بالوں کی جڑوں پر پانی بہہ گیا مگر کسی ایک بال کی نوک پر نہ بہا تو وضو نہ ہوا مگر ناخنوں کے اندر کا میل معاف ہے۔ (درمختار)

مسئلہ: عورتوں کو پھنسی چوڑیوں کا شوق ہوتا ہے۔ انہیں ہٹا ہٹا کر پانی بہائیں۔
(فتاویٰ رضویہ)

(۳) سر کا مسح: سر پر بال نہ ہوں تو جلد کی چوتھائی اور جو بال ہوں تو خاص سر کے بالوں کی چوتھائی کا مسح فرض ہے۔ (ردالمحتار) سر سے نیچے جو بال لٹکتے ہیں، ان کا مسح کافی نہیں۔

مسئلہ: مسح کرنے کے لیے ہاتھ تر ہونا چاہیے۔ خواہ کسی عضو کو دھونے کے بعد ہاتھ میں تری رہ گئی یا نئے پانی سے ہاتھ تر کر لیا ہو۔ ہاں کسی عضو کے مسح کے بعد ہاتھ میں جو تری رہ جائے گی وہ دوسرے عضو کے مسح کے لیے کافی نہ ہوگی۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: دوپٹہ پر مسح ہرگز کافی نہیں۔ مگر جبکہ دوپٹہ اتنا باریک اور تری اتنی زیادہ ہو کہ کپڑے سے پھوٹ کر چوتھائی سر یا بالوں کو تر کر دے تو مسح ہو جائے گا۔ (بحر وغیرہ)

(۴) پاؤں دھونا: اس حکم میں گٹے بھی داخل ہیں۔ گھائیاں، انگلیوں کی کروٹیں، ٹخنے، ایڑیاں اور کونچیں سب کا دھونا فرض ہے۔ (عامہ کتب)

مسئلہ: چھلے اور سب گہنے کہ گٹوں پر یا ان سے نیچے ہوں ان کا حکم وہی ہے جو اوپر بیان کیا گیا ہے۔ (فتاویٰ رضویہ)

متفرق مسائل

(۱) آنکھوں کے ڈھیلے اور پپوٹوں کی اندرونی سطح کا دھونا کچھ درکار نہیں بلکہ نہ چاہیے کہ نقصان دیتا ہے۔ (فتاویٰ رضویہ)

(۲) جن اعضا کا دھونا فرض ہے ان پر پانی بہہ جانا شرط ہے۔ اگرچہ بلا ارادہ اپنے فعل سے نہ ہو۔ مثلاً مینہ برسا اور اعضاء وضو کے ہر حصے سے دو دو قطرے پانی کے بہہ گئے وہ اعضاء دھل گئے یا پھوار بری اور چوتھائی سر کو تری پہنچ گئی تو مسح سر کا فرض اتر گیا۔
(درمختار وغیرہ)

(۳) جس چیز کی انسان کو ضرورت پڑتی رہتی ہے اور اس کی دیکھ بھال اور احتیاط میں حرج ہو، اس کا ناخنوں کے اندر یا اوپر یا اور کہیں لگا رہ جانا وضو ہونے سے نہیں روکتا۔ اگرچہ وہ چیز جرم دار ہو، اگرچہ اس کے نیچے پانی نہ پہنچے، اگرچہ سخت چیز ہو، جیسے پکانے گوندھنے والیوں کے لیے آٹا، عورت کے لیے مہندی یا کوئے پلک میں سرمہ، کاجل، اسی طرح بدن کا میل، مٹی، غبار، مکھی، مچھر کی بیٹ۔ (درمختار)

(۴) عورت کے ہاتھ پاؤں پر مہندی کا جرم (تہہ) لگا رہ گیا اور خبر نہ ہوئی تو وضو و غسل ہو جائے گا۔ ہاں جب معلوم ہو جائے تو چھڑا کر وہاں پانی بہادے۔ یونہی سرمہ آنکھ کے کوئے یا پلک میں رہ گیا اور خبر نہ ہوئی تو کوئی حرج نہیں۔ (فتاویٰ رضویہ)

(۵) کسی کے ماتھے پر افشاں چنی ہو اور اوپر سے پانی بہادیا یا ہاتھ پاؤں کے ناخنوں پر سرخی کا جرم (تہہ) موجود ہے اور وضو کر لیا تو وضو نہ ہوگا کہ یہ نہ ضرورت کی چیزیں ہیں اور نہ ان کی نگہداشت اور احتیاط میں کوئی حرج ہے۔ لہٰذا ماتھے کا گوند اور سرخی کا جرم دُور کر کے وضو و غسل کرنا چاہیے۔

وضو کی سنتیں

(۱) نیت کرنا۔

(۲) بسم اللہ سے شروع کرنا۔

(۳) پہلے ہاتھوں کو گٹوں تک تین تین بار دھونا۔

(۴) مسواک کرنا (یہ عورتوں کے لیے ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی سنت ہے) لیکن اگر وہ نہ کریں تو حرج نہیں۔ ان کے لیے مسی کافی ہے۔ ان کے دانت اور مسوڑھے بہ نسبت مردوں کے کمزور ہوتے ہیں۔ (الملفوظ)

(۵) تین چلو پانی سے تین کلیاں کرنا۔

(۶) تین چلو سے تین بار ناک میں پانی چڑھانا۔

(۷) بائیں ہاتھ سے ناک صاف کرنا۔

(۸) ہاتھ پاؤں کی انگلیوں کا خلال کرنا۔

(۹) جو اعضاء دھونے کے ہیں ان کو تین تین بار دھونا۔

(۱۰) پورے سر کا ایک بار مسح کرنا۔

(۱۱) ساتھ ہی دونوں کانوں کا اسی پانی سے مسح کرنا۔

(۱۲) ترتیب سے وضو کرنا کہ پہلے منہ پھر ہاتھ دھوئیں، پھر سر کا مسح کریں پھر پاؤں دھوئیں۔

(۱۳) اعضاء کو اس طرح دھونا کہ پہلے والا عضو سوکھنے نہ پائے۔ (عامہ کتب)

وضو کے مستحبات

(۱) قبلہ رو اونچی جگہ بیٹھ کر وضو کرنا۔

(۲) وضو کا پانی پاک جگہ پر گرانا۔

(۳) پانی بہاتے وقت ہر حصہ پر تر ہاتھ پھیر لینا۔

(۴) اپنے ہاتھ سے پانی بھرنا۔

(۵) وضو کرنے میں بغیر ضرورت دوسرے سے مدد نہ لینا۔

(۶) وقت سے پہلے وضو کر لینا۔

(۷) انگوٹھی وغیرہ کو حرکت دینا۔ اگر تنگ ہو تو ہلانا ضروری ہے۔

(۸) اطمینان سے وضو کرنا۔

(۹) دونوں ہاتھوں سے منہ دھونا۔

(۱۰) ہر عضو کو دھوتے وقت نیت وضو حاضر رہنا۔

(۱۱) بسم اللہ اور درود شریف وغیرہ دعائیں پڑھنا۔

(۱۲) گردن کا مسح کرنا۔

(۱۳) وضو سے فارغ ہوتے ہی آسمان کی طرف منہ کر کے کھڑے ہو کر کلمۂ شہادت اور اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ پڑھنا۔

(۱۴) وضو کا بچا ہوا تھوڑا پانی پی لینا۔

(۱۵) بغیر ضرورت بدن کو کپڑے سے بالکل خشک نہ کرنا۔ (عامہ کتب)

وضو کرنے کا مسنون طریقہ

پہلے نیت کر کے وضو کرنے، قبلہ رو اونچی جگہ بیٹھیں۔ وضو کا پانی پاک جگہ گرائیں اور وضو کرنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی دِیْنِ الْاِسْلَامِ پڑھ لیں۔ پھر دونوں ہاتھ پہنچوں تک تین بار دھوئیں اور اس کا خیال رکھیں کہ انگلیوں کی گھائیاں اور کروٹیں پانی بہنے سے نہ رہ جائیں ورنہ وضو نہ ہوگا۔ پھر تین مرتبہ مسواک کریں، پھر تین بار اس طرح کلی کریں کہ منہ کی تمام جڑوں اور دانتوں کی سب کھڑکیوں میں غرض ہر بار منہ کے اندر اور ہر پرزہ پر پانی بہہ جائے اور روزہ نہ ہو تو غرغرہ کریں اور کلی یا غرغرہ داہنے ہاتھ سے پانی لے کر کریں۔ پھر بائیں ہاتھ کی چھنگلی ناک میں ڈال کر ناک صاف کریں اور تین چلو سے تین بار ناک میں پانی چڑھائیں کہ جہاں تک نرم گوشت ہوتا ہے ہر بار اس پر پانی بہہ جائے۔ اور روزہ نہ ہو تو ناک کی جڑ تک پانی پہنچائیں۔ یہ کام داہنے ہاتھ سے کریں۔ پھر منہ دھونے کے لیے دونوں ہاتھوں سے ماتھے کے سرے پر ایسا پھیلا کر پانی ڈالیں کہ اوپر کا بھی کچھ حصہ دھل جائے اور دونوں رُخسار ساتھ ہی ساتھ دھوئیں اور منہ پر پانی لمبائی میں پیشانی کے بالوں کی جڑوں سے ٹھوڑی کے نیچے تک اور چوڑائی میں ایک کان سے دوسرے کان تک بہائیں۔ پھر پہلے داہنا پھر بایاں، دونوں ہاتھ کہنیوں تک اس طرح دھوئیں کہ پانی کی دھار ناخنوں سے کہنیوں تک برابر پڑتی چلی جائے اور اس کا خیال رکھیں کہ ایک رونگٹا بھی خشک نہ رہے۔ اگر پانی کسی بال کی جڑ کو تر کرتا ہوا بہہ گیا اور اوپری حصّہ خشک رہ گیا تو وضو نہ ہوگا۔ پھر پورے سر کا مسح کریں اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ دونوں ہاتھوں کا انگوٹھا اور کلمہ کی انگلی چھوڑ کر ایک ہاتھ کی باقی انگلیوں کا سرا دوسرے ہاتھ کی تینوں انگلیوں کے سرے سے ملائیں اور پیشانی کے بال پر رکھ کر گدی تک اس طرح کھینچتے ہوئے لے جائیں کہ

ہتھیلیاں سر سے جُدا رہیں۔ وہاں سے ہتھیلیوں سے مسح کرتے ہوئے پیشانی تک واپس لائیں اور کلمہ کی انگلی کے پیٹ سے کانوں کے پیٹ کا اور انگوٹھوں کے پیٹ سے کانوں کی پشت کا اور انگلیوں کی پشت سے گردن کا مسح کریں۔ گلے پر ہاتھ نہ لگائیں کہ بدعت ہے۔

پھر تین تین بار پہلے دایاں، پھر بایاں، دونوں پاؤں ٹخنے کے اوپر نصف پنڈلی تک دھوئیں اور دھونے میں ہر بار پانی پاؤں کے ناخنوں کی طرف سے گٹوں کے اوپر تک لائیں کہ سنت یہی ہے اور پاؤں کی انگلیوں کا خلال بائیں ہاتھ کی چھنگلی سے کریں۔ وضو کے بعد میانی پر کچھ پانی چھڑک لیں کہ شیطانی وسوسہ کو دور کرتا ہے۔ پھر بچا ہوا پانی کھڑے ہو کر تھوڑا سا پی لیں کہ شفا بخشتا ہے اور آسمان کی طرف منہ کر کے کلمۂ شہادت اور اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ پڑھ لیں۔ (عامہ کتب)

وضو کے مکروہات

(۱) وضو کے لیے ناپاک جگہ بیٹھنا یا ناپاک جگہ وضو کا پانی گرانا۔
(۲) اعضائے وضو سے لوٹے وغیرہ میں پانی ٹپکانا۔
(۳) مسجد کے اندر وضو کرنا۔
(۴) پانی میں تھوکنا، ناک سنکنا اگرچہ دریا یا حوض ہو۔
(۵) قبلہ کی طرف تھوکنا یا کلی کرنا۔
(۶) بے ضرورت دنیا کی بات کرنا۔
(۷) زیادہ پانی خرچ کرنا۔
(۸) اتنا کم پانی خرچ کرنا کہ سنت ادا نہ ہو۔
(۹) چہرہ پر زور سے پانی مارنا۔
(۱۰) ایک ہاتھ سے منہ دھونا کہ یہ ہندوؤں (کافروں) کا طریقہ ہے۔
(۱۱) گلے کا مسح کرنا۔

(۱۲) بائیں ہاتھ سے کلی کرنا یا ناک میں پانی ڈالنا۔
(۱۳) دائیں ہاتھ سے ناک صاف کرنا۔
(۱۴) تین نئے پانیوں سے تین بار سر کا مسح کرنا۔
(۱۵) دھوپ کے گرم پانی سے وضو کرنا کہ وہ برص (سفید داغ) پیدا کرتا ہے۔
(۱۶) ہونٹ یا آنکھیں زور سے بند کرلینا۔
(۱۷) کسی سنت کو چھوڑ دینا۔

وضو توڑنے والی چیزوں کا بیان

کچھ چیزیں ایسی ہیں کہ انہیں شریعت مطہرہ نے نواقض وضو قرار دیا ہے۔ یعنی ان میں سے اگر ایک بھی پائی جائے تو وضو ٹوٹ جاتا ہے۔ ان میں بعض یہ ہیں:

(۱) آگے یا پیچھے کے مقام سے پیشاب پاخانہ وغیرہ کسی نجاست یا کیڑے یا پتھری کا نکلنا یا پیچھے سے ہوا کا خارج ہونا۔

(۲) خون، پیپ یا زرد پانی جب کہ کہیں سے نکل کر ایسی جگہ بہہ کر چلا جائے کہ جس کا وضو یا غسل میں دھونا فرض ہے۔

(۳) آنکھ، کان، ناف، پستان وغیرہا میں دانہ یا ناسور یا کوئی بیماری ہو اور اس وجہ سے جو آنسو یا پانی بہے گا وضو توڑ دے گا۔ دکھتی ہوئی آنکھ سے جو آنسو بہتا ہے اس کا یہی حکم ہے کہ یہ پانی خود بھی نجس ہے۔

(۴) کھانے یا پانی یا صفرا کی منہ بھرتے، یوں ہی جمے ہوئے خون کی منہ بھرتے، اور بہتے ہوئے خون کی قے جب کہ تھوک اس پر غالب نہ ہو، وضو توڑ دیتی ہے۔

(۵) بے ہوشی، غشی، پاگل پن اور اتنا نشہ کہ چلنے میں پاؤں لڑکھڑائیں، وضو توڑ دیتا ہے۔

(۶) بالغ کا قہقہہ یعنی اتنی آواز سے ہنسی کہ آس پاس والے سنیں جب کہ جاگتے میں اور رکوع و سجود والی نماز میں ہو وضو توڑ دیتا ہے۔

(۷) سو جانے سے بھی وضو جاتا رہتا ہے۔ مثلاً لیٹے لیٹے آنکھ لگ گئی یا کسی چیز کے سہارے بیٹھے بیٹھے نیند آگئی کہ اگر وہ چیز نہ ہوتی تو گر پڑتے تو وضو جاتا رہا۔ اور اگر نماز میں بیٹھے بیٹھے یا سجدے میں قصداً سو گئے تو بھی وضو گیا اور نماز بھی گئی۔

(۸) منہ سے خون کا نکلنا بھی جب کہ تھوک پر غالب ہو ناقض وضو ہے۔

(عامہ کتب، بہار شریعت)

وہ صورتیں جن میں وضو نہیں جاتا

(۱) خون یا پیپ یا زرد پانی ابھرا اور بہا نہیں جیسے سوئی کی نوک یا چاقو کا کنارہ لگ جاتا ہے اور خون ابھر آتا ہے۔

(۲) یا اپنی یا پرائی شرمگاہ۔ (پیشاب پاخانہ کی جگہ پر ہاتھ لگایا)

(۳) یا خلال کیا یا مسواک کی یا انگلی سے دانت مانجھے یا دانت سے کوئی چیز کاٹی اس پر خون کا اثر پایا یا ناک میں انگلی ڈالی اس پر خون کی سرخی آگئی مگر وہ خون بہنے کے قابل نہیں۔

(۴) یا ناک صاف کی اس میں سے جما ہوا خون نکلا۔

(۵) کان میں تیل ڈالا تھا اور ایک دن بعد کان یا ناک سے نکلا۔

(۶) جوں، کھٹمل، مچھر یا پسو نے خون چوسا۔

(۷) بلغم کی قے جتنی بھی ہو۔

(۸) بیٹھے بیٹھے جھونکے لیتے رہے یا اونگھتے رہے۔

(۹) یا نماز کے اندر سوتے میں یا نماز جنازہ یا سجدۂ تلاوت میں قہقہہ لگایا۔ تو ان صورتوں میں وضو نہ جائے گا اور آخری صورت میں نماز یا سجدہ فاسد ہے۔ (عامہ کتب)

فائدہ: اپنی یا پرانی شرمگاہ دیکھنے سے وضو جاتا رہتا ہے جیسا کہ مشہور ہے۔ محض بے اصل بات ہے۔ ہاں عورت کا بلا ضرورت بدن کھلا رکھنا اگرچہ وہ سر ہو یا کلائی یا بازو دوسرے کے سامنے کھولنا حرام ہے۔

وضو کے متفرق مسائل

(۱) خود پانی کا بدن کے حصوں پر بہہ جانا ضروری ہے۔ اگر ہاتھ یا پاؤں کے پنجے پر پانی ڈالا، کہنیوں اور پاؤں کے ٹخنوں تک نہ پہنچا تھا کہ بیچ میں ہاتھ لگا کر آخر عضو تک پھیر دیا (جیسا کہ بہت لوگ کرتے ہیں) تو وضو نہ ہوگا کہ یہ بہانا نہ ہوا چپڑنا ہوا اور فرض بہانا تھا۔

(۲) مستحب ہے کہ اعضا دھونے سے پہلے بھیگا ہاتھ پھیر لے کہ پانی جلد دوڑتا ہے اور تھوڑا بہت کا کام دیتا ہے۔ خصوصاً جاڑے میں اس کی زیادہ حاجت ہے کہ اعضا میں خشکی ہوتی ہے۔ بہتی دھار بیچ میں جگہ چھوڑ جاتی ہے جیسا کہ معلوم ہوتا ہے اس ترکیب سے وضو بھی کامل ہوگا اور پانی میں اسراف (فضول خرچی) سے بھی انسان بچا رہے گا۔

(۳) بہت سے لوگ یوں کیا کرتے ہیں کہ ناک یا آنکھ یا بھوؤں پر چلو ڈال کر سارے منہ پر ہاتھ پھیر لیتے ہیں اور یہ سمجھتے ہیں کہ منہ دھل گیا۔ حالانکہ پانی کا اوپر چڑھنا کوئی معنی نہیں رکھتا اور اس طرح دھونے میں منہ نہیں دھلتا اور وضو نہیں ہوتا۔ یونہی چلو میں پانی لے کر کلائی پر الٹ لینا ہرگز کافی نہیں۔

(۴) جو حصے دھونے کے ہیں، طہارت میں ان میں سے ہر حصہ کا پورے تین بار دھونا سنت مؤکدہ ہے۔ لہٰذا ہر مرتبہ اس طرح دھوئے کہ عضو کا کوئی حصہ رہ نہ جائے ورنہ سنت ادا نہ ہوگی اور اس میں چلوؤں کی گنتی نہیں بلکہ پورا عضو دھونے کی گنتی ہے کہ وہ تین مرتبہ ہو اگرچہ کتنے ہی چلوؤں سے۔

(۵) کسی بیماری کی وجہ سے پاؤں کے انگوٹھوں میں اس قدر کھینچ کر تاگا باندھا جاتا ہے کہ پانی کا بہنا تو درکنار، تاگے کے نیچے تر بھی نہیں ہوتا۔ اس سے بچنا لازم ہے۔

(۶) پانی احتیاط سے خرچ کریں۔ بے سبب زیادہ خرچ کرنے سے بچیں۔ بعض لوگ چلو لینے میں پانی ایسا ڈالتے ہیں کہ ابل جاتا ہے حالانکہ جو گرا بے کار ہوگیا۔ اس سے احتیاط چاہیے۔ جس کام کے لیے لیں اس کا اندازہ کرلیں۔ مثلاً ناک میں پانی چڑھانے کے لیے آدھا چلو کافی ہے۔

(۷) لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ تھوڑا سا پانی منہ میں لے کر اگل دینے یا جلدی جلدی تین بار بچ بچ کر لینے سے کلی اور ناک کی پھنک یا نوک سے پانی چھلا لینے سے وضو میں سنت ادا ہو جاتی ہے۔ حالانکہ ایسا نہیں بلکہ اس کی عادت ڈالنا گناہ ہے اور غسل میں ایسا کرنے سے تو غسل ادا ہی نہیں ہوتا کہ فرض رہ جاتا ہے۔

(۸) استنجا کے بعد جو پانی برتن میں بچ رہا ہے پاک ہی ہے۔ اس سے وضو جائز ہے اور اس کا پھینک دینا گناہ و ناجائز ہے۔ یوں ہی وضو کے بعد لوٹے میں جو پانی بچ رہتا ہے وہ دوسرے وضو یا کسی اور کام میں آ سکتا ہے۔ لوگ اسے پھینک دیتے ہیں۔ یہ نہ چاہیے کہ اسراف میں داخل ہے۔ (در مختار، ردالمحتار، فتاویٰ رضویہ، بہار شریعت)

ضروری نہایت ضروری

بدن پر کوئی نجاست نہ لگی ہو تو جو پانی وضو یا غسل کرنے میں بدن سے گرا وہ پاک تو ہے مگر اس سے وضو یا غسل جائز نہیں۔ (در مختار)

یوں ہی اگر بے وضو شخص کا ہاتھ یا انگلی یا پورا یا ناخن یا بدن کا کوئی حصہ جو وضو میں دھویا جاتا ہے۔ اسی طرح جس شخص پر نہانا فرض ہے اس کے جسم کا کوئی حصہ جو دھلا نہ ہو، پانی میں پڑ جائے یا پانی سے چھو جائے تو وہ پانی مستعمل ہو گیا۔ اس سے وضو یا غسل نہیں ہو سکتا۔ اس کا پینا اور اس سے آٹا گوندھنا مکروہ ہے۔ ہاں کپڑے وغیرہ دھونے کے کام آ سکتا ہے عورتیں اس مسئلہ کی طرف خاص توجہ دیں وہ اکثر چھنگلی یا کسی انگلی کی گانٹھ پانی میں ڈال کر دیکھتی ہیں کہ گرم ہے یا نہیں اور اس کا انہیں خیال بھی نہیں ہوتا کہ اب یہ پانی نہ وضو کے قابل رہا نہ غسل کے۔ ہاں ہاتھ دھو کر ڈالیں تو کوئی حرج نہیں۔ یوں ہی اگر ہاتھ دھلا ہوا ہے مگر پھر دھونے کی نیت سے پانی میں ڈالا اور یہ دھونا ثواب کا کام ہو۔ جیسے کھانے کے لیے، وضو کے لیے تو یہ پانی مستعمل ہو گیا۔ یعنی وضو و غسل کے کام کا نہ رہا اور اس کو پینا بھی مکروہ ہے۔ (نور الابصار، فتاویٰ رضویہ وغیرہ)

ایسے پانی کو جو مستعمل ہو گیا اگر وضو یا غسل کے کام میں لانا چاہیں تو اچھا پانی اس

سے زیادہ اس میں ملادیں۔ یہ سب پانی کام کا ہو جائے گا۔ (در مختار ردالمحتار وغیرہ)

وضو کی دعائیں

(۱) کلی کرتے وقت:

اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی تِلَاوَۃِ الْقُرْاٰنِ وَذِکْرِکَ وَشُکْرِکَ وَحُسْنِ عِبَادَتِکَ۔

الٰہی میری مدد فرما قرآن کی تلاوت اور اپنے ذکر و شکر اور اچھی عبادت پر۔

(۲) ناک میں پانی ڈالتے وقت:

اَللّٰھُمَّ اَرِحْنِیْ رَائِحَۃَ الْجَنَّۃِ وَلَا تُرِحْنِیْ رَائِحَۃَ النَّارِ۔

الٰہی مجھے جنت کی خوشبو سونگھا اور جہنم کی بدبو نہ سونگھا۔

(۳) منہ دھوتے وقت:

اَللّٰھُمَّ بَیِّضْ وَجْھِیْ یَوْمَ تَبْیَضُّ وُجُوْہٌ وَّتَسْوَدُّ وُجُوْہٌ۔

الٰہی میرا چہرہ روشن کر جس دن کچھ چہرے سفید ہوں گے اور کچھ چہرے سیاہ۔

(۱۴) داہنا ہاتھ دھوتے وقت:

اَللّٰھُمَّ اَعْطِنِیْ کِتَابِیْ بِیَمِیْنِیْ وَحَاسِبْنِیْ حِسَابًا یَّسِیْرًا۔

الٰہی میرا نامہ اعمال میرے داہنے ہاتھ میں دینا اور مجھ سے آسان حساب کرنا۔

(۵) بایاں ہاتھ دھوتے وقت:

اَللّٰھُمَّ لَا تُعْطِنِیْ کِتَابِیْ بِشِمَالِیْ وَلَا مِنْ وَّرَآءِ ظَھْرِیْ۔

الٰہی میرا نامہ اعمال نہ میرے بائیں ہاتھ میں دینا نہ میری پیٹھ کے پیچھے سے۔

(۶) سر کا مسح کرتے وقت:

اَللّٰھُمَّ اَظِلَّنِیْ تَحْتَ عَرْشِکَ یَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّ

الٰہی تو مجھے اپنے عرش کے سائے میں رکھنا جس دن تیرے عرش کے سائے کے

عَرْشِکَ۔

سوا کہیں سایہ نہ ہوگا۔

(۷) کانوں کا مسح کرتے وقت:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ الَّذِیْنَ یَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَیَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَہٗ۔

الٰہی تو مجھے ان لوگوں میں کر دے جو بات سنتے اور اچھی بات پر عمل کرتے ہیں۔

(۸) گردن کا مسح کرتے وقت:

اَللّٰھُمَّ اَعْتِقْ رَقَبَتِیْ مِنَ النَّارِ۔

الٰہی میری گردن آگ سے آزاد کر دے۔

(۹) دایاں پاؤں دھوتے وقت:

اَللّٰھُمَّ ثَبِّتْ قَدَمِیْ عَلَی الصِّرَاطِ یَوْمَ تَزِلُّ الْاَقْدَامُ۔

اے اللہ میرا قدم پل صراط پر ثابت رکھ جس دن اس پر قدم لغزش کریں گے۔

(۱۰) بایاں پاؤں دھوتے وقت:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ ذَنْبِیْ مَغْفُوْرًا وَّسَعْیِیْ مَشْکُوْرًا وَّتِجَارَتِیْ لَنْ تَبُوْرَ۔

اے اللہ میرے گناہوں کو بخش دے اور میری کوشش کو کامیاب بنا اور میری تجارت ہلاک نہ ہو۔

(۱۱) وضو سے فارغ ہوتے ہی:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَھِّرِیْنَ۔

اے اللہ تو مجھے توبہ قبول کرنے والوں میں اور پاک لوگوں میں کر دے۔

پھر کھڑے ہو کر اور آسمان کی طرف منہ کر کے:

سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ۔

تو پاک ہے اے اللہ اور میں تیری حمد کرتا ہوں، میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں میں تجھ سے بخشش چاہتا اور تیری طرف توبہ کرتا ہوں۔

متفرق مسائل

(۱) جو چیز انسان کے بدن سے نکلے اور وضو نہ توڑے وہ نجس نہیں۔ مثلاً خون کہ بہہ کر نہ نکلے یا تھوڑی قے کہ منہ بھر نہ ہو، پاک ہے۔

(۲) خارش یا پھنسیوں میں جبکہ بہنے والی رطوبت نہ ہو بلکہ صرف چپک ہو۔ کپڑا اس سے بار بار چھو کر اگرچہ کتنا ہی سن جائے، پاک ہے۔

(۳) سوتے میں جو رال منہ سے گرے، اگرچہ پیٹ سے آئے اور بدبودار ہو، پاک ہے۔

(۴) آنکھ دکھنے میں جو آنسو بہتا ہے ناپاک بھی ہے اور ناقض وضو بھی۔ اس سے احتیاط ضروری ہے۔ اکثر دیکھا گیا ہے کہ کرتے وغیرہ سے اس آنسو کو پونچھ لیا کرتے ہیں اور اپنے خیال میں اسے آنسوؤں کی طرح سمجھتے ہیں۔ یہ غلطی ہے اور اگر ایسا کیا تو کپڑا ناپاک ہو گیا۔

(۵) شیر خوار بچے (دودھ پیتے) نے دودھ ڈال دیا۔ اگر وہ منہ بھر ہے، نجس ہے۔ درہم سے زیادہ جگہ میں جس چیز کو لگ جائے گا، ناپاک کر دے گا۔ لیکن اگر یہ دودھ معدے سے نہیں آیا بلکہ سینے تک پہنچ کر پلٹ آیا تو پاک ہے۔

(۶) درمیان وضو میں کوئی ایسی بات ہوئی جس سے وضو جاتا رہتا ہے تو نئے سرے سے وضو کرے۔ وہ پہلے دھلے ہوئے بے دھلے ہو گئے۔

(۷) منہ سے اتنا خون نکلا کہ تھوک سرخ ہو گیا تو اگر لوٹے کٹورے یا کسی اور برتن سے منہ لگا کر کلی کے لیے پانی لیا تو لوٹا، کٹورا اور کل پانی نجس ہو جائے گا۔ ایسی صورت میں چلو میں پانی لے کر کلی کرے اور پھر دھو کر کلی کے لیے پانی لے۔

(۸) اگر درمیان وضو میں کسی عضو کے دھونے میں شک واقع ہوا اور یہ زندگی کا پہلا واقعہ ہے تو اس کو دھو لے اور اگر شک پڑا کرتا ہے تو اس کی طرف دھیان نہ دے۔ یوں ہی اگر وضو کرنے کے بعد شک ہو تو اس کا کچھ خیال نہ کریں۔

(۹) جو باوضو تھا اب اسے شک ہے کہ وضو ہے یا ٹوٹ گیا تو وضو کرنا اسے ضروری نہیں۔ ہاں کر لے تو بہتر ہے اور اگر یہ شبہ بطور وسوسہ کے ہو کہ اکثر پڑتا ہی رہتا ہے تو اسے ہرگز نہ مانے۔ اس صورت میں احتیاط سمجھ کر وضو کرنا احتیاط نہیں بلکہ شیطان لعین کی پیروی ہے۔

(۱۰) میدانی میں تری دیکھی مگر یہ نہیں معلوم کہ پانی ہے یا پیشاب تو اگر عمر کا یہ پہلا واقعہ ہے تو وضو کر لے اور اس جگہ کو دھو لے اور اگر بارہا ایسے شبہے پڑتے رہتے ہیں تو اس کی طرف توجہ نہ دے کہ یہ شیطانی وسوسہ ہے۔

فائدہ: ولہان ایک شیطان کا نام ہے جو وضو میں وسوسے ڈالتا ہے۔ اس کے ہر ایک وسوسے سے بچنے کی بہترین صورت یہ ہے کہ اعوذ باللہ یا لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم یا قل اعوذ برب الناس پڑھیں اور وسوسہ کا بالکل خیال نہ کرنا۔ بلکہ اس کے خلاف عمل کرنا، وسوسہ کو دفع کرتا ہے۔

(درمختار، ردالمحتار، بہار شریعت)

غسل کا بیان

اللہ عزوجل فرماتا ہے:

وَاِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا۔ اگر تم جنب ہو تو خوب پاک ہو جاؤ، یعنی غسل کرو۔

اور فرماتا ہے: حَتّٰى يَطْهُرْنَ۔ (اے مردو تم عورتوں کے قریب نہ جاؤ) یہاں تک کہ وہ حیض والی عورتیں پاک ہو جائیں۔

چند احادیثِ کریمہ

ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ:

(۱) ہر بال کے نیچے جنابت ہے۔ تو بال دھوؤ اور جلد کو صاف کرو۔

(ابوداؤد و ترمذی)

(۲) جو شخص جنابت کے غسل میں ایک بال کی جگہ بے دھوئے چھوڑ دے گا اس کے ساتھ آگ سے ایسا ایسا کیا جائے گا۔ (یعنی عذاب دیا جائے گا) (ابوداؤد)

(۳) ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ ام سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کیا یا رسول اللہ، اللہ تعالیٰ حق بیان کرنے سے حیا نہیں فرماتا۔ تو کیا جب عورت کو احتلام ہو تو اس پر نہانا فرض ہے؟ فرمایا ہاں جبکہ پانی (منی) دیکھے۔ ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے منہ ڈھانپ لیا اور عرض کیا یا رسول اللہ کیا عورت کو احتلام ہوتا ہے۔ فرمایا: ہاں! ایسا نہ ہو تو کس وجہ سے بچہ ماں کے مشابہ (ملتا جلتا) ہوتا ہے۔ (بخاری و مسلم)

فائدہ: امہات المومنین کو اللہ عزوجل نے حاضری خدمت سے پہلے بھی احتلام (بدخوابی) سے محفوظ رکھا تھا۔ اس لیے کہ احتلام میں شیطان کا دخل ہوتا ہے اور شیطانی مداخلتوں سے ازواجِ مطہرات (حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پاکیزہ و ستھری بیبیاں ہماری مقدس مائیں) پاک ہیں۔ اسی لیے ان کو حضرت ام سلیم کے اس قول کا تعجب ہوا۔

(بہار شریعت)

(۴) فرشتے اس گھر میں نہیں جاتے جس گھر میں تصویر اور کتا اور جنب ہو۔ (ابوداؤد)

(۵) حیض والی اور جنب قرآن سے کچھ نہ پڑھیں۔ (ترمذی)

(۶) ان گھروں کا رُخ مسجد سے پھیر دو کہ میں مسجد کو حیض والی اور جُنُب کے لیے حلال نہیں کرتا۔ (ابوداؤد)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم غسل کے بعد وضو نہ فرماتے۔ (ترمذی شریف وغیرہ)

فقہی احکام

غسل میں تین فرض ہیں:

(۱) **کلی کرنا:** کہ منہ کے ہر پرزے، گوشے، ہونٹ سے حلق کی جڑ تک ہر جگہ پانی بہہ جائے۔ آج کل بہت بے علم یہ سمجھتے ہیں کہ تھوڑا سا پانی منہ میں لے کر اگل دیئے کو کلی کہتے ہیں۔ اگرچہ زبان کی جڑ اور حلق کے کنارے تک پانی نہ پہنچے۔ یوں غسل نہیں اترتا۔ نہ اس غسل سے نماز ہو سکے۔ بلکہ فرض ہے کہ ڈاڑھوں کے نیچے گالوں کی تہہ میں، دانتوں کی جڑ اور کھڑکیوں میں اور زبان کی ہر کروٹ میں، حلق کے کنارے تک ہر پرزے پر پانی بہے۔ (در مختار وغیرہ)

مسئلہ: دانتوں کی جڑوں یا کھڑکیوں میں کوئی ایسی چیز جمی ہو جو پانی بہنے سے روکے تو اس کا چھڑانا ضروری ہے جبکہ چھڑانے میں ضرر اور حرج نہ ہو۔ جیسے چھالیہ کے دانے، گوشت کے ریزے اور اگر چھڑانے میں ضرر اور حرج ہو جیسے بہت پان کھانے سے دانتوں کی جڑوں میں چونا جم جاتا ہے کہ چھڑانے کے قابل نہیں ہوتا یا عورتوں کے دانتوں میں مسی کی ریخیں جم جاتی ہیں اور ان کے چھیلنے میں ضرر کا اندیشہ ہے تو اس قدر کی معافی ہے۔ (ردالمحتار وغیرہ)

(۲) **ناک میں پانی ڈالنا:** دونوں نتھوں کا جہاں تک نرم حصّہ ہے یعنی سخت ہڈی کے شروع تک اس کا دھونا کہ پانی کو سونگھ کر اوپر چڑھائے۔ بال برابر جگہ بھی دھلنے سے نہ رہ جائے ورنہ غسل نہ ہوگا۔ ناک کے اندر کثافت (رینٹھ) جم گئی ہے تو اس کا چھڑانا فرض ہے۔ نیز ناک کے بالوں کا بھی دھونا فرض ہے۔ بلاق کا سوراخ اگر بند نہ ہو تو اس میں پانی پہنچانا ضروری ہے۔ پھر اگر تنگ ہے تو حرکت دینا ضروری ہے ورنہ نہیں۔

(ردالمحتار، درمختار وغیرہ)

(۳) **تمام ظاہری بدن:** یعنی سر کے بالوں سے پاؤں کے تلوؤں تک جسم کے ہر پرزے، ہر رونگٹے پر پانی بہہ جانا۔ جب تک ایک ایک ذرے پر پانی بہتا ہوا نہ گزرے گا، غسل ہرگز نہ ہوگا۔ (عامہ کتب، بہار شریعت)

غسل کی احتیاطیں

غسل میں دو قسم کی بے احتیاطیاں پائی جاتی ہیں جن میں غسل نہیں ہوتا اور نمازیں برباد ہو جاتی ہیں:

اوّل: پانی کو بعض جگہ تیل کی طرح چپڑ لیتے ہیں یا جیگا ہاتھ پھیر جانے پر قناعت کرتے ہیں۔ حالانکہ یہ مسح ہوا، غسل نہ ہوا۔ غسل میں پانی ہر جگہ بہہ جانا ضروری ہے۔

دوم: اکثر عوام، بلکہ بعض پڑھے لکھے بھی یہ کرتے ہیں کہ سر پر پانی ڈال کر بدن پر ہاتھ پھیر لیتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ غسل ہو گیا۔ حالانکہ بعض جگہیں ایسی ہیں کہ جب تک خاص طور پر احتیاط نہ کی جائے وہ نہیں دھلیں گی اور غسل نہ ہوگا۔ لہٰذا ہم یہاں تفصیل سے بیان کرتے ہیں۔ خوب توجہ سے پڑھیں اور ہمیشہ دھیان میں رکھیں کہ بدن کے ہر ذرے پر رونگٹے پر پانی بہانا فرض ہے ورنہ غسل نہ ہوگا۔

وضو میں جن اعضاء کی احتیاط کی جاتی ہے، ان کا لحاظ یہاں بھی ضروری ہے۔ ان کے علاوہ خاص غسل میں احتیاط کی جگہیں یہ ہیں:

(۱) سر کے بال گندھے نہ ہوں تو ہر بال پر جڑ سے نوک تک پانی بہنا ضروری ہے اور گندھے ہوں تو عورت پر صرف جڑ تر کر لینا ضروری ہے۔ کھولنا ضروری نہیں۔ ہاں اگر چوٹی اتنی سخت گندھی ہو کہ بے کھولے جڑیں تر نہ ہوں گی تو کھولنا ضروری ہے۔

(۲) کانوں میں بالی وغیرہ زیوروں کے سوراخ کا وہی حکم ہے جو ناک میں نتھ کے سوراخ کا حکم وضو میں بیان ہوا۔ اسے پھر دیکھ لیں۔

(۳) کان کا ہر پرزہ اور اس کے سوراخ کا منہ، کانوں کے پیچھے بال ہٹا کر پانی بہائیں۔

(۴) ٹھوڑی اور گلے کا جوڑ کہ بے منہ اٹھائے نہ دھلے گا۔

(۵) دو بغلیں کہ بے ہاتھ اٹھائے نہ دھلیں گی۔

(۶) بازو کا ہر پہلو اور پیٹھ کا ہر ذرہ۔

(۷) پیٹ کی بلیٹیں اٹھا کر اور ناف میں انگلی ڈال کر دھوئیں۔

(۸) ران اور پیڑو کا جوڑ اور ران اور پنڈلی کا جوڑ۔

(۹) دونوں سرین ملنے کی جگہ۔

(۱۰) رانوں کی گولائی اور پنڈلیوں کی کروٹیں۔

(۱۱) ڈھلکی ہوئی پستان کو اٹھا کر دھوئیں۔

(۱۲) پستان اور پیٹ کے جوڑ کی جگہ۔

(۱۳) شرمگاہ کا ہر گوشہ، ہر ٹکڑا نیچے اوپر، خیال سے دھویا جائے۔ ہاں اندر انگلی ڈال کر دھونا ضروری نہیں، مستحب ہے۔ یوں ہی حیض و نفاس سے فارغ ہو کر غسل کرتی ہے تو ایک پرانے کپڑے سے اندر سے خون کا اثر صاف کر لینا مستحب ہے، لازمی نہیں۔

(۱۴) ماتھے پر افشاں جتی ہو تو اس کا چھڑانا ضروری ہے۔ یوں ہی بالوں میں اگر اتنا گوند وغیرہ لگا ہے کہ اس کے ہوتے بال اچھی طرح تر نہ ہوں گے تو اس کا چھڑانا بھی ضروری ہے ورنہ غسل نہ ہوگا۔ (در مختار، رد المحتار، فتاوی رضویہ، بہار شریعت)

غسل کی سنتیں

(۱) غسل کی نیت کر کے پہلے دونوں ہاتھ گٹوں تک تین مرتبہ دھوئیں۔

(۲) پھر استنجا کی جگہ دھوئیں خواہ ناپاکی ہو یا نہ ہو۔

(۳) پھر بدن پر جہاں کہیں نجاست ہو اسے دور کریں۔

(۴) پھر نماز کا سا وضو کریں مگر پاؤں نہ دھوئیں۔ ہاں اگر چوکی یا تختے یا پتھر یا پکے فرش پر نہائیں تو پاؤں بھی دھو لیں۔

(۵) پھر بدن پر تیل کی طرح پانی چپڑ لیں خصوصاً جاڑے میں۔

(۶) پھر تین مرتبہ داہنے مونڈھے پر پانی بہائیں۔

(۷) پھر تین مرتبہ بائیں مونڈھے پر۔

(۸) پھر تین بار سر پر اور تمام بدن پر پانی بہائیں اور یہاں سے ہٹ جائیں اور وضو

کرنے میں پاؤں نہیں دھوئے تھے تو اب دھولیں۔

(۹) نہاتے وقت قبلہ کو منہ نہ کریں۔

(۱۰) تمام بدن پر ہاتھ پھیریں اور ملیں۔

(۱۱) ایسی جگہ نہائیں کہ کوئی نہ دیکھے۔ عورتوں کو اس میں بہت احتیاط کی ضرورت ہے۔

(۱۲) کسی قسم کی نہ بات چیت کریں نہ کوئی دعا پڑھیں۔

(۱۳) بیٹھ کر نہائیں اور نہانے کے بعد فوراً کپڑے پہن لیں۔

(۱۴) وضو کی سنتیں اور مستحبات کا غسل میں بھی خیال رکھیں۔

(در مختار، رد المحتار وغیرہ)

غسل کن چیزوں سے فرض ہوتا ہے

پانچ چیزیں ہیں کہ ان میں سے ایک بھی پائی جائے تو غسل فرض ہو جاتا ہے:

(۱) منی کا اپنی جگہ سے شہوت کے ساتھ (یعنی مستی کی حالت میں) الگ ہو کر شرمگاہ سے نکلنا۔ لہٰذا اگر منی شہوت کے ساتھ اپنی جگہ سے جدا نہ ہوئی بلکہ بوجھ اٹھانے یا بلندی سے گرنے کے سبب نکلی یا پیشاب کے وقت یا ویسے ہی کچھ قطرے بلا شہوت نکل آئے تو ان دونوں صورتوں سے غسل فرض نہیں، البتہ وضو ٹوٹ جائے گا۔

(۲) **احتلام:** یعنی سوتے سے اٹھے اور بدن یا کپڑے پر تری پائے تو غسل واجب ہے۔ اگرچہ خواب یاد نہ ہو۔ ہاں اگر یقین ہے کہ یہ منی یا مذی نہیں بلکہ پیشاب یا پسینہ ہے یا کچھ اور ہے تو اگرچہ احتلام یاد ہو اور خیال میں انزال (منی نکلنے) کی لذت ہو تو غسل واجب نہیں۔ (رد المحتار)

مسئلہ: اگر منی نہ ہونے کا یقین ہے اور مذی کا شک ہے تو اگر خواب میں احتلام ہونا یاد نہیں تو غسل نہیں اور یاد ہے تو غسل فرض ہے۔ (رد المحتار)

مسئلہ: مرد اور عورت ایک چارپائی پر سوئے اور جاگے تو بستر پر منی پائی گئی، ان میں سے ہر ایک احتلام کا انکار کرتا ہے تو دونوں غسل کریں۔ (ردالمحتار)

فائدہ: شہوت کے وقت شروع شروع میں جو چیز شرمگاہ سے سفید رنگت کی نکلتی ہے اور اس کے نکلنے سے جوش کم نہیں ہوتا بلکہ خواہش اور بڑھ جاتی ہے اسے مذی کہتے ہیں اور شہوت کے بعد جب خوب لذت آتی ہے تو ایک گاڑھی رطوبت شرمگاہ سے نکلتی ہے اسے منی کہتے ہیں۔ منی نکلنے کے بعد شہوت و خواہش ختم ہو جاتی ہے اور جوش ٹھنڈا پڑ جاتا ہے اس سے غسل فرض ہو جاتا ہے۔ مذی نکلنے پر غسل فرض نہیں۔
(ہدایہ، فتح القدیر وغیرہ)

(۳) **حشفہ:** یعنی مرد کی شرمگاہ کا سر عورت کی شرمگاہ میں داخل ہونا شہوت و خواہش ہو یا نہ ہو، انزال ہو یا نہ ہو، دونوں پر غسل فرض کرتا ہے اور اگر ایک بالغ ہو دوسرا نابالغ تو بالغ پر غسل فرض ہے اور نابالغ پر اگرچہ غسل فرض نہیں مگر غسل کا حکم دیا جائے گا۔ (عامہ کتب)

(۴) **حیض سے فارغ ہونا۔**

(۵) **نفاس کا ختم ہونا:** ان دونوں کی تفصیل آگے آتی ہے۔

متفرق مسائل

(۱) جس پر چند غسل ہوں سب کی نیت سے ایک غسل کر لیا، سب ادا ہو گئے اور چونکہ غسل کی نیت کی ہے تو سب کا ثواب ملے گا۔ (فتاویٰ رضویہ، بہار شریعت)

(۲) عورت پر غسل فرض تھا اور ابھی غسل نہیں کیا تھا کہ حیض شروع ہو گیا تو چاہے اب نہالے یا حیض ختم ہونے کے بعد۔ (عالمگیری وغیرہ)

(۳) جس پر غسل فرض تھا اسے چاہیے کہ نہانے میں دیر نہ کرے۔ حدیث شریف میں ہے کہ جس گھر میں جُنُب (جس پر غسل فرض ہوتا ہے) ہو اس میں رحمت کے

فرشتے نہیں آتے اور اگر اتنی دیر کر چکا کہ نماز کا آخر وقت آگیا تو اب فوراً نہانا فرض ہے اب دیر لگائے گا تو گناہگار ہوگا۔

(۴) جنب اگر کھانا کھانا یا عورت سے صحبت کرنا چاہتا ہے تو وضو کر لے یا ہاتھ منہ دھو کر کلی کر لے اور اگر ویسے ہی کھا پی لیا تو گناہ نہیں مگر مکروہ ہے اور محتلم لاتا ہے اور بے نہائے یا بے وضو کئے جماع کر لیا تو بھی کچھ گناہ نہیں۔ (ردالمحتار)

(۵) رمضان میں اگر رات کو غسل کی حاجت ہو گئی تو بہتر یہی ہے کہ صبح صادق سے پہلے نہا لے تاکہ روزے کا ہر حصہ ناپاکی سے خالی ہو اور غسل نہ کیا تو بھی روزے میں کچھ نقصان نہیں مگر مناسب یہ ہے کہ غرغرہ اور ناک میں پانی چڑھانا، یہ دونوں کام فجر کا وقت شروع ہونے سے پہلے کر لے کہ پھر روزے میں نہ ہو سکیں گے اور اگر نہانے میں اتنی دیر لگا دی کہ دن نکل آیا اور نماز قضا کر دی تو یہ اور دنوں میں بھی گناہ ہے اور رمضان میں اور زیادہ۔ (عالمگیری وغیرہ)

(۶) جس کو نہانے کی ضرورت ہو اس کو مسجد میں جانا، قرآن مجید چھونا یا بے چھوئے دیکھ کر یا زبانی پڑھنا یا ایسا تعویذ چھونا جس پر آیت لکھی ہوئی ہے، حرام ہے۔ (ردالمحتار)

(۷) قرآن جزدان میں ہو تو جزدان پر ہاتھ لگانے میں حرج نہیں۔ یوں ہی رومال وغیرہ ایسے کپڑے سے پکڑنا جو نہ اپنے جسم پر ہے نہ قرآن پر چڑھا ہوا، تو جائز ہے۔ ہاں کرتے کی آستین، دوپٹے کے آنچل یا جو چادر چڑھی ہوئی ہے، اس کے کونے سے چھونا حرام ہے۔ (درمختار، ردالمحتار)

(۸) درود شریف اور دعاؤں کے پڑھنے میں کوئی حرج نہیں مگر بہتر یہ ہے کہ وضو یا کلی کر کے پڑھیں۔

(۹) اذان کا جواب دینا ان سب کو جائز ہے۔ (ردالمحتار)

(۱۰) قرآن کی کوئی آیت اگر دعا کی نیت سے پڑھی جیسے شکر کے موقع پر اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ یا بری خبر سن کر اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ○ کہا تو کچھ حرج نہیں۔ (ردالمحتار)

(۱۱) جس کا وضو نہ ہو اسے بھی قرآن کریم یا اس کی کسی آیت کا چھونا حرام ہے۔ ہاں

بے چھوئے زبانی یا دیکھ کر پڑھے تو کوئی حرج نہیں۔ (در مختار)

کس پانی سے وضو و غسل جائز ہے اور کس سے نہیں

مسئلہ: مینہ، ندی نالے، چشمے، سمندر، دریا، کنوئیں اور برف، اولے کے پانی سے وضو و غسل جائز ہے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: جس پانی میں کوئی چیز مل گئی ہو کہ بول چال میں اسے پانی نہ کہیں بلکہ اس کا کوئی اور نام ہو گیا۔ جیسے شربت یا پانی میں کوئی ایسی چیز ڈال کر پکائیں جس سے مقصود میل کاٹنا نہ ہو، جیسے شوربا، چائے، گلاب یا اور عرق تو اس سے وضو و غسل جائز نہیں۔

(نور الایضاح وغیرہ)

مسئلہ: اگر ایسی چیز ملائیں یا ملا کر پکائیں جس سے مقصود میل کاٹنا ہو جیسے صابن یا بیری کے پتے تو وضو جائز ہے۔ ہاں اگر وہ پانی گاڑھا ہو جائے تو وضو و غسل جائز نہیں۔ (در مختار وغیرہ) اور اگر کوئی پاک چیز ملی جس سے پانی کا رنگ یا مزہ یا بو بدل گئی مگر اس کا پتلا پن نہ گیا۔ جیسے ریتا، چونا یا تھوڑی سی زعفران کا رنگ اتنا آجائے کہ کپڑا رنگنے کے قابل ہو جائے تو وضو و غسل جائز نہیں۔ یونہی پڑیا کا رنگ۔ (قدوری، در مختار وغیرہ)

مسئلہ: بہتا پانی کہ اس میں تنکا ڈال دیں تو بہا لے جائے، پاک ہے اور پاک کرنے والا ہے۔ نجاست پڑنے سے ناپاک نہ ہو گا۔ ہاں اگر نجس چیز سے پانی کا رنگ یا بو یا مزہ بدل گیا تو ناپاک ہو گیا۔ اب یہ پانی اس وقت پاک ہو گا کہ نجاست نیچے بیٹھ جائے اور اس کا رنگ، بُو، مزہ ٹھیک ہو جائیں۔ (رد المحتار وغیرہ)

مسئلہ: مینہ برستے میں چھت کے پرنالے سے جو مینہ کا پانی گرے وہ پاک ہے۔ اگرچہ چھت پر جابجا نجاست پڑی ہو۔ جب تک کہ نجاست سے پانی کا کوئی وصف رنگ، مزہ، بو نہ بدلے اور اگر مینہ رک گیا اور پانی کا بہنا موقوف ہو گیا تو اب چھت پر ٹھہرا ہوا پانی اگر چھت سے ٹپکے، ناپاک ہے۔ (عالمگیری وغیرہ)

مسئلہ: وہ بڑے حوض جو عموماً مسجدوں میں بنائے جاتے ہیں یا جنگل کے وہ گڑھے اور تالاب جو دو دو سو ہاتھ ہوں اتنی جس کی لمبائی چوڑائی سو ہاتھ ہو ان کا پانی بہتے پانی کے حکم میں ہے۔ نجاست پڑنے سے ناپاک نہ ہوگا جب تک نجاست سے رنگ، یا بو یا مزہ نہ بدلے۔ (عامہ کتب)

مسئلہ: کسی درخت یا پھل کے نچوڑے ہوئے پانی سے وضو و غسل جائز نہیں۔ جیسے تیل کا پانی یا انگور و انار اور تربوز کا پانی اور گنے کا رس۔ (عالمگیری وغیرہ)

مسئلہ: جو پانی گرم ملک میں، گرم موسم میں، سونے چاندی کے علاوہ کسی اور دھات کے برتن میں دھوپ میں گرم ہوگیا تو جب تک گرم ہے اسے کسی طرح استعمال نہ کرنا چاہیے۔ یہاں تک کہ اگر اس سے کپڑا بھیگ گیا تو جب تک ٹھنڈا نہ ہو جائے اس کے پہننے سے بچیں کہ اس پانی کے استعمال میں برص (سفید داغ) کا اندیشہ ہے مگر پھر بھی اگر وضو یا غسل کر لیا تو ہو جائے گا۔ (بہار شریعت)

مسئلہ: جو پانی وضو یا غسل کرنے میں بدن سے گرا وہ پاک ہے مگر اس سے وضو و غسل جائز نہیں۔ (عامہ کتب) وضو یا غسل کرتے وقت پانی کے قطرے لوٹے یا گھڑے میں ٹپکے تو اگر اچھا پانی زیادہ ہے تو یہ وضو اور غسل کے کام کا ہے ورنہ سب بیکار ہو گیا۔ (عامہ کتب)

مسئلہ: نابالغ کا بھرا ہوا پانی شرعاً اس کی ملک ہو جائے گا۔ اسے پینا یا اس سے وضو و غسل کرنا یا کسی اور کام میں لانا، اس کے ماں باپ یا جس کا وہ نوکر ہے، اس کے سوا کسی اور کو جائز نہیں۔ اگرچہ وہ اجازت بھی دے دے اور اگر وضو و غسل کر لیا تو ہو جائے گا مگر گناہ گار ہوگا۔ یہاں سے استادوں اور استانیوں کو سبق لینا چاہیے۔ وہ اکثر نابالغوں سے نل یا کنوئیں سے پانی بھروا کر اپنے کام میں لایا کرتے ہیں۔ اسی طرح بالغ کا بھرا ہوا پانی بغیر اجازت استعمال کرنا بھی حرام ہے۔

مسئلہ: بچہ نے پانی میں ہاتھ ڈال دیا تو اگر معلوم ہے کہ اس کے ہاتھ پر نجاست

تھی جب تو ظاہر ہے کہ پانی نجس ہو گیا ورنہ نجس نہ ہو گا مگر دوسرے پانی سے وضو کرنا بہتر ہے۔ (فتاوی رضویہ، بہار شریعت)

کنویں کا بیان

رب عزوجل ارشاد فرماتا ہے: وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً طَهُوْرًا۔ اور فرماتا ہے: وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً لِّيُطَهِّرَكُمْ۔ یعنی آسمان سے پانی کا نزول مولیٰ تعالیٰ کا ایک احسانِ عظیم ہے کہ اسی پاک پانی کی بدولت وضو و غسل اور تطہیر نجاسات کی ساری ضرورتیں ہم پوری کرتے ہیں اور ہماری ضروریات زندگی کا تمام تر دارومدار اسی پانی پر ہے۔

پانی کے رہنے یا پائے جانے کی دو جگہ ہیں:

(۱) معدن جیسے جھیل، چشمہ، نہر، ندی، سمندر اور بڑے بڑے حوض، گڑھے اور کنواں۔

(۲) مشک، مٹکے، ٹینکیاں، گھڑے، لگن اور ایسی ہی دوسری چیزیں۔

اور معدن ایسی چیز ہے کہ اس کے اندر کسی ناپاک چیز کے گر جانے سے مطلقاً اگر اس کے ناپاک ہو جانے کا حکم دیا جائے تو انسانیت سسک سسک کر تباہ و برباد ہو جائے یا اس پر ایسی مشقتوں کا بار عظیم آپڑے جو اس کی برداشت و تحمل سے باہر ہے۔ ظاہر ہے کہ استعمالی برتنوں یا مشکیزوں کی طرح، پانی کے چشموں یا دریاؤں یا نہروں یا بڑے بڑے حوضوں کا نہ کوئی سرپوش ہے اور نہ اس کا اہتمام کیا جا سکتا ہے کہ جانوروں کے لید، گوبر اور درندوں سے وہ محفوظ رہیں یا کوئی نجاست، کوئی گندگی اس کے پانی کو آلودہ نہ کر سکے۔ اس لیے شریعتِ مطہرہ نے حکم دیا کہ ایسے پانی میں اگر کوئی نجاست وغیرہ پڑ جائے یا وہاں درندے گوبر، لید، پیشاب، پاخانہ کریں یا نہائیں تو وہ نجاست و آلودگی، پانی کی پیدائشی طہارت پر غالب نہیں آسکتی اور وہ پانی علیٰ حالہٖ پاک کا پاک باقی رہتا ہے۔

اس کے برخلاف گھڑے، مٹکے، لگن وغیرہ ایسے برتن جنہیں ناپاک ہو جانے کے

بعد پاک کرنے میں کوئی دشواری پیش نہیں آتی۔ شریعتِ مطہرہ نے ان کے متعلق یہی حکم دیا کہ اگر وہ ناپاک ہو جائیں تو انہیں بطریق معروف پاک و صاف کرلیا جائے اور انہیں کے حکم میں ہیں پانی کی وہ ٹینکیاں یا زیر زمین حوض جن کا عموماً آج کل رواج پڑ گیا ہے کہ اگر وہ اتفاقاً ناپاک ہو جائیں تو انہیں تین مرتبہ دھونے اور ہر بار اسے کپڑے وغیرہ سے خشک کرنے کی زحمت گوارا کی جائے۔

اب باقی رہے کنویں کہ وہ بڑے یا دہ در دہ حوض کے حکم میں نہیں کہ ان کے پانی کو آب جاری قرار دے کر مطلقاً ان کے پاک رہنے کا حکم دے دیا جائے اور نہ وہ ایسی چیزوں میں داخل ہیں جس کا پاک صاف کرلینا، طاقت بشری سے باہر اور ناقابلِ برداشت امر ہو۔ اور نہ اتنا آسان ہی ہے کہ جب چاہیں انہیں پاک کرلیں جس طرح استعمالی برتنوں کو پاک و صاف کرلیا جاتا ہے اور کوئی دشواری پیش نہیں آتی۔ شریعتِ مطہرہ نے انسانی ضرورتوں اور بشری تقاضوں کا لحاظ فرماتے ہوئے کنویں کی طہارت کے کئی طریقے اپنی اپنی اہمیت اور نوعیت کے اعتبار سے علیحدہ علیحدہ مقرر فرمائے:

(الف) کنویں کا کل پانی نکالا جائے جبکہ:

(۱) کنویں میں آدمی یا کسی جانور کا پیشاب، یا بہتا ہوا خون یا کسی قسم کی شراب کا کوئی قطرہ یا ناپاک لکڑی یا نجس کپڑا یا کوئی اور ناپاک چیز کنویں میں گر جائے۔

(۲) یا جن چوپایوں کا گوشت نہیں کھایا جاتا، ان کا پاخانہ یا پیشاب یا مرغی اور ربط کی بیٹ اس میں پڑ جائے۔

(۳) یا کنویں میں آدمی، بکری یا کتا یا ان سے بڑا یا ان کے برابر کوئی اور جانور جس میں بہتا ہوا خون ہوتا ہے گر کر مر جائے یا کچا بچہ یا جو بچہ مردہ پیدا ہوا وہ گر جائے یا گر کر مر جائے اگرچہ گرنے سے پہلے مردہ بچہ کو نہلا دیا گیا ہو۔

(۴) یا مرغا، مرغی، بلی، چوہا، چھپکلی یا کوئی اور دموی جانور (جس میں بہتا ہوا خون ہو) اس میں مر کر پھول جائے یا پھٹ جائے یا دو بلیاں مر جائیں، یا سور کنویں میں گر جائے اگرچہ نہ مرے یا اس کی ہڈی گر جائے۔

(۵) یا کافر مردہ اگرچہ سو بار دھویا گیا ہو، کنویں میں گر جائے یا اس کی انگلی یا ناخن پانی

سے لگ جائے۔

(۶) یا چھ چوہے گر کر مرجائیں یا چھپکلی یا چوہے کی دم کٹ کر کنویں میں گر جائے اگرچہ پھولی پھٹی نہ ہو۔

(۷) یونہی جبکہ جوتا یا گیند کنویں میں گر گئی اور نجس ہونا یقینی ہے۔

(۸) یونہی کوئی جانور زندہ نکل آیا مگر اس کا منہ پانی میں پڑا اور اس کا جھوٹا ناپاک یا مشکوک ہے تو ان سب صورتوں میں کنویں کا کل پانی نکالا جائے گا۔

(ب) چالیس سے ساٹھ ڈول تک پانی نکالا جائے جبکہ:

(۱) کنویں میں کبوتر، بلی، مرغی، گر کر مرجائے۔

(۲) یا تین یا چار پانچ چوہے گر کر مرجائیں۔

(۳) یا چھوٹی ہوئی مرغی کوئیں میں گری اور زندہ نکل آئی۔

(ج) بیس سے تیس ڈول پانی نکالا جائے جبکہ:

(۱) چوہا، چھچھوندر، چڑیا، چھپکلی، گرگٹ یا ان کے برابر یا ان سے چھوٹا کوئی دموی جانور کنویں میں گر کر مرگیا اور پھولا پھٹا نہیں یا دو چوہے گر کر مرجائیں یا چوہا پانی میں گرا اور پانی میں اس کا منہ پڑا۔

(د) صرف احتیاطاً تسکین قلب کے لیے بیس ڈول نکالنا مستحب ہے جبکہ:

(۱) جبکہ جوتا یا گیند (یا گلی وغیرہ) کنویں میں گر گئی اور اس کا نجس ہونا یقینی نہیں۔

(۲) سور کے سوا اور کوئی جانور کنویں میں گرا مگر زندہ نکل آیا اور اس کے جسم پر نجاست لگی ہونا یقینی معلوم نہ ہو اور پانی میں اس کا منہ نہ پڑا۔

(۳) یونہی جس کا جھوٹا پاک ہے مثلاً بکری گری اور زندہ نکل آئی۔

(۴) بچے کے نیالچے کا ٹکڑا کنویں میں گر گیا اور اس پر نجاست کا ہونا معلوم نہیں۔

(۵) یونہی بے وضو اور جُنُب (جس پر غسل فرض ہے) اگر بلا ضرورت کنویں میں اتریں اور ان کے بدن پر نجاست نہ لگی ہو۔

(ر) بوجہ ضرورت پانی کی ناپاکی کا حکم نہ دیا جائے گا جبکہ:

(۱) پانی کا جانور یعنی وہ جو پانی میں پیدا ہوتا ہے اگر کنویں میں مرجائے یا مرا ہوا گر

جائے اگرچہ پھولا پھٹا ہو مگر پھٹ کر اس کے اجزا پانی میں مل گئے تو اس کا پینا حرام ہے۔

(۲) یا جن جانوروں میں بہتا ہوا خون نہیں ہوتا جیسے مچھر مکھی وغیرہ، وہ کنویں میں مر جائیں یا مر کر کنویں میں گر جائیں۔

(۳) یا گھڑا بالٹی ڈول وغیرہ جو برتن زمین پر رکھا جاتا ہے اگر کنویں میں ڈالا جائے یا گر پڑے۔ یونہی لوٹا کہ پاخانے کو لے جاتے اور موضع نجاست سے الگ رکھتے ہیں وہ کنویں میں جا پڑے کنواں ناپاک نہ ہوگا جب تک نجاست معلوم نہ ہو۔

(۴) یا اہل جنود کنویں میں اپنے لوٹے ڈالیں اور پانی بھریں یا ان پر کھڑے ہو کر نہائیں یا اپنے کپڑے دھوئیں کہ چھینٹے کنویں میں جائیں۔ جب نجاست یقیناً نا معلوم ہو اور صرف اس قدر کہ غالباً ان کے برتن کپڑے ناپاک ہوتے ہیں حکم نجاست کے لیے کافی نہیں۔ ورنہ بازار کی مٹھائی اور دودھ گھی وغیرہ سب حرام و نجس ٹھہریں گے اور یہ حرج ہے اور حرج مدفوع بالنص۔

ہاں احتیاط اس میں ہے کہ کنویں کو ان کے تصرف سے بچایا جائے بالخصوص مسجد کے کنوئیں کہ ان کے تصرف سے دور رہیں اور اگر عام کنواں ہے جس کی بندش نہیں ہو سکتی اور کفار اور گنوار اس سے پانی بھرتے یا وہاں نہاتے دھوتے ہیں تو یہ محل ضرورت و حرج میں آگیا۔ جبکہ اور کنواں وہاں نہ ہو۔ ورنہ گندوں کا کنواں گندوں پر، گندوں کیلئے چھوڑ دیں۔

(۵) مینگنیاں اور گوبر اور لید اگرچہ ناپاک ہیں مگر خشک یا تر۔ ثابت یا ریزہ ریزہ کنویں میں گر جائیں تو بوجہ ضرورت ان کا قلیل معاف رکھا گیا ہے اور قلیل وہ ہے جسے دیکھنے والا کم کہے۔ کنواں شہر میں ہو یا گاؤں میں۔ اس پر ڈھکنا ہو یا نہ ہو۔ ہاں کثیر ہو تو کنواں ناپاک قرار دیا جائے گا اور اس کا سب پانی نکالا جائے گا۔

(۶) یا اڑنے والے حلال جانور، کبوتر چڑیا کی بیٹ یا شکاری پرند چیل شکرا باز کی بیٹ گر جائے یا چوہے یا چمگادڑ کا پیشاب اس میں پڑ جائے۔

(۷) یا پیشاب کی بہت باریک بوندکیاں مثل سوئی کی نوک کے اور نجس غبار کنویں میں گرنے سے کنواں ناپاک نہ ہوگا اور پانی کی ناپاکی کا حکم نہ دیا جائے گا۔

(درمختار، ردالمحتار، عالمگیری، فتاویٰ رضویہ)

چند اور مسائلِ متعلقہ

(۱) جس کنویں کا پانی ناپاک ہوگیا اس کا ایک قطرہ بھی پاک کنویں میں پڑ جائے تو یہ بھی ناپاک ہوگیا۔ جو حکم اس کا تھا اس کا بھی ہوگیا۔ یونہی ڈول، رسی، گھڑا، جن میں ناپاک کنویں کا پانی لگا تھا وہ بھی ناپاک ہوگئے۔ اگر یہ پاک کنویں میں پڑے تو وہ پاک بھی ناپاک ہو جائے گا۔

(۲) آدمی کا بچہ جو زندہ پیدا ہو حکم میں آدمی کے ہے اور بکری کا چھوٹا بچہ، بکری کے حکم میں ہے اور جو جانور کبوتر سے چھوٹا ہو چوہے کے حکم میں ہے اور جو بکری سے چھوٹا ہو مرغی کے حکم میں ہے۔

(۳) کنویں میں وہ جانور گرا جس کا جھوٹا پاک ہے یا مکروہ۔ اور پانی کچھ نہ نکالا گیا تھا کہ کسی نے وضو و غسل کرلیا تو وضو و غسل ہو جائے گا۔

(۴) جس کی پیدائش پانی میں نہ ہو اور پانی میں رہتا ہو جیسے بط، اس کے مرجانے سے پانی نجس ہو جائے گا۔

(۵) جس کنویں کا پانی نجس ہوگیا اور اس میں سے جتنا پانی نکالنے کا حکم ہے، نکال لیا گیا تو اب وہ ڈول جس سے پانی نکالا ہے پاک ہوگیا دھونے کی ضرورت نہیں اور نہ ہی دیوار دھونے کی حاجت کہ وہ پاک ہوگئی۔

(۶) یہ جو حکم دیا گیا ہے کہ اتنا اتنا پانی نکالیں اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ چیز جو اس میں گری ہے پہلے اسے نکال لیں پھر اتنا پانی نکالیں اور اگر وہ اسی میں پڑی رہی تو کتنا ہی پانی نکالیں بیکار ہے کسی شمار میں نہیں۔ ہاں اگر وہ چیز سڑ گل کر مٹی ہوگئی یا وہ چیز خود نجس نہ تھی بلکہ کسی نجس چیز کے لگنے سے نجس ہوگئی جیسے نجس کپڑا، اور اس کا نکالنا مشکل ہو تو اب فقط پانی نکالنے سے کنواں پاک ہو جائے گا۔

(۷) جس کنویں کا ڈول معین ہو تو اسی کا اعتبار ہے۔ چھوٹا ہو یا بڑا۔ اسی سے پانی نکالا جائے اور اگر کوئی خاص ڈول معین نہ ہو تو ایسا تو ہو کہ اس میں ایک صاع (تقریبا

ساڑھے چار سیر پانی آجائے۔

(۸) کنویں سے مرا ہوا جانور نکلا تو اگر اس کے گرنے مرنے کا وقت معلوم ہو تو اسی وقت سے پانی نجس ہے۔ اس پانی سے اگر کسی نے وضو یا غسل کیا تو نہ وہ وضو و غسل ہوا اور نہ ہی اس سے جو نمازیں پڑھی گئیں وہ نمازیں ہوئیں۔ بلکہ وہ پانی جس برتن یا بدن یا کپڑے کو لگا ان کا پاک کرنا ضروری ہے اور ان سے جو نمازیں پڑھیں ان کا دوبارہ پڑھنا فرض اور اگر وقت معلوم نہیں تو جس وقت دیکھا گیا اسی وقت سے نجس قرار پائے گا۔ اگرچہ پھولا پھٹا ہو۔ اس سے قبل پانی نجس نہیں اور پہلے جو وضو غسل کیا یا کپڑے دھوئے صحیح نہیں۔ تیسیراً کہ امت مرحومہ مشقت میں نہ پڑے۔ اسی پر عمل ہے۔

(۹) کنویں سے جتنا پانی نکالنا ہے اس میں اختیار ہے کہ ایک دم سے نکالیں یا تھوڑا تھوڑا کرکے۔ دونوں صورتوں میں پاک ہو جائے گا۔ البتہ مقرر حد پوری ہونے ہی پر وہ پانی قابل استعمال ہوگا۔

(۱۰) مرغی کا تازہ انڈا جس پر ہنوز رطوبت لگی ہو پانی میں پڑ جائے تو نجس نہ ہوگا۔

(۱۱) بچہ اگرچہ مسلمان کا ہو اس نے یا کافر نے پانی میں ہاتھ ڈال دیا تو اگر ان کے ہاتھ کا نجس ہونا معلوم ہو جب تو ظاہر ہے کہ پانی نجس ہو گیا ورنہ نجس نہ ہوا مگر دوسرے پانی سے وضو کرنا بہتر ہے۔ (در مختار، رد المحتار، عالمگیری وغیرہ)

آدمی اور جانوروں کے جھوٹے کا بیان

مسئلہ: جن جانوروں کا گوشت کھایا جاتا ہے چوپائے ہوں یا پرندے، ان کا جھوٹا پاک ہے جیسے گائے، بیل، بھینس، کبوتر، تیتر وغیرہ یوں ہی گھوڑے کا جھوٹا پاک ہے۔

مسئلہ: جو مرغی چھوٹی پھرتی اور غلیظ پر منہ ڈالتی ہو اس کا جھوٹا مکروہ ہے اور بند رہتی ہو تو پاک ہے۔ یونہی بعض گائیں جن کی عادت غلیظ کھانے کی ہوتی ہے ان کا جھوٹا مکروہ ہے اور اگر ابھی نجاست کھائی اور اسی حالت میں پانی میں منہ ڈال دیا یا بیل، بھینسے، بکرے نے حسب عادت مادہ کا پیشاب سونگھا اور اس سے اس کا منہ ناپاک ہو گیا

اور اسی حالت میں پانی میں منہ ڈال دیا تو ان صورتوں میں پانی ناپاک ہو گیا۔

مسئلہ: سور، کتہ، چیتہ، بھیڑیا، ہاتھی، گیدڑ اور دوسرے درندوں کا جھوٹا بھی ناپاک ہے۔

مسئلہ: پانی کے رہنے والے جانور کا جھوٹا پاک ہے خواہ ان کی پیدائش پانی میں ہو یا نہیں۔ ۱

مسئلہ: اڑنے والے شکاری جانور جیسے شکرا، باز، بہری، چیل وغیرہ کا جھوٹا مکروہ ہے اور یہی حکم کوے کا ہے۔ یوں ہی گھر میں رہنے والے جانور جیسے بلی، چوہا، چھپکلی کا جھوٹا مکروہ ہے۔

مسئلہ: گدھے، خچر کا جھوٹا مشکوک ہے یعنی اس کے قابل وضو ہونے میں شک ہے۔ لہٰذا اس سے وضو و غسل نہیں ہو سکتا۔ (عامہ کتب)

متفرق مسائل

(۱) کتے نے برتن میں منہ ڈالا تو اگر وہ چینی یا دھات کا ہے یا مٹی کا روغنی یا استعمالی چکنا ہے تو تین بار دھونے سے پاک ہو جائے گا ورنہ ہر بار دھو کر سکھانا ضروری ہے یونہی چینی کے برتن میں بال ہو یا اور برتن میں دراڑ ہو تو تین بار سکھا کر پاک ہو گا۔ فقط دھونے سے پاک نہ ہو گا۔

(۲) معاذ اللہ شراب پی کر فوراً پانی پیا تو پانی نجس ہو گیا۔ اسی طرح شراب خور کی مونچھیں بڑی ہوں کہ شراب مونچھوں میں لگی تو جب تک ان کو پاک نہ کرے جو پانی پیئے گا وہ پانی اور برتن دونوں ناپاک ہو جائیں گے۔

(۳) بلی نے چوہا کھایا، اور فوراً برتن میں منہ ڈال دیا تو برتن ناپاک ہو گیا اور اگر زبان سے منہ چاٹ لیا کہ خون کا اثر جاتا رہا تو ناپاک نہیں۔

(۴) جو جھوٹا پانی پاک ہے اس سے وضو و غسل جائز ہیں مگر جُنُب نے بغیر کلی کیے پانی

پیا تو اس جھوٹے پانی سے وضو ناجائز ہے کہ مستعمل ہو گیا۔

(۵) اچھا پانی ہوتے ہوئے مکروہ پانی سے وضو و غسل مکروہ ہے اور اگر اچھا پانی موجود نہیں تو کوئی حرج نہیں۔

(۶) اچھا پانی ہوتے ہوئے مشکوک سے وضو و غسل جائز نہیں اور اگر اچھا پانی نہ ہو تو اسی سے وضو غسل کرلے اور تیمم بھی ورنہ نماز نہ ہوگی۔

(۷) مشکوک پانی اچھے پانی میں مل گیا تو اگر اچھا زیادہ ہے تو اس سے وضو ہو سکتا ہے ورنہ نہیں۔

(۸) مشکے کو کتے نے اوپر سے چاٹ لیا تو اس کا پانی ناپاک نہ ہوگا۔

(۹) مشکوک جھوٹے کو کھانا پینا نہیں چاہیے۔

(۱۰) جس کا جھوٹا ناپاک ہے، اس کا پسینہ اور لعاب بھی ناپاک ہے اور جس کا جھوٹا پاک ہے اس کا پسینہ اور لعاب بھی پاک ہے اور جس کا جھوٹا مکروہ اس کا لعاب اور پسینہ بھی مکروہ ہے۔

(۱۱) گدھے، خچر کا پسینہ اگر کپڑے میں لگ جائے کپڑا پاک ہے چاہے کتنا ہی زیادہ لگا ہو۔ (درمختار، ردالمحتار وغیرہ)

تیمم کا بیان

اللہ عزوجل ارشاد فرماتا ہے:

وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ۔

یعنی اگر تم بیمار ہو یا سفر میں یا تم میں کا کوئی پاخانے سے آیا یا عورتوں سے صحبت کی اور پانی نہ پاؤ تو پاک مٹی کا قصد کرو تو اپنے منہ اور ہاتھوں کا اس سے مسح کرو۔

چند احادیثِ کریمہ

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں:

(۱) منجملہ ان باتوں کے جن سے ہم کو لوگوں پر فضیلت دی گئی یہ تین باتیں ہیں: ۱- ہماری صفیں فرشتوں کی صفوں کی مثل کی گئیں اور ۲- ہمارے لیے تمام زمین مسجد کر دی گئی اور ۳- جب ہم پانی نہ پائیں تو زمین کی خاک ہمارے لیے پاک کرنے والی بنائی گئی۔ (مسلم شریف)

(۲) پاک مٹی مسلمان کا وضو ہے اگرچہ دس برس پانی نہ پائے اور جب پانی پائے تو اپنے بدن کو پہنچائے (وضو و غسل کرے) کہ یہ اس کے لیے بہتر ہے۔ (ابو داؤد، ترمذی)

(۳) حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ دو شخص سفر میں گئے اور نماز کا وقت آگیا مگر ان کے پاس پانی نہ تھا۔ مجبوراً پاک مٹی پر تیمم کر کے نماز پڑھ لی پھر وقت کے اندر پانی مل گیا ان میں سے ایک صاحب نے وضو کر کے اپنی نماز دہرالی مگر دوسرے نے نہ دہرائی، پھر جب خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اس کا ذکر کیا تو جس نے نماز دہرائی نہ تھی اس سے فرمایا تو سنت کو پہنچا اور تیری نماز ہو گئی اور جس نے وضو کر کے نماز دہرائی تھی اس سے فرمایا تجھے دونا ثواب ہے۔ (ابو داؤد)

فقہی احکام

جس کا وضو نہ ہو یا اسے نہانے کی ضرورت ہو اور پانی پر قدرت نہ ہو یعنی استعمال نہ کر سکتا ہو تو وضو و غسل کی جگہ تیمم کرے اور پانی پر قدرت نہ ہونے کی چند صورتیں ہیں:

(۱) ایسی بیماری کہ وضو و غسل سے اس کے زیادہ ہونے یا دیر میں اچھا ہونے کا صحیح اندیشہ ہو۔ خواہ یوں کہ اس نے خود آزمایا ہو کہ جب وضو یا غسل کرتا ہے تو بیماری بڑھتی

ہے یا یوں کہ کسی اچھے لائق حکیم نے جو ظاہراً فاسق نہ ہو کہہ دیا ہو کہ پانی نقصان پہنچائے گا لہٰذا محض خیال ہی خیال بیماری بڑھنے کا ہو یا کسی کافر یا فاسق یا معمولی حکیم نے کہہ دیا ہو کہ پانی نقصان پہنچائے گا تو اس کا اعتبار نہیں۔ لہٰذا تیمم کرنا جائز نہ ہوگا۔

(۲) چاروں طرف ایک ایک میل پانی کا پتہ نہیں۔

(۳) اتنی سردی ہو کہ نہانے سے مرجانے یا بیمار ہو جانے کا قوی اندیشہ ہو، اور لحاف وغیرہ کوئی ایسی چیز اس کے پاس نہیں جسے نہانے کے بعد اوڑھے نہ آگ ہے جس سے تاپ سکے۔

(۴) یہ جنگل میں ہے اور ڈول رسی نہیں کہ پانی بھرے۔

(۵) درندے یا دشمن کا خوف یا کسی موذی کا صحیح اندیشہ ہو۔

(۶) پیاس کا خوف کہ اگر وضو یا غسل کرلیا تو وہ خود یا اس کا ساتھی پیاسا رہ جائے گا اور پانی کا دور تک پتہ نہیں۔

(۷) پانی کا گراں (مہنگا) ہونا یعنی جو قیمت ہونی چاہیے اس سے دونا مانگتا ہے۔

(۸) یہ گمان کہ پانی تلاش کرنے میں ساتھی بچھڑ جائیں گے یا ریل چھوٹ جائے گی۔

(۹) یہ گمان کہ وضو یا غسل کرنے میں عیدین کی نماز جاتی رہے گی۔

(۱۰) جو شخص میت کا ولی نہیں اسے نماز جنازہ فوت ہو جانے کا خوف ہو۔

(عامۂ کتب، بہار شریعت)

متفرق مسائل

(۱) بیماری میں اگر ٹھنڈا پانی نقصان کرتا ہے اور گرم پانی نقصان نہ کرے تو گرم پانی سے وضو و غسل ضروری ہے، تیمم جائز نہیں۔ ہاں اگر ایسی جگہ ہے کہ گرم پانی نہیں مل سکتا تو تیمم کرلے۔ (عالمگیری)

(۲) اگر سر پر پانی ڈالنا نقصان کرتا ہے تو گلے سے نہائے اور پورے سر کا مسح کرے۔ (فتاویٰ رضویہ)

(۳) ساتھ میں زمزم شریف ہے اور اتنا ہے کہ وضو ہو جائے گا تو تیمم جائز نہیں۔

(درمختار وغیرہ)

(۴) بدن یا کپڑے پر اتنی نجاست ہے کہ اس کے ہوتے ہوئے نماز نہیں ہو سکتی اور پانی صرف اتنا ہے کہ چاہے وضو کر لے یا اس کو پاک کر لے تو حکم ہے کہ پہلے اسے پاک کرے پھر تیمم کرے۔ (ردالمحتار)

(۵) وقت اتنا تنگ آگیا کہ وضو یا غسل کرے گی تو نماز قضا ہو جائے گی تو چاہیے کہ تیمم کر کے نماز پڑھ لے پھر وضو یا غسل کر کے نماز کو دہرائے۔

(فتاویٰ رضویہ، بہار شریعت)

(۶) عورت حیض یا نفاس سے پاک ہوئی اور پانی پر قادر نہیں تو تیمم کرے۔

(ردالمحتار)

(۷) اگر کوئی ایسی جگہ ہے کہ نہ پانی ملتا ہے نہ پاک مٹی کہ تیمم کرے تو اسے چاہیے کہ وقت نماز میں، نمازی کی سی صورت بنائے یعنی نماز کی نیت کیے بغیر نماز کے تمام حرکات بجالائے۔

(۸) وضو اور غسل دونوں کا تیمم ایک ہی طرح ہے۔ (عامہ کتب)

(۹) نماز اس تیمم سے جائز ہوگی جو پاک ہونے کی نیت یا کسی ایسی عبادت کے لیے کیا گیا ہو جو بلا طہارت جائز نہیں تو اگر مسجد میں جانے یا قرآن مجید چھونے یا زیارت قبر یا میت کو دفن کرنے کی نیت سے تیمم کیا تو اس سے نماز جائز نہیں۔ بلکہ جس کے لیے کیا گیا اس کے سوا کوئی عبادت بھی جائز نہیں۔

(۱۰) جس پر غسل فرض ہے اسے پانی نہ ملا اور قرآن مجید پڑھنے کے لیے اس نے تیمم کیا تو اس سے نماز پڑھ سکتا ہے اور سجدۂ شکر کی نیت سے جو تیمم کیا اس سے نماز نہ ہوگی۔ (مراقی الفلاح)

جس پر نہانا فرض ہے اسے یہ ضروری نہیں کہ وضو اور غسل دونوں کے لیے دو تیمم کرے بلکہ ایک ہی میں دونوں کی نیت کرے دونوں ہو جائیں گے۔ (ردالمحتار وغیرہ)

تیمم کا مسنون طریقہ

مسئلہ: تیمم میں تین فرض ہیں:

۱۔ **نیت:** تو اگر کسی نے ہاتھ مٹی پہ مار کر منہ اور ہاتھوں پر پھیر لیا اور نیت نہ کی تیمم نہ ہوگا۔

۲۔ **سارے منہ پر ہاتھ پھیرنا:** اس طرح کہ کوئی حصہ باقی نہ رہ جائے اگر بال برابر بھی کوئی جگہ رہ گئی تو تیمم نہ ہوگا۔

۳۔ **دونوں ہاتھوں کا کہنیوں سمیت مسح کرنا:** اس میں یہ بھی خیال رہے کہ ذرہ برابر جگہ باقی نہ رہ جائے ورنہ تیمم نہ ہوگا۔ (عامہ کتب)

تیمم کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ نیت کر کے بسم اللہ پڑھ کر دونوں ہاتھ زمین یا مٹی یا اور کسی ایسی چیز پر جس پر مٹی یا غبار ہو مارے۔ انگلیاں کھلی رکھے اور پھر ہاتھوں کو جھاڑ لے اس طرح کہ ایک ہاتھ کے انگوٹھے کی جڑ کو دوسرے ہاتھ کے انگوٹھے کی جڑ پر مارے نہ اس طرح کہ تالی کی سی آواز نکلے اور پھر دونوں ہاتھ منہ پر پھیرے پھر دوبارہ یوں ہی کرے اور پہلے داہنے ہاتھ کا مسح کرے پھر بائیں ہاتھ کا۔ اس طرح کہ بائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے علاوہ چار انگلیوں کا پیٹ داہنے ہاتھ کی پشت پر رکھے اور انگلیوں کے سرے سے کہنیوں تک لے جائے اور پھر وہاں سے بائیں ہاتھ کی ہتھیلی سے داہنے ہاتھ کے پیٹ کو چھوتی ہوئی گٹے تک لائے اور بائیں انگوٹھے کے پیٹ سے داہنے انگوٹھے کی پشت کا مسح کرے۔ یوں ہی داہنے ہاتھ سے بائیں کا مسح کرے۔ (عامہ کتب)

کچھ اور مسائل

(۱) عورت ناک میں پھول پہنے ہو تو نکال لے ورنہ پھول کی جگہ باقی رہ جائے گی اور

تھ پہنے ہو جب بھی خیال رکھے کہ تھ کی وجہ سے کوئی جگہ باقی تو نہیں رہی۔

(۲) انگوٹھی، چھلے پہنے ہو تو انہیں اتار کر ان کے نیچے ہاتھ پھیرنا فرض ہے۔ عورتوں کو اس میں بہت احتیاط کی ضرورت ہے۔ کنگن چوڑیاں جتنے زیور ہاتھ میں پہنے ہو سب کو ہٹا کر یا اتار کر جلد کے ہر حصہ پر ہاتھ پہنچائے۔ اس کی احتیاط وضو سے بڑھ کر ہے۔

(۳) تیمم میں سر اور پاؤں کا مسح نہیں۔

(۴) ایک ہی مرتبہ ہاتھ مار کر منہ اور ہاتھ پر پھیر لیا یا ایک یا دو انگلیوں سے مسح کیا اگرچہ تمام عضو پر ان کو پھیر لیا ہو تو تیمم نہ ہوا۔

(۵) تیمم اسی چیز سے ہو سکتا ہے جو زمین کی جنس سے ہو۔ جو چیز آگ سے جل کر نہ راکھ ہوتی ہے نہ پگھلتی ہے نہ نرم ہوتی ہے۔ وہ جنس زمین سے ہے جیسے ریتا، چونا، ہڑتال گیرو وغیرہ۔

(۶) گیہوں جو وغیرہ غلہ اور لکڑی، شیشے وغیرہ پر اتنا غبار ہو کہ ہاتھ میں لگ جاتا ہو تو اس غبار سے تیمم جائز ہے اور ہاتھ میں نہ لگتا ہو تو نہیں، گچ کی دیوار پر بھی تیمم جائز ہے۔

(۷) جس جگہ سے ایک نے تیمم کیا دوسرا بھی کر سکتا ہے۔ یہ جو مشہور ہے کہ مسجد کی دیوار یا زمین سے تیمم ناجائز یا مکروہ ہے، غلط ہے۔

(۸) جن چیزوں سے وضو ٹوٹتا ہے یا غسل واجب ہوتا ہے ان سے تیمم بھی جاتا رہے گا اور علاوہ ان کے پانی پر قادر ہونے سے بھی تیمم ٹوٹ جائے گا۔

(۹) جس حالت میں تیمم ناجائز ہے اگر وہ تیمم کے بعد پائی گئی تو تیمم ٹوٹ گیا جیسے تیمم والے کا ایسی جگہ گزر ہوا کہ وہاں سے ایک میل کے اندر پانی ہے تو تیمم جاتا رہا۔ یہ ضروری نہیں کہ پانی کے پاس پہنچ جائے۔

(۱۰) مریض نے غسل کا تیمم کیا تھا اور اب اتنا تندرست ہو گیا کہ غسل سے نقصان نہیں پہنچے گا تو تیمم جاتا رہا۔

(۱۱) پانی پر گزرا اور تیمم یاد نہیں جب بھی تیمم جاتا رہا۔

(عالمگیری، ردالمحتار، بہار شریعت)

موزوں پر مسح کا بیان

وضو کا تمام تر دارومدار بدن کے ان ظاہری اعضاء کے دھونے اور سر پر مسح کر لینے پر ہے جو زندگی کے میدان میں، شب و روز تگ و دو، سعی پیہم اور متواتر کوشش سے جلد جلد غبار آلود ہو جاتے ہیں اور جن پر پانی بہانے سے دل میں ایک نیا ولولہ، نئی امنگ اور نئے جوش و خروش کی راہیں کھل جاتی ہیں۔ البتہ پیروں کا معاملہ اپنے اندر کچھ نئی حکمت عملی کا تقاضا کرتا ہے۔ سردیوں اور بالخصوص ریگستانی سردیوں، خصوصاً برف پوش چٹانوں کے اردگرد وادیوں اور نشیبی علاقوں کی سردیوں کا عالم ہی کچھ اور ہوتا ہے۔ خشک اور بدن کو ٹھٹھرا دینے والی ٹھنڈی ہواؤں کے تیز و تند جھونکے، چاردیواریوں سے باہر نکلنے کی اجازت نہیں دیتے، پانی بدن کو کاٹنے دوڑتا ہے۔ پھر بھی ہاتھ منہ پر اسے ڈالنا گوارا کرنا ہی پڑتا ہے لیکن پاؤں جو موزوں کی دبیز تہہ میں چھپے ہوئے ہیں، انہیں موزوں سے باہر نکالنا، خود کو بڑی مشقت میں ڈالنا ہے۔ خصوصاً جبکہ آدمی وطن و آبادی سے دور جنگل و بیابان صحرا میں، مصروفِ سفر ہو کہ پانی کا وافر مقدار میں فراہم ہو جانا میسر بھی آجائے تو موزوں کو اتار کر اسے دھو لینا اتنا آسان نہیں جتنا شہروں اور آبادیوں میں ہوتا ہے، چہ جائیکہ دن میں پانچ بار اس عمل کو جاری رکھنا۔ اس لیے شریعتِ محمدیہ علیٰ صاحبہا التحیتہ نے موزے پہننے کی حالت میں ان کا دھونا ساقط کر دیا اور چند شرائط کے ساتھ مشروط، اور چند قیود کے ساتھ مقید کر کے اسے آبادیوں، بستیوں، ویرانوں، صحراؤں، پہاڑوں، وادیوں میں رہنے اور بسنے والے ہر مرد و عورت کے لیے عام کر دیا۔ یونہی گرمیوں سردیوں ہر موسم کے لیے اس میں تعمیم کر دی اور شرائط و قیود سے اسے اس لیے مشروط و مقید کر دیا کہ جہاں آسانی دی گئی ہے وہاں عبادت مطلوبہ کی ادائیگی میں مسلمان، مطلق العنان اور تن آسانیوں کا دلدادہ نہ بن جائے۔ لہٰذا شرعِ مطہر نے موزوں پر مسح کرنے کی رخصت تو دی لیکن تین باتیں اس کے ساتھ مقرر فرمادیں۔

(۱) مقیم و مسافر کے لیے علیحدہ علیحدہ مدت مقرر کی۔ اس لیے کہ مقیم کو بمقابلہ مسافر بہت سی آسانیاں میسر ہیں۔

(۲) موزوں کو بہ حالت طہارت پہنا جائے تاکہ طہارت کا خیال دل میں جاگزیں رہے۔

(۳) مسح موزوں کے اوپر کیا جائے تاکہ پیروں کا دھونا انہیں یاد رہے اور دینی امور میں اپنے خیالی گھوڑے دوڑانے کا انہیں دھیان بھی نہ آئے کہ علم و فقہ کے بغیر قیاس آرائیاں، علم و حقیقت سے دور لے جاتی اور عوام الناس کو گمراہی و ضلالت کا شکار بنا دیتی ہیں۔ اسی لیے حضرت مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ فرماتے ہیں "اگر دین اپنی رائے سے ہوتا تو موزوں کا تلا، بہ نسبت اوپر کے مسح میں بہتر ہوتا۔" (ابوداؤد)

مسح سے متعلق چند احادیث کریمہ

(۱) امام احمد و ابوداؤد نے حضرت مغیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی۔ وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے موزوں پر مسح کیا۔ میں نے عرض کیا "یارسول اللہ حضور بھول گئے۔" فرمایا "بلکہ تُو بھولا، میرے رب عزوجل نے اسی کا حکم دیا۔"

(۲) دار قطنی نے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسافر کو تین دن تین راتیں اور مقیم کو ایک دن رات، موزوں پر مسح کرنے کی اجازت دی۔

(۳) ترمذی و نسائی صفوان بن عسّال رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی ہے کہ "ہم مسافر ہوتے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حکم فرماتے کہ تین دن تین رات، ہم موزے نہ اتاریں مگر بوجہ جنابت کے و لیکن پاخانہ و پیشاب اور سونے کے بعد نہیں۔"

(۴) ابوداؤد و ترمذی نے روایت کی کہ مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ موزوں کی پشت پر مسح فرماتے۔

(۵) ابوداؤد نے روایت کی کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر دین میں عقل کو دخل ہوتا تو موزوں کے تلووں پر مسح کرنا، اوپر کے مسح کرنے سے زیادہ مناسب ہوتا۔ (کہ زمین پر چلتے وقت، موزوں کے تلوں کا ملوث ہونا غالب و ظاہر ہے)

"اقوالِ ائمۂ ملت"

موزوں پر مسح کے جواز میں بکثرت حدیثیں آئی ہیں جو قریب قریب تواتر کے ہیں اسی لیے امام کرخی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں "جو اسے جائز نہ جانے اس کے کافر ہونے کا اندیشہ ہے۔"

امام شیخ الاسلام فرماتے ہیں "جو اسے جائز نہ مانے گمراہ ہے۔"

ہمارے امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اہل سنت و جماعت کی علامت دریافت کی گئی تو فرمایا: تَفْضِيلُ الشَّيْخَيْنِ وَحُبُّ الْخَتَنَيْنِ وَمَسْحُ الْخُفَّيْنِ۔ یعنی:

(۱) امیرالمومنین ابوبکر صدیق و امیرالمومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو تمام صحابہ سے بزرگ جاننا۔

(۲) امیرالمومنین عثمان غنی و امیرالمومنین علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے محبت رکھنا۔

(۳) موزوں پر مسح کرنا۔

اور امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اہلسنّت و جماعت کی علامات میں سے، ان تین باتوں کی تخصیص اس لیے فرمائی کہ حضرت کوفہ میں تشریف فرما تھے اور وہاں رافضیوں کی کثرت تھی تو وہی علامات ارشاد فرمائیں جو ان کا رد ہیں تاکہ سنی مسلمان کہ قرآن و حدیث کی اصطلاح میں وہی مسلمان ہیں، ان سے اپنے عقیدہ و مذہب میں ممتاز رہیں اور اپنے اس عقیدہ و مذہب سے غفلت نہ برتیں۔

اس کا مقصود یہ ہرگز نہیں کہ یہی تین باتیں سنی ہونے کے لیے کافی و وافی ہیں۔ علامت شے میں پائی جاتی ہے کہ اس سے اس کی شناخت ہو جاتی ہے لیکن شے لازمِ

علامت نہیں ہوتی کہ جہاں وہ علامت پائی جاتی ہے وہ شے بھی یقینی پائی جائے اور جہاں یہ علامت نہ ہو وہ شے بھی نہ پائی جائے۔ مثلاً صحیح حدیث شریف میں وہابیہ کی علامت بیان فرمائی۔ سِیْمَاهُمُ التَّحْلِیْقُ ان کی علامت سر منڈانا ہے۔ نیز فرمایا: مُشَمِّرِی الْاُزْرِ گھٹنوں تک ازاروں والے اب دیکھ لیجئے کہ پائنچے اونچے رکھنے میں وہابیہ کو کتنا غلو ہے لیکن اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ جس کے پائنچے زیادہ اونچے ہوں وہ وہابی ہو۔ اور کہا جاتا ہے کہ وہابیہ کے پیشوا ابن عبدالوہاب نجدی کو سر منڈانے میں اتنا غلو تھا کہ کوئی عورت اس کے ناپاک دین میں داخل ہوتی اس کا بھی سر منڈا دیتا کہ "یہ زمانۂ کفر کے بال ہیں، انہیں دور کر۔" یہاں تک کہ ایک عورت نے کہا کہ جو مرد تمہارے دین میں آتے ہیں ان کی داڑھیاں منڈوا دیا کرو کہ وہ بھی تو زمانۂ کفر کے بال ہیں۔" اس وقت سے باز آیا۔

غرض حدیث کے یہ معنی نہیں کہ جو سر منڈائے وہ وہابی ہو۔ غرض صرف اتنی ہے کہ وہابیہ کو اس میں بڑا غلو ہوتا ہے۔ جیسا روافض کو ان تین باتوں کے انکار میں غلو ہے جسے اہل سنت و جماعت کی علامت بیان فرمایا گیا۔ سچ ہے کلام الامام، امام الکلام۔ بڑوں کی بات بڑی ہوتی ہے اور امام احمد بن حنبل فرماتے ہیں کہ میرے دل میں اس کے جواز پر کچھ خدشہ نہیں کہ اس میں چالیس صحابہ سے مجھ کو حدیثیں پہنچی ہیں۔

غرض جو شخص موزہ پہنے ہوئے ہے وہ اگر وضو میں بجائے پاؤں دھونے کے موزوں پر مسح کرے تو یہ جائز ہے۔ اور بہتر پاؤں دھونا ہے بشرطیکہ مسح جائز سمجھے۔

مسائلِ ضروریہ

(۱) جس پر غسل فرض ہے وہ موزوں پر مسح نہیں کر سکتا۔
(۲) عورتیں بھی مسح کر سکتی ہیں۔
(۳) مسح کرنے کے لیے چند شرائط ہیں:

(الف) موزے ایسے ہوں کہ ٹخنے چھپ جائیں اس سے زیادہ کی ضرورت نہیں اور اگر دو ایک انگل کم ہو جب بھی مسح درست ہے۔ البتہ ایڑی نہ کھلی ہو۔

(ب) موزہ پاؤں سے چپٹا ہو کہ اس کو پہن کو آسانی کے ساتھ خوب چل پھر سکیں۔

(ج) موزے چمڑے کے ہوں، یا صرف تلا چمڑے کا اور باقی کسی اور دبیز چیز کا۔ جیسے کرمچ وغیرہ لہٰذا عموماً جو سوتی یا اونی موزے پہنے جاتے ہیں، ان پر مسح جائز نہیں۔ ان کو اتار کر پاؤں دھونا فرض ہے۔

(د) وضو کر کے پہنا ہو یعنی موزے پہننے کے بعد اور حدث سے پہلے ایک ایسا وقت ہو کہ اس وقت وہ شخص باوضو ہو خواہ پورا وضو کر کے پہنے یا صرف پاؤں دھو کر پہنے بعد میں وضو پورا کر لیا۔

(ر) نہ حالتِ جنابت میں پہنا ہو اور نہ بعد پہننے کے جنب ہوا ہو۔

(س) مدت کے اندر رہو اور اس کی مدت مقیم کے لیے ایک دن رات ہے اور مسافر کے واسطے تین دن اور تین راتیں۔

(ص) کوئی موزہ، پاؤں کی تین چھوٹی انگلیوں کے برابر نہ پھٹا ہو۔ یعنی چلتے میں تین انگل بدن ظاہر نہ ہوتا ہو اور اگر تین انگل پھٹا ہو اور بدن تین انگل سے کم دکھائی دیتا ہے تو مسح جائز ہے۔

(۴) موزہ پہننے کے بعد پہلی مرتبہ جو حدث ہوا اس وقت سے اس کا شمار ہے۔ مثلاً صبح کے وقت موزہ پہنا اور ظہر کے وقت پہلی بار حدث ہوا تو مقیم دوسرے دن کی ظہر تک مسح کرے اور مسافر چوتھے دن کی ظہر تک کہ تین دن پورے ہو جائیں گے۔

(۵) اگر دونوں موزے تین تین انگل سے کم پھٹے ہوں اور مجموعہ تین انگل یا زیادہ ہے تب بھی مسح کر سکتا ہے۔ سلائی کھل جائے جب بھی یہی حکم ہے کہ ہر ایک میں تین انگل سے کم ہو تو مسح جائز ہے ورنہ نہیں۔

(۶) موزہ پھٹ گیا یا سیون کھل گئی اور ویسے پہنے رہنے کی حالت میں، تین انگل پاؤں ظاہر نہیں ہوتا مگر چلنے میں تین انگل دکھائی دے تو اس پر مسح جائز نہیں اور ایسی جگہ سے پھٹا یا اس کی سلائی کھل گئی کہ وہاں سے خود انگلیاں دکھائی دیں تو چھوٹی بڑی کا

اعتبار نہیں بلکہ تین انگلیاں ظاہر ہوں تو اب مسح کرنے کی اجازت نہیں۔

(۷) ایک موزہ چند جگہ سے کم سے کم اتنا پھٹ گیا ہو کہ اس میں سُتالی جا سکے اور ان سب کا مجموعہ تین انگل سے کم ہے تو مسح جائز ہے ورنہ نہیں۔ ہاں ٹخنے سے اوپر کتنا ہی پھٹا ہو اس کا اعتبار نہیں۔

(۸) مسح میں فرض دو ہیں: ۱۔ ہر موزہ کا مسح ہاتھ کی تین انگلیوں کے برابر ہونا۔ ۲۔ موزہ کی پیٹھ پر ہونا۔ لہٰذا اگر ایک پاؤں کا مسح بقدر دو انگل کے کیا اور دوسرے کا چار انگل تو مسح نہ ہوا۔ یونہی اگر موزے کے تلے یا کروٹوں یا ٹخنے یا پنڈلی یا ایڑی پر کیا، تو مسح نہ ہوا۔

(۹) پوری تین انگلیوں کے پیٹ سے مسح کرنا اور پنڈلی تک کھینچنا اور مسح کرتے وقت انگلیاں کھلی رکھنا، مسح میں سنت ہے۔

(۱۰) انگلیوں کی پشت سے مسح کیا، یا پنڈلی کی طرف سے انگلیوں کی طرف کھینچا، یا موزے کی چوڑائی کا مسح کیا، یا انگلیاں ملی ہوئی رکھیں یا ہتھیلی سے مسح کیا تو ان سب صورتوں میں مسح ہو گیا مگر خلافِ سُنّت ہوا۔

(۱۱) اگر ایک ہی انگلی سے تین بار نئے پانی سے ہر مرتبہ انگلی تر کر کے تین جگہ مسح کیا، جب بھی ہو گیا، مگر سنت ادا نہ ہوئی اور اگر ایک ہی جگہ مسح ہر بار کیا، یا ہر بار تر نہ کیا، تو مسح نہ ہوا۔

(۱۲) انگلیوں کی نوک سے مسح کیا تو اگر ان میں اتنا پانی تھا کہ تین انگلیوں کی مقدار تک برابر ٹپکتا رہا تو مسح ہوا، ورنہ نہیں۔

(۱۳) مسح میں نہ نیت ضروری ہے نہ تین بار مسح کرنا سنت، ایک بار کر لینا کافی ہے۔

(۱۴) مسح میں انگلیوں کا تر ہونا ضروری ہے اور ہاتھ دھونے کے بعد جو تری باقی رہ گئی اس سے مسح کر لیا، تو مسح ہو گیا۔ ہاں سر کا مسح کیا اور ہنوز ہاتھ میں تری باقی ہے تو یہ تری کافی نہیں بلکہ پھر نئے سرے سے نئے پانی سے ہاتھ تر کرے اور مسح کرے۔ اس میں کچھ حصہ ہتھیلی کا بھی شامل ہو جائے تو کوئی حرج نہیں۔

(۱۵) موزے پر پائتابہ پہنا اور اس پائتابہ پر مسح کیا تو اگر نیچے موزے تک تری پہنچ

گئی، مسح ہوگیا ورنہ نہیں۔ اور پہلی صورت میں پائتابے اتارنے سے مسح نہ جائے گا۔

(۱۶) موزے پہن کر شبنم میں چلا، یا اس پر پانی گر گیا یا بارش کی بوندیں پڑیں اور جس جگہ مسح کیا جاتا ہے بقدر تین انگل کے تر ہوگیا تو مسح ہوگیا۔ اب موزوں پر ہاتھ پھیرنے کی بھی حاجت نہیں۔

(۱۷) انگریزی بوٹ جوتے کہ عموماً فوجیوں کے استعمال میں آتے اور کہیں کہیں دوسرے لوگ شوقیہ پہن لیتے ہیں اگر ان سے ٹخنے چھپ جاتے ہوں تو ان پر مسح درست ہے۔ البتہ عمامہ اور برقع اور نقاب اور دستانوں پر مسح جائز نہیں۔

(۱۸) مسح کا طریقہ یہ ہے کہ داہنے ہاتھ کی تین انگلیاں، داہنے پاؤں کی پشت کے سرے پر اور بائیں ہاتھ کی انگلیاں، بائیں پاؤں کی پشت کے سرے پر رکھ کر، پنڈلی کی طرف کم سے کم بقدر تین انگل کے کھینچ لی جائے اور سنت یہ ہے کہ پنڈلی تک پہنچائے۔

(۱۹) جن چیزوں سے وضو ٹوٹتا ہے ان سے مسح بھی جاتا رہتا ہے۔ ان کے علاوہ مندرجہ ذیل صورتوں میں بھی مسح ٹوٹ جاتا ہے:

۱۔ مدت پوری ہو جائے اور اس صورت میں صرف پاؤں دھو لینا کافی ہے پھر سے پورا وضو کرنے کی حاجت نہیں۔ اور بہتر یہ ہے کہ پورا وضو کرے۔ ہاں مسح کی مدت پوری ہوگئی اور قوی اندیشہ ہے کہ موزہ اتارنے میں سردی کے سبب پاؤں جاتے رہیں گے تو نہ اتارے اور ٹخنوں تک پورے موزے کا (نیچے اوپر اغل بغل اور ایڑیوں پر) مسح کرے کہ کچھ رہ نہ جائے۔ ۲۔ دونوں یا ایک موزہ اتار دے۔ ۳۔ ایک پاؤں آدھے سے زیادہ موزے سے باہر ہو جائے اور یہاں معتبر پاؤں کا وہ حصہ ہے جو گٹے سے پنجوں تک ہے۔ پنڈلی کا اعتبار نہیں۔ ۴۔ موزے پہن کر پانی میں چلا کہ ایک پاؤں کا آدھے سے زیادہ حصّہ دھل گیا یا اور کسی طرح سے موزے میں پانی چلا گیا اور آدھے سے زیادہ پاؤں دھل گیا تو مسح جاتا رہا۔

(۲۰) موزہ ڈھیلا ہے کہ چلنے میں موزے سے ایڑی نکل جاتی ہے تو مسح نہ گیا۔ ہاں اگر اتارنے کی نیت سے ایڑی باہر کی تو مسح ٹوٹ جائے گا۔ (عامہ کتب)

اعضائے وضو پر مسح کرنے کے مسائل

(۱) اعضائے وضو یعنی بدن کے وہ حصے جن کا دھونا وضو میں فرض ہے اگر پھٹ گئے ہوں یا ان میں پھوڑا یا کوئی اور بیماری ہو اور ان پر پانی بہانا ضرر کرتا ہو، یا تکلیف شدید ہوتی ہو تو بھیگا ہاتھ پھیر لینا کافی ہے۔ یہ مسح اس دھونے کا قائم مقام ہو جائے گا۔ اور اگر یہ بھی نقصان کرتا ہو تو اس پر کپڑا ڈال کر کپڑے پر مسح کرے اور جو یہ بھی مضر ہو تو معاف ہے اور اگر اس میں دوا بھرلی ہو تو اس کا نکالنا ضروری نہیں۔ اس پر سے پانی بہا دینا کافی ہے۔

(۲) کسی پھوڑے یا زخم یا فصد کی جگہ پر پٹی باندھی ہو کہ اس کو کھول کر پانی بہانے سے، یا اس جگہ مسح کرنے سے، یا کھولنے سے ضرر ہو، یا کھولنے باندھے والا نہ ہو تو اس پٹی پر مسح کرے اور اگر پٹی کھول کر پانی بہانے میں ضرر نہ ہو تو دھونا ضروری ہے۔ یا خود عضو پر مسح کر سکتے ہوں تو پٹی پر مسح کرنا جائز نہیں۔ اور زخم کے گرداگرد پانی بہانا ضرر نہ کرتا ہو تو دھونا ضروری ہے ورنہ اس پر مسح کر لیں۔ اور مسح بھی نہ کر سکتے ہوں تو پٹی پر مسح کر لیں اور پوری پٹی پر مسح کر لینا بہتر ہے اور اکثر پر ضروری ہے اور اگر پٹی پر بھی مسح نہ کر سکتے ہوں تو خالی چھوڑ دیں۔ پھر جیسے جیسے آرام ہوتا جائے اصل حکم کی طرف بڑھتے چلیں۔ یعنی پہلے پٹی پر، پھر عضو پر مسح اور پھر عضو کا دھونا۔

(۳) ہڈی کے ٹوٹ جانے سے تختی باندھی گئی ہو اس کا بھی یہی حکم ہے۔

(۴) تختی یا پٹی کھل جائے اور ہنوز باندھنے کی حاجت ہو تو پھر دوبارہ مسح نہیں کیا جائے گا۔ وہی پہلا مسح کافی ہے اور اگر پھر باندھنے کی ضرورت نہ ہو تو مسح ٹوٹ گیا۔ اب اس جگہ کو دھو سکیں تو دھوئیں، ورنہ مسح کر لیں۔ (عامہ کتب)

حیض کا بیان

اللہ عزوجل ارشاد فرماتا ہے:

يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ قُلْ هُوَ اَذًى فَاعْتَزِلُوا النِّسَآءَ فِي الْمَحِيْضِ وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ حَتّٰى يَطْهُرْنَ فَاِذَا تَطَهَّرْنَ فَاْتُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ○

اے محبوب! تم سے حیض کے بارے میں لوگ سوال کرتے ہیں تم فرما دو وہ گندی چیز ہے تو حیض میں عورتوں سے بچو اور ان سے قربت نہ کرو جب تک پاک نہ ہولیں تو جب پاک ہو جائیں ان کے پاس اس جگہ سے جاؤ جس کا اللہ نے تمہیں حکم دیا ہے۔ بے شک اللہ دوست رکھتا ہے توبہ کرنے والوں کو اور دوست رکھتا ہے پاک رہنے والوں کو۔

حیض کی حکمت: بالغہ عورت کے بدن میں قدرتی، ضرورت سے کچھ زیادہ خون پیدا ہوتا ہے کہ حمل کی حالت میں وہ خون بچے کی غذا میں کام آئے اور بچہ کے دودھ پینے کے زمانے میں وہی خون دودھ ہو جائے اور ایسا نہ ہو تو حمل اور دودھ پلانے کے زمانہ میں اس کی جان پر بن جائے۔ یہی وجہ ہے کہ حمل اور دودھ پلانے کے شروع کے دنوں میں خون نہیں آتا اور جس زمانے میں خون نہیں آتا اور جس زمانے میں نہ حمل ہو نہ دودھ پلانا وہ خون اگر بدن سے نہ نکلے تو قسم قسم کی بیماریاں لگ جائیں۔

حیض کے مسائل

مسئلہ: بالغہ عورت کے آگے کے مقام سے جو خون عادی طور پر نکلتا ہے اور بیماری یا بچہ پیدا ہونے کے سبب سے نہ ہو اسے حیض کہتے ہیں اور بیماری سے ہو تو استحاضہ اور

بچہ پیدا ہونے کے بعد ہو تو نفاس کہتے ہیں۔ (عامہ کتب)

مسئلہ: حیض کی مدت کم سے کم تین دن تین راتیں ہیں۔ یعنی پورے ۷۲ گھنٹے۔ ایک منٹ بھی اگر کم ہے تو حیض نہیں اور زیادہ سے زیادہ دس دن دس راتیں ہیں۔

مسئلہ: کرن چمکتی تھی کہ حیض شروع ہوا اور تین دن تین راتیں پوری ہو کر کرن چمکتے ہی وقت ختم ہوا تو حیض ہے اگر ان تین دن تین رات کی مقدار ۷۲ گھنٹے نہیں ہے مگر طلوع سے طلوع تک یا غروب سے غروب تک ضرور ایک دن رات ہے۔

مسئلہ: طلوع و غروب کے علاوہ اگر کسی اور وقت حیض شروع ہوا تو وہی ۲۴ گھنٹے کا ایک دن رات لیا جائے گا۔ مثلاً آج صبح کو ٹھیک نو بجے شروع ہوا تو کل ٹھیک نو بجے ایک دن رات ہو گا۔ (فتاویٰ رضویہ، بہار شریعت)

مسئلہ: دس رات دن سے کچھ بھی زیادہ خون آیا تو اگر یہ حیض پہلی مرتبہ اسے آیا ہے تو دس دن تک حیض ہے۔ بعد کا استحاضہ اور اگر پہلے اسے حیض آ چکے ہیں اور عادت دس دن سے کم تھی تو عادت سے جتنا زیادہ ہوا استحاضہ ہے اسے یوں سمجھو کہ اسے عادت پانچ دن کی تھی اب خون آیا دس دن تو کل حیض ہے اور یہ سمجھا جائے گا کہ اس کی عادت بدل گئی لیکن اگر دس دن سے زیادہ مثلاً گیارہ یا بارہ دن خون آیا تو پانچ دن حیض کے باقی سات دن استحاضہ کے، اور اگر ایک حالت مقرر نہ تھی بلکہ کبھی چار دن خون آیا، کبھی پانچ دن تو پچھلی بار جتنے دن تھے وہی اب بھی حیض کے ہیں باقی دن استحاضہ کے۔ (ردالمحتار، مراقی الفلاح وغیرہ)

مسئلہ: یہ ضروری نہیں کہ مدت میں ہر وقت خون جاری رہے۔ جبھی حیض ہو بلکہ اگر بعض بعض وقت بھی آئے جب بھی حیض ہے۔

مسئلہ: کم از کم نو برس کی عمر سے حیض شروع ہو گا اور انتہائی عمر حیض آنے کی پچپن سال ہے۔ اس عمر والی عورت کو آئسہ اور اس عمر کو سن ایاس کہتے ہیں تو نو برس کی عمر سے پیشتر جو خون آئے وہ استحاضہ ہے اور پچپن سال کی عمر کے بعد جو خون آئے وہ

بھی استحاضہ ہے ہاں اس پچھلی صورت میں اگر خالص خون آئے جیسے آتا تھا اسی رنگ کا آیا تو حیض ہے۔ (ردالمحتار وغیرہ)

مسئلہ: حمل والی عورت کو خون آیا استحاضہ ہے یوں ہی بچہ ہوتے وقت جو خون آیا اور ابھی آدھے سے زیادہ بچہ باہر نہیں نکلا وہ استحاضہ ہے۔ (ردالمحتار وغیرہ)

مسئلہ: دو حیضوں کے درمیان کم سے کم پورے پندرہ دن کا فاصلہ ضروری ہے یونہی حیض و نفاس کے درمیان بھی پندرہ دن کا فاصلہ ضروری ہے تو اگر نفاس ختم ہونے کے بعد پندرہ دن پورے نہ ہوئے تھے کہ خون آگیا تو یہ استحاضہ ہے۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: حیض اسی وقت سے شمار کیا جائے گا کہ خون فرج خارج میں آگیا تو اگر کوئی کپڑا رکھ لیا ہے جس کی وجہ سے خون فرج خارج میں نہیں داخل ہی میں رکا ہوا ہے تو جب تک پکڑا نہ نکالے گی حیض والی نہ ہوگی۔ نماز پڑھے گی روزہ رکھے گی۔ (ردالمحتار وغیرہ)

مسئلہ: حیض کے چھ رنگ ہیں: سیاہ، سرخ، سبز، زرد، گدلا، مٹیالا، سفید رنگ کی رطوبت حیض نہیں تو دس دن کے اندر رطوبت میں ذرا بھی میلا پن ہے تو وہ حیض ہے۔ دس دن رات کے بعد بھی میلا پن باقی رہے تو عادت والی کے لیے جو دن عادت کے ہیں وہ حیض ہوا اور عادت سے بعد والے دن استحاضہ، اور اگر کچھ عادت نہیں دس دن رات تک حیض باقی استحاضہ۔

مسئلہ: گدی جب تر تھی تو اس میں زردی یا میلا پن تھا بعد سوکھ جانے کے سفید ہوگئی تو مدت حیض میں حیض ہی ہے اور اگر جب دیکھا تھا سفید تھی مگر سوکھ کر زرد ہوگئی تو یہ حیض نہیں۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: جس عورت کو پہلی مرتبہ خون آیا اور اس کا سلسلہ مہینوں یا برسوں جاری رہا کہ بیچ میں پندرہ دن کے لیے بھی نہ رکا تو جس دن سے خون آنا شروع ہوا اس روز سے دس دن تک حیض اور باقی بیس دن استحاضہ کے سمجھے اور جب تک خون جاری

رہے یہی قاعدہ برتے اور اگر اس سے پیشتر حیض آچکا ہے تو اس سے پہلے جتنے دن حیض کے تھے ہر تیس دن میں اتنے دن حیض کے سمجھے باقی جو دن بچیں وہ استحاضہ۔

مسئلہ: جس عورت کو عمر بھر خون نہیں آیا یا آیا مگر تین دن سے کم آیا تو عمر بھر وہ پاک ہی رہی اور ایک بار تین دن رات خون آیا پھر کبھی نہ آیا تو فقط وہ تین دن رات حیض کے ہیں باقی ہمیشہ کے لیے پاک۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: جس عورت کو دس دن خون آیا اور اس کے بعد سال بھر تک پاک رہی پھر برابر خون جاری رہا تو وہ اس زمانے میں نماز روزہ کے لیے ہر مہینہ میں دس دن حیض کے سمجھے اور بیس دن استحاضہ۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: جس عورت کو نہ پہلے حیض کے دن یاد، نہ یہ یاد کہ کن تاریخوں میں آیا تھا۔ اب تین دن یا زیادہ خون آکر بند ہو گیا پھر طہارت کے پندرہ دن پورے نہ ہوئے تھے کہ پھر خون جاری ہوا اور ہمیشہ کو جاری ہو گیا تو اس کا وہی حکم ہے جیسے کسی کو پہلے پہل خون آیا اور ہمیشہ کو جاری ہو گیا کہ دس دن حیض کے شمار کرے پھر بیس دن طہارت کے۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: جس کی ایک عادت مقرر نہ ہو بلکہ کبھی مثلاً چھ دن حیض کے ہوں اور کبھی سات دن۔ اب جو خون آیا تو بند ہوتا ہی نہیں تو اس کے لیے نماز روزے کے حق میں کم مدت یعنی چھ دن حیض کے قرار دیئے جائیں گے اور ساتویں روز نہا کر نماز پڑھے۔ اور روزہ رکھے (جبکہ رمضان ہوں) مگر سات دن پورے ہونے کے بعد پھر نہانے کا حکم ہے اور ساتویں دن جو فرض روزہ رکھا ہے اس کی قضا کرے۔ اور مدت گزرنے یا شوہر کے پاس رہنے کے بارے میں زیادہ مدت یعنی سات دن حیض کے مانے جائیں گے، یعنی ساتویں دن اس سے قربت جائز نہیں۔ (بدائع)

مسئلہ: کسی کو ایک دو دن خون آکر بند ہو گیا اور شروع ہوئے دس دن پورے نہ ہوئے تھے کہ پھر خون آیا اور دسویں دن بند ہو گیا تو یہ دسوں دن حیض کے ہیں اور اگر

دس دن کے بعد بھی جاری رہا تو دو صورتیں ہیں۔ اگر پہلے کی عادت معلوم ہے تو عادت کے دنوں میں حیض، باقی استحاضہ اور اگر پہلے کی عادت معلوم نہیں تو دس دن حیض کے باقی استحاضہ۔ (بدائع)

مسئلہ: کسی کی عادت تھی کہ فلاں تاریخ میں حیض ہو اب اس سے ایک دن پہلے خون آکر بند ہو گیا پھر دس دن تک نہیں آیا اور گیارہویں دن پھر آگیا تو خون نہ آنے کے یہ دس دن ہیں ان میں سے اپنی عادت کے دنوں کے برابر حیض قرار دے اور اگر تاریخ تو مقرر تھی مگر حیض کے دن معین نہ تھے تو یہ دسوں دن خون نہ آنے کے حیض کے ہیں۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: جس عورت کو تین دن سے کم آکر خون بند ہو گیا اور پندرہ دن پورے نہ ہوئے تھے کہ پھر آگیا تو پہلی مرتبہ جب سے خون آنا شروع ہوا ہے حیض ہے اب اگر اس کی کوئی عادت ہے تو عادت کے برابر حیض کے دن شمار کرے ورنہ شروع سے دس دن تک حیض اور پچھلی مرتبہ کا استحاضہ۔ (ردالمحتار وغیرہ)

مسئلہ: کسی کو پورے تین دن رات خون آکر بند ہو گیا اور اس کی عادت اس سے زیادہ کی تھی پھر تین دن رات کے بعد سفید رطوبت عادت کے دنوں تک آتی رہی تو اس کے لیے صرف وہی تین دن رات حیض کے ہیں اور کہا جائے گا کہ عادت بدل گئی۔

مسئلہ: تین دن رات سے کم خون آیا پھر پندرہ دن تک پاک رہی پھر تین دن رات سے کم آیا تو نہ پہلی مرتبہ حیض ہے نہ یہ۔ بلکہ دونوں استحاضہ ہیں۔ (بہار شریعت)

نفاس کا بیان

ہم پہلے بیان کر آئے ہیں کہ بچہ پیدا ہونے کے بعد جو خون عورت کے آگے کے مقام سے آتا ہے، اسے نفاس کہتے ہیں۔ اب اس کے متعلق مسائل بیان کرتے ہیں۔

مسئلہ: نفاس میں کمی کی جانب کوئی مدت مقرر نہیں، آدھے سے زیادہ بچہ نکلنے کے بعد ایک آن بھی خون آیا تو وہ نفاس ہے اور زیادہ سے زیادہ اس کا زمانہ چالیس دن رات ہے اور نفاس کی مدت کا شمار اس وقت سے ہوگا کہ آدھے سے زیادہ بچہ نکل آیا اور اس بیان میں جہاں بچہ پیدا ہونے کا لفظ آئے گا اس کا مطلب آدھے سے زیادہ باہر آجانا ہے۔ (عامہ کتب)

مسئلہ: کسی عورت کو چالیس دن سے زیادہ خون آیا تو اگر اس کے پہلی بار بچہ پیدا ہوا ہے یا یہ یاد نہیں کہ اس سے پہلے بچہ ہونے میں کتنے دن خون آیا تھا تو چالیس دن رات نفاس ہے باقی استحاضہ اور جو پہلی عادت معلوم ہو تو عادت کے دنوں تک نفاس ہے اور جتنا زیادہ ہے وہ استحاضہ، جیسے عادت تیس دن کی تھی اس بار پینتالیس دن آیا تو تیس دن نفاس کے ہیں اور پندرہ دن استحاضہ کے۔ (درمختار، ردالمحتار)

مسئلہ: بچہ پیدا ہونے سے پیشتر جو خون آیا نفاس نہیں بلکہ استحاضہ ہے اگرچہ آدھا باہر آگیا ہو۔ (درمختار)

مسئلہ: حمل ساقط ہوگیا اور اس کا کوئی عضو بن چکا ہے جیسے ہاتھ، پاؤں، انگلیاں تو یہ خون نفاس ہے ورنہ اگر تین دن رات تک رہا اور اس سے پہلے پندرہ دن پاک رہنے کا زمانہ گزر چکا ہے تو حیض ہے اور اگر تین دن سے پہلے ہی بند ہوگیا یا ابھی پورے پندرہ دن طہارت کے نہیں گزرے ہیں تو استحاضہ ہے۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: پیٹ سے بچہ کاٹ کر نکالا گیا تو اس کے آدھے سے زیادہ نکالنے کے بعد نفاس ہے۔ (درمختار وغیرہ)

مسئلہ: حمل ساقط ہونے سے پہلے کچھ خون آیا کچھ بعد کو تو پہلے والا استحاضہ ہے بعد والا نفاس۔ یہ اس صورت میں ہے کہ جب کوئی عضو بن چکا ہو ورنہ پہلے والا اگر حیض ہو سکتا ہے تو حیض ہے ورنہ استحاضہ۔ جیسا کہ ابھی اوپر گزرا۔ (درمختار، ردالمحتار)

مسئلہ: حمل ساقط ہوا اور یہ معلوم نہیں کہ کوئی عضو بنا تھا یا نہیں نہ یہ یاد ہے کہ

حمل کتنے دن کا تھا کہ اسی سے عضو کا بننا نہ بننا معلوم ہو جاتا یعنی ۱۲۰ دن (چار ماہ) ہو گئے ہیں تو عضو بن جانا قرار دیا جائے گا۔ اور بعد اسقاط کے خون ہمیشہ کو جاری ہو گیا تو اسے حیض کے حکم میں سمجھے کہ حیض کی جو عادت تھی اس کے گزرنے کے بعد نہا کر نماز شروع کر دے اور عادت نہ تھی تو دس دن کے بعد۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: جس عورت کے دو بچے جڑواں پیدا ہوئے یعنی دونوں کی پیدائش کے درمیان چھ مہینے سے کم زمانہ ہے تو پہلا ہی بچہ ہونے کے بعد سے نفاس سمجھا جائے گا پھر اگر دوسرا چالیس دن کے اندر پیدا ہوا اور خون آیا تھا تو پہلے سے چالیس دن تک نفاس ہے پھر استحاضہ اور اگر چالیس دن کے بعد پیدا ہوا تو اس پچھلے کے بعد جو خون آیا استحاضہ ہے، نفاس نہیں۔ مگر دوسرے کے پیدا ہونے کے بعد بھی نہانے کا حکم دیا جائے گا۔

(درمختار)

مسئلہ: اگر دونوں بچوں کی پیدائش میں چھ مہینے یا زیادہ کا فاصلہ ہے تو دوسرے کے بعد بھی نفاس ہے۔ (درمختار)

مسئلہ: چالیس دن کے اندر کبھی خون آیا کبھی نہیں تو سب نفاس ہی ہے اگرچہ پندرہ دن کا فاصلہ ہو جائے۔ (درمختار وغیرہ)

حیض و نفاس سے متعلق احکام

(۱) حیض و نفاس والی عورت کو قرآن مجید پڑھنا، دیکھ کر ہو یا زبانی یا اس کو چھونا اگرچہ اس کی جلد یا چولی یا حاشیہ کو ہاتھ لگے یا انگلی کی نوک یا بدن کا کوئی حصہ لگے یا اگرچہ کرتے کے دامن یا دوپٹہ کے آنچل یا کسی ایسے کپڑے سے چھوئے جس کو پہنے اوڑھے ہوئے ہو تو یہ سب حرام ہیں۔ ہاں جزدان میں قرآن مجید ہو تو اس جزدان کے چھونے میں حرج نہیں۔ (عامہ کتب)

(۲) کاغذ کے پرچے پر کوئی سورت یا آیت لکھی ہو تو اس کا بھی چھونا حرام ہے اور

قرآن کے ساتھ قرآن کا ترجمہ فارسی یا اردو یا کسی اور زبان میں ہو اس کے بھی چھونے اور پڑھنے میں قرآن مجید کا سا حکم ہے۔ (درمختار، عالمگیری وغیرہ)

(۳) معلمہ (قرآن پڑھانے والی) کو حیض و نفاس کی حالت میں ایک ایک کلمہ سانس توڑ توڑ کر پڑھانا چاہیے اور ہجے کرانے میں کوئی حرج نہیں۔ (ردالمحتار)

(۴) قرآن مجید کے علاوہ اور دوسرے اذکار مثلاً کلمہ شریف، درود شریف استغفار وغیرہ بلا کراہت جائز بلکہ مستحب ہے اور ان چیزوں کو وضو یا کلی کر کے پڑھنا بہتر۔ اور ویسے بھی پڑھ لیا جب بھی حرج نہیں اور ان کے چھونے میں بھی حرج نہیں۔

(درمختار، ردالمحتار)

(۵) نماز کے وقت میں وضو کر کے اتنی دیر تک ذکر الٰہی، درود شریف اور دوسرے وظائف مثلاً شجرہ وغیرہ دعائیں پڑھ لیا کرے جتنی دیر نماز پڑھتی تھی تاکہ عادت رہے۔

(عالمگیری)

(۶) ایسی عورت کو اذان کا جواب دینا جائز ہے۔ (عامہ کتب)

(۷) ایسی عورت کو مسجد میں جانا یا خانہ کعبہ کے اندر جانا اور اس کا طواف کرنا اگرچہ مسجد حرام کے باہر سے ہو حرام ہے۔ یوں ہی مسجد سے گزرنا یا اس حالت میں سجدۂ شکر و سجدۂ تلاوت کرنا حرام ہے اور آیت سجدہ سننے سے اس پر سجدہ واجب نہیں۔ (درمختار، ردالمحتار وغیرہ) ہاں عیدگاہ کے اندر جانا یا ہاتھ بڑھا کر کوئی چیز مسجد سے لینا جائز ہے۔

(ردالمحتار)

(۸) اس حالت میں روزہ رکھنا اور نماز پڑھنا حرام ہے بلکہ نمازیں معاف ہیں ان کی قضا بھی نہیں۔ ہاں روزوں کی قضا اور دنوں میں رکھنا فرض ہے۔ (درمختار، عالمگیری)

(۹) نماز کا وقت آخر آگیا اور ابھی تک نماز نہیں پڑھی کہ حیض آیا یا بچہ پیدا ہوا تو اس وقت کی نماز معاف ہوگئی۔ اگرچہ اتنا تنگ وقت ہوگیا کہ اس نماز کی گنجائش نہ ہو۔

(عالمگیری)

(۱۰) نماز پڑھتے میں حیض آگیا یا بچہ پیدا ہوا تو وہ نماز معاف ہے۔ البتہ اگر نفل نماز تھی تو اس کی قضا واجب ہے۔ (عالمگیری)

(۱۱) حیض والی کو تین دن سے کم خون آکر بند ہو گیا تو روزے رکھے اور وضو کر کے نماز پڑھے، نہانے کی ضرورت نہیں پھر اس کے بعد اگر پندرہ دن کے اندر خون آیا تو اب نہانے اور عادت کے دن نکال کر باقی دنوں کی قضا کرے اور جس کی کوئی عادت نہیں وہ دس دن کے بعد نمازیں قضا کرے۔ ہاں اگر عادت کے دنوں کے بعد یا بے عادت والی نے دس دن کے بعد غسل کر لیا تھا تو ان دنوں کی نمازیں ہو گئیں۔ قضا کی ضرورت نہیں اور عادت کے دنوں سے پہلے کے روزوں کی قضا کرے اور بعد کے روزے ہر حال میں ہو گئے۔

(۱۲) جس عورت کو تین دن رات کے بعد حیض بند ہو گیا اور عادت کے دن ابھی پورے نہ ہوئے، یا نفاس کا خون عادت پوری ہونے سے پہلے بند ہو گیا تو بند ہونے کے بعد ہی غسل کر کے نماز پڑھنا شروع کر دے۔ عادت کے دنوں کا انتظار نہ کرے۔

(۱۳) عادت کے دنوں سے خون زیادہ آگیا (دن چڑھ گئے) تو حیض میں دس دن اور نفاس میں چالیس دن تک انتظار کرے اگر اس مدت کے اندر بند ہو گیا تو اب سے نہا دھو کر نماز پڑھے اور جو اس مدت کے بعد بھی جاری رہا تو نہائے اور عادت کے بعد باقی دنوں کی قضا کرے۔ نماز کی بھی اور روزوں کی بھی۔

(۱۴) حیض یا نفاس عادت کے دن پورے ہونے سے پہلے بند ہو گیا تو آخر وقت مستحب تک انتظار کر کے نہا کر نماز پڑھے اور جو عادت کے دن پورے ہو چکے تو انتظار کی کچھ حاجت نہیں۔ (عالمگیری، ردالمحتار وغیرہ)

(۱۵) حیض پورے دس دن پر اور نفاس پورے چالیس دن پر ختم ہوا اور نماز کے وقت میں اگر اتنا بھی باقی ہو کہ اللہ اکبر کا لفظ کہے تو اس وقت کی نماز اس پر فرض ہو گئی۔ نہا کر اس کی قضا کرے اور اگر اس سے کم میں بند ہوا اور اتنا وقت ہے کہ جلدی سے نہا کر اور کپڑے پہن کر ایک بار اللہ اکبر کہہ سکتی ہے تو فرض ہو گئی قضا کرے اور اتنا وقت نہ ہو تو نہیں۔ (ردالمحتار)

(۱۶) اگر پورے دس دن پر پاک ہوئی اور اتنا وقت بھی رات کا باقی نہیں کہ ایک بار اللہ اکبر کہہ لے تو اس دن کا روزہ اس پر واجب ہے اور جو کم میں پاک ہوئی اور اتنا وقت ہے کہ صبح صادق ہونے سے پہلے نہا کر کپڑے پہن کر اللہ اکبر کہہ سکتی ہے تو روزہ

فرض ہے۔ اگر نہالے تو بہتر ورنہ بے نہائے نیت کرلے اور صبح کو نہالے اور جو اتنا وقت بھی نہیں تو اس دن کا روزہ اس پر فرض نہ ہوا۔ البتہ روزہ داروں کی طرح رہنا واجب ہے۔ کوئی بات ایسی جو روزے کے خلاف ہو مثلاً کھانا پینا حرام ہے۔

(درمختار، ردالمحتار)

(۱۷) روزے کی حالت میں حیض یا نفاس شروع ہوگیا تو وہ روزہ جاتا رہا۔ اس کی قضا رکھے فرض تھا تو قضا فرض ہے اور نفل تھا تو قضا واجب۔ (عالمگیری وغیرہ)

(۱۸) حیض و نفاس والی کو اختیار ہے کہ چھپ کر کھائے یا ظاہراً، روزہ دار کی طرح رہنا اس پر ضروری نہیں۔ (جوہرہ) مگر چھپ کر کھانا بہتر ہے۔ خصوصاً حیض والی کے لیے۔

(بہار شریعت)

(۱۹) حیض و نفاس والی پاک ہوگئی، کچھ دن باقی رہ گیا ہے تو اسے روزے کی مثل گزارے اور اس روزے کی قضا واجب ہے۔ (درمختار)

(۲۰) عورت سوتے وقت پاک تھی اور صبح سو کر اٹھی تو حیض کا اثر دیکھا تو اسی وقت سے حیض کا حکم دیا جائے گا۔ لہٰذا اگر عشاء کی نماز نہیں پڑھی تھی تو پاک ہونے پر اس کی قضا فرض ہے۔

(۲۱) حیض والی سو کر اٹھی اور گدی پر کوئی نشان حیض کا نہیں تو رات ہی سے پاک ہے۔ نہا کر عشاء کی قضا پڑھے۔ (درمختار، ردالمحتار وغیرہ)

(۲۲) ہم بستری یعنی جماع اس حالت میں حرام[1] ہے، اسے جائز جاننا کفر ہے اور حرام سمجھ کر کرلیا تو سخت گناہ کی بات ہے۔ اس پر توبہ فرض ہے اور اب اگر شروع دنوں میں کیا تو ایک دینار اور آخری دنوں میں کیا تو آدھا دینار خیرات کرنا مستحب ہے۔

(درمختار، ردالمحتار)

(۲۳) اس حالت میں ناف سے گھٹنے تک عورت کے بدن سے مرد کا اپنے کسی عضو سے چھونا بھی جائز نہیں جبکہ بدن پر کپڑا وغیرہ موجود نہ ہو۔ شہوت سے ہو یا بے شہوت ہاں اگر بدن پر کوئی ایسی چیز ہو کہ بدن کی گرمی محسوس نہ ہوگی تو حرج نہیں۔

(درمختار وغیرہ)

(۲۴) ناف سے اوپر اور گھٹنے سے نیچے چھونے یا کسی طرح کا نفع لینے میں کوئی حر
نہیں یوں ہی بوس و کنار بھی جائز ہے۔ (درمختار)

(۲۵) عورت اس حالت میں شوہر کے ساتھ کھا پی سکتی ہے بلکہ دونوں ایک پلنگ
سو بھی سکتے ہیں بلکہ اس وجہ سے ساتھ نہ سونا مکروہ ہے۔ (درمختار، ردالمحتار) ہاں ہمرا
سونے میں شہوت کا غلبہ ہو اور اپنے کو قابو میں نہ رکھنے کا احتمال ہو تو ساتھ نہ سوئے او
اس کا غالب گمان ہو تو ساتھ سونا گناہ ہے۔ (بہار شریعت)

(۲۶) پورے دس دن پر حیض ختم ہوا تو پاک ہوتے ہی اس سے جماع (صحبت) جائز
ہے۔ اگرچہ اب تک غسل نہ کیا ہو مگر مستحب یہ ہے کہ نہانے کے بعد جماع کرے اور
دس دن سے کم میں پاک ہوئی تو جب تک غسل نہ کرے یا نماز کا وقت جس میں پاک
ہوئی وہ گزر نہ جائے، جماع جائز نہیں اور اگر اتنا وقت نہیں تھا کہ اس میں نہا کر کپڑے
پہن کر اللہ اکبر کہہ سکے تو اس کے بعد کا وقت گزر جائے یا غسل کر لے تو جماع جائز ہے
ورنہ نہیں۔ (عالمگیری وغیرہ)

(۲۷) عادت کے دن پورے ہونے سے پہلے ہی ختم ہو گیا تو اگرچہ غسل کر لے،
جماع ناجائز ہے۔ جب تک کہ عادت کے دن پورے نہ ہو جائیں۔ مثلاً کسی کی عادت چھ
دن کی تھی اور اس مرتبہ پانچ ہی روز آیا تو اسے حکم ہے کہ نہا کر نماز شروع کر دے مگر
جماع کے لیے ایک دن اور انتظار کرنا واجب ہے۔ (عالمگیری وغیرہ)

(۲۸) عورت حیض سے پاک ہوئی اور پانی پر قدرت نہیں کہ غسل کرے اور غسل
کا تیمم کیا تو اس سے صحبت جائز نہیں جب تک کہ اس تیمم سے نماز نہ پڑھ لے۔ نماز
پڑھنے کے بعد اگرچہ پانی پر قادر ہو غسل نہ کیا صحبت جائز ہے۔ (درمختار، ردالمحتار)

(۲۹) عورت کو یہ جائز نہیں کہ اپنا حیض اپنے شوہر سے چھپائے کہ کہیں وہ نادانستہ
جماع نہ کر لے۔ جیسا کہ یہ جائز نہیں کہ وہ خود کو حیض والی ظاہر کرے حالانکہ وہ حیض
والی نہیں۔ (مراقی الفلاح)

(۳۰) ان باتوں میں نفاس کے وہی احکام ہیں جو حیض کے ہیں۔ (ردالمحتار)

(۳۱) بچہ ابھی آدھے سے زیادہ پیدا نہیں ہوا اور نماز کا وقت جا رہا ہے اور یہ گمان

ہے کہ آدھے سے زیادہ باہر ہونے سے پیشتر وقت ختم ہو جائے گا تو اس وقت کی نماز جس طرح ممکن ہو پڑھے۔ اگر قیام رکوع سجود نہ ہو سکے تو اشارے سے پڑھے، وضو نہ کرے تیمم سے پڑھے اور اگر نہ پڑھی تو گناہ گار ہوگی۔ توبہ کرے اور بعد طہارت قضا کرے۔ (بہار شریعت، فتاویٰ رضویہ)

ضروری نہایت ضروری

نفاس میں عورت کو زچہ خانے سے نکلنا جائز ہے، اس کو ساتھ کھلانے یا اس کا جھوٹا کھانے میں حرج نہیں۔ ان علاقوں میں جو بعض جگہ ان کے برتن الگ کر دیتی ہیں بلکہ ان برتنوں کو مثل نجس کے جانتی ہیں یا انہیں کسی برتن سے ہاتھ لگانے نہیں دیتیں، یہ سب واہی تباہی باتیں ہندوؤں کی رسمیں ہیں۔ ایسی بے ہودہ رسموں سے دور رہنا لازم ہے۔ اکثر عورتوں میں یہ رواج ہے کہ جب تک چلہ پورا نہ ہو لے اگرچہ نفاس ختم ہو گیا ہو نہ نماز پڑھیں نہ اپنے آپ کو نماز کے قابل جانیں۔ یہ محض جہالت ہے جس وقت نفاس ختم ہو اسی وقت سے نہا کر نماز شروع کر دیں اور اگر نہانے میں بیماری کا پورا اندیشہ ہے تو تیمم کریں اور نماز پڑھیں۔ (فتاویٰ رضویہ، بہار شریعت)

استحاضہ کے احکام

وہ خون جو بالغہ عورت کے آگے کے مقام سے آئے لیکن نہ تو عادی طور پر اور نہ بچہ کی پیدائش کے بعد، بلکہ کسی بیماری کی وجہ سے ہو اسے استحاضہ کرتے ہیں۔

(۱) استحاضہ میں نماز معاف ہے نہ روزہ اور نہ ایسی عورت سے صحبت حرام۔

(عامہ کتب)

(۲) استحاضہ اگر اس حد تک پہنچ گیا کہ اس کو اتنی مہلت نہیں ملتی کہ وضو کر کے نماز ادا کر سکے تو نماز کا پورا ایک وقت شروع سے آخر تک، اسی حالت میں گزر جانے پر

اس کو معذور (عذر والی) کہا جائے گا۔ ایک وضو سے اس وقت میں جتنی نمازیں چاہے پڑھے۔ خون آنے سے اس کا وضو نہ جائے گا۔ (درمختار، ردالمحتار)

(۳) اگر کپڑا وغیرہ رکھ کر اتنی دیر تک خون کو روک سکتی ہے کہ وضو کرکے نماز پڑھ لے تو عذر ثابت نہ ہوگا۔ (درمختار)

(۴) استحاضہ والی اگر غسل کرکے ظہر کی نماز آخر وقت میں اور عصر کی نماز وضو کر کے اول وقت میں اور مغرب کی نماز غسل کرکے آخر وقت میں پڑھے اور عشاء کی وضو کر کے اول وقت میں پڑھے اور فجر بھی غسل کرکے پڑھے تو بہتر ہے اور عجب نہیں کہ یہ ادب جو حدیث میں ارشاد ہوا ہے اس کی رعایت کی برکت سے اس کے مرض کو بھی فائدہ پہنچے۔ (ابوداؤد، ترمذی)

(۵) ہر وہ شخص جس کو کوئی ایسی بیماری ہے کہ ایک وقت پورا نماز کا گزر گیا کہ وضو کے ساتھ فرض ادا نہ کرسکا وہ معذور ہے۔ اس کا بھی یہی حکم ہے کہ وقت میں وضو کرلے اور آخر وقت تک جتنی نمازیں چاہے اس وضو سے پڑھے۔ اس بیماری سے اس کا وضو نہیں جاتا، جیسے دست آنا، یا ہوا خارج ہونا یا دکھتی آنکھ سے پانی گرنا یا پھوڑے وغیرہ سے ہر وقت رطوبت بہنا یا کان، ناف، پستان سے پانی نکلنا کہ یہ سب بیماریاں وضو توڑنے والی ہیں۔ (درمختار، ردالمحتار وغیرہ)

(۶) فرض نماز کا وقت نکل جائے تو وضو ٹوٹ جاتا ہے جیسے کسی نے عصر کے وقت وضو کیا تھا تو سورج ڈوبتے ہی وضو جاتا رہا۔ (عامہ کتب)

(۷) جب پورا وقت گزر جائے اور وہ چیز نہ پائی جائے جس کی وجہ سے اسے معذور کہا گیا تھا۔ مثلاً خون نہ آیا تو اب معذور نہ رہی۔ (درمختار وغیرہ)

(۸) معذور کا وضو اس چیز سے نہیں جاتا جس کے سبب معذور ہے۔ ہاں اگر کوئی دوسری چیز توڑنے والی پائی گئی تو وضو جاتا رہا۔ مثلاً جسے نکسیر کا مرض ہے ہوا نکلنے سے اس کا وضو جاتا رہے گا۔ (عامہ کتب)

(۹) معذور نے کسی دوسرے عذر کے بعد وضو کیا اور وضو کرتے وقت وہ عذر جس کی وجہ سے یہ معذور ہے منقطع تھا مگر وضو کرنے کے بعد یہ عذر پایا گیا تو وضو جاتا رہا جیسے

استحاضہ والی نے پاخانہ پیشاب کے بعد وضو کیا اور وضو کرتے وقت خون بند تھا بعد وضو کے آیا تو وضو ٹوٹ گیا اور اگر وضو کرتے وقت وہ عذر والی چیز بھی پائی جاتی تھی تو اب وضو کی ضرورت نہیں۔ (درمختار، ردالمحتار)

(۱۰) اگر کسی ترکیب سے عذر جاتا رہے یا اس میں کمی ہو جائے تو اس ترکیب کا کرنا فرض ہے۔ مثلاً کھڑے ہو کر پڑھنے سے خون بہتا ہے اور بیٹھ کر پڑھے تو نہ بہے گا تو بیٹھ کر فرض ہے۔ (عالمگیری)

(۱۱) معذور کو ایسا عذر ہے جس کے سبب کپڑے نجس ہو جاتے ہیں تو اگر ایک درم سے زیادہ نجس ہو گا اور جانتا ہے کہ اتنا موقع ہے کہ اسے دھو کر پاک کپڑوں سے نماز پڑھ لوں گا تو دھو کر نماز پڑھنا فرض ہے اور اگر جانتا ہے کہ نماز پڑھتے پڑھتے پھر اتنا ہی نجس ہو جائے گا تو دھونا ضروری نہیں اسی سے پڑھ لے اور اگر درہم کے برابر ہے تو پہلی صورت میں دھونا واجب ہے اور اگر نجاست درہم سے کم ہے تو دھونا سنت ہے اور دوسری صورت میں نہ دھونے میں کوئی حرج نہیں۔ (عالمگیری)

(۱۲) کسی زخم سے ایسی رطوبت نکلے کہ بہے نہیں تو نہ اس کی وجہ سے وضو ٹوٹے نہ معذور ہو اور نہ وہ رطوبت ناپاک ہے۔ (عامہ کتب)

نجاست کا بیان اور اس کے احکام

نجاست دو طرح کی ہے: ایک وہ جس کا حکم سخت ہے، اس کو غلیظہ کہتے ہیں۔ دوسری وہ جس کا حکم ہلکا ہے، اسے خفیفہ کہتے ہیں۔ (عامہ کتب)

ان دونوں نجاستوں کے متعلق بعض احکام یہ ہیں:

(۱) نجاست غلیظہ کا حکم یہ ہے کہ اگر کپڑے یا بدن میں ایک درہم سے زیادہ لگ جائے تو اس کا پاک کرنا فرض ہے۔ بے پاک کیے نماز پڑھ لی تو ہو گی ہی نہیں اور جان بوجھ کر پڑھ لی تو گناہ بھی ہوا۔

اور اگر درہم کے برابر ہے تو پاک کرنا واجب ہے کہ بے پاک کیے نماز پڑھی تو

اس نماز کا دوبارہ پڑھنا واجب ہے اور قصداً پڑھی تو گناہ بھی ہوا اور اگر درہم سے کم ہے تو پاک کرنا سنت ہے کہ بے پاک کیے نماز پڑھ لی تو ہو گئی مگر سنت کے خلاف ہوئی اس کو دہرا لینا اچھا ہے۔ (در مختار وغیرہ)

(۲) نجاست خفیفہ کا حکم یہ ہے کہ کپڑے کے جس حصے یا بدن کے جس عضو پر لگی ہے اگر اس کی چوتھائی سے کم ہے (مثلاً دامن میں لگی ہے تو دامن کی چوتھائی سے کم اور آستین میں لگی ہے تو آستین کی چوتھائی سے کم، یوں ہی ہاتھ میں ہاتھ کی چوتھائی سے کم) تو معاف ہے کہ اس سے نماز ہو جائے گی اور اگر پوری چوتھائی میں ہو تو بے دھوئے نماز نہ ہوگی۔ (در مختار وغیرہ)

(۳) نجاست اگر گاڑھی (دال والی) ہو جیسے پاخانہ، لید، گوبر وغیرہ تو درہم کے برابر یا کم یا زیادہ کے معنی ہیں کہ وزن میں اس کے برابر یا کم یا زیادہ ہو اور درہم کا وزن اس جگہ ساڑھے چار ماشہ ہے اور اگر پتلی ہو جیسے آدمی کا پیشاب اور شراب تو درہم سے مراد اس کی لمبائی چوڑائی ہے اور شریعت میں اس کی مقدار ہتھیلی کی گہرائی کے برابر یعنی تقریباً یہاں کے روپے کے برابر ہے۔ (عامہ کتب)

(۴) نجاست غلیظہ اور خفیفہ کے جو حکم الگ الگ بتائے گئے ہیں یہ اسی وقت ہیں کہ کپڑے یا بدن میں لگے اور اگر کسی پتلی چیز جیسے سرکہ یا پانی میں گرے تو چاہے غلیظہ ہو یا خفیفہ وہ چیز کل ناپاک ہو جائے گی، اگرچہ ایک قطرہ گرے۔ مثلاً پیشاب کا ایک قطرہ پانی کے بڑے مٹکے میں گر گیا تو سب ناپاک ہو گیا۔ (در مختار وغیرہ)

(۵) پاخانہ، پیشاب، بہتا ہوا خون، پیپ، منہ بھر قے، حیض و نفاس و استحاضہ کا خون، منی، مذی، ودی، دکھتی آنکھ سے، یا ناف اور پستان سے درد کے ساتھ نکلنے والا پانی، دودھ پیتے لڑکے اور لڑکی کا پیشاب، دودھ پینے والے بچہ نے جو دودھ ڈال دیا اور منہ بھر ہے۔

خشکی کے ہر جانور کا بہتا خون، مردار کا گوشت اور چربی، حرام چوپائے جیسے کتا، شیر، لومڑی، بلی، چوہا، گدھا، خچر، ہاتھی، سور کا پاخانہ، پیشاب اور گھوڑے کی لید۔ ہر حلال چوپائے کا پاخانہ جیسے گائے، بھینس کا گوبر، بکری، اونٹ کی مینگنی اور جو پرندہ کہ اونچا نہ اڑے اس کی بیٹ جیسے مرغی اور بطخ چھوٹی ہو یا بڑی۔

سور کا گوشت اور ہڈی اور بال اگرچہ ذبح کیا گیا ہو، چھپکلی یا گرگٹ کا خون، ہاتھی کی سونڈھ کی رطوبت اور شیر، کتے، چیتے اور دوسرے درندے چوپایوں کا لعاب، سانپ کا پاخانہ، پیشاب اور اس جنگلی سانپ اور مینڈک کا گوشت جن میں بہتا خون ہوتا ہے۔ یوں ہی ان کی کھال اگرچہ پکائی گئی ہو، یونہی حرام جانوروں کا پتہ۔

اور ہر قسم کی شراب اور نشہ لانے والی تاڑی اور سیندھی اور حرام جانوروں کا دودھ، یہ سب چیزیں نجاست غلیظہ ہیں۔ (در مختار، رد المحتار، بہار شریعت)

(۶) جن جانوروں کا گوشت حلال ہے، ان کا پیشاب، گھوڑے کا پیشاب اور جس پرندہ کا گوشت حرام ہے خواہ شکاری ہو یا نہ ہو اس کی بیٹ، حلال جانوروں کا پتہ، یہ سب چیزیں نجاست خفیفہ ہیں۔ (عامہ کتب)

(۷) ہر چوپائے کی جگالی کا وہی حکم ہے جو اس کے پاخانے کا۔ (عامہ کتب)

(۸) نجاست غلیظہ، خفیفہ میں مل جائے تو کل غلیظہ ہے، اگرچہ خفیفہ زائد ہو۔

(در مختار، رد المحتار)

(۹) مچھلی اور پانی کے دوسرے جانوروں کا خون، مچھر کا خون اور خچر و گدھے کا لعاب اور پسینہ اور جو پرند حلال اونچے اڑتے ہیں، جیسے کبوتر، مینا، ان کی بیٹ اور جو خون زخم سے بہا نہ ہو اور گوشت، تلی، کلیجی میں جو خون باقی رہ گیا ہو، ریشم کے کیڑے کی بیٹ اور اس کا پانی یہ ساری چیزیں پاک ہیں کہ بدن یا کپڑے پر لگ جائیں تو ناپاک نہ ہوگا۔ (در مختار وغیرہ)

(۱۰) گوشت، تلی، کلیجی وغیرہ اگر بہتے خون میں سن جائیں تو ناپاک ہیں، بغیر دھوئے پاک نہ ہوں گی۔ (در مختار)

متفرق مسائل

(۱) پیشاب کی نہایت باریک چھینٹیں سوئی کی نوک برابر، بدن یا کپڑے پر پڑ جائیں تو کپڑا اور بدن پاک رہے گا اور ایسا کپڑا اگر پانی میں پڑ گیا تو پانی بھی ناپاک نہ ہوگا۔

مختار وغیرہ،

(۲) کسی کپڑے یا بدن پر چند جگہ نجاست غلیظہ لگی اور کسی جگہ درہم کے برابر نہیں مگر مجموعہ درہم کے برابر ہے تو درہم کے برابر سمجھی جائے گی اور زائد ہے تو زائد اور نجاست خفیفہ میں بھی مجموعہ ہی پر حکم دیا جائے گا۔ (ردالمحتار)

(۳) ناپاک کپڑے میں پاک کپڑا یا پاک میں ناپاک کپڑا لپیٹا اور اس ناپاک کپڑے سے یہ پاک کپڑا نم ہو گیا تو ناپاک نہ ہو گا۔ بشرطیکہ نجاست کا رنگ یا بو اس کپڑے میں ظاہر نہ ہو ورنہ نمی آجانے سے بھی ناپاک ہو جائے گا۔ ہاں اگر بھیگ جائے تو اب پاک کپڑا بھی ناپاک ہو جائے گا اور اگر ناپاک کپڑے میں پیشاب یا شراب کی تری ہے تو پاک کپڑا نم ہو جانے سے بھی ناپاک ہو جائے گا۔ (عالمگیری)

(۴) ناپاک کپڑا سوکھا تھا اور پاک تر تھا، دونوں کو لپیٹ دیا اور اس پاک کی تری سے وہ ناپاک تر ہو گیا اور اس ناپاک کو اتنی تری پہنچی کہ اب اس سے چھوٹ کر اس پاک کو لگی تو یہ بھی ناپاک ہو گیا ورنہ نہیں۔ (عالمگیری)

(۵) پاخانے پر سے مکھیاں اڑ کر کپڑے یا بدن پر بیٹھیں تو وہ ناپاک نہ ہو گا۔ (عالمگیری)

(۶) راستے کا کیچڑ پاک ہے۔ جب تک اس کا نجس ہونا معلوم نہ ہو تو اگر پاؤں یا کپڑے پر لگی اور بے دھوئے نماز پڑھ لی تو ہو گئی مگر دھو لینا بہتر ہے۔ (ردالمحتار)

(۷) سڑک پر پانی چھڑکا جا رہا تھا۔ زمین سے چھینٹیں اڑ کر کپڑے پر پڑیں تو کپڑا نجس نہ ہوا مگر دھو لینا بہتر ہے۔ (بہار شریعت)

(۸) کتا بدن یا کپڑے سے چھو جائے اگرچہ اس کا جسم تر ہو، بدن اور کپڑا پاک ہے۔ ہاں اس کے بدن پر نجاست لگی ہو تو اور بات ہے یا اس کا لعاب لگے تو ناپاک کر دے گا۔ (عالمگیری)

(۹) پاک مٹی میں ناپاک پانی ملایا تو مٹی نجس ہو گئی۔ (عالمگیری)

(۱۰) عورت کے پیشاب کے مقام سے جو رطوبت نکلے پاک ہے۔ کپڑے یا بدن میں لگے تو دھونا کچھ ضروری نہیں۔ ہاں بہتر ہے بشرطیکہ منی یا مذی یا خون اس میں مخلوط نہ ہو۔ (شامی)

(۱) جو گوشت سڑ گیا بدبو لے آیا، نجس نہیں۔ اگرچہ اس کا کھانا حرام ہے۔

نجس چیزوں کے پاک کرنے کا طریقہ

جو چیزیں ایسی ہیں کہ وہ خود نجس ہیں (جن کو ناپاکی اور نجاست کہتے ہیں) جیسے شراب یا گوبر، لید وغیرہ غلیظ چیزیں، یہ جب تک اپنی اصل کو چھوڑ کر کچھ اور نہ ہو جائیں پاک نہیں ہو سکتیں۔ شراب جب تک شراب ہے، نجس ہی رہے گی اور سرکہ ہو جائے تو اب پاک ہے۔ اور جو چیزیں بذاتہ نجس نہیں بلکہ کسی نجاست کے لگنے سے ناپاک ہو جائیں ان کے پاک کرنے کے مختلف طریقے ہیں۔ (عامہ کتب) مثلاً پانی (اگرچہ مستعمل ہو) اور ہر بہنے والی چیز سے جس سے نجاست دور ہو جائے دھو کر نجس چیز کو پاک کر سکتے ہیں۔ مثلاً سرکہ اور گلاب کہ ان سے نجاست دور کر سکتے ہیں مگر بغیر ضرورت گلاب اور سرکہ وغیرہ سے پاک کرنا جائز نہیں کہ فضول خرچی ہے۔ (درمختار، ردالمحتار)

مسئلہ: نجاست اگر دل دار ہو (جیسے پاخانہ، گوبر، خون وغیرہ) تو دھونے میں گنتی کی کوئی شرط نہیں بلکہ اس کو دور کرنا ضروری ہے۔ اگرچہ چار پانچ مرتبہ دھونا پڑے۔ ہاں اگر تین مرتبہ سے کم میں نجاست دور ہو جائے تو تین بار پورا کر لینا مستحب ہے۔

(عالمگیری)

مسئلہ: اگر نجاست دور ہو گئی مگر اس کا رنگ یا بدبو باقی ہے تو اسے بھی دور کرنا ضروری ہے۔ ہاں اگر اس کے دور کرنے میں دقت پیش آئے تو تین مرتبہ دھو لینا ہی کافی ہے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: نجاست اگر رقیق (پتلی بہنے والی) ہو تو تین مرتبہ دھونے اور تینوں مرتبہ خوب نچوڑنے سے پاک ہو گا۔ خوب نچوڑنے کے معنی یہ ہیں کہ وہ شخص اپنی طاقت بھر اس طرح نچوڑے کہ اگر پھر نچوڑے تو اس سے کوئی قطرہ نہ ٹپکے۔ اگر کپڑے کا خیال کر کے اچھی طرح نہ نچوڑا تو کپڑا پاک نہ ہو گا۔ (عالمگیری)

مسئلہ: پہلی اور دوسری مرتبہ نچوڑنے کے بعد ہاتھ پاک کرلینا چاہیے اور تیسری بار نچوڑنے سے کپڑا بھی پاک ہوگیا اور ہاتھ بھی۔ اور جو کپڑے میں اتنی تری رہ گئی کہ نچوڑنے سے ایک آدھ بوند ٹپکے گی تو کپڑا اور ہاتھ دونوں ناپاک ہیں۔ (عالمگیری)

مسئلہ: پہلی یا دوسری بار ہاتھ پاک نہیں کیا اور اس کی تری سے کپڑے کا پاک حصہ بھیگ گیا تو یہ بھی ناپاک ہوگیا۔ (بہار شریعت)

مسئلہ: دودھ پیتے لڑکے اور لڑکی کا ایک ہی حکم ہے کہ ان کا پیشاب بدن یا کپڑے میں لگا ہے تو تین بار دھونا اور ہر مرتبہ نچوڑنا پڑے گا۔ (ردالمحتار وغیرہ)

مسئلہ: جو چیز نچوڑنے کے قابل نہیں ہے (جیسے چٹائی، جوتا وغیرہ) اس کو دھو کر چھوڑ دیں کہ پانی ٹپکنا بند ہو جائے۔ یونہی دو مرتبہ دھوئیں، جب تیسری مرتبہ پانی ٹپکنا بند ہوگیا وہ چیز پاک ہوگئی۔ اسے ہر مرتبہ کے بعد سکھانا ضروری نہیں۔ یوں ہی جو کپڑا اپنی نازکی کے سبب نچوڑنے کے قابل نہیں اسے بھی یوں ہی پاک کیا جائے۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: اگر ایسی چیز ناپاک ہوگئی کہ اس میں نجاست جذب نہ ہوئی جیسے چینی کے برتن یا مٹی کا پرانا استعمال شدہ چکنا برتن یا لوہے، تانبے، پیتل وغیرہ دھاتوں کی چیزیں تو اسے فقط تین مرتبہ دھو لینا کافی ہے۔ اس کی بھی ضرورت نہیں کہ پانی ٹپکنا موقوف ہو جائے۔ یہی حکم بدن کا ہے کہ اسے صرف تین بار دھو لینا ہی کافی ہے۔ (ردالمحتار وغیرہ)

مسئلہ: یہ ضروری نہیں کہ ایک دم تینوں بار دھوئیں بلکہ اگر مختلف وقتوں بلکہ مختلف دنوں میں یہ تعداد پوری کی جب بھی وہ چیز پاک ہو جائے گی۔ (ردالمحتار)

(۲) لوہے اور ہر قسم کی چیزیں پونچھنے سے پاک ہو جاتی ہیں۔ جیسے چھری، چاقو وغیرہ۔ یہی حکم آئینے، شیشے اور چینی کی بنی ہوئی چیزوں کا ہے۔ ہاں اگر یہ چیزیں نقشی ہوں یا لوہے میں زنگ ہو تو اب دھونا ضروری ہے۔ پونچھنے سے پاک نہ ہوں گی۔ (عالمگیری)

(۳) مٹی کپڑے میں لگ کر خشک ہوگئی تو فقط مل کر جھاڑنے اور صاف کرنے سے کپڑا پاک ہو جائے گا۔ اگرچہ ملنے کے بعد کچھ اثر اس کا باقی رہ جائے۔ ہاں تر ہے تو بغیر

ہوئے کپڑا پاک نہ ہوگا۔ (عالمگیری)

(۴) موزے یا جوتے میں دل دار نجاست لگی جیسے پاخانہ، گوبر تو وہ کھرچنے اور رگڑنے سے پاک ہو جائیں گے۔ (ردالمحتار)

(۵) ناپاک زمین اگر خشک ہو جائے اور نجاست کا اثر یعنی رنگ، بو جاتا رہے تو پاک ہو گئی مگر اس سے تیمم کرنا جائز نہیں۔ نماز اس پر پڑھ سکتے ہیں۔ (عامہ کتب)

استنجے کے متعلق چند مسائل

(۱) جب پاخانہ پیشاب کو جائے تو مستحب ہے کہ پاخانے سے باہر یہ دعا پڑھ لے:

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ۔

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں پلیدی اور شیاطین سے۔

پھر بایاں قدم پہلے داخل کرے اور نکلتے وقت پہلے داہنا پاؤں باہر نکالے اور یہ پڑھے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَذْهَبَ عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ۔

حمد ہے اللہ کے لیے جس نے اذیت کی چیز مجھ سے دور کر دی اور مجھے عافیت دی۔

(۲) پاخانہ پیشاب کرتے وقت طہارت میں نہ قبلہ کی طرف منہ ہو نہ پیٹھ اور بھول کر بیٹھ گیا تو یاد آتے ہی پھر جائے۔ یوں ہی چاند سورج کی طرف بھی منہ یا پیٹھ نہ کرے۔

(۳) بچے کو پیشاب یا پاخانہ کراتے وقت بھی اس کا خیال رکھے کہ اس کا منہ یا پیٹھ قبلہ کی طرف نہ ہو۔ ورنہ اس کا وبال کرانے والے پر ہوگا۔

(۴) ننگے سر پاخانہ پیشاب کو جانا، اپنے ہمراہ ایسی چیز لے جانا جس پر کوئی دعا یا اللہ و رسول یا کسی بزرگ کا نام لکھا ہو مکروہ ہے۔ یوں ہی کلام کرنا بھی مکروہ ہے۔

(۵) جس جگہ وضو یا غسل کیا جاتا ہو وہاں پیشاب کرنا مکروہ ہے۔ اس سے وسوسے پیدا ہوتے ہیں۔

(٦) ضرورت سے زیادہ بدن نہ کھولے۔ کسی دینی مسئلہ پر غور نہ کرے کہ یہ مجنون کا سبب ہے۔ ننگے سر پیشاب پاخانہ کو نہ جائے۔ بغیر ضرورت شرمگاہ کی طرف نہ نظر کرے نہ ہاتھ لگائے اور نہ اس نجاست کو دیکھے جو بدن سے نکلی ہے۔ دیر تک نہ بیٹھے کہ بواسیر کا اندیشہ ہے۔ اس حالت میں نہ تھوکے نہ ناک صاف کرے نہ بلا ضرورت ادھر ادھر دیکھے نہ کھنکارے۔ نہ آسمان کی طرف نظر کرے بلکہ شرم کے ساتھ نظر جھکائے رکھے۔ فراغت کے بعد پہلے پیشاب کا مقام دھوئے پھر پاخانے کا۔ اور خوب اچھی طرح دھوئے کہ دھونے کے بعد ہاتھ میں بو باقی نہ رہ جائے اور چکنائی جاتی رہے۔

(٧) طہارت کے بعد ہاتھ پاک ہو گئے مگر پھر بھی دھو لینا بلکہ مٹی لگا کر دھونا مستحب ہے۔ (عالمگیری وغیرہ)

نماز کے وقتوں کا بیان

قرآن کریم کا ارشاد ہے:

اِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتَابًا مَّوْقُوْتًا○

بے شک نماز ایمان والوں پر وقت باندھا ہوا فرض ہے۔

اور خدا و رسول نے قرآن کریم اور حدیث شریف میں ہمیں بتایا کہ ہر عاقل بالغ مسلمان پر مرد ہو خواہ عورت، پانچ وقت کی نماز فرض ہے۔ جو اس کی فرضیت کو نہ مانے، وہ کافر ہے۔ اور جو جان بوجھ کر چھوڑے اگرچہ ایک ہی وقت کی ہو، وہ فاسق و سخت گناہ گار ہے۔ علمائے کرام فرماتے ہیں کہ جو نماز نہ پڑھتا ہو قید کیا جائے یہاں تک کہ توبہ کرے اور نماز پڑھنے لگے۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ "میں بے نمازی عورت کو طلاق دے دوں اور اس کا مہر میرے ذمہ باقی ہو۔ اس حالت کے ساتھ دربار خدا میں میری پیشی ہو تو یہ اس سے بہتر ہے کہ میں ایسی عورت کے ساتھ زندگی بسر کروں"۔ (ردالمحتار)

اس لیے علماء نے فرمایا کہ جو عورت نماز نہ پڑھے اسے طلاق دینا بہتر ہے۔

حدیث شریف میں فرمایا کہ جب بچے کی عمر سات برس کی ہو تو اسے نماز پڑھنا سکھایا جائے اور جب دس برس کا ہو جائے تو مار کر پڑھوانا چاہیے۔ (ابوداؤد، ترمذی)

بہرحال ہر مسلمان عاقل بالغ پر پانچ وقت کی نماز پڑھنا فرض ہے۔

فجر، ظہر، عصر، مغرب اور عشاء۔

فجر کا وقت صبح صادق سے سورج کی کرن چمکنے تک ہے اور ان علاقوں میں یہ وقت کم از کم ایک گھنٹہ اٹھارہ منٹ اور زیادہ سے زیادہ ایک گھنٹہ پینتیس منٹ ہے نہ اس سے کم ہو گا نہ اس سے زیادہ۔ (فتاویٰ رضویہ)

ظہر کا وقت سورج ڈھلنے سے اس وقت تک ہے کہ ہر چیز کا سایہ علاوہ اصلی کے دوچند ہو جائے۔

عصر کا وقت بعد ختم ہونے وقتِ ظہر کے یعنی سوا سایہ اصلی کے دو مثل سایہ ہونے سے سورج ڈوبنے تک ہے۔ ان علاقوں میں یہ وقت کم از کم ایک گھنٹہ ۳۵ منٹ اور زیادہ سے زیادہ دو گھنٹے ۶ منٹ ہے۔

مغرب کا وقت، سورج کی ٹکیا ڈوب جائے تو مغرب کا وقت شروع ہو جاتا ہے اور شفق ڈوب جانے تک رہتا ہے اور شفق اس سفیدی کا نام ہے جو مغرب کی جانب جنوب شمال میں صبح صادق کی طرح پھیلی رہتی ہے اور یہ وقت ان شہروں میں کم از کم ایک گھنٹہ اٹھارہ منٹ اور زیادہ سے زیادہ ایک گھنٹہ پینتیس منٹ ہوتا ہے۔ یعنی ہر روز کے صبح اور مغرب دونوں کے وقت برابر ہوتے ہیں۔

عشاء کا وقت، مغرب کا وقت ختم ہوتے ہی (یعنی شفق کے ڈوبتے ہی) عشاء کا وقت شروع ہو جاتا ہے اور صبح صادق تک رہتا ہے۔ (عامہ کتب و فتاویٰ رضویہ)

متفرق مسائل

(۱) عورتوں کے لیے فجر کی نماز اول وقت میں مستحب ہے اور باقی نمازوں میں بہتر یہ

ہے کہ مردوں کی جماعت کا انتظار کریں۔ (درمختار)

(۲) عصر کی نماز میں اتنی دیر نہ کریں کہ سورج کی نکیا پر زردی آجائے کہ اس پر بے تکلف نگاہ ٹھہرنے لگے اور تجربہ سے ثابت ہے کہ یہ زردی اس وقت آجاتی ہے جب غروب میں بیس منٹ باقی رہتے ہیں۔ تو اسی قدر وقت کراہت ہے۔

(درمختار، فتاویٰ رضویہ

(۳) مغرب کی نماز شروع وقت میں پڑھ لینی چاہیے اور اگر دو رکعت کی مقدار دیر لگائی تو مکروہ تنزیہی ہے۔ اور اگر اتنی دیر لگائے کہ ستارے گتھ گئے تو مکروہ تحریمی۔ ہاں کسی بیماری یا سفر یا کسی مجبوری کے باعث دیر ہوگئی تو اور بات ہے۔ (عالمگیری)

(۴) نماز عشاء سے پہلے سونا اور بعد نماز عشاء دنیا کی باتیں کرنا، قصے کہانی کہنا سننا مکروہ ہے۔ ہاں ضروری باتیں، ذکر و اذکار، قرآن کریم کی تلاوت، نیک بندوں کے قصے اور مہمان سے بات چیت میں کوئی حرج نہیں۔ یوں ہی صبح صادق سے سورج نکلنے تک ذکر الٰہی کے سوا ہر بات مکروہ ہے۔ (درمختار، ردالمحتار)

(۵) سورج نکلتے وقت، ڈوبتے وقت اور ٹھیک دوپہر کے وقت میں کوئی نماز جائز نہیں۔ نہ فرض نہ نفل، نہ ادا نہ قضا، یوں ہی سجدۂ تلاوت بھی ناجائز ہے۔ البتہ اگر اس روز عصر کی نماز نہیں پڑھی تو اگرچہ آفتاب ڈوبتا ہو، پڑھ لے مگر اتنی دیر لگانا حرام ہے۔ حدیث میں اس کو منافق کی نماز فرمایا۔ اس مسئلے کو یوں یاد رکھو کہ سورج نکلنے کے ۲۰ منٹ کے اندر اندر اور سورج ڈوبنے سے ۲۰ منٹ پہلے کا وقت نماز کی ممانعت کا وقت ہے۔ (فتاویٰ رضویہ)

(۶) ان اوقات میں قرآن کریم کی تلاوت بہتر نہیں۔ بہتر یہ ہے کہ ذکر اور درود شریعت میں مشغول رہے۔ (درمختار)

(۷) طلوعِ فجر سے طلوعِ آفتاب تک سوا دو رکعت سنتِ فجر کے کوئی نفل نماز جائز نہیں۔ یوں ہی عصر کی نماز پڑھ لینے کے بعد سے آفتاب میں زردی آنے تک نفل پڑھنے کی اجازت نہیں۔

(۸) فرض کا وقت تنگ ہو تو ہر نماز یہاں تک کہ فجر اور ظہر کی سنتیں پڑھنا بھی مکروہ

ہے۔

(۹) جس بات سے دل بٹے اور اسے دفع کر سکتا ہو تو اسے دور کیے بغیر ہر نماز مکروہ ہے۔ مثلاً پاخانہ، پیشاب یا ریاح کا زور ہے۔ ہاں اگر وقت جاتا دیکھے تو پڑھ لے مگر پھیر لے۔

(۱۰) نماز فجر و نماز عصر کے بعد قضا نماز پڑھنا جائز ہے۔ (عامہ کتب)

اذان و اقامت کا بیان

نماز کے لیے مسجد کی حاضری اور جماعت کی پابندی، تمدن و ترقی کی جان ہے۔ اتحاد و یگانگی اور تبادلۂ خیالات کا پاک ترین ذریعہ ہے۔ ایک جاہل بہت سی باتیں نظیر و نمونہ سے سیکھ سکتا ہے اور ایک عالم با آسانی تبلیغِ دین کر سکتا ہے۔ ایک امیر و متمول مسلمان، دوسرے غریب و مفلس مسلمان کے دوش بدوش کھڑا ہو کر مساوات و برابری کا سبق لیتا ہے تو ایک غریب و نادار مسلمان، متمول و مالدار مسلمان کے برابر بیٹھ کر، سچے دین کے انصاف سے اپنی روح کو خرسند و شادماں کر سکتا ہے۔

جو لوگ نماز چھوڑ دیتے ہیں یا مسجد کی حاضری اور جماعت کی پابندی میں سستی کرتے ہیں وہ ان اخلاقی فضائل سے محروم رہتے ہیں جو اجتماع مسلمین اور نماز باجماعت کے ساتھ وابستہ ہیں اور یہ ظاہر ہے کہ جس قوم کے افراد ایسے اعلیٰ اخلاق سے خالی ہوں گے، وہ کیا ہوں گے۔ خداوند کریم ارشاد فرماتا ہے: اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ۔

کہ نماز، نماز پڑھنے والوں کو ناپاک کاموں اور لائق انکار فعلوں سے روک دیتی ہے اور اللہ کے ذکر میں تو فوائد و فیوض اور انوار و اسرار اس سے بہت زیادہ اور بہت بڑھ کر ہیں۔

غرض اذان کی ضرورت اول اس لیے محسوس ہوئی کہ سب لوگ مل کر ایک وقت پر نماز ادا کر سکیں۔ مشورہ طلب امر یہ تھا کہ لوگوں کے جمع کرنے کے واسطے کون

سا طریقہ اختیار کیا جائے۔ کسی نے مشورہ دیا کہ بلند مقام پر آگ روشن کر دی جائے (جیسا مجوس میں دستور تھا) کسی کا مشورہ تھا کہ سینگ (بگل) بجا دیا جائے (جیسا کہ یہود کا معمول تھا) کسی نے رائے دی کہ گھنٹے بجائے جایا کریں (جیسا کہ نصاریٰ کیا کرتے تھے) لیکن حضور عالمِ اعلم صلی اللہ علیہ وسلم وَشَرَّفَ وَمَجَّدَ وَکَرَّمَ نے ان میں سے کسی مشورہ کو پسند نہ فرمایا کہ ان میں یہود و نصاریٰ اور مجوس سے مشابہت تھی۔ دوسرے روز حضرت عبداللہ بن زید انصاری اور حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے یکے بعد دیگرے خدمتِ اقدس میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ انہوں نے خواب میں یہ الفاظ سنے ہیں (اور یہ وہی الفاظ تھے جو اب اذان و اقامت میں کہے جاتے ہیں) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی تصدیق کی اور انہیں الفاظ کے با آواز بلند پکارنے کو اذان قرار دیا اور اسے مشروع فرما دیا۔ یہ الفاظ نبی کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم کے اس منشاء عالی کو پورا کرتے ہیں جو تشریعِ احکام میں ہمیشہ منظورِ نظرِ اقدس رہا ہے۔

اذان اپنی مخصوص ہیئت کے ساتھ اطلاع دہی کا وہ سادہ اور آسان طریقہ ہے کہ عالمگیر دین کے لیے ایسا ہی ہونا ضروری تھا۔ اذان درحقیقت، اصول اسلام کی اشاعت اور اعلان ہے۔ مسلمان اسی کے ذریعہ سے ہر آبادی کے قریب جملہ باشندوں کے کانوں تک اپنے اصول پہنچا دیتے اور راہ نجات سے آگاہ کر دیتے ہیں۔ اذان ثابت کرتی ہے کہ اسلام نے گھونگوں اور دھاتوں کو انسانی آواز پر ترجیح نہیں دی اور یہ بھی ایک طریقہ بُت پرستی کے انسداد اور توحید کی تائید کا ہے۔

غرض امیر المومنین فاروق اعظم اور عبداللہ بن زید بن عبد ربہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو اذان (ان الفاظ مخصوصہ کے ساتھ) خواب میں تعلیم ہوئی۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ خواب حق ہے اور عبداللہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا: "جاؤ بلال کو تلقین کرو وہ اذان کہیں کہ وہ تم سے زیادہ بلند آواز ہیں۔ اس حدیث کو ابوداؤد و ترمذی و ابن ماجہ و دارمی نے روایت کیا اور ابن ماجہ نے عبدالرحمٰن بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حکم فرمایا کہ "اذان کے وقت کانوں میں انگلیاں کر لو کہ اس کے سبب آواز

زیادہ بلند ہوگی۔"

اذان کہنے کی بہت بڑی بڑی فضیلتیں احادیث میں مذکور ہیں۔ ازاں جملہ یہ کہ

(۱) موذنوں کی گردنیں قیامت کے دن سب سے زیادہ دراز ہوں گی۔ یعنی وہ رحمت الٰہی کے بہت زیادہ امیدوار ہوں گے کہ جس کو جس چیز کی امید ہوتی ہے اس کی طرف گردن دراز کرتا ہے۔ (مسلم، ابن ماجہ وغیرہ)

(۲) اذان دینے والا کہ طالب ثواب ہے اس شہید کی مثل ہے کہ خون میں آلودہ ہے اور جب مرے گا، قبر میں اس کے بدن میں کیڑے نہ پڑیں گے۔ (طبرانی)

(۳) جس بستی میں اذان کہی جائے، اللہ تعالیٰ اپنے عذاب سے اس دن اسے امن دیتا ہے۔ (طبرانی)

(۴) جس نے سات برس، ثواب کے لیے اذان کہی، اللہ تعالیٰ اس کے لیے نار سے براءت لکھ دے گا۔ (ابن ماجہ و حاکم)

(۵) جو سال بھر اذان کہے اس پر اجرت طلب نہ کرے، قیامت کے دن بلایا جائے گا اور جنت کے دروازے پر کھڑا کیا جائے گا اور اس سے کہا جائے گا، جس کے لیے تو چاہے شفاعت کر۔ (ابن عساکر) یعنی وہ مقبول الشفاعۃ بھی ہے باذنہٖ تعالیٰ۔

(۶) جب موذن کو اذان کہتے سنو تو جو وہ کہتا ہے تم بھی کہو۔ (ابن ماجہ) کہ اذان کے جواب کا نہایت عظیم ثواب ہے اور اس پر بخشش و مغفرت کی نوید وارد۔

(۷) مومن کی بدبختی و نامرادی کے لیے کافی ہے کہ موذن کو تکبیر کہتے سنے اور اجابت نہ کرے۔

(۸) جب موذن اذان دے تو جو شخص اس کی مثل کہے اور جب وہ حَیَّ عَلَی الصَّلَاۃِ، حَیَّ عَلَی الْفَلَاح کہے تو یہ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ کہے، جنّت میں داخل ہوگا۔ (ابن عساکر)

(۹) جب اذان کہی جاتی ہے تو آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور دعا قبول ہوتی ہے۔ اور جب اقامت کا وقت ہوتا ہے دعا رد نہیں کی جاتی۔ (ابوالشیخ)

(۱۰) "اے گروہ زنان! جب تم بلال کو اذان و اقامت کہتے سنو تو جس طرح وہ کہتا

ب تم بھی کہو کہ اللہ تعالیٰ تمہارے لیے ہر کلمہ کے بدلے ایک لاکھ نیکی لکھے گا۔ اور ہزار درجے بلند فرمائے گا اور ہزار گناہ محو کرے گا۔" عورتوں نے عرض کی: "یہ تو عورتوں کے لیے ہے، مردوں کے لیے کیا ہے؟" فرمایا: "مردوں کے لیے دوتا۔"

سبحان اللہ یہ سب صدقہ ہے رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وصحبہ اجمعین وبارک وسلم کا کہ چند ساعتوں کی اس بے مشقت عبادت پر بے نہایت ثواب مرحمت ہوگا۔

ضروری اشد ضروری

(۱) اذان عرفِ شرع میں ایک خاص قسم کا اعلان ہے جس کے لیے الفاظ مقرر ہیں اور یہ وہی الفاظ ہیں جو سیدنا بلال حبشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد مبارک کی تعمیل میں با آواز بلند ادا کیے۔ یہی الفاظ مخصوصہ صحابہ و تابعین سے منقول، ہم تک پہنچے اور یہی الفاظ کریمہ ان اطراف وبلاد میں معمول ہیں اور جنہیں مسلمان کا بچہ بچہ جانتا پہچانتا ہے، وہ یہ ہیں: اَللّٰہُ اَکْبَرُ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ، اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ، اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ، اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ، اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ، حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ، حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ، حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ، حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ۔

الغرض اذان ایک محدود عبارت اور محدود کلمات کا نام ہے لیکن روافض حال نے خود اپنے پیشواؤں کی صریح تعلیم کے باوجود، اس اذان مقبول و معمول میں، محض سینوں کی ایذاء رسانی کے لیے چند کلمات بڑھا دیئے ہیں اور اپنی اذان میں حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الاسنی کی نسبت خَلِیْفَۃُ رَسُوْلِ اللّٰہِ بِلَا فَصْل کہنا اختیار کیا ہے۔

تمام سنی مسلمان، مرد و عورت خوب ذہن نشین کرلیں یہ بات کہ، یہ ناپاک الفاظ،

اور یہ کلمہ مغضوبہ و مبغوضہ خالص تبرا ہے اور اس کا سننا سنی کے لیے بمنزلہ تبرا سننے کے نہیں بلکہ حقیقتاً تبرا سننا ہے۔ والعیاذ باللہ رب العالمین۔

اس ناپاک کلمہ میں کنایتاً بلکہ صراحتاً، حضرات خلفائے ثلاثہ سیدنا ابوبکر صدیق، سیدنا عمر فاروق اعظم اور سیدنا عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی خلافت راشدہ کی نفی ہے۔ اور اس نفی کے یہ معنی ہرگز نہیں کہ وہ حضور پُرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مسند نشین نہ ہوئے کہ ان کا حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد تخت خلافت پر جلوس فرمانا، تمام صحابہ کرام کا انہیں خلیفۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تسلیم کرنا، اور ان عالی تبار سرکاروں کا خلیفہ منتخب ہونے کے بعد فرمان و احکام جاری کرنا، تمام اسلامی ممالک کا نظم و نسق، اور تمام امورِ ملک و مال و رزم و بزم کی باگیں اپنے دستِ حق پرست میں لینا، وہ تاریخی واقعہ، مشہور متواتر، آفتاب نصف النہار سے بڑھ کر ظاہر ہے، جس سے دنیا میں موافق مخالف، یہاں تک کہ نصاریٰ و یہود اور مجوس و ہنود کسی کو بھی اس کا انکار نہیں، بلکہ ان محبانِ خدا و نوابانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے ان روافض کو زیادہ عداوت کا مبنیٰ یہی ہے کہ ان کے زعم باطل و گمانِ فاسد میں، خلافت کا استحقاق حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الاسنی میں منحصر تھا۔ جب بحکمِ الٰہی خلافت راشدہ، اول ان تین سردارانِ مومنین کو پہنچی، روافض نے انہیں معاذ اللہ مولیٰ علی کا حق چھیننے والا ٹھہرایا اور عقیدۂ باطلہ کی حفاظت کے زعم میں، تقیہ شقیہ کی بدولت، حضرت اسد اللہ الغالب کو عیاذاً باللہ سخت نامرد و بزدل و تارکِ حق و مطیعِ باطل بتایا

ع دوستی بے خرداں دشمنی ست--- تو لاجرم لفظ بلافصل میں جو نفی ہے اس سے ان کی لیاقت و مستحق خلافت ہونے کی نفی مراد ہے اور اس لفظ میں غصب و ظلم؛ و انکار حق، و اصرار باطل، و مخالفت دین و اختیار و پسندیدگی دنیا وغیرہ وغیرہ ہزاروں الزاماتِ ملعونہ، جو یہ روافض اپنے عقائد میں رکھتے اور زبان سے بکتے ہیں سب دفعتاً موجود ہیں اور لائے نفی سے اپنی براءت و بیزاری کا کھلا اظہار ہے۔ پھر تبرا اور کس چیز کا نام ہے!

پھر حضرات خلفائے ثلاثہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین، جن کی ثناء و مدحت، و ادب و عقیدت، اہم اہل سنت کے اصولِ مذہب میں داخل اور ہمارے نزدیک،

ہزاروں آیات و احادیثِ حضرت رسالت، و اقوالِ ائمہ اہلِ بیت صلواۃ اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم اجمعین سے ان کی لاکھوں خوبیاں، تعریفیں مالا مال ہیں، ان کی نسبت ایسا کلمۂ خبیثہ، اذان میں پکارا جانا کیونکر ہماری توہین مذہبی نہ ہوگا۔ یا ہمارے دلوں کو نہ دکھائے گا (الادلۃ الطاعنۃ ملتقطا) کاش ان کلمہ گویوں کی آنکھیں کھلیں اور ہم سنی مسلمانوں کی توہین و تذلیل سے بچیں کہ اس سے مسلمانوں میں انتشار پھیلتا ہے اور تفریق بین المسلمین کی راہیں کھلتی ہیں۔

اذان واقامت سے متعلق چند فقہی مسائل

(۱) پنجگانہ نمازوں کے لیے جو مسجد میں وقت پر ادا کی جائیں، اذان سنت مؤکدہ ہے اور اس کا حکم مثل واجب ہے کہ اگر اذان نہ کہی تو وہاں کے سب لوگ گناہ گار ہوں گے۔ یہاں تک کہ امام محمد رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا "اگر کسی شہر کے سب لوگ اذان ترک کردیں تو میں ان سے قتال کروں گا۔" (درمختار، ردالمحتار)

(۲) وقت ہونے کے بعد اذان کہی جائے۔ قبل از وقت کہی گئی یا وقت ہونے سے پہلے شروع ہوئی اور اثنائے اذان میں وقت آگیا تو دوبارہ کہی جائے۔ (درمختار)

بعض جلدباز، نماز فجر کے لیے عموماً وقت سے پہلے ہی اذان شروع کردیتے ہیں۔ خصوصاً ماہِ رمضان المبارک میں، بلکہ ماہِ صیام میں عشاء کی اذان بھی، تراویح کو آڑ بنا کر، وقت سے پہلے کہہ بیٹھتے ہیں۔ اہل محلّہ انہیں اس سے باز رکھیں اور مسئلہ شرعیہ کو کھیل نہ بننے دیں۔ اور اس ناجائز و خلافِ شرع میں کہ گناہ و ممنوع ہے، ان کا ساتھ نہ دیں۔

(۳) عورتوں کو اذان و اقامت کہنا مکروہ تحریمی ہے۔ کہیں گی تو گناہ گار ہوں گی اور اذان کا دہرانا لازم ہوگا۔ (عالمگیری، ردالمحتار) اور عورتیں اپنی نمازیں ادا پڑھیں یا قضا، اس کا بھی یہی حکم ہے کہ اس میں اذان و اقامت مکروہ ہے۔ اگرچہ جماعت سے پڑھیں کہ ان کی جماعت خود مکروہ ہے۔ (درمختار وغیرہ)

(۴) فاسق اگرچہ عالم ہو، اور نشہ والے اور پاگل اور نا سمجھ بچے اور جُنُب کی اذان مکروہ ہے۔ ان سب کی اذان کا اعادہ کیا جائے۔ (درمختار)

اور وجہ اس کی یہ ہے کہ اعلام یعنی نماز و سحری و افطار کے لیے وقت ہو جانے کا اعلان اذان کا مقصود و مدعا ہے اور یہ مدعا ان لوگوں کی اذان سے حاصل نہیں ہوتا ہے کہ لوگ عموماً ان کی باتوں کا اعتبار نہیں کرتے اور ظاہر ہے کہ فاسق امین نہیں ہو سکتا تو شرعاً ان کا قول کیوں کر قابل قبول ہو سکتا ہے اور اس کی اذان پر کیونکر قناعت کی جا سکتی ہے۔ اسی لیے علمائے کرام فرماتے ہیں کہ فاسق کی اذان پر اعتماد کر کے روزہ افطار کر لینا یا وقتیہ نماز شروع کر دینا اور یہ سمجھ لینا کہ وقت ہو گیا ہے، جائز نہیں۔

داڑھی ترشوانے اور حد شرع سے کم رکھنے والے مؤذن بھی فاسقِ معلن ہیں کہ علانیہ خدا و رسول کی نافرمانی میں مصروف ہیں تو ان کی اذان کا اعادہ بھی ضروری ہے۔ بلکہ ایسا شخص جب تک صدقِ دل سے توبہ نہ کرے اور نیک و صالح نہ بن جائے، ہرگز مؤذن نہ رکھا جائے۔ نمازیوں کی طرف سے ڈھیل، ایسے مؤذنوں کو ڈھیٹ بنا دیتی ہے اور گناہگار یہ بھی ہوتے ہیں اور وہ بھی۔ کہ وہ گناہ میں مشغول ہیں اور یہ گویا ان کی اعانت میں مصروف۔

(۵) کلماتِ اذان میں لحن حرام ہے مثلاً اللہ یا اکبر کے ہمزہ کو مد کے ساتھ آللہ یا آکبر پڑھنا یا اکبر میں ب کے بعد الف بڑھا دینا حرام ہے۔ یونہی کلماتِ اذان کو قواعد موسیقی پر گانا بھی لحن و ناجائز ہے۔ (درمختار، ردالمحتار وغیرہ)

اور افسوس کہ آج کل گویوں کے طور پر اذان گانا بھی ایک فن بنتا جا رہا ہے۔

(۶) سنت یہ ہے کہ اذان بلند جگہ کہی جائے کہ پڑوس والوں کو بخوبی سنائی دے اور جس مسجد میں اذان کے لیے منارہ بنا ہو جب تو اس کی جہت خود متعین ہے اسی منارہ پر اذان دینا چاہیے خواہ وہ کسی جانب ہو اور اذان بلند آواز سے کہی جائے مگر طاقت سے آواز بلند کرنا مکروہ ہے۔ (عالمگیری وغیرہ)

(۷) اقامت میں حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ کے بعد دو بار قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ کے الفاظ زائد ہیں اور جس طرح اذان میں حکم ہے کہ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ داہنی طرف

منہ کر کے اور حَیَّ عَلَی الْفَلَاح بائیں جانب منہ کر کے کہے، یونہی اقامت میں بھی ان الفاظ پر دائیں بائیں منہ پھیرے۔ اور موذن موجود ہو تو وہی اقامت کہے یا اس کی اجازت سے دوسرا۔ اور دوسرے نے بے اجازت کہہ دی اور مؤذن کو ناگوار ہو تو مکروہ ہے۔ (عالمگیری)

(۸) کھڑے ہو کر تکبیر سننا مکروہ ہے یہاں تک کہ اقامت کے وقت کوئی شخص آیا تو اسے کھڑے ہو کر انتظار کرنا مکروہ ہے بلکہ بیٹھ جائے اور جب مکبر حی علی الصلوٰۃ پر پہنچے اس وقت کھڑا ہو۔ یہی حکم ان لوگوں کے لیے بھی ہے جو مسجد میں موجود ہیں کہ اس وقت اٹھیں جب مکبر حَیَّ عَلَی الْفَلَاح پر پہنچے۔ یہی حکم امام کے لیے ہے۔

(عالمگیری وغیرہ)

(۹) جب اذان ہو تو اتنی دیر کے لیے سلام کلام اور جوابِ سلام، تمام اشغال اور مصروفیتیں موقوف کر دے یہاں تک کہ قرآن مجید کی تلاوت میں اذان کی آواز آئے تو تلاوت کو موقوف کر دے۔ اذان کو غور سے سنے اور جواب دے یونہی اقامت میں۔ جو اذان کے وقت باتوں میں مشغول رہے اس پر معاذ اللہ خاتمہ بُرا ہونے کا خوف ہے۔

(درمختار، فتاویٰ رضویہ وغیرہ)

ہاں اگر چند اذانیں سنے تو اس پر پہلی ہی کا جواب ہے اور سب کا جواب دے سکے تو اور بہتر ہے۔

غرض جتنا احترام کر سکتا ہے اس میں کوتاہی نہ کرے۔ راہ گیر رک جائے۔ لیٹا ہوا بیٹھ جائے۔ ننگے سر ہو تو سر پر ٹوپی یا رومال یا دوپٹہ ڈال لے۔ وغیرہ وغیرہ۔

(۱۰) مؤذن جو کلمہ کہے اس کے بعد سننے والا بھی وہی کلمہ کہے مگر حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ، حَیَّ عَلَی الْفَلَاح کے جواب میں لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ کہے۔ اور بہتر یہ ہے کہ دونوں کہے بلکہ اتنا لفظ اور ملا لے مَاشَآءَ اللّٰہُ کَانَ وَمَا لَمْ یَشَآء لَمْ یَکُنْ (درمختار وغیرہ) (جو اللہ نے چاہا ہوا اور جو نہ چاہا نہ ہوا)

(۱۱) جب اذان ختم ہو جائے تو مؤذن اور سامعین درود شریف پڑھیں اور اس کے بعد یہ دعا:

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّآمَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَآئِمَۃِ اٰتِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدَ نِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَالدَّرَجَۃَ الرَّفِیْعَۃَ وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَ نِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ وَاجْعَلْنَا فِیْ شَفَاعَتِہٖ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ۔

اے اللہ! اس دعائے تام اور برپا ہونے والی نماز کے مالک! تو ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو وسیلہ اور فضیلت اور بلند درجہ عطا فرما اور ان کو مقامِ محمود میں کھڑا کر جس کا تو نے وعدہ کیا ہے اور ہمیں قیامت کے دن ان کی شفاعت نصیب فرما، بے شک تو وعدے کے خلاف نہیں کرتا۔

(۱۲) جب موذن اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ کہے تو سننے والا درود شریف پڑھے اور مستحب ہے کہ انگوٹھوں کو بوسہ دے کر آنکھوں سے لگالے اور کہے:

قُرَّۃُ عَیْنِیْ بِکَ یَا حَبِیْبِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ مَتِّعْنِیْ بِالسَّمْعِ وَالْبَصَرِ۔ (درمختار وغیرہ)

یا رسول اللہ! میری آنکھوں کی ٹھنڈک حضور سے ہے۔ اے اللہ! شنوائی اور بینائی کے ساتھ مجھے متمتع کر۔

سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ جب اس جناب نے مؤذن کو اشھد ان محمدا رسول اللہ کہتے سنا تو یہی دعا پڑھی اور دونوں کلمے کی انگلیوں کے پورے جانب زیریں سے چوم کر آنکھوں سے لگائے۔ اس پر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو ایسا کرے جیسا میرے پیارے نے کیا، اس پر میری شفاعت حلال ہوگئی۔ (فتاویٰ رضویہ) اسی پر علماء راسخین اور سلف صالحین کا عمل رہا اور آج تک مسلمانوں میں معمول ہے، اب اس زمانہ میں وہابیہ اس پر سخت انکار کرتے ہیں اور مسلمانوں کو اس عملِ محبت سے روکتے ہیں۔ مسلمان ان کی نہ سنیں نہ ان سے بحث میں اُلجھیں، اپنے کام سے کام رکھیں۔

فائدہ نفیسہ

اقامت یا اذان سے قبل درود شریف پڑھنا جیسا کہ آج کل اہل سنت و جماعت کی مساجد میں معمول بلکہ شعار سا بن گیا ہے، اس میں کوئی حرج نہیں۔ البتہ اس کا خیال رکھا جائے کہ اذان و اقامت اور درود شریف کی قراءت میں فصل چاہیے۔ درود شریف پڑھ کر قدرے توقف کریں پھر اذان و اقامت کہیں۔ یا پھر درود شریف پست آواز سے پڑھیں اور اذان و اقامت، حسب معمول بلند آواز سے کہیں تاکہ درود شریف کی آواز، اذان و اقامت کی آواز سے ایسی جُدا ہو کہ ان میں باہم امتیاز رہے اور عوام کو درود شریف جزء اقامت نہ معلوم ہو۔

رہا وہابیہ کا یہ اعتراض کہ یہ فعل قرآن و حدیث کے خلاف اور بدعت ہے تو یہ محض ان کی فتنہ انگیزی اور مسلمانوں میں کسی نہ کسی بہانے تفرقہ اندازی ہے اور شریعتِ مطہرہ پر افتراء۔ وہ ثبوت دیں کہ شرعِ مطہر نے اسے کہاں منع کیا ہے کہ خلافِ شرع ہو گیا۔ وہ ثبوت تو کیا دیں گے البتہ غصہ میں لال پیلے ہو کر علماء اہل سنت کو گالیاں بکنا شروع کر دیں گے مگر سنی مسلمان اتنا یاد رکھیں کہ درود شریف کا اس موقع پر پڑھنا مستحب بھی ہے اور فرض کا ایک فرد بھی۔ قرآن کریم میں رب عزوجل کا حکم مطلق ہے کہ

صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا۔ — ان پر درود بھیجو اور خوب سلام عرض کرو۔

اس حکم میں کوئی استثناء نہیں کہ اذان و اقامت سے پہلے یا بعد نہ پڑھو۔ تو جب بھی درود شریف پڑھا جائے گا اسی حکمِ الٰہی کا امتثال اور ارشاد کی تعمیل میں ہو گا۔ فلہذا ہر بار درود شریف پڑھنے میں (خواہ درود شریف کا صیغہ مختصر ہو یا طویل، اس میں خطاب ہو یا نہ ہو) ادائے فرض کا ثواب ملتا ہے کہ سب اسی فرضِ مطلق کے تحت میں داخل ہے تو جتنا بھی پڑھیں گے اور کھڑے بیٹھے مناسبِ حال جہاں بھی پڑھیں گے، سب فرض ہی

میں شامل ہو گا۔ اور انشاء اللہ تعالیٰ ادائیگی فرض ہی کا ثواب ملے گا جب تک شرع میں نہی وارد نہ ہو۔

نظیر اس کی تلاوتِ قرآنِ کریم ہے کہ ویسے تو فرض نماز میں ایک ہی آیت کا پڑھنا ہے اور اگر کوئی بندۂ خدا، بتوفیقِ الٰہی ایک ہی رکعت میں سارا قرآن عظیم تلاوت کرے تو سب فرض ہی میں داخل ہو گا اور اس کی قراءت پر فرض ہی کا ثواب ملے گا کہ قرآن کریم میں--- فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ فرمایا کہ جتنا قرآن باآسانی میسر آئے پڑھ لو۔ یہ حکم بھی مطلق ہے اور اس میں کوئی استثناء نہیں کہ فلاں سورت نہ پڑھنا اور فلاں نماز میں نہ پڑھنا۔

پھر ظاہر ہے کہ مسلمان جو اس موقع پر درود شریف پڑھتے ہیں وہ اسے ایک فعلِ حسن اور کارِ خیر و موجبِ ثواب ہی جان کر پڑھتے ہیں اور اس سے اپنے قلب میں فرحت و سرور پاتے ہیں اور اس کارِ خیر میں علماء فضلاء صوفیا سب ان کے شریک، سب ان سے متفق ہیں۔ تو یہ فعل محض جاہلوں کا فعل نہیں کہ قابلِ اعتناء و لائقِ اعتبار نہ ہو۔ اور جب مسلمانوں کے تمام عوام و خواص اس میں شریک ہیں تو یہ درود شریف پڑھنا، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشادِ کریم کے عین مطابق ہے کہ "اہلِ اسلام جس چیز کو نیک جانیں وہ خدا کے نزدیک بھی نیک ہے۔" اور جب یہ نیک ہے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس پر ثواب و اجر کی توقع و امید رکھنا عین منشاء الٰہی کے مطابق ہے۔

پھر بدعت تو وہ ہے جو کسی سنت کا کاٹ کرے۔ یہاں اس درود شریف کے پڑھنے سے کون سی سنت اٹھ گئی کہ وہابیہ اسے بدعت کہتے اور مسلمانوں میں انتشار پھیلاتے ہیں۔

نماز کی شرطوں کا بیان

نماز کے صحیح و درست ہونے کے لیے چھ شرطیں ہیں کہ بے ان کے نماز ہو گی ہی نہیں۔

(۱) طہارت۔ (۲) سترِ عورت۔ (۳) استقبالِ قبلہ۔ (۴) وقت۔ (۵) نیت۔

(۶) تکبیر تحریمہ۔

(۱) طہارت: یعنی نمازی کے بدن کا حدثِ اکبر (یعنی وہ چیزیں جن سے غسل واجب ہوتا ہے) حدثِ اصغر (یعنی وضو توڑنے والی چیزوں) سے اور نجاستِ حقیقیہ سے پاک ہونا۔ نیز اس کپڑے اور اس جگہ کا جس پر نماز پڑھتا ہے نجاستِ حقیقیہ سے پاک ہونا۔ (در مختار، عالمگیری وغیرہ)

(۲) سترِ عورت: یعنی بدن کا وہ حصہ جس کا چھپانا فرض ہے، اس کا چھپانا۔

مسئلہ: آزاد عورتوں کے لیے منہ کی ٹکلی اور دونوں ہتھیلیوں اور پاؤں کے تلوؤں کے سوا سارا بدن عورت ہے تو نماز کے لیے اگرچہ تنہا اندھیری کوٹھڑی میں ہو، سوا ان پانچ عضو کے باقی تمام بدن چھپانا فرض ہے، اسی طرح غیر محرموں سے بھی ان اعضاء کے سوا پورا بدن چھپانا فرض ہے۔ بلکہ جوان عورت کو غیر مردوں کے سامنے منہ کھولنا بھی منع ہے۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: سر کے لٹکے ہوئے بال اور گردن اور کلائیاں اور کان بھی عورت ہیں ان کا چھپانا بھی فرض ہے۔ (در مختار)

مسئلہ: اتنا باریک دوپٹہ جس سے بالوں کی سیاہی چمکے عورت نے اوڑھ کر نماز پڑھی تو نہ ہوگی، جب تک اس پر کوئی اور چیز ایسی نہ اوڑھے جس سے بال وغیرہ کا رنگ چھپ جائے۔ (عالمگیری)

لہٰذا کریب یا جالی یا گھاس ململ یا نازک ململ وائل یا ایسے ہی کسی اور باریک کپڑے کے کرتے، فراک، جمپر، قمیص یا ساڑھی، جن سے بدن کی رنگت چمکے پہننے، اوڑھنے باندھنے سے نماز نہ ہوگی۔ ہاں ان کے نیچے اور کپڑا ہوا کہ بالوں کی سیاہی اور بدن کی رنگت چھپا لے تو نماز ہو جائے گی۔ اس سے بہت عورتیں غافل ہیں جس سے ان کی نمازیں اکارت جاتی ہیں۔

مسئلہ: جن اعضا کا چھپانا فرض ہے۔ ان میں کوئی عضو چوتھائی سے کم کھل گیا تو

نماز ہوگئی اور اگر چوتھائی عضو کھل گیا اور فوراً چھپالیا تو بھی نماز ہوگئی اور اگر بقدر ایک رکن (یعنی تین مرتبہ سبحان اللہ کہنے کے) کھلا رہا یا خود کھولا اگرچہ فوراً چھپالیا تو نماز جاتی رہی۔ (ردالمحتار، عالمگیری)

مسئلہ: اگر نماز شروع کرتے وقت عضو کی چوتھائی کھلی ہے یعنی اسی حالت پر اللہ اکبر کہہ لیا تو نماز ہی شروع نہ ہوئی۔ (در مختار)

(۳) استقبالِ قبلہ: نماز میں قبلہ یعنی کعبہ شریف کی طرف منہ کرنا۔

مسئلہ: جو شخص استقبال قبلہ سے عاجز ہو مثلاً بیمار ہے کہ اس میں اتنی طاقت نہیں کہ ادھر رُخ بدلے اور وہاں کوئی ایسا نہیں جو اس کا منہ کعبہ کی جانب پھیر دے تو ایسی صورت میں جس رُخ نماز پڑھ سکے پڑھ لے، نماز ہو جائے گی۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: اگر کسی جگہ قبلہ کی شناخت کا کوئی ذریعہ نہ ہو تو حکم ہے کہ تحرّی کرے یعنی سوچے جدھر قبلہ ہونا دل پر جمے ادھر ہی منہ کرے تو اگر تحرّی کر کے نماز پڑھی، بعد کو معلوم ہوا کہ قبلہ کی طرف نماز نہیں پڑھی گئی تو نماز دہرانے کی ضرورت نہیں۔ اس کے حق میں وہی قبلہ ہے۔ ہاں اگر کوئی جاننے والا موجود ہے، اس سے دریافت نہ کیا یا مسجد و محراب وہاں موجود ہیں ان کا اعتبار نہ کیا یا تارے وغیرہ موجود ہیں اور اس کو اتنا علم ہے کہ ان کے ذریعہ سے معلوم کر لے اور نہ کیا بلکہ اپنی رائے سے خود غور کر کے کسی طرف کو پڑھ لی تو اگر قبلہ ہی کی طرف منہ تھا، ہو گئی ورنہ نہیں۔ (ردالمحتار وغیرہ)

مسئلہ: نمازی سے قبلہ سے بلا عذر جان بوجھ کر سینہ پھیر دیا اگرچہ فوراً ہی قبلہ کی طرف ہو گیا، نماز فاسد ہو گئی اور اگر بلا ارادہ پھر گیا اور تین تسبیح کی مقدار وقفہ نہ ہوا تو ہو گئی اور اگر منہ قبلہ سے پھیرا تو اس پر واجب ہے کہ فوراً قبلہ کی طرف منہ کر لے، نماز نہ جائے گی مگر بلا عذر ایسا کرنا مکروہ ہے۔ (منیۃ المصلی، بحرالرائق)

(۴) وقت: اس کے مسائل اوپر بیان ہو چکے۔

(۵) نیت: تمام کاموں کا دارومدار نیت پر ہے اور نیت دل کے پکے ارادے کو کہتے

ہیں اور نماز میں نیت کا ادنیٰ درجہ یہ ہے کہ اگر اس وقت کوئی پوچھے کون سی نماز پڑھی ہے تو فوراً بلا تامل بتادے۔ اگر حالت ایسی ہے کہ سوچ کر بتائے گی تو نماز نہ ہوگی۔

اور مختار

مسئلہ: زبان سے کہہ لینا مستحب ہے مگر زبان سے غلط نکل جائے تو اس کا اعتبار نہیں۔ مثلاً دل میں ظہر کا قصد ہے اور زبان سے عصر کا لفظ نکلا تو ظہر کی نماز ہوگی۔

اور مختار وغیرہ

مسئلہ: فرض نماز میں فرض کی نیت ضروری ہے اور یہ بھی ضروری ہے کہ اس خاص نماز کی نیت کرے جو پڑھتا ہے مثلاً ظہر یا عصر کی۔ یوں ہی واجب میں واجب کی نیت کرے اور تراویح میں تراویح کی اور سنتوں میں سنتوں کی۔ ہاں نفل نماز کے لیے مطلق نماز کی نیت کافی ہے کہ میں نماز پڑھتی ہوں۔ (درمختار، ردالمحتار)

مسئلہ: نیت میں تعداد رکعات کی ضرورت نہیں البتہ فضیلت ہے، تو اگر رکعات کی تعداد میں خطا ہوگئی مثلاً تین رکعات ظہر کی یا چار رکعات مغرب کی نیت کی تو نماز ہو جائے گی۔ (درمختار، ردالمحتار)

مسئلہ: فرض و واجب قضا ہو گئے تو ان میں دن اور نماز دونوں کا معین کرنا ضروری ہے۔ مثلاً فلاں دن کی فلاں نماز۔ (درمختار)

مسئلہ: اگر دل میں نماز توڑنے کی نیت کی مگر زبان سے کچھ نہ کہا تو وہ بدستور نماز میں ہے۔ (درمختار)

اور اگر کوئی ایسا کام کر لیا جس سے نماز ٹوٹ جاتی ہے تو نماز گئی۔

(٦) **تکبیر تحریمہ:** یعنی زبان سے اللہ اکبر کہنا۔

مسئلہ: اللہ اکبر کی جگہ کوئی اور لفظ جو خالص تعظیم الٰہی کے الفاظ ہوں مثلاً اللہ اجل یا اللہ اعظم کہا تو نماز تو ہو جائے گی مگر ایسا کرنا مکروہ تحریمی ہے اور گناہ۔

(عالمگیری وغیرہ)

مسئلہ: جن نمازوں میں قیام فرض ہے ان میں تکبیر تحریمہ کے لیے قیام فرض ہے تو اگر بیٹھ کر اللہ اکبر کہا پھر کھڑی ہو گئی تو نماز شروع ہی نہ ہوئی۔ (درمختار)

نماز پڑھنے کا طریقہ

باوضو قبلہ کی طرف منہ کر کے دونوں پاؤں کے پنجوں میں چار انگل کا فاصلہ کر کے کھڑی ہو اور نماز کی نیت کرے (کہ نیت کی میں نے... رکعت نماز... واسطے اللہ تعالیٰ کے منہ میرا کعبہ شریف کی طرف) اور اپنے دونوں ہاتھ کاندھوں تک اٹھائے لیکن اپنے ہاتھوں کو دوپٹہ چادر سے باہر نہ نکالے۔ ہاتھ کی انگلیوں نہ بالکل ملائے نہ انہیں پھیلائے بلکہ اپنے حال پر چھوڑ رکھے۔ ہتھیلیاں قبلہ کی طرف رکھے اور اللہ اکبر کہتی ہوئی ہاتھ نیچے لائے مگر تکبیر کے وقت سر نہ جھکائے اور تکبیر کے بعد فوراً ہاتھ باندھ لے۔ یوں کہ بائیں ہتھیلی سینے پر چھاتی کے نیچے رکھ کر اس کی پیٹھ پر داہنی ہتھیلی رکھے اور ثناء پڑھے:

سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ وَتَبَارَکَ اسْمُکَ وَتَعَالٰی جَدُّکَ وَلَآ اِلٰہَ غَیْرُکَ۔	پاک ہے تو اے اللہ! اور میں تیری حمد کرتی ہوں۔ تیرا نام برکت والا ہے اور تیری عظمت بلند ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔

پھر تعوذ یعنی اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ پڑھے پھر تسمیہ یعنی بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کہے پھر الحمد شریف پڑھے اور ختم پر آمین آہستہ کہے۔ اس کے بعد کوئی سورت یا تین آیتیں پڑھے یا ایک آیت کہ تین کے برابر ہو اور الحمد کے بعد اگر اول سورت شروع کی تو سورت پڑھتے وقت بسم اللہ بھی پڑھ لے ورنہ نہیں۔ اب اللہ اکبر کہتی ہوئی رکوع کو جائے یعنی جب رکوع کے لیے جھکنا شروع کرے تو اللہ اکبر شروع کرے اور رکوع میں پہنچ جائے تو تکبیر ختم کرے اور رکوع کے لیے صرف اتنا جھکے کہ ہاتھ گھٹنوں تک پہنچ جائیں۔ پیٹھ سیدھی نہ کرے اور گھٹنوں پر زور نہ دے بلکہ محض ہاتھ رکھ دے اور ہاتھوں کی انگلیاں ملی ہوئی، بازو پہلو سے چپکے ہوئے اور پاؤں

تھے ہوئے رکھے۔ مردوں کی طرح خوب سیدھے نہ کرے اور رکوع میں کم از کم تین با
سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ کہے۔

پھر سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ کہتی ہوئی کھڑی ہو جائے اور رَبَّنَا لَکَ
الْحَمْدُ کہے۔ پھر اللہ اکبر کہتی ہوئی سجدہ میں جائے۔ اس طرح کہ پہلے دونوں گھٹے
زمین پر رکھے، پھر دونوں ہاتھ، پھر دونوں ہاتھوں کے بیچ میں سر رکھے۔ نہ یوں کہ صرف
پیشانی زمین سے چھو جائے اور ناک کی نوک لگ جائے۔ بلکہ پیشانی اور ناک کی ہڈی
زمین پر جمائے اور سمٹ کر سجدہ کرے، مردوں کی طرح نہیں۔ یعنی بازو دونوں سے ما
دے اور پیٹ ران سے اور ران پنڈلیوں سے اور پنڈلیاں زمین سے ملا دے اور کلائیاں
زمین پر بچھا دے۔ یوں ہی دونوں پیر بھی اور ہتھیلیاں بچھی ہوئی۔۔۔ اور ہاتھ کی انگلیاں
قبلہ کو ہوں اور سجدہ میں کم از کم تین بار یا پانچ بار سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی کہے۔ پھر سر
اٹھائے اور دونوں پاؤں داہنی جانب نکال دے اور بائیں سرین پر بیٹھے اور داہنا ہاتھ
داہنی ران پر اور بایاں ہاتھ بائیں ران پر اس طرح رکھے کہ انگلیاں ملی ہوئی ہوں اور ان
کے کنارے گھٹنوں کے پاس اور قبلہ کو ہوں پھر "اللہ اکبر" کہتی ہوئی سجدہ کو جائے اور
اسی طرح سجدہ کرے۔

جب دونوں سجدے کر لے تو دوسری رکعت کے لیے پنجوں کے بل گھٹنوں پر ہاتھ
رکھ کر اٹھ کھڑی ہو۔ اب جبکہ دوسری رکعت شروع ہوئی، اس میں ثناء (سُبْحَانَکَ
اللّٰھُمَّ اور تعوذ (اَعُوْذُ بِاللّٰہِ) نہ پڑھے بلکہ صرف بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
پڑھ کر الحمد شریف پڑھے۔ پھر کوئی سورت یا تین آیتیں پڑھے اور اس سے فارغ ہو کر
پھر اسی طرح رکوع اور سجدہ کرے جیسے پہلی رکعت میں کیا تھا اور دوسری رکعت کے
دونوں سجدوں سے فارغ ہونے کے بعد دونوں پاؤں داہنی جانب نکال کر اسی طرح بیٹھ
جائے جس طرح پہلی رکعت میں دونوں سجدوں کے درمیان بیٹھی تھی اور پڑھے:

اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَالصَّلَوَاتُ	تمام تحیتیں اور نمازیں اور پاکیزگیاں
وَالطَّیِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ	اللہ کے لیے ہیں۔ سلام آپ پر اے اللہ
اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ	کے نبی اور اللہ کی رحمتیں اور برکتیں۔

وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ۔

سلام ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر۔ میں گواہی دیتی ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور گواہی دیتی ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور رسول ہیں۔

اور اس میں کوئی کمی یا زیادتی نہ کرے اور اس کو تشہد کہتے ہیں۔ اور جب کلمہ لا کے قریب پہنچے تو داہنے ہاتھ کی بیچ کی انگلی اور انگوٹھے کا حلقہ بنائے اور چھنگلی اور اس کے پاس والی انگلی کو ہتھیلی سے ملا دے اور لفظ لا پر کلمہ کی انگلی اٹھائے مگر اسے ہلائے نہیں اور کلمہ الا پر گرا دے اور سب انگلیاں فوراً سیدھی کرے۔

اب اگر دو سے زائد رکعتیں پڑھنی ہیں تو اٹھ کھڑی ہو مگر زمین پر ہاتھ رکھ کر نہ اٹھے بلکہ گھٹنوں پر زور دے کر اٹھے (ہاں اگر عذر ہے تو حرج نہیں) اور یہ نماز فرض نماز ہے تو ان رکعتوں میں الحمد کے ساتھ سورت ملانے کی ضرورت نہیں الحمد شریف پڑھنا کافی ہے۔

اب پچھلا قعدہ جس کے بعد نماز ختم کر دے گی۔ اس میں تشہد کے بعد یہ درود شریف پڑھے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ○

اے اللہ درود بھیج ہمارے سردار محمد پر اور ان کی آل پر جس طرح تو نے درود بھیجی سیدنا ابراہیم پر اور ان کی آل پر بے شک تو سراہا ہوا بزرگ ہے۔

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى سَيِّدِنَآ اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ

اے اللہ برکت نازل کر سیدنا محمد پر اور ان کی آل پر جس طرح تو نے برکت نازل کی ہمارے سردار ابراہیم پر اور ان کی آل پر۔ بے شک تو سراہا ہوا بزرگ ہے۔

سَیِّدِنَآ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ○

پھر یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا کَثِیْرًا وَّاِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ فَاغْفِرْلِیْ مَغْفِرَۃً مِّنْ عِنْدِکَ وَارْحَمْنِیْ اِنَّکَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ○

اے اللہ! میں نے اپنی جان پر بہت ظلم کیا ہے اور بے شک تیرے سوا گناہوں کا بخشنے والا کوئی نہیں ہے تو تو اپنی طرف سے میری بخشش فرما اور مجھ پر رحم کر بے شک تو ہی بخشنے والا بڑا مہربان ہے۔

یہ دعا یاد نہ ہو تو کوئی اور دعا جو بزرگوں سے نقل ہوتی آرہی ہے، پڑھے یا پھر یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔

اے اللہ! اے ہمارے پروردگار! تو ہم کو دنیا میں نیکی دے اور آخرت میں نیکی دے اور ہم کو دوزخ کے عذاب سے بچا۔

پھر دائیں شانے (مونڈھے) کی طرف منہ کر کے اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ کہے پھر بائیں شانے کی طرف منہ پھیر کر یہی کہے۔ سلام میں اتنا پھیرے کہ اپنا رخسار دکھائی دے۔ سینہ نہ پھرے۔ (درمختار، ردالمحتار، فتاویٰ برہنہ وغیرہ)

فائدہ: نماز پڑھنے کا جو طریقہ ذکر کیا گیا ہے اس میں بعض چیزیں فرض ہیں کہ اس کے بغیر نماز ہوگی ہی نہیں۔ بعض واجب ہیں کہ جان بوجھ کر ان کا چھوڑنا گناہ اور نماز کا دہرانا واجب۔ اور بھولے سے ہو تو سجدہ سہو کرنا پڑے گا۔ بعض سنت مؤکدہ ہیں کہ ان کو چھوڑنے کی عادت ڈالنا گناہ ہے اور بعض چیزیں مستحب ہیں کہ کریں تو ثواب نہ کریں تو گناہ نہیں۔ اب ہم علیحدہ علیحدہ تمام چیزوں کا بیان کرتے ہیں، انہیں خوب ذہن نشین کرلیں۔

نماز کے فرائض

سات چیزیں نماز میں فرض ہیں:

(۱) تکبیر تحریمہ (۲) قیام (۳) قرأت (۴) رکوع (۵) سجود (۶) قعدۂ اخیرہ اور (۷) خروج بصنعہٖ۔

(۱) تکبیر تحریمہ: درحقیقت یہ نماز کی شرطوں میں ہے، لیکن چونکہ یہ نماز سے بالکل ملی ہوئی ہے، اس لیے اسے فرائض نماز میں شمار کرتے ہیں تو یوں سمجھ لو کہ نماز کی سب شرطیں یعنی (۱) طہارت (۲) استقبالِ قبلہ (۳) سترِ عورت (۴) وقت (۵) نیت، یہ سب چیزیں تکبیر تحریمہ کے لیے شرط ہیں اور تکبیر تحریمہ نماز کے لیے شرط ہے۔ یعنی تکبیر ختم ہونے سے پہلے ان شرطوں کا پایا جانا ضروری ہے۔ اگر اللہ اکبر کہہ چکی اور ان میں سے کوئی شرط نہ پائی گئی تو نماز شروع ہی نہ ہوگی۔

(درمختار، ردالمحتار)

مسئلہ: لفظ اللّٰہُ کو آللّٰہ یا اَکْبَرُ کو اَکْبَار کہا تو نماز نہ ہوگی۔ (درمختار)

(۲) قیام: یعنی کھڑا ہونا، کمی کی جانب اس کی حد یہ ہے کہ ہاتھ پھیلائے تو گھٹنوں تک نہ پہنچیں اور پورا قیام یہ ہے کہ سیدھا کھڑا ہو۔ (درمختار، ردالمحتار)

مسئلہ: فرض وتر اور سنتِ فجر میں قیام فرض ہے کہ بلاعذر صحیح بیٹھ کر یہ نمازیں پڑھے گی تو نہ ہوگی۔ (درمختار، ردالمحتار)

مسئلہ: کھڑے ہو کر نماز پڑھنے کی قدرت ہو جب بھی بیٹھ کر نفل پڑھنے کی اجازت ہے، مگر کھڑے ہو کر پڑھنا بہتر ہے کہ حدیث میں فرمایا ہے "بیٹھ کر نماز پڑھنے والے کی نماز، کھڑے ہو کر پڑھنے والے کی نصف ہے۔" یعنی ثواب آدھا ملتا ہے۔

(بہارِ شریعت، بحوالہ ردالمحتار)

البتہ قیام اس وقت فرض نہ رہے گا کہ انسان کھڑا نہ ہو سکے، یا سجدہ نہ کر سکے یا کھڑا ہو سکتا ہے مگر اس سے بیماری بڑھتی ہے یا دیر میں اچھا ہوگا، اتنی تکلیف ہوگی کہ برداشت سے باہر ہے، یا کشتی یا جہاز میں سوار ہے اور وہ چل رہی ہے اور چکر آنے کا غالب گمان ہے تو حکم ہے کہ بیٹھ کر نماز پڑھے۔

مسئلہ: اگر دیوار وغیرہ سے ٹیک لگا کر کھڑی ہو سکتی ہے اگرچہ اتنا ہی کہ کھڑے ہو کر اللہ اکبر کہہ لے تو فرض ہے کہ کھڑی ہو کر اتنا کہہ لے پھر بیٹھ جائے۔

تنبیہ ضروری: آج کل عموماً یہ بات دیکھی جاتی ہے کہ جہاں ذرا بخار آیا یا معمولی سی تکلیف ہوئی یا گھر کے کام کاج کی زیادتی کی وجہ سے تکان ہوگئی تو بیٹھ کر نماز شروع کر دی حالانکہ یہی لوگ (مرد ہوں یا عورتیں) دس دس پندرہ منٹ بلکہ زیادہ کھڑے ہو کر ادھر ادھر کی باتیں کر لیا کرتے ہیں۔ انہیں چاہیے کہ ان مسئلوں سے سبق لیں اور جتنی نمازیں اس طرح پڑھی ہوں، انہیں پھر سے پڑھیں کہ ان پر فرض باقی ہیں۔ اللہ تعالیٰ توفیق عطا فرمائے۔ (بہار شریعت)

(۳) قراءت: یعنی قرآن کریم پڑھنا اور قرآن پڑھنے کا مطلب یہ ہے کہ تمام حروف اسی جگہ سے اور اسی طرح ادا کیے جائیں جو ان کے لیے مقرر ہے تاکہ ہر حرف دوسرے حرف سے ممتاز ہو جائے اور پہچانا جا سکے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: جس جگہ کچھ پڑھنا یا کہنا مقرر کیا گیا ہے اس سے یہ مقصد ہے کہ کم از کم آہستہ پڑھنے میں بھی اتنا ہونا ضرور ہے کہ خود سن سکے۔ اگر کسی نے اس قدر آہستہ پڑھا کہ خود بھی نہ سن سکی اور کوئی شور و غل وغیرہ بھی نہیں تو نماز نہ ہوگی۔ (عالمگیری)

مسئلہ: چھوٹی یا بڑی کسی ایک آیت کا پڑھنا فرض کی دو رکعتوں میں اور وتر و سنت اور نفل نماز کی ہر رکعت میں فرض ہے۔ ہاں امام کے پیچھے نماز پڑھی جائے تو کسی نماز میں قرأت جائز نہیں یہاں تک کہ سورۃ فاتحہ بھی امام کے پیچھے پڑھنے کی اجازت نہیں۔ (درمختار، عالمگیری وغیرہ)

(۴) **رکوع:** اتنا جھکنا کہ ہاتھ بڑھائے تو گھٹنوں کو پہنچ جائے۔ یہ رکوع کا کم سے کم درجہ ہے اور عورت کے لیے رکوع میں یہی سنت ہے کہ پیٹھ سیدھی نہ کرے۔
(عالمگیری)

مسئلہ: جس شخص کی کمر جھک گئی اور حد رکوع کو پہنچ گئی وہ رکوع کے لیے سر سے اشارہ کرے۔ (عالمگیری)

(۵) **سجود:** یعنی سجدہ کرنا پیشانی کا زمین پر جمنا سجدہ کی حقیقت ہے اور اس کے لیے ناک کی ہڈی کا بھی زمین پر لگانا ضروری ہے اور اگر کسی عذر کے سبب پیشانی زمین پر نہیں جما سکتی تو صرف ناک سے سجدہ کرے پھر بھی فقط ناک کی نوک لگنا کافی نہیں بلکہ ناک کی ہڈی زمین پر لگنا ضروری ہے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: ہر رکعت میں دو بار سجدہ فرض ہے تو اگر ایک بار سجدہ کرنا بھول گئی تو نماز جاتی رہی۔ سجدۂ سہو سے بھی یہ کمی پوری نہ ہوگی۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: کسی نرم چیز مثلاً گھاس روئی، قالین یا کمانی دار گدے وغیرہ پر سجدہ کیا تو اگر پیشانی خوب جم گئی یعنی اتنی دبی کہ اب دبانے سے نہ دبے تو جائز ہے، ورنہ نہیں۔
(عالمگیری)

ریل کے بعض ڈبوں میں اسی قسم کے گدے (کمانی دار) ہوتے ہیں۔ اس گدے سے اتر کر نماز پڑھنی چاہیے۔ (بہار شریعت)

مسئلہ: ایسی جگہ سجدہ کیا کہ قدم کی نسبت بارہ انگل سے زیادہ اونچی ہے تو سجدہ نہ ہوا، ورنہ ہو گیا۔ (درمختار)

(۶) **قعدۂ اخیرہ:** یعنی نماز کی رکعتیں پوری کرنے کے بعد اتنی دیر تک بیٹھنا کہ پوری التحیات یعنی ورسولہ تک پڑھ لی جائے، فرض ہے۔

مسئلہ: چار رکعت پڑھنے کے بعد بیٹھی پھر یہ گمان کر کے کہ تین ہی ہوئیں، کھڑی ہو گئی، پھر یاد کر کے کہ چار ہو چکیں، بیٹھ گئی۔ پھر سلام پھیر دیا۔ اگر دونوں بار بیٹھنا مل کر

تشہد کی مقدار ہو گیا تو فرض ادا ہو گیا، ورنہ نہیں۔ (درمختار)

مسئلہ: پورا قعدۂ اخیرہ سوتے میں گزر گیا تو جاگ اٹھنے کے بعد، تشہد کی مقدار بیٹھنا فرض ہے۔ ورنہ نماز نہ ہوگی۔ یوں ہی قیام قرأت رکوع و سجود میں اول آخر تک سوتی ہی رہی تو بیداری کے بعد ان کا پھر سے ادا کرنا فرض ہے ورنہ نماز نہ ہوگی اگرچہ سجدۂ سہو کرے۔ (ردالمحتار)

لوگ اس سے غافل ہیں، خصوصاً تراویح میں خصوصاً گرمیوں میں۔

(بہار شریعت)

مسئلہ: چار رکعت والے فرض میں چوتھی رکعت کے بعد قعدہ نہ کیا تو جب تک پانچویں رکعت کا سجدہ نہ کیا ہو، بیٹھ جائے اور سجدۂ سہو کر کے سلام پھیر دے، نماز ہو جائے گی اور اگر پانچویں کا سجدہ کر لیا یا فجر میں دوسری پر نہیں بیٹھی اور تیسری کا سجدہ کر لیا، یا مغرب میں تیسری پر نہ بیٹھی اور چوتھی کا سجدہ کر لیا تو ان سب صورتوں میں فرض نفل ہو گئے لہٰذا اگر چاہے تو مغرب کے علاوہ اور نمازوں میں ایک رکعت اور ملا لے تاکہ جوڑا ہو جائے اور اکیلی رکعت نہ رہے۔ ہاں مغرب میں اور نہ ملائے کہ چار پوری ہو گئیں۔ (درمختار، ردالمحتار)

(۷) **خروج بصنعہٖ:** یعنی قعدۂ اخیرہ کے بعد قصداً سلام پھیر کر نماز سے فارغ ہونا۔ سلام کے علاوہ کوئی اور کام قصداً کرے گی تو نماز کا دہرانا واجب ہوگا۔

بلا ارادہ کوئی ایسا کام پایا گیا جو نماز میں نہیں کیا جا سکتا تو نماز باطل ہوگی۔ سرے سے پڑھنا فرض رہے گا۔ (درمختار وغیرہ)

نماز کے واجبات کا بیان

پنج وقتہ نمازوں میں نیچے لکھی ہوئی چیزیں ادا کرنا ضروری ہیں۔ انہیں "واجباتِ نماز" کہتے ہیں۔

(۱) تکبیر تحریمہ میں لفظ "اللہ اکبر" کہنا۔

(۲) الحمد پڑھنا۔

(۳) سورت ملانا یعنی فرض نماز کی دو پہلی رکعتوں میں اور باقی نمازوں کی ہر رکعت میں ایک چھوٹی سورت یا تین چھوٹی آیتیں یا ان کے برابر ایک یا دو آیتیں پڑھنا۔

(۴) الحمد کا سورت سے پہلے ہونا۔

(۵) الحمد اور سورت کے درمیان کسی اور چیز کا فصل نہ ہونا۔

(۶) قرأت سے فارغ ہوتے ہی رکوع کرنا۔

(۷) تعدیلِ ارکان یعنی رکوع سجود اور قومہ جلسہ میں کم از کم ایک بار سبحان اللہ کہنے کی مقدار ٹھہرنا۔

(۸) قومہ یعنی رکوع سے سیدھا کھڑا ہونا۔

(۹) جلسہ یعنی دو سجدوں کے درمیان سیدھا بیٹھنا۔

(۱۰) قعدۂ اولیٰ۔

(۱۱) دونوں قعدوں میں پورا تشہد پڑھنا۔

(۱۲) لفظ السلام دو بار کہنا۔

(۱۳) وتر میں دعائے قنوت پڑھنا۔

(۱۴) دعائے قنوت سے پہلے لفظ اللہ اکبر کہنا۔

(۱۵) نماز میں سہو ہوا تو سجدۂ سہو کرنا۔

(۱۶) دو فرض یا دو واجب یا واجب و فرض کے درمیان تین تسبیح کہنے کی مقدار چپ نہ رہنا۔

(۱۷) ہر واجب و فرض کا اسی کی جگہ ہونا۔

(۱۸) فرض، وتر، اور سنت موکدہ میں قعدۂ اولیٰ کے تشہد (التحیات) کے بعد کچھ اور نہ پڑھنا۔

مسئلہ: فرض، وتر اور سنت موکدہ کے قعدۂ اولیٰ میں اگر تشہد کے بعد اتنا کہہ لیا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ یا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا تو اگر بھول کر ہو تو سجدۂ

سہو کرے اور قصداً ہو تو نماز دہرائے، اور چار رکعت والے نوافل یا سُنّت غیر موکدہ کے (جیسے عصر اور عشاء سے پہلے کی سنتیں) قعدۂ اولیٰ میں بھی درود شریف پڑھے اور تیسری رکعت میں سبحان اور اعوذ بھی پڑھے کہ یہی مستحب ہے۔ (درمختار)

نماز کی سنتوں کا بیان

(۱) تکبیر تحریمہ کے لیے ہاتھ اٹھانا۔ (۲) ہاتھوں کی انگلیاں اپنے حال پر چھوڑنا۔ (۳) بوقتِ تکبیر سر نہ جھکانا۔ (۴) تکبیر سے پہلے ہاتھ اٹھانا۔ (۵) تکبیر کے بعد فوراً ہاتھ باندھ لینا۔ (۶) پہلے سبحان پھر اعوذ باللہ اور پھر بسم اللہ پڑھنا۔ (۷) الحمد کے ختم پر آمین کہنا۔ (۸) رکوع میں گھٹنوں پر ہاتھ رکھنا اور انگلیاں نہ پھیلانا۔ (۹) رکوع میں کم از کم تین بار سبحان ربی العظیم کہنا۔ (۱۰) رکوع میں جانے کے لیے اللہ اکبر کہنا۔ (۱۱) رکوع میں صرف اسی قدر جھکنا کہ ہاتھ گھٹنوں تک پہنچ جائیں۔ (۱۲) رکوع سے اٹھتے وقت سمع اللہ لمن حمدہ کہنا۔ (۱۳) سجدے کے لیے اور سجدے سے اٹھنے کے لیے اللہ اکبر کہنا۔ (۱۴) سجدہ میں ہاتھ زمین پر رکھنا۔ (۱۵) کم از کم تین بار سبحان ربی الاعلی کہنا۔ (۱۶) سجدہ میں جانے کے لے زمین پر پہلے دونوں گھٹنے ایک ساتھ رکھنا پھر ہاتھ، پھر ناک، پھر پیشانی اور سجدہ سے اٹھتے وقت اس کا عکس کرے یعنی پہلے پیشانی اٹھائے، پھر ناک، پھر ہاتھ، پھر گھٹنے۔ (۱۷) سمٹ کر سجدہ کرنا۔ (۱۸) دونوں سجدوں کے درمیان مثل تشہد کے بیٹھنا۔ (۱۹) دوسری رکعت کے لیے پنجوں کے بل گھٹنوں پر ہاتھ رکھ کر اٹھنا۔ (۲۰) دوسری رکعت کے سجدوں سے فارغ ہو کر دونوں پاؤں داہنی جانب نکال کر بائیں سرین پر بیٹھنا۔ (۲۱) داہنا ہاتھ داہنی ران پر رکھنا اور بایاں بائیں پر۔ (۲۲) انگلیوں کو اپنے حال پر چھوڑنا اور ان کے کنارے گھٹنوں کے پاس ہونا۔ (۲۳) شہادت پر اشارہ کرنا (۲۴) تشہد کے بعد قعدۂ اخیرہ میں درود شریف پڑھنا۔ (۲۵) درود شریف کے بعد عربی میں دعا کرنا، اور بہتر وہ دعائیں ہیں جو بزرگوں سے منقول ہیں۔ (۲۶) السلام

علیکم ورحمۃ اللہ دو بار کہنا پہلے داہنی طرف پھر بائیں طرف۔ (۲۷) ظہر، مغرب اور عشاء کے بعد مختصر دعا کرکے سنتوں کے لیے کھڑا ہو جانا ورنہ سنتوں کا ثواب کم ہو جائے گا۔ (در مختار، عالمگیری وغیرہ)

نماز کے مستحبات: (۱) قیام میں حالت میں سجدہ کی جگہ نظر رکھنا۔ (۲) رکوع میں پاؤں کی پیٹھ کی طرف۔ (۳) سجدہ میں ناک کی طرف۔ (۴) قعدہ میں گود کی طرف۔ (۵) پہلے سلام میں داہنے شانے کی طرف۔ (۶) دوسرے میں بائیں طرف۔ (۷) جمائی آئے تو منہ بند کیے رہنا، اگر نہ رکے تو ہونٹ دانت کے نیچے دبائے اور اس سے بھی نہ رکے تو قیام میں داہنے ہاتھ کی پشت سے منہ ڈھانک لے اور قیام میں نہ ہو تو بائیں ہاتھ کی پشت سے اور بلا ضرورت ہاتھ یا کپڑے سے منہ ڈھانکنا مکروہ ہے۔ (۸) تکبیر تحریمہ کے وقت ہاتھ کپڑے کے اندر رکھنا۔ (۹) جہاں تک بن پڑے کھانسی کو روکنا۔ (۱۰) قیام کی حالت میں دونوں ٹخنوں کے درمیان چار انگل کا فاصلہ ہونا۔ (عالمگیری وغیرہ)

جماعت و امامت کا بیان

مسلمانوں کی اجتماعی عبادتوں کا جو اہتمام شریعت کو منظور ہے اور ان اجتماعی عبادتوں میں جو برکات اور ثمرات پوشیدہ ہیں، ان کا قدرے بیان اوپر گزر چکا ہے۔ اسی سے نماز باجماعت کی اہمیت کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ نیز نماز باجماعت کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے بھی ہوتا ہے کہ شریعتِ اسلامیہ نے ہر عاقل و بالغ و تندرست پر کہ نماز باجماعت ادا کرنے پر قادر ہے، جماعت کو واجب قرار دیا ہے کہ بلا عذر شرعی، ایک بار بھی چھوڑنے والا گنہگار اور مستحق سزا ہے اور کئی بار ترک کرے تو فاسق مردود الشہادۃ ہے کہ اس کی گواہی نامقبول۔ اسے سخت سزا دی جائے گی۔ اگر پڑوسیوں نے سکوت کیا تو وہ بھی گنہگار ہوئے۔ (در مختار وغیرہ)

اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ نماز

باجماعت، تنہا نماز پڑھنے سے ستائیس درجہ بڑھ کر ہے۔ (بخاری و مسلم) اور ایک حدیث شریف میں فرمایا کہ اگر یہ نماز باجماعت سے پیچھے رہ جانے والا جانتا کہ اُس جانے والے کے لیے کیا ثواب تو گھسٹتا ہوا حاضر ہوتا۔ (طبرانی)

اس پر بھی جو بے عذر شرعی مسجد میں حاضر نہ ہوں، خصوصاً عشاء و فجر میں، ان کے بارے میں ارشاد ہوا کہ منافقین پر سب سے گراں نماز عشاء و فجر ہے اور اگر جانتے کہ اس میں کیا ہے تو گھسٹتے ہوئے آتے۔ اور بے شک میں نے قصد کیا کہ نماز قائم کرنے کا حکم دوں۔ پھر کسی کو امر فرماؤں کہ لوگوں کو نماز پڑھائے اور میں اپنے ہمراہ کچھ لوگوں کو جن کے پاس لکڑیوں کے گٹھے ہوں، ان کے پاس لے کر جاؤں جو نماز میں حاضر نہیں ہوتے اور ان کے گھر ان پر آگ سے جلادوں۔ (بخاری و مسلم)

اور خاص عورتوں کے بارے میں حکم فرمایا کہ "عورت کا دالان میں نماز پڑھنا، صحن میں پڑھنے سے بہتر ہے اور کوٹھڑی میں دالان سے بہتر ہے۔" (ابوداؤد)

اسی لیے علمائے کرام ارشاد فرماتے ہیں کہ عورت کا بہ ستر کامل (خوب اوڑھ لپیٹ کر) و حفظِ شامل (پوری حفاظت کے بندوبست کے بعد) اپنے گھر کے پاس کی مسجد میں، جس میں صلحاء و پارسا، خدا ترس، پرہیزگار مسلمان نماز باجماعت ادا کرتے ہیں، کسی محرم کے ساتھ ساتھ جانا اور تکبیر کے وقت جا کر نماز میں شریک ہونا اور امام کے سلام پھیرتے ہی، دو قدم رکھ کر، اپنے گھر میں واپس آ جانا، یہ بھی ممنوع ہے کہ اس سے بھی فتنوں کے پھیلنے کا اندیشہ ہے جبکہ شریعتِ مطہرہ فقط فتنوں سے دور رہنے ہی کا حکم نہیں دیتی بلکہ کلیتاً اس دروازے کو بند کرتی اور شر کے ہر حیلہ و وسیلہ سے یکسر پرہیز کرتی ہے۔

الغرض عورتیں گھر ہی پر، گھر ہی کی چہار دیواری میں، نمازیں ادا کریں، یہی مطلوبِ شرعی ہے۔ عورتوں کو کسی نماز میں، جماعت میں حاضری کی اجازت نہیں بلکہ حاضری ہی جائز نہیں۔ دن کی نماز ہو یا رات کی، جمعہ کی نماز ہو یا عیدین، خواہ وہ جوان ہوں یا بوڑھیاں، اور جس گھر میں عورتیں ہی عورتیں ہوں، اس گھر میں مرد کو ان کی امامت ناجائز ہے۔ ہاں اگر ان عورتوں میں اس کی نسبی محارم ہوں (یعنی وہ عورتیں جو از روئے نسب اس پر ہمیشہ کے لیے حرام ہیں مثلاً بیٹی، بھانجی، بھتیجی وغیرہ) اس کی بی بی ہو، یا

وہاں اور مرد بھی ہوں تو ناجائز نہیں۔ (درمختار وغیرہ)

ترکِ جماعت کے اعذار

جن مسلمانوں پر نماز باجماعت ادا کرنا شرعاً لازم کیا گیا ہے، ان میں سے اگر کسی کو واقعی ایسا عذر ہو جو شرعاً مقبول ہے اور یہ معذور، تو ایسے عذر کے ہوتے ہوئے جماعت ترک کرنے میں انشاء اللہ اس پر کوئی مواخذہ نہ ہوگا۔ مثلاً:

(۱) وہ ایسا مریض ہے جسے مسجد تک جانے میں مشقت اور ناقابلِ برداشت تکلیف ہو۔ (۲) وہ اپاہج ہے۔ (۳) اس کا پاؤں کٹ گیا ہے۔ (۴) وہ فالج زدہ ہے۔ (۵) اتنا بوڑھا ہے کہ مسجد تک جانے سے عاجز ہے۔ (۶) وہ نابینا ہے، اگرچہ کوئی ایسا ہو جو ہاتھ پکڑ کر مسجد تک پہنچا دے۔ (۷) راستہ میں سخت کیچڑ حائل ہے۔ (۸) سخت بارش ہو رہی ہے۔ (۹) سخت سردی پڑ رہی ہے۔ (۱۰) سخت تاریکی پھیلی ہوئی ہے۔ (۱۱) آندھی کا زور ہے۔ (۱۲) مال یا کھانے کے تلف ہونے کا اندیشہ ہے۔ (۱۳) قرض خواہ کا خوف ہے اور یہ تنگ دست ہے۔ (۱۴) ظالم کا خوف غالب ہے۔ (۱۵) پاخانہ پیشاب ریاح کی شدید حاجت ہے۔ (۱۶) کھانا حاضر ہے اور نفس کو اس کی خواہش ہے کہ نماز پڑھنے جائے گا تو دل ادھر ہی پڑا رہے گا۔ (۱۷) قافلہ والوں یا ہمراہیوں کے چلے جانے کا اندیشہ ہے۔ (۱۸) یہ خود تو مریض نہیں مگر مریض کا تیماردار ہے کہ جماعت کے لیے جانے سے اس مریض کو تکلیف ہوگی اور گھبرائے گا۔ غرض کوئی ایسا عذرِ شرعی قابلِ قبول پایا جائے تو جماعت ترک کرنے کا الزام نہیں۔ (درمختار وغیرہ)

امام کسے بنایا جائے؟

ہر مسلمان جانتا ہے اور نہیں جانتا تو اب جان لے نماز اہم العبادات اور افضل ارکانِ اسلام ہے اور اس کے لیے بڑی احتیاط کی ضرورت ہے۔ نماز ایک عظیم حکمِ شرعی

ب' احکام شرع کے مطابق ہی ہو سکتی ہے۔ عقلِ سلیم اور احتیاط کا تقاضا یہ ہے کہ جسے امام بنائیں' اسے دیکھ لیں کہ امامت کا اہل بھی ہے یا نہیں۔ کوئی خانگی معاملہ نہیں کہ جسے چاہا' امام بنا لیا اور لگے اس کی اقتداء میں نماز ادا کرنے۔ سید المعصومین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ "اگر تمہیں خوش آئے کہ خدا تمہاری نماز کو قبول کرے تو چاہیئے کہ تمہارے بہتر تمہاری امامت کریں' کہ وہ تمہارے سفیر ہیں تمہارے اور تمہارے رب کے درمیان۔" اور جب امام سفیر ہے اور مقتدیوں کی نمازیں اس کی نماز سے وابستہ ہیں تو ضروری ہے کہ وہ امامت کا اہل ہو۔ اور اس کے لیے ضروری ہے کہ:

(۱) امام صحیح العقیدہ خالص سنی ہو۔ بدمذہب' بدعقیدہ مثلاً وہابی دیوبندی نہ ہو کہ جب خود ان کی نماز' نماز نہیں تو ان کے پیچھے نماز' کب نماز ہوگی۔ تو آج کل کے عام رافضی' وہابی' نیچری' قادیانی' غیر مقلد کے پیچھے نماز پڑھنا محض باطل ہے جیسے کسی ہندو یا پادری کے پیچھے۔

(۲) صحیح العمل ہو' فاسق علی الاعلان نہ ہو' یعنی کبھی کوئی گناہ اعلان کے ساتھ نہ کرتا ہو' کسی گناہِ کبیرہ کا مرتکب نہ ہو۔ نہ گناہِ صغیرہ پر اصرار کرتا ہو کہ صغیرہ بھی عادت و اصرار سے کبیرہ ہو جاتا ہے اور جو داڑھی حد شرع سے کم کراتا ہو' وہ فاسق معلن ہے۔

(۳) صحیح القراءۃ ہو یعنی قرآن مجید ایسا غلط نہ پڑھتا ہو جس سے معنی بدلیں اور فاسد ہو جائیں اور اگر ایسی غلطیاں کرتا ہے کہ معنی میں فساد آتا ہے تو خود اس کی اپنی نہ ہوگی۔

(۴) نماز کے فرائض و واجبات اور مفسدات و مکروہات سے واقف ہو' ورنہ جو شخص مسائلِ نماز سے جاہل ہو' اس کی امامت میں احتمال قوی' نماز کے فساد و خرابی کا ہے کہ اس سے اکثر باتیں ایسی واقع ہوں گی جس سے نماز فاسد ہو جائے گی یا اس میں نقصان آئے گا اور وہ اپنی جہالت و ناواقفیت کے سبب ان پر مطلع نہ ہوگا اور ان کی اصلاح نہ کر سکے گا تو یہ خود بھی ڈوبے گا' دوسروں کو بھی لے ڈوبے گا۔ یہ بھی بے نمازی کا بے نمازی رہا اور مقتدیوں پر بھی ترک نماز کا وبال آیا۔ اور جان بوجھ کر ہو تو اس

مداہنت اور حکمِ شرعی میں سہل انگاری و بے احتیاطی کے باعث یہ وبال اور شدید تر۔

(۵) تمام مسلمان آگاہ رہیں کہ علمائے دین (کہ حقیقتاً علمائے اہلسنّت و جماعت ہیں) یہ ہی حضور سید العالمین صلی اللہ علیہ و آلہ واصحابہ اجمعین کے نائبین ہیں نہ کہ جہال۔ تو امامتِ خاص حق، علمائے اہلسنّت ہی کا ہے۔ انہیں کو امام بنایا جائے اور انہیں کی اقتداء کی جائے اور انہیں کی نمازوں سے اپنی نمازوں کو وابستہ کیا جائے۔ انہیں کے حق میں وارد ہے۔ اَلْعُلَمَاءُ وَرَثَةُ الْاَنْبِيَاءِ۔ علماء انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے وارث ہیں اور ہدایہ میں ہے کہ "جس نے کسی عالم متقی کے پیچھے نماز پڑھی گویا نبی کے پیچھے پڑھی۔"

(۶) تو امام متقی سنی، خدا ترس کے پیچھے نماز، عطرِ قبول میں ڈوبی ہوئی اور انشاء اللہ تعالیٰ شرفِ قبولیت سے مشرف نماز ہے۔ مسلمان کوشش کریں کہ یہ نعمت ان کے ہاتھوں سے نہ جانے پائے۔ یہ سہل انگاری کا موقع نہیں۔ اہم العبادات کا معاملہ ہے جس کی پرسش، کل بروزِ قیامت، تمام اعمال سے پیشتر ہوگی۔

تنبیہ جلیل

زمانۂ خلافتِ مسلمین میں امراء و سلاطین، خود امامت کرتے اور حضور عالم ما کان وما یکون صلی اللہ علیہ وسلم کو معلوم تھا کہ ان میں فساق و فجار، کھلے بندوں نافرمانیوں کے مرتکب اور ناکردنیوں میں منہمک بھی ہوں گے اور معلوم تھا اہلِ صلاح، نیکوکار مسلمانوں کے قلوب ان کی ناگفتنی حرکات کی بنا پر تنفر کریں گے۔ ان کی طرف، ان کے دلوں کا میلان ہونا کجا، نفرت سے بھرپور رہیں گے اور معلوم تھا کہ ان سے اختلاف، ان کی امامت سے نزاع و خلاف، آتشِ فتنہ کو مشتعل کرنے اور دنیاوی فتنوں کو بھڑکانے والا ہوگا اور دفعِ فتنہ کہ فتنے پھیلنے نہ پائیں، فاسق و فاجر کی اقتداء ترک کرنے اور ان کی اقتداء میں نماز ادا نہ کرنے سے اہم و اعظم تھا، لہٰذا دروازۂ فتنہ بند کرنے کے لیے ارشاد ہوا کہ صَلُّوْا خَلْفَ كُلِّ بَرٍّ وَّفَاسِقٍ۔ یعنی نماز ہر نیک و بد کے پیچھے پڑھ لو۔ اور یہ قول مبارک اس باب سے ہے کہ "جو شخص دو بلاؤں میں گھر جائے

۔ اور میں سے ایک کو اختیار کرنا ضروری ہو جائے) تو وہ اسے اختیار کرے جو ان دونوں میں سے زیادہ سہل الحصول ہو۔"

اس قول مبارک کو ہر دور، ہر قرن، اور ہر حال میں بطور قاعدۂ کلیہ کے استعمال کرنا، فقہائے کرام کے اس قول کے صریح خلاف ہے کہ فاسق معلن کو امام بنانا گناہ ہے اور مکروہ تحریمی۔ خلاصۂ کلام یہ ہے کہ نماز تو فاسق کے پیچھے بھی ہو جاتی ہے مگر معلن کے پیچھے مکروہ تحریمی اور غیر معلن کے پیچھے مکروہ تنزیہی ہوگی۔ (فتاویٰ رضویہ ملخصاً)

مسلمان ہرگز ایسے کو امام نہ بنائیں جو

(۱) صحیح العقیدہ سنی نہ ہو اور جو سینوں میں سنی، وہابیوں میں وہابی بنتا ہو، وہ وہابی بھی ہے اور منافق بھی۔ (۲) یوں ہی جس کی حالت مشکوک و مشتبہ ہو کہ سنی ہونے کے باوجود بدمذہبوں، بدعقیدوں سے یارانہ مناتا، ان کے پاس اٹھتا بیٹھتا ہو۔ (۳) یا جو نیاز، درود، فاتحہ، صلوٰۃ و سلام اور قیام و میلاد کا منکر ہو۔ (۴) یا ان سے جی چرائے حیلوں بہانوں سے جان چھڑائے کہ آج کل ان اطراف میں، ان امور کا انکار خاص وہابیہ کا شعار ہے اور وہابیت مردود، اور ان امور کو علی الاعلان بدعت و ناجائز کہنے والے تو ہیں ہی وہابی۔ (۵) یا جو دریافت کرنے پر بھی اپنا عقیدہ مذہب نہ بتائے تو ظاہر یہی ہے کہ اس کے دین میں کچھ فساد ہے، ورنہ دین بھی کچھ چھپانے کی چیز ہے۔ تو ایسوں کی کسی نماز میں (اگرچہ تراویح ہو) اقتداء ہرگز نہ کی جائے کہ بطلان نماز کا احتمالِ قوی ہے۔ (۶، ۷، ۸) یونہی وہ بھی لائق امامت نہیں جو داڑھی منڈائے یا خشخشی رکھے یا کتروا کر حد شرع سے کم کرے۔ (۹) یا سر کے بال کندھوں کے نیچے عورتوں کی طرح رکھے۔ (۱۰) یا ناچ رنگ سنیما تھیٹر دیکھے۔ (۱۱) یا بلاعذر شرعی رمضان کے روزے نہ رکھے۔ (۱۲) یا جماعت کا پابند نہ ہو۔ (۱۳) یا نماز قضا کرے۔ (۱۴) یا بُری عادتوں سے متہم ہو اور لوگ اس سے نفرت کرتے ہوں۔ (۱۵) یا جو کسی مسلمان کو بلاوجہ شرعی ایذا پہنچائے۔ (۱۶) یا گالی گلوچ کرتا پھرے۔ (۱۷) یا جس کے گھر کی عورتیں بے پردہ پھریں

اور ان احوال سے واقف ہونے کے باوجود حسبِ مقدور کامل بندوبست نہ کرے۔ (۱۸) یا کوٹ پینٹ میں ملبوس۔ (۱۹) یا فیشن زدہ سا پھرے۔ (۲۰) یا بازاروں میں علانیہ کھائے پیئے۔ (۲۱) غرض جسے احکامِ شرع کا لحاظ پاس اور احترام نہ ہو، وہ ہرگز امامت کا اہل نہیں۔

نماز کے بعد کے ذکر و دعا

(۱) ہر نماز کے بعد تین بار استغفار کرے اور آیت الکرسی اور تینوں قل (الاخلاص، الفلق، الناس) ایک ایک بار پڑھیں۔

(۲) سر کے اگلے حصے پر ہاتھ رکھ کر پڑھے بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ۔ اَللّٰھُمَّ اذْھِبْ عَنِّی الْھَمَّ وَالْحُزْنَ اور ہاتھ کھینچ کر ماتھے پر لائے۔

(۳) سبحان اللہ ۳۳ بار، الحمد للہ ۳۳ بار اور اللہ اکبر ۳۴ بار پڑھے۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ نماز کے بعد ان کلموں کے کہنے والا نامراد نہیں رہتا۔

نماز توڑنے والی چیزوں کا بیان

مسئلہ: کسی بھی قسم کی بات چیت کرنا اگرچہ بھول سے ہو یا کسی کے مجبور کر دینے سے ہو، اگرچہ ایک آدھ بات ہی کیوں نہ ہو، نماز فاسد کر دیتا ہے (در مختار)

مسئلہ: کسی شخص کو سلام کیا یا زبان سے سلام کا جواب دیا، یا کسی کو چھینک آئی اس کے جواب میں نمازی نے یَرْحَمُکَ اللّٰہُ کہا یا جواب کی نیت سے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہا یا خوشی کی خبر سن کر جواب میں اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہا یا بری خبر سن کر اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ کہا یا اللہ تعالیٰ کا نام سن کر جَلَّ جَلَالُہٗ کہا یا حضور پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ

وآلہ وسلم کا نام سن کر درود شریف پڑھا یا اذان کا جواب دیا۔ شیطان کا ذکر سن کر اس پر لعنت بھیجی یا نماز میں دنیا کی باتوں کا خیال آیا اور وسوسہ دور کرنے کے لیے لاحول پڑھی تو ان سب صورتوں میں نماز جاتی رہی۔ (عالمگیری، درمختار وغیرہ)

مسئلہ: آہ، اوہ، اف، آنہ یہ الفاظ درد یا مصیبت کی وجہ سے نکلے یا آواز سے رونی اور حرف پیدا ہوئے یا بلاوجہ گنگارنے میں دو حروف ظاہر ہوئے تو ان تمام صورتوں میں نماز فاسد ہوتی۔ (درمختار، ردالمحتار)

مسئلہ: بیمار کی زبان سے بے اختیار آہ، اوہ نکلی نماز فاسد نہ ہوئی۔ یوں ہی چھینک، کھانسی، جماہی، ڈکار میں جتنے حروف مجبوری میں نکل جاتے ہیں وہ معاف ہیں۔ (درمختار)

مسئلہ: نماز کے اندر کھانا پینا نماز کو فاسد کر دیتا ہے۔ جان بوجھ کر ہو یا بھول کر، تھوڑا ہو یا زیادہ، یہاں تک کہ اگر تل بغیر چبائے نگل گئی یا کوئی بوندا اس کے منہ میں گری اور اس نے نگل لی تو نماز جاتی رہی۔

مسئلہ: دانتوں کے اندر کھانے کی کوئی چیز رہ گئی تھی، اس کو نگل گئی اگر چنے سے کم ہے، نماز فاسد نہ ہوئی، مکروہ ہوئی اور چنے کے برابر ہے تو فاسد ہو گئی۔ (عالمگیری)

مسئلہ: دانتوں سے خون نکلا اور نگل گئی، اگر حلق میں خون کا مزا محسوس ہوا تو نماز فاسد ہو گئی، ورنہ نہیں۔ (درمختار)

مسئلہ: عورت نماز پڑھ رہی تھی، بچے نے اس کی چھاتی چوسی، اگر دودھ نکل آیا تو نماز جاتی رہی۔ (درمختار)

مسئلہ: عورت نماز میں تھی، مرد نے بوسہ لیا یا شہوت کے ساتھ اس کے بدن کو ہاتھ لگایا، نماز جاتی رہی اور مرد نماز میں تھا اور عورت نے ایسا کیا تو نماز فاسد نہ ہوئی، جب تک مرد کو شہوت نہ ہو۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: ایک رکن میں تین بار کھجانے سے نماز جاتی رہتی ہے۔ یعنی یوں کہ کھجا کر

ہاتھ ہٹالیا، پھر کھجایا، پھر ہاتھ اٹھایا، علیٰ ہذا القیاس۔ اور اگر ایک بار ہاتھ رکھ کر چند مرتبہ حرکت دی تو ایک ہی مرتبہ کھجانا کہا جائے گا۔ (عالمگیری)

مسئلہ: پے درپے تین بال اکھاڑے یا تین جوئیں ماریں یا ایک ہی جوں دو تین بار مارا تو نماز جاتی رہی اور پے درپے نہ ہو تو نماز فاسد نہ ہوگی، مگر مکروہ ہے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: تکبیر میں اَللّٰہُ کو اَللّٰہُ یا اَکْبَرُ کو آکْبَارُ کہا تو نماز فاسد ہوگئی اور تحریمہ میں ایسا ہوا تو نماز شروع ہی نہ ہوئی۔ (درمختار وغیرہ)

وہ چند چیزیں جو نماز میں مکروہِ تحریمی ہیں

مکروہ تحریمی کسے کہتے ہیں؟ یہ ہم پہلے بتا چکے ہیں۔ اب ان چیزوں کو بیان کیا جاتا ہے جن سے نماز مکروہ تحریمی ہو جاتی ہے۔ ایسی نماز کو دہرانا ضروری ہے ورنہ گناہ سر پر رہے گا:

(۱) کپڑے یا بدن کے ساتھ کھیلنا۔ (۲) کپڑا سمیٹنا مثلاً سجدے میں جاتے وقت آگے یا پیچھے سے اٹھا لینا کہ مٹی نہ لگے۔ (۳) کپڑا لٹکانا مثلاً سر یا مونڈھے پر اس طرح ڈالنا کہ دونوں کنارے لٹکتے ہوں۔ (۴) آدھی کلائی سے زیادہ آستین چڑھی ہوئی ہونا۔ (۵) زور کا پیشاب پاخانہ معلوم ہوتے وقت نماز پڑھنا۔ (۶) انگلیاں چٹکانا یا انگلیوں کی قینچی باندھنا۔ (۷) کمر پر ہاتھ رکھنا۔ (۸) ادھر ادھر منہ پھیر کر دیکھنا۔ (۹) نگاہ آسمان کی طرف اٹھانا۔ (۱۰) ناک اور منہ کو چھپانا۔ (۱۱) بے ضرورت کھنکار نکالنا۔ (۱۲) قصداً جماہی لینا۔ (۱۳) جس کپڑے پر جاندار کی تصویر ہو، اسے پہن کر نماز پڑھنا۔ (۱۴) نمازی کے آگے یا دائیں یا بائیں یا سر پر چھت وغیرہ میں یا سجدہ کی جگہ جاندار کی تصویر ہونا یا پیچھے ہی ہونا۔ (۱۵) الٹا قرآن مجید پڑھنا۔ (۱۶) کسی واجب کو چھوڑ دینا مثلاً قومہ اور جلسہ میں سیدھے ہونے سے پہلے سجدہ کو چلے جانا۔ (۱۷) قیام کے علاوہ کسی اور جگہ قرآن کریم پڑھنا۔ (۱۸) رکوع میں قرأت ختم کر دینا۔ (۱۹) الٹا کپڑا پہن کر یا اوڑھ کر نماز پڑھنا۔ (درمختار، ردالمحتار، عالمگیری، بہارِ شریعت)

چند وہ چیزیں جو نماز میں مکروہ تنزیہی ہیں

مکروہ تنزیہی وہ فعل ہے جس کا کرنا شرع کو پسند نہیں، لہٰذا بچنا ہی چاہیے کہ ثواب میں کمی نہ ہو۔

(۱) سجدہ یا رکوع میں بلا ضرورت تین تسبیح سے کم کہنا۔ حدیث میں اسی کو مرغ کی سی ٹھونک مارنا فرمایا۔ ہاں اگر وقت تنگ ہے یا ریل چلے جانے کا خوف ہے، تو حرج نہیں۔ (۲) کام کاج کے میلے کچیلے کپڑے پہن کر نماز پڑھنا۔ (۳) نماز میں انگلیوں پر آیتوں وغیرہ کا گننا۔ (۴) ہاتھ یا سر کے اشارے سے سلام کا جواب دینا۔ (۵) بلا عذر آلتی پالتی مار کر بیٹھنا۔ (۶) دامن یا آستین سے اپنے کو ہوا پہنچانا جب کہ دو ایک بار ہو اور پنکھا جھلا تو نماز جاتی رہی۔ (۷) انگڑائی لینا اور خواہ مخواہ کھانسنا یا کھنکارنا (۸) نماز میں تھوکنا۔ (۹) فرض کی ایک رکعت میں کسی سورت یا آیت کو بار بار پڑھنا اور عذر سے ہو تو حرج نہیں مثلاً بھولے سے پڑھ گئی۔ (۱۰) سجدہ کو جاتے وقت گھٹنے سے پہلے ہاتھ زمین پر رکھنا یوں ہی سجدہ سے اٹھتے وقت ہاتھ سے پہلے گھٹنے اٹھانا بلا عذر ہو تو مکروہ ہے۔ (۱۱) اَعُوْذُ بِاللّٰہِ، بِسْمِ اللّٰہِ، سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ اور آمین زور سے کہنا۔ (۱۲) بغیر عذر دیوار یا لاٹھی وغیرہ پر ٹیک لگانا۔ (۱۳) آستین کو بچھا کر سجدہ کرنا تاکہ چہرے پر خاک نہ لگے اور گرمی سے بچنے کے لیے ایسا کیا تو حرج نہیں۔ (۱۴) دائیں بائیں جھومنا۔ (۱۵) اٹھتے وقت آگے پیچھے پاؤں اٹھانا۔ (۱۶) منہ میں کوئی چیز مثلاً پیسہ لیے ہوئے نماز پڑھنا اور اگر ایسی چیز ہے کہ اس کے ہوتے قرأت نہیں کر سکتی تو نماز فاسد ہو جائے گی۔ (۱۷) آنکھیں بند رکھنا۔ ہاں اگر آنکھیں بند کر لینے سے نماز میں دل لگے تو بند کرنے میں حرج نہیں بلکہ بہتر ہے۔ (۱۸) مسجد کی چھت پر نماز پڑھنا۔ (۱۹) ایسی جگہ نماز پڑھنا کہ دل بٹے۔ (۲۰) جلتی ہوئی آگ نمازی کے سامنے ہونا اور لالٹین یا چراغ وغیرہ ہو تو کراہت نہیں۔ (۲۱) سامنے پاخانہ، نجاست وغیرہ کا ہونا۔

(درمختار، ردالمحتار، عالمگیری وغیرہا)

نمازِ وتر کا بیان

نماز وتر واجب ہے اور واجب کا مرتبہ قریب قریب فرض کے ہے تو اگر نماز وتر کسی طرح چھوٹ گئی تو اس کی قضا واجب ہے اور جب قضا پڑھے تو اس میں دعائے قنوت بھی پڑھے خواہ کوئی سی دعا ہو، البتہ قضا میں دعائے قنوت سے پہلے تکبیر کے لیے ہاتھ نہ اٹھائے۔ جب کہ اوروں کے سامنے پڑھے کہ وہ اس کی تقصیر سے واقف ہوں گے۔ (عالمگیری، ردالمحتار)

مسئلہ: وتر کی نماز بیٹھ کر بغیر عذر نہیں ہو سکتی۔ (دُرمختار)

مسئلہ: نماز وتر تین رکعت ہے اور اس کی ہر رکعت میں الحمد پڑھنا اور اس کے ساتھ سورت ملانا واجب ہے۔

مسئلہ: وتر کے قعدۂ اولیٰ میں صرف التحیات پڑھ کر کھڑی ہو جائے، نہ درود شریف پڑھے نہ سلام پھیرے، جیسے مغرب کے فرض پڑھتے ہیں۔ (دُرمختار)

مسئلہ: تیسری رکعت میں قرأت سے فارغ ہو کر رکوع سے پہلے کاندھوں تک ہاتھ اٹھا کر اللہ اکبر کہے جیسے تکبیر تحریمہ میں کرتے ہیں، پھر ہاتھ باندھ لے اور دعائے قنوت پڑھے اور اس میں کسی خاص دعا کا پڑھنا ضروری نہیں۔ (ردالمحتار)

جسے دعائے قنوت یاد نہ ہو اسے یاد کرنا چاہیے کہ خاص اس کا پڑھنا سُنّت ہے اور جب تک یاد نہ ہو اَللّٰھُمَّ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ پڑھ لیا کرے۔ یہ بھی یاد نہ ہو تو اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ تین بار کہہ لیا کرے، یہ بھی نہ آئے تو صرف یارب تین بار کہہ لے، واجب ادا ہو جائے گا۔ یونہی قل ھواللہ شریف پڑھنے سے بھی واجب ادا ہو جاتا ہے۔ (فتاویٰ رضویہ)

سنتوں اور نفل نمازوں کا بیان

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں: جو مسلمان بندہ اللہ کے لیے ہر روز فرض کے علاوہ بارہ رکعتیں پڑھے، اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت میں ایک مکان بنائے گا، چار ظہر سے پہلے اور دو ظہر کے بعد اور دو بعد مغرب اور دو بعد عشاء اور دو نماز فجر سے پہلے۔ (مسلم شریف وغیرہ)

مسئلہ: جو سنتیں چار رکعتی ہیں، مثلاً ظہر کی تو چاروں ایک سلام سے پڑھی جائیں کہ تین چاروں پڑھ کر چوتھی کے بعد سلام پھیریں، ورنہ سنتیں ادا نہ ہوں گی۔ یونہی اگر چار رکعت کی منت مانی اور دو دو کر کے چار پڑھیں تو منت پوری نہ ہوئی بلکہ ضروری ہے کہ ایک سلام کے ساتھ چاروں پڑھے۔ (درمختار وغیرہ)

مسئلہ: جو سنت موکدہ چار رکعتی ہیں اس کے قعدۂ اولیٰ میں صرف التحیات پڑھے، اگر بھول کر درود شریف پڑھ لیا تو سجدۂ سہو کرے اور ان سنتوں میں جب تیسری رکعت کے لیے کھڑی ہو تو سبحانک اللھم اور اعوذ بھی نہ پڑھے اور ان کے علاوہ اور چار رکعت والی سنت غیر موکدہ یا نوافل کے قعدۂ اولیٰ میں بھی درود شریف پڑھے اور تیسری رکعت میں سبحانک اللھم اور اعوذ بھی پڑھے، یہ پڑھنا مستحب ہے۔ (درمختار وغیرہ)

مسئلہ: نفل بیٹھ کر پڑھے تو اس طرح بیٹھے جیسے تشہد میں بیٹھتے ہیں، اور قرأت کی حالت میں سینے پر ہاتھ باندھے جیسے قیام میں باندھتے ہیں، مگر کھڑے ہو کر پڑھنا افضل ہے کہ حدیث شریف میں فرمایا: "بیٹھ کر پڑھنے والے کی نماز، کھڑے ہو کر پڑھنے والے کی نصف ہے۔" وتر کے بعد جو دو رکعت نفل پڑھتے ہیں، ان کا بھی یہی حکم ہے۔ (درمختار)

مسئلہ: تراویح بالاجماع سنت مؤکدہ ہے۔ اس کا ترک جائز نہیں اور تراویح کی بیس رکعتیں دس سلام سے پڑھے یعنی ہر دو رکعت پر سلام پھیرے۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: تراویح بیٹھ کر پڑھنا بلاعذر ہو تو مکروہ ہے بلکہ بعضوں کے نزدیک ہوگی ہی نہیں۔ (درمختار)

مسئلہ: عورتیں سورتوں سے تراویح پڑھیں اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ الم ترکیف سے آخر تک دوبارہ پڑھیں کہ بیس رکعت پوری ہو جائیں گی اور رکعتوں کی گنتی بھی یاد رکھنی نہیں پڑے گی اور ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد اگر قل ھو اللہ پڑھی تو یہ بھی جائز ہے۔ (ردالمحتار)

قضانماز کابیان

مسئلہ: سوتے میں یا بھولے سے نماز قضا ہوگئی تو اس کی قضا پڑھنا فرض ہے۔ بیدار ہونے یا یاد آنے پر اگر وقت مکروہ نہ ہو تو اسی وقت پڑھ لے۔ اب دیر لگانا مکروہ ہے اور گناہ کا باعث ہے اور یہ اندیشہ ہو کہ صبح کی نماز جاتی رہے گی تو بلا شرعی ضرورت کے اسے رات میں دیر تک جاگنا منع ہے۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: کوئی سو رہا ہے یا نماز پڑھنا بھول گیا ہے تو جسے معلوم ہو اس پر واجب ہے کہ سوتے کو جگادے اور بھولے کو یاد دلادے۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: جو نماز جیسی قضا ہوئی اس کی قضا ویسی ہی پڑھی جائے گی مثلاً سفر کی چار رکعتی نماز دو ہی رکعت پڑھی جائے گی اگرچہ سفر ختم ہوگیا ہو اور اقامت کی چار رکعت والی چار ہی پڑھی جائیں گی اگرچہ سفر میں قضا پڑھے۔ (عالمگیری وغیرہ)

مسئلہ: پانچوں فرضوں میں باہم اور فرض و وتر میں ترتیب ضروری ہے کہ پہلے فجر پڑھے پھر ظہر، پھر عصر، پھر مغرب، پھر عشاء اور پھر وتر پڑھے۔ مثلاً ظہر کی قضا ہوگئی تو فرض ہے کہ اسے پڑھ کر پھر عصر پڑھے یا وتر قضا ہوگیا تو اسے پڑھ کر فجر پڑھے۔ اگر یاد ہوتے ہوئے عصر یا فجر کی پڑھ لی تو ناجائز ہے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: قضانمازیں جب پانچ فرضوں سے زیادہ ہو جائیں تو ان میں ترتیب ضروری نہیں، اسے اختیار ہے کہ ان میں جو نماز چاہے پہلے ادا کرے اور جو چاہے پیچھے، بلکہ قضا نمازوں اور وقتی نمازوں میں بھی ترتیب کی حاجت نہیں رہتی، ان میں بھی اختیار ہے کہ جو پہلے پڑھنا چاہے پڑھ لے۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: قضانماز یاد نہ رہی اور وتر یہ پڑھ لی، پڑھنے کے بعد یاد آئی تو وتر یہ نماز ہو گئی اور پڑھنے میں یاد آئی تو گئی۔ (عالمگیری)

مسئلہ: یہ اندیشہ ہے کہ اگر قضانماز پڑھی تو وقتی نماز فوت ہو جائے گی تو پہلے وتر یہ نماز پڑھے پھر قضا پڑھے۔ (ہدایہ وغیرہ)

مسئلہ: ایک نماز قضا ہو گئی، اس کے بعد حیض آگیا تو حیض سے پاک ہو کر پہلے قضا پڑھ لے پھر وقتی پڑھے، اگر قضا یاد ہوتے ہوئے وقتی پڑھے گی، نہ ہو گی جب کہ وقت میں گنجائش ہو۔ (عالمگیری)

مسئلہ: قضانمازیں نوافل سے اہم ہیں، یعنی جس وقت نفل پڑھنا ہے، انہیں چھوڑ کر ان کے بدلے قضانمازیں پڑھے تاکہ بری الذمہ ہو جائے لیکن سنت مؤکدہ کو نہ چھوڑے۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: قضا میں نیت یوں کرنی چاہیے کہ "نیت کی میں نے پہلی فجر کی (یا پہلی ظہر یا عصر کی) جو مجھ سے قضا ہوئی اور جس پر قضانمازیں بہت سی ہوں کہ گنتی یاد نہیں، وہ آسانی کے لیے اگر یوں بھی کرے تو جائز ہے کہ ہر رکوع اور ہر سجدہ میں تین تین بار سبحان ربی العظیم اور سبحان ربی الاعلی کی بجائے صرف ایک بار کہے مگر تسبیح پوری ہو جانی چاہیے۔ دوسری آسانی یہ ہے کہ فرضوں کی تیسری اور چوتھی رکعت میں الحمد شریف کی جگہ فقط سبحان اللہ تین بار کہہ کر رکوع میں چلی جائے اور تیسری آسانی یہ ہے کہ پچھلی التحیات کے بعد دونوں درودوں اور دعا کی جگہ اللھم صلی علی محمد وآلہ کہہ کر سلام پھیر دے اور وتروں میں آسانی کی ایک

صورت یہ بھی ہے کہ تیسری رکعت میں دعائے قنوت کی جگہ اللہ اکبر کہہ کر فقط ایک یا تین بار رَبِّ اغْفِرْلِیْ کہہ لے۔ (فتاویٰ رضویہ)

پردہ سے متعلق چند آیات واحادیث

اللہ عزوجل ارشاد فرماتا ہے:

قُلْ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ یَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ--- (اِلٰی قَوْلِهٖ تعالٰی) لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ۔

ان آیاتِ کریمہ سے حسبِ ذیل احکام معلوم ہوئے:

(۱) ایمان والے مرد اور ایمان والی عورتیں اپنی نظریں نیچی رکھیں کہ مردوں کی نگاہ عورتوں سے اور عورتوں کی نگاہ مردوں سے علیحدہ رہے۔

(۲) مرد اور عورتیں اپنی اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں۔ اس حکم کے تحت زناکاری کے علاوہ اور بھی سارے طریقے ناجائز شہوت رانی اور بدکاری و بدنظری کے آ گئے۔ عاشقانہ افسانے اور ڈرامے، بے حیائی کے مناظر دکھانے والے تھیٹر اور سینما، خیالات و جذبات میں ہیجان پیدا کرنے والی تصویریں وغیرہ سب اس کے تحت میں آجاتی ہیں۔

(۳) عورتیں اپنا سنگھار، خواہ وہ جسم کا ہو یا متعلقات جسم کا، کسی اجنبی پر ظاہر نہ ہونے دیں۔ اس کے تحت ہر وہ چیز آجاتی ہے جو غیروں کے لیے شوق و رغبت کا باعث ہو۔ مثلاً حُسنِ صورت، خوش خرامی، لباس، خوشبو، پوڈر، غازہ وغیرہ، کیونکہ اس سے میلانِ طبع پیدا ہوتا ہے اور لوگ اس کی طرف متوجہ ہوتے ہیں اور یہ شرافت نسوانی کے خلاف ہے۔ چہرے کا کھلا رکھنا اسی میں داخل ہے کہ چہرہ کھلا ہونا فتنوں کو دعوت دینا ہے۔

(۴) عورتیں اپنی زینت غیر مردوں پر ظاہر نہ ہونے دیں اور اپنے دوپٹے اپنے سینوں پر ڈالے رہا کریں۔ علمائے کرام فرماتے ہیں کہ سر اور سینہ دو مقام خاص طور پر

زینت کے ہیں۔ ان کے ڈھانپنے کا اور زیادہ اہتمام رکھیں۔ اس سے بہت سے فتنوں کی جڑ کٹ جاتی ہے اور اس زینت میں قدرتی یا مصنوعی ہر وہ چیز داخل ہے جو عورت کی جانب رغبت اور التفات بڑھائے۔

(۵) عورتیں چلتے وقت زمین پر اپنے پیر زور سے نہ رکھیں کہ ان کا اندرونی زیور معلوم ہو جائے۔ اس سے معلوم ہوا کہ ہر وہ آواز جو رغبت اور دلکشی کا باعث ہو ممنوع ہے، بجنے والے زیور مثلاً پازیب یا جھانجن پہن کر زمین پر زور زور سے پاؤں رکھنا اسی میں داخل ہے۔ اسی لیے چاہیے کہ عورتیں بالے اور جھانجن نہ پہنیں۔ حدیث شریف میں ہے کہ اللہ تعالیٰ اس قوم کی دعا قبول نہیں کرتا، جس کی عورتیں جھانجن پہنتی ہیں۔ اس سے سمجھنا چاہیے کہ جب زیور کی آواز دعا قبول نہ ہونے کا سبب ہے تو خاص عورت کی آواز اور اس کی بے پردگی کیسی تباہی کا باعث ہوگی۔ ایک اور آیت کریمہ میں ارشاد فرمایا:

یٰاَیُّهَا النَّبِیُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ	اے غیب کی خبر دینے والے محبوب!
وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِیْنَ	آپ اپنی بیبیوں اور اپنی صاحبزادیوں اور
یُدْنِیْنَ عَلَیْهِنَّ مِنْ	مسلمانوں کی عورتوں سے کہہ دیں کہ اپنے
جَلَابِیْبِهِنَّ۔	اوپر چادر (یا برقع) ڈال لیا کریں۔

اس کا صاف مطلب یہ ہے کہ شریف عورتیں وہ ہیں کہ جب کسی سے کسی ضرورت کے باعث قدم باہر نکالیں تو ان کا سارا جسم کسی چادر یا برقع سے سر سے پاؤں تک چھپا رہنا چاہیے۔ اس قسم کے سارے احکام کا حاصل یہ ہے کہ عورت اپنی وضع قطع اور لباس سے شریف عزت دار بی بی معلوم ہو کہ جس عورت کی چال ڈھال سنجیدہ اور شریفانہ ہوتی ہے۔ آوارہ گردوں اور لفنگوں اور بدمعاشوں کو بھی اسے چھیڑنے کی جرأت مشکل ہی سے ہوتی ہے۔ ایسے فیشن پر لعنت جو زمانۂ جاہلیت کی طرح عورتوں کو نیم برہنہ اور ننگا کر دے۔

احادیثِ کریمہ: اس بارے میں بہ کثرت آئی ہیں، مختصراً ہم چند احادیث پر اکتفا کرتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں:

(۱) عورتوں کو گھر سے باہر نکلنے میں کوئی حصہ نہیں بجز اس کے کہ مجبور ہوں۔

(طبرانی)

(۲) عورت، عورت ہے یعنی چھپانے کی چیز ہے۔ جب وہ باہر نکلتی ہے تو اسے شیطان جھانک کر دیکھتا ہے۔ یعنی اسے دیکھنا شیطانی کام ہے۔ (ترمذی)

(۳) دیکھنے والے پر اور اس پر جس کی طرف نظر کی، اللہ کی لعنت دیکھنے والا، جب بلا عذر شرعی قصداً دیکھے اور دوسرا اپنے آپ کو قصداً دکھائے۔ (بیہقی)

(۴) جب مرد، عورت کے ساتھ تنہائی میں ہوتا ہے تو تیسرا شیطان ہوتا ہے۔

(ترمذی)

(۵) عورتوں کے پاس جانے سے بچو، ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ! دیور کے متعلق کیا حکم ہے؟ فرمایا کہ دیور موت ہے۔ یعنی دیور کے سامنے ہونا گویا موت کا سامنا ہے کہ یہاں فتنہ کا زیادہ احتمال ہے۔ (بخاری و مسلم)

(۶) ایک مرد دوسرے مرد کی ستر کی جگہ نہ دیکھے اور نہ عورت، دوسری عورت کی ستر کی جگہ دیکھے۔ (مسلم)

(۷) ایسا نہ ہو کہ عورت دوسری عورت کے ساتھ رہے، پھر اپنے شوہر کے سامنے اس کا حال (اس طرح) بیان کرے گویا یہ اسے دیکھ رہا ہے۔ (بخاری)

(۸) عورت کا اپنے گھر کے اندر نماز پڑھنا، صحن میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے اور اس کا تہہ خانے میں نماز پڑھنا گھر کے اندر نماز پڑھنے سے بہتر ہے۔ (ابوداؤد)

(۹) حضرت مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ خدمت اقدس میں حاضر تھے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے سب سے دریافت فرمایا کہ عورت کے لیے کون سی بات سب سے بہتر ہے۔ اس پر تمام صحابہ خاموش رہے اور کسی نے کوئی جواب نہ دیا۔ حضرت مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ میں نے واپس آکر فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے دریافت فرمایا کہ عورتوں کے لیے سب سے بہتر کیا بات ہے۔ انہوں نے فرمایا کہ نہ وہ غیر مردوں کو دیکھیں، نہ غیر مرد انہیں دیکھیں۔ مولیٰ علی نے یہ جواب حضور سے عرض کیا۔ (آپ اس جواب سے اس درجہ مسرور ہوئے کہ) ارشاد فرمایا (کیوں نہ

:و اوہ میری لخت جگر ہیں۔ (دار قطنی)

(۱۰) حضرت ام سلمہ اور حضرت میمونہ (کہ دونوں ازواج مطہرات سے ہیں) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر تھیں، اتنے میں عبداللہ بن ام مکتوم رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو نابینا صحابی ہیں، حضور علیہ الصلوۃ والسلام کے پاس حاضر ہوئے اور اندر آنے لگے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم نے ان دونوں سے ارشاد فرمایا کہ یہاں سے پردہ کرو۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کیا: یا رسول اللہ وہ تو نابینا ہیں، ہم کو تو وہ نہیں دیکھ سکتے۔ آپ نے جواب میں فرمایا: کیا تم بھی نابینا ہو، کیا تم انہیں نہیں دیکھ سکتیں۔ (ابوداؤد)

(۱۱) زنانوں کو اپنے گھر سے نکال باہر کرو۔ (ابن ماجہ)

(۱۲) ہمارے گروہ سے نہیں وہ عورت کہ مردوں کی وضع قطع اختیار کرے اور نہ وہ مرد جو عورتوں کی طرح رہے۔ (امام احمد)

پردے کے متعلق چند احکام

(۱) کافر عورت شریعت میں اجنبی مرد کے حکم میں ہے۔ گھروں میں کافر عورتیں آتی جاتی رہتی ہیں اور مسلمان بیبیاں ان کے سامنے بے حجاب، مواضع ستر، سر و سینہ وغیرہ کھولے ہوئے آجاتی ہیں، اس سے پرہیز کرنا ضروری ہے۔ اکثر دائیاں کافر ہوتی ہیں اور وہ بچہ جنانے کی خدمت انجام دیتی ہیں۔ اگر مسلمان دائیاں مل سکیں تو کافرہ سے ہرگز یہ کام نہ لیا جائے کہ کافرہ کے سامنے اعضاء کو کھولنے کی اجازت نہیں۔ (عالمگیری)

(۲) صالحہ نیک اور شریف عورت کو چاہیے کہ وہ اپنے کو بدکار فاحشہ عورت کے دیکھنے سے بچائے اگرچہ وہ مسلمان ہو۔ اس کے سامنے دوپٹہ وغیرہ نہ اتارے کیونکہ وہ اسے دیکھ کر دوسرے مردوں کے سامنے اس کی شکل و صورت کا ذکر کرے گی۔ جس سے فتنہ پھیلنے کا اندیشہ ہے تو ایسی عورتیں، پاک دامنوں میں آئیں ہی کیوں۔ (عالمگیری)

(۳) عورت کسی اجنبی مرد کے جسم کو نہ چھوئے جب کہ دونوں میں سے کوئی جوان

ہو۔ اگرچہ اس بات کا دونوں کو اطمینان ہو کہ شہوت پیدا نہیں ہوگی۔ (عالمگیری)

بعض جوان عورتیں اپنے پیروں کے ہاتھ پاؤں دباتی ہیں اور ان میں اکثر دونوں یا ایک حدِ شہوت تک پہنچا ہوا ہوتا ہے۔ ایسا کرنا ناجائز ہے اور دونوں گناہگار۔

(بہارِ شریعت)

(۴) بعض عورتیں بہت باریک کپڑے پہنتی ہیں، جس سے سر کے بال یا بالوں کی سیاہی یا گردن یا کان یا پیٹ اور پیٹھ نظر آتی ہے اور بدن کی رنگت جھلکتی ہے۔ ایسے موقع پر کہ اجنبی مردوں کی نظر ان پر پڑے۔ اس قسم کے کپڑے پہننا بھی ناجائز ہیں۔

(عالمگیری)

(۵) اگر بہ ضرورت غیر مرد سے پسِ پردہ گفتگو کرنی پڑے تو قصد کریں کہ لہجہ میں نزاکت نہ آئے اور بات میں لوچ نہ آئے۔ بات نہایت سادگی سے کی جائے۔ عفت مآب خواتین کے لیے یہی شایاں ہے۔ (قرآن)

اللہ اللہ کہاں تو یہ تاکیدیں اور احتیاطیں اور کہاں یہ تفریح گاہوں، عام راہوں، مخلوط جلسوں، ملے جلے جلسوں میں عورتوں کی آمد و رفت اور بے حجابانہ مٹر گشت، کہاں تو شریعت مطہرہ کی یہ تاکید کہ عورت ہلکی خوشبو استعمال کرے کہ تیز خوشبو سے خواہ مخواہ غیر مرد اس کی جانب متوجہ ہوں گے اور کہاں بے باکی و خود نمائی کی یہ نمائشیں کہ آدھے سر کے بال اور کلائیاں اور کچھ حصہ گلے یا پنڈلی کا کھلا رہنا تو گویا کوئی عیب ہی نہیں اور زیادہ بانکپن ہوا، نمائش کا شوق بڑھا تو دوپٹہ شانوں سے ڈھلکا ہوا۔ کریب یا جالی یا باریک ململ یا نازک وائل یا اور ایسے ہی کپڑوں کا لباس کرتے قمیص، بمپر فراک جس سے بدن کی رنگت چمکے اور اسی حالت میں ان کا غیروں میں جانا، اجنبیوں میں پھرنا، غیر مردوں کے ساتھ بازاروں اور عام گزرگاہوں میں خرید و فروخت کرنا۔ کہاں تو عورتوں کا اپنے محلہ کی مسجد میں، گھر کے دروازے پر، ادائیگی نماز کے لیے دو قدم کے فاصلے پر جانا ممنوع و ناجائز اور کہاں آج سیر تماشے بائسکوپ تماشے کی محفلوں میں مجلسوں میں بڑھتی ہوئی بے حیائیاں اور پروان چڑھتی آوارگیاں، کہاں تو حدیث میں غیروں کے گھر تو غیروں کے گھر، جہاں نہ اپنا قابو نہ اپنا گزر اپنے مکانوں کی نسبت آیا کہ "عورتوں کو بالاخانوں پر نہ رکھو کہ

نامحرموں کی نظریں ان پر یا ان کی نظریں ان پر پڑیں گی، اور کہاں سینما، تھیٹر، پارک اور پارکوں، کلبوں میں یہ عریانیاں اور بدلحافیاں۔

خیالی روشنی، روشن خیالی آج کل کی ہے
دلوں سے سلب اس نے کر لیا ہے نُورِ ایمانی

اسی سلسلے میں ایک حدیث اور سن لیں اور اسے ہمیشہ یاد رکھیں۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے، دوزخیوں میں دو گروہ ہیں۔ ایک ان میں سے ان عورتوں کا ہے جو (ظاہر میں تو) کپڑے پہنتی ہیں مگر (حقیقت میں) ننگی ہیں۔ یعنی اس قدر باریک اور ایسی لاپرواہی سے کپڑے استعمال کرتی ہیں کہ ان کا بدن چمکتا ہے اور کہیں سے کھلا ہوتا ہے، کہیں سے چھپا ہوا۔ آپ بھی دوسرے مردوں کی طرف رغبت کرتی ہیں (کہ بناؤ سنگھار کر کے دوسروں کا دل لبھاتی یا سر سے دوپٹہ اتار ڈالتی ہیں تاکہ دوسرے مرد ان کا چہرہ وغیرہ دیکھیں) اور مٹک مٹک کر چلتی ہیں۔ (تاکہ دوسروں کو فریفتہ اور اپنی طرف مائل کریں) یہ عورتیں ہرگز بہشت میں داخل نہ ہوں گی اور جنت کی خوشبو بھی نہ پائیں گی۔ حالانکہ جنّت کی خُوشبو بہت دور سے معلوم ہو جاتی اور دور دور تک پھیلتی ہے۔ (مشکوٰۃ)

شوہر کے حقوق

اللہ عزوجل ارشاد فرماتا ہے: وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً۔

آیت کریمہ میں تین باتیں بیان فرمائی گئیں جو خانگی نظام زندگی کے لیے سنگ بنیاد اور بطور اصل کے بیان ہوئی ہیں اور جس کا لحاظ شوہر و بیوی دونوں کو یکساں رکھنا ضروری ہے۔

(۱) مردوں کو بتایا گیا ہے کہ تمہاری بیویاں تمہاری ہی ہم جنس مخلوق ہیں، تمہاری ہی طرح پیدا کی گئی ہیں، تمہاری جیسی خواہش، جذبات اور احساسات ان میں بھی موجود

ہیں، بے روح مخلوق اور بے حس جسم نہیں۔

(۲) ان کی پیدائش کا منشا یہ بھی ہے کہ وہ تمہارے لیے سرمایۂ راحت و تسکین ہیں۔ تمہارے لیے سکونِ قلب کا باعث ہیں، تمہارے درد کا درماں اور تمہارے غم کا مداوا ہیں، تمہارے لیے پیدا کی گئی ہیں کہ تمہارا دل ان سے لگے، جی ان سے بہلے۔

(۳) تمہارے اور ان کے تعلقات کی بنیاد ہی باہمی محبت، اخلاص اور ہمدردی پر ہونا چاہیے۔ حقیقت یہ ہے کہ ہر انسان کو اپنی رفاقت کے لیے اپنے ایک ہم جنس کی تلاش ہوتی ہے اور یہ خدا کی پیدا کی ہوئی فطرت ہے۔ چنانچہ زن و شوہر کے باہمی اخلاص و محبت کو خدا نے اپنی نشانیوں میں سے ایک نشانی قرار دیا ہے۔

قرآن پاک نے ایک لفظ سکون سے بیوی کی رفاقت کی جس حقیقت کو ظاہر کیا ہے وہ میاں بیوی کے تعلقات کے تمام فلسفے کو اپنے اندر سمیٹے ہوئے ہے۔ اس کا خلوت خانہ دنیا کی کشاکشوں اور مشغلوں میں امن و سکون کا گہوارہ ہونا چاہیے اور میاں بیوی کے باہمی تعلقات میں اتنی خوشگواری ہونی چاہیے کہ جس سے عورت کی پیدائش کا منشا پورا ہو یعنی باہمی اخلاص و پیار، مہر و محبت اور سکون و چین۔ اگر کسی سے یہ اغراض پورے نہیں ہوتے تو اس میں دونوں یا دونوں میں کسی ایک کا قصور ہے۔

یہ باہمی میل جول کس طرح قائم رہ سکتا ہے اس کی صورت صرف ایک ہے اور وہ یہ ہے کہ بیوی شوہر کی فرمانبرداری اور شوہر بیوی کی دلجوئی کرے۔

میاں بیوی باہم اپنے اپنے حقوق کے اعتبار سے گو برابر ہیں لیکن جس طرح باپ اور بیٹے اپنے اپنے حقوق میں برابر کی حیثیت رکھتے ہیں اور شریعت کا حکم ہے کہ باپ افسر ہو کر رہے، بیٹا ماتحت ہو کر۔ باپ حکم دے اور بیٹا مانے۔ اسی طرح معاشرے کی انتظامی مشین میں مرد کو عورت پر برتری حاصل ہے۔

قرآن کریم کا ارشاد گرامی ہے:

اَلرِّجَالُ قَوَّامُوْنَ عَلَى النِّسَآءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ وَّبِمَآ اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ۔

یعنی مرد عورتوں پر حاکم، ان کے سر دھرے، ان کے امور کا انتظام کرنے والے، ان کی کفالت کرنے والے اور ان پر احکام نافذ کرنے والے ہیں اور دنیا کے انتظامی معاملات اور خانگی نظام میں عورت مرد کے ماتحت اور اس کی تابع ہے اور یہ اس لیے کہ مرد کو اپنے قوائے جسمانی اور دل و دماغ کی برتری حاصل ہے اور دوسرے یہ کہ عورت خرچ میں مرد کے دست نگر رہتی ہے اور مرد عورت کے جائز مصارف کا بوجھ اٹھاتا ہے۔ اس لیے نیک بیبیوں کی علامت یہ ہے کہ وہ شوہر کی غیر حاضری میں اس کی عزت و ناموس اور اس کے مال و جائیداد کی نگہداشت کرنے والیاں ہوتی ہیں اور ہمہ اوقات اپنی اور اپنے شوہر کی عزت و آبرو اور مال کا خیال رکھتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان میں اپنی عصمت کا خیال اور شوہر کی وفاداری کا جذبہ پیدا کر کے انہیں محفوظ کر دیا ہے۔ مختصر لفظوں میں عورت کے ذمہ یہ تین فرائض ہیں جو قرآن کریم نے اس پر عائد کیے۔

(۱) اپنے شوہر کی اطاعت گزار اور وفادار ہو۔

(۲) سلیقہ شعار ہو کہ شوہر کے مال و دولت کو برباد نہ کرے۔

(۳) عفت مآب ہو کہ اپنی اور اپنے شوہر کی عزت و ناموس پر آنچ نہ آنے دے۔

سکول اور کالجوں میں پڑھی ہوئی لڑکیاں ذرا غور کریں اور اپنے دامن میں ذرا جھانک کر دیکھیں کہ وہ اس قرآنی معیار پر کہاں تک پوری اترتی ہیں۔ اب اس سلسلے کی چند احادیث کریمہ سنئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

(۱) عورت پر سب لوگوں سے زیادہ حق اس کے شوہر کا ہے اور مرد پر اس کی ماں کا ہے۔ (حاکم)

(۲) اگر میں کسی شخص کو کسی مخلوق کے لیے سجدہ کا حکم دیتا تو عورت کو حکم دیتا کہ وہ اپنے شوہر کو سجدہ کرے کہ اللہ تعالیٰ نے مردوں کا حق عورتوں کے ذمہ کر دیا ہے۔ قسم ہے اس کی جس کے قبضۂ قدرت میں محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی جان ہے، عورت اپنے پروردگار کا حق ادا نہ کرے گی جب تک شوہر کے حق ادا نہ کرے۔ (ابوداؤد، حاکم)

(۳) عورت ایمان کا مزا نہ پائے گی جب تک حقِ شوہر ادا نہ کرے۔ (طبرانی)

(۴) عورت پر شوہر کا حق یہ ہے کہ اس کے بچھونے کو نہ چھوڑے اور اس کی قسم

کو سجا کرے اور بغیر اس کی اجازت کے باہر نہ جائے اور ایسے شخص کو مکان میں نہ آنے دے جس کا آنا شوہر کو پسند نہ ہو۔ (طبرانی)

(۵) عورت جب پانچوں نمازیں پڑھے اور ماہِ رمضان کے روزے رکھے اور اپنی عزت و ناموس کی حفاظت کرے اور شوہر کی اطاعت کرے تو جنت کے جس دروازے سے چاہے داخل ہو۔ (ابو نعیم)

(۶) جو عورت خدا کی اطاعت کرے اور شوہر کا حق ادا کرے اور اسے نیک کام کی یاد دلائے اور اپنی عصمت اور اس کے مال میں خیانت نہ کرے تو اس کے اور شہیدوں کے درمیان جنت میں ایک درجہ کا فرق ہوگا۔ پھر اس کا شوہر باایمان نیک خو ہے تو جنت میں وہ اس کی نبی ہے۔ ورنہ شہیدوں میں سے کوئی اس کا شوہر ہوگا۔ (طبرانی)

(۷) وہ عورت جس کا شوہر اس پر ناراض ہے اس کی نماز قبول نہیں ہوتی اور کوئی نیکی بلند نہیں ہوتی۔ (بیہقی)

(۸) شوہر نے عورت کو بلایا، اس نے انکار کر دیا اور غصے میں اس نے رات گزاری تو صبح تک اس عورت پر فرشتے لعنت بھیجتے رہتے ہیں اور دوسری روایت میں ہے کہ جب تک شوہر اس سے راضی نہ ہو اللہ عزوجل اس سے ناراض رہتا ہے۔

(۹) جب عورت اپنے شوہر کو دنیا میں ایذا دیتی ہے تو حوریں کہتی ہیں کہ خدا تجھے قتل کرے اسے ایذا نہ دے یہ تو تیرے پاس مہمان ہے، عنقریب تجھ سے جدا ہو کر ہمارے پاس آئے گا۔ (ترمذی)

(۱۰) اے عورتو! خدا سے ڈرو اور شوہر کی رضامندی کی تلاش میں رہو اس لیے کہ عورت کو اگر معلوم ہوتا کہ شوہر کا کیا حق ہے تو جب تک یہ اس کے پاس کھانا رہتا یہ کھڑی رہتی۔ (ابو نعیم)

(۱۱) تقویٰ کے بعد نیک بیوی سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں کہ شوہر اس سے جو کہے وہ مانے۔ جب شوہر اس کی طرف دیکھے تو وہ اس کو خوش کر دے اور اگر شوہر قسم دے کر کچھ کہے تو وہ اس قسم کو پورا کر دے۔ (ابن ماجہ)

بیوی کے حقوق

اللہ عزوجل کا ارشاد گرامی ہے: وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِي عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوفِ وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ

اردو میں یہ مضمون یوں ادا ہو گا یعنی جس طرح مردوں کا حق عورتوں پر ہے اسی طرح عورتوں کا حق بھی مردوں پر ہے۔ گویا دنیا کو یہ بتایا جا رہا ہے کہ یہ نہ سمجھو کہ بس مردوں کے حقوق عورتوں پر اور شوہروں کے حقوق بیویوں پر ہوتے ہیں۔ نہیں بلکہ اسی طرح عورتوں کے بھی حقوق مردوں پر اور بیویوں کے حقوق بھی شوہروں پر ہوتے ہیں، عورتیں جانور یا جائیداد نہیں کہ مالِ موروثہ کی طرح ان پر مردوں کا تصرف کا حق حاصل ہو تو شوہر کہیں اس سے بھول میں نہ پڑ جائیں کہ ان کے صرف حقوق ہی حقوق ہیں اور فرض و ذمہ داری کچھ نہیں؟ فرائض ان پر بھی اسی طرح عائد ہوتے ہیں جس طرح ان کے ان کی بیویوں پر۔ اسی طرح بیویاں بھی کہیں اس روشن خیالی میں مبتلا نہ ہو جائیں کہ خدمت کرنا ہمارا کام نہیں۔ یہ کام مردوں کا ہے ہمارا کام خدمت لینا ہے۔

لیکن ان حقوق کا معیار وہ نہیں جو ہوائے نفس کے ماتحت کسی دستور سے لیا جائے اور اس کا نام ضابطہ حقوقِ نسواں رکھ دیا جائے بلکہ ان حقوق کی ساری باتیں اور تفصیلات شریعت مطہرہ کے احکام اور عقلِ سلیم کے ماتحت ہونی چاہئیں۔

شوہروں کو یہ بات خوب ذہن نشین کر لینی چاہیے کہ عورتوں کے مالک نہیں ان کی بیویاں ان کی کنیزیں نہیں۔ بلحاظ حقوق دونوں ایک سطح پر ہیں ہاں جسمانی ساخت اور دماغی قوت کے باعث مرد کو ایک طرح کی فضیلت حاصل ہے۔

قرآن کریم کا ارشادِ گرامی ہے:

وَعَاشِرُوهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ فَإِنْ كَرِهْتُمُوهُنَّ فَعَسَىٰ أَنْ تَكْرَهُوا شَيْئًا وَيَجْعَلَ اللَّهُ فِيهِ خَيْرًا كَثِيرًا۔

اس آیت کریمہ کا ماحصل یہ ہے کہ مردوں کو عورتوں کے ساتھ خوش اسلوبی

سے گزر بسر کرنا چاہیے۔ خواہ وہ سہاگن ہوں یا بیوہ۔ آیت کریمہ نے تہمت، عیب جوئی، بدگمانی، اور غیبت و بدگوئی کے دروازے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے بند کر دیئے۔

مرد بعض اوقات، اظہار خفگی کے وقت، عورت کی برائیاں گنانا شروع کر دیتا ہے اور اسے اپنا حق سمجھتا ہے۔ قرآن کریم نے فرمایا کہ جو عورت تمہارے دامن سے وابستہ ہے مانا کہ اس میں کچھ برائیاں اور لاپرواہیاں ہیں۔ لیکن ان برائیوں کے ساتھ کچھ خوبیاں بھی تو پائی جا سکتی ہیں۔ اگر وہ کاہل یا لاپرواہ ہے تو ساتھ ہی مثلاً تمہاری وفادار اور عصمت شعار بھی تو ہے تو اس کی ان خوبیوں کو بھی تو نظر میں لاؤ، کبھی ان کا بھی خیال کر لیا کرو۔

هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ۔ وہ تمہاری پوشاک ہیں اور تم ان کی پوشاک ہو۔

مرد عورت دونوں کو حکم ہے کہ وہ ایک دوسرے کے لیے مخلص اور وفادار رہیں بلکہ یک جان و دو قالب ہوں، ایک دوسرے کے پردہ پوش، ایک دوسرے کی زینت اور ایک دوسرے کی تکمیل کا ذریعہ ہوں اور ایک دوسرے کی معاشی اور معاشرتی کمی میں کمال کا وسیلہ بن کر رہیں۔

اکثر عورتوں میں ضد اور ہٹ ہوتی ہے۔ مرد کو چاہیے کہ اس کی ضد کے مقابلے میں سختی اور درشتی سے کام نہ لے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

(۱) عورتوں کے ساتھ نیکی کا برتاؤ کرو کہ ان کی پیدائش ٹیڑھی پسلی سے ہوئی ہے وہ تیرے لیے کبھی سیدھی نہیں ہو سکتی۔ اگر تو اسے برتنا چاہے تو اسی حالت میں برت سکتا ہے اور سیدھا کرنا چاہے گا تو توڑ دے گا اور توڑنا طلاق دینا ہے۔ (مسلم)

(۲) مسلمان مرد، اپنی مسلمان بیوی سے بغض نہ رکھے اگر اس کی ایک عادت بری معلوم ہے، دوسری پسند ہوگی۔ (مسلم) یعنی عورت کی ساری ہی عادتیں خراب نہیں ہوں گی جبکہ اچھی بری عادتیں اور ہر قسم کی باتیں ہوں گی تو مرد کو یہ نہ چاہیے کہ خراب ہی عادت کو دیکھتا رہے بلکہ بری عادت سے چشم پوشی کرے اور اس کی اچھی عادتوں پر نظر رکھے۔ (مسلم)

سبحان اللہ مردوں کو بیویوں کے معاملے میں خوش، قانع اور راضی رہنے کا کیسا عمدہ نسخہ حکیم انسانیت نے تعلیم فرمادیا۔

(۳) تم میں اچھے وہ لوگ ہیں جو عورتوں سے اچھی طرح پیش آئیں۔ (ترمذی)

انسان کے بہتر، خوش اخلاق اور صالح ہونے کی یہ ایک ایسی پہچان بتادی گئی ہے کہ اس آئینہ میں ہر شخص اپنا چہرہ دیکھ سکتا ہے۔ جو اپنوں کے ساتھ احسان اور انصاف نہیں کر سکتا اس سے کیا توقع کہ وہ دوسروں سے اچھا سلوک کرے گا۔ حسنِ معاملہ اور نیکی گھر سے شروع ہونی چاہیے۔ حجۃ الوداع کے مشہور خطبہ میں حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشادِ گرامی ہے:

(۴) اے لوگو! عورتوں کے بارے میں، نیکی اور بھلائی کرنے کی وصیت فرماتا ہوں تم میری اس وصیت کو قبول کرو۔ بے شک عورتوں کا تمہارے اوپر حق ہے تم ان کے پہنانے اور کھلانے میں نیکی اختیار کرو۔ (ابن ماجہ)

(۵) ایک موقع پر ایک شخص نے خدمت اقدس میں حاضر ہو کر دریافت کیا کہ، یا رسول اللہ! (صلی اللہ علیہ وسلم) بیوی کا حق شوہر پر کیا ہے؟ فرمایا جب خود کھائے تو اس کو کھلائے، جب اور جیسا خود پہنے اس کو پہنائے، نہ اس کے منہ پر تھپڑ مارے نہ اس کو برا بھلا کہے اور نہ گھر کے علاوہ اس کی سزا کے لیے اس کو علیحدہ کردے۔ (ابن ماجہ)

الغرض اسلامی خاندان میں میاں بیوی کو ایک دوسرے کا بہی خواہ ایک دوسرے کا ہمدرد اور ایک دوسرے کا پردہ پوش رہنا چاہیے۔ باہمی رواداری سے کام لینا چاہیے، دونوں میں چولی دامن کا ساتھ ہے۔ وہ اس کے لیے اوڑھنا بچھونا ہے یہ اس کے لیے اوڑھنا بچھونا ہے جس طرح لباس جسم کے عیبوں کو چھپاتا ہے اور اس کے حُسن و خوبی کو ابھارتا ہے، اسی طرح شوہر اور بیوی کا اخلاقی کمال یہ ہے کہ ایک دوسرے کی کمزوری کو چھپائیں اس پر صبر کریں اور ایک دوسرے کی خوبیوں کو نگاہ میں رکھیں اور بہتر سے بہتر صورت میں اپنے باہمی تعلقات کو ظاہر کریں۔

چہل احادیث

ارشاد فرماتے ہیں حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم:

(۱) جس کھانے پر بسم اللہ نہ پڑھی جائے وہ بیماری ہے اور اس میں برکت نہیں ہے اور اس کا کفارہ یہ ہے کہ اگر ابھی دستر خوان نہ اٹھایا گیا ہو تو پڑھ کر کھالے اور دسترخوان اٹھالیا گیا ہو تو بسم اللہ پڑھ کر انگلیاں چاٹ لے۔ (ابن عساکر)

(۲) کوئی شخص نہ بائیں ہاتھ سے کھانا کھائے نہ پانی پئے کہ بائیں ہاتھ سے کھانا پینا شیطان کا طریقہ ہے۔ (مسلم)

(۳) کھڑے ہو کر ہرگز کوئی شخص پانی نہ پئے اور جو بھول کر ایسا کر گزرے وہ قے کر دے۔ (مسلم)

(۴) جو شخص اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہے وہ مہمان کا احترام کرے اور جو شخص اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتا ہے وہ اپنے پڑوسی کو ایذا نہ دے اور جو شخص اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتا ہے وہ بھلی بولے یا چپ رہے اور جو شخص اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتا ہے وہ صلہ رحمی کرے۔ (بخاری)

(۵) جب عورت بالغ ہو جائے تو اس کے بدن کا کوئی حصہ دکھائی نہ دے سوائے منہ اور ہتھیلیوں کے۔ (ابوداؤد)

(۶) جو شخص شہرت کا کپڑا پہنے، قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کو ذلت کا کپڑا پہنائے گا۔ (ابن ماجہ) لباسِ شہرت سے مراد یہ ہے کہ تکبر کے طور پر اچھے کپڑے پہنے۔ یہ عادت عورتوں میں زیادہ ہوتی ہے۔ انہیں خاص خیال رکھنا چاہیے۔

(۷) ان عورتوں پر لعنت جو مردوں کی طرح وضع قطع اختیار کریں اور ان مردوں پر لعنت جو عورتوں کی طرح رہیں سہیں۔ (ابوداؤد)

(۸) سوتے وقت اپنے گھروں میں آگ مت چھوڑا کرو۔ (بخاری)

(۹) جو شخص عصر کے بعد سوئے اور اس کی عقل جاتی رہے تو وہ اپنے ہی کو ملامت

ر ے۔ ابو یعلی)

(۱۰) جب گھر والوں کے پاس جاؤ تو انہیں سلام کرو۔ تم پر اور تمہارے گھر والوں پر برکت ہوگی۔ (ترمذی)

(۱۱) جب کسی کو چھینک آئے اور وہ الحمدللہ کہے تو فرشتے کہتے ہیں رب العالمین اور اگر وہ رب العالمین (بھی) کہتا ہے تو فرشتے کہتے ہیں یرحمک اللہ (اللہ تجھ پر رحم کرے) (طبرانی)

(۱۲) ان دلوں میں بھی زنگ لگ جاتا ہے جس طرح لوہے میں پانی لگ جانے سے زنگ لگتی ہے۔ عرض کیا، یارسول اللہ! (صلی اللہ علیہ وسلم) اس کی جلا (صفائی) کس چیز سے ہوگی؟ فرمایا: کثرت سے موت کو یاد کرنے اور تلاوت قرآن پاک سے۔ (بیہقی)

(۱۳) بدفالی کوئی چیز نہیں اور فال اچھی چیز ہے۔ لوگوں نے عرض کی فال کیا چیز ہے؟ فرمایا: اچھا کلمہ جو کسی سے سنے۔ (مسلم) یعنی کہیں جاتے وقت یا کسی کام کا ارادہ کرتے وقت، کسی کی زبان سے اگر اچھا کلمہ نکل گیا تو یہ فال حسن ہے۔

(۱۴) دو آوازیں دنیا و آخرت میں ملعون (باعث لعنت) ہیں۔ نغمہ کے وقت باجے کی آواز، مصیبت کے وقت رونے کی آواز۔ (بزار)

(۱۵) گانے سے دل میں نفاق اگتا ہے جس طرح پانی سے کھیتی اگتی ہے۔ (بیہقی)

(۱۶) بڑی خیانت کی یہ بات ہے کہ تو اپنے بھائی سے کوئی بات کہے اور وہ تجھے اس بات میں سچا جان رہا ہے اور تو اس سے جھوٹ بول رہا ہے۔ (ابوداؤد)

(۱۷) ابن آدم جب صبح کرتا ہے تو تمام اعضاء زبان کے سامنے عاجزانہ کہتے ہیں کہ تو خدا سے ڈر کہ ہم سب تیرے ساتھ وابستہ ہیں اگر تو سیدھی رہے تو ہم سب سیدھے رہیں گے اور تو ٹیڑھی ہوگئی تو ہم سب ٹیڑھے ہو جائیں گے۔ (ترمذی)

(۱۸) آدمی کے اسلام کی اچھائی میں سے یہ ہے کہ لایعنی چیز چھوڑ دے یعنی جو چیز کارآمد نہ ہو اس میں نہ پڑے۔ (امام مالک)

(۱۹) فحش جس چیز میں ہوگا اسے عیب دار کردے گا اور حیا جس چیز میں ہوگی اسے آراستہ کردے گی۔ (ابن ماجہ)

(۲۰) اللہ کے نیک بندے وہ ہیں کہ ان کو دیکھنے سے خدا یاد آتا ہے اور اللہ کے برے بندے وہ ہیں جو چغلی کھاتے ہیں۔ دوستوں میں جدائی ڈالتے ہیں اور جو شخص جرم سے بری ہے اس پر تکلیف ڈالنا چاہتے ہیں۔ (بیہقی)

(۲۱) مسلمانوں کی غیبت نہ کرو اور ان کی چھپی ہوئی باتوں کو ٹٹولا نہ کرو۔ (احمد)

(۲۲) حسد نیکیوں کو اس طرح کھاتا ہے جس طرح آگ لکڑی کو کھاتی ہے اور صدقہ خطا کو بجھاتا ہے جس طرح پانی آگ کو بجھاتا ہے۔ (ابن ماجہ)

(۲۳) سب سے برا قیامت کے دن وہ بندہ ہے جس نے دوسرے کی دنیا کے بدلے میں اپنی آخرت برباد کردی۔ (ابن ماجہ)

(۲۴) مسلم کے لیے حلال نہیں کہ اپنے بھائی کو تین دن سے زیادہ چھوڑ دے پھر جس نے ایسا کیا اور مرگیا تو جہنم میں گیا۔ (امام احمد)

(۲۵) جس کو یہ پسند ہو کہ عمر میں درازی ہو اور رزق میں وسعت ہو اور بری موت دفع ہو وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتا رہے اور رشتہ داروں سے نیک سلوک کرے۔ (حاکم)

(۲۶) وہ ہم میں سے نہیں جو ہمارے چھوٹے پر رحم نہ کرے اور ہمارے بڑوں کی عزت و توقیر نہ کرے اور اچھی بات کا حکم نہ کرے اور بُری بات سے منع نہ کرے۔ (ترمذی)

(۲۷) جو شخص مسلم کی پردہ پوشی کرے گا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی پردہ پوشی کرے گا۔ (بخاری)

(۲۸) ایمان و حیا دونوں ساتھی ہیں ایک کو اٹھالیا جاتا ہے تو دوسرا بھی اٹھا لیا جاتا ہے۔ (بیہقی)

(۲۹) اپنے صحن (و مکان) کو ستھرا رکھو یہودیوں کے ساتھ مشابہت نہ کرو۔ (ترمذی)

(۳۰) اللہ تعالیٰ تمہاری صورتوں اور تمہارے اموال کی طرف نظر نہیں فرماتا۔ وہ تمہارے دل اور اعمال کی طرف نظر کرتا ہے۔ (مسلم)

(۳۱) جس گھر میں کتا ہو یا تصویر اس گھر میں رحمت کے فرشتے نہیں آتے۔ (مشکوٰۃ)

(۳۲) صدقہ دینے سے مال کم نہیں ہوتا اور بندہ کسی کا قصور معاف کردے تو اللہ

تعالیٰ اس کی عزت بڑھائے گا۔ (بخاری)

(۳۳) اپنے مال کی زکوٰۃ نکال کہ وہ پاک کرنے والی ہے، تجھے پاک کردے گی اور رشتہ داروں سے حسن سلوک کر اور مسلمین اور پڑوسی اور سوالی کا حق پہچان۔ (امام احمد)

(۳۴) دو عورتیں خدمت اقدس میں حاضر ہوئیں ان کے ہاتھوں میں سونے کے کنگن تھے ارشاد فرمایا: تم اس کی زکوٰۃ ادا کرتی ہو۔ عرض کی نہیں۔ فرمایا تو کیا تم اسے پسند کرتی ہو کہ اللہ تعالیٰ تمہیں آگ کے کنگن پہنائے۔ عرض کیا نہیں فرمایا: تو اس کی زکوٰۃ ادا کرو۔ (ترمذی)

(۳۵) ظلم سے بچو کہ ظلم قیامت کے دن تاریکیاں ہے اور بخل سے بچو کہ بخل نے اگلوں کو ہلاک کیا۔ اسی بخل نے انہیں خون بہانے اور حرام کو حلال کرنے پر آمادہ کیا۔ (مسلم)

(۳۶) جو مسلمان کسی مسلمان کو کپڑا پہنادے تو جب تک اس میں کا اس شخص پر ایک پیوند بھی رہے گا یہ اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں رہے گا۔ (ترمذی)

(۳۷) جسے چار چیزیں ملیں اسے دنیا و آخرت کی بھلائی ملی: (۱) دل، شکر گزار۔ (۲) زبان، یادِ خدا کرنے والی۔ (۳) بدن، بلا پر صابر اور (۴) ایسی بی بی کہ اپنے نفس اور مالِ شوہر میں گناہ کی طالب نہ ہو۔ (طبرانی)

(۳۸) جب ایسا شخص پیغام بھیجے جس کے خلق اور دین کو پسند کرتے ہو تو نکاح کر دو، اگر نہ کروگے تو زمین میں فتنہ و فسادِ عظیم ہوگا۔ (ترمذی)

(۳۹) جو عورت بغیر کسی حرج کے شوہر سے طلاق کا سوال کرے اس پر جنت کی خوشبو حرام ہے۔ (امام احمد)

(۴۰) (کسی کے مرنے یا مصیبت کے وقت) جو منہ پر طمانچے مارے اور گریبان پھاڑے اور جاہلیت کا پکار نا پکارے۔ (نوحہ کرے) وہ ہم سے نہیں۔ (بخاری)

اولاد کی تعلیم و تربیت

مرد اور عورت کے خانگی تعلقات کا مقصد صرف عمل زوجیت کی تکمیل اور تسکینِ نفس نہیں بلکہ اسلام کے نزدیک یہ ایک تمدنی فریضہ ہے جس سے نسلِ انسانی کی حفاظت مطلوب ہے اور یہ اسی وقت ممکن ہے کہ عورت کا نام محض بچے پیدا کرنا نہ ہو بلکہ بچوں کی تعلیم و تربیت اور ان کی مناسب پرورش بھی ہو۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن کریم نے عورت کے لیے "حرث" یعنی کھیت کا لفظ استعمال کیا ہے۔ جس طرح ایک کھیت کے دامن سے ایک خاص ترتیب اور عمل سے فصل تیار ہو کر نکلتی ہے، اسی طرح صنفِ نازک کے دامن سے بھی نسلِ انسانی کو مکمل طور پر تیار ہو کر نکلنا چاہیے۔ چنانچہ والدین کو ہدایت کی گئی کہ وہ اپنی اولاد کی تربیت کا خاص خیال رکھیں اور ان کی ایسی تربیت کریں کہ وہ معاشرے کے معزز فرد بن سکیں۔

حضرت امام غزالی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے بچوں کی اخلاقی تربیت کے قواعد کو ایک دستور العمل کے طور پر مرتب کیا ہے۔ جس کا خلاصہ یہ ہے:

تربیت کی اصل بنیاد چونکہ بچپن میں پڑتی ہے اس لیے اسی وقت سے اس کی دیکھ بھال رکھنی چاہیے۔ بچے میں سب سے پہلے غذا کی رغبت پیدا ہوتی ہے، اسے بتانا چاہیے کہ کھانے سے پہلے بسم اللہ پڑھ لیا کریں۔ دسترخوان پر جو کھانا سامنے اور قریب ہو اسی طرف ہاتھ بڑھائے۔ کھانے کی طرف یا کھانے والوں کی طرف نظر نہ جمائے۔ جلد جلد نہ کھائے، نوالہ اچھی طرح چبائے، ہاتھ اور منہ کھانے میں آلودہ نہ کرے، کم کھائے اور معمولی کھانے پر اکتفا کرے اور دوسروں کو بھی کھلائے۔

سفید کپڑے پہننے کا شوق دلایا جائے اور اسے سمجھایا جائے کہ یہ شوخ رنگ کے کپڑے یا ریشمی یا بھڑک دار کپڑے پہننا عورتوں کا کام ہے۔ جو لڑکے اس قسم کے کپڑوں کے عادی ہوں ان کی صحبت سے بچایا جائے۔ کاہلی اور آرام پرستی سے نفرت دلائی جائے۔ جب بچے سے کوئی پسندیدہ فعل ظہور میں آئے تو تعریف کر کے اس کا دل بڑھایا

جائے اور اسے انعام دیا جائے۔ اس کے خلاف کبھی کوئی بات ظاہر ہو تو چشم پوشی کرنا چاہیے تاکہ بُرے کاموں پر دلیر نہ ہو جائے۔ خصوصاً جب وہ خود اس کام کو چھپانا چاہتا ہے، اگر دوبارہ وہ فعل سرزد ہو تو تنہائی میں اسے سمجھانا چاہیے کہ یہ بہت بُری بات ہے، لیکن بار بار اس کو ملامت نہ کرنی چاہیے۔ اس سے بات کا اثر کم ہو جاتا ہے اور بچے میں ڈانٹ ڈپٹ سننے کی عادت پڑ جاتی ہے۔

اس بات کی سخت تاکید کرنی چاہیے کہ بچہ چھپا کر کوئی کام نہ کرے۔ کیونکہ بچہ اسی کام کو چھپا کر کرتا ہے جس کو وہ برا سمجھتا ہے۔ اس لیے جب چھپا کر کام کرنے کی عادت چھوٹ جائے گی تو بچہ بہت سی بُری عادتوں سے محفوظ رہے گا۔

مجلس میں تھوکنے، جماہی اور انگڑائی لینے، لوگوں کی طرف پیٹھ کر کے بیٹھنے، پاؤں پر پاؤں رکھنے اور ٹھوڑی کے نیچے ہتھیلی رکھ کر بیٹھنے سے منع کرنا چاہیے۔

قسم کھانے سے بالکل روکنا چاہیے گو سچی ہو۔ بات خود شروع نہ کرے بلکہ پوچھے تو جواب دے۔ مخاطب کی بات کو توجہ اور غور سے سنے۔ مکتب سے پڑھ کر نکلے تو اس کو موقع دیا جائے کہ کوئی کھیل کھیلے۔ کیونکہ ہر وقت پڑھنے لکھنے میں مصروف رہنے سے دل بجھ جاتا ہے۔ ذہن کند ہو جاتا ہے اور طبیعت اچاٹ ہو جاتی ہے۔ انتھی۔

مجددِ دین و ملت اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی قدس سرہ العزیز نے ارشاد فرمایا: ''زبان کھلتے ہی'' اللہ اللہ پھر لا الہ الا اللہ پھر پورا کلمہ طیبہ سکھایا جائے۔ جب تمیز آئے تو قرآن مجید پڑھائے۔ استاد نیک، صالح، متقی، صحیح العقیدہ، سن رسیدہ کے سپرد کر دے اور دختر کو نیک پارسا عورت سے پڑھوائے۔ بعد ختم قرآن مجید ہمیشہ تلاوت کی تاکید رکھے۔ عقائدِ اسلام و سُنّت سکھائے کہ لوحِ سادہ فطرتِ اسلامی و قبولِ حق پر مخلوق ہے۔ اس وقت کا بتایا پتھر کی لکیر ہو گا۔

حضور اقدس رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت و تعظیم ان کے دل میں ڈالے کہ اصلِ ایمان و عینِ ایمان ہے۔ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کے آل و اصحاب و اولیاء و علماء کی محبت و عظمت تعلیم کرے کہ اصل سُنّت و زیورِ ایمان بلکہ باعثِ بقائے ایمان ہے۔ سات برس کی عمر سے نماز کی زبانی تاکید شروع کر دے۔ علمِ دین خصوصاً

وضو، غسل، نماز، روزہ کے مسائل، توکل، قناعت، زہد، اخلاص، تواضع، امانت، صدق، عدل، حیا، سلامت صدر و لسان وغیرہ خوبیوں کے فضائل، حرص، طمع، حبِ دنیا، حبِ جلو، ریا، عجب، تکبر، خیانت، کذب، ظلم، فحش، غیبت، حسد، کینہ وغیرہا برائیوں کے رذائل پڑھائے۔ پڑھانے سکھانے میں رفق و نرمی ملحوظ رکھے۔ موقع موقع پر چشم نمائی تنبیہہ و تحدید کرے مگر کوسنا نہ دے کہ اس کو کوسنا ان کے لیے سبب اصلاح نہ ہوگا بلکہ اور زیادہ فساد کا اندیشہ ہے۔ زنہار زنہار بُری صحبت میں نہ بیٹھنے دے۔ یارِ بد مارِ بد سے بدتر ہے۔ نہ ہرگز ہرگز کتبِ عشقیہ و غزلیاتِ فسقیہ دیکھنے دے کہ نرم لکڑی جدھر جھکائے جھک جاتی ہے۔ جب دس برس کا ہو نماز مار کر پڑھائے۔ خاص لڑکی کے حقوق سے ہے کہ اس کے پیدا ہونے پر ناخوشی نہ کرے بلکہ نعمت الٰہیہ جانے، سینا، پرونا، کاتنا، کھانا پکانا سکھائے۔ بیٹیوں سے زیادہ دلجوئی اور خاطرداری رکھے کہ ان کا دل بہت تھوڑا ہوتا ہے۔ دینے میں انہیں اور بیٹوں کو کانٹے کی تول برابر رکھے۔ جو چیز دے پہلے انہیں دے کر بیٹوں کو دے۔

جہاں ناچ گانا ہو ہرگز نہ جانے دے، اگرچہ خاص اپنے بھائی کے یہاں ہو کہ کانا سخت سنگین جادو ہے اور ان نازک شیشوں کو تھوڑی ٹھیس بہت ہے۔ بلکہ بیگانوں میں جانے کی مطلقاً بندش کرے۔ گھر کو ان پر زنداں کر دے۔ (مشعلہ الارشاد)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نفل نمازوں کا بیان

نفل نمازیں تو بہت کثیر ہیں۔ ان اوقات کے علاوہ جن میں نماز پڑھنا ممنوع ہے۔ آدمی جس وقت اور جتنے نوافل پڑھنا چاہے پڑھے مگر ہم صرف چند نمازوں کا بیان کرتے ہیں۔ لیکن یہ یاد دلانا بھی ضروری خیال کرتے ہیں کہ:

جس کے ذمہ قضا نمازیں ہوں (مرد خواہ عورت) ان کا پڑھنا جلد سے جلد واجب ہے۔ بال بچوں کی خورد و نوش اور نگہداشت و پرورش اور دیگر ضروریات کی فراہمی کے بعد جو وقت فرصت کا ملے اس میں قضا پڑھتا رہے یہاں تک کہ پوری ہو جائیں۔ اور قضا نمازیں، نفل نمازوں سے اہم ہیں۔ یعنی آدمی جس وقت نفل پڑھتا ہے انہیں چھوڑ کر ان کے بدلے قضا نمازیں پڑھے تاکہ بری الذمہ ہو جائے۔ (ردالمحتار) اور دل لگائے رکھے کہ مولا عزوجل اپنے کرم خاص سے قضا نمازوں کے ضمن میں ان نوافل کا ثواب بھی اپنے خزائنِ غیب سے عطا فرمادے جن کے اوقات میں یہ قضا نمازیں پڑھی گئیں۔ واللہ ذوالفضل العظیم۔

تحیۃ الوضوء: وضو سے فارغ ہو کر (اگر وقت مکروہ نہ ہو تو) اعضائے وضو خشک ہونے سے پہلے، دو رکعت نماز پڑھنا مستحب ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جو شخص وضو کرے اور اچھا (اطمینان سے) وضو کرے اور ظاہر و باطن کے ساتھ متوجہ ہو کر (دل لگا کر) دو رکعت پڑھے اس کے لیے جنت واجب ہو جاتی ہے۔" (مسلم شریف)

مسئلہ: غسل کے بعد بھی دو رکعت نماز مستحب ہے۔ وضو کے بعد بدن خشک ہونے سے پہلے فرض وغیرہ پڑھے تو قائم مقام تحیۃ الوضو کے ہو جائیں گے۔ (ردالمحتار)

نمازِ اشراق: یہ نماز سورج نکلنے کے کم از کم بیس منٹ بعد پڑھی جاتی ہے دو یا چار رکعتیں جیسا موقع ہو پڑھے۔ حدیث شریف میں وارد ہے کہ جو شخص فجر کی نماز (مرد ہو تو) جماعت سے پڑھ کر ذکر خدا کرتا رہا یہاں تک کہ آفتاب بلند ہو گیا (جس کا وقت بیس منٹ ہے) پھر دو رکعتیں پڑھے تو اسے پورے حج و عمرہ کا ثواب ملے گا۔ (ترمذی)

نمازِ چاشت: سورج جب خوب بلند ہو جائے اور دھوپ میں تیزی آنے لگے تو یہ وقت نمازِ چاشت کا ہے۔ اس وقت کم از کم دو اور زیادہ سے زیادہ بارہ رکعتیں پڑھی جاتی ہیں اور افضل بارہ ہیں۔ احادیث میں ان کی بڑی فضیلت آئی ہے۔ ایک حدیث میں ہے جس نے چاشت کی بارہ رکعتیں پڑھیں اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت میں سونے کا محل بنائے گا۔ (ترمذی)

مسئلہ: نمازِ چاشت کا وقت آفتاب بلند ہونے سے زوال تک ہے۔ زوال سے پہلے پہلے یہ نماز پڑھ لینا چاہیے اور بہتر یہ ہے کہ چوتھائی دن چڑھے، پڑھے۔ (عالمگیری، ردالمحتار)

صلوٰۃ الاوابین: مغرب کے فرضوں کے بعد چھ رکعتیں پڑھنا مستحب ہے، ان کو "صلوٰۃ الاوابین" کہتے ہیں خواہ ایک سلام سے سب پڑھے یا دو سے یا تین سے۔ اور تین سلام سے یعنی ہر دو رکعت پر سلام پھیرنا افضل ہے۔ ان میں پہلی دو رکعتیں سنت موکدہ ہوں گی، باقی چار نفل۔ (درمختار، ردالمحتار، افاداتِ رضویہ) احادیث میں اس نماز کے بارے میں فرمایا کہ جو شخص مغرب کے بعد چھ رکعتیں پڑھے اور ان کے درمیان میں کوئی بُری بات نہ کہے تو بارہ برس کی عبادت کے برابر لکھی جائیں گی اور ایک حدیث میں فرمایا اس کے گناہ بخش دیئے جائیں گے اگرچہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں۔ (طبرانی)

نمازِ تہجد: فرضِ عشاء اور سنتیں وغیرہ پڑھنے کے بعد کچھ دیر سو رہے، پھر رات کو

جس وقت بھی آنکھ کھلے اس وقت نوافل ادا کرے۔ انہی نوافل کو نمازِ تہجد کہتے ہیں۔ وضو کر کے کم از کم دو رکعت نفل پڑھ لے تہجد ہو گیا اور سنت آٹھ رکعت ہیں اور بارہ ارکانِ دین کا معمول بارہ رکعت ہیں۔ قرأت کا اختیار ہے۔ الحمد کے بعد جو چاہے پڑھے اور قرآن کریم یاد نہ ہو تو بہتر یہ ہے کہ ہر رکعت میں تین تین بار سورۂ اخلاص پڑھے کہ جتنی رکعتیں پڑھے کا اتنے ہی ختمِ قرآنِ مجید کا ثواب ملے گا۔ (ردالمحتار) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ رب عزوجل ہر رات میں جب پچھلی تہائی باقی رہتی ہے، آسمانِ دنیا پر خاص تجلی فرماتا ہے اور فرماتا ہے: ہے کوئی دعا کرنے والا کہ اس کی دعا قبول کروں؟ ہے کوئی مانگنے والا کہ اسے دوں؟ ہے کوئی مغفرت چاہنے والا کہ اس کی بخشش کر دوں۔
(بخاری، مسلم)

مسئلہ: عید و بقر عید اور پندرہویں شعبان کی راتوں اور رمضان کی اخیر دس راتوں اور ذی الحجہ کی پہلی دس راتوں میں شب بیداری مستحب ہے۔ اکثر حصہ میں جاگنا بھی شب بیداری ہے۔ ان راتوں میں نفل پڑھنا اور تلاوت قرآن مجید اور حدیث پڑھنا اور سننا اور درود شریف پڑھنا اور دوسرے ذکر اذکار میں مصروف رہنا شب بیداری ہے نہ کہ خالی جاگنا۔ (ردالمحتار وغیرہ) اور ایسی مبارک راتوں کو فضول باتوں، لغو و بیہودہ کاموں میں گزارنے سے بہتر یہ ہے کہ آدمی سو جائے۔

نمازِ استخارہ

بعض اوقات آدمی کو اپنے کام میں یہ تردد و تذبذب ہوتا ہے کہ کروں یا نہ کروں مثلاً سفر پر جانا یا کسی رشتہ کو منظور کرنا چاہتا ہے یا شادی بیاہ وغیرہ ایسی ہی کوئی تقریب انجام دینا چاہتا ہے۔ لیکن دل میں طرح طرح کے خیالات آتے ہیں، آدمی گھبرا جاتا ہے کہ کیا کروں کیا نہ کروں۔ ایسے موقعوں کے لیے شریعت میں نمازِ استخارہ آئی ہے۔ اس نماز کا پڑھنے والا (مرد خواہ عورت) گویا کہ اپنے رب عزوجل سے مشورہ لیتا ہے۔ امید ہے کہ وہ نامراد نہ ہو گا۔

صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمیں تمام کاموں میں استخارہ کی تعلیم فرماتے تھے جیسے قرآن کی سورت تعلیم فرماتے تھے۔ (ترمذی)

مسئلہ: استخارہ کا وقت اس وقت تک ہے کہ ایک طرف رائے پوری جم نہ چکی ہو۔ نماز استخارہ کا طریقہ یہ ہے کہ جب آدمی کسی کام کا ارادہ کرے تو پہلے دو رکعت نماز نفل پوری توجہ سے پڑھے، پھر خوب دل لگا کر یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُکَ بِعِلْمِکَ وَ اَسْتَقْدِرُکَ بِقُدْرَتِکَ وَاَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّکَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ وَعَاجِلِ اَمْرِیْ وَاٰجِلِہٖ فَاقْدُرْہُ لِیْ وَیَسِّرْہُ لِیْ ثُمَّ بَارِکْ لِیْ فِیْہِ وَاِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ وَعَاجِلِ اَمْرِیْ وَاٰجِلِہٖ فَاصْرِفْہُ عَنِّیْ وَاقْدُرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ کَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِہٖ۔ (غنیہ)

اے اللہ! میں تجھ سے استخارہ کرتا ہوں، ترے علم کے ساتھ اور تیری قدرت کے ساتھ طلبِ قدرت کرتا ہوں اور تجھ سے تیرے فضل عظیم کا سوال کرتا ہوں اس لیے کہ تو قادر ہے اور میں قادر نہیں اور تو جانتا ہے میں نہیں جانتا اور تو غیبوں کا جاننے والا ہے۔ اے میرے اللہ! اگر تیرے علم میں یہ ہے کہ یہ کام میرے لیے بہتر ہے میرے دین و معیشت اور انجام کار میں اس وقت اور آئندہ میں تو اس کو میرے لیے مقدر کردے اور آسان کر۔ پھر میرے لیے اس میں برکت دے۔ اور اگر تو جانتا ہے کہ میرے لیے یہ کام برا ہے میرے دین و معیشت اور انجام کار میں۔ اس وقت اور آئندہ میں تو اس کو مجھ سے پھیر دے اور مجھ کو اس سے پھیر اور میرے لیے خیر کو مقرر فرما جہاں بھی ہو پھر مجھے اس سے راضی کر۔

اور اپنی حاجت اپنے ذہن میں رکھے۔ بالخصوص جبکہ ھذا الامر زبان سے ادا

کرے۔ مستحب یہ ہے کہ اس دعا کے اول آخر الحمدللہ اور درود شریف پڑھے اور پہلی رکعت میں قُلْ یٰٓاَیُّهَا الْکٰفِرُوْنَ اور دوسری میں قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھے۔ (ردالمحتار) اور دعائے مذکورہ پڑھ کر دائیں کروٹ پر باطہارت، قبلہ کی طرف منہ کرکے سو رہے۔ اگر خواب میں سپیدی یا سبزی دیکھے تو وہ کام بہتر ہے، کر ڈالے اور سیاہی یا سرخی دیکھے تو برا ہے، اس سے بچے۔ (ردالمحتار) یا پھر دل میں جو بات زیادہ جمتی ہو اس پر عمل کرے۔

مسئلہ: بہتر یہ ہے کہ سات بار استخارہ کرے پھر دیکھے کہ دل میں کیا بات گزرتی ہے، اسی پر عمل کرے۔ انشاء اللہ اسی میں خیر ہے۔ (درمختار)

صلوٰۃ التسبیح

اس نماز میں بے انتہا ثواب ہے، یہاں تک علمائے کرام فرماتے ہیں کہ اس نماز کی فضیلت و بزرگی سن کر اسے ترک نہ کرے گا مگر دین میں سستی کرنے والا۔ حدیث شریف میں وارد کہ اللہ تعالیٰ اس نماز کے پڑھنے والے کے گناہ بخش دے گا۔ اگلے پچھلے، نئے پرانے، جو بھول کر کیے اور جو جان کر، چھوٹا اور بڑا، پوشیدہ اور ظاہر۔ اس کے بعد صلوٰۃ التسبیح کی ترکیب تعلیم فرمائی۔ پھر فرمایا کہ اگر تم سے ہو سکے تو ہر روز ایک بار پڑھو اگر روزانہ نہ پڑھ سکو تو ہر ہفتہ میں ایک بار اور یہ بھی نہ ہو سکے تو ہر مہینہ میں ایک بار اور یہ بھی نہ کر سکو تو سال میں ایک بار ورنہ عمر میں ایک بار۔ (عامہ کتب)

اور اس کی ترکیب ہمارے طور پر وہ ہے جو ترمذی شریف میں بروایت عبداللہ بن مبارک رضی اللہ عنہ مذکور ہے کہ اللہ اکبر کہہ کر سُبْحَانَکَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِکَ وَتَبَارَکَ اسْمُکَ وَتَعَالٰی جَدُّکَ وَلَآ اِلٰهَ غَیْرُکَ پڑھے پھر پندرہ بار یہ تسبیح پڑھے: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ پھر اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اور بِسْمِ اللّٰهِ اور الحمد شریف اور سورت پڑھ کر دس بار یہی تسبیح پڑھے۔ پھر رکوع کرے اور رکوع میں دس بار پڑھے، پھر رکوع سے سر اٹھائے اور سَمِعَ اللّٰهُ

لِمَنْ حَمِدَہٗ کے بعد دس بار کہے پھر سجدے کو جائے اور اس میں دس بار کہے پھر سجدے سے سر اٹھا کر دس بار کہے پھر سجدے کو جائے اور اس میں دس مرتبہ پڑھے۔ یوں ہی چار رکعت پوری کرے۔ اس طرح ہر رکعت میں ۷۵ مرتبہ اور چاروں میں تین سو تسبیح ہوئیں اور رکوع میں سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ اور سجدہ میں سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی کہنے کے بعد تسبیحات پڑھے۔

مسئلہ: اگر اس نماز میں کسی غلطی کے باعث سجدۂ سہو واجب ہو تو سجدے کرے اور ان دونوں میں یہ تسبیح نہ پڑھے۔ اور اگر کسی جگہ بھول کر دس بار سے کم پڑھیں تو بہتر یہ ہے کہ اس کے بعد جو دوسرا موقع تسبیح پڑھنے کا آئے وہیں پڑھ لے تاکہ وہ مقدار پوری ہو جائے اور رکوع میں بھولا تو اسے سجدے ہی میں کہے نہ کہ قومہ میں کہ قومہ کی مقدار تھوڑی ہوتی ہے اور پہلے سجدے میں بھولے تو دوسرے میں کہے۔ جلسہ میں نہیں۔ (ردالمحتار) (رکوع کے بعد سیدھا کھڑے ہونے کو قومہ کہتے ہیں اور دونوں سجدوں کے درمیان بیٹھنے کو جلسہ)

مسئلہ: تسبیح انگلیوں پر نہ گنے بلکہ ہو سکے تو دل میں شمار کرے ورنہ انگلیاں دبا کر۔

مسئلہ: ہر وقت غیر مکروہ میں یہ نماز پڑھی جا سکتی ہے اور بہتر یہ ہے کہ ظہر سے پہلے پڑھے۔ (عالمگیری، ردالمحتار) یعنی سنت ظہر اور فرض کے درمیان۔ کما ھو المعمول۔

نمازِ حاجت

جب کوئی حاجت پیش آئے تو اس کے لیے دو یا چار رکعتیں پڑھے۔ حدیث شریف میں ہے کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ اور تین بار آیت الکرسی پڑھے اور باقی تین رکعتوں میں سورہ فاتحہ اور قل ھو اللہ احد اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس ایک ایک بار پڑھے تو یہ ایسی ہیں جیسے شب قدر میں چار رکعتیں پڑھیں۔ بزرگانِ دین فرماتے ہیں کہ ہم نے یہ نماز پڑھی اور ہماری حاجتیں پوری

ہوئیں۔ نماز کے بعد دعا مانگے، اوّل آخر درود شریف پڑھے۔

(۲) قضائے حاجت کے لیے ایک مجرب نماز جو علمائے کرام ہمیشہ پڑھتے آئے، صلوٰۃ الاسرار یعنی نماز غوثیہ ہے جو ملا علی قاری اور شیخ محقق عبدالحق محدث دہلوی اور دوسرے علمائے کرام حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔

اس نماز کی ترکیب یہ ہے کہ بعد نماز مغرب سنتیں پڑھ کر دو رکعت نماز نفل پڑھے اور بہتر یہ ہے کہ الحمد کے بعد ہر رکعت میں گیارہ گیارہ بار قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھے، سلام کے بعد اللہ عزوجل کی حمد و ثنا کرے پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر گیارہ بار درود و سلام عرض کرے اور گیارہ بار یہ کہے: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اَغِثْنِيْ وَامْدُدْنِيْ فِيْ قَضَآءِ حَاجَتِيْ يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ۔ پھر عراق کی جانب گیارہ قدم چلے ہر قدم پر یہ کہے: يَا غَوْثَ الثَّقَلَيْنِ وَيَا كَرِيْمَ الطَّرَفَيْنِ اَغِثْنِيْ وَامْدُدْنِيْ فِيْ قَضَآءِ حَاجَتِيْ يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ۔ پھر حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے وسیلہ سے اللہ عزوجل سے دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد مراد کو پہنچے۔

امام اجل ابوالحسن نور الدین اپنی مشہور کتاب بہجۃ الاسرار شریف میں حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی کہ حضور ارشاد فرماتے ہیں کہ جو کوئی سختی میں میری دہائی دے وہ سختی دور ہو جائے اور جو کسی مشکل میں میرا نام لے کر ندا کرے وہ مشکل حل ہو جائے اور جو کسی حاجت میں اللہ عزوجل کی طرف مجھ سے توسل کرے اور مجھے وسیلہ بنا کر دعا کرے وہ حاجت پوری ہو۔

مولیٰ عزوجل ہم سب کو آپ کی برکات سے مالا مال فرمائے۔ (آمین)

سجدۂ سہو کا بیان

جو چیزیں نماز میں واجب مانی گئی ہیں، ان میں سے جب کوئی واجب بھولے سے رہ جائے تو اس کی تلافی کے لیے سجدۂ سہو واجب ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ التحیات

پڑھنے کے بعد داہنی طرف سلام پھیر کر دو سجدے کرے پھر التحیات وغیرہ پڑھ کر سلام پھیر دے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: جان بوجھ کر واجب چھوڑ دیا یا سہواً واجب چھوٹ گیا اور سجدۂ سہو نہ کیا تو دونوں صورتوں میں نماز کا دوبارہ پڑھنا لازم ہے۔ (درمختار وغیرہ)

مسئلہ: فرض ترک ہو جانے سے نماز جاتی رہتی ہے۔ سجدۂ سہو سے اس کی تلافی نہیں ہو سکتی لہٰذا پھر پڑھے۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: فرض و نفل دونوں کا ایک حکم ہے یعنی نوافل میں بھی واجب چھوٹ جائے تو سجدۂ سہو واجب ہے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: ایک نماز میں چند واجب ترک ہوئے تو وہی دو سجدے کافی ہیں۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: واجباتِ نماز اور ارکانِ نماز کو ہمیشہ دھیان میں رکھنا لازم ہے کہ نماز کی حالت میں کسی رکن (فرض نماز) کو اپنی جگہ سے ہٹا کر مثلاً پہلے یا بعد میں پڑھا یا اسے دو بار کیا حالانکہ فرض ایک ہی بار ہے یا جو کام نماز میں دو بار کیے جاتے ہیں ان میں ترتیب چھوڑ دی۔ یوں ہی واجباتِ نماز میں ردوبدل کر دیا ان میں ترتیب چھوٹ گئی تو ان سب صورتوں میں بھی سجدۂ سہو واجب ہے۔ (عامہ کتب)

مسئلہ: فرض کی پہلی دو رکعتوں میں اور نفل و سنت و وتر کی کسی رکعت میں سورۂ الحمد کی ایک آیت بھی رہ گئی یا سورت سے پہلے ہی دو بار الحمد پڑھ لی یا پہلے سورت پڑھی اور بعد میں الحمد پڑھی تو ان سب صورتوں میں سجدۂ سہو واجب ہے، ہاں الحمد کے بعد سورت پڑھی اس کے بعد پھر الحمد پڑھ لی، یا فرض کی پچھلی رکعتوں میں سورۂ الحمد دوبارہ پڑھ لی تو سجدۂ سہو واجب نہیں، یونہی فرض کی پچھلی رکعتوں میں سورت ملائی تو سجدہ واجب نہیں۔ (عالمگیری)

مسئلہ: تعدیلِ ارکان (یعنی رکوع و سجود اور قومہ و جلسہ میں کم از کم ایک بار سبحان اللہ کہنے کی مقدار ٹھہرنا) بھول گئی تو سجدۂ سہو واجب ہے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: فرض نماز میں پہلا قعدہ بھول گئی تو جب تک سیدھی کھڑی نہ ہوئی ہو لوٹ آئے اور سجدۂ سہو نہیں اور اگر سیدھی کھڑی ہو گئی تو نہ لوٹے اور آخر میں سجدۂ سہو کرے اور سیدھی کھڑی ہو کر لوٹ آئی تب بھی کھڑی ہو جائے اور بعد میں سجدۂ سہو کر لے۔ (در مختار، غنیہ)

مسئلہ: قعدۂ اخیرہ بھول گئی تو جب تک اس رکعت کا سجدہ نہ کیا ہو لوٹ آئے اور سجدۂ سہو کرے اور اگر اس رکعت کا سجدہ کر لیا تو سجدے سے سر اٹھاتے ہی وہ فرض نفل ہو گیا۔ لہٰذا اگر چاہے تو مغرب کے علاوہ اور نمازوں میں ایک رکعت اور ملا لے تاکہ رکعتیں دو ہو جائیں تنہا رکعت نہ رہے اگرچہ وہ فجر یا عصر کی نماز ہو مغرب میں اور نہ ملائے کہ چار پوری ہو گئیں۔ (در مختار)

مسئلہ: نفل کا ہر قعدہ، قعدۂ اخیرہ ہے یعنی فرض ہے اگر قعدہ نہ کیا اور بھول کر کھڑی ہو گئی تو جب تک اس رکعت کا سجدہ نہ کیا ہو لوٹ آئے اور سجدۂ سہو کرے اور واجب نماز، فرض کے حکم میں ہے۔ لہٰذا وتر کا پہلا قعدہ بھول جائے تو وہی حکم ہے جو فرض کے قعدۂ اولیٰ کے بھول جانے کا ہے۔ (در مختار)

مسئلہ: التحیات پڑھنے کی مقدار قعدۂ اخیرہ کر چکی تھی اور کھڑی ہو گئی تو جب تک اس رکعت کا سجدہ نہ کیا ہو لوٹ آئے اور سجدۂ سہو کر کے سلام پھیر دے اس حالت میں سجدۂ سہو سے پہلے التحیات نہ پڑھے۔ (در مختار)

مسئلہ: قعدۂ اولیٰ میں التحیات کے بعد اتنا پڑھا اللھم صل علی محمد تو سجدۂ سہو واجب ہے اس وجہ سے نہیں کہ درود شریف پڑھا بلکہ اس وجہ سے کہ تیسری رکعت کے قیام میں دیر لگی، تو اگر اتنی دیر تک خاموش رہتی تب بھی سجدۂ سہو واجب ہے۔ جیسے قعدہ و رکوع و سجود میں قرآن پڑھنے سے سجدۂ سہو واجب ہے حالانکہ وہ کلامِ الٰہی ہے۔ (در مختار، رد المحتار وغیرہ)

مسئلہ: دعائے قنوت یا وہ تکبیر بھول گئی جو دعائے قنوت پڑھنے کے لیے پڑھی جاتی

ہے تو سجدۂ سہو واجب ہے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: جس پر سجدۂ سہو واجب تھا اسے یہ یاد ہی نہ رہا کہ سجدۂ سہو کرنا ہے اور نماز ختم کرنے کے لیے سلام پھیر دیا تو ابھی نماز سے باہر نہ ہوئی لہٰذا جب تک کوئی ایسا کام جو نماز فاسد کر دیتا ہے، نہ کیا ہو اسے حکم ہے کہ سجدۂ سہو کرے اور پھر اپنی نماز پوری کرے۔ (در مختار وغیرہ)

مسئلہ: جس کو نماز میں تعداد رکعت میں شک ہو مثلاً یہ شک کہ تین ہوئیں یا چار اور بالغ ہونے کے بعد پہلا واقعہ ہے تو یہ نماز توڑ دے اور نئے سرے سے پڑھے اور اگر یہ شک پہلی بار نہیں بلکہ پیشتر سے ہو چکا ہے تو اگر غالب گمان کسی طرف ہو یعنی ایک طرف زیادہ دل جمتا ہے تو اسی پر عمل کرے اور اگر دل کسی طرف نہیں جمتا تو کم کی جانب اختیار کرے مثلاً تین اور چار میں شک ہے تو تین قرار دے۔ دو اور تین میں شک ہو تو دو۔ اور تیسری چوتھی دونوں میں قعدہ کرے کہ احتمال ہے یہ تیسری نہ ہو چوتھی ہو، اور چوتھی میں قعدہ کے بعد سجدۂ سہو کر کے سلام پھیر دے اور گمان غالب کی صورت میں سجدۂ سہو نہیں مگر سوچنے میں ایک رکن کی مقدار وقفہ ہو گیا تو سجدۂ سہو واجب ہو گیا۔ (ہدایہ وغیرہ)

مسئلہ: وتر کی نماز میں شک ہوا کہ دوسری ہے یا تیسری تو اس آخری رکعت میں دعائے قنوت پڑھ کر، قعدہ کے بعد ایک رکعت اور پڑھے اور اس میں بھی دعائے قنوت پڑھے اور سجدۂ سہو کرے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: نماز پوری کرنے کے بعد شک ہوا تو اس کا کچھ اعتبار نہیں اور اگر نماز کے بعد یقین ہے کہ کوئی فرض رہ گیا مگر اس میں شک ہے کہ وہ کیا ہے تو پھر سے پڑھنا فرض ہے۔ (رد المحتار)

مسئلہ: یہ شک واقع ہوا کہ اس وقت کی نماز پڑھی یا نہیں اگر کوئی وقت باقی ہے پھر پڑھ لے ورنہ نہیں۔ (عالمگیری)

بیمار کی نماز کا بیان

بیماری کی وجہ سے جو شخص کھڑے ہو کر نماز پڑھنے کی طاقت نہیں رکھتا کہ کھڑے ہو کر پڑھنے سے نقصان پہنچے یا بیماری کے بڑھ جانے یا دیر میں اچھے ہونے کا واقعی خطرہ ہے یا چکر آتا ہے یا کھڑے ہو کر نماز پڑھنے سے بہت شدید درد، جو برداشت سے باہر ہو، پیدا ہو جائے گا تو ان سب صورتوں میں شریعت نے اجازت دی کہ آدمی بیٹھ کر رکوع، سجود کے ساتھ نماز پڑھے اور بیٹھ کر نماز پڑھنے میں کسی خاص طریقہ پر بیٹھنا ضروری نہیں۔ بلکہ بیمار کو جس طرح آسانی ہو اس طرح بیٹھے۔ (در مختار، عالمگیری)

مسئلہ: سہارے کے بغیر نماز نہیں پڑھ سکتی تو تکیہ یا دیوار وغیرہ پر ٹیک لگا کر نماز پڑھے۔ یہ بھی نہ ہو سکے تو لیٹ کر نماز پڑھے اور رکوع و سجود کے لیے اشارہ کرے۔ (عالمگیری وغیرہ)

مسئلہ: لیٹ کر نماز پڑھنے میں اسے اختیار ہے کہ داہنی یا بائیں کروٹ پر لیٹ کر قبلہ رخ منہ کرے یا چت لیٹ کر قبلہ کو پاؤں کرے مگر اس حالت میں پاؤں نہ پھیلائے کہ قبلہ کو پاؤں پھیلانا مکروہ اور منع ہے بلکہ گھٹنے کھڑے رکھے اور سر کے نیچے تکیہ وغیرہ رکھ کر اونچا کر لے کہ منہ قبلہ کو ہو جائے اور یہی صورت زیادہ بہتر ہے۔ (در مختار)

مسئلہ: اشارہ کی صورت میں سجدہ کا اشارہ رکوع کے اشارے سے پست ہونا ضروری ہے۔ مگر یہ ضروری نہیں کہ سر کو بالکل زمین سے قریب کر دے۔ ہاں سجدہ کے لیے تکیہ وغیرہ کوئی چیز پیشانی کے قریب اٹھا کر اس پر سجدہ کرنا مکروہ تحریمی و گناہ ہے۔ اگرچہ وہ چیز دوسرے نے اٹھائی ہو۔ (در مختار وغیرہ)

مسئلہ: ایسا بیمار جو رکوع میں بیٹھ جھکا سکتا ہے اور کوئی سخت چیز زمین پر رکھ دی جائے تو اس پر وہ سجدہ بھی کر سکتا ہے تو اس پر فرض ہے کہ اسی طرح سجدہ کرے۔ اشارہ جائز نہیں۔ بشرطیکہ وہ چیز بارہ انگل سے زیادہ اونچی نہ ہو مثلاً پلنگ یا تخت پر بیٹھ کر نماز

پڑھتی ہے تو وہ چیز پلنگ یا تخت سے بارہ انگل زیادہ اونچی نہ ہو۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: پیشانی پر زخم ہے کہ سجدے کے لیے ماتھا نہیں لگا سکتی تو ناک پر سجدہ کرے اور ایسا نہ کیا بلکہ اشارہ کیا تو نماز نہ ہوئی۔ (عالمگیری)

مسئلہ: اگر اتنی بیمار ہے کہ سر سے اشارہ بھی نہیں کر سکتی تو اس وقت پڑھنا معاف ہے پھر اگر چھ نمازوں کا وقت اسی حالت میں گزر گیا تو ان کی قضا بھی نہیں اور فدیہ کی بھی حاجت نہیں۔ ورنہ جب تندرست ہو جائے تو ان نمازوں کی قضا لازم ہے جیسے بھی بن پڑے۔ اگرچہ اتنی ہی صحت ہو کہ سر کے اشارہ سے پڑھ سکے۔ (درمختار وغیرہ)

مسئلہ: بیماری کی وجہ سے ایسی حالت ہو جائے کہ رکوع اور سجود کی تعداد یاد نہیں رکھ سکتی تو اس پر اس وقت ادا کرنا ضروری نہیں۔ (درمختار)

مسئلہ: مریض اگر قبلہ کی طرف اپنے آپ منہ نہ کر سکتا ہو نہ دوسرے کے ذریعہ سے تو ویسے ہی پڑھ لے اور صحت کے بعد اس کا اعادہ نہیں اور اگر کوئی شخص موجود ہے کہ اس کے کہنے سے قبلہ رو کر دے گا مگر اس نے اس سے نہ کہا تو نہ ہوئی۔ اشارہ سے جو نمازیں پڑھی ہیں صحت کے بعد ان کا بھی اعادہ نہیں۔ یوں ہی اگر زبان بند ہو گئی اور گونگے کی طرح نماز پڑھی پھر زبان کھل گئی تو ان نمازوں کا اعادہ نہیں۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: اگر یہ حالت ہو کہ روزہ رکھتی ہے تو کھڑے ہو کر نماز نہیں پڑھ سکتی اور روزہ نہ رکھے تو کھڑے ہو کر نماز ادا کر سکتی ہے تو حکم ہے کہ روزہ رکھے اور نمازیں بیٹھ کر پڑھے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: بیماری میں نمازیں قضا ہو گئیں، اب اچھی ہو گئی تو انہیں پڑھنا چاہتی ہے تو ویسے ہی پڑھے جیسے تندرستی میں پڑھتی تھی۔ اب بیٹھ کر اشارہ سے پڑھے گی تو نماز نہ ہو گی اور صحت کی حالت میں قضا ہوئیں، بیماری میں انہیں پڑھنا چاہتی ہے تو جس طرح پڑھ سکتی ہے پڑھے۔ نماز ہو جائے گی۔ صحت کی سی پڑھنا واجب نہیں۔ (عالمگیری)

مسئلہ: آنکھ بنوائی اور مسلمان ماہر امراض، ڈاکٹر نے (کہ خدا اور رسول کے احکام

کو جانتا اور ان کا احترام کرتا ہے) لیٹے رہنے کا حکم دیا تو شرعاً بھی اجازت ہے کہ لیٹ کر اشارے سے نمازیں پڑھے۔ (در مختار وغیرہ)

ضروری ہدایت: شریعتِ مطہرہ نے بعض نادر صورتوں کے علاوہ کسی حالت میں نماز معاف نہیں کی بلکہ حکم دیا کہ جس طرح ممکن ہو پڑھے۔ آج کل عموماً یہ دیکھا جاتا ہے کہ ذرا بخار تیز ہوا، شدت کا درد ہوا نماز چھوڑ دی۔ یہاں تک نوبت پہنچ گئی کہ درد سر اور زکام میں بھی نمازیں چھوڑ بیٹھتی ہیں۔ ایسی عورتیں خواہ مرد، انہی وعیدوں اور سزاؤں کے مستحق ہیں جو بے نمازیوں کے حق میں وارد ہوئی ہیں۔ اللہ اپنی پناہ میں رکھے۔ (آمین)

سجدۂ تلاوت کا بیان

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جب ابنِ آدم آیتِ سجدہ پڑھ کر سجدہ کرتا ہے، شیطان ہٹ جاتا ہے اور رو رو کر کہتا ہے: ہائے میری بربادی! ابنِ آدم کو سجدہ کا حکم ہوا اس نے سجدہ کیا، اس کے لیے جنت ہے اور مجھے حکم ہوا میں نے انکار کیا، میرے لیے دوزخ ہے۔ (مسلم شریف)

مسئلہ: قرآن کریم میں چودہ آیتیں ایسی ہیں جن میں سے کوئی ایک آیت پڑھنے یا سننے سے سجدہ واجب ہو جاتا ہے بشرطیکہ اتنی آواز سے پڑھا ہو کہ اگر کوئی عذر نہ ہو تو وہ خود سن سکے۔ لہٰذا اگر اتنی آواز سے آیت سجدہ پڑھی (بلکہ وہ لفظ جس میں سجدہ کے حروف پائے جاتے ہیں اس کے ساتھ اس نے پہلے یا بعد کا کوئی لفظ ملا کر پڑھا) کہ اپنی آواز خود سن سکتی تھی مگر شور وغل یا بہرے ہونے کی وجہ سے نہ سن سکی تو سجدہ واجب ہو گیا اور اگر محض ہونٹ ہلے آواز پیدا نہ ہوئی تو سجدہ واجب نہ ہوا اور نہ یہ پڑھنا کوئی پڑھنا ہوا۔ (عالمگیری)

مسئلہ: آیتِ سجدہ سننے والے کے لیے یہ ضروری نہیں کہ اس نے قصد و ارادہ

سے آیتِ سجدہ سنی ہو۔ بلاقصد سننے سے بھی سجدہ واجب ہو جاتا ہے۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: آیتِ سجدہ کے ہجے کرنے کرانے یا ہجے سننے سے سجدہ واجب نہیں ہوتا، یونہی آیتِ سجدہ لکھنے یا اس کی طرف نظر کرنے سے بھی سجدہ واجب نہیں ہوتا۔ (عالمگیری)

مسئلہ: سجدۂ تلاوت کے لیے تکبیر تحریمہ کے سوا تمام وہ شرائط ہیں جو نماز کے لیے ہیں اور جو چیزیں نماز کو فاسد کرتی ہیں ان سے سجدہ بھی فاسد ہو جائے گا۔ مثلاً کلام سلام وغیرہ۔ (عالمگیری، درمختار وغیرہ)

مسئلہ: سجدہ کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ سجدۂ تلاوت کی نیت سے کھڑی ہو اور اللہ اکبر کہتی ہوئی سجدے میں جائے اور کم از کم تین بار سبحان ربی الاعلی کہے پھر اللہ اکبر کہتی ہوئی کھڑی ہو جائے۔ اور بیٹھ کر سجدہ کرے تب بھی جائز ہے مگر سجدہ سے پہلے اور پیچھے تکبیر چھوڑنی نہ چاہیے۔

مسئلہ: سجدۂ تلاوت کے لیے اللہ کہتے وقت نہ ہاتھ اٹھانا ہے نہ اس میں تشہد ہے نہ سلام۔ (تنویر الابصار)

مسئلہ: آیتِ سجدہ نماز کے باہر پڑھی تو فوراً سجدہ کر لینا واجب نہیں۔ ہاں بہتر ہے کہ فوراً کرے اور وضو ہو تو تاخیر مکروہ تنزیہی ہے اور اس وقت اگر کسی وجہ سے سجدہ نہ کر سکے تو تلاوت کرنے والی اور سننے والی کو یہ کہہ لینا مستحب ہے: سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَکَ رَبَّنَا وَاِلَیْکَ الْمَصِیْرُ۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: ایک مجلس میں سجدہ کی ایک آیت کو بار بار پڑھا یا سنا تو ایک ہی سجدہ واجب ہوگا اور ایک مجلس میں سجدہ کی چند آیتیں پڑھیں تو اتنے ہی سجدے کرے ایک سجدہ کافی نہیں۔ (درمختار وغیرہ)

مسئلہ: جو چیزیں نماز کو فاسد کر دیتی ہیں ان سے سجدہ بھی فاسد ہو جائے گا۔ (درمختار وغیرہ)

مسئلہ: آیتِ سجدہ پڑھنے والے پر اس وقت سجدہ واجب ہوتا ہے کہ وہ وجوبِ نماز کا اہل ہو یعنی ادا یا قضا کا اسے حکم ہو لہٰذا نابالغ لڑکے یا لڑکی نے یا حیض و نفاس والی عورت نے آیتِ سجدہ پڑھی تو ان پر سجدہ واجب نہیں (اگرچہ حیض و نفاس والی عورت کو قرآن مجید پڑھنا، دیکھ کر خواہ زبانی، حرام ہے) ہاں مسلمان عاقل بالغ نے جو اہلِ نماز ہے، ان سے سنی تو اس پر واجب ہو گیا۔ بے وضو یا جنب نے آیتِ سجدہ پڑھی یا سنی تو سجدہ واجب ہے۔

نشے والی نے آیت پڑھی یا سنی تو سجدہ واجب ہے۔

یونہی نشہ والے نے یا سننے والے نے آیت پڑھی تو سننے والے پر سجدہ واجب ہو گیا۔ (عالمگیری، درمختار)

مسئلہ: عورت نے نماز میں آیتِ سجدہ پڑھی اور سجدہ نہ کیا تھا کہ حیض آ گیا تو وہ نماز بھی معاف اور سجدہ بھی ساقط۔ (عالمگیری)

مسئلہ: آیتِ سجدہ پڑھی مگر کام میں مشغولی کے سبب نہ سنی تو سجدہ واجب نہیں مگر بہت سے علماء کہتے ہیں کہ اگرچہ نہ سنی ہو، سجدہ واجب ہو گیا۔ (درمختار وغیرہ) لہٰذا کر لینا چاہیے کہ تلاوت کے وقت کام میں مشغول رہنا اس کا قصور ہے۔

مسئلہ: پوری سورت پڑھنا اور آیتِ سجدہ چھوڑ دینا مکروہ تحریمی اور گناہ ہے اور صرف آیتِ سجدہ پڑھنے میں کراہت نہیں مگر بہتر یہ ہے کہ دو ایک آیت پہلے یا بعد کی ملا لے۔ (درمختار)

فائدہ: جس مقصد کے لیے ایک مجلس میں سجدہ کی سب آیتیں پڑھ کر سب سجدے کرے اور عاجزی و توجہ سے دل لگا کر دعا مانگے۔ اللہ عزوجل اس کا مقصد پورا فرما دے گا، خواہ ایک ایک آیت پڑھ کر اس کا سجدہ کرتا جائے یا سب آیتیں پڑھ کر آخر میں سب سجدے کرے۔ (درمختار وغیرہ)

سجدۂ شکر کے بعض مواقع

دینی یا دنیاوی کسی نعمت کے حاصل ہونے پر مثلاً اولاد ہوئی یا مالِ جائز پایا یا گم ہوئی چیز مل گئی یا مریض نے شفا پائی یا مسافر واپس آیا۔ غرض کسی طرح مسرت و نعمت پر سجدۂ شکر ادا کرنا مستحب اور کارِ ثواب ہے اور اس کا طریقہ وہی ہے جو سجدۂ تلاوت کا ہے۔

(عالمگیری)

نمازِ مسافر کا بیان

مرد خواہ عورت اپنے شہر یا بستی سے دور کہیں اور کسی دینی یا دنیاوی کام سے جائے تو روزمرہ کی بول چال میں اسے سفر کہتے ہیں لیکن شریعت میں دس بیس میل جانے والے کو مسافر نہیں مانا جاتا۔ یعنی اس کے لیے سفر کے احکام ثابت نہیں ہوتے بلکہ اس کے لیے تمام احکام مثلاً نماز روزہ اسی طرح ادا کرنا لازم جیسے اپنے وطن اپنی بستی میں۔ شریعت کی رو سے مسافر وہ شخص ہے جو تین دن (یا تین منزل) کی راہ تک جانے کے لیے اپنی بستی سے نکل گیا۔ خشکی میں مروجہ میل کے حساب سے ایک منزل کی مقدار ۱۹ میل ایک فرلانگ ہے اور تین منزل کی مقدار ۵۷ $\frac{3}{8}$ میل یا ۵۷ میل ۳ فرلانگ ہے۔ (درمختار فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: تین دن کی راہ یعنی تین منزل کو تیز سواری مثلاً موٹر سائیکل، ریل گاڑی یا ہوائی جہاز وغیرہ پر دو ایک دن یا اور کم مثلاً چند گھنٹوں میں طے کرلیا تو آدمی مسافر ہی ہے اور مسافر کے احکام اس کے لیے ثابت ہیں۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: اسٹیشن جہاں آبادی سے باہر ہوں تو اسٹیشن پر پہنچنے سے مسافر ہو جائے گی جبکہ سفر کی مسافت جانے کا ارادہ ہو۔ (بہار شریعت)

مسئلہ: سفر کے احکام ثابت ہونے کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ جہاں سے چلی وہاں سے تین دن کی راہ (قریباً ساڑھے ستاون میل) کا ارادہ ہو، اور اگر دو دن کی راہ کے ارادہ سے نکلی وہاں پہنچ کر دوسری جگہ کا ارادہ ہوا کہ وہ بھی تین دن سے کم کا راستہ ہے۔ یا یوں ارادہ کیا کہ مثلاً دو دن کی راہ پر پہنچ کر کچھ کام کرتا ہے وہ کر کے پھر ایک دن کی راہ پر جاؤں گی تو یہ تین دن کی راہ کا ارادہ نہ ہوا اور یہ شرعاً مسافر نہ ہوئی۔ (درمختار وغیرہ)

مسئلہ: مسافر پر واجب ہے کہ نماز میں قصر کرے یعنی چار رکعت والے فرض کو دو پڑھے۔ اس کے حق میں دو ہی رکعتیں پوری نماز ہے اور جان بوجھ کر چار پڑھیں اور دو رکعت پر قعدہ کر لیا تو فرض ادا ہو گئے اور پچھلی دو رکعتیں نفل ہو گئیں مگر گناہ گار ہوئی کہ واجب چھوڑ دیا۔ لہٰذا توبہ کرے اور دو رکعت پر قعدہ نہ کیا تو فرض ادا نہ ہوئے اور نماز نفل ہو گئی۔ لہٰذا فرض پھر پڑھے۔ (عالمگیری وغیرہ)

مسئلہ: سنتوں میں قصر نہیں بلکہ پوری پڑھی جائیں گی۔ ہاں اگر آدمی گھبراہٹ یا جلدی میں ہے تو معاف ہیں۔ لیکن صبح کی سنتیں جہاں تک بن پڑے پڑھ لے کہ عظیم ثواب پائے گی۔ (عالمگیری)

مسئلہ: فجر و مغرب اور وتر کی نماز میں قصر نہیں بلکہ جیسے ہمیشہ پڑھتی ہے سفر میں بھی پوری پڑھے۔ (عامہ کتب)

مسئلہ: مسافر اس وقت تک مسافر ہے جب تک اپنی بستی میں واپس پہنچ نہ جائے یا اپنے شہر و بستی سے دور پورے پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت نہ کر لے۔ یہ اس وقت ہے جب تین دن کی راہ طے کر چکی ہو اور اگر تین منزل سے پہلے ہی واپسی کا ارادہ کر لیا تو مسافر نہ رہی۔ (عالمگیری)

مسئلہ: کسی آبادی یا بستی میں اقامت کی نیت کی یعنی پندرہ دن وہاں ٹھہرنے کا پختہ ارادہ کر لیا تو یہ بھی ضروری ہے کہ یہ نیت ایک ہی جگہ ٹھہرنے کی ہو، اگر دو جگہ پر ٹھہرنے کا ارادہ کیا مثلاً ایک جگہ دس دن اور دوسری جگہ پانچ دن تو یہ نیت معتبر نہیں، وہ

دستور مسافر ہے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: نمازِ قصر اور پوری پڑھنے میں آخر وقت کا اعتبار ہے جبکہ پڑھ نہ چکی ہو۔ فرض کرو کہ کسی نے نماز نہ پڑھی تھی اور وقت اتنا باقی رہ گیا ہے کہ اللہ اکبر کہہ لے اب مسافر ہو گئی یعنی تین منزل کے متصل سفر کی نیت سے بستی سے باہر ہو گئی تو اب قصر کرے اور مسافر تھی اس وقت اقامت یعنی ٹھہرنے کی نیت کی تو چار رکعت یعنی پوری نماز پڑھے۔ (در مختار)

مسئلہ: عورت بیاہ کر سسرال گئی اور یہیں رہنے سہنے لگی تو اب میکا اس کا وطن اصلی نہ رہا۔ یعنی اگر سسرال تین منزل پر ہے وہاں سے میکے آئی اور پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت نہ کی تو نمازِ قصر پڑھے اور اگر میکے رہنا نہیں چھوڑا بلکہ سسرال عارضی طور پر گئی تھی (جیسا کہ عموماً شادی کے شروع دنوں میں ہوتا ہے کہ لڑکی سسرال جاتی ہے اور پھر میکے آکر رہنے لگتی ہے) تو میکے آتے ہی سفر ختم ہو گیا۔ عورت مقیم ہو گئی لہٰذا نماز پوری پڑھے۔ (بہار شریعت)

چند نفیس فائدے

(۱) سفر کے لیے گھر سے نکلے تو چلتے وقت آیت الکرسی اور قُلْ یٰٓاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ سے قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ تک۔ تَبَّتْ کے سوا پانچ سورتیں سب مع بسم اللہ پڑھے، پھر آخر میں ایک بار بسم اللہ شریف پڑھ لے، راستہ بھر آرام سے رہے گی۔ نیز اس وقت

اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَیْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰى مَعَادٍ۔

بیشک جس نے تجھ پر قرآن فرض کیا تجھے واپسی کی جگہ کی طرف واپس کرنے والا ہے۔

ایک بار پڑھ لے بالخیر واپس آئے گی۔

(۲) جس منزل پر اترے وہاں یہ دعا پڑھے، ہر نقصان سے بچے گی:

اَللّٰھُمَّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبَارَکًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ۔ الٰہی تو ہم کو برکت والی منزل میں اتار اور تو بہتر اتارنے والا ہے۔

بہتر یہ ہے کہ وہاں دو رکعت نماز پڑھ لے۔

(۳) جب کسی کو رخصت کریں تو یہ دعا پڑھیں:

اَسْتَوْدِعُ اللّٰہَ دِیْنَکَ وَاَمَانَتَکَ وَخَوَاتِیْمَ عَمَلِکَ۔ اللہ کے سپرد کرتا ہوں تیرے دین اور تیری امانت اور تیرے عمل کے خاتمہ کو۔

ضروری تنبیہ: عورت کو بغیر محرم کے تین دن یا زیادہ کی راہ جانا، ناجائز ہے بلکہ ایک دن کی راہ جانا بھی۔ نابالغ بچہ کے ساتھ بھی سفر نہیں کر سکتی۔ ہمراہی میں بالغ محرم یا شوہر کا ہونا ضروری ہے۔ (عالمگیری) اور محرم ہمراہ ہو تو اس کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ خدا ترس ہو۔ جس محرم کو خدا اور رسول کا خوف نہ ہو اور شریعت کے احکام کا اسے پاس و لحاظ نہ ہو ایسے محرم کے ساتھ بھی سفر پر جانا درست نہیں اور تین دن سے کم کا سفر اگر کسی مرد صالح یا بچہ کے ساتھ کرے تو جائز ہے۔ (در مختار، رد المحتار)

مسئلہ: سفرِ حج جس میں قدم قدم پر نیکیاں ہی نیکیاں اور مغفرت و بخشش کی دولتوں پر دولتیں نصیب ہوتی ہیں۔ اس مبارک سفر میں بھی عورت کو مکہ تک جانے میں تین دن یا زیادہ رستہ ہو تو اس کے ہمراہ شوہر یا محرم ہونا شرط ہے خواہ وہ عورت جوان ہو یا بڑھیا۔ محرم سے مراد وہ مرد ہے جس سے ہمیشہ کے لیے اس عورت کا نکاح حرام ہے خواہ نسب کی وجہ سے حرام ہو یا دودھ کے رشتہ سے نکاح کی حرمت ہو یا سسرالی رشتہ سے حرمت آئی۔ (جوہرہ، عالمگیری، درمختار وغیرہ) شوق خواہ کتنا ہی غالب کیوں نہ ہو عورت اگر بغیر شوہر یا محرم کے حج کو گئی تو سخت گناہ گار ہوگی۔ قدم قدم پر گناہ لکھا جائے گا۔ اگرچہ فرض ادا ہو جائے گا۔ (فتاویٰ رضویہ، جوہرہ)

جمعہ کا بیان

قرآن کریم کا ارشاد گرامی ہے:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ۔

اے ایمان والو! جب نماز کی اذان ہو جمعہ کے دن تو اللہ کے ذکر کی طرف دوڑو اور خرید و فروخت چھوڑ دو۔ یہ تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم جانو۔

آیہ کریمہ سے متعلق چند امور ذہن نشین کرلیں:

(۱) نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ نماز کے لیے ندا سے مراد ہے، جمعہ کی اذانِ اوّل۔ اذانِ ثانی مراد نہیں جو خطبہ سے متصل ہوتی ہے۔ اگرچہ اذانِ اوّل زمانہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں اضافہ کی گئی مگر وجوبِ سعی اور خرید و فروخت سے باز رہنا اسی سے متعلق ہے۔

(۲) سعی یعنی دوڑنے سے مراد، اس کے لفظی معنی نہیں بلکہ مقصود یہ ہے کہ نماز کے لیے تیاری شروع کردو اور نمازِ جمعہ کا اہتمام کرو۔

(۳) ذِكْرِ اللّٰهِ سے مراد ہے خطبۂ جمعہ۔ یہی جمہور کا مذہب ہے۔

(۴) ذَرُوا الْبَيْعَ خرید و فروخت چھوڑ دو، اس سے معلوم ہوا کہ جمعہ کی اذان ہوتے ہی خرید و فروخت حرام ہو جاتی ہے اور خرید و فروخت کا ذکر محض مزید تاکید و اہتمام کے لیے ہے ورنہ حکمِ فقہی میں تخصیص کچھ بیع و تجارت ہی کی نہیں، بلکہ دنیا کے وہ تمام مشاغل اور مصروفیات جو ذکرِ الٰہی سے غفلت کا سبب ہوں اس میں داخل ہیں۔ اذان ہونے کے بعد سب کو ترک کردینا لازم ہے۔

مراد صرف یہ ہے کہ ادھر مؤذن کے منہ سے اللہ اکبر کی صدا بلند ہو اور ادھر ہر مسلمان کو جس پر جمعہ واجب ہے، یہ چاہیے کہ وہ دنیا کے جس حال اور جس مشغلہ میں

ہو مسجد کا رخ کرے اور نماز جمعہ کی تیاری و اہتمام میں لگ جائے۔ گویا یہ مسلمان کی بفت وار پر ڈیوٹی ہے کہ ہر مسلمان اذان کی آواز سنتے ہی اپنے آپ کو حاضری پر مجبور پائے۔

فقہاء کرام نے یہاں یہ بھی لکھ دیا ہے کہ اصل مقصود، وقتِ نماز کا آجانا ہے۔ جب وقت آجائے تو ہر مسلمان پر (جس پر نماز جمعہ واجب ہے) نماز کے لیے تیاری لازم ہو جاتی ہے۔ یہ ضروری نہیں کہ اذان کی آواز ہی کان میں پڑ جائے تو اہتمام شروع ہو۔

آیۂ کریمہ سے نمازِ جمعہ کی فرضیت اور بیع و تجارت وغیرہ دنیاوی مشاغل کی حرمت اور سعی یعنی اہتمام نماز کا وجوب ثابت ہوا۔ اور خطبہ کا وجوب بھی ثابت ہوا کہ ذِکْرِ اللّٰہِ کے عموم میں نماز جمعہ بھی داخل ہے اور خطبۂ نماز بھی۔

(۵) ذٰلِکُمْ خَیْرٌ لَّکُمْ یہ تمہارے لیے بہتر ہے، تمام مصروفیات سے زیادہ مفید و سود مند۔

اس حکم کی پابندی، شخصی و انفرادی حیثیت سے بھی پہلوئے خیر رکھتی ہے اور قومی و اجتماعی حیثیت سے بھی۔ دنیاوی مادی اعتبار سے یوں کہ نمازِ جمعہ تنظیمِ امت کا ایک بہترین نسخہ ہے اور اخروی و روحانی اعتبار سے یوں کہ آخرت کا نفعِ باقی، دنیا کے ہر نفعِ فانی سے کہیں زیادہ قیمتی ہے۔

چند حقائق

(۱) طلوعِ آفتابِ اسلام سے پہلے یعنی زمانہ جاہلیت میں روزِ جمعہ کا نام تھا یَوْمِ عَرُوْبَہْ۔ اسلام میں جب اس دن کو، مسلمانوں کے اجتماع کا دن قرار دیا گیا تو اس کا نام رکھا گیا "یوم جمعہ۔" اس لیے کہ یہ دن جامعِ جماعات ہے۔ اس میں نماز کے لیے جماعتوں کا اہتمام ہوتا ہے اور تمام مسلمان اجتماعی حیثیت سے نمازِ جمعہ ادا کرتے ہیں اور اس گئے گزرے دور میں بھی کہ نمازوں کا شوق مسلمانوں میں مفقود ہوتا جا رہا ہے کم از کم اتنا تو واضح ہے کہ ہر اس مسجد میں جہاں جمعہ قائم کیا جاتا ہے، دوسری پنجگانہ نمازوں اور جماعتوں کے مقابلہ میں جمعہ کی نماز و جماعت میں، مسلمانوں کا اجتماع کہیں زیادہ ہوتا

ہے اور جمعہ کے "جامعِ جماعات" ہونے کا نقشہ آنکھوں میں سما جاتا ہے۔

کہتے ہیں کہ سب سے پہلے کعب بن لوئی یا قصی بن کلاب نے بھی اس دن کے لیے یہ نام استعمال کیا تھا کیونکہ اس روز وہ قریش کے لوگوں کو ایک مجلس میں اکٹھا کر کے خطبہ دیا کرتے تھے۔ لیکن اس کے باوجود اس کا قدیم نام "یومِ عروبہ" تبدیل نہ ہوا۔ اور عام اہلِ عرب، اپنے روزمرہ میں اسے یومِ عروبہ ہی کہتے رہے۔ نام کی حقیقی تبدیلی اور اس کی شہرت اس وقت ہوئی جب اسلام میں اس دن کا یہ نام رکھا گیا۔

مکۂ معظمہ میں، حالات کے پیشِ نظر، چار چھ مسلمانوں کا یکجا ہو کر، کوئی اجتماعی عبادت ادا کر لینا، کہنا چاہیے کہ ممکن نہ تھا اس لیے کہا جا سکتا ہے کہ جمعہ کی فرضیت کا حکم بھی نازل نہ ہوا تھا کیونکہ جمعہ کی پہلی شرط جماعت ہے جبکہ دوسری روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ جمعہ کی فرضیت کا حکم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر ہجرت سے کچھ مدت پہلے مکۂ معظمہ ہی میں نازل ہو چکا تھا لیکن اس پر عمل موقوف رکھا گیا تھا۔ اس لیے ابتدائے اسلام میں کوئی ایک جمعہ بھی مکۂ معظمہ میں نہ پڑھا جا سکا کہ اس پر عمل ممکن نہ تھا۔

حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینۂ طیبہ بنفسِ نفیس ہجرت سے پہلے، حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو تبلیغِ اسلام کے لیے مدینہ منورہ روانہ کر دیا تھا۔ اور ان کی تبلیغی کوششوں سے، ایک بڑی تعداد اسلام قبول کر چکی تھی۔ اس لیے آپ نے انہیں حکم لکھ بھیجا کہ وہاں جمعہ قائم کریں۔ چنانچہ مصعب بن عمیر نے کہ مہاجرین کے سردار تھے بارہ آدمیوں کے ساتھ مدینے میں پہلا جمعہ پڑھایا۔ جبکہ ایک روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ اس سے پہلے بھی مدینہ طیبہ کے انصار کرام نے بطور خود آپس میں یہ طے کر لیا تھا کہ ہفتہ میں ایک دن مل کر، اجتماعی عبادت کریں گے۔ اس غرض کے لیے انہوں نے یہودیوں کے سبت (ہفتہ) اور عیسائیوں کے اتوار کو چھوڑ کر جمعہ کا انتخاب کر لیا تھا اور پہلا جمعہ حضرت اسعد بن زرارہ نے بنی بیاضہ کے محلّہ میں خطبہ دے کر پڑھایا تھا جس میں چالیس مسلمان شریک ہوئے تھے۔ بہرحال اسلام کا پہلا جمعہ مدینہ طیبہ میں ہجرتِ نبوی سے قبل ہی پڑھا دیا گیا تھا۔ خواہ انصار نے خود اس کا فیصلہ

یا یا مہاجرین کو حکمِ نبوی پہنچا اور اب نمازِ جمعہ ادا کی گئی۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مسلمانوں کی ایمانی بصیرت نے دو چیزوں کی طرف ان کی رہنمائی کی۔ ایک یہ کہ انہیں ہفتہ میں ایک روز اجتماعی نماز و دعا اور ذکر و شکرِ خدا کے لیے مخصوص کرنا چاہیے۔ دوسری یہ کہ وہ دن، ہفتہ اور اتوار کے علاوہ کوئی اور دن ہو تاکہ مسلمانوں کا شعارِ ملت اور ملی انفرادیت، یہود و نصاریٰ کے ملی شعار سے ممتاز و متمیز ہو اور شعارِ اسلامی اور اسلامی انفرادیت نمایاں اور برقرار رہے۔ اور یہ صحابہ کرام کی اسلامی ذہنیت کا ایک عجیب کرشمہ ہے کہ بسا اوقات، کسی حکمِ شرعی کے نازل ہونے سے پہلے ہی ان کا ذوق کہہ دیتا تھا کہ اسلام کی روحانیت، فلاں چیز کا تقاضا کر رہی ہے۔ غرض اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرام کے اس اجتہاد پر مہرِ تصدیق ثبت کر دی اور اس وقت سے اس کے نام کو مقبولیت تام اور شہرتِ دوام حاصل ہو گئی۔

رسول اکرم نورِ مجسم صلی اللہ علیہ وسلم جب ہجرت فرما کر مدینہ طیبہ تشریف لائے تو بارہ ربیع الاول اھ بروز دوشنبہ، چاشت کے وقت مقام قبا میں (کہ نواحی مدینہ میں ایک بستی ہے) قیام فرمایا، مسجدِ قبا کی بنیاد رکھی اور دوشنبہ سہ شنبہ چہار شنبہ اور پنج شنبہ یہیں اقامت گزیں رہے۔ یعنی یہاں سے روانگی کے لیے آپ نے قصداً جمعہ کا روز متعین فرمایا اور بروز جمعہ عزم روانگی کیا۔ بنی سالم کے محلّہ میں پہنچے تو جمعہ کا وقت آ گیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہیں توقف فرمایا۔ خطبۂ جمعہ ارشاد فرمایا اور نمازِ جمعہ پڑھائی۔ یہ پہلا جمعہ ہے جو حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں کو پڑھایا۔

چند فضائل

جمعہ کا دن سیّد الایام ہے، اس کے فضائل، احادیثِ کریمہ میں وارد ہیں جن کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ:

(۱) جمعہ کا دن ان تمام دنوں سے بہتر ہے جن پر آفتاب نے طلوع کیا۔

(۲) اسی روز آدم علیہ السلام پیدا کیے گئے اسی روز جنت میں داخل کیے گئے، اسی

روز انہیں جنت سے اترنے کا حکم ہوا اور اسی روز انتقال فرمایا اور اسی روز ان کی توبہ قبول ہوئی۔

(۳) اسی روز صعقہ ہے (پہلی بار صور پھونکا جانا) اور اسی میں نفخہ ہے (دوسری بار صور کا پھونکا جانا) یعنی قیامت جمعہ کے روز قائم ہوگی۔ جمعہ کی رات روشن رات ہے اور جمعہ کا دن چمکدار دن۔

(۴) روزِ جمعہ میں ایک ساعت ایسی ہے کہ مسلمان بندہ اگر اسے پالے اور اس وقت اللہ تعالیٰ سے بھلائی کا سوال کرے تو وہ اسے دے گا۔ اور اس کا سوال پورا کرے گا جب تک حرام کا سوال نہ کرے۔

(۵) جمعۃ المبارک ہی وہ بابرکت دن ہے جس کے بارے میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ "جمعہ کے روز مجھ پر درود کی کثرت کرو کہ تمہارا درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے۔" لوگوں نے عرض کی "یارسول اللہ! (صلی اللہ علیہ وسلم) اس وقت حضور پر ہمارا درود کیونکر پیش کیا جائے گا جبکہ حضور انتقال فرما چکے ہوں گے۔" فرمایا کہ "اللہ تعالیٰ نے زمین پر انبیاء کے جسم کھانا حرام کر دیا ہے تو اللہ کا نبی زندہ ہے روزی دیا جاتا ہے۔"

(۶) اسی بابرکت دن کے لیے ارشاد فرمایا کہ جو مسلمان جمعہ کے دن یا جمعہ کی رات میں مرے گا اسے فتنۂ قبر و عذابِ قبر سے بچالیا جائے گا اور قیامت کے دن اس طرح آئے گا کہ اس پر شہیدوں کی مہر ہوگی۔ اس کے لیے شہید کا اجر لکھا جائے گا اور خدا سے اس حال میں ملے گا کہ اس پر کچھ حساب نہ ہوگا۔

(۷) ترمذی ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی کہ انہوں نے یہ آیت پڑھی:

"آج میں نے تمہارا دین کامل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت تمام کر دی اور تمہارے لیے اسلام کو دین پسند فرمایا۔"

ان کی خدمت میں ایک یہودی حاضر تھا۔ اس نے کہا یہ آیت ہم پر نازل ہوتی تو ہم اس دن کو عید بناتے (اور عید کی سی خوشیوں کا سماں پیدا کرتے) ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا "یہ آیت دو عیدوں کے دن اتری، جمعہ اور عرفہ کے دن۔" یعنی

ہمیں اس دن کو عید بنانے کی ضرورت نہیں کہ اللہ عزوجل نے جس دن یہ آیت اتاری اس دن دوہری عید تھی کہ جمعہ و عرفہ یہ دونوں دن مسلمانوں کے عید کے دن ہیں اور اس دن یہ دونوں جمع تھے کہ جمعہ کا دن تھا اور ذی الحجہ کی نویں تاریخ۔

الحاصل: جمعہ کا روز وہ بابرکت، مبارک و منور دن ہے جو اپنے جلو میں بڑی سعادتیں، برکتیں اور نورانیت لے کر طلوع ہوتا ہے اور یہ سعادتیں، یہ برکتیں، یہ نورانیت، یہ پاکیزگی، سب صدقہ ہے حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کا جو ان کی امت مرحومہ کے ساتھ مخصوص فرمایا گیا۔ اسی لیے اس روز، خصوصاً نماز جمعہ کا ادا کرنا، خیر و برکات کے دروازے کھولنا ہے اور اس سے غفلت برتنا، محرومیوں میں گرفتار ہو جانا ہے۔

حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ "جس نے اچھی طرح وضو کیا، پھر جمعہ کو آیا اور خطبہ سنا اور چپ رہا۔ اس کے لیے مغفرت ہو جائے گی ان گناہوں کی جو اس جمعہ اور دوسرے جمعہ کے درمیان ہیں اور تین دن اور۔ اور یہ اس وجہ سے ہے کہ اللہ عزوجل فرماتا ہے جو ایک نیکی کرے اس کے لیے دس مثل ہے۔ (مسلم و طبرانی وغیرہ)

اور ترمذی شریف میں ہے کہ "جس کے قدم، اللہ کی راہ میں گرد آلود ہوں وہ آگ پر حرام ہیں۔" حضور کا یہ ارشاد مبارک نمازِ پنجگانہ کے لیے عموماً اور نمازِ جمعہ کے لیے خصوصاً ہے اور جب قدم قدم پر نیکیوں اور مغفرت و بخشش کی بشارتیں دی جا رہی ہیں تو ظاہر ہے کہ جو اس سے جی چرائے اور یہ مبارک دن غفلت و لاپرواہی میں گزار دے وہ خود ہی اپنی محرومی اور آخرت میں اپنی حرماں نصیبی کا سامان، خود اپنے ہاتھوں پیدا کر رہا ہے۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ "جو شخص تین جمعے سستی کی وجہ سے چھوڑ دے اللہ تعالیٰ اس کے دل پر مہر کر دے گا۔" (کہ نیکی کی اس کی نگاہوں میں وقعت ہو گی اور نہ وہ نیکی کی طرف دل سے متوجہ ہو گا) اور ابن خزیمہ کی روایت میں ہے کہ "جو تین جمعے بلا عذر چھوڑ دے وہ منافق ہے۔" اور رزین کی روایت

میں ہے۔ "وہ اللہ سے بے علاقہ ہے۔" اور طبرانی کی روایت ہے کہ "وہ منافقین میں لکھ دیا جاتا ہے۔" اور صحیح مسلم شریف میں ابنِ مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی کہ فرماتے ہیں: حضور صلی اللہ علیہ وسلم "میں نے قصد کیا کہ ایک شخص کو نماز پڑھانے کا حکم دوں اور جو لوگ جمعہ سے پیچھے رہ گئے ہیں ان کے گھروں کو جلا دوں۔" دل کی آنکھیں کھلی ہوں تو آدمی گھریلو زندگی پر نظر ڈال کر بآسانی معلوم کر سکتا ہے کہ گھروں میں جو کج معنوی کی آگ لگی ہوئی ہے اس کی اصل وجہ کیا ہے۔

چند ضروری مسائل

جمعہ پڑھنے کے لیے چھ شرطیں ہیں کہ ان میں سے ایک شرط بھی مفقود ہو تو جمعہ ہوگا ہی نہیں۔

(۱) وہ جگہ مصر یا فنائے مصر ہو اور شرعاً مصر وہ جگہ ہے جس میں متعدد کوچے اور بازار ہوں اور وہ ضلع یا پرگنہ ہو اور وہاں کوئی حاکم ہو کہ اپنے دبدبہ اور سطوت کے سبب مظلوم کا انصاف ظالم سے لے سکے۔ اور مصر کے آس پاس کی جگہ، جو مصر کی مصلحتوں کے لیے ہو اسے فنائے مصر کہتے ہیں جیسے قبرستان، گھڑدوڑ کا میدان، فوج کے رہنے کی جگہ، کچہریاں، اسٹیشن وغیرہ۔ کہ یہ چیزیں شہر سے باہر ہوں تو فنائے مصر میں ان کا شمار ہے اور وہاں جمعہ جائز۔ لہٰذا جمعہ یا شہر میں پڑھا جائے یا قصبہ میں، یا ان کی فنا میں، اور گاؤں میں قائم کرنا جائز نہیں۔ (غنیہ وغیرہا) اگر دیہات میں جمعہ پڑھیں گے، گناہگار ہوں گے اور ظہرِ ذمہ سے ساقط نہ ہوگی۔ البتہ جاہل عوام اگر پڑھتے ہوں تو ان کو منع کرنے کی ضرورت نہیں کہ عوام جس طرح اللہ و رسول کا نام لے لیں، غنیمت ہے۔ (فتاویٰ رضویہ) تو انہیں روکنے کے معنی یہ ہوں گے کہ وہ جو خدا اور رسول کا نام لیتے ہیں اسے بھی چھوڑ بیٹھیں۔

(۲) سلطانِ اسلام یا اس کا نائب، جسے جمعہ قائم کرنے کا حکم دیا گیا ہو۔

جمعہ کو اور نمازوں کی طرح سمجھ بیٹھنا اور جہاں چاہنا جمعہ قائم کر لینا اور جسے چاہنا

اسے امامت کے لیے مقرر کردینا، یہ محض شریعت سے ناواقفی ہے اور ناجائز و گناہ۔ ایسا جمعہ نہیں سے ثابت نہیں۔

(۳) وقتِ ظہر۔ یعنی وقتِ ظہر میں نماز پوری ہو جائے۔

(۴) خطبہ جمعہ۔ اور اس میں شرط یہ ہے کہ وقت میں ہو۔ نماز سے پہلے ہو، اور ایسی جماعت کے ساتھ ہو جو جمعہ کے لیے شرط ہے۔ یعنی کم از کم خطیب کے سوا تین مرد۔ اور اتنی آواز سے ہو کہ پاس والے سن سکیں۔

(۵) جماعت۔ یعنی امام کے علاوہ کم سے کم تین مردوں کا موجود ہونا۔ اگرچہ وہ مسافر ہوں، یا بیمار، یا کوتکے، یا ان پڑھ۔ ہاں صرف عورتیں یا بچے ہوں تو جمعہ نہیں ہوگا۔

(۶) اذنِ عام۔ یعنی وہاں جمعہ پڑھنے کے لیے آنے والوں پر کوئی روک ٹوک نہ ہو۔ جس مسلمان کا جی چاہے آئے، لوگ خواہ آئیں یا نہ آئیں۔ (عامہ کتب)

ہاں اگر عورتوں کو مثلاً مسجد جامع سے روک دیا جائے تو یہ اذنِ عام کے خلاف نہ ہوگا کہ ان کے آنے میں خوفِ فتنہ ہے۔ (ردالمحتار)

جمعہ واجب ہونے کے لیے گیارہ شرطیں ہیں۔ ان میں سے ایک بھی معدوم ہو تو جمعہ فرض نہیں۔ پھر بھی اگر پڑھے گا تو ہو جائے گا۔ بلکہ مرد عاقل و بالغ کے لیے جمعہ پڑھنا افضل ہے اور عورت کے لیے گھر میں نمازِ ظہر پڑھنا افضل۔ ہاں اگر عورت کا مکان، بالکل مسجد سے متصل ہے کہ گھر میں امام مسجد کی اقتداء کی جاسکے تو اس کے لیے بھی جمعہ افضل ہے۔ (درمختار وغیرہ)

(۱) شہر میں قیام ہونا۔ (۲) نمازی کا صحت مند ہونا۔ یعنی مریض پر جمعہ فرض نہیں اور مریض سے مراد وہ مرد ہے کہ مسجد جمعہ تک نہ جاسکے یا چلا جائے گا تو مرض بڑھ جائے گا یا دیر میں اچھا ہوگا اور شیخ فانی مریض کے حکم میں ہے۔ (درمختار وغیرہ) (۳) آزاد ہونا، تو غلام پر جمعہ فرض نہیں۔ (۴) مرد ہونا۔ (۵) عاقل ہونا۔ (۶) بالغ ہونا اور یہ دونوں شرطیں، خاص جمعہ کے لیے نہیں بلکہ ہر عبادت کے وجوب میں مکلف یعنی عاقل بالغ ہونا شرط ہے۔ (۷) انکھیارا ہونا، تو وہ نابینا جو خود مسجدِ جمعہ تک بلا تکلف نہ جاسکتا ہو اس پر جمعہ فرض نہیں۔ ہاں جو نابینا بلا تکلف کسی کی مدد کے بغیر بازاروں راستوں میں چلتے

پھرتے ہیں اور جس مسجد میں چاہیں بلا پوچھے جا سکتے ہیں' ان پر جمعہ فرض ہے۔ (ردالمحتار)
(۸) چلنے پر قادر ہونا۔ لہٰذا اپاہج پر جمعہ فرض نہیں اور جس کا ایک پاؤں کٹ گیا ہو یا فالج سے بیکار ہو گیا ہو اگر مسجد تک جا سکتا ہو تو اس پر جمعہ فرض ہے ورنہ نہیں۔ (ردالمحتار)
(۹) قید میں نہ ہونا۔ (۱۰) بادشاہ یا چور وغیرہ کسی ظالم کا خوف نہ ہونا اور مفلس' قرض دار کو اگر اپنی گرفتاری و قید کا اندیشہ ہو تو اس پر فرض نہیں۔ (ردالمحتار) (۱۱) مینہ یا آندھی یا اولے یا سردی کا نہ ہونا' یعنی اس قدر کہ ان سے نقصان کا خوف صحیح ہو۔

بعض دیگر مسائل

(۱۲) مریض یا مسافر یا قیدی یا کوئی اور جس پر جمعہ فرض نہیں' ان لوگوں کو جمعہ کے دن شہر میں جماعت کے ساتھ ظہر پڑھنا مکروہ تحریمی و گناہ ہے۔ خواہ جمعہ ہونے سے پیشتر جماعت کریں یا بعد میں۔ یونہی جن لوگوں کو جمعہ نہ ملا' وہ بھی بغیر اذان و اقامت' ظہر کی نماز' تنہا تنہا پڑھیں جماعت ان کے لیے بھی ممنوع ہے۔ اسی لیے علماء فرماتے ہیں کہ جن مسجدوں میں جمعہ نہیں ہوتا انہیں جمعہ کے دن ظہر کے وقت بند رکھیں۔ (درمختار) البتہ گاؤں میں جمعہ کے دن بھی ظہر کی نماز اذان و اقامت کے ساتھ باجماعت پڑھیں۔
(عالمگیری)

(۱۳) نماز جمعہ کے لیے پیشتر سے جانا کہ صفِ اول میں' امام سے زیادہ قریب جگہ ملے' ثوابِ عظیم کا موجب ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن غسل کرے جیسے جنابت کا غسل ہے۔ (یعنی بدن خوب مل مل کر میل کچیل دور کرے اور صاف ستھرا ہو جائے) پھر پہلی ساعت میں جائے تو گویا اس نے اونٹ کی قربانی کی اور جو دوسری ساعت میں گیا اس نے گویا گائے کی قربانی کی اور جو تیسری ساعت میں گیا اس نے سینگ والے مینڈھے کی قربانی کی (جو افضل ہے) اور جو چوتھی ساعت میں گیا' گویا اس نے مرغی نیک کام میں خرچ کی۔ اور جو پانچویں ساعت میں گیا گویا اس نے انڈا خرچ کیا پھر جب امام خطبہ کو نکلا تو ملائکہ ذکر سننے حاضر ہو جاتے ہیں۔ اپنا دفتر لپیٹ لیتے ہیں

(اور یوں وہ اس ثواب سے محروم رہ جاتا ہے) یونہی نماز جمعہ کے لیے مسواک کرنا کہ منہ میں بدبو باقی نہ رہے) اچھے اور سفید کپڑے پہننا (کہ میلے کچیلے کپڑے پہننا یوں بھی باعث نفرت ہے) تیل اور خوشبو لگانا (تاکہ تنفر کا سبب ختم ہو اور باہم مل کر بیٹھنے میں طبیعت نہ اکتائے اور دل نہ گھبرائے) اور پہلی صف میں بیٹھنا (کہ امام سے قربت و نزدیکی کا ثواب بھی مفت ہاتھ آئے) مستحب ہے۔ اور غسل کرنا سنت (کہ اس سے جمعہ کا شوق بھی پیدا ہوتا ہے اور نماز بھی کامل ادا ہوتی ہے) (عالمگیری وغیرہ)

(۱۴) جب امام خطبہ کے لیے کھڑا ہو، اس وقت سے ختمِ نماز تک، نماز و اذکار اور ہر قسم کا کلام ممنوع و حرام ہے۔ البتہ صاحبِ ترتیب اپنی قضا نماز پڑھ لے۔ یونہی جو شخص سُنّت یا نفل پڑھ رہا ہے جلد جلد، (برعایت سُنّت) نماز پوری کر لے۔ (در مختار)

(۱۵) جو چیزیں نماز میں حرام ہیں مثلاً کھانا پینا، سلام و جواب سلام، یہ سب خطبہ کی حالت میں بھی حرام ہیں۔ جب خطبہ پڑھا جائے تو تمام حاضرین پر سننا اور خاموش رہنا فرض ہے۔ یہاں تک کہ جو لوگ امام سے دور ہوں کہ خطبہ کی آواز ان تک نہیں پہنچتی انہیں بھی چپ رہنا واجب ہے اگر کسی کو بری بات کرتے دیکھیں تو ہاتھ یا سر کے اشارے سے منع کر سکتے ہیں، زبان سے ناجائز ہے۔ (در مختار)

دیکھا جاتا ہے کہ لوگ نمازِ جمعہ میں ایسے ناسمجھ بچوں کو بھی ہمراہ لے آتے ہیں جنہیں نماز و احترام مسجد کا ذرا بھی شعور نہیں ہوتا، وہ عین حالتِ خطبہ و نماز میں مسجد میں ادھر ادھر بھاگتے، شور مچاتے اور خطبہ یا نمازیوں کی نمازوں میں خلل انداز ہوتے ہیں لیکن ان سے زیادہ ناسمجھ وہ ہیں جو اسی حالت میں انہیں ڈانٹ ڈپٹ شروع کر دیتے ہیں اور خود مبتلائے گناہ ہوتے ہیں۔

(۱۶) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا نام پاک خطیب نے لیا یا آیۂ کریمہ ان اللہ و ملئکتہ (الآیہ) پڑھی تو حاضرین دل میں درود شریف پڑھیں۔ زبان سے پڑھنے کی اس وقت اجازت نہیں۔ یونہی صحابہ کرام کے ذکر پر اس وقت رضی اللہ تعالیٰ عنہم زبان سے کہنے کی اجازت نہیں۔ اسی طرح رب عزوجل کا نام اقدس سن کر، جل جلالہ و عزشانہ زبان سے کہنے کی اجازت نہیں کہ بحالتِ خطبہ (اگرچہ وہ عیدین کا اگرچہ نکاح کا

خطبہ ہو) سلام و کلام مطلقاً حرام ہے اور سکوت فرض۔ ہاں دل میں کہیں کہ حکمِ انصات پر عمل رہے۔ (در مختار وغیرہ)

(۱۷) عربی کے علاوہ کسی اور زبان میں خطبہ پڑھنا، یا عربی کے ساتھ دوسری زبان خطبہ میں خلط کرنا، سنتِ متوارثہ کے خلاف اور مکروہ ہے کہ مسلمانوں میں ہمیشہ خالص عربی میں خطبہ زمانہ قدیم سے معمول رہا ہے تو اسی کی پیروی کرنی چاہیے۔ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے زمانہ میں بحمد اللہ تعالیٰ ہزاروں عجمی شہر فتح ہوئے، ہزاروں عجمی حاضر ہوئے مگر کبھی منقول نہیں کہ صحابہ کرام نے ان کی غرض سے خطبہ، غیر عربی میں پڑھا، یا اس میں دوسری زبان کو خلط کیا ہو۔ رہا یہ عذر کہ عربی ہماری سمجھ میں نہیں آتی تو جب صحابہ کرام کے نزدیک قابل لحاظ نہ تھا تو اب کیوں اور کیسے مان لیا جائے۔ بات یہ ہے کہ شریعت مطہرہ نے علم سیکھنا سب پر واجب کیا، عوام کہ نہیں سمجھتے اس کا سبب یہ ہے کہ نہیں سیکھتے تو قصور ان کا ہے نہ کہ خطیب کا۔ عوام الناس قرآن مجید بھی تو نہیں سمجھتے تو کیا ان کے لیے ان کے لحاظ سے قرآن اردو میں پڑھا جائے۔ (فتاوی رضویہ وغیرہ) کیسی حسرت ناک ہے یہ بات کہ لوگ انگریزی زبان پر اندھے باؤلے ہو کر گرتے ہیں کہ دو پیسے کمانے کی امید ہے اور عربی کہ ان کا دین عربی، نبی عربی، کتاب عربی، اتنی بھی نہیں سیکھتے کہ اپنا دین سمجھ سکیں۔ گویا عربی جس میں دین ہے ایمان ہے اس سے کوئی غرض نہیں۔ اللہ تعالیٰ توفیق و ہدایت بخشے۔ (آمین)

(۱۸) علاوہ جمعہ کے باقی دنوں میں ہر روز بارہ رکعتیں سنتِ مؤکدہ ہیں لیکن جمعہ کے روز، جمعہ پڑھنے والے پر چودہ رکعتیں ہیں۔ یعنی دو رکعت نماز فجر سے پہلے، دو بعد مغرب اور دو بعد عشاء اور چار جمعہ سے پہلے چار بعد جمعہ۔ اور افضل یہ ہے کہ جمعہ کے بعد چار رکعت سنت مؤکدہ پڑھے، پھر دو اور۔ تاکہ دونوں حدیثوں پر عمل ہو جائے۔ (غنیہ)

(۱۹) عوام میں معمول ہے کہ خطیب، آخر خطبہ میں جب ان لفظوں پر پہنچتا ہے وَلَذِكْرُ اللّٰهِ تَعَالٰى اَعْلٰى تو اس کے سنتے ہی لوگ نماز کے لیے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ یہ حرام ہے کہ ہنوز خطبہ ختم نہیں ہوا، چند الفاظ باقی ہیں اور خطبہ کی حالت میں

کوئی عمل حرام ہے۔ (فتاویٰ رضویہ)

(۲۰) رمضان المبارک کے آخری جمعہ کو، عوام الناس جمعۃ الوداع کہتے ہیں اور خطبوں میں الوداعیہ کلمات پڑھے جاتے ہیں۔ اس کا نہ کوئی حکمِ شرعی ہے اور نہ اس سے روکنا حکمِ شرعی۔ سچی الوداع یہ ہے کہ رمضان شریف کے آنے سے خوش ہو اور جانے سے غمگین۔ اور اگر یہ حالت ہو کہ آنا بار تھا اور جانے کے لیے گھڑیاں گنیں تو جھوٹی الوداع ہے۔ (فتاویٰ رضویہ)

جمعہ کے دن یا رات میں مرنے کے فضائل

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں:

(۱) جو مسلمان جمعہ کے دن یا جمعہ کی رات میں مرے گا، اللہ تعالیٰ اسے فتنۂ قبر سے بچالے گا۔ (ترمذی)

(۲) اللہ تبارک و تعالیٰ کسی مسلمان کو جمعہ کے دن بے مغفرت نہ چھوڑے گا۔ (طبرانی)

(۳) جو جمعہ کے دن مرے گا اس کے لیے شہید کا اجر لکھا جائے گا۔ (اس پر شہیدوں کی مہر ہوگی)

(۴) جو مسلمان مرد یا عورت، جمعہ کے دن یا جمعہ کی رات میں مرے، عذابِ قبر اور فتنۂ قبر سے بچالیا جائے گا اور خدا سے اس حال میں ملے گا کہ اس پر کچھ حساب نہ ہوگا اور اس کے ساتھ گواہ ہوں گے کہ اس کے لیے گواہی دیں گے۔ (مولائے کریم ہر سنی مسلمان کو اپنے کرمِ خاص سے نوازے، آمین)

فائدہ: جمعہ کے دن روحیں جمع ہوتی ہیں لہٰذا اس میں زیارت قبور کرنی چاہیے اور اس روز جہنم نہیں بھڑکایا جاتا۔ (درمختار) ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ جب عید یا جمعہ یا عاشورے کا دن یا شب برأت ہوتی ہے، اموات کی روحیں آکر اپنے گھروں کے دروازوں پر کھڑی ہوتی اور کہتی ہیں۔ ہے کوئی کہ ہمیں یاد کرے، ہے

کوئی کہ ہم پر ترس کھائے، ہے کوئی کہ ہماری غربت کی یاد دلائے۔ (یعنی ہماری غریبی میں ہم پر ترس کھائے اور ہمارے لیے صدقہ و خیرات اور دعائے مغفرت کرے) رَبَّنَا اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ۔

عیدین کا بیان

اسلام وہ پیغام محبت ہے جو بچھڑے ہوؤں کو ملاتا، بیگانوں کو یگانہ اور آشناؤں کو صدیق، شناساؤں کو، دو جسم یک جان بنا دیتا ہے۔ احکامِ اسلام پر غور کیجئے بادنیٰ تامل معلوم ہو جائے گا کہ اسلام کا منشا یہی ہے کہ بنی آدم، ایک دوسرے سے لاتعلق نہ رہیں، اپنی ہی ذات میں گم نہ ہوں، بلکہ افرادِ مختلفہ، ملتِ واحدہ بن کر کلمۂ واحدہ پر جمع ہو جائیں، تاکہ ایک ہی رسول، ایک ہی قرآن، ایک ہی کعبہ پر ایمان رکھنے والے ظاہر بیں نگاہوں میں بھی ایک ہی سطح پر متحد و متفق اور ایک دوسرے کے بہی خواہ، نظر آئیں اور دنیا والے اس اتحاد معنوی میں کوئی اختلافِ ظاہری محسوس نہ کر سکیں۔ اسلام میں جبلہ اہلِ محلّہ میں محبّت و اتحاد پیدا کرنے اور اسے ان میں قائم و دائم رکھنے کے لیے پنجگانہ نمازوں کے وقت، اہل محلّہ پر، محلّہ کی مسجد میں جمع ہو کر نماز ادا کرنا واجب کیا گیا ہے۔ اہلِ شہر میں محبت و تعلقات بڑھانے کے لیے ہفتہ میں ایک بار ان کا مسجد جامع میں اکٹھا ہو کر نمازِ جمعہ ادا کرنا ضروری و لازمی ٹھہرایا گیا ہے۔ تو ضروری تھا کہ شہری باشندوں، بلکہ قُرب و جوار کے رہنے والوں میں تعارف و تعلق اور محبّت و شناسائی قائم کرنے اور مستحکم رکھنے کے لیے بھی کوئی اہتمام کیا جائے جبکہ اسلامی عالم میں رابطۂ دین کے مستحکم و مضبوط کرنے کے لیے مختلف ملکوں کے اشخاص کو دینِ واحد کی وحدت میں شامل ہونے کے لیے عمر بھر میں ایک بار، ان تمام مسلمانوں پر جو وہاں جانے کی استطاعت رکھتے ہیں، حج کعبتہ اللہ فرض کیا گیا ہے۔ تو اہلِ شہر اور دیہاتِ قُرب و جوار میں اسی شناسائی اور مودت و محبّت اور تعلق کو پیدا کرنے کے لیے سال میں دو بار عیدین کی نماز کو سنن ھدیٰ بلکہ لازم قرار دیا گیا ہے۔ ہر دو موقعوں پر دیہات والے شہروں کی طرف آتے

ہیں اور شہر والے شہر سے باہر نکل کر ان سے ملاقات کرتے اور سب مل جل کر عبادتِ الٰہی ادا کرتے ہیں۔

ابوداؤد میں مروی ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم جب مدینہ طیبہ تشریف لائے اس زمانے میں اہلِ مدینہ سال میں دو دن خوشی کرتے تھے۔ آپ کان و نیوزا فرمایا یہ کیا دن ہیں؟ لوگوں نے عرض کی "جاہلیت میں ہم لوگ ان دنوں میں خوشیاں منایا کرتے تھے۔" فرمایا "اللہ تعالیٰ نے ان کے بدلے ان سے بہتر دو دن تمہیں دیئے، عیدالاضحیٰ اور عیدالفطر کے دن۔"

تو اسلام نے ان ایام میں تجمل و زیب و زینت اور رکھ رکھاؤ کو تو باقی رکھا۔ البتہ زمانۂ جاہلیت کی خصوصیات، یعنی لہو و لعب اور کھیل کود میں مصروفیات کو ختم کر دیا اور جشن کے ان ایام کو خدائے بزرگ و برتر کی اجتماعی عبادت کے ایام بنا دیا۔ تاکہ ان کا یہ تجمل و اجتماع یادِ الٰہی سے غفلت میں بسر نہ ہو۔ ایک طرف ان کی دنیاوی فرحت و انبساط کے اہتمام کی اجازت دی تو دوسری جانب بندگی کے دروازے ان پر کھول دیئے کہ یادِ الٰہی سے بھی غافل نہ رہیں اور اسلامی برادری سے شناسائی کے مواقع بھی ہاتھ سے نہ جانے دیں۔

غرض اسلامی تہوار بھی، لہو و لعب اور ہنگامہ آرائی کے ذریعے نہیں بلکہ دوسری تمام اقوام سے اس اعتبار سے منفرد ہیں کہ وہ فرحت و نشاط کا ذریعہ بھی ہیں اور وحدت و اجتماعیت اور ایثار و قربانی اور اجتماعی عبادتوں کا وسیلہ بھی۔ والحمدللہ۔ عید کی نماز بھی مدینہ ہی میں آکر قائم ہوئی لیکن جس سال آپ تشریف لائے اس سال نہیں بلکہ ۲ھ میں اس کا قیام عمل میں آیا جس کی وجہ یہ ہے کہ عید کی نماز روزۂ رمضان کے تابع ہے اور رمضان کے روزے دوسرے سال فرض ہوئے۔ اور عید کہتے ہیں اس خوشی کو جو بار بار لوٹ کر آئے۔

چند احادیثِ کریمہ

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں:

(۱) جو عیدین کی راتوں میں قیام کرے (نماز و عبادات میں گزارے) اس کا دل نہ مرے گا جس دن لوگوں کے دل مریں گے۔ (ابن ماجہ)

(۲) ترمذی و ابن ماجہ وغیرہما روایت کرتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عیدالفطر کے دن کچھ کھا کر نماز کے لیے تشریف لے جاتے اور عید الاضحیٰ میں نہ کھاتے جب تک نماز نہ پڑھ لیتے۔

(۳) امام بخاری کی روایت حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم عیدالفطر کے دن تشریف نہ لے جاتے جب تک چند کھجوریں نہ تناول فرماتے اور وہ طاق ہوتیں۔

(۴) ترمذی و دارمی نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم عید (کی نماز) کو ایک راستہ سے تشریف لے جاتے اور دوسرے سے واپس ہوتے۔

(۵) بخاری و مسلم میں ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عید کی نماز دو رکعت پڑھی نہ اس سے قبل نماز پڑھی نہ اس کے بعد۔

مسائلِ فقہیّہ

(۱) عیدین کی نماز واجب ہے مگر سب پر نہیں بلکہ انہیں پر واجب ہے جن پر جمعہ واجب ہے اور اس کی ادا کی وہی شرطیں ہیں جو جمعہ کے لیے ہیں۔ فرق صرف اتنا ہے کہ جمعہ میں خطبہ شرط ہے عیدین میں سنت، جمعہ کا خطبہ قبل نماز ہے اور عیدین کا بعد نماز اور عیدین میں نہ اذان ہے نہ اقامت۔ (عالمگیری وغیرہ)

(۲) بلاوجہ عید کی نماز چھوڑنا گمراہی و بدعت ہے اور گاؤں میں پڑھنا مکروہ تحریمی ہے۔ (عالمگیری وغیرہ)

(۳) نماز عید سے قبل نفل نماز مطلقاً مکروہ ہے۔ یعنی عید گاہ میں ہو یا گھر میں، اس پر عید کی نماز واجب ہو یا نہ ہو۔ یہاں تک کہ عورت اگر چاشت کی نماز گھر میں پڑھنا چاہے تو نماز ہو جانے کے بعد پڑھے۔ اور نماز عید کے بعد عید گاہ میں نفل پڑھنا مکروہ ہے۔ گھر میں پڑھ سکتا ہے۔ اور عوام الناس اگر پڑھیں، اگرچہ نمازِ عید سے پہلے، اگرچہ عید گاہ میں، انہیں منع نہ کیا جائے۔ (درمختار وغیرہ)

(۴) عید کے دن یہ امور مستحب ہیں:

حجامت بنوانا، ناخن ترشوانا، غسل کرنا، مسواک کرنا، اچھے کپڑے پہننا نیا ہو تو نیا ورنہ دھلا ہوا، انگوٹھی پہننا، خوشبو لگانا، صبح کی نماز مسجد محلّہ میں پڑھنا، عید گاہ جلد چلا جانا، نماز سے پہلے صدقۂ فطر ادا کرنا، عید گاہ کو پیدل جانا، دوسرے راستہ سے واپس آنا، نماز کو جانے سے پیشتر چند کھجوریں کھالینا جو طاق ہوں۔ کھجوریں نہ ہوں تو کوئی میٹھی چیز کھالے۔ جیسا کہ عموماً ان بلاد میں شیرخرمے کا رواج ہے۔ خوشی ظاہر کرنا، کثرت سے صدقہ دینا، عید گاہ کو اطمینان و وقار سے اور نیچی نگاہ کیے جانا، آپس میں مبارک باد دینا، معانقہ کرنا کہ یہ بھی اظہار خوشی کا ایک طریقہ ہے۔ بعد نمازِ عید مصافحہ و معانقہ کرنا جیسا کہ عموماً مسلمانوں میں رائج ہے کہ اس میں اظہار مسرت ہے۔ (درمختار و عالمگیری وغیرہ)

(۵) عیدالاضحیٰ یعنی بقرعید، تمام احکام میں عیدالفطر کی طرح ہے۔ فرق اتنا ہے کہ اس میں نماز سے پہلے کچھ نہ کھائے اگرچہ قربانی نہ کرے اور کھالیا تو کراہت نہیں۔ دوسرے یہ کہ عیدالفطر میں راستہ میں بلند آواز سے تکبیر نہ کہے اور عیدالاضحیٰ میں راستہ میں بلند آواز سے تکبیر کہتا جائے یعنی اَللّٰہُ اَکْبَرُ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ۔

(۶) کسی عذر کے سبب، عید کی نماز نہ ہو سکی (مثلاً سخت بارش ہوئی، یا ابر کے سبب چاند نہیں دیکھا گیا تھا اور گواہی ایسے وقت گزری کہ نماز نہیں ہو سکتی) تو دوسرے دن پڑھی جائے اور دوسرے دن بھی نہ ہوئی تو عیدالفطر کی نماز تیسرے دن نہیں ہو سکتی،

جبکہ عیدالاضحیٰ کی نماز، عذر کی وجہ سے تیسرے دن یعنی بارہویں تک بلاکراہت مؤخر کر سکتے ہیں اس کے بعد پھر نہیں ہو سکتی اور کوئی عذر نہ ہو اور عید الفطر کی نماز پہلے دن نہ پڑھی تو دوسرے دن نہیں پڑھ سکتے۔ اور عیدالاضحیٰ کی نماز بلاعذر دسویں کے بعد مکروہ ہے۔ (عالمگیری)

(۷) پہلی رکعت میں امام کے تکبیر کہنے کے بعد مقتدی شامل ہوا تو اسی وقت تین تکبیریں کہہ لے اور اگر امام کو رکوع میں پایا یا امام رکوع میں چلا گیا تو یہ کھڑے ہو کر تکبیر تحریمہ کہے پھر رکوع میں جا کر تینوں تکبیریں کہہ لے جبکہ کھڑے کھڑے نہ کہہ سکے اور اگر امام کے رکوع سے اٹھنے کے بعد شامل ہوا تو اب تکبیریں نہ کہے بلکہ جب اپنی پڑھے، اس وقت کہے۔ یونہی دوسری رکعت میں شامل ہوا تو پہلی کی تکبیریں اس وقت کہے جب اپنی فوت شدہ رکعت پڑھنے کھڑا ہو۔ (عالمگیری وغیرہ)

نمازِ عید کی ترکیب

نمازِ عید پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے نیت کرے (اور کہے کہ نیت کی میں نے دو رکعت واجب، عیدالفطر یا عیدالاضحیٰ (جس کی نماز پڑھتا ہو) مع چھ تکبیروں کے، واسطے اللہ تعالیٰ کے، منہ میرا کعبہ شریف کی طرف، پیچھے اس امام کے) نیت کر کے کانوں تک ہاتھ اٹھائے۔ یوں کہ ہتھیلیاں قبلہ رُخ رہیں۔ اور اللہ اکبر کہتا ہوا ہاتھ ناف پر باندھ لے پھر ثنا یعنی سبحنک اللھم پڑھے۔ پھر امام کے ساتھ کانوں تک ہاتھ اٹھائے اور اللہ اکبر کہتا ہوا چھوڑ دے۔ پھر ہاتھ اٹھائے اور اللہ اکبر کہتا ہوا چھوڑ دے پھر ہاتھ اٹھائے اور اللہ اکبر کہہ کر ہاتھ باندھ لے۔ یعنی پہلی تکبیر میں ہاتھ باندھے اس کے بعد دوسری اور تیسری تکبیروں میں ہاتھ لٹکائے پھر چوتھی تکبیر میں باندھ لے۔

اس کو یوں یاد رکھنا چاہیے کہ جہاں تکبیر کے بعد کچھ پڑھنا ہے وہاں ہاتھ باندھ لیے جائیں اور جہاں پڑھنا نہیں، وہاں ہاتھ چھوڑ دیئے جائیں۔

پھر امام اعوذ اور بسم اللہ آہستہ پڑھ کر، جہر کے ساتھ یعنی بلند آواز میں الحمد اور

سورت پڑھے گا، مقتدی خاموش رہیں۔ خواہ ان تک آواز آئے یا نہ آئے، ان کا کام دست بستہ خدمت گار بندہ کی مانند خاموش کھڑا رہنا ہے۔

تنبیہ

خواہ مخواہ لاؤڈ اسپیکر کو درمیان میں دخیل بنا کر اپنی نماز کی تباہی کا اہتمام نہ کریں کہ اکثر وہ خراب ہو جاتا ہے اور مقتدیوں کی مٹی پلید ہوتی ہے۔ کوئی قیام میں ہے کوئی رکوع میں، کوئی سجدہ میں ہے کوئی قعود میں۔ غرض افراتفری کا عالم ہوتا ہے اور مانا کہ یہ کچھ نہ ہوا تو اس لاؤڈ اسپیکر کی آواز نے جو ان کے کانوں سے ٹکرا رہی ہے، ثواب و اجر میں کون سا اضافہ کر دیا۔ بلکہ سچ پوچھئے اور انصاف سے سوچئے تو اس کی روں روں ہی توجہ ہٹانے اور التفات بٹانے میں کیا کم ہے جبکہ یہ اندیشے موجود، کہ نہ معلوم نماز ہوئی بھی یا نہیں۔

غرض امام قرأت سے فارغ ہو کر رکوع و سجود کرے گا۔ مقتدی بھی اس کی اقتداء میں رکوع اور پھر سجدے کریں اور پھر دوسری رکعت کے لیے امام کے ساتھ کھڑے ہو جائیں۔ اب امام الحمد اور سورت پڑھے گا۔ مقتدی خاموش رہیں۔ قرأت کے بعد امام تین تکبیریں کہے گا۔ مقتدی بھی اس کا ساتھ دیں۔ تین بار اللہ اکبر کہہ کر، ہر بار ہاتھ چھوڑے رکھیں باندھیں نہیں، اور چوتھی بار بغیر ہاتھ اٹھائے اللہ اکبر کہتے ہوئے امام کے ساتھ رکوع میں جائیں، اس سے معلوم ہوا کہ عیدین کی نماز میں زائد چھ تکبیریں ہیں۔ تین پہلی رکعت میں تکبیرِ تحریمہ کے بعد اور قرأت سے پہلے اور تین دوسری رکعت میں قرأت کے بعد اور تکبیرِ رکوع سے پہلے۔ اور ان چھ تکبیروں میں ہاتھ اٹھائے جائیں گے۔ پھر رکوع، سجود اور التحیات و درود شریف اور دعا پڑھ کر، امام کے ساتھ سلام پھیریں اور اپنی جگہ اطمینان و وقار سے بیٹھے رہیں۔ ابھی ایک اور حکمِ شرعی پر عمل باقی ہے۔

یعنی نماز کے بعد امام دو خطبے پڑھے گا۔ مقتدی غور سے سنیں اور مصافحہ و معانقہ

کے شوق کو حکمِ الٰہی پر غالب نہ آنے دیں کہ خطبہ عیدین کا سننا واجب ہے اور مصافحہ و معانقہ مستحب۔ تو مستحب کی بجا آوری میں ایسے مشغول نہ ہوں کہ واجب چھوٹ جائے اور ترکِ واجب کا وبال نامۂ اعمال میں مرقوم ہو۔ خطبوں کے بعد اجتماعی طور پر دعا کریں اور تمام اہلِ اسلام کے لیے عموماً اور اپنے والدین و اساتذہ و مشائخ کے لیے خصوصاً دعائیں کریں۔ واللہ الموفق للصواب۔

رویتِ ہلال

یعنی

چاند دیکھنے کا بیان

اللہ عزوجل فرماتا ہے:

يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ قُلْ هِيَ مَوَاقِيْتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ۔

اے محبوب! لوگ تم سے ہلال کے بارے میں سوال کرتے ہیں۔ تم فرما دو وہ لوگوں کے کاموں اور حج کیلئے اوقات ہیں۔

نیز ارشاد قرآنی ہے:

وَقَدَّرَهٗ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ۔

(وہی ہے جس نے سورج کو جگمگاتا بنایا اور چاند چمکتا) اور اس کیلئے منزلیں ٹھہرائیں کہ تم برسوں کی گنتی اور حساب جانو۔

سوال کیا گیا کہ یارسول اللہ! چاند کے گھٹنے بڑھنے کی غایت کیا ہے۔ یعنی ابتداء میں چاند بہت باریک طلوع ہوتا ہے۔ پھر تاریخ وار روز بروز بڑھتا ہے، یہاں تک کہ پورا روشن ہو جاتا ہے۔ پھر تاریخ وار گھٹتا ہے اور یہاں تک گھٹتا ہے کہ پہلے کی طرح باریک ہو جاتا ہے، یہاں تک کہ غائب ہو جاتا ہے۔ اس کی غایت و مصلحت کیا ہے؟

اس کے جواب میں قرآن کریم نے ارشاد فرمایا کہ هِیَ مَوَاقِیْتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ یعنی چاند کا طلوع ہونا اور گھٹنا بڑھنا اور پھر آخری مرحلہ میں اس کا غائب ہو جانا تمہارے دنیاوی معاملات اور شرعی حسابات کے لیے علامات ہیں۔ ہزارہا دینی و دنیاوی امور اس سے متعلق ہیں۔ زراعت، تجارت، لین دین کے معاملات، روزے اور عید کے اوقات، عورتوں کی عدتیں، حیض کے ایام، حمل اور دودھ پلانے کی مدتیں، دودھ چھڑانے کے اوقات اور حج کے اوقات اس سے معلوم ہوتے ہیں۔ کیونکہ اول میں جب چاند باریک ہوتا ہے تو دیکھنے والا جان لیتا ہے کہ یہ ابتدائی تاریخ ہیں اور جب چاند پورا روشن ہو جاتا ہے تو معلوم ہو جاتا ہے کہ یہ مہینے کی درمیانی تاریخ ہے اور جب چاند چھپ جاتا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ مہینہ ختم پر ہے۔ اسی طرح ان کے مابین ایام میں، چاند کی حالتیں دلالت و رہنمائی کیا کرتی ہیں۔ پھر مہینوں سے سال کا حساب ہوتا ہے۔

یہ وہ قدرتی جنتری ہے جو آسمان کے صفحہ پر ہمیشہ کھلی رہتی ہے۔ اور ہر ملک اور ہر زبان کے لوگ، پڑھے بھی اور بے پڑھے بھی، شہری بھی اور دیہاتی بھی، خواص بھی اور عوام بھی سب اس سے اپنا حساب معلوم کر لیتے ہیں۔ اور یہی وہ قدرتی جنتری ہے جو آسمان پر نمودار ہو کر دنیا بھر کے لوگوں کو بیک وقت ان کی تاریخوں کا حساب بتاتی رہتی ہے۔

علمائے کرام فرماتے ہیں کہ چاند کی چال کے لیے اٹھائیس منزلیں مقرر ہیں جو بارہ برجوں پر منقسم ہیں۔ ہر برج کے لیے ۲ ۱/۳ منزلیں ہیں۔ چاند ہر شب ایک منزل میں رہتا ہے اور مہینہ تیس دن کا ہو تو دو شب، ورنہ ایک شب چھپتا ہے۔

اور لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِیْنَ وَالْحِسَابَ کو قَدَّرَهٗ سے متعلق رکھنے سے منشائے خداوندی یہی معلوم ہوتا ہے کہ وقت و زمانہ کا حساب کتاب، تقویمِ قمری ہی کے مطابق رکھا جائے اور جب اعمالِ شرعی کا مدار، حسابِ قمر ہی پر ٹھہرا تو اس حسابِ قمری کا اہتمام و انضباط بھی فرض کفایہ ہوا۔ تو جنہیں انگریزی سنہ سے کاروبار رکھنا ضرورت کے درجہ میں آ پڑا ہے، ان کے لیے تو خیر عذر بھی ہے لیکن بلا ضرورت سنہ ہجری قمری کو چھوڑ کر سنہ شمسی مسیحی انگریزی اختیار کر لینا، غیرتِ اسلامی کے منافی اور واقعی بڑے

افسوس کی بات ہے لیکن باایں ہمہ جن احکامِ شرعیہ کا دارومدار، رویتِ ہلال اور قمری مہینے سال سے ہے وہاں عیسوی سال ہرگز معتبر نہ ہوگا۔ مثلاً مسلمان مرد خواہ عورت، جس عربی قمری اسلامی مہینے کی جس تاریخ کو صاحبِ نصاب ہوا اور وہی اسلامی مہینہ دوسرے سال کے آنے تک اس کے پاس مال بقدرِ نصاب باقی رہا تو وہی مہینہ تاریخ اس کے لیے زکوٰۃ کا سال ہے۔ انگریزی مہینوں کا اعتبار حرام ہے اور نہ اس کے اوقاتِ آمدنی پر لحاظ۔

الغرض اسلام نے سال کا شمار قمری حساب پر رکھا ہے اور اس حساب کو شمسی حساب کے برابر کرنے کے لیے کوئی لوند کا مہینہ اختیار نہیں کیا۔ کیونکہ اسلام دینِ فطرت ہے اس لیے ضروری تھا کہ سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایسے نہج حساب کو پسند فرماتے جو فطرت کے اصول اور دینی مصلحتوں پر مبنی ہو اور انہیں مصلحتوں میں سے ایک مصلحت یہ بھی ہے کہ اسلامی مہینے ادلتے بدلتے موسم میں آیا کریں تاکہ ساری دنیا کے مسلمان اس کی ہمہ گیری سے مستفید ہوں اور سردی گرمی کے تغیرات، کسی ایک طبقہ ارض سے مخصوص نہ رہیں۔

مسائلِ متعلقہ

(۱) پانچ مہینوں کا چاند دیکھنا واجبِ کفایہ ہے (کہ بستی و شہر کے کچھ لوگوں نے دیکھنے کی کوشش کی تو سب کے لیے کافی ہے سب بری الذمہ ہوگئے ورنہ سب گناہگار) اور وہ پانچ مہینے ہیں شعبان، رمضان، شوال، ذی قعدہ، ذی الحجہ۔

شعبان کا اس لیے کہ اگر رمضان کا چاند دیکھتے وقت ابر یا غبار ہو تو یہ تیس دن پورے کرکے رمضان المبارک کے روزے رکھنا شروع کردیں۔

رمضان کا روزے رکھنے کے لیے۔

شوال کا روزے ختم کرنے کے لیے۔

ذی قعدہ کا ذی الحجہ کے لیے اور ذی الحجہ کا بقرعید کے لیے۔ (فتاویٰ رضویہ)

(۲) ابر اور غبار میں رمضان کا ثبوت، ایک مسلمان عاقل بالغ مستور (جس کا ظاہر مطابق شرع ہے دوسرے کوائف معلوم نہیں) یا عادل شخص کی گواہی سے ہو جاتا ہے۔ مرد ہو خواہ عورت اور عادل ہونے کے معنی یہ ہیں کہ کم از کم متقی ہو یعنی کبیرہ گناہوں سے بچتا ہو اور صغیرہ پر اصرار نہ کرتا ہو اور ایسا کام نہ کرتا ہو جو مروت اور غیرتِ اسلامی کے منافی ہو۔ مثلاً بازاروں میں بے دھڑک کھانا۔ (در مختار وغیرہ)

(۳) فاسق اگرچہ رمضان کے چاند کی شہادت دے، اس کی گواہی قابلِ قبول نہیں۔ لیکن اگر اسے امید ہے کہ اس کی گواہی قبول کرلی جائے گی تو اسے لازم ہے کہ گواہی دے۔ (در مختار) ہو سکتا ہے کہ عادل گواہ میسر نہ آئیں اور اس جیسے دس بیس دوسرے آدمی بھی گواہی بہم پہنچائیں اور گواہی لینے والوں کو ظنِ غالب ہو جائے کہ اتنے آدمی محض لااصل اور جھوٹی بات پر اتفاق نہیں کر سکتے اور اس بنیاد پر ان کی شہادتوں پر رویتِ ہلال کا حکم دے دیا جائے خصوصاً ہلالِ رمضان کے بارے میں کہ وہاں تیسیر و آسانی پر عمل رہے۔ واللہ اعلم۔

(۴) جس عادل شخص نے رمضان کا چاند دیکھا، اس پر واجب ہے کہ اسی رات میں شہادت ادا کرے۔ یہاں تک کہ اگر پردہ نشین عورت نے چاند دیکھا تو اس پر گواہی دینے کے لیے اسی رات میں جانا واجب ہے۔ اور اس کے لیے شوہر سے اجازت لینا بھی ضروری نہیں مگر یہ حکم اس وقت ہے جب اس کی گواہی پر رویتِ ہلال کا ثبوت موقوف ہے کہ بے اس کی گواہی کے کام نہ چلے ورنہ کیا ضرورت ہے۔ (در مختار وغیرہ) اور اس صورت پر اگرچہ عورت پر لازم نہیں کہ وہ شوہر کی اجازت لے کر جائے، تاہم تنہا نہ جائے کسی محرم کو ساتھ لے کر قدم گھر سے باہر نکالے کہ آج کل عام لوگوں، خصوصاً عورتوں میں بڑا ہنر، ان ہوئی جوڑ لینا، طوفان لگا دینا ہے اور خدا پناہ دے بری گھڑی کہہ کر نہیں آتی۔ اور نیک و بد کسی کی پیشانی پر لکھا نہیں ہوتا۔ تو کاجل کی کوٹھری کے پاس ہی کیوں جائیے کہ دھبا کھائیے اور خود شوہر سے اجازت لے کر بلکہ اس کے ہمراہ اس کی حفاظت میں گواہی جا کر دے تو بہت ہی بہتر اور مصالحِ شرع سے قریب تر ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

(۵) اگر مطلع صاف ہو تو جب تک بہت سے لوگ (جمِ غفیر) شہادت نہ دیں چاند کا ثبوت نہیں ہو سکتا۔ رہا یہ کہ اس کے لیے کتنے لوگ چاہئیں تو یہ قاضی کے متعلق ہے۔ جتنے گواہوں سے اسے غالب گمان ہو جائے کہ یہ سب جھوٹ پر متفق نہیں ہو سکتے۔ رویتِ ہلال کا حکم دے دے گا۔ مگر جبکہ بیرون شہر یا بلند جگہ سے چاند دیکھنا بیان کرتا ہے۔ اور ہے وہ مستور الحال (جس کا ظاہر حال مطابق شرع ہے مگر باطن کا حال معلوم نہیں) تو اس ایک کا قول بھی رمضان کے چاند میں قبول کر لیا جائے گا۔ غیر رمضان میں اس کی بھی گواہی قابلِ قبول نہیں۔ (در مختار)

(۶) مطلع صاف نہ ہو تو علاوہ رمضان کے، شوال و ذی الحجہ بلکہ تمام مہینوں کے لیے دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتیں گواہی دیں اور سب عادل ہوں اور ان میں سے کسی پر تہمت زنا کی حد نہ قائم کی گئی ہو، اگرچہ توبہ کر چکا ہو۔ (عالمگیری)

(۷) ہر گواہی میں یہ کہنا ضروری ہے کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ بغیر اس کے شہادت نہیں مگر آسمان پر ابر و غبار کی حالت میں، رمضان المبارک کے چاند کی گواہی میں، اس کہنے کی ضرورت نہیں۔ اتنا کہہ دینا کافی ہے کہ میں نے اپنی آنکھ سے اس رمضان کا چاند آج یا کل یا فلاں دن دیکھا ہے۔ (در مختار، عالمگیری وغیرہ)

(۸) جس کے پاس رمضان کے چاند کی شہادت گزری، اسے یہ ضروری نہیں کہ گواہ سے یہ دریافت کرے، تم نے کہاں سے دیکھا، چاند کس طرف تھا اور کتنے اونچے پر تھا وغیرہ وغیرہ۔ (عالمگیری وغیرہ) مگر جبکہ اس کا بیان مشتبہ ہو تو سوالات کرے۔ خصوصاً عید کے چاند کی گواہی میں کہ لوگ خواہ مخواہ اس کا چاند دیکھ لینا بیان کرنے لگتے ہیں۔

(۹) ایک جگہ چاند ہوا تو وہ صرف وہیں کے لیے نہیں بلکہ تمام جہاں کے لیے ہے مگر دوسری جگہ کے لیے اس کا حکم اس وقت ہے کہ ان کے نزدیک، اس دن تاریخ میں چاند ہونا شرعی ثبوت سے ثابت ہو جائے۔ یعنی عینی شہادت (خود اپنی آنکھ سے چاند دیکھنے کی گواہی) یا قاضی کے حکم کی شہادت گزرے یا متعدد جماعتیں وہاں سے آکر خبر دیں کہ فلاں جگہ چاند ہوا اور وہاں لوگوں نے روزہ رکھا یا عید کی ہے۔ (در مختار)

(۱۰) تار یا ٹیلی فون کی خبر شرعاً محض نامعتبر ہے۔ اس سے رویتِ ہلال ثابت نہیں

ہو جاتی تو اس کی بنا پر روزہ توڑ ڈالنا محض ناجائز ہے اور اس کے مرتکب بے شک گناہ کے مرتکب ہیں۔ اگرچہ بعد کو تحقیق ہو جائے کہ اس دن واقعی عید ہی تھی کہ جب تک انہوں نے روزے توڑے، ہرگز کوئی ثبوت شرعی نہ تھا کہ ہنوز اس تاریخ میں رمضان کا ختم ہو جانا دلیل شرعی سے ثابت نہ ہوا تھا بلکہ رمضان شریف یقیناً ثابت تھا تو یہ شرعی کی اجازت کے بغیر روزہ توڑنا ہوا اور یہ قطعاً گناہ ہے۔ پھر تار کی حالت، ٹیلیفون درکنار خط سے بھی بہت کمزور ہوتی ہے کہ تار میں بھیجنے والے کے ہاتھ کی علامت تک نہیں ہوتی اور علماء فرماتے ہیں کہ خط بھی معتبر نہیں۔ تو شرعاً تار پر عمل کیونکر ممکن۔ اور ٹیلیفون میں محض آواز سنائی دیتی ہے اور علماء تصریح فرماتے ہیں کہ آج سے جو آواز مسموع ہو، اس پر احکام شرعیہ کی بنا نہیں ہو سکتی کہ آواز، آواز سے مشابہ ہوتی ہے۔

پھر مقام غور ہے کہ دنیاوی خواہ دینی، وہ تمام امور جن کا مدار شہادت پر ہوتا ہے موجودہ کورٹ اور کچہریاں بھی، تار یا ٹیلی فون وغیرہ پر کسی گواہ کی گواہی کو قابل قبول اور معتبر نہیں سمجھتیں بلکہ ضابطۂ شہادت کی رو سے گواہ کے لیے یہ ضروری قرار دیا جاتا ہے کہ وہ کورٹ میں حاضر ہو کر شہادت ادا کرے تاکہ اس کی شخصیت اور کردار پر جرح و تنقید کی جا سکے۔ تو کیا رویتِ ہلال کے بارے میں، جس پر مسلمانوں کے بہت سے دنیاوی معاملات اور شرعی عبادات موقوف ہیں اتنا بھی اہتمام نہ کیا جائے گا۔ جتنا پچاس سو روپیہ کے لین دین پر تنازع کی حالت میں، کورٹ میں شاہدوں کے لیے کیا جاتا ہے۔ یَالَیْتَ قَوْمِیْ یَعْلَمُوْنَ۔

تنبیہہ ضروری ثبوتِ ہلال کے شرعی طریقوں کے علاوہ، جس قدر طریقے لوگوں نے ایجاد کر لیے ہیں، شرعاً محض ناقابلِ قبول ہیں۔ مثلاً یہی تار ٹیلیفون یا خطوط و اخبار یا بازاری افواہ کہ شہر میں خبر اڑ جاتی ہے کہ فلاں جگہ چاند ہوا۔ یونہی جنتریوں کا بیان کہ فلاں دن پہلی ہے، یونہی قیاسات و قرائن مثلاً چاند بڑا تھا، روشن تھا، دیر تک رہا تو ضرور کا کا تھا۔ ان قیاسات کی تو جنتریوں اور نجومیوں کے حسابات کے برابر بھی وقعت نہیں۔ حدیث میں ہے کہ قربِ قیامت کی علامت سے ہے کہ ہلال پھولے ہوئے نکلیں گے۔ یعنی دیکھنے میں بڑے معلوم ہوں گے۔ یونہی اختراعی قاعدے مثلاً رجب کی چوتھی،

رمضان کی پہلی ہوگی۔ رمضان کی پہلی، ذی الحجہ کی دسویں ہوگی۔ اگلے رمضان کی پانچویں، اس رمضان کی پہلی ہوگی۔ چار مہینے برابر تیس تیس کے ہو چکے ہیں یہ ضرور انتیس کا ہوگا۔ تین چاند پے در پے انتیس کے ہوئے ہیں یہ ضرور تیس کا ہوگا۔ ان سب کا جواب اسی قدر میں ہے کہ حق سبحانہ تعالیٰ نے ان باتوں پر کوئی دلیل نہیں اتاری۔ (فتاویٰ رضویہ) واللہ تعالی اعلم۔

بیماری کا بیان

بیماری ایک بہت بڑی نعمت ہے۔ اس کے فائدے بے شمار ہیں اگرچہ آدمی کو بظاہر اس سے تکلیف پہنچتی ہے۔ مگر حقیقتاً اس کی بدولت راحت و آرام کا ایک بڑا ذخیرہ ہاتھ آتا ہے۔ یہ ظاہری بیماری جس کو آدمی بیماری سمجھتا ہے، حقیقت میں روحانی بیماریوں کا ایک بڑا زبردست علاج ہے۔ حقیقی بیماری، روحانی بیماریاں ہیں جن سے ہمیشہ ڈرتے رہنا چاہیے اور انہیں کو مہلک بیماری سمجھنا چاہیے۔

بہت موٹی سی بات جسے ہر شخص سمجھ سکتا ہے بلکہ جانتا ہے یہ ہے کہ کوئی کتنا ہی خدا و رسول سے غافل ہو مگر جب بیمار پڑ جاتا ہے تو خدا اور رسول کا نام لیتا اور توبہ استغفار کرتا ہے اور یہ تو بڑے رتبہ والوں کی شان ہے کہ تکلیف کا بھی اسی طرح استقبال کرتے ہیں جیسے راحت و آرام کا۔ مگر ہم جیسے کم سے کم اتنا تو کریں کہ صبر و استقلال سے کام لیں اور جزع و فزع کر کے، رو پیٹ کر آتے ہوئے ثواب کو ہاتھ سے نہ جانے دیں اور اتنا تو ہر شخص جانتا ہے کہ بے صبری سے آئی ہوئی مصیبت جاتی نہیں، رہے گی۔ پھر اس بڑے ثواب سے محرومی دوہری مصیبت ہے، اس دنیا میں بھی اور عالم آخرت میں بھی۔

بہت سے نادان، جن میں مرد بھی ہیں عورتیں بھی، بیماری یا کسی جسمانی تکلیف میں بہت بے جا باتیں بول اٹھتے ہیں اور نازیبا حرکتیں کرنے لگتے ہیں بلکہ بعض اوقات زبان سے ایسے کلمات نکال دیتے ہیں جن سے ایمان ہی خطرے میں پڑ جاتا ہے اور

اندیشہ ہوتا ہے کہ کہیں یہ بات کفر تک نہ پہنچ جائے۔ بلکہ اللہ اپنی پناہ میں رکھے۔ اللہ عزوجل کی طرف ظلم کی نسبت کر دیتے ہیں ایسے لوگ تو بالکل ہی خَسِرَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃَ کا مصداق بن جاتے ہیں۔ مسلمانوں کو چاہیے کہ وہ اپنے پیارے اور برگزیدہ رسول کی پیاری پیاری حدیثیں دل لگا کر پوری توجہ سے سنیں یاد رکھیں اور ان پر عمل کریں۔ اللہ عزوجل توفیقِ خیر عطا فرمائے۔ آمین۔

حضورِ اقدس صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم فرماتے ہیں:

(۱) مسلمانوں کو جو تکلیف و ملال اور اذیت و غم پہنچتا ہے یہاں تک کہ کانٹا جو اس کے چبھا تھا اللہ تعالٰی ان کے سبب اس کے گناہ مٹا دیتا ہے۔ (بخاری و مسلم)

(۲) مسلمان کو جو اذیت پہنچتی ہے مرض ہو یا اس کے سوا کچھ اور اللہ تعالٰی اس کے سبب اس کی برائیاں گرا دیتا ہے جیسے درخت سے پتے جھڑتے ہیں۔ (بخاری و مسلم)

(۳) بخار کو برا نہ کہو کہ وہ آدمی کی خطاؤں کو اس طرح دور کرتا ہے جیسے آگ کی بھٹی لوہے کے میل کو۔ (مسلم شریف)

(۴) جب مسلمان کسی جسمانی تکلیف میں مبتلا ہوتا ہے تو فرشتہ کو حکم ہوتا ہے لکھ جو کام پہلے کیا کرتا تھا۔ تو اگر اللہ اسے شفا دیتا ہے تو دھو دیتا ہے اور پاک کر دیتا ہے اور موت دیتا ہے تو اسے بخش دیتا ہے اور رحم فرماتا ہے۔ (شرح السنہ)

(۵) بندہ کے لیے علمِ الٰہی میں کوئی مرتبہ مقرر ہوتا ہے اور وہ اپنے اعمال کے سبب اس رتبہ کو پہنچ نہیں پاتا تو اللہ تعالٰی اس کے بدن یا مال یا اولاد کو بلا و اذیت میں ڈال دیتا ہے پھر اسے صبر عطا فرماتا ہے یہاں تک کہ اسے اس مرتبہ تک پہنچا دیتا ہے جو اس کے لیے علمِ الٰہی میں ہے۔ (احمد و ابوداؤد)

مسئلہ: رنج و مصیبت سے گھبرا کر، دنیا کی تکلیفوں اور اذیتوں سے بچنے کے لیے موت کی تمنا ناجائز ہے۔ اے عزیز! وہاں کے لیے کیا جمع کیا کہ یہاں سے بھاگتا ہے۔ اگر موت کی سختی سے واقف ہو، آرزو کرے کاش! تمام دنیا کی تکلیف مجھ پر ہو اور چند روز موت سے مہلت ملے۔

سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: رنج کے سبب سے موت کی آرزو نہ

کرو۔ اگر ناچار ہو جاؤ تو کہو: "خدایا مجھے زندہ رکھ جب تک زندگی میرے حق میں بہتر ہے اور مجھے وفات دے جس وقت موت میرے حق میں بہتر ہو۔"

ہاں جب دین میں فتنہ دیکھے اور دینی نقصانات کا خوف ہو تو اپنے مرنے کی دعا جائز ہے۔ حدیث میں ہے: "تم میں سے کوئی موت کی آرزو نہ کرے مگر جبکہ اعتماد نیکی کرنے پر نہ رکھتا ہو۔" (درمختار وغیرہ)

مریض کی عیادت کو جانا سنت ہے، اس کی بھی بڑی فضیلت ہے۔ چند احادیث درج کی جاتی ہیں:

(۱) جو مسلمان کسی مسلمان کی عیادت (مزاج پرسی) کے لیے صبح کو جائے تو شام تک اس کے لیے ستر ہزار فرشتے استغفار کرتے ہیں اور شام کو جائے تو صبح تک ستر ہزار فرشتے استغفار کرتے ہیں اور اس کے لیے جنت میں ایک باغ ہو گا۔ (ترمذی)

(۲) جب تو مریض کے پاس جائے تو اس سے کہہ کہ وہ تیرے لیے دعا کرے کہ اس بیمار کی دعا فرشتوں کی دعا کے مانند ہے۔ (ابن ماجہ)

(۳) بہترین عیادت یہ ہے کہ آدمی مریض کے پاس سے جلد اٹھ آئے۔ (بیہقی)

(۴) جب مریض کے پاس جاؤ تو عمر کے بارے میں دل خوش کن بات کرو کہ یہ کسی چیز کو رد نہ کر دے گا اور اس کے جی کو اچھا معلوم ہو گا۔ (ترمذی)

(۵) جب کوئی مسلمان کسی مسلمان کی عیادت کو جائے تو سات بار یہ دعا پڑھے۔ اگر موت نہیں آئی ہے تو اسے شفا ہو جائے گی۔ (ابو داؤد)

اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَكَ۔

اللہ عظیم سے سوال کرتا ہوں جو عرش کریم کا مالک ہے کہ وہ تجھے شفا دے۔

مسئلہ: مریض کی عیادت کرنا سنت ہے۔ ہاں اگر معلوم ہے کہ عیادت کو جائے گی تو اس بیمار پر گراں گزرے گا تو ایسی حالت میں نہ جائے اور کوشش کرے کہ اس سے تعلقات میں جو تلخی پیدا ہو گئی ہے وہ ختم ہو جائے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مومن (یعنی کسی مسلمان مرد و عورت) کے لیے یہ حلال نہیں کہ دوسرے مسلمان کو تین دن سے زیادہ چھوڑ دے۔ اگر تین دن گزر گئے ملاقات کر لے اور سلام

کرے، اگر دوسرے نے سلام کا جواب دے دیا تو ثواب میں دونوں شریک ہو گئے او
اگر جواب نہیں دیا تو گناہ اس کے ذمہ ہے اور یہ شخص چھوڑنے کے گناہ سے نکل گیا
(ابوداؤد) وہاں اگر اس جانے والے میں کوئی ایسی برائی پائی جاتی ہے جو شرعاً بھی برائی ہے
اور اس نے اسی وجہ سے اس سے قطع تعلق کر لیا ہے تو آدمی کو خدا اور رسول کی رضاجوئی
کے لیے توبہ کرنا اور اس برائی سے بچنا چاہیے کہ بندے بھی خوش رہیں اور خدا اور رسول
بھی راضی۔

مسئلہ: عیادت کو جائے اور مریض کی سختی کو دیکھے تو مریض کے سامنے یہ ظاہر نہ
کرے کہ تمہاری حالت خراب ہے اور نہ اس طرح سربلائے جس سے حالت کا خراب
ہونا سمجھا جاتا ہے۔ مریض کے سامنے تو ایسی باتیں کرنی چاہئیں جو اس کے دل کو بھلی
معلوم ہوں۔ اس کا مزاج پوچھے اور تسلی دے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت
کریمہ یہ تھی کہ جب کسی مریض کی عیادت کو تشریف لے جاتے تو یہ فرماتے:

لَا بَاْسَ طَهُوْرٌ اِنْشَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰی۔ یعنی کوئی گھبراہٹ کی بات نہیں، ان شاء اللہ تعالیٰ یہ مرض گناہوں سے پاک کرنے والا ہے۔

بیماریوں کا علاج

مسئلہ: کسی بیماری کا علاج کرنا ضروری نہیں یعنی اگر اس نے علاج نہ کرایا اور دوا دارو کیے بغیر مر گئی تو یہ نہ کہا جائے گا کہ وہ گناہ گار ہوئی۔ ہاں اس کے معنی یہ بھی نہیں کہ آدمی بیماری کا علاج ہی نہ کرائے۔ علاج کرائے اور اعتقاد یہ رکھے کہ شفا دینے والا اللہ ہے، اسی نے دوا کو بیماری مٹانے کا سبب بنا دیا ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہر بیماری کے لیے دوا پیدا فرمائی ہے، جب وہ دوا بیمار کو پہنچ جائے گی بیمار اللہ کے حکم سے اچھا ہو جائے گا، سوا ایک بیماری کے کہ وہ بڑھاپا ہے۔ (عالمگیری وغیرہ)

مسئلہ: انسان کے بدن کے کسی حصے کو دوا کے طور پر استعمال کرنا حرام ہے۔ (عالمگیری) اور حرام چیزوں کو دوا کے طور پر استعمال کرنا بھی ناجائز ہے کہ حدیث میں ارشاد فرمایا: جو چیزیں حرام ہیں ان میں اللہ نے شفا نہیں رکھی ہے۔ (در مختار، ردالمحتار) انگریزی دوائیں بکثرت ایسی ہیں جن میں اسپرٹ اور شراب (الکوحل) کی آمیزش ہوتی ہے، ایسی دوائیں ہرگز استعمال نہ کی جائیں۔

مسئلہ: شراب سے خارجی علاج بھی ناجائز ہے مثلاً زخم میں شراب لگائی یا کسی جانور کو زخم ہے اس پر شراب لگائی یا بچہ کے علاج میں شراب استعمال کی، یہ سب گناہ کی صورتیں ہیں اور ان میں گناہ گار وہ ہے جس نے استعمال کرایا۔ (عالمگیری) بچوں کی چاہت میں، ماں باپ بعض بیماریوں خصوصاً نمونیا میں ڈاکٹر کے کہنے پر شراب استعمال کرا دیتے ہیں اور یہ سمجھتے ہیں کہ وہ بچہ ہے۔ بیشک بچہ گناہ گار نہیں مگر تم تو جان بوجھ کر گناہ کما رہے ہو۔

مسئلہ: بعض عورتیں بچوں کو افیون کھلایا کرتی ہیں اور ان کی غرض یہ ہوتی ہے کہ اس کے نشہ میں پڑا رہے گا، پریشان نہیں کرے گا اور سارے کام اطمینان سے ہو جائیں گے یہ بھی ناجائز ہے، کیونکہ بچہ کو افیون اگرچہ تھوڑی مقدار میں دی جاتی ہے مگر وہ اتنی ضرور ہوتی ہے کہ اس کی عقل میں فتور آجائے۔ (بہار شریعت)

مسئلہ: خشک چیزیں جو نشہ لاتی ہیں جیسے بھنگ افیون وغیرہ یہ نجس نہیں ہیں لہٰذا لیپ وغیرہ میں خارجی طور پر انہیں استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں کہ اس طرح استعمال میں نشہ نہیں پیدا ہوگا، پھر ناجائز کیوں ہو۔ (بہار شریعت)

مسئلہ: اسقاطِ حمل (حمل گرانے) کے لیے دوا استعمال کرنا یا دائی سے حمل ساقط کرانا منع ہے۔ بچہ کی صورت بنی ہو یا نہ بنی ہو دونوں کا ایک حکم ہے، ہاں اگر کوئی واقعی عذر ہو مثلاً عورت کے دودھ پیتا بچہ ہے اور باپ کے پاس اتنا پیسہ نہیں کہ دایا مقرر کرے یا پیسہ ہے مگر دایا دستیاب نہیں ہوتی اور حمل سے دودھ خشک ہو جائے گا جس سے بچہ کے ہلاک ہونے کا اندیشہ ہے تو اس مجبوری سے حمل ساقط کیا جا سکتا ہے

بشرطیکہ اس کے بدن کے اعضاء ہاتھ پاؤں آنکھ ناک کان وغیرہ نہ بنے ہوں اور اس کی مدت ایک سو بیس دن ہے یعنی چار مہینے۔ (ردالمحتار) لہٰذا اس سے پہلے اسقاط جائز ہے۔

فائدہ: (۱) کسی شخص کو بیماری یا ایسی حالت میں دیکھے جسے پسند نہیں کیا جاتا تو یہ دعا پڑھے، ان شاء اللہ تعالیٰ اس سے محفوظ رہے گا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی كَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا۔

یعنی اللہ کا شکر جس نے مجھے اس بلا سے بچایا جس میں تجھے مبتلا کیا اور اپنی مخلوق میں سے بہت سوں پر مجھے فضیلت دی۔

فائدہ: (۲) جب کوئی شخص ایسی چیز دیکھے جو ناپسند ہے یعنی برا شگون پائے تو یہ کہے:

اَللّٰهُمَّ لَا یَاْتِیْ بِالْحَسَنَاتِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا یَدْفَعُ السَّیِّاٰتِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

الٰہی! تیرے سوا نہ کوئی بھلائیاں لاتا ہے اور تیرے سوا نہ کوئی برائیاں ٹالتا ہے اور برائیوں سے پھرنا اور نیکیوں کی قوت نہیں مگر اللہ برتر عظیم سے۔

موت آنے کا بیان

ہر شخص کی جتنی عمر مقرر ہے نہ اس سے کچھ گھٹے نہ بڑھے۔ آدمی لاکھ جتن کرے جب وہ مقررہ عمر پوری ہو جاتی ہے تو ملک الموت (موت کا فرشتہ) یعنی حضرت عزرائیل علیہ السلام روح قبض کرنے کے لیے آتے اور اس کی جان نکال لیتے ہیں۔ اسی کا نام موت ہے۔

روح قبض ہونے کا وقت بہت سخت وقت ہے کہ اسی پر تمام اعمال کا دارومدار ہے اور ایمان کے تمام نتیجے جو آخرت میں ظاہر ہوں گے اسی پر مترتب ہوتے ہیں کہ اعتبار خاتمہ ہی کا ہے اور شیطان لعین ایمان لینے کی فکر میں ہے جسے اللہ تعالیٰ اس کے

مکر سے بچائے اور ایمان پر خاتمہ نصیب فرمائے وہی اپنی مراد کو پہنچا۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں: جس کا آخر کلام لا الہ الا اللہ یعنی کلمۂ طیبہ ہوا وہ جنت میں داخل ہوا۔ اب اس بارے میں مختصر مسائل سنیں۔

جب موت کا وقت قریب آئے اور یہ علامتیں پائی جائیں یعنی سانس اکھڑنے اور جلدی جلدی چلنے لگے، پاؤں سست ہو جائیں کہ کھڑے نہ ہو سکیں، ناک ٹیڑھی اور منہ کی کھال سخت ہو جائے اور دونوں کنپٹیاں بیٹھ جائیں تو سنت یہ ہے کہ داہنی کروٹ پر لٹا کر قبلہ کی طرف اس کا منہ کر دیں اور یہ بھی جائز ہے کہ چت لٹائیں اور قبلہ کو پاؤں کریں کہ یوں بھی قبلہ کو منہ ہو جائے گا مگر اس صورت میں سر کو قدرے اونچا رکھیں اور قبلہ کو منہ کرنا دشوار ہو کہ اس کو تکلیف ہوتی ہو تو جس حالت پر ہے چھوڑ دیں۔

مسئلہ: جان کنی کی حالت میں جب تک روح گلے کو نہ آئی ہو اسے تلقین کریں یعنی اس کے پاس بلند آواز سے کلمۂ طیبہ یا کلمۂ شہادت پڑھیں کہ وہ سن کر پڑھے، مگر اس سے یہ نہ کہیں کہ کلمہ پڑھو۔ تمہیں کیا معلوم وہ کس تکلیف اور سختی میں ہے مبادا اس کے منہ سے کوئی غلط بات نکل جائے تو عمر بھر کی کمائی مٹی میں مل جائے گی۔ تلقین کے وقت اس کے پاس نیک اور پرہیزگار لوگوں کا ہونا بہت اچھی بات ہے اور اس وقت وہاں سورۂ یٰسین شریف کی تلاوت اور خوشبو ہونا مستحب ہے مثلاً لوبان یا اگربتیاں سلگا دیں۔ (عالمگیری) اور جب وہ دونوں جز کلمۂ طیبہ کے کہہ لے تو اس سے دوبارہ کہنے کا اصرار نہ کریں کہ کہیں اکتا نہ جائے۔ ہاں اگر کلمہ پڑھنے کے بعد کوئی اور بات اس نے کی تو پھر تلقین کریں کہ اس کا آخر کلام لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ہو کہ لا الہ الا اللہ، بے محمد رسول اللہ کے مقبول نہیں۔ (حلیہ وغیرہ)

مسئلہ: موت کے وقت حیض ونفاس والی عورتیں اس کے پاس حاضر ہو سکتی ہیں۔ (عالمگیری) مگر جس کا حیض ونفاس ختم ہو گیا اور ابھی غسل نہیں کیا اسے اور جُنُب کو نہ آنا چاہیے۔ کوشش کریں کہ مکان میں کوئی تصویر یا کتا نہ ہو کہ جہاں یہ ہوتے ہیں رحمت کے فرشتے نہیں آتے۔ نزع کے وقت اپنے اور اس کے لیے دعائے خیر کرتے رہیں۔

کوئی برا کلمہ زبان سے نہ نکالیں کہ اس وقت جو کچھ کہا جاتا ہے فرشتے اس پر آمین کہتے ہیں۔ نزع میں سختی دیکھیں تو سورۂ یٰسین اور سورۂ رعد پڑھیں۔ (بہار شریعت)

مسئلہ: جب روح نکل جائے تو ایک چوڑی پٹی جبڑے کے نیچے سے سر پر لے جا کر گرہ دے دیں کہ منہ کھلا نہ رہے اور آنکھیں بند کر دی جائیں اور انگلیاں اور ہاتھ پاؤں سیدھے کر دیئے جائیں۔ یہ کام اس کے گھر والوں میں جو زیادہ نرمی کے ساتھ کر سکتا ہے، باپ یا بیٹا وہ کرے۔ (ہندیہ) اور اس کے پیٹ پر لوہا یا گیلی مٹی یا کوئی اور بھاری چیز رکھ دیں کہ پیٹ پھول نہ جائے۔ (عالمگیری) مگر ضرورت سے زیادہ وزنی نہ ہو کہ باعث تکلیف ہے۔ اور مختار (میت کے سارے بدن کو کسی کپڑے سے چھپا دیں اور زمین کی سیل سے بچائیں۔ (عالمگیری)

مسئلہ: آنکھیں بند کرتے وقت یہ دعا پڑھیں:

بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ يَسِّرْ عَلَيْهِ اَمْرَهٗ وَسَهِّلْ عَلَيْهِ مَا بَعْدَهٗ وَاَسْعِدْ بِلِقَآءِكَ وَاجْعَلْ مَا خَرَجَ اِلَيْهِ خَيْرًا مِّمَّا خَرَجَ عَنْهُ۔

اللہ کے نام کے ساتھ اور رسول اللہ کی ملت پر۔ اے اللہ! تو اس کے کام کو اس پر آسان کر اور اس کے مابعد کو اس پر سہل کر اور اپنی ملاقات سے تو اسے نیک بخت کر اور جس کی طرف نکلا (آخرت) اسے اس سے بہتر کر جس سے نکلا۔ (دنیا)

مسئلہ: اس کے ذمہ قرض یا کسی کا مالی مطالبہ ہو جلد سے جلد ادا کریں کہ حدیث شریف میں ہے میت اپنے دَین میں گرفتار رہتی ہے اور ایک روایت میں ہے اس کی روح معلق رہتی ہے۔ جب تک دَین ادا نہ کر دیا جائے۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: میت کے پاس تلاوتِ قرآنِ مجید جائز ہے۔ جبکہ اس کا تمام بدن کپڑے سے چھپا ہو اور تسبیح و دیگر اذکار میں مطلقاً کوئی حرج نہیں۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: ناگہانی موت سے کوئی مرا تو جب تک موت کا یقین نہ ہو تجہیز و تکفین

کفن دفن وغیرہ ملتوی رکھیں۔ (عالمگیری) ہو سکتا ہے کہ یہ سکتہ ہو جو طول پکڑ گیا۔

مسئلہ: عورت مرگئی اور اس کے پیٹ میں بچہ حرکت کر رہا ہے تو بائیں جانب سے پیٹ چاک کر کے بچہ نکالا جائے اور اگر عورت زندہ ہے اور اس کے پیٹ میں بچہ مرگیا اور عورت کی جان پر بنی ہو تو بچہ کاٹ کر نکالا جائے اور بچہ بھی زندہ ہو تو کیسی ہی تکلیف ہو بچہ کاٹ کر نکالنا جائز نہیں۔ (در مختار، عالمگیری)

مسئلہ: پڑوسیوں اور اس کے دوست احباب کو موت کی اطلاع دیں کہ نمازیوں کی کثرت ہو گی اور میت کے لیے دعائیں کریں کہ ان پر حق ہے کہ اس کی نماز پڑھیں اور دعائیں۔ (عالمگیری وغیرہ)

مسئلہ: میت کے پاس زمین پر بیٹھنا افضل ہے اور چارپائی تخت کرسی وغیرہ پر بیٹھے تو اس کی ممانعت بھی نہیں۔ (فتاوی رضویہ)

مسئلہ: جس گھر میں موت ہو جائے وہاں چولھا جلانا، کھانا پکانا، شرعاً منع نہیں ہے، نہ اس میں کوئی گناہ ہے، ہاں چونکہ موت کی پریشانی کے سبب وہ لوگ پکاتے نہیں۔ اس لیے یہ سنت ہے کہ پہلے دن صرف گھر والوں کے لیے کھانا بھیجا جائے اور انہیں باصرار کھلایا جائے۔ نہ دوسرے دن بھیجیں نہ گھر سے زیادہ آدمیوں کے لیے بھیجیں، نہ اور لوگ اس میں سے کھائیں۔ (فتاوی رضویہ)

میت کا غسل و کفن

مسئلہ: میت کو نہلانا فرض کفایہ ہے۔ بعض لوگوں نے غسل دے دیا تو سب سے ساقط ہو گیا۔ (عالمگیری)

مسئلہ: جہاں موت ہوئی اگر وہاں اس کے سوا اور بھی نہلانے والے ہوں تو نہلانے پر اُجرت لے سکتی ہے مگر افضل یہ ہے کہ نہ لے اور اگر دوسری نہلانے والی نہ

ہو تو اُجرت لینا جائز نہیں۔ (عالمگیری)

مسئلہ: میت کو نہلانے کا طریقہ یہ ہے کہ جس تخت یا تختہ پر نہلانے کا ارادہ ہ
اس کو تین یا پانچ یا سات بار دھونی دیں یعنی جس چیز میں وہ خوشبو سلگتی ہے اسے اتنی با
تخت یا تختہ کے گرد پھرائیں اور اس پر میت کو لٹا کر ناف سے گھٹنوں تک کسی کپڑ
سے چھپا دیں۔ پھر نہلانے والی اپنے ہاتھ پر کپڑا لپیٹ کر استنجا کرائے پھر نماز کا سا وضو
کرائے یعنی پہلے منہ دھوئے پھر کہنیوں سمیت ہاتھ دھوئے۔ پھر سر کا مسح کرنے پھر
پاؤں دھوئے مگر میت کے وضو میں پہلے گٹوں تک ہاتھ دھونا اور کلی کرنا اور ناک میں پانی
ڈالنا نہیں ہے۔ کوئی کپڑا یا روئی کی پھریری بھگو کر دانتوں اور مسوڑھوں اور ہونٹوں اور
نتھنوں پر پھیر دیں پھر سر کو گلِ خیرو سے دھوئیں۔ یہ نہ ہو تو پاک صابن، اسلامی کارخانہ
کا بنا ہو یا بیسن یا کسی اور چیز سے۔ ورنہ خالی پانی بھی کافی ہے۔ پھر بائیں کروٹ پر لٹا کر سر
سے پاؤں تک بیری میں گرم کیا ہوا۔ ورنہ خالص نیم گرم (گنگنا) پانی اس طرح بہائیں کہ
تختے تک پہنچ جائے۔ پھر داہنی کروٹ پر لٹا کر یونہی کریں۔ پھر ٹیک لگا کر بٹھائیں اور نرمی
کے ساتھ نیچے کو پیٹ پر ہاتھ پھیریں۔ اگر کچھ نکلے دھو ڈالیں۔ پھر وضو و غسل نہ دیں۔
پھر آخر میں سر سے پاؤں تک کافور کا پانی بہائیں پھر اس کے بدن کو کسی پاک کپڑے سے
آہستہ پونچھ دیں۔ (عامہ کتب)

مسئلہ: ایک مرتبہ سارے بدن پر پانی بہانا فرض ہے اور تین مرتبہ سنت۔ جہاں
غسل دیں مستحب یہ ہے کہ پردہ کر لیں کہ نہلانے والی اور مددگار عورتوں کے سوا دوسرا
کوئی نہ دیکھے۔ نہلاتے وقت خواہ اس طرح لٹائیں جیسے قبر میں رکھتے ہیں یعنی میت کو
داہنی کروٹ پر لٹائیں اور اس کا منہ قبلہ کو کریں۔ یہ نہ ہو تو قبلہ کی طرف پاؤں کر کے یا
جو آسان ہو۔ (عالمگیری)

مسئلہ: نہلانے والی باطہارت ہو۔ جُنُب یا حیض والی عورت نے غسل دیا تو
کراہت ہے مگر غسل ہو جائے گا اور بے وضو نے نہلایا تو کراہت بھی نہیں۔ نہلانے
والی عورت ایسی ہو کہ پوری طرح غسل دے اور جو اچھی بات دیکھے مثلاً چہرہ چمک اٹھا، یا

ت کے جسم سے خوشبو آئی تو اسے دوسری عورتوں کے سامنے بیان کرے اور کوئی
ری بات دیکھے تو کسی سے نہ کہے۔ (عالمگیری وغیرہ)

مسئلہ: عورت مرجائے تو اس کا شوہر نہ اسے نہلا سکتا ہے نہ چھو سکتا ہے اور دیکھنے کی ممانعت نہیں۔ (درمختار) اور عوام میں جو یہ مشہور ہے کہ شوہر، عورت کے جنازے کو نہ کندھا دے سکتا ہے نہ قبر میں اتار سکتا ہے نہ منہ دیکھ سکتا ہے یہ محض غلط ہے۔ صرف نہلانا یا اس کے بدن کو ہاتھ لگانا منع ہے۔ جنازے کو محض اجنبی ہاتھ لگاتے، کندھوں پر اٹھاتے اور قبر تک لے جاتے ہیں۔ شوہر نے کیا قصور کیا ہے۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: جُنُب یا حیض و نفاس والی عورت کا انتقال ہوا تو ایک ہی غسل کافی ہے۔ کہ غسل واجب ہونے کے کتنے ہی اسباب ہوں سب ایک ہی غسل سے ادا ہو جاتے ہیں۔ (درمختار)

مسئلہ: میت کا بدن اگر ایسا ہو گیا ہو کہ ہاتھ لگانے سے کھال ادھڑے گی تو ہاتھ نہ لگائیں صرف پانی بہادیں۔ (عالمگیری)

مسئلہ: نہلانے کے بعد اگر ناک کان منہ اور دوسرے سوراخوں میں روئی رکھ دیں تو حرج نہیں مگر بہتر یہ ہے کہ نہ رکھیں اور میت کے سر کے بالوں میں کنگھا کرنا، یا ناخن تراشنا یا کسی جگہ کے بال مونڈنا یا کترنا یا اکھاڑنا، ناجائز مکروہِ تحریمی اور گناہ ہے بلکہ حکم یہ ہے کہ جس حالت پر ہے اسی پر دفن کر دیں اور اگر ناخن یا بال تراش لیے تو کفن میں رکھ دیں۔ (عالمگیری۔ درمختار وغیرہ)

مسئلہ: میت کے دونوں ہاتھ کروٹوں میں رکھیں سینے پر نہ رکھیں کہ یہ کفار کا طریقہ ہے۔ بعض جگہ ناف کے نیچے اس طرح رکھتے ہیں جیسے نماز کے قیام میں۔ یہ بھی نہ کریں۔

مسئلہ: میت کے غسل کے لیے کورے گھڑے لوٹے کی ضرورت نہیں۔ گھر کے ستعمالی گھڑے لوٹے سے بھی غسل دے سکتے ہیں اور بعض یہ جہالت کرتے ہیں کہ

غسل کے بعد انہیں توڑ ڈالتے ہیں یہ ناجائز و حرام ہے کہ مال کو ضائع کرنا ہے۔ اور یہ خیال کہ وہ نجس ہو گئے ایک فضول بات ہے جس طرح زندوں کے غسل و وضو کی چھینٹیں برتن کو نجس نہیں کرتیں یونہی میت کے غسل کی چھینٹیں اگر بدن پر پڑ بھی جائیں تو وہ نجس نہیں ہوتا۔ اور فرض کرلو کہ نجس پانی کی چھینٹیں پڑیں تو دھو ڈالیں۔ دھونے سے پاک ہو جائیں گے اور اکثر جگہ وہ گھڑے لوٹے مسجدوں میں رکھ دیتے ہیں اگر یہ نیت ہو کہ نمازیوں کو آرام اور اس کا ثواب مُردے کو پہنچے گا تو اچھی نیت ہے اور اگر یہ خیال ہو کہ گھر میں رکھنا نحوست ہے، تو یہ نری حماقت ہے اور بعض لوگ گھڑے کا پانی پھینک دیتے ہیں۔ یہ بھی حرام ہے۔ اسے کام میں لائیں۔ (بہار شریعت)

مسئلہ: میت کو کفن دینا فرض کفایہ ہے۔ (عامہ کتب)

مسئلہ: مرد کے لیے سنت تین کپڑے ہیں۔ لفافہ، ازار، قمیص۔ اور عورت کے لیے سنت یہ ہے کہ اسے پانچ کپڑوں کا کفن دیا جائے۔ لفافہ یعنی چادر، ازار، یعنی تہ بند قمیص جسے کفنی کہتے ہیں۔ اوڑھنی اور سینہ بند۔ (عامہ کتب) ان کے سوا کفنی میں کوئی اور تہ بند یا رومال رکھنا بدعت و ممنوع ہے۔

مسئلہ: لفافہ یعنی چادر کی مقدار یہ ہے کہ میت کے قد سے اس قدر زیادہ ہو کہ دونوں طرف باندھ سکیں۔ اور ازار یعنی تہ بند چوٹی سے قدم تک یعنی لفافے سے اتنی چھوٹی جو باندھنے کے لیے زیادہ تھا۔ اور قمیص یعنی کفنی گردن سے گھٹنوں کے نیچے تک اور یہ آگے پیچھے دونوں طرف برابر ہو اور جاہلوں میں جو رواج ہے کہ پیچھے کم رکھتے ہیں۔ یہ غلطی ہے۔ چاک اور آستینیں اس میں نہ ہوں اور عورت کے لیے کفنی سینہ کی طرف چیریں۔ اوڑھنی تین ہاتھ یعنی ڈیڑھ گز کی ہونی چاہیے۔ سینہ بند پستان سے ناف تک اور بہتر یہ ہے کہ ران تک ہو۔ (عالمگیری، ردالمحتار وغیرہ) سرمہ کنگھی اگر فقیر کو بطور صدقہ دیں تو کوئی حرج نہیں اور کفن میں رکھنا حرام ہے۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: کفن پہنانے کا طریقہ یہ ہے کہ میت کو غسل دینے کے بعد، اس کا بدن کسی پاک کپڑے سے آہستگی سے پونچھ لیں کہ کفن تر نہ ہو اور کفن کو ایک یا تین یا پانچ بار یا

سات بار دھونی دے لیں اس سے زیادہ نہیں۔ پھر کفن کو یوں بچھائیں کہ پہلے بڑی چادر، پھر تہ بند پھر کفنی۔ پھر میت کو اس پر لٹائیں اور کفنی پہنائیں اور تمام بدن پر خوشبو ملیں اور ماتھے ناک ہاتھ گھٹنے قدم پر کافور لگائیں۔ کفنی پہنا کر عورت کے سر کے بال کے دو حصے کر کے کفنی کے اوپر سینہ پر ڈال دیں۔ ایک حصہ دائیں جانب اور ایک حصہ بائیں طرف، اور اوڑھنی، آدھی پیٹھ کے نیچے سے بچھا کر، سر پر لائیں اور منہ پر نقاب کی طرح ڈال دیں کہ سینہ پر رہے کہ اس کی لمبائی، نصف پشت سے سینہ تک ہے اور چوڑائی ایک کان کی لو سے دوسرے کان کی لو تک اور یہ جو بعض عورتیں کرتی ہیں کہ زندگی کی طرح اوڑھاتی ہیں یہ محض بے جا اور خلافِ سنت ہے۔ پھر ازار یعنی تہ بند لپیٹیں، پہلے بائیں جانب سے پھر دائیں جانب سے پھر لفافہ لپیٹیں، پہلے بائیں طرف سے پھر داہنی طرف سے تاکہ داہنا اوپر رہے اور سر سے پاؤں کی طرف باندھ دیں تاکہ اڑنے کا اندیشہ نہ رہے۔ پھر سب کے اوپر سینہ بند لپستان کے اوپر سے ران تک لا کر باندھ دیں۔

(عالمگیری، درمختار وغیرہ)

مسئلہ: سنت کے مطابق کفن کا انتظام نہ ہو سکے تو عورت کے لیے لفافہ، ازار، اوڑھنی یا لفافہ قمیص اوڑھنی تین ہی کپڑے کافی ہیں اور یہ بھی نہ ہو سکے تو جو میسر آئے اور کم از کم اتنا تو ہو کہ سارا بدن ڈھک جائے۔ (عالمگیری) اور بلا ضرورت عورت کو تین کپڑوں سے کم کفن دینا ناجائز و مکروہ ہے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: کفن اچھا ہونا چاہیے یعنی عورت جیسے کپڑے پہن کر میکے جاتی تھی اس قیمت کا ہونا چاہیے۔ حدیث شریف میں ہے مُردوں کو اچھا کفن دو کہ وہ باہم ملاقات کرتے اور اچھے کفن سے خوش ہوتے ہیں۔ سفید کفن بہتر ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اپنے مُردے سفید کپڑوں میں دفناؤ۔ (ردالمحتار وغیرہ) پرانے کپڑے کا بھی کفن ہو سکتا ہے جبکہ دھلا ہوا ہو کہ کفن ستھرا ہونا مرغوب و مطلوب ہے۔ (جوہرہ)

مسئلہ: بعض محتاج اور ضرورت مند، ورثہ کفن ضرورت پر قادر ہوتے ہیں۔ (یعنی کم از کم اتنا، جس سے سارا بدن ڈھک جائے) مگر سنت کے مطابق کفن دینا انہیں میسر

نہیں ہوتا۔ وہ کفن مسنون کے لیے لوگوں سے سوال کرتے ہیں یہ ناجائز ہے کہ سوال بلا ضرورت جائز نہیں اور یہاں ضرورت نہیں۔ البتہ اگر کفن ضرورت پر بھی قادر نہ ہوں تو بقدرِ ضرورت سوال کریں۔ زیادہ نہیں۔ ہاں بغیر مانگے مسلمان خود کفن مسنون پورا کر دیں تو انشاءاللہ تعالیٰ پورا ثواب پائیں گے۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: قسم یا زعفران کا رنگا ہوا یا ریشم کا کفن مرد کو ممنوع ہے، اور عورت کے لیے جائز۔ یعنی جو کپڑا مرد زندگی میں پہن سکتا ہے اس کا کفن دیا جا سکتا ہے۔ اور جو زندگی میں ناجائز اس کا کفن بھی ناجائز۔ (عالمگیری)

مسئلہ: کفن کے لیے سوال کر کے لائے اس میں سے کچھ بچ رہا تو اگر معلوم ہے کہ یہ فلاں شخص نے دیا ہے تو اسے واپس کر دیں ورنہ دوسرے محتاج کے کفن میں صرف کر دیں۔ یہ بھی نہ ہو تو تصدق کر دیں۔ (درمختار)

مسئلہ: پھولوں کی چادر بالائے کفن ڈالنے میں شرعاً کوئی حرج نہیں۔ بلکہ نیت حَسَن سے حسن ہے جیسے قبروں پر پھول ڈالنا کہ وہ جب تک تر ہیں تسبیح کرتے ہیں اس سے میت کا دل بہلتا ہے اور رحمت اترتی ہے۔ یونہی تبرک کے لیے غلافِ کعبہ معظمہ کا قلیل ٹکڑا سینے یا چہرے پر رکھنا بلاشبہ جائز ہے۔ اسے رافضیوں کا رواج بتانا محض جھوٹ ہے۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: جو نابالغ لڑکی حدِ شہوت کو پہنچ گئی (کہ اسے دیکھ کر مرد کو اس کی طرف میلان پیدا ہو اور اس کا اندازہ لڑکیوں میں نو برس ہے) وہ بالغ کے حکم میں ہے یعنی بالغ کو کفن میں جتنے کپڑے دیئے جاتے ہیں اسے بھی دیئے جائیں اور اس سے چھوٹی لڑکی کو دو کپڑے دے سکتے ہیں اور بہتر یہ ہے کہ پورا کفن دیں اگرچہ ایک دن کا بچہ ہو۔

(ردالمحتار)

مسئلہ: کتابیہ جو کسی مسلمان کے نکاح میں ہے اس کا یا مسلمان عورت کا بچہ زندہ پیدا ہوا یعنی اکثر حصہ باہر آجانے کے وقت زندہ تھا پھر مر گیا تو اس کا غسل و کفن دیں گے

اور اس کی نماز پڑھیں گے ورنہ اسے ویسے ہی نہلا کر ایک کپڑے میں لپیٹ کر دفن کر دیں گے۔ اس کے غسل و کفن بطریق مسنون نہیں۔ اور نماز بھی اس کی نہیں پڑھی جائے گی۔ اکثر کی مقدار یہ ہے کہ سر کی جانب سے ہو تو سینہ تک اکثر ہے اور پاؤں کی جانب سے ہو تو کمر تک۔ (ردالمحتار)

مسئلہ ضروریہ

پاکستان و ہندوستان میں عام رواج ہے کہ کفن مسنون کے علاوہ اوپر سے ایک چادر اوڑھاتے ہیں، وہ تکیہ دار یا کسی مسکین پر تصدق کرتے ہیں اور ایک جانماز ہوتی ہے جس پر امام جنازہ کی نماز پڑھتا ہے۔ وہ بھی صدقہ کر دیتے ہیں۔ اگر یہ چادر و جانماز میت کے مال سے نہ ہوں بلکہ کسی نے اپنی طرف سے دیا ہے اور عادتاً وہی دیتا ہے جس نے کفن دیا۔ بلکہ کفن کے لیے جو کپڑا لایا جاتا ہے وہ اسی انداز سے لایا جاتا ہے جس میں یہ دونوں بھی ہو جائیں جب تو ظاہر ہے کہ اس کی اجازت ہے اور اس میں کوئی حرج نہیں۔ اور اگر میت کے مال سے ہے تو دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ وارث سب بالغ ہوں اور سب کی اجازت سے ہو جب بھی جائز ہے اور اگر اجازت سے نہ ہو تو جس نے میت کے مال سے منگایا اور تصدق کیا اس کے ذمہ یہ دونوں چیزیں ہیں ان میں جو قیمت صرف ہوئی ترکہ میں شمار کی جائے گی اور وہ قیمت خرچ کرنے والا اپنے پاس سے دے گا۔

دوسری صورت یہ ہے کہ ورثہ میں کل یا بعض نابالغ ہیں تو اب وہ دونوں چیزیں ترکہ سے ہرگز نہیں دی جا سکتیں۔ اگرچہ اس نابالغ وارث نے اجازت بھی دے دی ہو کہ نابالغ کے مال کو صرف کر لینا حرام ہے۔

اسی طرح گھر میں لوٹے گھڑے ہوتے ہوئے خاص میت کے نہلانے کے لیے خریدے تو اس میں بھی یہی تفصیل ہے۔

تیجہ، ساتواں، دسواں، چالیسواں، ششماہی، برسی، کے مصارف میں بھی یہی تفصیل ہے کہ اپنے مال سے جو چاہے خرچ کرے اور میت کو ثواب پہنچائے اور میت

کے مال سے یہ مصارف اسی وقت کیے جائیں کہ سب وارث بالغ ہوں اور سب کی اجازت ہو ورنہ نہیں۔ مگر جو بالغ ہو اپنے حصے سے کر سکتا ہے۔

ایک صورت اور بھی ہے کہ میت نے وصیت کی ہو تو دَین (مالی مطالبہ) ادا کرنے کے بعد جو بچے اس کی تہائی میں وصیت جاری ہوگی۔ اکثر لوگ اس سے غافل ہیں۔ یا ناواقف کہ اس قسم کے تمام مصارف کر لینے کے بعد اب جو باقی رہتا ہے اسے ترکہ سمجھتے ہیں۔ ان مصارف میں نہ وارثوں سے اجازت لیتے ہیں نہ وارث کے نابالغ ہونے کا کچھ خیال رکھتے ہیں اور یہ سخت غلطی ہے۔

ان باتوں سے کوئی یہ نہ سمجھے کہ تیجہ وغیرہ کو منع کیا جا رہا ہے کہ یہ تو ایصال ثواب ہے اس سے کوئی منع کرے گا۔ منع وہ کرے جو وہابی ہو بلکہ ناجائز طور پر ان میں جو خرچ کیا جاتا ہے اس سے منع کیا جا رہا ہے۔ کوئی اپنے مال سے کرے یا سب ورثہ بالغ ہوں اور ان سے اجازت لے کر کرے تو کوئی ممانعت نہیں۔ (بہار شریعت وغیرہ)

مسئلہ: عورتوں کو جنازے کے ساتھ جانا، ناجائز و ممنوع ہے اور نوحہ کرنے والی ساتھ میں ہو تو اسے سختی سے منع کیا جائے۔ اگر نہ مانے تو مرد اس کی وجہ سے جنازہ کے ساتھ جانا نہ چھوڑے کہ اس کے ناجائز فعل سے یہ کیوں سنت ترک کرے بلکہ دل سے اسے برا مانے اور شریک ہو۔ (درمختار، صغیری)

نمازِ جنازہ اور قبر و دفن سے متعلق بعض مسائل

ان ابواب سے متعلق مسائل کا زیادہ تر تعلق چونکہ مردوں سے ہے اس لیے مختصر چند مسائل ذکر کیے جاتے ہیں تاکہ عورتیں ان سے ناواقف محض نہ رہیں:

مسئلہ: ہر مسلمان کی نمازِ جنازہ پڑھی جائے گی۔ اگرچہ وہ کیسا ہی گناہ گار اور بد چلن کیوں نہ ہو (بشرطیکہ کوئی قول یا فعل خلافِ اسلام ظاہر نہ کیا ہو) مگر چند قسم کے لوگ ہیں کہ ان کی نماز نہیں۔ مثلاً جو لوگ ناحق پاسداری میں لڑیں اور مر جائیں۔ یا جس نے

اپنے ماں یا باپ کو مار ڈالا۔ ڈاکو کہ ڈاکہ میں مارا گیا کہ نہ اسے غسل دیا جائے، نہ نماز پڑھی جائے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: جس نے خودکشی کی حالانکہ یہ بہت بڑا گناہ ہے۔ مگر اس کے جنازے کی نماز پڑھی جائے گی اگرچہ قصداً خودکشی کی ہو۔ (عالمگیری)

مسئلہ: میت کو بغیر نماز پڑھے دفن کیا گیا اور مٹی بھی دے دی گئی تو اب اس کی قبر پر نماز پڑھیں جب تک پھٹنے کا گمان نہ ہو اور مٹی نہ دی گئی ہو تو نکالیں اور نماز پڑھ کر دفن کریں اور قبر پر نماز پڑھنے میں دنوں کی تعداد مقرر نہیں۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: بغیر غسل نمازِ جنازہ پڑھی گئی تو نہ ہوئی۔ اسے غسل دے کر پھر پڑھیں اور اگر قبر میں رکھ چکے مگر مٹی ابھی نہیں ڈالی گئی تو قبر سے نکالیں اور غسل دے کر نماز پڑھیں اور مٹی دے چکے تو اب نہیں نکال سکتے۔ لہٰذا اب اس کی قبر پر نماز پڑھیں کہ پہلی نماز نہ ہوئی تھی اور اب چونکہ غسل ناممکن ہے لہٰذا اب ہو جائے گی۔ (ردالمحتار)

تنبیہ ضروری

ایمان و درستگیٔ عقائد کے بعد جملہ حقوق اللہ میں سب سے اہم و اعظم نماز ہے جس نے قصداً ایک وقت کی چھوڑی ہزاروں برس جہنم میں رہنے کا مستحق ہوا۔ جب تک توبہ نہ کرلے اور اس کی قضا نہ کرلے۔ مسلمان اگر اس کی زندگی میں اسے یک لخت چھوڑ دیں، اس سے بات نہ کریں، اس کے پاس نہ بیٹھیں تو ضرور وہ اس کا سزاوار ہے۔ مگر بعد موت ہر سنی صحیح العقیدہ مرد خواہ عورت کو غسل و کفن دینا اس کے جنازے کی نماز پڑھنا (علاوہ ان کے جو شرعاً اس حکم سے مستثنیٰ ہیں) فرض قطعی علی الکفایہ ہے اگر سب چھوڑ دیں جن جن کو اطلاع تھی۔ سب گناہ گار۔ فرض کے تارک اور مستحق عذاب ہوں گے، بے نمازی کہ نماز کو فرض جانتا ہو، اس کی تحقیر نہ کرتا ہو اگرچہ نفس و شیطان کے پھندے میں آکر نہ پڑھتا ہو گناہ کبیرہ کا مرتکب ہے۔ عذابِ جہنم کا مستحق

ہے مگر کافر نہیں، باغی نہیں، ڈاکو نہیں، ایک تباہ کار مسلمان ہے تو اس کے جنازے کی نماز مسلمانوں پر فرض ہے۔ اس نے فرض ترک کیا یہ کیوں تارکِ فرض بنیں۔ ہاں اگر زجر کے لیے کہ دوسروں کو تنبیہ ہو۔ علماء خود نہ پڑھیں۔ دوسروں سے پڑھوادیں تو بے جا نہیں۔ اور اگر ان کے نہ پڑھنے سے اور بھی کوئی نہ پڑھے یا ان کو بھی منع کریں تو یہ بھی مستحق عذابِ جہنم ہوں گے بلکہ جاہلوں سے زیادہ (فتاویٰ رضویہ) اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی پناہ میں رکھے اور سچا نمازی بنائے۔ آمین۔

مسئلہ: حاملہ عورت مرگئی اور دفن کر دی گئی۔ کسی نے خواب میں دیکھا کہ اس کے بچہ پیدا ہوا۔ تو محض اس خواب کی بنا پر قبر کھودنا جائز نہیں۔ (عالمگیری)

مسئلہ: جمعہ کے دن کسی کا انتقال ہوا تو اگر جمعہ سے پہلے تجہیز و تکفین ہو سکے تو پہلے ہی کر لیں۔ اس خیال سے روک رکھنا کہ جمعہ کے بعد مجمع زیادہ ہو گا مکروہ ہے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: ایسے مقبرہ میں دفن کرنا بہتر ہے جہاں صالحین کی قبریں ہوں۔ (درمختار)

مسئلہ: عورت کو کسی وارث نے زیور سمیت دفن کر دیا اور بعض ورثہ موجود نہ تھے تو ان ورثہ کو قبر کھودنے کی اجازت ہے۔ یونہی کسی کا کچھ مال قبر میں گر گیا مٹی دینے کے بعد یاد آیا تو قبر کھود کر نکال سکتے ہیں۔ (عالمگیری)

مسئلہ: اپنے لیے کفن تیار رکھے تو حرج نہیں۔ اور قبر کھودوا رکھنا بے معنی ہے کیا معلوم موت کہاں آئے گی۔ (درمختار)

مسئلہ: عورتوں کے لیے بھی بعض علماء نے زیارتِ قبور کو جائز فرمایا ہے۔ درمختار میں یہی قول اختیار کیا مگر عزیزوں کی قبر پر جائیں تو رونا پیٹنا مچائیں گی لہٰذا ممنوع ہے اور صالحین کی قبروں پر جائیں گی تو تعظیم میں حد سے گذر جائیں گی یا بے ادبی کریں گی کہ عورتوں میں یہ دونوں باتیں بکثرت پائی جاتی ہیں۔ لہٰذا عافیت و سلامتی کی راہ یہی ہے کہ عورتوں کو روکا جائے۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: عورتوں کے لیے جن علمائے کرام نے زیارتِ قبور یا اور ایسے ہی دوسرے

دینی یا دنیاوی امور میں شرکت کو جائز بتایا ہے۔ ان کے نزدیک بھی یہ ضروری ہے کہ (۱) ان موقعوں پر بے پردگی نہ ہو۔ (۲) وہاں فاسقوں اور نا خدا ترسوں کا مجمع نہ ہو۔ (۳) مردوں سے خلط ملط نہ ہوں۔ (۴) وہ تقریب شرعاً ممنوع نہ ہو۔ (۵) ناچ گانے کی محفل نہ ہو (۶) بے باک و بے لحاظ عورتیں وہاں موجود نہ ہوں۔ (۷) بیاہ شادیوں کی محفلوں میں شیطانی گیت نہ ہوں۔ (۸) سمدھنوں کی گالیاں سننا سنانا نہ ہو رت جگے وغیرہ میں ڈھول بجانا گانا نہ ہو۔ ایسی محفلوں میں جانے سے شوہر دار عورتوں کو ان کا شوہر روک سکتا ہے بلکہ روکے اور نہ جانے دے۔ اور جو لڑکیاں ناکتخدا ہیں ان کے ماں باپ انہیں روکیں۔ ہرگز ہرگز نہ جانے دیں کہ نازک شیشیاں ہیں ذرا سی ٹھیس سے مول جائیں گی۔ (فتاویٰ رضویہ وغیرہ)

غالباً انہیں حالات کے پیش نظر بعض مشہور علماء کرام سے سوال ہوا کہ کیا عورتوں کا قبرستان جانا جائز ہے؟ جواب دیا کہ ایسی بات میں جائز ناجائز نہیں پوچھتے یہ پوچھو کہ جائے گی تو اس پر کتنی لعنت ہوگی۔ تو سنو! جب وہ جانے کا ارادہ کرتی ہے اللہ اور اس کے فرشتے اس پر لعنت کرتے ہیں اور جب وہ گھر سے چلتی ہے۔ سب طرف سے شیطان اسے گھیر لیتے ہیں اور جب قبر پر آتی ہے، میت کی روح اسے لعنت کرتی ہے اور جب پلٹتی ہے اللہ کی لعنت کے ساتھ پلٹتی ہے۔ (تاتارخانیہ)

ایک سچی حکایت

حضرت عاتکہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بڑی صالحہ عابدہ، زاہدہ بی بی تھیں۔ ان پاک بی بی کو مسجد کریم بنی صلی اللہ علیہ وسلم سے عشق تھا۔ پہلے امیرالمومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نکاح میں آئیں قبل نکاح امیرالمومنین سے شرط کرالی کہ مجھے مسجد نبوی سے نہ روکیں۔ (یہ وہ وقت تھا کہ اس وقت مسجد کی حاضری بی بیوں کو جائز تھی۔ اب ممنوع و ناجائز ہے) غرض اس وجہ سے امیرالمومنین نے ان کی شرط قبول کرلی پھر بھی چاہتے یہی تھے کہ یہ مسجد نہ جائیں یہ کہتیں آپ منع کر دیں میں نہ جاؤں گی۔

امیرالمومنین بہ پابندی شرط، منع نہ فرماتے۔ امیرالمومنین کے بعد حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نکاح ہوا۔ وہ منع فرماتے یہ نہ مانتیں۔ ایک روز انہوں نے یہ تدبیر کی کہ عشاء کے وقت اندھیری رات میں ان کے جانے سے پہلے راہ میں کسی دروازے کی اوٹ میں چھپ رہے۔ جب یہ آئیں اس دروازے سے آگے بڑھی تھیں کہ انہوں نے پیچھے سے نکل کر ان کے سر مبارک پر ہاتھ مارا اور چھپ رہے۔ حضرت عائشہ نے گھبرا کر انا للہ پڑھی کہ لوگوں میں فساد آگیا۔ یہ فرما کر مکان کو واپس آئیں، پھر جنازہ ہی نکلا۔ دراصل حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے انہیں تنبیہ فرمائی کہ عورت کیسی ہی صالح ہو اس کی طرف اندیشہ نہ کسی فاسق مردوں کی طرف سے اس پر خوف کا کیا علاج۔ تو یہ عورتوں کو پھانسی پر لٹکانا نہیں بلکہ ان کی عزت کو شریروں کے شر سے بچانا ہے۔

(فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: مردہ کے ساتھ چینی یا کوئی میٹھی چیز جیسے مٹھائی، یا روٹی یا غلہ لے جانا، ایک عبث و لایعنی فعل ہے۔ مکان پر جس قدر چاہیں صدقہ و خیرات کریں۔ قبرستان میں اکثر دیکھا گیا ہے کہ اناج تقسیم ہوتے وقت بچے اور عورتیں وغیرہ غل مچاتے اور مسلمانوں کی قبروں پر دوڑتے پھرتے ہیں اور یہ حرام ہے کہ اس سے مردوں کو سخت ایذا ہوتی ہے اور وہاں مٹھائی وغیرہ چیونٹیوں کو اس نیت سے ڈالنا کہ میت کو تکلیف نہ پہنچائیں محض جہالت ہے اور نیت نہ بھی ہو جب بھی بجائے اس کے مساکین، صالحین پر تقسیم کرنا بہتر ہے۔ (ملفوظات رضویہ)

مسئلہ: قبر پر قرآن کریم پڑھنے کے لیے حافظ مقرر کرنا جائز ہے۔ (درمختار)

یعنی جب کہ پڑھنے والے اُجرت پر نہ پڑھتے ہوں کہ اُجرت پر قرآن کریم پڑھنا اور پڑھانا، ناجائز ہے۔ دینے والا اور لینے والا دونوں گناہ گار ہیں۔ اُجرت صرف یہی نہیں کہ پیشتر مقرر کرلیں کہ یہ لیں گے یا یہ دیں گے بلکہ اگر معلوم ہے کہ یہاں کچھ ملتا ہے اگرچہ اس سے طے نہ ہوا ہو یہ بھی ناجائز ہے۔ ہاں اگر کہہ دے کہ کچھ نہیں دوں گا یا نہیں لوں گا پھر پڑھے اور لوگ اس کی خدمت کردیں تو اس میں حرج نہیں اور اگر اس طرح

بھی کچھ پڑھنے والا نہ ملے اور اُجرت پر ہی پڑھوانا پڑے تو اس سے اپنے کام کاج کے لیے اُجرت ٹھہرالیں پھر یہ کام اس سے لیں اور وقت کی پابندی کی اُجرت دے دیں۔

(درمختار، بہار شریعت)

مسئلہ: شجرہ یا عہدنامہ قبر میں رکھنا جائز ہے اور بہتر یہ ہے کہ میت کے منہ کے سامنے قبلہ کی جانب طاق کھود کر اس میں رکھیں بلکہ درمختار میں کفن پر عہدنامہ لکھنے کو جائز کہا ہے اور فرمایا اس سے مغفرت کی امید ہے اور میت کے سینہ اور پیشانی پر بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھنا جائز ہے۔ ایک شخص نے اس کی وصیت کی تھی۔ انتقال کے بعد سینہ اور پیشانی پر بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھ دی گئی پھر کسی نے اسے خواب میں دیکھا حال پوچھا۔ تو جواب دیا کہ جب میں قبر میں رکھا گیا۔ عذاب کے فرشتے آئے۔ فرشتوں نے جب پیشانی پر بسم اللہ شریف دیکھی تو عذاب سے بچ گیا۔ (درمختار، غنیہ تاتارخانیہ) یوں بھی ہو سکتا ہے کہ پیشانی پر بسم اللہ شریف لکھیں اور سینہ پر کلمہ طیبہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم۔ مگر نہلانے کے بعد کفن پہنانے سے پیشتر کلمہ کی انگلی سے لکھیں، روشنائی سے نہ لکھیں۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: سنا گیا ہے کہ بعض جاہلوں میں مرا ہوا بچہ کسی کے پیدا ہوتا ہے تو اسے ہانڈی میں رکھ کر قبرستان سے الگ، قبروں سے دور دفن کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ پکا مسان ہے۔ اس سے ہندوؤں کی طرح بچتے ہیں۔ اگر ایسا ہے تو یہ شیطانی خیال ہے اسے مسلمانوں کے قبرستان ہی میں دفن کریں اور اس خیال و فعل بد سے باز آئیں۔

(فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: قبر پر پھول ڈالنا بہتر ہے کہ جب تک تر رہیں گے تسبیح کریں گے اور میت کا دل بہلے گا۔ (ردالمحتار) یونہی جنازہ پر پھولوں کی چادر ڈالنے میں حرج نہیں۔ (بہار شریعت) اور قبر پر سے تر گھاس نوچنا نہ چاہیے کہ اس کی تسبیح سے رحمت اترتی ہے اور میت کو انس ہوتا ہے اور نوچنے میں میت کا حق ضائع کرنا ہے۔ (ردالمحتار) اور قبر میں گلاب وقتِ

دفن چھڑکنے میں جرح نہیں اور اوپر چھڑکنا فضول اور مال کا ضائع کرنا ہے۔

مسئلہ: عود، لوبان وغیرہ کوئی چیز خاص قبر پر رکھ کر جلانا نہ چاہیے اگرچہ کسی برتن میں ہو اور قبر کے قریب سلگانا کہ جو لوگ وہاں موجود ہیں یا زیارت کے لیے آنے والے ہیں انہیں سکون و انس حاصل ہو، بے شک بہتر و مستحسن ہے، اسے خواہ مخواہ بدعت بتانے والے نئی شریعت گھڑتے ہیں۔ (فتاویٰ رضویہ)

تنبیہہ ضروری

بعض عورتیں بلکہ ناواقف مسلمان کہتے ہیں کہ فلاں درخت پر شہید مرد ہیں اور فلانے طاق میں شہید رہتے ہیں اور اس درخت اور اس طاق کے پاس جاکر ہر جمعرات کو فاتحہ، شیرینی، چاول وغیرہ پر دلاتے ہیں، ہار لٹکاتے ہیں، لوبان سلگاتے ہیں، مرادیں مانگتے ہیں۔ یہ سب واہی تباہی باتیں، خرافات اور جاہلانہ حماقتیں ہیں۔ اس قسم کے افعال و حرکات سے ہمیشہ بچتے رہنا چاہیے اور جاہلوں کی باتوں میں آکر خلافِ شرع کوئی بات نہ کرنی چاہیے۔

تعزیت کا بیان

کسی مصیبت زدہ مسلمان بھائی یا بہن کے پاس جاکر اس کی تسلّی و تشفی کے لیے مناسب الفاظ کہنا اور میت کے حق میں دعائے خیر کرنا تعزیت ہے اور یہ تعزیت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنتِ کریمہ ہے اور کارِ ثواب بھی۔ حدیث شریف میں ہے جو اپنے بھائی مسلمان کی مصیبت میں تعزیت کرے۔ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اسے کرامت کا جوڑا پہنائے گا اور دوسری حدیث میں ہے جو کسی مصیبت زدہ کی تعزیت کرے اسے اسی کے مثل ثواب ملے گا۔ (ابن ماجہ) یعنی جبکہ مصیبت زدہ صبر و شکر سے کام لے۔

مسئلہ: مستحب ہے کہ میت کے تمام اقارب چھوٹے بڑے مرد عورت سب کی تعزیت کریں اور تعزیت میں یہ الفاظ کہیں۔ اللہ تعالیٰ میت کی مغفرت فرمائے اسے اپنی رحمت میں ڈھانکے۔ تم کو صبر روزی کرے اور اس مصیبت پر ثواب عطا فرمائے۔

(عالمگیری)

مسئلہ: میت کے پڑوسی یا دور کے رشتے دار اگر میت کے گھر والوں کے لیے اس دن اور رات کے لیے کھانا لائیں تو بہتر ہے اور انہیں اصرار کر کے کھلائیں۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: میت کے قریبی رشتہ داروں کا گھر میں بیٹھنا کہ لوگ ان کی تعزیت کو آئیں اس میں کوئی حرج نہیں۔ ہاں مکانوں کے دروازوں یا عام گزر گاہوں پر بچھونے بچھا کر بیٹھنا بُری بات ہے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: میت کے گھر والے تیجہ، دسویں چالیسویں وغیرہ کے دن رشتہ داروں یا دوست احباب کی دعوت کریں یہ ناجائز اور بدعت قبیحہ ہے کہ دعوت تو خوشی کے موقع پر کی جاتی ہے نہ کی غمی کے موقعوں پر کہ یہ افسوس کے دن ہیں تو جو خوشی میں ہوتا ہے ایسے موقعوں کے لائق نہیں۔ (فتح القدیر)

علمائے کرام اہلسنّت و جماعت ایسی ہی دعوتوں کے متعلق فرماتے ہیں کہ یہ سب دکھاوے اور ناموری کے کام ہیں۔ ان سے بچنا لازم و ضروری ہے کشف الغطاء میں فرمایا کہ تعزیت کے لیے اکثر عورتیں رشتہ دار جمع ہوتی ہیں اور روتی پیٹتی نوحہ کرتی ہیں انہیں کھانا نہ دیا جائے کہ گناہ پر مدد دینا ہے۔ حدیثوں میں آیا کہ حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اہلِ میت کے یہاں جمع ہونے اور ان کے کھانا تیار کرانے کو مُردے کے لیے نوحہ کرنے میں شمار کرتے تھے۔ (ابن ماجہ وغیرہ) اور ظاہر ہے کہ نوحہ حرام ہے، ہاں اگر محتاجوں کو دینے کے کھانا پکوائیں تو حرج نہیں بلکہ خوب ہے، بشرطیکہ یہ کام کوئی عاقل بالغ اپنے مالِ خاص سے کرے یا ترکہ سے کریں تو سب وارث موجود و بالغ و راضی ہوں۔ اور اگر وارثوں میں کوئی یتیم یا اور کوئی بچہ نابالغ ہو یا بالغ ہیں مگر سب موجود نہیں، یا موجود ہیں اور سب سے اجازت نہ لی اور کھانا پکوانا یا خیر خیرات کرنا شروع

کردیا تو یہ بات اور بھی زیادہ حرام اور سخت ناجائز ہے کہ یتیموں کا مال یوں بے دریغ اڑانا دوسروں کا مال بلا اجازت تصرف میں لانا ہے اور یہ خود ناجائز و حرام ہے اور اگر ان میں کوئی یتیم ہوا تو آفت اور سخت تر ہے۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: ہند و پاک کے اکثر گھرانوں میں رواج ہے کہ میت کے روز وفات سے اس کے اعزاء و اقارب یا احباب کی عورتیں اس کے یہاں جمع ہوتی ہیں۔ پھر کچھ دوسرے دن کچھ تیسرے دن واپس چلی جاتی ہیں اور بعض چالیسویں تک بیٹھی رہتی ہیں۔ اس مدت اقامت میں عورتوں کے کھانے پینے اور پان چھالیا کا اہتمام اہلِ میت کرتے ہیں جس کے باعث وہ زیربار ہوتے ہیں۔ ان کے متعلق علمائے کرام نے فرمایا کہ یہ عورتیں کہ جمع ہوتی ہیں، ناپسندیدہ و خلافِ شرع کام کرتی ہیں۔ مثلاً چلا کر رونا پیٹنا، بناوٹ سے منہ ڈھانپنا وغیرہ وغیرہ اور یہ سب نوحہ ہے اور حرام۔ میت کے عزیزوں اور دوستوں کو بھی جائز نہیں کہ انہیں کھانا بھیجیں کہ گناہ کی امداد ہوگی۔ نہ یہ کہ اہل میت کھانے وغیرہ کا اہتمام کریں کہ سرے سے ناجائز ہے تو اس ناجائز مجمع کے لیے اور زیادہ ناجائز ہوگا۔ پھر اکثر لوگوں کو اس رسم شنیع اور بے ہودہ رواج کے باعث اپنی طاقت سے زیادہ ضیافت کا اہتمام کرنا پڑتا ہے۔ یہاں تک کہ میت والے بے چارے اپنے غم اپنی مصیبت کو بھول کر اس آفت میں مبتلا ہو جاتے ہیں کہ اس میلے کے لیے کھانا، پان چھالیا کہاں سے لائیں اور بارہا ضرورت قرض لینے کی پڑتی ہے۔ ایسا تکلف شریعت کو کسی جائز کام، کسی امرِ مباح کے لیے بھی پسند نہیں اور ہرگز پسند نہیں نہ کہ ایک رسمِ ممنوع کے لیے۔

پھر اس کے باعث جو دقتیں پڑتی ہیں بالکل ظاہر ہیں پھر اگر سودی قرض ملا تو حرام خالص ہوگیا اور معاذ اللہ لعنتِ الٰہی سے پورا حصّہ ملا کہ بلاضرورتِ شرعیہ سود دینا بھی سود لینے کے مانند، باعثِ لعنت ہے۔ غرض اس بے ہودہ رسم کی ممانعت میں کوئی شک شبہ نہیں۔ اللہ عزوجل مسلمانوں کو توفیق بخشے کہ ایسی تمام رسمیں یک لخت ترک کر دیں جن میں ان کے دین و دنیا کا نقصان ہے اور طعنِ بیہودہ کا لحاظ نہ کریں۔

تنبیہ: اگرچہ صرف ایک دن یعنی پہلے ہی روز، عزیزوں و ہمسایوں کو مسنون ہے کہ

اہلِ میت کے لیے اتنا کھانا پکوا کر بھیجیں جسے وہ دو وقت کھا سکیں اور اصرار کر کے انہیں کھلائیں مگر یہ کھانا صرف اہل میت ہی کے قابل ہونا سنت ہے اس میلے کے لیے ہرگز بھیجنے کا حکم نہیں۔ اور ان کے لیے بھی فقط روز اوّل کا حکم ہے، آگے نہیں جیسا کہ فتاویٰ عالمگیری، کشف الغطاء اور فتاویٰ رضویہ میں مذکور ہے۔ واللہ الھادی۔

سوگ اور نوحہ کا بیان

مسئلہ: نوحہ یعنی میت کے اوصاف مبالغہ کے ساتھ بیان کر کے آواز سے رونا جس کو بین کہتے ہیں۔ سب کے نزدیک حرام ہے۔ یونہی واویلا، وامصیبتا کہہ کر چلانا، (جوہرہ نیرہ) گریبان پھاڑنا، منہ نوچنا، بال کھولنا، سر پر خاک ڈالنا، سینہ کوٹنا، ران پر ہاتھ مارنا، ایڑیاں رگڑنا غرض اظہارِ غم کے لیے ایسی ہی واہی تباہی حرکتیں کرنا، یہ سب زمانۂ جاہلیت کے کام ہیں اور سخت حرام۔ (عالمگیری) اور سوگ تین دن سے زیادہ جائز نہیں مگر عورت شوہر کے مرنے پر چار مہینے دس دن سوگ کرے گی۔ (حدیث)

مسئلہ: آواز سے رونا منع ہے اور آواز بلند نہ ہو تو اس کی ممانعت نہیں بلکہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے شاہزادے حضرت ابراہیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وفات پر بُکا فرمایا کہ مبارک آنکھوں سے آنسو رواں ہوئے۔ (جوہرہ)

مسئلہ: شوہر کی موت یا طلاق بائن کی عدت میں عاقلہ بالغہ مسلمان عورت پر جو سوگ واجب ہے اس کے معنی یہ ہیں کہ عورت، زینت کو ترک کردے یعنی ہر قسم کے زیور چاندی سونے جواہر وغیرہ کے اور ہر قسم اور ہر رنگ کے ریشم کے کپڑے اگرچہ سیاہ ہوں نہ پہنے اور خوشبو، بدن یا کپڑوں میں استعمال نہ کرے اور نہ تیل کا استعمال کرے اگرچہ اس میں خوشبو نہ ہو جیسے روغن زیتون۔ یوں ہی کنگھا کرنا اور سیاہ سرمہ لگانا سفید خوشبودار سرمہ لگانا اور مہدی لگانا اور زعفران یا کسم یا گیرو، یا گلابی، دھانی، چمپئی اور طرح طرح کے رنگ جن میں زینت پائی جاتی ہے ان میں رنگا ہوا کپڑا پہننا منع ہے۔

عورت پر واجب ہے کہ ان سب چیزوں کو زمانۂ عدت میں چھوڑے رکھے۔

(درمختار، عالمگیری وغیرہ)

مسئلہ: عذر اگر واقعی ہو تو اس کی وجہ سے ان چیزوں کا استعمال کر سکتی ہے مگر اس حال میں اس کا استعمال زینت کے قصد سے نہ ہو۔ مثلاً دردِ سر کی وجہ سے تیل لگا سکتی ہے یا تیل لگانے کی عادی ہے جانتی ہے نہ لگانے میں دردِ سر ہو جائے گا تو لگانا جائز ہے۔ یونہی دردِ سر کے وقت کنگھا کر سکتی ہے مگر اس طرف سے جدھر کے دندانے موٹے ہیں ادھر سے نہیں جدھر باریک ہوں کہ یہ بال سنوارنے کے لیے ہوتے ہیں اور یہ ممنوع ہے یا سرمہ لگانے کی ضرورت ہے کہ آنکھوں میں درد ہے تو سرمہ لگا سکتی ہے۔ یا خارش ہے تو ریشمی کپڑے پہن سکتی ہے۔ یا اس کے پاس اور کپڑا نہیں ہے تو یہی ریشمی یا رنگا ہوا تو یہی پہن سکتی ہے مگر یہ ضرور ہے کہ ان کی اجازت ضرورت کے وقت بقدرِ ضرورت ہے۔ ضرورت سے زیادہ ممنوع۔ مثلاً آنکھ کی بیماری میں سرمہ لگانے کی ضرورت ہے تو یہ لحاظ ضروری ہے کہ سیاہ سرمہ اسی وقت لگا سکتی ہے جب سفید سرمہ سے کام نہ چلے اور اگر صرف رات میں لگانا کافی ہے تو دن میں لگانے کی اجازت نہیں۔

(عالمگیری، ردالمحتار وغیرہ)

مسئلہ: نابالغہ پر سوگ نہیں۔ ہاں اگر دورانِ عدت، نابالغہ، بالغہ ہو گئی تو جو دن باقی رہ گئے ہیں ان میں سوگ کرے۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: کسی قریبی رشتہ دار کے مرجانے پر عورت کو تین دن تک سوگ کرنے کی اجازت ہے۔ اس سے زائد کی نہیں۔ اور عورت شوہر والی ہو تو اس سے بھی منع کر سکتا ہے۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: عدت کے اندر عورت چارپائی پر سو سکتی ہے کہ یہ زینت میں داخل نہیں۔

(بہارِ شریعت)

اس موقع پر بعض احادیث جو نوحہ وغیرہ کے بارے میں وارد ہیں ذکر کی جاتی ہیں تاکہ عورتیں بغور دیکھیں ان پر عمل کریں اور اپنی پرائی دوسری عورتوں کو سنائیں کہ یہ

بلا اکثر عورتوں میں ہندوؤں کی تقلید سے پائی جاتی ہے۔ فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:

(۱) جو منہ پر طمانچہ مارے اور گریبان پھاڑے اور جاہلیت کا پکارنا پکارے (نوحہ کرے) وہ ہم میں سے نہیں۔ (بخاری و مسلم)

(۲) جو سر منڈائے (یعنی کسی کے مرنے پر جیسے ہندو بھدرا کرتے ہیں) اور نوحہ کرے اور کپڑے پھاڑے، میں اس سے بری (وبیزار) ہوں۔ (بخاری و مسلم)

(۳) آنکھ کے آنسو اور دل کے غم کے سبب اللہ تعالیٰ عذاب نہیں فرماتا (اور زبان کی طرف اشارہ کر کے فرمایا) لیکن اس کے سبب عذاب یا رحم فرماتا ہے اور گھر والوں کے رونے کے سبب میت پر عذاب ہوتا ہے۔ (بخاری و مسلم) یعنی جبکہ اس نے وصیت کی ہو کہ اس کے مرنے کے بعد خوب رویا جائے یا یہ کہ اس نے وصیت تو نہیں کی لیکن اس کے خاندان میں رونے نوحہ کرنے کا رواج تھا اس کے علم میں یہ بات تھی لیکن اس نے اس سے منع نہ کیا۔ واللہ اعلم۔ یا یہ مراد ہے کہ میت کے گھر والوں کے رونے سے اسے تکلیف ہوتی ہے کہ دوسری حدیث میں آیا "اے اللہ کے بندو! اپنے مُردے کو تکلیف نہ دو، جب تم رونے لگتے ہو وہ بھی روتا ہے۔" (بہار شریعت)

(۴) جب کوئی مرجاتا ہے اور رونے والا (مرد خواہ عورت) اس کی خوبیاں بیان کر کر کے روتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس میت پر دو فرشتے مقرر فرماتا ہے کہ جو اسے کونچے دیتے ہیں اور کہتے ہیں کیا تو ایسا ہی تھا۔ (ترمذی شریف)

(۵) نوحہ کرنے والی نے اگر مرنے سے پہلے توبہ نہ کی تو قیامت کے دن اس طرح کھڑی کی جائے گی کہ اس پر ایک کرتا قطران[1] کا ہوگا اور ایک خارشت[2] کا۔ (مسلم)

(۶) اللہ عزوجل فرماتا ہے: اے ابنِ آدم! اگر تُو اوّل صدمہ کے وقت صبر کرے اور ثواب کا طالب ہو تو تیرے لیے جنّت کے سوا کسی ثواب پر میں راضی نہیں۔

(ابن ماجہ)

---

[1] کولتار کے مانند ایک چیز۔

[2] خاردار درخت۔

(۷) جس مسلمان مرد یا عورت کو کوئی مصیبت پہنچی اسے یاد کر کے انا للہ وانا الیہ راجعون کہے اگرچہ مصیبت کا زمانہ دراز ہو گیا تو اللہ تعالیٰ اس پر نیا ثواب عطا فرماتا ہے اور ویسا ہی ثواب فرماتا ہے جیسا اس دن کہ مصیبت آئی تھی۔ (اور اس نے صبر کیا تھا) (بیہقی)

شہادت کا بیان

حق کے لیے حق کی حمایت میں قتل کیا جانا بڑے نصیبے والوں کو میسر آتا ہے لیکن موت کی بہت سی وہ صورتیں ہیں جن میں شہادت کا ثواب ملتا ہے۔ لیکن انہیں غسل بھی دیا جائے گا اور کفن بھی۔ اللہ عزوجل کم از کم ایسی ہی شہادت نصیب فرمائے۔ (آمین)

حدیث شریف میں آیا کہ (۱) جو طاعون سے مرا شہید، (۲) جو ڈوب کر مرا وہ شہید، (۳) جو ذات الجنب (اس سے مراد استسقاء ہے یا دست آنا) میں مرا وہ شہید، (۴) جو پیٹ کی بیماری میں مرا وہ شہید، (۵) جو جل کر مرا وہ شہید، (۶) جس کے اوپر دیوار وغیرہ گر گئی جس سے موت واقع ہو گئی وہ شہید، (۷) وہ عورت جو پیدا ہونے اور کنوارے پن میں مر جائے وہ شہید، (۸) اور جو مسافرت میں مرجائے وہ شہید۔ (ابوداؤد، ابن ماجہ وغیرہ) ان کے علاوہ بعض صورتیں یہ ہیں: (۹) سل کی بیماری میں مرا، (۱۰) سواری سے گر کر، (۱۱) یا مرگی میں مرا، (۱۲) جو چاشت کی نماز پڑھے اور ہر مہینے میں تین روزے رکھے، (۱۳) فسادِ امت کے وقت سُنّت پر عمل کرنے والا، اس کے لیے سو شہیدوں کا ثواب ہے، (۱۴) جو مرض میں چالیس مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ پڑھے اور اسی مرض میں جائے اور اچھا ہو گیا تو اس کی مغفرت ہو جائے گی، (۱۵) جو ہر رات میں سورۂ یٰسین شریف پڑھے، (۱۶) جو باطہارت سویا اور مرگیا، (۱۷) جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر ہر روز سو بار درود شریف پڑھے، (۱۷) جو جمعہ کے دن مرے، (۱۸) جو صبح کو اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ تین بار پڑھ کر سورۂ حشر کی

پچھلی تین آیتیں پڑھے، (۲۰)جو ہر روز پچیس بار یہ پڑھے: اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لِیْ فِی الْمَوْتِ وَفِیْ مَابَعْدَ الْمَوْتِ---وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ-

ایصالِ ثواب کا بیان

قرآن کریم کا ارشاد گرامی ہے: تَعَاوَنُوْا عَلَی الْبِرِّ وَالتَّقْوٰی- نیکی اور پرہیزگاری میں آپس میں ایک دوسرے کی مدد کرو- اور احادیثِ کریمہ اس باب میں بکثرت وارد کہ مسلمان مسلمان بھائی بھائی ہیں- انہیں ایک دوسرے کے دکھ درد میں شریک رہنا چاہیے- ایک دوسرے کے کام آنا چاہیے، ایک دوسرے کے ساتھ نیک سلوک کرنا چاہیے، ایک دوسرے کی حاجت روائی میں شریک کار بننا چاہیے- یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "دین خیرخواہی کا نام ہے-" اس کو تین مرتبہ فرمایا- صحابہ نے عرض کیا "کس کی خیرخواہی؟" فرمایا: "اللہ و رسول اور اس کی کتاب کی اور ائمۂ اہلِ اسلام اور عام مسلمانوں کی-" (مسلم شریف) مسلم شریف کی ایک روایت میں ہے کہ حضور پرنور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا تم میں جس سے ہو سکے کہ اپنے مسلمان بھائی کو فائدہ پہنچائے تو ضرور پہنچائے- لیکن سوال یہ ہے کہ جب جسم و جان کا تعلق ختم ہو جائے، مرنے والوں کا زندوں سے رابطہ و علاقہ ختم ہو جائے، موت کے بعد زندوں اور مردوں میں آہنی دیوار حائل ہو جائے اور ان میں حسی و مادی تعاون اور نفع رسانی و خیرخواہی ہی بظاہر ختم نظر آئے تو زندوں کے نیک اعمال سے مردوں کو فائدہ پہنچ سکتا ہے یا نہیں- اور دینی و رُوحانی تعلق باقی رہتا ہے یا نہیں اور میت کے ورثہ و اعزا و احباب بلکہ عامۃ المسلمین کے نیک اعمال سے مُردے فیض پاتے ہیں یا نہیں-

ہمارے نزدیک شریعتِ اسلامیہ اس کا جواب اثبات میں دیتی ہے- یعنی ہاں زندوں کے اعمال سے مردوں کو فائدہ پہنچتا ہے اور زندوں کے ایصالِ ثواب سے مُردے فیض پاتے ہیں اور فائدہ اٹھاتے ہیں-

مثلاً احادیثِ کریمہ میں آیا کہ جو گیارہ بار قل ھواللہ شریف پڑھ کر اس کا

ثواب مردوں کو پہنچائے تو مردوں کی گنتی کے برابر اسے ثواب ملے گا۔ (درمختار) خود حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں آپ کے ارشاد گرامی کے مطابق دو مینڈھے سینگ والے چت کبرے خصی کیے ہوئے یا بکرے لائے گئے۔ آپ نے دستِ مبارک سے انہیں ذبح فرمایا اور بارگاہِ الٰہی میں عرض کیا کہ "الٰہی یہ (ایک) میری طرف سے ہے اور (ایک) میری امت میں اس کی طرف سے ہے جس نے قربانی نہ کی (کہ اس کی استطاعت نہ پائی)" (ابوداؤد، ابن ماجہ)

ایک اور حدیث شریف میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خود بنفسِ نفیس بکری ذبح فرماتے، اور اس کے ٹکڑے حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی سہیلیوں میں تقسیم فرمادیتے۔ (بخاری شریف)

حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ کا انتقال ہوا تو آپ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر عرض کیا۔ یارسول اللہ سعد کی (یعنی میری) والدہ کا انتقال ہوگیا ہے۔ کونسا صدقہ افضل ہے۔ ارشاد فرمایا، پانی۔ انہوں نے کنواں کھودا اور اعلان کر دیا کہ هٰذِهٖ لِاُمِّ سَعْدٍ۔ یہ سعد کی ماں کے لیے ہے۔ (ابوداؤد) غرض زندوں کے ایصالِ ثواب سے مردوں کو فائدہ پہنچتا ہے۔ فقہ و عقائد کی کتابوں میں اس کا ذکر تفصیل سے موجود ہے، یہاں اس کی گنجائش نہیں۔

فائدہ: کلمہ گو گمراہ فرقوں میں ایک فرقہ گزرا ہے جو معتزلہ کے نام سے مشہور ہوا۔ اگرچہ اس فرقے کا آج کہیں نام و نشان نہیں لیکن اس گروہ کے بہت سے عقائد کو بعد میں پیدا ہونے والے گمراہ فرقوں نے آپس میں تقسیم کر لیا۔ معتزلہ کے نزدیک زندوں کے ایصالِ ثواب سے مُردوں کو کوئی فائدہ نہیں پہنچ سکتا۔ آج فرقہ وہابیہ بھی یہی عقیدہ رکھتا ہے اور بات بات پر مسلمانانِ اہلسنّت کو بدعتی و مشرک ٹھہراتا ہے۔ عورتوں اور جاہلوں پر ان کا جادو جلدی چڑھ جاتا ہے۔ لہٰذا اپنا دین و مذہب عزیز ہے تو ان کی کتابیں پڑھو نہ ان کے وعظ و نصیحت پر کان دھرو نہ ان سے تعلقات رکھو، جہاں تک بن پڑے ایسوں سے دُور رہنا ہی سلامتی ایمان کا راستہ ہے۔

مسئلہ: ایصالِ ثواب یعنی قرآن مجید یا درود شریف یا کلمۂ طیبہ یا نماز و روزہ، حج، زکوٰۃ غرض ہر قسم کی مالی یا بدنی عبادت اور ہر عمل نیک، فرض و نفل کا ثواب مُردوں کو پہنچا سکتے ہیں۔ ان سب کو پہنچے گا اور اس کے ثواب مین کچھ کمی نہ ہوگی بلکہ اس کی رحمت سے امید ہے کہ سب کو پورا پورا ملے۔ یہ نہیں کہ یہ ثواب تقسیم ہو کر ٹکڑا ٹکڑا ملے۔ (ردالمحتار) بلکہ امید یہ ہے کہ اس ثواب پہنچانے والے کے لیے ان سب کے مجموعہ کے برابر ملے۔ مثلاً کوئی نیک کام کیا جس کا ثواب کم از کم دس گنا ملے۔ اس نے اس کا ثواب دس مردوں کو بخش دیا تو ہر ایک کو دس دس ملیں گے اور اس کو ایک سو دس اور ہزار کو پہنچایا تو اسے دس ہزار دس۔ وعلیٰ ہذا القیاس۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: نابالغ نے کچھ پڑھ کر یا کوئی نیک عمل کر کے اس کا ثواب مُردہ کو پہنچایا، تو انشاء اللہ تعالیٰ پہنچے گا۔ (فتاویٰ رضویہ)

یہاں یہ نہ سمجھنا چاہیے کہ فرض کا ثواب مردوں کو پہنچا دیا تو اپنے پاس کیا رہ گیا۔ اس لیے کہ ثواب پہنچانے سے اپنے پاس سے کچھ نہ گیا بلکہ اس ایصالِ ثواب سے فرض اس کے ذمہ ساقط ہو گیا اور یہ ادائیگی فرض سے فارغ ہو گیا پھر دوبارہ ان کو ادا نہ کیا جائے گا، ورنہ ثواب کس چیز کو پہنچایا گیا۔ وہاں کی باتیں یہاں کے قیاس پر نہیں کہ ایک چیز دوسرے کو دے دیں تو اپنے پاس ہی نہ رہے۔ (فتاویٰ رضویہ، بہار شریعت)

مسئلہ: مسلمان کو دنیا سے جانے کے بعد جو ثواب، قرآن مجید کی تلاوت یا کلمہ شریف اور درود شریف کی قرأت اور دوسرے اعمالِ صالحہ کا تنہا یا کھانے کپڑے وغیرہ کے ساتھ پہنچایا جاتا ہے۔ عرف میں اسے فاتحہ کہتے ہیں کہ اس میں سورۂ فاتحہ پڑھی جاتی ہے اور اولیاء کرام کو جو ایصالِ ثواب کرتے ہیں اسے تعظیماً نذر و نیاز کہتے ہیں۔ عام محاورہ ہے کہ بڑوں کے حضور جو ہدیہ پیش کرتے ہیں اسے نذر کہتے ہیں چنانچہ کہا جاتا ہے کہ بادشاہ نے دربار کیا، اسے نذریں گزریں۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: ایصالِ ثواب کا طریقہ یہ ہے کہ اول تین یا زائد بار درود شریف پڑھیں پھر سورۂ فاتحہ و آیت الکرسی اور تین یا پانچ سات بار یا گیارہ بار سورۂ اخلاص (قل ھو اللہ)

پڑھیں پھر تین بار درود شریف پڑھیں۔ اس کے بعد دونوں ہاتھ اٹھا کر عرض کریں کہ:
الٰہی میرے اس پڑھنے پر (اور اگر کھانا کپڑا وغیرہ بھی ہوں تو ان کا نام بھی لیں) اور کہیں کہ اس پڑھنے اور ان چیزوں کے دینے پر جو ثواب مجھے عطا ہوا سے میرے عمل کے لائق نہ دے اپنے کرم کے لائق عطا فرما اور اسے میری طرف سے فلاں ولی اللہ مثلاً حضور پرنور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بارگاہ میں نذر پہنچا اور ان کے آباء کرام (جن کی یہ اولادیں ہیں) اور مشائخ کرام (جن کے یہ مریدوں میں ہیں) اور اولاد امجاد، مریدین و محسین اور میرے ماں باپ اور فلاں اور فلاں (یہاں ان کا نام لیں جنہیں ایصالِ ثواب کرنا ہے) اور سیدنا آدم علیہ السلام سے روز قیامت تک جتنے مسلمان ہو گزرے یا موجود ہیں یا قیامت تک ہوں گے، سب کو اس کا ثواب پہنچا۔ اس کے بعد دونوں ہاتھ چہرے پر پھیرے۔ یا جو طریقہ اور الفاظ چاہیں استعمال کریں۔ بس اس کا خیال ضرور رکھیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم اور دوسرے انبیاء و مرسلین اور محبوبانِ خدا مثلاً حضور سیدنا غوث اعظم و حضور سلطان الہند خواجہ غریب نواز وغیرہما کے لیے ثواب بخشنا نہیں کہتے، یہ لفظ بہت بے جا ہے۔ بخشنا بڑوں کی طرف سے چھوٹوں کو ہوتا ہے، یہاں نذر کرنا کہنا چاہیے۔ (فتاویٰ رضویہ وغیرہ)

مسئلہ: اور یہ جو بعض کتابوں میں لکھا ہے کہ کھانا سامنے رکھ کر ہاتھ اٹھا کر قرآن کریم وغیرہ پڑھ کر ثواب بخشنا یہ ہندوؤں کا طریقہ ہے۔ یہ صرف مہمل و لایعنی بات ہی نہیں بلکہ وہابیہ کی بیہودگیوں اور گمراہیوں کا ایک نمونہ ہے ورنہ ہندوؤں میں نہ قیامت کا عقیدہ ہے نہ وہ ثواب و عذاب کے قائل ہیں تو ان کے یہاں ایصالِ ثواب کہاں۔ پھر کہاں قرآن عظیم کی تلاوت اور کہاں ویدوں کی پڑھنت۔ لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔ حاجی امداد اللہ شاہ صاحب مہاجر مکی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے یہاں بڑی اچھی بات اپنے رسالہ "فیصلہ ہفت مسائل" میں لکھی، وہ فرماتے ہیں: "سلف میں تو یہ عادت تھی کہ مثلاً کھانا پکا کر مسکین کو کھلا دیا اور دل سے ایصالِ ثواب کی نیت کر لی۔ متاخرین (پہلی صدی کے بعد والے علماء) میں کسی کو خیال آیا کہ جیسے نماز میں نیت ہر چند دل سے کافی ہے مگر موافقت قلب و لسان (زبان و دل کی موافقت) کے لیے عوام کو زبان

سے کہنا بھی مستحسن (اچھا) ہے۔ اسی طرح اگر یہاں زبان سے کہہ لیا جائے کہ یا اللہ! اس کھانے کا ثواب فلاں شخص کو پہنچ جائے تو بہتر ہے۔ پھر کسی کو خیال ہوا کہ لفظ "اس کا" مشار الیہ (جس کی طرف اشارہ کیا گیا ہے) اگر روبرو موجود ہو تو زیادہ استحضارِ قلب (حضوری دل) ہو کھانا روبرو لانے لگے۔ کسی کو خیال ہوا کہ یہ ایک دعا ہے، اس کے ساتھ اگر کچھ کلام الٰہی بھی پڑھا جاوے تو قبولیتِ دعا کی بھی امید ہے اور اس کلام کا ثواب بھی پہنچ جائے کہ جمع بین العبادتین (دو عبادتوں کا یکجا ہونا) ہے۔

چہ خوش بود کہ بر آید بیک کرشمہ دو کار

قرآن شریف کی بعض سورتیں بھی جو لفظوں میں مختصر اور ثواب میں بہت زیادہ ہیں، پڑھی جانے لگیں۔ کسی نے خیال کیا کہ کھانا جو مسکین کو دیا جاوے گا اس کے ساتھ پانی دینا بھی مستحسن ہے۔ پانی پلانا بڑا ثواب ہے۔ اس پانی کو بھی کھانے کے ساتھ رکھ لیا۔ پس یہ ہیئت کذائیہ حاصل ہو گئی۔ یہ ہے فاتحہ مروجہ جسے وہابیہ حرام بدعت اور گناہ بتاتے ہیں اور امتِ مرحومہ کے سارے مسلمانوں کو بدعتی ٹھہراتے ہیں۔ والعیاذ باللہ۔

مسئلہ: کسی مسلمان کے انتقال کے بعد تیسرے یا ساتویں یا دسویں یا چالیسویں دن جو ایصالِ ثواب کے لیے مقرر ہیں۔ یہ محض رواجی اور عرفی بات ہے جو سہولت کی خاطر صدیوں سے مسلمانوں میں رائج ہے۔ اس تخصیص کو شرعی کوئی نہیں سمجھتا اور یہ کوئی نہیں کہتا کہ بس اسی دن اور تاریخ کو ایصالِ ثواب کیا جائے تو پہنچے گا ورنہ نہیں بلکہ حق تو یہ ہے کہ انتقال کے بعد ہی سے قرآن مجید کی تلاوت اور خیر خیرات کا سلسلہ جاری ہو جاتا ہے اور جنہیں اللہ نے دیا ہے ان کے یہاں یہ سلسلہ بہت دنوں تک جاری رہتا ہے۔ تو جو یہ کہے کہ ان مخصوص دنوں کے سوا دوسرے دنوں میں مسلمان ایصالِ ثواب کو ناجائز مانتے ہیں وہ مسلمانوں پر افترا کرتا اور تہمت جڑتا ہے اور زندوں کے مردوں کو ثواب سے محروم کرنے کی ایک بے کار کوشش کرتا ہے۔ (بہار شریعت) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر پیر کو نفل روزہ رکھتے۔ کیا اتوار یا منگل کو رکھتے تو نہ ہوتا۔ یا اس سے یہ سمجھا گیا کہ معاذ اللہ حضور نے پیر کا روزہ واجب سمجھا۔ یہی حال تیجے چالیسویں وغیرہ کا ہے۔

مسئلہ: سوم یعنی تیجہ جو مرنے سے دوسرے تیسرے روز کیا جاتا ہے کہ قرآن مجید یا کلمہ طیبہ پڑھوا کر ایصالِ ثواب کرتے ہیں اور بچوں اور اہل حاجت کو چنے بتاشے یا مٹھائی وغیرہ تقسیم کرتے اور کھانا پکا کر غریبوں کو دیتے یا کھلاتے ہیں۔ پھر چالیسویں دن کھانا کھلاتے ہیں یا غریبوں حاجت مندوں کے گھروں پر بھیجتے ہیں۔ یونہی ہر جمعرات کو حسبِ حیثیت کھانا پکا کر انہیں پہنچاتے ہیں۔ پھر چھ مہینے پر ایصالِ ثواب کرتے ہیں۔ اس کے بعد برسی ہوتی ہے یہ سب جائز و بہتر ہے اور اسی ایصالِ ثواب کی مختلف صورتیں ہیں۔ (فتاویٰ رضویہ، بہار شریعت)

مسئلہ: ہر روز ایک خوراک پر میت کی فاتحہ دلا کر مسکین کو دینا اور ہر جمعرات کو چند مساکین کو کھلانا، چالیس روز تک ایسا ہی کرنا اور ہو سکے تو سال بھر تک یا ہمیشہ کرنا بہتر ہے۔

مسئلہ: بعض جاہل گھرانوں میں یہ معمول ہے کہ چالیسویں دن گھڑے یا مٹکے میں پانی بھر کر اس پر چادر رکھتے ہیں۔ کچھ پکا کر فاتحہ دلاتے ہیں اور اس کو مکان سے روح نکالنا قرار دیتے ہیں۔ یہ محض جہالت و حماقت و بدعت ہے۔ ہاں فاتحہ دلانا اچھا ہے۔ یونہی چاول میں شکر ڈال کر تقسیم کرتے ہیں، شکر چاول مساکین کو تقسیم کرنا خوب ہے مگر برادری میں موت کے لیے نہ بانٹا جائے، یہی حکم حلوہ روٹی کا ہے جو شبِ برأت پر برادری میں تقسیم کی جاتی ہے۔ ہاں برادری میں جو غریب و مسکین ہوں انہیں دینا دوسرے محتاجوں کے دینے سے افضل ہے اور شبِ برأت و عرفہ تک میت کی علیحدہ فاتحہ دلانا اور یہ سمجھنا کہ عرفہ تک الگ کا حکم ہے، یہ بھی غلط اور جہالت ہے۔

(فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: ایصالِ ثواب کے لیے جو کچھ کیا جائے یہ ضروری ہے کہ اچھی نیت سے کیا جائے۔ اپنی شہرت یا واہ واہ کے لیے نہ ہو۔ نمود و نمائش مقصود نہ ہو ورنہ ثواب اور ایصالِ ثواب کیسا، دکھاوے کے طور پر عمل کرنا سب کے نزدیک حرام ہے اور سخت گناہ کی بات۔

ایصالِ ثواب کے غلط طریقے

مسئلہ: ایصالِ ثواب کے نام پر آج کل لوگ اس قسم کی خیرات کرتے ہیں کہ چھتوں اور کوٹھوں پر سے روٹیاں اور روٹیوں کے ٹکڑے بسکٹ وغیرہ پھینکتے ہیں اور صدہا آدمی اس کو لوٹتے ہیں۔ ایک کے اوپر ایک گرتا ہے۔ بعض کے چوٹ لگ جاتی ہے اور وہ روٹیاں یا بسکٹوں کے ٹکڑے نیچے زمین پر گر کر پاؤں سے روند جاتی ہیں بلکہ بعض اوقات غلیظ نالیوں میں بھی گرتی ہیں اور رزق کی سخت بے ادبی و بے حرمتی ہوتی ہے اور بہت کچھ برباد بھی جاتی ہیں۔ یہی حال شربت کا ہے کہ اوپر سے آبخوروں میں وہ لوٹ مچائی جاتی ہے کہ آدھا آبخورہ بھی شربت کا نہیں رہتا اور تمام شربت گر کر زمین پر بہتا اور ضائع ہو جاتا ہے۔ یہ نہ خیر خیرات ہے نہ ثواب و ایصالِ ثواب۔ نہ اس سے خدا اور رسول راضی نہ اس پر کسی ثواب کی امید۔ صرف ناموری اور دکھاوے کی صورتیں ہیں جو حرام، اور رزق کی بے ادبی اور بربادی کا گناہ الگ۔ کاش کہ یہ چیزیں انسانیت کے طریقہ پر تقسیم کی جائیں تو بے حرمتی بھی نہ ہو اور لوگ اس سے فائدہ بھی اٹھائیں اور کرنے والے ثواب کمائیں۔ (فتاویٰ رضویہ وغیرہ)

مسئلہ: اجرت لے کر قرآن مجید کی تلاوت بھی ریا کے مانند ہے کہ جب ایصالِ ثواب کے لیے اُجرت طے کرلی تو تلاوت میں اخلاص کہاں رہا۔ بلکہ تلاوت سے مقصود تو اب وہ پیسے ہیں وہ پیسے نہ ملتے تو یہ پڑھتا بھی نہیں۔ اس پڑھنے میں کوئی ثواب نہیں۔ پھر میت کے ایصالِ ثواب کا نام لینا غلط ہے کہ جب ثواب ہی نہ ملا تو پہنچائے گا کیا؟ اس صورت میں نہ پڑھنے والے کو ثواب، نہ میت کو، بلکہ اجرت دینے والا اور لینے والا دونوں گناہ گار۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: شبِ برأت میں حلوا پکتا ہے اور اس پر فاتحہ دلائی جاتی ہے۔ حلوا پکانا بھی جائز اور اس پر فاتحہ بھی۔ اسی ایصالِ ثواب میں داخل۔ (بہار شریعت) اور یہ حلوہ چونکہ

پکایا ہی اس نیت سے جاتا ہے کہ اعزا و اقارب میں بھی تقسیم ہوگا اور غرباء کو بھی دیا جائے گا۔ اس لیے اس کا کھانا سب کے لیے جائز ہے۔ شبِ برأت میں یہ حلوا دراصل اعزا و اقارب اور ملنے ملانے والوں میں اس لیے تقسیم کیا جاتا ہے کہ اس سے محبت و خلوص کا اظہار ہوتا ہے اور مسلمانوں کا سینہ، پندرہویں شب کی برکات کے لیے صاف شفاف آئینہ کی مانند ہو جاتا ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ ایک دوسرے کو ہدیہ تحفہ دیا کرو، اس سے باہمی محبت بڑھتی ہے۔

مسئلہ: ماہِ رجب میں بعض جگہ سورۂ ملک، تبارک الذی، چالیس مرتبہ پڑھ کر روٹیوں یا چھواروں پر دم کرتے اور انہیں تقسیم کرتے اور ثواب مُردوں کو پہنچاتے ہیں۔ یہ بھی جائز ہے کہ ایصالِ ثواب میں داخل ہے۔

فائدہ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب تک الم تنزیل اور تبارک الذی بیدہ الملک نہ پڑھ لیتے، سوتے نہ تھے۔ (ترمذی) ارشاد گرامی ہے کہ قرآن کریم میں تیس آیت کی ایک سورت ہے، آدمی کے لیے شفاعت کرے گی۔ یہاں تک کہ اس کی مغفرت ہو جائے گی۔ وہ تَبَارَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ ہے۔ (ترمذی)

مسئلہ: اسی ماہ رجب میں حضرت جلال بخاری رحمتہ اللہ علیہ اور بعض جگہ حضرت سیّدنا امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ایصالِ ثواب کے لیے کھیر پوری پکا کر کونڈے بھرے جاتے ہیں اور فاتحہ دلا کر لوگوں کو کھلاتے ہیں یہ بھی جائز ہے۔ ہاں ایک بات بُری رواج پا گئی ہے، وہ یہ کہ جہاں کونڈے بھرے جاتے ہیں وہیں کھلاتے ہیں وہاں سے ہٹنے نہیں دیتے۔ یہ بے جا پابندی ہے اور ایک لغو حرکت ہے مگر یہ جاہلوں کا طریقہ ہے، پڑھے لکھے لوگوں میں یہ پابندی نہیں۔ امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی فاتحہ کے موقع پر ایک کتاب بھی پڑھی جاتی ہے جس کا نام داستان عجیب ہے اس میں جو کچھ لکھا ہے اس کا کوئی ثبوت نہیں لہٰذا نہ پڑھی جائے۔ فاتحہ دلا کر ایصالِ ثواب کریں۔ (بہارِ شریعت) اگرچہ اولیاء اللہ کی کرامتیں برحق ہیں۔

مسئلہ: ماہِ محرم میں دس دنوں تک خصوصاً دسویں کو حضرت سیدنا امام حسین رضی

اللہ تعالیٰ عنہ و دیگر شہدائے کربلا کو ایصالِ ثواب کرتے ہیں کوئی شربت پر فاتحہ دلاتا ہے، کوئی شیر برنج پر، کوئی مٹھائی پر، کوئی روٹی گوشت پر، کوئی کھچڑا پکواتا ہے، بہت سے پانی اور شربت کی سبیل لگادیتے ہیں۔ جاڑوں میں چائے پلاتے ہیں، یہ سب جائز ہے۔ جو کارِ خیر کرو اور ثواب پہنچاؤ، ہو سکتا ہے۔ ان کو ناجائز نہیں کہا جا سکتا۔

مسئلہ: بعض جاہلوں میں مشہور ہے کہ محرم میں سوائے شہدائے کربلا کے دوسروں کی فاتحہ نہ دلائی جائے۔ ان کا یہ خیال غلط ہے۔ جس طرح دوسرے دنوں میں سب کی فاتحہ ہو سکتی ہے ان دنوں میں بھی ہو سکتی ہے۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: ماہ ربیع الآخر کی گیارہویں تاریخ بلکہ ہر مہینے کی گیارہویں کو حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی فاتحہ دلائی جاتی ہے یہ بھی ایصالِ ثواب کی ایک صورت ہے بلکہ غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی جب کبھی فاتحہ ہوتی ہے کسی تاریخ میں ہو عوام اسے گیارہویں شریف کی فاتحہ کہتے ہیں۔ اسی طرح ماہ رجب کی چھٹی تاریخ بلکہ ہر مہینے کی چھٹی تاریخ کو حضور خواجہ غریب نواز معین الدین چشتی اجمیری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی فاتحہ بھی ایصالِ ثواب میں داخل ہے۔ (بہار شریعت)

مسئلہ: اصحابِ کہف کا توشہ یا حضور غوث رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا توشہ یا حضرت شیخ احمد عبدالحق رودلوی قدس سرہ العزیز کا توشہ بھی جائز ہے اور ایصالِ ثواب میں داخل ہے۔ (بہارِ شریعت)

مسئلہ: بعض مسلمان گائے، بکرا، مرغ جو اس لیے پالتے ہیں کہ ان کو ذبح کر کے کھانا پکوا کر کسی ولی اللہ (مثلاً حضور سیّدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کی رُوح کو ایصالِ ثواب کیا جائے گا۔ یہ جائز ہے اور جانور بھی حلال۔ مسلمان کے متعلق یہ خیال کرنا کہ اس نے اللہ کے سوا کسی اور کی عبادت و تقرب کی نیت کی ہے۔ ہٹ دھرمی اور سخت بدگمانی ہے۔ عقیقہ ولیمہ اور ختنہ وغیرہ کی تقریبوں میں جس طرح جانور ذبح کیے جاتے ہیں اور بعض مرتبہ پہلے ہی سے نامزد کر دیتے اور متعین کر لیتے ہیں کہ فلاں موقع پر فلاں کام کے لیے ذبح کیا جائے گا جس طرح یہ حرام نہیں وہ بھی حرام نہیں کہ بوقتِ

ذبح تو ان پر فقط اللہ عزوجل کا نام لیا جاتا ہے کسی اور کا نہیں۔ اللہ تعالیٰ وہابیہ کی سی اوندھی مت کسی کو نہ دے۔

مسئلہ: وہ کھانا جو حضرت انبیاء و مرسلین علیہم الصلوۃ والتسلیم اور اولیائے کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی ارواحِ طیبہ کو نذر کیا جاتا ہے اور امیر و غریب سب کو بطور تبرک دیا جاتا ہے۔ یہ سب کو بلا تکلف روا ہے اور باعثِ برکت ہے۔ برکت والوں کی طرف جو چیز نسبت کی جاتی ہے اس میں برکت آجاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مسلمان اسے تبرک جانتے اور ایسے کھانوں کی تعظیم کا اہتمام کرتے ہیں۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: فاتحہ و ایصالِ ثواب کے لیے کھانے کا پیش نظر ہونا کچھ ضروری نہیں اور حضرت خاتون جنت کی فاتحہ پر کپڑا ڈال کر فاتحہ دلانا اور اس میں یہ قیدیں لگانا کہ سوائے شوہر والی عورت کے، بیوہ یا عقد ثانی والی عورت، یا مرد یہ کھانا نہ کھائیں یہ سب عورتوں کی جہالتیں ہیں جن کو مٹانا چاہیے۔ کسی نیاز پر پردہ ڈالنے کا کہیں حکم نہیں۔ یہ محض بے ثبوت اور نری اختراعی باتیں ہیں۔ (فتاویٰ رضویہ) ہاں مکھی مچھر وغیرہ سے حفاظت کی خاطر کھانے پینے کی چیزوں پر کپڑا ڈال دیا جائے تو کوئی مضائقہ نہیں، بلکہ بہتر ہے۔

مسئلہ: بعض غریب اور نادار گھرانوں میں عورتوں کا معمول ہے کہ آٹا جو روزمرہ پکانے کے لیے نکالا جاتا ہے اس میں سے ایک چٹکی یا مٹھی بھر آٹا جمع کرتی جاتی ہیں اور جب تیس دن مہینے کے پورے ہو جاتے ہیں اور گیارہویں شریف کا دن آتا ہے تو اس آٹے یا اس کی روٹی یا حلوے وغیرہ پر گیارہویں شریف کی فاتحہ دلائی جاتی ہے۔ یہ طریقہ بہت برکت کا باعث ہے اور اس میں آسانی رہتی ہے۔ روز کے آٹے میں سے ایک چٹکی نکالنا معلوم بھی نہیں ہوتا اور مہینے بھر میں خاصی مقدار جمع ہو جاتی ہے۔

مسئلہ: سوئم کے چنے بعض لوگ شرما حضوری لے لیتے ہیں اور بعض دفعہ غیر مسلموں کو دے دیتے ہیں۔ یہ گناہ ہے۔ لینے والا فقیر ہے تو خود کھالے اور جو نہیں کھاتے وہ نہ لیں اور لے لیے ہوں تو کسی مسلمان فقیر کو دے دیں اور والدین غنی ہوں تو اپنے بچوں کو منع کر دیں کہ وہ یہ چنے نہ لیں۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: جب عید و بقر عید یا جمعہ یا عاشوراء کا دن یا شبِ برأت ہوتی ہے اموات کی رُوحیں آکر اپنے گھروں کے دروازے پر کھڑی ہوتی اور کہتی ہیں: ہے کوئی کہ ہم پر ترس کھائے، ہے کوئی کہ ہماری غربت کی یاد دلائے۔ (خزانۃ الروایات)

مسئلہ: ایصالِ ثواب کے لیے میلاد شریف بھی پڑھوایا جاتا ہے۔ یہ بھی جائز ہے اور اجر و ثواب کا کام۔ اس کا ثواب بھی میت کو پہنچتا ہے۔ غرض نیک نیتی سے جو خیر خیرات کی جاتی ہے اور اس کا ثواب میت کو پہنچایا جاتا ہے تو وہ مرنے والا اس سے ایسا خوش ہوتا ہے جیسے دنیا میں دوستوں کے تحفے ہدیئے سے۔ بلکہ کتابوں میں آیا کہ فرشتے ان ثوابوں کو نُور کے طبق میں رکھ کر میت کے پاس لے جاتے ہیں اور اس سے کہتے ہیں کہ اے گہری قبر والے! یہ ثواب تیرے فلاں عزیز یا دوست نے تجھے بھیجا ہے۔
(فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: لوگوں میں مشہور ہے کہ طَعَامُ الْمَیِّتِ یُمِیْتُ الْقَلْبَ یعنی میت کا کھانا قلب سیاہ کردیتا ہے۔ علمائے کرام نے اس کے یہ معنی بیان فرمائے ہیں کہ جو لوگ میت کے کھانے کی تمنا اور انتظار میں رہتے ہیں کہ کب کوئی مرے اور اس کا کھانا ملے اور اس کے نہ ملے سے ناخوش اور ملول ہوتے ہیں، ان کا قلب سیاہ یعنی دل مردہ ہو جاتا ہے اور عبادت و بندگی، ذکر اذکار اور نیک کاموں کے لیے شوق انہماک دلچسپی چستی ان میں باقی نہیں رہتی۔ اس لیے کہ وہ اپنی شکم سیری اور زبان کے ذائقے کی خاطر مسلمانوں کی موت کا انتظار کرتے رہتے اور کھانا کھاتے وقت اس کی لذتوں اور ذائقوں میں کھو کر موت و قبر کو بھول جاتے ہیں۔ انہیں صرف اپنے حلوے مانڈے سے کام ہوتا ہے کسی اور سے کوئی غرض نہیں رہتی۔ ذہن میں یہ بات نہ آتی ہو تو اب تجربہ کر کے دیکھ لے تجربہ و مشاہدہ سے بڑھ کر اور کیا دلیل چاہیے۔ واللہ اعلم۔ غالباً اسی بنیاد پر بہت سے لوگ اگرچہ شرعاً غریب ہوتے ہیں۔ سوم و چہلم وغیرہ کے موقعوں پر کی جانے والی دعوتوں میں شرکت سے گریز کرتے ہیں۔ ان کا یہ اقدام صحیح ہے، انہیں برادری یا پنچایت کے قانون میں گھسیٹنا مذموم حرکت ہے۔

ہاں اولیائے کرام کی نذر و نیاز طعام میت نہیں وہ تبرک ہے اسے فقیر بھ
کھائیں اور غنی بھی۔ نیت بخیر ہو تو دین و دنیا میں اس کی برکتیں بھی ظاہر ہو جاتی ہیں۔
(فتاویٰ رضویہ وغیر

والدین کے حقوق وفات پاجانے کے بعد

(۱) سب سے پہلا حق بعد موت ان کے جنازے کی تجہیز، غسل، کفن، نماز، دفن سے
اور ان کاموں میں ایسے سنن و مستحبات (شریعت کے احکام) کی رعایت جس سے ان کے
لیے ہر خوبی و برکت و رحمت و وسعت کی امید ہو۔

(۲) ان کے لیے دعا و استغفار ہمیشہ کرتے رہنا، اس سے کبھی غفلت نہ برتنا۔

(۳) صدقہ و خیرات، اعمالِ صالحات کا ثواب انہیں پہنچاتے رہنا۔ حسبِ طاقت اس
میں کمی نہ کرنا بلکہ جو نیک کام کریں سب کا ثواب انہیں اور سب مسلمانوں کو پہنچا دینا کہ
ان سب کو ثواب پہنچ جائے گا اور اس کے ثواب میں کمی نہ ہوگی، بلکہ بڑی ترقیاں نصیب
ہوں گی۔

(۴) ان پر کوئی قرض، کسی کا آتا ہو تو اس کی ادا میں حد درجہ جلدی و کوشش کرنا اور
اپنے مال سے ان کا قرض ادا ہونے کو دونوں جہان کی سعادت سمجھنا۔ آپ میں قدرت
نہ ہو تو عزیزوں، قریبوں پھر باقی اہلِ خیر سے اس کی ادا میں امداد لینا۔

(۵) ان پر کوئی فرض رہ گیا تو جہاں تک بس میں ہو اس کے ادا میں کوشش کرنا، حج
نہ کیا ہو تو خود ان کی طرف سے حج کرنا یا حج بدل کرانا، زکوٰۃ یا عشر کا مطالبہ ان پر رہا ہو تو
اسے ادا کرنا۔ نماز یا روزہ باقی ہو تو اس کا کفارہ دینا۔ وعلیٰ ہذا القیاس۔ ہر طرح اس کوشش
میں رہنا کہ ان پر کوئی مطالبہ شریعت کا باقی نہ رہ جائے۔

(۶) انہوں نے جو وصیت (کہ شرعاً جائز ہو) کی ہو اس کے نافذ کرنے میں کوشش کرنا
اگرچہ شرعاً اپنے اوپر لازم نہ ہو۔ اگرچہ اپنے اوپر بار ہو۔ مثلاً وہ نصف جائیداد کی وصیت
اپنے کسی عزیز (جو وارث نہیں) یا اجنبی محض کے لیے کر گئے تو شرعاً تہائی مال سے زیادہ،

وارثوں کی اجازت کے بغیر نافذ نہیں مگر اولاد کو مناسب ہے کہ ان کی وصیت مانیں اور ان کی خوشی پوری کرنے کو اپنی خواہش پر مقدم جانیں۔

(۷) ان کی قسم بعد مرگ بھی سچی ہی رکھنا۔ مثلاً ماں باپ نے قسم کھائی تھی کہ میرا بیٹا (یا میری بیٹی) فلاں جگہ نہ جائے گا یا فلاں سے نہ ملے گا تو ان کے بعد یہ خیال کرنا کہ اب وہ تو ہیں نہیں ان کی قسم کا کیا خیال۔ نہیں بلکہ اس کا ویسا ہی پابند رہنا جیسا کہ ان کی حیات میں رہتا۔ جب تک کوئی حرج شرعی مانع نہ ہو اور کچھ قسم ہی پر موقوف نہیں ہر طرح نیک کاموں میں، بعد مرگ ان کی مرضی کا پابند رہنا۔

(۸) ان کے رشتہ داروں کے ساتھ عمر بھر نیک سلوک کیے جانا۔

(۹) کبھی کسی کی ماں یا باپ کو برا کہہ کر جواب میں انہیں برا نہ کہلوانا۔

(۱۰) اور سب میں سخت تر، عام تر جس کا ہمیشہ لحاظ رکھا جائے یہ حق ہے کہ کبھی کوئی گناہ کر کے انہیں قبر میں رنج نہ پہنچانا۔ اولاد کے سب اعمال کی ماں باپ کو خبر پہنچتی ہے۔ نیکیاں دیکھتے ہیں تو خوش ہوتے ہیں اور ان کا چہرہ خوشی سے دمکنے لگتا ہے اور گناہ دیکھتے ہیں تو رنجیدہ ہوتے ہیں۔ ان کے قلب پر صدمہ پہنچتا ہے۔ ماں باپ کا یہ حق نہیں کہ قبر میں بھی انہیں رنج دیا جائے۔ حدیث میں فرمایا کہ ہر جمعہ ماں باپ پر اولاد کے ایک ہفتہ کے اعمال پیش کیے جاتے ہیں، نیکیوں پر خوش ہوتے ہیں، بُرائیوں پر رنجیدہ ہوتے ہیں تو اپنے گزرے ہوؤں کو رنجیدہ نہ کرو اے اللہ کے بندو!

(۱۱) ان کے دوستوں سے دوستی نبھانا۔ ہمیشہ ان کا اعزاز و اکرام رکھنا، ان حقوق میں بیٹا بیٹی سب برابر ہیں اور خاص مردوں پر یہ حق ہے کہ ہر جمعہ کو ان کی زیارت قبر کے لیے جاتا، وہاں قرآن شریف ایسی آواز سے کہ وہ سنیں پڑھنا اور اس کا ثواب ان کی روح کو پہنچانا۔ راہ میں جب کبھی ان کی قبر آئے بغیر سلام و فاتحہ نہ گزرنا۔ اللہ غفور رحیم کریم جل جلالہ صدقہ اپنے حبیب رؤف و رحیم علیہ وعلیٰ آلہ افضل الصلوۃ والتسلیم ہم سب مسلمانوں کو نیکیوں کی توفیق بخشے، گناہوں سے بچائے، ہمارے اکابر کی قبروں میں ہمیشہ نُور و سرور پہنچائے کہ وہ قادر ہے اور ہم عاجز، وہ غنی ہے اور ہم محتاج۔

بالجملہ والدین کا حق وہ نہیں کہ انسان اس سے کبھی بری الذمہ ہو سکے۔ وہ اس کی

حیات و وجود کے سبب ہیں تو جو کچھ نعمتیں دینی و دنیاوی پائے گا سب انہیں کے طفیل میں ہوئیں کہ ہر نعمت و کمال، وجود پر موقوف ہے اور وجود کے سبب وہ ہوئے، تو صرف ماں باپ ہونا ہی ایسے عظیم حق کا موجب ہے جس سے بری الذمہ کبھی نہیں ہو سکتا۔ نہ کہ اس کے ساتھ اس کی پرورش میں ان کی کوششیں، اس کے آرام کے لیے ان کی تکلیفیں خصوصاً پیٹ میں رکھنے، پیدا ہونے، دودھ پلانے میں ماں کی اذیتیں، ان کا شکر کہاں تک ادا ہو سکتا ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ ماں باپ، اولاد کے لیے، اللہ و رسول جل جلالہ و صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کے سائے اور ان کی ربوبیت و رحمت کے مظہر ہیں۔ ولہٰذا قرآن عظیم میں اللہ جل جلالہ نے اپنے حق کے ساتھ ان کا ذکر فرمایا: اَنِ اشْكُرْ لِيْ وَلِوَالِدَيْكَ۔ حق مان میرا اور اپنے ماں باپ کا۔

حدیث میں ہے کہ ایک صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حاضر ہو کر عرض کی: یارسول اللہ! ایک راہ میں ایسے گرم پتھروں پر کہ اگر گوشت کا ٹکڑا ان پر ڈالا جاتا کباب ہو جاتا، چھ میل تک اپنی ماں کو اپنی گردن پر سوار کر کے لے گیا ہوں۔ کیا اب ان کے حق سے ادا ہو گیا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”تیرے پیدا ہونے میں، جس قدر دردوں کے جھٹکے اس نے اٹھائے ہیں، شاید یہ ان میں ایک جھٹکے کا بدلہ ہو سکے۔ (طبرانی) اللہ عزوجل عقوق و نافرمانی والدین سے بچائے اور ادائے حقوق و حُسنِ خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔ (افاداتِ رضویہ)

زکوٰۃ کا بیان

زکوٰۃ ۲ھ میں مسلمانوں پر فرض ہوئی۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نیک اور رحم دل، پہلے ہی مسکینوں کے ہمدرد غریبوں کے بہی خواہ، درد مندوں کے غمگسار تھے اور اسلام میں شروع ہی سے مساکین اور غرباء کی دستگیری پر، مسلمانوں کو خصوصیت سے

توجہ دلائی جاتی تھی۔ ان کی ہمدردی کو غرباء کا رفیق بتایا جاتا تھا اور مسلمان اس پاک تعلیم کی بدولت غرباء و مساکین کے لیے بہت کچھ کیا بھی کرتے تھے۔ تاہم کوئی ایسا قاعدہ مقرر نہ تھا جس پر بطور آئین و ضابطہ کے عمل کیا جاتا ہو۔ اس لیے دولت مند جو کچھ بھی کرتے تھے اپنی فیاضی اور نیک دلی سے کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے زکوٰۃ کو فرض اور اسلام کا تیسرا رکن (کلمۂ شہادت اور نماز کے بعد) قرار دیا۔ زکوٰۃ درحقیقت اس صفت ہمدردی و رحم کے باقاعدہ استعمال کا نام ہے جو انسان کے دل میں اپنے ہم جنسوں کے ساتھ قدرتاً فطرتاً موجود ہے۔ زکوٰۃ ادا کرنے سے ادا کرنے والے کو یہ فائدہ بھی ہوتا ہے کہ مال کی محبت اخلاق انسانی کو مغلوب نہیں کر سکتی اور بخل اور کنجوسی کے عیوب سے انسان پاک رہتا ہے اور یہ فائدہ بھی کہ غرباء و مساکین کو وہ اپنی قوم کا جزو سمجھتا رہتا ہے اور اس لیے بے حد دولت کا جمع ہونا بھی اس میں تکبر و غرور پیدا نہیں ہونے دیتا۔ اور یہ فائدہ بھی ہے کہ غرباء کے گروہ کثیر کو اس کے ساتھ ایک انس و محبت اور اس کی دولت و ثروت کے ساتھ ہمدردی و خیر خواہی پیدا ہو جاتی ہے چونکہ وہ اس کے مال میں اپنا ایک حصہ موجود و قائم سمجھتے ہیں۔ گویا دولت مند مسلمان کی دولت ایک ایسی کمپنی کی دولت کی مثال پیدا کر لیتی ہے جس میں ادنیٰ اور اعلیٰ حصے کے حصہ دار شامل ہوتے ہیں۔ قوم کو یہ فائدہ ہے کہ زکوٰۃ کی بدولت، بھیک مانگنے کی رسم قوم سے بالکل نیست و نابود ہو جاتی ہے۔ (ماخوذ)

زکوٰۃ ارکانِ اسلام سے ایک اہم رکن ہے۔ قرآن عظیم میں بیسیوں جگہ نماز کے ساتھ اس کا ذکر فرمایا اور طرح طرح سے اس فرض اعظم کی طرف بلایا اور صاف صاف فرمادیا کہ ہرگز یہ نہ سمجھنا کہ زکوٰۃ دی تو مال میں سے اتنا کم ہو گیا بلکہ اس سے مال بڑھتا ہے بعض درختوں میں کچھ اجزائے فاسدہ اس قسم کے پیدا ہو جاتے ہیں کہ پیڑ کی اٹھان کو روک دیتے ہیں۔ احمق نادان انہیں نہ تراشے گا کہ میرے پیڑ میں سے اتنا کم ہو جائے گا مگر عاقل ہوش مند تو جانتا ہے کہ ان کے چھانٹنے سے یہ نونہال، لہلہا کر درخت بنے گا ورنہ یوں ہی مرجھا کر رہ جائے گا۔

یہی حساب اس مال کا ہے جس پر زکوٰۃ فرض ہو چکی کہ زکوٰۃ ادا کر دی جائے گی۔

مال محفوظ رہے گا بڑھے گا۔ پرورش پائے گا اور زکوٰۃ ادا نہ کی جائے گی تو خدا اور رسول کے فرمان کے تحت "زکوٰۃ کا مال جس مال میں ملا ہو گا، اس کو تباہ و برباد کر دے گا۔"

حضور والا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں "خشکی و تری میں جو مال تلف ہوتا ہے وہ زکوٰۃ نہ دینے ہی سے تلف ہوتا ہے۔"

عزیز بہنو اور بی بیو! ایک بے عقل گنوار کو دیکھو کہ تخم گندم اگر پاس نہیں ہوتا بہزار دقت قرض دام سے حاصل کرتا اور اسے زمین میں ڈال دیتا ہے اس وقت تو وہ اپنے ہاتھوں سے خاک میں ملا دیا مگر امید لگی ہے کہ خدا چاہے تو یہ "کھونا" بہت کچھ "پانا" ہو چاہے گا۔ تمہیں اس گنوار کسان کے برابر بھی عقل نہیں۔ یا جس قدر ظاہری اسباب پر بھروسا ہے، اپنے مالک جل و علا کے ارشاد پر اتنا اطمینان بھی نہیں کہ اپنا مال بڑھانے اور ایک ایک دانہ کا ایک ایک پیڑ بنانے کو زکوٰۃ کا بیج نہیں ڈالتی ہو۔ وہ فرماتا ہے "زکوٰۃ دو تمہارا مال بڑھے گا۔"

اگر معاذ اللہ، دل میں اس فرمان پر یقین نہیں جب تو کھلا کفر ہے اور اگر دل میں تو یقین ہے مگر غفلت و لاپرواہی کے باعث ادھر توجہ نہیں تو تم سے بڑھ کر احمق کون کہ اپنے یقینی نفعِ دین و دنیا کی ایسی بھاری تجارت کو چھوڑ کر دونوں جہاں کا نقصان مول لیتی ہو۔

حدیث شریف میں ہے کہ دو عورتیں حضور اقدس صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی خدمت والا میں سونے کے کنگن پہنے حاضر ہوئیں۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ان کی زکوٰۃ دو گی۔ عرض کیا۔ نہ فرمایا کیا چاہتی ہو کہ اللہ تعالیٰ تمہیں آگ کے کنگن پہنائے۔ عرض کیا۔ نہیں فرمایا تو زکوٰۃ دو۔ (ترمذی)

ایک اور حدیث میں ہے کہ ایک بی بی چاندی کے چھلے پہنے تھیں، فرمایا ان کی زکوٰۃ دو گی۔ انہوں نے کچھ انکار سا کیا۔ فرمایا تو یہ ہی تجھے جہنم میں لے جانے کو کافی ہیں۔ غرض زکوٰۃ نہ دینے کی جانکاہ آفتیں وہ نہیں جن کی تاب آسکے پھر اس سے بڑھ کر احمق کون کہ اپنا مال جھوٹے سچے نام کی خیرات میں صرف کرے اور اللہ عزوجل کا فرض اور اس بادشاہِ قہار کا وہ بھاری قرض گردن پر رہنے دے۔ یہ شیطان کا بڑا دھوکا ہے کہ آدمی کو نیکی کے پردے میں ہلاک کرتا ہے۔

عورتیں گہنہ زیور اور بھاری جوڑے تو بڑے ارمان سے بنواتی اور شوق سے پہنتی ہیں، لیکن جب زکوٰۃ کا نام آتا ہے تو طرح طرح کے حیلے بہانوں سے اسے ٹالتی ہیں۔ کچھ زیادہ غیرت مند ہوتی ہیں تو وہ کہتی ہیں کہ ہم کہاں سے لائیں، ہم کیا کوئی کمائی کرتی ہیں، شوہر دیں یا نہ دیں۔

حالانکہ عورت اور شوہر کا معاملہ دنیا کے اعتبار سے کتنا ہی ایک ہو مگر اللہ تعالیٰ کے حکم میں وہ جُدا جُدا ہیں۔ جب عورت کے پاس زیور ہے اور زکوٰۃ کے قابل زیور ہے تو عورت پر زکوٰۃ ضرور واجب ہے، خواہ کہیں سے اور کسی طرح ادا کرے، اگرچہ اسے ادا کرنے کے لیے زیور ہی کیوں نہ بیچنا پڑے کہ زیور خود مال ہے۔ اس میں سے زکوٰۃ ادا کی جائے یا پھر شوہر سے اس ضرورت کے لیے رقم کی درخواست کی جائے۔

ہاں شوہر سے جو کچھ بچوں کیلئے ملتا ہے، اس میں زکوٰۃ دینے کا ہرگز اختیار نہیں۔ تمہارے ذاتی خرچ کو وہ جو کچھ تمہیں دیتے ہیں، اس میں سے زکوٰۃ دے سکتی ہو۔

مسائلِ زکوٰۃ

مسئلہ: آدمی (مرد خواہ عورت) جن کی اولاد میں خود ہے یعنی ماں باپ، دادا دادی، نانا نانی یا جو اپنی اولاد میں ہیں، یعنی بیٹا بیٹی، پوتا پوتی، نواسہ نواسی اور شوہر و زوجہ، ان رشتوں کے سوا اپنے جو عزیز قریب حاجت مند ہوں، مصرفِ زکوٰۃ ہیں۔ اپنے مال کی زکوٰۃ انہیں دے، جیسے بہن بھائی بھتیجا، بھتیجی، بھانجا، بھانجی، ماموں، خالہ، چچا، پھوپھی کہ انہیں دینے میں دونا ثواب ہے اور نفس پر بار بھی کم ہوگا کہ اپنے سگے بہن بھائی یا بھتیجے بھانجے کو دیا ہوا آدمی اپنے ہی کام میں اٹھنا جانتا ہے۔

پھر یہ بھی کچھ ضروری نہیں کہ انہیں زکوٰۃ جتا کر ہی دے بلکہ دل میں زکوٰۃ کی نیت ہو اور انہیں عیدی وغیرہا یا شادیوں کے رسوم، خواہ کسی بات کا نام کر کے اس رقم کا مالک کر دے زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: بہو اور داماد اور سوتیلی ماں یا سوتیلے باپ یا زوج کی اولاد کہ اس کے بطن

سے نہیں کو عورت زکوٰۃ دے سکتی ہے۔ یونہی شوہر اپنی زوجہ کی اولاد کو جو اس کے نطفہ سے نہیں زکوٰۃ دے سکتا ہے۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: زکوٰۃ کی رقم کے عوض محتاجوں کو کپڑا بنا دینا، اس روپے کے عوض بازار کے بھاؤ سے اس قیمت کا غلہ محتاج کو دے کر بہ نیت زکوٰۃ مالک بنا دینا جائز و کافی ہے۔ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی مگر جس قدر چیز محتاج کی ملک میں گنی بازار کے بھاؤ سے جو قیمت اس کی ہے وہ مجرا ہو گی۔ بالائی خرچ مثلاً غلہ وغیرہ، اجناس کی پلہ برداری، یا باربرداری یا کھانا پکا کر دیا تو پکوائی کی اُجرت یا کپڑا سلوا کر دیا تو اس کی سلائی، یہ اس میں شمار نہ کیے جائیں گے۔ (فتاویٰ رضویہ) ہاں اگر زکوٰۃ کی رقم سے کھانا پکا کر فقیروں مسکینوں کو مثلاً اپنے گھر بلا کر، بطریقِ دعوت کھلا دیا تو ہرگز زکوٰۃ ادا نہ ہو گی کہ اس صورت میں مالک کر دینا نہ پایا گیا۔ (درمختار)

مسئلہ: شریعت مطہرہ نے سونے چاندی کے نصاب پر کہ حاجتِ اصلیہ (جس کی طرف زندگی بسر کرنے میں آدمی کو ضرورت ہے، جیسے رہنے کا مکان، جاڑے گرمیوں میں پہننے کے کپڑے، خانہ داری کا سامان، سواری کے جانور یا موٹر وغیرہ) سے فارغ ہو، خواہ وہ روپیہ اشرفی ہو یا گہنا زیور یا برتن۔ خواہ ان کا استعمال جائز ہو یا ناجائز، جب اس نصاب پر چاند کے حساب سے بارہ مہینے گزر جائیں گے یعنی جس دن، تاریخ پر آدمی صاحب نصاب ہوا جب تک نصاب رہے، وہی دن وہی تاریخ وہی وقت جب آئے گا، اسی وقت قمری سال کا اس پر گزر جانا سمجھا جائے اور زکوٰۃ ادا کرنا فوراً واجب ہو گا۔ اب اس کے ادا کرنے میں جتنی دیر لگائے گی گنہگار ہو گی۔ (عامہ کتب)

مسئلہ: سال بھر تک خیرات کرتی رہی، اب زکوٰۃ کی نیت کی کہ اب تک جو کچھ دیا ہے، وہ زکوٰۃ ہے تو یہ نیت معتبر نہیں لہٰذا زکوٰۃ ادا نہ ہوئی۔ زکوٰۃ دیتے وقت یا زکوٰۃ کے مال علیحدہ کرتے وقت نیت زکوٰۃ شرط ہے۔

مسئلہ: سونے کا نصاب ساڑھے سات تولہ ہے اور چاندی کا نصاب ساڑھے باون تولہ۔ (عامہ کتب)

مسئلہ: زکوٰۃ سال تمام ہونے سے پہلے پیشگی ادا کرے۔ تو اس کے لیے بہتر ماہ رمضان المبارک ہے جس میں نفل کا ثواب فرض کے برابر اور فرض کا ستّر فرضوں کے برابر۔ لہٰذا اگر بہ نیت زکوٰۃ تھوڑی رقم، اس کے مصرف میں خرچ کرتی رہی تو سال تمام پر حساب کرلے اس وقت جو واجب نکلے اگر پورا دے چکی فبہا، اور اگر کم گیا ہے تو باقی فوراً اب دے دے اور زیادہ پہنچ گیا تو اسے آئندہ سال میں مجرا کرلے۔

(فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: سیّد کو زکوٰۃ لینا بھی حرام اور اسے دینا بھی حرام۔ نہ سیّد کو زکوٰۃ دینے سے زکوٰۃ ادا ہو کہ زکوٰۃ مال کا میل ہے اور سادات کرام کہ پاک، ستھرے، لطیف اور اہلِ بیتِ نبوت سے ہیں۔ ان کی شان اس سے اعلیٰ کہ انہیں ایسی چیزیں دی جائیں۔ مسلمانوں پر لازم ہے حاجت مند سادات کی اعانت کریں کہ یہ چیز ان کے لیے دونوں جہان میں سعادت کی موجب ہے۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: نابالغ لڑکیوں کا جو زیور بنایا گیا اور اگر انہیں ابھی مالک نہ کیا گیا بلکہ اپنی ہی ملک پر رکھا اور ان کے پہننے کے صرف میں آتا ہے اگرچہ نیت یہ ہو کہ بیاہ ہونے پر ان کے جہیز میں دیں گے جب تو وہ زیور ماں باپ جس نے بنایا ہے، اسی کی ملک ہے۔ اگر تنہا یا اس کے اور مال سے مل کر قدر نصاب ہے تو اسی مالک پر اس کی زکوٰۃ ہے اور اگر نابالغ لڑکیوں کی ملک کر دیا گیا تو اس کی زکوٰۃ کسی پر نہیں۔ ماں باپ پر تو یوں نہیں کہ ان کی ملک نہیں اور لڑکیوں پر یوں نہیں کہ وہ نابالغہ ہیں۔ جب جوان ہوں گی، اس وقت سے ان پر احکام زکوٰۃ وغیرہ کے جاری ہوں گے۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: وہ زیور جو عورت کی ملکیت ہے اس کی زکوٰۃ ہرگز شوہر کے ذمہ نہیں اگرچہ وہ کثیر مال رکھتا ہو۔ نہ شوہر کے اس زیور کی زکوٰۃ نہ دینے کا اس شوہر پر کوئی وبال و گناہ۔ ہاں مناسب طریقہ پر تنبیہہ و تاکید کر دے اور اسے سمجھائے کہ زکوٰۃ نہ دینا کتنا بڑا گناہ ہے اور وہ زیور کہ شوہر نے عورت کو دے دیا اور اس کی ملک کر دیا اس پر بھی یہی حکم ہے اور اگر ملک نہ کیا بلکہ اپنی ہی ملک میں رکھا اور عورت کو صرف پہننے برتنے

کو دیا جیسا کہ بعض گھرانوں میں رواج ہے تو بیشک اس کی زکوٰۃ مرد کے ذمے ہے جبکہ خود یا دوسرے مال سے مل کر قدرِ نصاب ہو اور حاجت اصلیہ سے فارغ۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: وہ دَین (جسے عرف عام میں قرض ادھار سے تعبیر کرتے ہیں) جو کسی مال کا بدل نہ ہو جیسے عورت کا مہر کہ حقوق زوجیت ادا کرنے کا عوض ہے اگرچہ کتنا ہی کثیر ہو چونکہ عادتاً اس کا مطالبہ نہیں کیا جاتا، اس لیے عورت اس کی وجہ سے صاحب نصاب قرار نہ دی جائے گی۔ نہ اس دَین مہر کی زکوٰۃ اس پر واجب ہوگی۔ اگرچہ دس بیس برس گزر جائیں۔ خصوصاً مہر موخر جو عام طور پر یہاں رائج ہے جس کی ادا کی کوئی میعاد مقرر نہیں ہوتی۔ اس کے مطالبہ کا تو عورت کو اختیار ہی نہیں جب تک موت یا طلاق واقع نہ ہو۔ ہاں حق مہر وصول کر لیا اور بقدرِ نصاب پر سال پورا ہو گیا تو اب زکوٰۃ واجب ہو گئی۔ یونہی دَین مہر کے علاوہ اور کوئی نصاب زکوٰۃ اسی کی جنس سے اس کے پاس موجود تھی، اس پر سال چل رہا تھا تو جو وصول ہوا، اس میں ملا لیا جائے گا اور اسی مال کے سالِ تمام پر کل زکوٰۃ لازم ہوگی۔ (ردالمحتار، فتاویٰ رضویہ)

صدقۂ فطر کا بیان: حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ بندہ کا روزہ، آسمان و زمین کے درمیان معلق رہتا ہے جب تک صدقۂ فطر ادا نہ کرے۔ (ابن عساکر)

مسئلہ: عید کے دن صبح صادق ہوتے ہی صدقۂ فطر، ہر مسلمان مالکِ نصاب مرد و عورت پر جس کی نصاب، حاجتِ اصلیہ سے فارغ ہو، واجب ہوتا ہے اور مسنون یہ ہے کہ نمازِ عید سے پہلے ادا کر دیا جائے۔ (درمختار وغیرہ)

مسئلہ: عاقل بالغ ہونا صدقۂ فطر میں شرط نہیں تو نابالغ یا مجنون اگر مالک نصاب ہیں تو ان پر صدقۂ فطر واجب ہے۔ ان کا ولی ان کے مال سے ادا کرے۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: مرد مالکِ نصاب پر اپنی طرف سے اور اپنے چھوٹے بچے کی طرف سے صدقۂ فطر واجب ہے جبکہ بچہ خود صاحبِ نصاب نہ ہو اور ماں پر خود اپنا صدقہ واجب

ہے جبکہ مالکِ نصاب ہو۔ چھوٹے بچوں کی طرف سے صدقہ دیناماں پر واجب نہیں۔
(ردالمحتار وغیرہ)

روزے کابیان

روزہ شریعت میں اسے کہتے ہیں کہ انسان صبح صادق سے غروب آفتاب تک بہ نیت عبادت، اپنے آپ کو قصداً کھانے پینے اور عمل زوجیت سے روکے رکھے۔

اسلام کے جیسے اور احکام بتدریج (وقفہ وقفہ سے) فرض کیے گئے ہیں، اسی طرح روزہ کی فرضیت بھی بتدریج عائد کی گئی۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابتدا میں مسلمانوں کو صرف ہر مہینے تین دن کے روزے رکھنے کی ہدایت فرمائی تھی۔ مگر یہ روزے فرض نہ تھے۔ پھر سنہ ۲ھ میں رمضان کے روزوں کا حکم قرآن کریم میں نازل ہوا اور سال میں ایک مہینے کے روزے رکھنا اسلام کا چوتھا رکن قرار پایا مگر اس میں اتنی رعایت رکھی گئی کہ جو لوگ روزہ رکھنے کی طاقت رکھنے کے باوجود روزہ نہ رکھنا چاہیں، وہ ہر روزہ کے بدلے ایک مسکین کو کھانا کھلا دیا کریں۔ بعد میں دوسرا حکم نازل ہوا اور عام لوگوں کے لیے یہ رعایت منسوخ کر دی گئی اور یہ رعایت صرف ان لوگوں کے حق میں باقی رکھی گئی جو روزہ رکھنے کو تو رکھ لیں لیکن بھوک پیاس کی برداشت ان پر دشوار ہو، مشقت بہت اٹھانی پڑے۔ مثلاً زیادہ بوڑھے مرد یا بوڑھی عورتیں یا حاملہ اور دودھ پلانے والی عورتیں۔

اسلامی روزے کی غرض وغایت قرآن کریم نے یہ بیان فرمائی ہے کہ روزے خدا ترسی کی طاقت انسان کے اندر مستحکم کر دیتے ہیں۔

تقویٰ کی مثالوں پر غور کرو کہ:

گرمی کا موسم ہے، روزہ دار کو سخت پیاس لگی ہے۔ مکان تنہا ہے کوئی ٹوکنے والا، ہاتھ روکنے والا نہیں۔ کوری صراحی میں صاف ستھرا نکھرا ہوا ٹھنڈا پانی اس کے سامنے موجود ہے، مگر وہ پانی نہیں پیتا۔

روزے دار کو سخت بھوک لگی ہوئی ہے، بھوک کی وجہ سے جسم میں ضعف بھی محسوس کرتا ہے۔ نفیس خوش ذائقہ مرغن غذا میسر ہے، کوئی شخص اسے دیکھ بھی نہیں سکتا۔ کسی کو کان و کان خبر نہ ہوگی، مگر وہ کھانا نہیں کھاتا۔

پیاری دل پسند بیوی گھر میں موجود ہے جہاں نہ خویش ہے نہ بیگانہ۔ نہ اپنا ہے نہ پرایا۔ محبت کے جذبات اسے ابھارتے ہیں۔ الفت نے دونوں کو ایک دوسرے کا شیدا بنا رکھا ہے لیکن روزے دار اس سے پہلو تہی اختیار کرتا ہے۔ وجہ یہ ہے کہ خدا کے حکم کی عزت و عظمت اس کے دل میں اس قدر جاگزیں ہے کہ کوئی جذبہ بھی اس پر غالب نہیں آسکتا اور روزہ ہی اس عظمت و جلالِ الٰہی کے دل میں قائم ہونے کا باعث ہوا ہے۔ یہ ظاہر ہے کہ جب ایک ایماندار آدمی خدا کے حکم کی وجہ سے جائز، حلال پاکیزہ خواہشوں کو چھوڑ دینے کی عادت کرلیتا ہے تو وہ بالضرور خدا کے حکم کی وجہ سے حرام، ناجائز اور گندی عادتوں اور خواہشوں کو چھوڑ دے گا اور ان کے ارتکاب کی کبھی جرأت نہ کرے گا۔

یہی وہ اخلاقی برتری ہے جس کا روزے دار کے اندر پیدا کرنا اور اسے مستحکم کر دینا شرع کا مقصود ہے۔ اسی لیے غیبت، فحش زبانی بدلگامی اور بری باتوں اور تمام گناہوں سے روزے میں بچے رہنے کی سخت تاکیدیں احادیث میں آئی ہیں، چنانچہ ارشاد ہے کہ جو روزہ دار جھوٹ کہنا، لغو بکنا اور لغو فضول کاموں کو کرنا نہیں چھوڑتا تو خدا کو کچھ پرواہ نہیں اگر وہ کھانا پینا چھوڑ دیتا ہے۔

ایک اور حدیث شریف میں ہے کہ "روزہ سپر ہے جب تک اسے پھاڑا نہ گیا ہو۔" عرض کی گئی "کس چیز سے پھاڑے گا؟" ارشاد فرمایا "جھوٹ یا غیبت سے۔"

الغرض گناہ و معصیت کسی قسم اور کسی درجہ کی بھی ہو، مسلمان کے لیے ہر زمانے اور ہر موسم میں حرام ہے لیکن رمضان کے ماہِ مبارک میں یہی ممانعت اور زیادہ مؤکد و اشد ہو جاتی ہے۔ بدگوئی، بدنظری، بدزبانی حرام ہمیشہ ہی ہیں۔ رمضان میں کہنا چاہیے کہ حرام تر ہو جاتی ہیں اور دن تو خیر اتنی بڑی عبادت یعنی حکم الٰہی کے احترام میں نفسانی لذتوں سے دوری میں بسر ہوتا ہی ہے۔ روزہ دار کی رات بھی گویا عبادت میں بسر

ہوتی ہے۔ تو پورے مہینہ بھر کے، رات اور دن کا ایک ایک گھنٹہ یہ سمجھنا چاہیے کہ اسلام کے سپاہیوں کی روحانی پریڈ کا زمانہ ہے۔ غفلت کسی لمحہ نہ چاہیے۔

پھر طبِ جدید اور طبِ قدیم سب کا اس بات پر اتفاق ہے کہ روزہ جسمانی بیماریوں کے دُور کرنے کا بہترین علاج اور جسم انسانی کی اصلاح کے لیے ایک بہترین نسخہ ہے۔ روزہ آہستہ آہستہ بھوک اور پیاس کی آنچ سے تمام اندرونی اور بیرونی بدن کے فضلات کو جو بدن میں بے کار پڑے رہتے اور صحت انسانی کو برباد کرتے رہتے ہیں جلا کر نیست و نابود کر دیتا ہے تو بدنی صحت و تندرستی جیسی روزے کی بدولت حاصل ہوتی ہے کسی اور کے ذریعے میسر نہیں آسکتی۔ (ماخوذ)

اے ہمارے رب ہمیں دین حق پر استقامت عطا فرما۔ آمین۔

چند مسائل

مسئلہ: نیت دل کے ارادہ کا نام ہے۔ زبان سے کہنا شرط نہیں، مگر زبان سے کہہ لینا مستحب ہے۔ رات میں نیت کرے تو یوں کہے کہ میں نے نیت کی کہ اللہ تعالیٰ کے لیے اس رمضان کا فرض روزہ کل رکھوں گی اور دن میں یعنی دوپہر سے پہلے پہلے نیت کرے تو یہ کہے کہ "میں نے نیت کی کہ اللہ تعالیٰ کے لیے آج رمضان کا فرض روزہ رکھوں گی۔"

مسئلہ: رمضان المبارک کے روزے قضا ہو گئے۔ اب رکھنا چاہتی ہے تو اب عین صبح صادق کے وقت یا رات میں نیت کرنا ضروری ہے۔ اگر دن میں نیت کرے گی تو یہ روزہ نفلی ہو گا۔ پھر بھی اس کا پورا کرنا ضروری ہے۔ توڑ دے گی تو قضا لازم آئے گی۔

(درمختار وغیرہ)

مسئلہ: روزہ میں تیل یا سرمہ لگایا تو روزہ نہ گیا۔ اگرچہ تیل یا سرمہ کا مزا حلق میں محسوس ہوتا ہو، بلکہ تھوک میں سرمہ کا رنگ بھی دکھائی دیتا ہو، جب بھی نہیں ٹوٹا۔

(ردالمحتار)

مسئلہ: جنابت (یعنی ناپاکی) کی حالت میں صبح کی بلکہ اگرچہ سارے دن ناپاک رہی۔ روزہ نہ گیا مگر اتنی دیر تک قصداً غسل نہ کرنا کہ نماز قضا ہو جائے۔ گناہ و حرام ہے۔ حدیث میں فرمایا "جنب جس گھر میں ہوتا ہے، اس میں رحمت کے فرشتے نہیں آتے۔"

(درمختار وغیرہ)

مسئلہ: بچہ جیسے ہی آٹھویں سال میں قدم رکھے اس کے ولی پر لازم ہے کہ اسے نماز روزہ کا حکم دے اور جب اسے گیارہواں سال شروع ہو تو ولی پر واجب ہے کہ روزہ نماز پر مارے تاکہ وہ عادی ہو، ہاں اگر روزہ سے اسے نقصان پہنچتا ہو تو اور بات ہے۔

(درمختار، فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: عورت کا حیض و نفاس سے خالی ہونا روزہ کے لیے شرط ہے۔ (عامہ کتب)

مسئلہ: حیض و نفاس والی عورت پاک ہوگئی تو جو کچھ دن باقی رہ گیا ہے، اسے روزے کے مثل گزارنا واجب ہے اور قضا اس کی فرض۔ (درمختار)

مسئلہ: حیض و نفاس والی عورت صبح صادق کے بعد پاک ہوگئی۔ اگرچہ ضحوۂ کبریٰ (دوپہر سے) پہلے پہلے اور روزہ کی نیت کرلی تو یہ روزہ نہ ہوا۔ (درمختار)

مسئلہ: عورت کو مرد نے جماع پر مجبور کیا۔ پھر اثنائے جماع میں اپنی خوشی سے مشغول رہی تو کفارہ لازم نہیں کہ روزہ تو پہلے ہی ٹوٹ چکا ہے۔ (جوہرہ)

مسئلہ: عورت کو معین تاریخ پر حیض آتا تھا اور آج حیض آنے کا دن تھا، اس نے یہ گمان کر کے کہ آج حیض آئے گا، قصداً روزہ توڑ دیا اور حیض نہ آیا تو کفارہ ساقط ہوگیا۔ (درمختار)

روزے کی قضا

مسئلہ: عورت روزے دار سو رہی تھی، سوتے میں اس سے وطی کی گئی تو اس

صورت میں اس پر صرف قضالازم ہے، کفارہ نہیں۔ (درمختار)

مسئلہ: یہ گمان تھا کہ صبح نہیں ہوئی اور کھایا پیا بعد کو معلوم ہوا کہ صبح ہو چکی تھی تو صرف قضالازم ہے یعنی اس روزے کے بدلے ایک روزہ رکھنا پڑے گا۔ (درمختار)

مسئلہ: بھول کر کھایا پیا یا اسے قے ہوگئی اور یہ گمان کیا کہ روزہ جاتا رہا، اب قصداً کھا پی لیا تو صرف قضا فرض ہے۔ (درمختار)

مسئلہ: یہ گمان کر کے کہ آفتاب غروب ہوگیا ہے، روزہ افطار کر لیا، حالانکہ سورج ڈوبا نہ تھا، تب بھی قضالازم ہے، کفارہ نہیں۔ (درمختار)

مسئلہ: روزے کی حالت میں (رمضان خواہ غیر رمضان) کسی ضرورت کے تحت کوئی دوا، خشک یا تر روئی یا کپڑا خواہ کوئی چیز، عورت نے پیشاب کے مقام میں اس طرح رکھی کہ شرم گاہ کے اندرونی حصہ (فرج داخل) کے اندر بالکل غائب کر دی تو روزہ جاتا رہا اور اگر مثلاً کسی کپڑے میں باندھ کر شرم گاہ میں اس طرح رکھی کہ کپڑے کا سرا فرج داخل سے باہر رہا اگرچہ شرم گاہ کے بیرونی پردہ (فرج خارج) میں غائب ہو جائے تو روزہ نہ جائے گا۔ (درمختار وغیرہ)

مسئلہ: خشک دوا کپڑے میں باندھ کر شرم گاہ میں رکھی کہ وہ کپڑے سے چھن کر اندرونی حصہ میں گرے یا دوا ایسی تر ہو کہ کپڑے میں سے ٹپک کر فرج داخل میں لگے یا حرکت کے سبب کپڑا چڑھ جائے کہ بالکل فرج داخل کے اندر غائب ہو جائے تو ان صورتوں میں روزہ جاتا رہے گا۔ (درمختار)

مسئلہ: آنسو منہ میں چلا گیا اور نگل گئی اگر قطرہ، دو قطرہ ہے تو روزہ نہ گیا، اور زیادہ تھا کہ اس کی نمکینی پورے منہ میں محسوس ہوئی تو روزہ جاتا رہا۔ پسینہ کا بھی یہی حکم ہے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: نتھنوں سے دوا چڑھائی یا کان میں تیل ڈالا یا تیل چلا گیا، روزہ جاتا رہا اور پانی کان میں چلا لیا یا ڈالا تو روزہ باقی ہے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: ڈورا بٹا' اسے تر کرنے کے لیے منہ پر گزارا۔ پھر دوبارہ سہ بارہ یونہی کیا' روزہ نہ جائے گا۔ مگر جبکہ ڈورے سے کچھ رطوبت جدا ہو کر منہ میں رہی اور تھوک نگل لیا تو روزہ جاتا رہا۔ یونہی منہ میں رنگین ڈورا رکھا جس سے تھوک رنگین ہو گیا' پھر تھوک نگل گئی تو روزہ جاتا رہا۔ (جوہرہ' عالمگیری)

مسئلہ: کلی کر رہی تھی۔ بلاقصد پانی حلق سے اتر گیا' ناک میں پانی چڑھایا اور دماغ کو چڑھ گیا۔ روزہ جاتا رہا۔ ہاں اگر وہ اپنا روزہ دار ہونا بھول گئی تو نہ ٹوٹے گا' اگرچہ قصداً ہو۔ (عالمگیری)

مسئلہ: روزہ میں دانت اکھڑوایا اور خون نکل کر حلق سے نیچے اترا اگرچہ سوتے میں ایسا ہوا تو روزہ جاتا رہا۔ اس کی قضا لازم ہے۔ (درالمختار)

مسئلہ: اگر کی بتی وغیرہ خوشبو سلگتی تھی۔ اس نے منہ قریب کر کے دھوئیں کو ناک سے کھینچا یا خود قصداً حلق تک دھواں پہنچایا خواہ وہ کسی چیز کا دھواں ہو اور کسی طرح پہنچایا ہو' روزہ جاتا رہا۔ (درمختار)

مسئلہ: خشک انگلی عورت نے شرم گاہ میں رکھی تو روزہ نہ گیا۔ ہاں اگر انگلی شرم گاہ کی اندرونی رطوبت سے ایسی تر ہو گئی کہ اب اس کی چھوٹ کر دوسری چیز میں لگی اس کے بعد انگلی باہر کر کے ایسی ہی تری کی حالت میں پھر اندر کی کہ تری چھوٹ کر شرم گاہ کے اندرونی حصہ میں لگی تو روزہ جاتا رہا۔ یونہی اگر انگلی پانی یا روغن یا دودھ یا گھی یا لعاب دہن میں ایسی تر تھی کہ اس کی تری چھوٹ کر فرج داخل میں لگے اور عورت نے اپنی شرم گاہ میں کسی بنا پر داخل کی تو روزہ فاسد ہو جائے گا۔ (درمختار) یونہی اگر عورت نے اپنی شرم گاہ میں پانی یا تیل ٹپکایا تو روزہ جاتا رہا۔ (عالمگیری)

مسئلہ: کان میں میل نکالا اور میل لگی ہوئی سلائی دوسری یا تیسری مرتبہ کان میں کی تو روزہ نہ جائے گا کہ کان کریدنے میں سلائی دماغ تک نہیں جاتی۔ (مراقی الفلاح)

مسئلہ: مبالغہ کے ساتھ استنجا کیا' یہاں تک کہ حقنہ رکھنے کی جگہ تک پانی پہنچ گیا تو

روزہ جاتا رہا۔ اور اتنا مبالغہ چاہیے بھی نہیں کہ اس سے سخت بیماری کا اندیشہ ہے۔ (درمختار)

مسئلہ: پان کھا کر سو گئی اور صبح اٹھ کر روزہ کی نیت کی تو اگر پان کھا لیا تھا، منہ میں صرف چند دانے چھالیہ کے، دانتوں میں لگے رہ گئے تو روزہ صحیح ہو جائے گا اور اگر صبح کے بعد بھی منہ میں اگال موجود تھا کہ اس کے عرق کا لعاب کے ساتھ منہ میں جانے کا گمان ہے تو اب روزہ نہ ہو گا۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: سحری میں زیادہ کھا لیا کہ اب دن میں کھٹی ڈکاریں آ رہی ہیں تو اس سے روزہ نہیں جاتا۔ (فتاویٰ رضویہ)

وہ حالتیں جن میں روزہ نہیں جاتا

مسئلہ: بات کرنے میں تھوک سے ہونٹ تر ہو گئے اور اسے پی گئی یا منہ سے رال ٹپکی مگر تار ٹوٹا نہ تھا کہ اسے چڑھا کر پی گئی۔ یا ناک میں رینٹھ آئی بلکہ ناک سے باہر ہو گئی مگر الگ نہ ہوئی تھی کہ اسے چڑھا کر پی گئی یا کھنکار منہ میں آئی اور اسے کھا گئی، اگرچہ کتنی ہی ہو، روزہ نہ جائے گا۔ لیکن یہ چونکہ نفرت لانے والی چیزیں ہیں، اور ان سے دوسروں کو بھی گھن آتی ہے، اس لیے ان سے احتیاط چاہیے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: بھولے سے کھانا کھا رہی تھی، یاد آتے ہی فوراً لقمہ پھینک دیا۔ یا صبح صادق سے پہلے کھا رہی تھی اور صبح ہوتے ہی اگل دیا تو روزہ نہ گیا اور نگل لیا تو دونوں صورتوں میں جاتا رہا۔ (عالمگیری) اور ان دونوں صورتوں میں اس پر کفارہ واجب۔

مسئلہ: مکھی حلق میں چلی گئی، روزہ نہ گیا اور قصداً نگلی تو جاتا رہا۔ (عالمگیری)

مسئلہ: تل یا تل کے برابر کوئی چیز چبائی اور تھوک کے ساتھ حلق سے اتر گئی تو نہ گیا مگر جب کہ اس کا مزہ حلق میں محسوس ہو تو روزہ جاتا رہا۔ (فتح القدیر)

مسئلہ: قصداً منہ بھر قے کی اور روزہ دار ہونا یاد ہے تو روزہ جاتا رہا خواہ اس میں کچھ منہ ہی سے حلق میں واپس چلی جائے یا نہ جائے اور منہ بھر سے کم کی تو روزہ نہ گیا۔ (درمختار)

مسئلہ: بلااختیار قے ہوئی اور منہ بھر ہے اور اس نے لوٹالی اگرچہ اس میں سے صرف چنے برابر حلق سے اتری تو روزہ جاتا رہا ورنہ نہیں اور منہ بھر نہ ہو تو روزہ نہ گیا اگرچہ حلق میں لوٹ گئی یا اس نے خود لوٹالی۔ (درمختار وغیرہ)

مسئلہ: قے خواہ قصداً ہو یا بلااختیار، اس میں بلغم آیا تو روزہ نہ ٹوٹا، اگرچہ منہ بھر ہو۔ (عالمگیری)

مسئلہ: روزے دار کو بلاعذر کسی چیز کا چکھنا یا چبانا مکروہ ہے۔ چکھنے کے لیے عذر یہ ہے کہ مثلاً عورت کا شوہر بدمزاج ہے۔ ہانڈی میں نمک کم و بیش ہوگا تو وہ اس کی ناراضگی کا باعث ہوگا تو چکھنے میں حرج نہیں۔ چبانے کے لیے یہ عذر ہے کہ اتنا چھوٹا بچہ کہ روٹی نہیں کھا سکتا اور کوئی نرم غذا نہیں جو اسے کھلائی جائے، نہ حیض و نفاس والی عورت ہے اور نہ کوئی اور بے روزہ دار ایسا ہے جو اسے چبا کر دے دے تو بچہ کے کھلانے کے لیے روٹی وغیرہ چبانا مکروہ نہیں۔ (درمختار وغیرہ)

مسئلہ: کوئی چیز خریدی اور اس کا چکھنا ضروری ہے کہ نہ چکھے گی تو نقصان ہوگا تو چکھنے میں حرج نہیں ورنہ مکروہ ہے (درمختار) چکھنے سے مراد یہ ہے کہ زبان پر رکھ کر مزہ دریافت کرلیں اور اسے تھوک دیں۔ اس میں سے کچھ حلق میں نہ جانے پائے۔

مسئلہ: سحری کھانا اور اس میں تاخیر کرنا مستحب ہے اور باعث ثواب مگر اتنی دیر لگانا کہ صبح ہونے کا شک ہو جائے، مکروہ ہے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: افطار میں جلدی کرنا مستحب ہے مگر افطار اس وقت کرے کہ غروب کا غالب گمان ہو جب تک گمان غالب نہ ہو، افطار نہ کرے، اگر موذن نے اذان کہہ دی ہو یا کسی اور طریقہ پر افطار کا اعلان کر دیا جائے اور بادل چھائے ہوں تو افطار میں جلدی نہ

رنی چاہیے۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: تازہ کھجور کہ خشک نہ ہوئی اور یہ نہ ہو تو خشک چھوارے ورنہ پانی سے روزہ افطار کرنا مسنون ہے۔ (عامہ کتب)

روزہ نہ رکھنے کی اجازت

مسئلہ: شریعت مطہرہ نے بعض صورتوں میں روزہ نہ رکھنے کی اجازت عطا فرمائی ہے تو اگر ان صورتوں میں روزہ نہ رکھا کوئی گناہ کی بات نہیں مثلاً:

(۱) حمل والی اور دودھ پلانے والی کو اگر اپنی جان یا بچہ کا صحیح اندیشہ ہے تو اجازت ہے کہ اس وقت روزہ نہ رکھے، خواہ دودھ پلانے والی بچہ کی ماں ہو یا دائی۔ (درمختار)

(۲) بیمار کو بیماری بڑھ جانے یا دیر میں اچھا ہونے یا تندرست کو بیمار ہو جانے کا یا خادمہ کو ناقابلِ برداشت کمزوری کا غالب گمان ہو تو ان سب کو اجازت ہے کہ اس دن روزہ نہ رکھیں۔ بعد میں رکھ لیں۔ (جوہرہ، درمختار)

مسئلہ: جو صورتیں اوپر مذکور ہوئیں، ان میں غالب گمان کا اعتبار ہے۔ محض وہم و خیال کافی نہیں اور غالب گمان کی تین صورتیں ہیں:

(۱) اس کی ظاہری نشانی پائی جاتی ہے۔

(۲) اس کا ذاتی تجربہ ہے۔

(۳) یا کسی مسلمان ماہر طبیب نے جس کی رائے عوام و خواص میں وزنی سمجھی جاتی ہے، اس کی خبر دی ہو۔

اور اگر نہ کوئی علامت ہو، نہ تجربہ، نہ اس قسم کے طبیب نے اسے بتایا بلکہ کسی کافر یا ناقابل اعتماد طبیب خواہ ڈاکٹر کے کہنے سے روزہ چھوڑ دیا تو خواہ مخواہ کا گناہ کمایا اور روزہ رکھ کر ان کی باتوں میں آکر توڑ دیا تو کفارہ بھی لازم آئے گا۔ آج کل اکثر طبیبوں اور ڈاکٹروں کا عالم یہ ہے کہ ذرا سی بات پر روزہ سے منع کر دیتے ہیں، حالانکہ انہیں اتنی

بھی تمیز نہیں ہوتی کہ روزہ کس بیماری میں نقصان دیتا ہے اور کہاں مفید ہوتا ہے۔ ایسوں کی ایسی باتیں ہرگز قابل اعتبار نہیں۔ ان کے دام میں نہ آئیں۔ (ردالمحتار وغیرہ)

(۳) عورت کو جب حیض و نفاس آیا تو روزہ جاتا رہا۔

مسئلہ: عورت حیض و نفاس سے پورے دس دن رات میں فارغ ہوئی تو بہرحال کل کا روزہ رکھے اور رات میں پاک ہوئی تو اگر صبح ہونے کو اتنا عرصہ ہے کہ نہا کر خفیف سا وقت بچے گا تو بھی روزہ رکھے اگرچہ غسل نہ کیا ہو اور اگر نہا کر فارغ ہونے کے وقت صبح چکی تو روزہ نہیں۔ (عالمگیری)

مسئلہ: حیض و نفاس والی عورت کو اختیار ہے کہ چھپ کر کھائے یا ظاہر، روزہ دار کی طرح رہنا اس پر ضروری نہیں۔ (جوہرہ) مگر چھپ کر کھانا بہتر ہے، خصوصاً حیض والی کے لیے۔ (بہارِ شریعت)

(۴) بھوک اور پیاس ایسی ہو کہ ہلاک کا خوف صحیح، یا نقصانِ عقل کا اندیشہ ہو تو روزہ نہ رکھے۔ (عالمگیری)

(۵) روزہ توڑنے پر مجبور کیا گیا تو اسے اختیار ہے اور صبر کیا تو اسے اجر ملے گا۔

(ردالمحتار)

مسئلہ: جن لوگوں نے ان عذروں کے سبب روزہ توڑا، ان پر فرض ہے کہ ان روزوں کی قضا رکھیں اور حکم یہ ہے کہ عذر جانے کے بعد دوسرے رمضان کے آنے سے پہلے قضا رکھ لیں۔ حدیث میں فرمایا جس پر رمضان کی قضا باقی ہے اور وہ نہ رکھے تو اس کے رمضان کے روزے قبول نہ ہوں گے اور اگر روزے نہ رکھے اور دوسرا رمضان آگیا تو اب پہلے اس رمضان کے روزے رکھ لے، قضا روزے پھر بعد میں رکھ لے۔ (درمختار)

(۶) ایسا بوڑھا آدمی جس کی عمر ایسی ہوگئی کہ اب روز بروز کمزور ہی ہوتا جائے گا۔ جب وہ روزہ رکھنے سے عاجز ہو یعنی نہ اب رکھ سکتا ہے نہ آئندہ، اس میں اتنی طاقت آنے کی امید ہے کہ روزہ رکھ سکے گا تو اسے روزہ نہ رکھنے کی اجازت ہے اور ہر

روزے کے بدلے میں صدقۂ فطر کی مقدار کسی مسکین کو دے دے۔ (درمختار وغیرہ) بلکہ یہی بہتر ہے کہ بعض اوقات کھانا کھلانا دشوار ہو جاتا ہے۔

مسئلہ: اگر ایسا بوڑھا آدمی، مرد خواہ عورت، گرمیوں میں بوجہ گرمی کے روزے نہیں رکھ سکتا، مگر جاڑوں میں رکھ سکے گا تو اب روزے چھوڑ دے اور ان کے بدلے کے روزے جاڑوں میں رکھنا اس پر فرض ہے۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: اگر فدیہ دینے کے بعد اتنی طاقت آگئی کہ روزے رکھ سکتا ہے تو وہ فدیہ جو پہلے دے چکا ہے۔ صدقہ نفل ہو کر رہ گیا۔ لہٰذا اب روزوں کی قضا رکھے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: روزہ رکھنے کی طاقت نہ ہونا ایک تو واقعی ہوتا ہے اور ایک کم ہمتی سے ہوتا ہے۔ کم ہمتی کا کچھ اعتبار نہیں۔ اکثر اوقات شیطان دل میں ڈالتا ہے کہ ہم سے یہ کام ہرگز نہ ہو سکے گا اور کریں گے، تو مر جائیں گے۔ بیمار پڑ جائیں گے۔ پھر جب خدا پر بھروسہ کر کے کیا جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ ادا کر دیتا ہے۔ کچھ بھی نقصان نہیں پہنچتا۔ ۷۵ برس کی عمر میں بہت لوگ روزے رکھتے ہیں، ہاں ایسے کمزور بھی ہو سکتے ہیں کہ ستر ہی برس کی عمر میں نہ رکھ سکیں تو شیطان کے وسوسوں سے بچ کر خوب صحیح طور پر جانچ کر لینی چاہیے کہ شریعت میں یہاں نہ کم ہمتی کا کوئی اعتبار ہے، نہ شیطانی وسوسوں کا کہیں کوئی لحاظ۔

ایک اور بات یہ ہے کو ان بوڑھوں میں بعض ایسے ہوتے ہیں کہ لگاتار مہینے بھر کے روزے نہیں رکھ سکتے، مگر ایک دو دن بیچ کے ناغہ کر کے، رکھ سکتے ہیں تو جتنے رکھ سکیں اتنے رکھنا ان پر فرض ہے جتنے قضا ہو جائیں، جاڑوں میں رکھ لیں۔ (فتاویٰ رضویہ)
یہ باتیں اچھی طرح ذہن نشین کر لیں۔

روزہ توڑنے کا کفارہ

مسئلہ: روزہ توڑنے کا کفارہ یہ ہے کہ آدمی پے در پے لگاتار ساٹھ روزے رکھے۔

یہ بھی نہ کر سکے کہ بیمار ہے اور اچھے ہونے کی کوئی امید نہیں یا بہت بوڑھی ہے تو ہ
مسکینوں کو پیٹ بھر دونوں وقت کھانا کھلانے اور یہ اختیار ہے کہ ایک دم سے سا
مسکینوں کو کھلا دے یا متفرق طور پر۔ اور اگر ایک وقت ساٹھ کو کھلایا، دوسرے وقت
کے سوا دوسرے ساٹھ کو کھلایا تو کفارہ ادا نہ ہوگا بلکہ ضروری ہے کہ پہلوں یا پچھلوں
پھر ایک وقت کھلائے۔ (درمختار، ردالمحتار)

مسئلہ: یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ہر مسکین کو بقدر صدقۂ فطر یعنی قریباً سوا دو سیر گیہوں
ان کی قیمت کا مالک کر دیا جائے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ صبح کو کھلا دے اور شام کے
قیمت دے دے یا شام کو کھلا دے یا دو دن تیس کو دے دے، غرضیکہ ساٹھ کی تعد
جس طرح چاہے پوری کر دے، اس کا اختیار ہے۔ (درمختار، ردالمحتار)

نفلی روزے

روزے وغیرہ اعمالِ صالحہ کے لیے رمضان المبارک کے بعد سب دنوں سے
افضل ذی الحجہ کا پہلا عشرہ (پہلی ذی الحجہ سے دس ذی الحجہ تک) ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں: "ان دس دنوں سے زیادہ کسی دن کا عملِ صالح (نیک کام
اللہ عزوجل کو محبوب نہیں۔ ان کے ہر دن کا روزہ ایک سال کے روزوں اور ہر شب
قیام (نوافل) شبِ قدر کے برابر ہے۔ (ترمذی، ابن ماجہ)

(۱) خصوصاً عرفہ یعنی نویں ذی الحجہ کا روزہ کہ سال میں سب سے افضل دن ہے
اس کا روزہ صحیح حدیث کی رو سے ہزاروں روزوں کے برابر ہے اور دو سال کامل کے
گناہوں کی معافی ایک سالِ گزشتہ، دوسرا سالِ آئندہ۔ (مسلم شریف)

(۲) پھر سب دنوں سے افضل روزہ عاشوراء یعنی دسویں محرم کا روزہ ہے۔ اس میں
ایک سال گزشتہ کے گناہوں کی مغفرت ہے۔ (مسلم شریف)

حدیث شریف میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جب مدینہ
میں تشریف لائے۔ یہودیوں کو عاشوراء کے دن روزہ دار پایا۔ ارشاد فرمایا "یہ کیا دن ہے

کہ تم روزہ رکھتے ہو۔" عرض کی کہ یہ عظمت والا دن ہے کہ اس میں موسیٰ علیہ السلام اور ان کی قوم کو اللہ تعالیٰ نے نجات دی اور فرعون اور اس کی قوم کو ڈبو دیا۔ لہٰذا موسیٰ علیہ السلام نے بطور شکر اس دن کا روزہ رکھا تو ہم بھی روزہ رکھتے ہیں۔ ارشاد فرمایا: "موسیٰ علیہ السلام کی موافقت کرنے میں بہ نسبت تمہارے ہم زیادہ حقدار اور زیادہ قریب ہیں۔" تو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود بھی روزہ رکھا اور اس کا حکم بھی فرمایا۔ (بخاری مسلم)

نفیس فائدہ

اس حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ جس روز اللہ عزوجل کوئی خاص نعمت عطا فرمائے اس کی یادگار قائم کرنا درست و محبوب بلکہ شرعاً مطلوب ہے کہ اس سے وہ نعمت خاصہ یاد آئے گی اور اس پر زبان سے بے ساختہ شکر خدا ادا ہو گا تو گویا یہ یادگار شکر ادا کرنے کا بھی ذریعہ ہوا۔ خود قرآن عظیم میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَاذْكُرُوْا اَيَّامَ اللّٰهِ۔ خدا (کے انعام) کے دنوں کو یاد کرو۔

دوسری جگہ فرمایا:

وَذَكِّرْهُمْ بِاَيَّامِ اللّٰهِ۔ انہیں اللہ کے دن یاد دلا دو۔

یعنی وہ دن جن میں بڑی بڑی نعمتیں اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے مختلف قوموں کو عطا ہوتی رہیں۔ مثلاً حکومت و اقتدار اور دشمنوں سے گلوخلاصی، آفتوں سے نجات یا جو بڑی بڑی مصیبتیں مختلف قوموں کو قدرت کی طرف سے پیش آتی رہیں مثلاً وبا و قحط ان کی محکومی و غلامی یا تباہی و بربادی۔ غرض یہ کہ ایام اللہ کے تحت ہر قسم کے اہم تاریخی واقعات آجاتے ہیں۔

اور شک نہیں کہ ہم مسلمانوں کے لیے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت سے بہتر کون سا دن ہو گا جس کی یادگار قائم کریں کہ دنیا و آخرت میں ظاہری و باطنی، جسمانی و رُوحانی تمام نعمتیں تمام راحتیں انہیں کے طفیل انہیں کے

صدقے میں ہیں۔ میلاد پاک کی محفلیں برپا کرنے کا ایک عظیم و اہم مقصد یہ بھی ہے۔ وہابیہ اس میں رکاوٹیں ڈال کر ہم مسلمانوں کو گمراہ کرنے کی تدبیریں کرتے ہیں۔ اللہ پناہ میں رکھے۔

مسئلہ: بہتر یہ ہے کہ عاشوراء کے دن روزہ رکھیں تو اس کے ساتھ نویں کا بھی رکھیں۔ حدیث شریف میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

"عاشوراء کا روزہ رکھو اور یہودیوں کی مخالفت کرو (یوں کہ) ایک دن پہلے روزہ رکھو اور ایک دن بعد۔" (مرقات)

روزہ عاشوراء کے فضائل بہت کچھ احادیث کریمہ میں آئے۔ چنانچہ علمائے کرام اور صوفیائے عظام نے تحریر فرمایا کہ عاشوراء کا دن وہ دن ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے انبیائے کرام علیہم السلام کی ایک جماعت کو عزت و کرامت سے نوازا یہی وہ دن ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے:

(۱) حضرت آدم علیہ السلام کو تمام مخلوقات پر برگزیدہ کیا۔
(۲) حضرت ادریس علیہ السلام کو آسمان پر اٹھایا۔
(۳) سیّدنا نوح علیہ السلام کی کشتی کو کوہِ جودی پر ٹھہرایا۔
(۴) سیّدنا ابراہیم علیہ السلام کو اپنا خلیل بنایا، ان پر نارِ نمرود کو گلزار کیا۔
(۵) سیّدنا داوٗد علیہ السلام کی لغزش کو معاف کیا۔
(۶) سیّدنا ایوب علیہ السلام سے بلا کو دفع فرمایا۔
(۷) سیّدنا یونس علیہ السلام کو بطن حوت (مچھلی کے پیٹ) سے نکالا۔
(۸) سیّدنا یعقوب اور سیدنا یوسف علیہما السلام کو باہم ملایا۔
(۹) سیّدنا عیسیٰ علیہ السلام کو پیدا فرمایا اور پھر آسمان پر اٹھایا۔
(۱۰) آدم و حوا علیہما السلام کو پیدا کیا۔
(۱۱) حضرت موسیٰ علیہ السلام اور بنی اسرائیل کو فرعون کے ظلم سے بچایا۔

غرض عاشوراء کا دن، بارگاہِ الٰہی میں مقبول دنوں میں ایک دن ہے اور اعمالِ صالحہ و صدقہ و خیرات کی قبولیت کا روز، اسی لیے حضرات صوفیائے کرام کا ارشاد گرامی ہے

کہ:

(۱) جو آج کے روز کسی فقیر پر صدقہ کرے، گویا اس نے تمام فقراء پر صدقہ کیا۔

(۲) جو آج کسی بھولے بھٹکے راہ رو کو سیدھے راستے پر ڈال دے، رب عزوجل اس کے دل کو نورِ ایمان سے معمور فرمائے۔

(۳) جو آج غصہ کو ضبط کرے، اللہ تعالیٰ اسے ان میں لکھ دے جو راضی برضا ہیں۔

(۴) جو آج کسی مسکین کی عزت بڑھائے وہ مالک و مولا قبر میں اسے کرامت بخشے۔

یہی وہ دن ہے جس کے متعلق نبی رحمت صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا:

(۱) جو شخص آج اپنے اہل و عیال پر کشادہ دلی سے خرچ کرے۔ اللہ تعالیٰ اسے تمام سال کے لیے فراخی نصیب فرمائے۔ (بیہقی) حضرت سفیان بن عیینہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں ہم نے پچاس سال اس کا تجربہ کیا اور ہر سال فراخی پائی۔

(۲) جو شخص آج کے دن غسل کرے، مرض الموت کے علاوہ اس سال کسی اور مرض میں مبتلا نہ ہو اور جو آج (بہ حسن نیت) سرمہ لگائے اس کی آنکھیں کبھی دکھنے میں نہ آئیں یعنی اس کی چشمِ بصیرت، دل کی آنکھ روشن رہے۔

(۳) جو عاشوراء کی شب قیام و ذکر میں اور اس کا دن روزے میں گزارے، جب مرے گا تو اسے اپنی موت کا پتا بھی نہ چلے گا۔ (یعنی نزع کی سختی سے محفوظ رہے گا)

(۴) جو شخص عاشوراء کے دن (محض رضائے الٰہی کے حصول کی نیت سے) روزہ رکھے گویا اس نے تمام سال کے روزے رکھے۔

(۵) جو مسلمان آج کے روز صدقہ کرے اسے ایک سال کے صدقے کے برابر ثواب ملے۔

(۶) جو شخص آج کسی یتیم کے سر پر شفقت سے ہاتھ پھیرے (اور اس کی دلجوئی کرے اس کی حاجت بر لائے) اللہ تعالیٰ ہر بال کے عوض جنت میں اس کا درجہ بلند فرمائے۔

(۷) جو آج کے دن صلہ رحمی کرے وہ حضرت یحییٰ اور حضرت عیسیٰ علیہما السلام کے ساتھ جنت میں ہو گا (اور ان کی خدمت کا شرف پائے گا) (نزہتہ المجالس وغیرہ)

الغرض عاشوراء کا دن وہ مبارک و بابرکت دن ہے جس کے فضائل سے کتابیں مالا مال ہیں۔ مبارک ہیں وہ بندے جو اس ماہ محرم کا نئے حدیث شریف میں اللہ تعالیٰ نے معین فرمایا، اہتمام بجا لائیں اور اپنے ظاہر و باطن سے خدا اور رسول کی طرف متوجہ ہوں، اعمالِ صالحہ میں بیش از بیش مشغول رہیں۔

(۸) عزیزو! عمر کا کیا اعتبار اور کسے معلوم کہ اسے کب اس دنیا سے کوچ کرنا ہے۔ دنیا میں آدمی آتا ہے تو اپنے مقدر کا اپنے ساتھ لاتا ہے لیکن جب جاتا ہے تو اعمال کے علاوہ اور کوئی اس کا ساتھی نہیں ہوتا، اعمال نیک کا توشہ ساتھ ہے تو قبر بھی روشن اور حشر میں بھی اجالا اور بول بالا۔

یہ ہے عاشوراء کے دن روزہ رکھنے کی اصل۔ جس پر تمام مسلمانوں کا عمل آج تک ہے۔ اب کہیں کہیں یہ آوازیں سنائی دیتی ہیں کہ عاشوراء کے روز یزید کی ماں نے روزہ رکھا تھا اس لیے آج روزہ نہ رکھا جائے۔ یہ اور اس قسم کی ساری باتیں مہمل اور بے اصل ہیں جو رافضیوں نے مسلمانوں پر پھیلائیں۔ مسلمان بیبیاں ہرگز ایسی بے سروپا باتوں پر دھیان نہ دیں کہ اس سے نیکیاں برباد ہوتی ہیں، اور گناہ لازم آتا ہے۔

(۳) پندرہویں شعبان کا روزہ

رمضان المبارک کے بعد سب سے افضل شعبان کے روزے ہیں۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو شعبان سے زیادہ کسی مہینے میں روزے رکھتے میں نے نہیں دیکھا، خصوصاً پندرہویں شعبان کا روزہ۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں جب شعبان کی پندرہویں رات آجائے تو اس رات کو قیام کرو (نوافل میں مشغول رہو) اور دن میں روزہ رکھو کہ رب تعالیٰ غروب آفتاب سے آسمانِ دنیا پر خاص تجلی فرماتا ہے اور فرماتا ہے کہ ہے کوئی بخشش چاہنے والا کہ اسے بخش دوں، ہے کوئی روزی طلب کرنے والا کہ اسے روزی دوں، ہے کوئی آفت رسیدہ کہ اسے عافیت دوں، ہے کوئی ایسا۔ ہے کوئی

ایسا۔ اور یہ اس وقت تک فرماتا ہے کہ فجر طلوع ہو جائے۔

(۴) شش عید کے روزے

شوال میں چھ دن کے روزے جنہیں لوگ شش عید کے روزے کہتے ہیں۔ ان روزوں کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جس نے رمضان کے روزے رکھے۔ پھر ان کے بعد چھ دن شوال میں رکھے تو ایسا ہے جیسے اس نے دہر کا روزہ رکھا۔ (متواتر سال بھر تک روزہ دار رہا)

ایک اور حدیث شریف میں ہے کہ جس نے عید الفطر کے بعد چھ روزے رکھ لیے گویا اس نے پورے سال کا روزہ رکھا۔ (اور یہ اس لیے کہ) جو شخص ایک نیکی لائے گا، اسے دس ملیں گی تو ماہِ رمضان کا روزہ دس مہینے کے برابر ہے اور ان چھ دنوں کے بدلے میں (۶۰ دن یعنی) دو مہینے تو پورے سال کے روزے ہو گئے۔

(۴) ایک اور حدیث شریف میں ہے کہ جس نے رمضان کے روزے رکھے، پھر اس کے بعد چھ دن شوال میں رکھے تو ان روزوں نے ایسا نکال دیا جیسے آج ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا۔ شش عید کے روزوں کا ایک فائدہ تو یہ ہے کہ سال بھر کے روزوں کا ثواب آدمی کو ذرا سی مشقت سے ہاتھ آتا ہے اور ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ رمضان المبارک کے مہینے میں جو روزے ان میں جو کوتاہیاں ہو گئیں، اور خلل و نقصان آیا، انشاء اللہ تعالیٰ وہ نقصان ان روزوں سے پورا کر دیا جائے گا۔

مسئلہ: یہ روزے عید کے بعد اگاتار رکھے جائیں تب بھی مضائقہ نہیں اور بہتر یہ ہے کہ متفرق رکھے جائیں یعنی ہر ہفتہ میں دو روزے اور عید الفطر کے دوسرے روز ایک روزہ رکھ لے اور پورے ماہ میں رکھے تو اور بھی مناسب معلوم ہوتا ہے۔

(۵) ۲۷ رجب کا روزہ کہ بعض حدیثوں میں اس کی بڑی فضیلت آئی۔ چنانچہ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رجب میں ایک دن اور رات ہے جو اس دن کا روزہ رکھے اور وہ رات نوافل میں گزارے۔ سو برس کے روزوں اور

سو برس کی شب بیداری کے برابر ہو اور وہ ۲۷ رجب ہے۔ (بیہقی)

ایک اور حدیث میں ہے کہ جو رجب کی ستائیسویں کا روزہ رکھے، اللہ تعالیٰ اس کے لیے ساٹھ مہینے کے روزوں کا ثواب لکھے۔ (ماثبت بالسنہ)

(۶) ہر مہینے میں تین روزے خصوصاً ایام بیض (روشن دنوں) یعنی ۱۳، ۱۴، ۱۵۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں "جس سے ہو سکے، ہر مہینے میں تین روزے رکھے کہ ہر روزہ دس گناہ مٹاتا ہے اور گناہ سے ایسا پاک کر دیتا ہے جیسا پانی کپڑے کو۔" دوسری حدیث شریف میں ہے کہ جب مہینے میں تین روزے رکھنے ہوں تو تیرہ چودہ پندرہ کو رکھو۔ اور ایک موقع پر ارشاد فرمایا کہ رمضان کے روزے اور ہر مہینے کے تین روزے سینہ کی خرابی کو دُور کرتے ہیں۔ (امام احمد وطبرانی)

(۷) پیر اور جمعرات کے روزے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں: پیر اور جمعرات کو اعمال پیش ہوتے ہیں تو میں پسند کرتا ہوں کہ میرا عمل اس وقت پیش ہو کہ میں روزہ دار ہوں۔ (ترمذی)

اور ابن ماجہ میں روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پیر اور جمعرات کو خیال کر کے روزے رکھا کرتے تھے۔ اس کے بارے میں عرض کیا گیا تو فرمایا: "ان دونوں دنوں میں اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کی مغفرت فرما دیتا ہے مگر وہ دو شخص جنہوں نے باہم جدائی کر لی ہے، ان کی نسبت فرشتوں سے فرماتا ہے انہیں چھوڑ دو یہاں تک کہ صلح کر لیں۔" اور صحیح مسلم شریف میں ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے پیر کے دن روزہ کا سبب دریافت کیا گیا۔ فرمایا: "اسی میں میری ولادت ہوئی اور اسی میں مجھ پر وحی نازل ہوئی۔"

(۸) بعض اور دنوں کے روزے۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے چہار شنبہ، پنج شنبہ جمعہ کو روزے رکھے، اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت میں ایک مکان بنائے گا، جس کا باہر کا حصّہ اندر سے دکھائی دے گا اور اندر کا باہر سے۔ اور ایک روایت میں ہے کہ اس کے

لیے جنت میں موتی اور یاقوت اور زبرجد کا محل بنائے گا اور اس کے لیے دوزخ سے براءت (رہائی) لکھ دے گا اور ایک روایت میں ہے کہ "جو ان تین دنوں کے روزے رکھے، پھر جمعہ کو تھوڑا بہت صدقہ کرے تو جو گناہ کیا ہے، بخش دیا جائے گا اور وہ ایسا ہو جائے گا جیسے اس دن کہ اپنی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا۔" مگر خصوصیت کے ساتھ جمعہ کے دن روزہ رکھنا مکروہ ہے۔ اس سے پہلے جمعرات کو یا اس کے بعد ہفتہ کو بھی جمعہ کے ساتھ ملا کر روزہ رکھنا چاہیے۔ (بخاری و مسلم)

مسئلہ: شوہر سفر میں ہے، یا بیمار ہے تو اس حالت میں عورت، شوہر کی اجازت کے بغیر بھی قضا روزے رکھ سکتی ہے بلکہ اگر وہ منع کرے جب بھی۔ اور رمضان کے لیے شوہر کی اجازت کی کچھ ضرورت نہیں بلکہ اس کی ممانعت پر بھی رکھے کہ یہ اللہ کا فرض اور قرض ہے۔ (در مختار وغیرہ)

مسئلہ: عورت پر قسم وغیرہ کا کفارہ واجب ہے اور مال سے کفارہ ادا کرنے سے عاجز ہے اور روزہ رکھنا چاہتی ہو تو شوہر اسے روزہ رکھنے سے روک سکتا ہے۔ (جوہرہ)

مسئلہ: عورت اگر روزہ رکھے گی تو کمزور ہو جائے گی، کھڑے ہو کر فرض نماز ادا نہ کر سکے گی تو حکم ہے کہ روزہ رکھے اور بیٹھ کر نماز پڑھے (در مختار) جبکہ کھڑا ہونا واقعی دشوار ہے۔

مسئلہ: چپ روزہ جیسا کہ کہیں کہیں کبھی کبھی عورتیں رکھتی ہیں اور اس میں چپ رہنے کو ثواب کی بات سمجھتی ہیں، یہ مکروہ ہے اور اگر چپ رہنا ثواب کی بات سمجھ کر نہ ہو تو حرج نہیں۔ اور بری بات سے چپ رہی تو یہ مکروہ نہیں بلکہ یہ تو اعلیٰ درجے کی چیز ہے کیونکہ بری بات زبان سے نہ نکالنا واجب ہے۔ یونہی بلا ضرورت باتیں بنانا بھی

شرعاً پسند نہیں۔ غرض دارومدار اس کی نیت پر ہے اور نیت کا حال اللہ بہتر جانتا ہے۔

نفلی روزہ توڑنا

مسئلہ: نفل روزہ قصداً شروع کرنے سے لازم ہو جاتا ہے کہ توڑے گی تو قضا واجب ہوگی اور یہ گمان کرے کہ اس کے ذمہ کوئی روزہ ہے، روزہ شروع کیا بعد کو معلوم ہوا کہ نہیں ہے۔ اب اگر فوراً توڑ دیا تو کچھ نہیں اور یہ معلوم ہونے کے بعد نہ توڑا تو اب نہیں توڑ سکتی۔ توڑے گی تو قضا واجب ہوگی۔ (درمختار)

مسئلہ: نفلی روزہ قصداً نہیں توڑا بلکہ بلا اختیار ٹوٹ گیا مثلاً اثنائے روزہ میں حیض آگیا۔ جب بھی قضا لازم ہے۔ (درمختار)

مسئلہ: نفلی روزہ بلا عذر توڑ دینا ناجائز ہے اور عذر ہو تو جائز مثلاً یہ روزہ دار ہے کہ کوئی مہمان آگیا اور ایسا ہے کہ اگر یہ اس کے ساتھ نہ کھائے گی تو اسے ناگوار ہوگا یا خود مہمان روزہ دار ہے اور اگر میزبان کے ساتھ کھانا نہ کھائے گا تو میزبان کو اذیت ہوگی تو اس حالت میں روزہ توڑا جا سکتا ہے بشرطیکہ یہ بھروسہ ہو کہ اس کی قضا رکھ لے گی اور بشرطیکہ ضحوۂ کبریٰ (دوپہر) سے پہلے پہلے توڑ دے یا مثلاً کسی نے اس کی دعوت کی اور جانتی ہے کہ نہ جاؤں گی تو اس پر گراں گزرے گا۔ ضحوۂ کبریٰ سے قبل نفل روزہ توڑ دینے کی اجازت ہے۔ (درمختار، ردالمحتار)

مسئلہ: عورت بغیر شوہر کی اجازت کے، نفل اور منت اور قسم کے روزے نہ رکھے اور رکھ لے تو شوہر توڑوا سکتا ہے، مگر توڑ دے گی تو قضا واجب ہوگی اور اس کی قضا میں بھی شوہر کی اجازت درکار ہے۔

مسئلہ: ماں باپ اگر بیٹے بیٹی کو نفلی روزہ رکھنے سے منع کریں، اس وجہ سے کہ مرض کا اندیشہ ہے تو ماں باپ کی اطاعت کرے۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: عید، بقر عید یا ایامِ تشریق میں نفل روزہ رکھا تو اس روزے کا پورا کرنا واجب نہیں، نہ اس کے توڑنے سے قضا واجب ہے بلکہ اس کا توڑ دینا واجب ہے۔

(ردالمحتار)

منت کے روزے

مسئلہ: عورت نے ایک ماہ پے در پے (لگاتار) روزے رکھنے کی منت مانی تو اگر ایک مہینہ یا زیادہ طہارت کا زمانہ اسے ملتا ہے تو ضرور ہے کہ ایسے وقت روزے شروع کرے کہ حیض آنے سے پیشتر تیس دن پورے ہو جائیں ورنہ حیض آنے کے بعد اب سے تیس دن پورے کرنے ہوں گے اور مہینہ پورا ہونے سے پیشتر اسے حیض آجایا کرتا ہے تو حیض سے پہلے جتنے روزے رکھ چکی ہے، انہیں شمار کر لے جو باقی رہ گئے ہیں، انہیں حیض ختم ہونے کے بعد بلاناغہ پورا کر لے کہ پے در پے روزوں کی منت میں ناغہ کرنا جائز نہیں اور متفرق طور پر مثلاً دس روزے کی منت مانی تو لگاتار رکھنا جائز ہے۔

(درمختار وغیرہ)

مسئلہ: کسی مہینے مثلاً رجب کے روزے کی منت مانی اور رجب میں بیمار ہے تو دوسرے دنوں میں ان کی قضا رکھے اور قضا میں اختیار ہے کہ لگاتار روزے ہوں یا ناغہ دے کر۔ (درمختار)

مسئلہ: اکثر عورتیں مولیٰ علی مشکل کشا کا روزہ رکھتی ہیں، انہیں یاد رکھنا چاہیے کہ روزہ خاص اللہ عزوجل کے لیے ہے، اگر اللہ کے لیے روزہ رکھیں اور اس کا ثواب مولیٰ علی کو نذر کریں تو حرج نہیں، مگر اس میں کرتی یہ ہیں کہ روزہ آدھی رات تک رکھتی ہیں، شام کو افطار نہیں کرتیں اور آدھی رات کے بعد کھانے کا ٹوکرا کھول کر دعا مانگتی ہیں اور اس وقت روزہ افطار کرتی ہیں۔ یہ شیطانی رسم ہے۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: عیدین یعنی میٹھی عید اور بقر عید اور ایام تشریق یعنی ذی الحجہ کی گیارہ، بارہ

اور تیرہ تاریخ کے روزے رکھنا حرام و گناہ ہیں تو اگر اس مہینے کے روزے کی منت مانی اور اس میں ایام منہیہ (یعنی وہ پانچ دن جن میں روزہ رکھنے کی اجازت نہیں) ہیں تو ان میں روزے نہ رکھے بلکہ ان کے بدلے بعد میں رکھے اور اگر کسی متعین مہینے کی منت مانی مثلاً رجب یا شعبان کی تو پورے مہینے کا روزہ ضرور ہے۔ وہ مہینہ انتیس (۲۹) کا ہو تو انتیس روزے اور تیس کا ہو تو تیس روزے اور ناغہ نہ کرے، پھر اگر کوئی چھوٹ گیا تو اس کے بعد میں رکھ لے۔ پورے مہینے کے لوٹانے کی ضرورت نہیں۔ (درمختار وغیرہ)

مسئلہ: ایک دن کے روزے کی منت مانی تو اختیار ہے کہ ایام ممنوعہ کے علاوہ جس دن چاہے، روزہ رکھ لے۔ یونہی دو دن، تین دن میں بھی اختیار ہے، البتہ ان میں اگر پے در پے کی نیت کی تو پے در پے رکھنا واجب ہوگا، ورنہ اختیار ہے کہ ایک ساتھ رکھے یا ناغہ دے کر اور متفرق کی نیت کی اور پے در پے رکھ لیے تب بھی جائز ہے۔

(عالمگیری)

مسئلہ: آدھے دن کے روزہ کی منت مانی تو یہ منت صحیح نہیں ہے۔ (عالمگیری)

اعتکاف کا بیان

روزہ تعمیلِ ارشادِ خداوندی میں تزکیۂ نفس، تصفیۂ باطن اور تربیتِ جسم کے لیے ایک بہترین دستور العمل ہے۔ اشخاص کے انفرادی اور امت کے اجتماعی ہر دو نقطۂ نظر سے۔ چنانچہ غیبت، فحش، بدگوئی، بدزبانی اور بدنظری وغیرہ تمام گناہوں سے روزہ میں بچتے رہنے کی سخت تاکیدیں احادیث میں آئی ہیں۔

گناہ و معصیت، کسی قسم اور کسی درجہ کی بھی ہو مسلمان کے لیے ہر زمانہ اور ہر موسم میں حرام ہے۔ لیکن رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں یہ ممانعت اور شدید و زیادہ مؤکد ہو جاتی ہے۔ روزہ دار کی رات بھی گویا عبادت میں بسر ہوتی ہے اور دن تو خیر اتنی بڑی عبادت، یعنی حکمِ الٰہی کے احترام میں، نفس و طبیعت کی لذتوں اور جائز

خواہشوں سے اجتناب و احتراز، اور دوری میں بسر ہوتا ہی ہے۔ پورے مہینے بھر کے رات اور دن کا ایک ایک گھنٹہ، سپاہِ اسلام کی روحانی پریڈ کا زمانہ ہے۔ جبکہ جدید و قدیم سب اس پر متفق ہیں کہ روزہ جسمانی بیماریوں کے دور کرنے کا بہترین علاج اور جسمِ انسانی کے لیے ایک بہترین مصلح ہے۔ پھر اس سے سپاہیانہ ہمت اور ضبطِ نفس کی روح، جو ساری امت میں تازہ ہو جاتی ہے۔ اس کے لحاظ سے بھی مہینہ بھر کی یہ سالانہ مشق ایک بہترین نسخہ ہے فرد و ملت کی صلاح و فلاح اور اصلاحِ احوال کا۔

اسلامی روزے کی اصل غرض و غایت قرآن کریم صراحتاً بیان فرماتا ہے کہ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ۔ تاکہ تم متقی بن جاؤ۔

تو روزے سے مقصود تقویٰ و پرہیزگاری اور کسرِ نفسی کی عادت ڈالنا اور امت مرحومہ اور اس کے ہر ہر فرد کو متقی و پرہیزگار بنانا ہے۔ اور تقویٰ نفس کی ایک مستقبل کیفیت کا نام ہے جس کی بدولت متقی کا ضمیر زندہ رہتا اور اس کے دل میں خوف خدا جاگزیں رہتا ہے۔

جس طرح مضر و ضرر رساں غذاؤں اور نقصان دہ عادتوں سے احتیاط رکھنے سے جسمانی صحت برقرار رہتی اور مادی لذتوں سے لطف و انبساط، سرور و نشاط کی صلاحیت زیادہ پیدا ہو جاتی ہے۔ بھوک خوب کھل کر لگنے لگتی ہے اور خونِ صالح پیدا ہونے لگتا ہے۔ اسی طرح اس عالم میں تقویٰ اختیار کر لینے اور جتنی عادتیں صحتِ روحانی و حیاتِ اخلاقی کے حق میں نقصان رساں ہیں، ان سے بچے رہنے سے، عالمِ آخرت کی لذتوں اور نعمتوں سے لطف اٹھانے کی صلاحیت و استعداد انسان میں پوری طرح پیدا ہو کر رہتی ہے۔ اور یہی وہ مقام ہے جہاں اسلامی روزہ کی فضیلت تمام دوسری قوموں کے روزوں پر علانیہ ثابت ہوتی ہے۔ تو اصل چیز جسے روزہ کی روح کہنا چاہیے تقویٰ ہے اور تقویٰ کا نتیجہ ہے فلاحِ آخرت۔ روحانی لذتوں، غیر فانی نعمتوں اور باقی رہنے والی آسائشوں سے فیض یاب اور بہرہ مند ہونا۔

یوں تو رمضان المبارک کا پورا مہینہ ہی خیر و برکات اور رحمت و مغفرت کا مہینہ ہے۔ اور جب یہ ماہِ مبارک آتا ہے تو آسمان کے دروازے، جنت کے دروازے اور

رحمت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں۔ دوزخ کے دروازے بند کردیئے جاتے ہیں۔ سرکش شیطانوں کے طوق ڈال دیئے جاتے ہیں۔ انہیں زنجیروں میں جکڑ دیا جاتا ہے اور رحمتِ الٰہی اپنے بندوں کو بار بار اپنی طرف بلاتی اور انہیں رضائے الٰہی کی راہیں دکھاتی ہے کہ اے خیر طلب کرنے والے متوجہ ہو' اور اے شر کے چاہنے والے (اپنی نازیبا حرکتوں سے) باز رہ۔

لیکن جیسے جیسے یہ رات اور دن گزرتے جاتے ہیں' رحمتِ الٰہی کی بارشیں فزوں سے فزوں تر ہونے لگتی ہیں۔ اس ماہ کا پہلا عشرہ' رحمتوں کی بشارتیں لایا' دوسرے عشرے نے مغفرتوں کی خوشخبریاں دیں اور تیسرا عشرہ جہنم سے آزادی کا پیغام سناتا اہل ایمان کے سروں پر جاگزیں ہوا۔ تو اس ماہ مبارک کا آخری عشرہ نزولِ رحمت و برکت کا خاص عشرہ ہے جو اللہ عزوجل کے روزے دار بندوں کو مخصوص بہ عنایتِ الٰہی اور مزید انعام و اکرام کا مستحق بنا دیتا ہے۔ چنانچہ صحیح احادیث کریمہ میں یہ مضمون وارد ہے کہ جب رمضان کی پہلی رات ہوتی ہے اللہ عزوجل اپنی مخلوق کی طرف نظر فرماتا ہے اور جب اللہ کسی بندہ کی طرف نظر فرمائے تو اسے کبھی عذاب نہ دے گا اور ہر روز دس لاکھ کو جہنم سے آزاد فرماتا ہے اور جب انتیسویں رات ہوتی ہے تو مہینے بھر میں جتنے آزاد کیے ان کے مجموعے کے برابر' اس ایک رات میں آزاد کرتا ہے پھر جب عید الفطر کی رات آتی ہے ملائکہ خوشیاں کرتے ہیں اور اللہ عزوجل اپنے نور کی خاص تجلی فرماتا ہے اور فرشتوں سے فرماتا ہے اے گروہِ ملائکہ اس مزدور کا کیا بدلہ ہے جس نے کام پورا کر لیا۔ فرشتے عرض کرتے ہیں اس کو پورا اجر دیا جائے۔ اللہ عزوجل فرماتا ہے میں تمہیں گواہ کرتا ہوں کہ میں نے ان سب کو بخش دیا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت مبارکہ تھی کہ ماہ مبارک کے آخری عشرہ میں پورے دس دن کے لیے مسجد میں اعتکاف فرماتے اور دنیاوی علاقوں سے انقطاع و التعلقی۔ جو یوں بھی ہر زمانہ میں کامل رہتی' اس عرصہ کے لیے کامل تر ہو جاتی۔ اعتکاف مسنونہ یہی ہے اور اسی کو فقہائے کرام نے سنتِ کفایہ قرار دیا ہے۔

روحانی قوتوں اور باطنی توانائیوں کا ذخیرہ اپنے اندر بھر لینے اور اپنے آپ کو

روحانی و ایمانی اعتبار سے تازہ دم کر لینے کے لیے، اس سے بہتر اور موثر نسخہ اور کیا ہو سکتا ہے کہ عین اس زمانہ میں، جبکہ بیس دن کی مسلسل طاعت و عبادت اور شب و روز کے ذکرِ الٰہی و فکرِ ایمانی سے، رُوح پر صیقل ہو چکی ہو، ملکوتیت بیدار ہو چکی ہو، انسان اور صاحبِ ایمان مسلمان اپنے کو چند روز کے لیے کامل یکسوئی و انقطاع اور ہر قسم کی دنیاوی خواہشات سے دوری کے عالم میں لے آئے اور اخلاص و للّٰہیت کی مشقتوں کو، دعاؤں سے، پُر خلوص عبادتوں سے، ذکر و فکر اور اذکار و اشغال سے منتہائے کمال پر پہنچانے میں اپنی توانائیاں صرف کر دے۔ علائقِ دنیاوی سے اسی انقطاع کا نام زبانِ شرع میں اعتکاف ہے۔

اعتکاف کے لغوی معنی ہیں اپنے کو کسی شے پر روک رکھنے یا لازم کر لینے کے۔ اور اصطلاحِ شریعت میں نام ہے مسجد کے اندر، بہ نیت عبادت، قیام کو کسی مدت کے لیے لازم کر لینے کا۔ یا بالفاظِ دیگر اعتکاف سے شرعاً مراد ہے، مسجد میں بیٹھ کر اپنے کو عبادتِ حق کے لیے مقید کر لینا کہ بجز بشری و شرعی ضرورتوں کے اور کسی حال میں باہر نہ نکلا جائے۔ اسی لیے معتکف پر لازم ہے کہ ہر وقت مسجد میں ہی رہے سہے، کھائے پیے، سوئے جاگے اور بغیر مادی و شرعی ضرورت شدیدہ کے، مسجد سے باہر قدم نہ نکالے۔ دوسرے دنیاوی معاملات، مثلاً لوگوں سے بات چیت کرنا، ضرورت کی کوئی چیز خریدنا یا فروخت کرنا، حالتِ اعتکاف میں جائز ہیں۔ بشرطیکہ ان میں کوئی بات احترامِ مسجد یا آدابِ اعتکاف کے منافی نہ پیدا ہو جائے اور کھانے پینے میں یہ احتیاط لازم ہے کہ مسجد آلودہ نہ ہو۔ (ملتقط) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس نے رمضان میں دس دنوں کا اعتکاف کر لیا تو ایسا ہے جیسے دو حج اور دو عمرے کیے۔

چند مسائل متعلق باحکامِ اعتکاف

(۱) اعتکاف کے لیے مسلمان، عاقل اور جنابت و حیض و نفاس سے پاک ہونا شرط ہے۔ بلوغ شرط نہیں بلکہ نابالغ جو تمیز رکھتا ہے اگر بہ نیت اعتکاف مسجد میں ٹھہرے تو یہ

اعتکاف صحیح ہے۔

(۲) عورت کو مسجد میں اعتکاف مکروہ ہے بلکہ وہ گھر ہی کے اس گوشہ میں اعتکاف کرے جسے نماز و عبادت کے لیے مخصوص کر لیا جائے اور جسے مسجدِ بیت (گھریلو مسجد) کہتے ہیں اور بہتر یہ ہے کہ اس جگہ کو چبوترہ وغیرہ کی طرح بلند کر لیا جائے۔ یا وہاں کوئی تخت وغیرہ ڈال دیا جائے تاکہ مرد بھی وہاں نوافل ادا کر سکیں کہ نفل نماز گھر میں پڑھنا افضل ہے اور فرض کر لیں کہ گھر میں نماز کے لیے کوئی جگہ مخصوص و مقرر نہیں ہے مگر جب اعتکاف کا ارادہ کیا اس وقت کسی گوشۂ مکان کو نماز و عبادت کے لیے خاص کر لیا تو اب اس جگہ اعتکاف کر سکتی ہے۔ جگہ مقرر کیے بغیر عورت گھر میں اعتکاف نہیں کر سکتی۔

(۳) اعتکاف تین قسم پر ہے:

(۱) واجب کہ اعتکاف کی منت مانی۔

(۲) سنتِ مؤکدہ کہ رمضان کے پورے عشرۂ اخیرہ یعنی آخر کے دس دن میں اعتکاف کیا جائے۔ یعنی بیسویں رمضان کو سورج ڈوبتے وقت بہ نیت اعتکاف مسجد میں داخل ہو اور تیسویں کے غروب کے بعد یا انتیس کو چاند ہونے کے بعد نکلے۔ اور یہ اعتکاف سنت کفایہ ہے کہ بستی میں اگر سب ترک کر دیں تو سب سے مطالبہ ہوگا اور اگر ایک نے کر لیا تو سب بری الذمہ۔ اور پوری بستی کی طرف سے وہ سنت ادا ہو جائے گی۔

(۳) مستحب، ان دونوں کے علاوہ ہر اعتکاف۔ اور اس اعتکافِ مستحب کے لیے نہ روزہ شرط ہے نہ اس کے لیے کوئی وقتِ خاص مقرر ہے۔

(۴) اعتکاف سنت کے لیے روزہ شرط ہے۔ لہٰذا اگر کسی مریض یا مسافر نے اعتکاف تو کیا مگر روزہ نہ رکھا تو سنت ادا نہ ہوئی بلکہ نفل ہوا۔

(۵) منت کے اعتکاف میں بھی روزہ شرط ہے۔ لہٰذا اگر رات کے اعتکاف کی منت مانی تو یہ منت صحیح نہیں کہ رات میں روزہ نہیں ہو سکتا۔ یونہی اگر ضحوۂ کبریٰ کے وقت (یعنی زوال سے تقریباً چالیس منٹ قبل) منت مانی اور روزہ نہ تھا تو بھی یہ منت صحیح

نہیں کہ اب روزہ کی نیت نہیں ہو سکتی۔

(۶) نفلی روزہ رکھا تھا اور اس دن کے اعتکاف کی منت مانی تو یہ منت صحیح نہیں۔ کہ اعتکافِ واجب کے لیے نفلی روزہ کافی نہیں اور یہ روزہ واجب ہو نہیں سکتا۔

(۷) اعتکافِ واجب میں معتکف کو مسجد سے بغیر عذر نکلنا حرام ہے۔ اگر نکلا تو اعتکاف جاتا رہا اگرچہ بھول کر نکلا ہو۔ یونہی اعتکافِ سُنّت بھی بغیر عذر نکلنے سے جاتا رہتا ہے۔ یونہی عورت نے مسجد بیت میں اعتکافِ واجب یا مسنون کیا تو بغیر عذر وہاں سے نہیں نکل سکتی۔ اگر وہاں سے نکلی اگرچہ گھر ہی میں رہی اعتکاف جاتا رہا۔

(۸) معتکف کو مسجد سے نکلنے کے دو عذر ہیں: ایک ضرورتِ طبعی کہ مسجد میں پوری نہ ہو سکے جیسے پاخانہ، پیشاب، استنجاء و وضو اور غسل کرنا ضروری ہو جائے تو غسل۔ دوم حاجتِ شرعی مثلاً مرد کو عید یا جمعہ کے لیے جانا اور اگر مرد نے ایسی مسجد میں اعتکاف کیا جہاں جماعت نہیں ہوتی تو جماعت کے لیے نکلنے کی اجازت ہے۔

(۹) معتکف قضائے حاجت کو گیا تو طہارت کر کے فوراً واپس چلا جائے۔ اب ٹھہرنے کی اجازت نہیں۔ بلکہ اگر کسی کے دو مکان ہیں ایک نزدیک دوسرا دور تو نزدیک والے مکان میں جائے کہ بعض مشائخ کے نزدیک اگر دور والے میں جائے گا تو اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔

(۱۰) معتکف کو وطی کرنا اور عورت کا بوسہ لینا یا اسے چھونا یا گلے لگانا حرام ہے۔ البتہ جماع سے بہرحال اعتکاف فاسد ہو جائے گا اگرچہ بھول کر ہو اور جماع کے علاوہ اور امور میں اگر انزال ہو گیا تو اعتکاف فاسد ہے ورنہ نہیں۔

(۱۱) معتکف نے دن میں بھول کر کھا پی لیا تو اعتکاف فاسد نہ ہوا۔ گالی گلوچ یا جھگڑا کرنے سے اعتکاف فاسد نہیں ہوتا مگر بے نور و بے برکت ہو جاتا ہے۔

(۱۲) معتکف نکاح کر سکتا ہے اور عورت کو رجعی طلاق دی ہے تو رجعت بھی کر سکتا ہے مگر ان امور کے لیے اگر مسجد سے باہر ہو گا تو اعتکاف جاتا رہے گا۔ اور جماع اور بوسہ وغیرہ سے اس کی رجعت حرام ہے اگرچہ رجعت ہو جائے گی۔

(۱۳) معتکف مسجد ہی میں کھائے پیئے اور سوئے۔ ان امور کے لیے مسجد سے باہر

ہو گا تو اعتکاف جاتا رہے گا مگر کھانے پینے میں یہ احتیاط لازم ہے کہ مسجد آلودہ نہ ہو۔

(۱۴) معتکف کو اپنی یا بال بچوں کی ضرورت سے مسجد میں کوئی چیز خریدنا یا بیچنا جائز ہے بشرطیکہ وہ چیز مسجد میں نہ ہو۔ یا ہو تو تھوڑی ہو کہ جگہ نہ گھیرے اور اگر خرید و فروخت۔ بقصد تجارت ہو تو ناجائز۔ اگرچہ وہ چیز مسجد میں نہ ہو۔

(۱۵) معتکف اگر بہ نیت عبادت سکوت کرے یعنی چپ رہنے کو ثواب کی بات سمجھے تو مکروہ تحریمی و گناہ ہے اور اگر چپ رہنا ثواب کی بات سمجھ کر نہ ہو تو حسن نہیں اور بری بات سے چپ رہا تو یہ مکروہ نہیں۔ بلکہ یہ تو اعلیٰ درجہ کی چیز ہے کیونکہ بری بات زبان سے نہ نکالنا واجب ہے۔ اور جنہیں اپنے غصہ پر اختیار نہ ہو اور خلافِ مزاج، کچھ دیکھ یا سن کر، وہ غصہ میں آپے سے باہر ہو جاتے ہوں تو فقہاء نے فرمایا ہے کہ ایسی صورت میں اعتکاف نہ کرنا ہی بہتر ہے کہ معصیتِ شدیدہ اور ناحق ایذاء رسانی، اگرچہ زبان سے ہو، عبادت او اعتکاف کے، اسی طرح منافی اور ناقص ہے جس طرح جسمانی ناپاکیاں بول و براز وغیرہ نماز و طہارت کے منافی و ناقص ہیں۔ اور جس بات میں نہ تواب ہو نہ گناہ۔ یعنی مباح بات بھی معتکف کو مکروہ ہے مگر بوقتِ ضرورت اس کی رخصت ہے۔ اور بلا ضرورت مسجد میں مباح کلام نیکیوں کو ایسے کھا جاتا ہے جیسے آگ لکڑی کو۔

(۱۶) معتکف نہ چپ رہے نہ کلام کرے تو کیا کرے۔ یہ کرے قرآن مجید کی تلاوت، (اور فہم معانی کے ساتھ ہو کہ جو پڑھے اس کا صحیح ترجمہ و تفسیر بھی ذہن نشین کرتا جائے تو سونے پر سہاگہ) حدیث شریف کی قرأت، درود شریف کی کثرت، علمِ دین کا درس و تدریس۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم و دیگر انبیائے کرام علیہم الصلوۃ والسلام کے سیر و اذکار، اولیاء و صالحین کی حکایات اور امورِ دین کی کتابت، تسبیح و تہلیل، استغفار اور اپنی کوتاہیوں اور سہل انگاریوں پر توبہ و ندامت۔

بحالتِ اعتکاف، اخبارات و لایعنی جرائد، فواحش و اکاذیب، جھوٹی سچی اور لاحاصل کہانیوں اور افسانوں پر مشتمل رسائل کے مطالعہ میں انہماک، اعتکاف کے علاوہ بھی ضیاعِ وقت ہے اور بحالتِ اعتکاف تو کہنا چاہیے کہ یہ کراہت، شدید سے شدید تر اور ناپسندیدہ سے ناپسندیدہ تر ہو جاتی ہے۔ پھر یہ دنیاوی آلائشوں سے انقطاع ہوا

یا ان آلائشوں میں اور زیادہ تلوث و آلودگی اور وہ بھی کہاں؟ خانۂ خدا میں بیٹھ کر۔ گوشہ نشینی کے پسِ پردہ۔

(۱۷) اعتکافِ نفل اگر چھوڑ دے تو اس کی قضا نہیں کہ وہیں تک ختم ہو گیا۔ اور اعتکافِ مسنون کہ رمضان کی پچھلی دس تاریخوں تک کے لیے بیٹھا تھا، اسے توڑا تو جس دن توڑا، فقط اس ایک دن کی قضا کرے۔ پورے دس دن کی قضا واجب نہیں اور منت کا اعتکاف۔ اگر علی الاتصال واجب ہوا تھا اور توڑ دیا تو سرے سے اعتکاف کرے ورنہ باقی کا۔

(۱۸) اعتکاف کی قضاء صرف قصداً توڑنے سے نہیں بلکہ اگر عذر کی وجہ سے چھوٹا مثلاً بیمار ہو گیا یا عورت کو حیض و نفاس آ گیا تو ایسی صورت میں بھی قضا ہے۔ (در مختار، ردالمحتار، عالمگیری وغیرہ) واللہ تعالیٰ اعلم۔

لیلۃ القدر کے فضائل و اعمال

اعتکاف کے بیان میں ہم یہ بات بیان کر چکے ہیں کہ رمضان المبارک کا پورا مہینہ خیر و برکات اور رحمت و مغفرت کا مہینہ ہے۔ اور جیسے جیسے یہ برکت و رحمت والے شب و روز گزرتے جاتے ہیں، رحمتِ الٰہی کی بارشیں فزوں سے فزوں تر ہونے لگتی ہیں۔ یہاں تک کہ تیسرا عشرہ مغفرتوں کی خوشخبریاں سناتا سایہ گستر ہوتا ہے اور مسلمان مرد اور مسلمان بیبیاں بتوفیقِ الٰہی، عالمِ آخرت کی لذتوں اور نعمتوں سے لطف اندوز ہونے کی صلاحیت اور استعداد اپنے اندر پیدا کرنے کے لیے اور عنایتِ الٰہی مزید انعام و اکرام کا مستحق بننے کے لیے، دنیاوی علاقوں سے لاتعلق ہو کر اعتکاف میں بیٹھ کر، شب و روز کے ذکرِ الٰہی اور فکرِ ایمانی سے اپنی رُوح پر صیقل کرتے اور ملکوتی صفات کو بیدار کرتے ہیں۔

اور کرمِ الٰہی کی جلوہ فرمائیاں دیکھئے کہ عین اسی عالم میں کہ بندۂ مومن اخلاص و للّٰہیت کی مشقتوں، پُرخلوص عبادتوں اور ریاضتوں میں اپنی توانائیاں صرف کر رہا ہوتا

ہے، عنایتِ الٰہی سے لیلۃ القدر جلوہ فرما ہوتی ہے۔

اپنی لطافت و پاکیزگی اور نورانیت و جلوہ فرمائی میں آپ اپنی مثال جس کی تابشوں کے سامنے آفتاب شرمندہ، ماہتاب خجل، یہ وہی مبارک و معظم رات ہے جس کی برکتوں اور عظمتوں پر قرآن کریم شاہد عدل کہ:

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ۔ بے شک ہم نے اسے شبِ قدر میں اُتارا۔

تو یہ ماہِ مبارک صرف اسی لحاظ سے مبارک نہیں کہ اس میں انسان، صبر و ضبط کی عظیم نعمتوں سے نوازا جاتا ہے بلکہ اس خیر و برکت والے مہینہ کا سب سے بڑا شرف یہ ہے کہ اسی ماہ میں اوّل اوّل دنیا کے لیے بہترین، کامل ترین اور جامع ترین، ہدایت نامہ اتارا گیا۔ اور اسی ماہِ منور میں، انسانیت کے ظلمت کدہ کو، نورانیت کے بدرِ کامل سے پُرانوار بنایا گیا۔ اور اسی بابرکت موسم میں انسان کے کان میں پہلی مرتبہ نغمۂ ازل کی پہلی آواز بیہوشوں کو بیدار، اور ہوشیاروں کو سرشار کرنے والی پکار پہنچی جس سے بڑھ کر کوئی دولت، جس سے اعلیٰ کوئی نعمت، جس سے برتر کوئی رحمت عالمِ تصور میں موجود نہیں۔ شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِیْٓ اُنْزِلَ فِیْهِ الْقُرْاٰنُ۔ اور اسی ماہِ مبارک کی نورانی آغوش میں پوشیدہ لہلہاتی جگمگاتی، نورانیت سے منور روحانیت سے معطروہ مبارک و بابرکت رات ہے، جسے خود خالق کائنات نے لیلۃ القدر فرمایا۔ یعنی شرف و برکت والی رات۔

اسی شبِ مبارک و معظم میں اس کلام پاک کے نزول کی ابتدا ہوئی۔ اسی شب میں یہ کلام عرشِ بریں پر، لوحِ محفوظ سے آسمانِ دنیا پر اتار دیا گیا۔ جبکہ کل قرآن مجید کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر، رفتہ رفتہ، حسبِ مصلحتِ خداوندی ۲۲۔۲۳ سال کی مدت لگی۔ اور سب سے پہلی وحی، رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم پر ماہِ مبارک رمضان کے آخری عشرہ کی کسی طاق رات میں ہوئی تھی جبکہ یہ عظمت و منزلت والی مبارک رات بھی، انہیں طاق راتوں میں سے کوئی ایک رات ہے۔ غرض آیۂ کریمہ صاف صریح ارشاد فرما رہی ہے کہ یہ رات معمولی رات نہیں بلکہ وہ رات ہے جس میں کلام ربانی کے نزول کی ابتدا ہوئی۔

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ۔ اور تم نے کیا جانا، کیا ہے شبِ قدر۔

یعنی یہ رات، کیسی بزرگیوں اور شرافتوں اور فضیلتوں والی رات ہے اور اپنی جلو میں کیسی کیسی عظمتوں کو لیے آتی ہے، یہ کسے معلوم ہے؟

خطباتِ عرب، خصوصاً قرآن پاک کے اسلوبِ بلاغت کے مطابق، زیادہ شوق پیدا کرنے کے لیے سوال قائم کیا جارہا ہے پھر خود ہی اس کا جواب مرحمت ہوتا ہے اور جواب میں لیلۃ القدر کو دہرانا محض اس کی اہمیت و عظمتِ خصوصی کے اظہار کے لیے ہے۔ چنانچہ جواب دیا گیا کہ:

لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ۔ شب قدر ہزار مہینوں سے بہتر۔

یعنی اجرِ عبادت اور ثوابِ طاعت کے اعتبار سے، اس ایک رات کا عمل خیر اور کارِ طاعت و ثواب اور بندگیٔ رب الارباب، ایسے ہزار مہینوں کے عمل خیر و طاعت سے افضل و بہتر ہے، جن میں شبِ قدر شمار نہ ہو۔

حدیث شریف میں ہے کہ نبی کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم نے گزشتہ امتوں کے ایک اطاعت گزار بندۂ مومن کا ذکر فرمایا کہ وہ تمام رات عبادت میں گزارتا تھا اور تمام دن جہاد میں مصروف رہتا تھا۔ اس طرح ہزار مہینے گزارے تھے۔

مسلمانوں کو اس پر تعجب بھی ہوا اور اس کی مصروفیات پر رشک بھی آیا۔ اس پر یہ سورۂ مبارکہ نازل ہوئی اور مسلمانوں کو شبِ قدر مرحمت فرمائی گئی جو اجر و ثواب کے اعتبار سے ایک ہزار کے مسلسل امورِ طاعت سے کہیں بہتر و افضل ہے۔

رب کریم کے یہاں انعام و بخشش کی مرحمتوں اور عطاؤں میں کیا کمی۔ اس رب جواد و کریم و رؤف و رحیم جل جلالہ و عم نوالہ کی ہزار در ہزار، صد ہزار بے شمار نعمتیں ہیں جو ایک ایک روئیں پر، ہر وقت ہر آن اُترتی ہیں، سر سے پاؤں تک صحت، عافیت، بلاؤں سے محافظت، کھانے کا ہضم، خون کی روانی، اعضاء میں طاقت، آنکھوں میں روشنی، بے حساب، اسی کے فضل و کرم سے بے مانگے، بے چاہے بندوں پر اتر رہی ہیں اور وہ بے حد و حساب بخشش فرماتا ہے۔ لیکن یہ اللہ تعالیٰ کا اپنے حبیبِ اکرم، محبوبِ

معظم پر لزم بالائے لزم ہے کہ آپ نے مسلمان امتی، شبِ قدر کی ایک رات طاعت و عبادت میں گزاریں اور ان کا ثواب پچھلی امت کے ہزار ماہ، عبادت کرنے والوں سے نہیں زیادہ ہو۔

عبادتوں کا اجر یوں ہی معمولا لیا کم ہوتا ہے، لیکن جب یہ رات نزولِ قرآن کی سالگرہ والی رات آتی ہے تو وہ اجر بھی بڑھ ہی نہیں جاتا بلکہ ہزار گنے سے بھی زیادہ بڑھ جاتا ہے۔

حساب سے ہزار مہینوں کے تقریبا تراسی سال ہوتے ہیں لیکن یہ بھی ہو سکتا ہے کہ مراد اس سے کوئی عدد معین نہ ہو بلکہ محاورۂ عرب کے مطابق کہ وہ کسی بڑی تعداد کا تصور دلانے کے لیے ہزار کا لفظ بولتے تھے۔ اور ہمارے اطراف میں بھی یہ محاورہ شائع و عام ہے) محض تکثیرِ عدد مراد ہو تو اس صورت میں مطلب یہ ہوا کہ اس ایک رات میں اطاعت و عمل خیر کا ثواب اتنا کثیر در کثیر ہے کہ تم اس کا تصور بھی نہیں کر سکتے۔

تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا۔ اس میں فرشتے اور جبریل اترتے ہیں۔

آیہ کریمہ میں ملائکہ سے مراد، ملائکۂ رحمت ہیں اور الروح سے مراد، روح الامین یعنی فرشتۂ اعظم حضرت جبریل امین ہیں۔ علیہ السلام۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشادِ گرامی ہے کہ جب شبِ قدر آتی ہے تو جبریل امین فرشتوں کے ایک جمِ غفیر کے ساتھ زمین پر آتے ہیں اور یہ گروہِ ملائکہ، ہر اس بندۂ مومن کو جو کھڑا یا بیٹھا، ذکرِ الٰہی میں مشغول ہوتا ہے، سلام کرتے ہیں اور اس کے حق میں دعائے مغفرت و استغفار اور التجائے رحمت کرتے ہیں۔ اور ایک روایت میں یہ بھی آیا کہ وہ ان سے مصافحہ بھی کرتے ہیں اور صوفیائے کرام سے اس کی علامت یہ مسموع و منقول ہے کہ اس بندۂ عبادت گزار کے بدن پر رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں اور دل ایک عجیب سی کیفیت میں سرشار ہو جاتا ہے۔ واللہ اعلم۔

بِاِذْنِ رَبِّهِمْ مِّنْ كُلِّ اَمْرٍ۔ اپنے رب کے حکم سے، ہر کام کے لیے۔

یعنی ملائکۂ رحمت اور حضرت جبریل علیہ السلام کا یہ نزول، ازخود نہیں ہوتا۔ بلکہ تمام تر امرِ الٰہی کی تعمیل میں ہوتا ہے۔ انہیں حکم دیا جاتا ہے کہ زمین کے اطراف و اکناف میں، اس کے مشارق و مغارب میں پھیل کر، میرے محبوب کے ان امتیوں کی زیارت کرو، انہیں سلامتی و عافیت کی خوشخبریاں پہنچاؤ اور نویدِ رحمت سناؤ، ان سے مصافحہ کرو، ان کے حق میں دعائے عفو و عافیت اور التجائے بخشش و مغفرت کرو جو یادِ الٰہی میں مصروف رحمتِ حق سے لو لگائے بیٹھے ہیں۔

سَلَامٌ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ۔ وہ سلامتی ہے صبح چمکنے تک۔

یعنی شبِ قدر میں نازل ہونے والی رحمتیں اور برکتیں اور یہ رُوح پرور اور ایمان افروز کیفیتیں، رات کے کسی خاص حصّے کے ساتھ مخصوص نہیں بلکہ رات بھر صبح کے طلوع ہونے تک، برابر جاری و ساری رہتی ہیں اور رحمتِ خداوندی، پکار پکار کر اپنے بندوں کو بلاتی اور گوہرِ مقصود سے ان کا دامن بھرنا چاہتی ہے۔

علمائے کرام فرماتے ہیں کہ:

سال بھر میں شبِ قدر ایک مرتبہ آتی ہے اور رِوایاتِ کثیرہ سے ثابت ہے کہ وہ رمضان المبارک کے عشرۂ اخیرہ میں ہوتی ہے اور اکثر اس کی بھی طاق راتوں میں سے کسی رات میں۔ اکثر علماء کی رائے یہ ہے کہ رمضان المبارک کی ستائیسویں رات لیلۃ القدر ہے۔ یہی حضرت امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے اور حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ تو اس پر قسم بھی کھایا کرتے تھے۔

اس رات کے متعین نہ کرنے میں ایک حکمت یہ بھی ہے کہ امتِ مرحومہ کے مسلمان مرد اور مسلمان بیبیاں، زیادہ نہیں تو کم از کم پانچ طاق راتیں تو ذکرِ الٰہی میں گزاریں اور سربندگی اس کی بارگاہ میں جھکائیں اور رب العالمین کی فزوں سے فزوں تر نعمتوں سے بیش از بیش بہرہ ور ہوں اور شبِ قدر کے فیوض و برکات حاصل کرنے کے

شوق میں زیادہ سے زیادہ راتیں عبادت میں گزاریں اور کسی ایک رات پر اکتفا کریں۔

شبِ قدر کا اہتمام اور شب بیداری

احادیثِ کریمہ میں اس شبِ مبارکہ کی بہت فضیلتیں وارد ہیں۔ بخاری و مسلم کی حدیث میں ہے کہ "جس نے اس رات میں، ایمان و اخلاص کے ساتھ، شب بیداری کر کے عبادت کی، اللہ تعالیٰ اس کے سال بھر کے گناہ بخش دیتا ہے۔"

اسی شب کے لیے ابن ماجہ میں مروی کہ "جو اس سے محروم رہا وہ ہر خیر سے محروم رہا۔ اور اس کی خیر سے وہی محروم ہوگا جو پورا محروم ہے۔"

ان ترغیبات اور اس ترہیب و تخویف کا تقاضا یہ ہے کہ مسلمان اس سے غفلت نہ برتیں اور خود کو مایوسیوں اور محرومیوں کا شکار نہ بنائیں۔

اس معظم و مبارک شب میں جو اعمال بزرگانِ دین سے منقول ہیں اور بحمدہ تعالیٰ مسلمانوں کا معمول ہیں، ان میں سے بعض یہ ہیں:

(۱) چار رکعت نوافل، ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ انا انزلنہ اور سورۂ اخلاص یعنی قل ھواللہ پانچ پانچ مرتبہ پڑھیں۔

(۲) چار رکعت نوافل، ہر رکعت میں سورۂ الحمد شریف کے بعد الھکم التکاثر ایک بار اور سورۂ اخلاص تین بار پڑھ کر نماز ختم کریں۔

(۳) بارہ رکعتیں، دو دو کی نیت سے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد قل ھواللہ شریف پچاس مرتبہ پڑھیں۔

(۴) بارہ رکعت نفل ادا کریں، ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد انا انزلنہ تین بار اور قل ھواللہ شریف دس بار پڑھ کر نماز ختم کر کے سلام پھیریں اور بعد سلام سو بار کلمۂ تمجید پڑھیں۔ کلمۂ تمجید یہ ہے:

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

(۵) یہ دعا بکثرت پڑھیں: اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنَّا یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ۔

دعا میں آدابِ دعا کا لحاظ رکھے۔ محبوبانِ خدا کے واسطے سے دعا کرے اور اپنی دعا میں سب اہلِ اسلام کو، خصوصاً والدین اور مشائخ و اساتذہ کو شریک کرلے کہ اگر یہ خود قابلِ عطا نہیں، تو کسی بندے کا طفیلی ہو کر مراد کو پہنچ سکے۔

شب بیداری کا مفہوم

مولائے کریم نے اپنے بندگان خاص کے اوصاف میں یہ وصف بھی بیان فرمایا ہے کہ وہ لوگ یَبِیْتُوْنَ لِرَبِّھِمْ سُجَّدًا وَّقِیَامًا۔

یعنی جب دنیا والے خوابِ راحت میں مصروف، چین کی نیند کے مزے لوٹنے میں مشغول ہوتے ہیں، اللہ تعالیٰ کے یہ بندے مولیٰ تبارک و تعالیٰ کی تسبیح و تہلیل اور تقدیس و تمجید میں رطب اللسان رہتے ہیں، نہ انہیں نیند ستاتی ہے نہ گرمی و سردی انہیں یادِ الٰہی سے باز رکھتی ہے اور نہ دنیاوی لذتیں اور خواہشیں ان کا دل لبھاتی ہیں اور نہ نرم و گداز بستروں کی آسائشیں انہیں یادِ الٰہی سے بہکاتی ہیں اور اس اہتمام تام کے باوجود کہ وہ ساری ساری راتیں نماز و عبادت میں گزار دیتے ہیں، ان کی خشیت قلب کی کیفیت یہ رہتی ہے کہ آنکھیں نمناک اور دل خوفِ الٰہی سے لبریز، کہ نہ جانے ہماری یہ نماز و عبادت شرفِ قبولیت پاتی ہے یا نہیں۔

تو شب بیداری، عبادت و طاعت میں رات بسر کرنے کا نام ہے اور اللہ تبارک و تعالیٰ اپنے کرم سے تھوڑی عبادت کرنے والوں کو بھی شب بیداری کا ثواب عطا فرماتا ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ جس نے بعد نمازِ عشاء دو رکعت یا زیادہ نفل پڑھ لیے وہ شب بیداری کرنے والوں میں داخل ہو گیا۔ اور کم از کم اس کا درجہ یہ ہے کہ عشاء و فجر کی نماز باجماعت ادا کرلی جائے۔ حضرت عثمان غنی رضی

اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ جس نے عشاء کی نماز باجماعت ادا کی اس نے نصف شب کے قیام کا ثواب پایا اور جس نے فجر بھی باجماعت ادا کی وہ تمام شب کے عبادت کرنے والوں کی مثل ہے۔ محض جاگ کر رات گزار دینا، ہرگز شب بیداری نہیں اور خصوصاً مبارک راتوں کو گناہ و معصیت میں مصروف رہنا خود کو محرومی کے غار میں گرا دینے کے مترادف ہے۔ مولائے کریم توفیق خیر رفیق بخشے۔ (آمین)

حج کا بیان

حج اسلام کا پانچوں یا عبادت اسلامی کا چوتھا رکن یا نماز، روزہ اور زکوٰۃ کے بعد چوتھا فریضہ ہے۔ جو امت محمدیہ کے ہر فرد پر، خواہ وہ دنیا کے کسی علاقہ کا باشندہ ہو عمر بھر میں صرف ایک بار فرض ہے۔ مگر صرف ان لوگوں پر جو وہاں جانے کی استطاعت رکھتے ہوں۔ حج ۹ھ میں فرض کیا گیا۔ اس کی فرضیت قطعی ہے جو اس کے فرض ہونے کا انکار کرے وہ کافر ہے۔

یہ یاد رکھنا چاہیے کہ اسلام جس طرح آخرت میں فلاح و نجات کا ضامن ہے اسی طرح دنیا میں بھی کامیابی و کامرانی کا پیغام ہے اور اس کی فلاحِ دارین کی یہ جامعیت اس کی ہر عبادت سے بالکل صاف ظاہر ہو رہی ہے۔

وضو، نماز، نماز باجماعت، روزہ، زکوٰۃ یہ سب رُوح کو جلا دینے اور اپنے باطن کو پاکیزگی سے معمور کرنے کے ساتھ دنیاوی، مادی، جسمانی، معاشی فائدوں اور مصلحتوں سے بھی کتنے لبریز ہیں۔ یہ وہی جانتے ہیں جو عقلِ کامل اور چشمِ بینا کی دولت سے مالا مال ہیں۔ یہی اصول حج کے بارے میں بھی کام کر رہے ہیں۔

امت کے مختلف طبقوں کا دنیا کے مختلف گوشوں سے منزل در منزل خشکی و تری کا یہ سفرِ حج اور عظیم الشان اجتماع، ایک خشک عبادت اور محض ذکرِ الٰہی کے لیے نہیں، فرد و ملت دونوں کے لیے یعنی انفرادی و اجتماعی ہر قسم کے فائدے اس سے حاصل کیے جا سکتے ہیں اور کیے جانے چاہئیں۔ ہر مزاج، ہر قماش اور جُداگانہ معاشرہ رکھنے والے،

اسلام کے شیدائیوں کا یہ اجتماع رنگ رلیاں منانے کے لیے نہیں، جاہلی قوموں کے میلوں ٹھیلوں کی طرح روشنی اور آتشبازی کے لیے نہیں خواب غفلت میں پڑے رہنے کے لیے نہیں، فخریہ قصیدوں اور شعرو شاعری میں صرف کرنے کے لیے نہیں، لغویات اور مہملات میں گزارنے کے لیے نہیں، قرآن کریم بار بار یاد دلاتا ہے کہ یہ اجتماع ذکر و عبادتِ الٰہی کے لیے ہے۔

تو یہ کہنا چاہیے کہ حج گویا دنیائے اسلام کا بین الاقوامی سالانہ اجتماع ہے جس سے قوم و ملت اسلامیہ کے دینی و دنیاوی مفاد وابستہ ہیں۔ اس کا مقصدِ اعظم شوکتِ اسلام کا اظہار بھی ہے اور مسلمانوں کو اس سفر سے جو فوائد ہو سکتے ہیں وہ بھی اس مقصود کے ضمن میں داخل ہیں۔ اسی سے اسلامی عالم میں دینی رابطے مضبوط ہوتے ہیں اور مختلف قوموں، مختلف نسلوں، مختلف زبانوں، مختلف رنگتوں اور مختلف ملکوں کے اشخاص کو دینِ واحد کی وحدت میں پرو دیا جاتا ہے۔

حج میں سب کے لیے وہ سادہ، بن سلا لباس جو نسل انسانی کے پدر اعظم آدم علیہ السلام کا تھا، تجویز کیا گیا ہے تاکہ ایک ہی رسول، ایک ہی قرآن، ایک ہی کعبہ پر ایمان رکھنے والے ایک ہی صورت میں، ایک ہی لباس میں، ایک ہی سطح پر نظر آئیں اور چشم ظاہر بین کو بھی، اتحادِ معنوی رکھنے والوں کے اندر، کوئی اختلافِ ظاہری محسوس نہ ہو سکے۔ (ماخوذ)

ضروری مسائل

مسئلہ: حج کی فرضیت میں عورت مرد کا ایک ہی حکم ہے۔ جو راہ کی طاقت رکھتا ہے اس پر حج فوراً فرض ہے یعنی اسی سال میں اور اب تاخیر گناہ ہے۔ مرد ہو یا عورت جو ادا نہ کرے گا، عذاب جہنم کا مستحق ہو گا۔ عورت میں اتنی بات زیادہ ہے کہ اسے بغیر شوہر یا محرم کے ساتھ لیے سفر کو جانا حرام ہے اور اس میں بھی سفر حج کی خصوصیت نہیں کہیں بھی ایک دن کے راستے پر بے شوہر یا محرم کے جانے کی تو گناہ گار ہو گی۔ ہاں جب

فرض ادا ہو جائے تو بار بار سفر کرنا عورت کو مناسب نہیں کہ وہ جس قدر پردہ کے اندر رہے، اسی قدر بہتر ہے۔ حدیث میں اس قدر ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے امہات المومنین (ازواج مطہرات) کو حج کرا کر فرمایا" یہ ایک حج ہو گیا اس کے بعد گھر کی چٹائیاں" اس کا مطلب یہ نہیں کہ عورت کو دوسرا حج ناجائز ہے۔ بلکہ بہتر ہے کہ اب نہ جائے۔ فتاوی رضویہ

مسئلہ: عورت کے ہمراہ سفر میں محرم کا ہونا شرط ہے۔ خواہ وہ عورت جوان ہو یا بڑھیا۔ خفیفہ ہو ضعیفہ۔ یہ خفیفہ ہے تو جن سے اس پر اندیشہ ہے وہ تو خفیف نہیں اور ضعیفہ ہے تو جہاز یا دوسری سواری پر چڑھانے اتارنے کے لیے ضعیفہ کو دوسرے شخص کی زیادہ حاجت ہے۔ اور محرم سے مراد وہ مرد ہے جس سے ہمیشہ کے لیے اس عورت کا نکاح حرام ہے خواہ نسبت کی وجہ سے حرام ہو جیسے باپ بیٹا، بھائی چچا ماموں وغیرہ۔ یا دودھ کے رشتہ سے نکاح کی حرمت ہو جیسے رضاعی بھائی باپ بیٹا وغیرہ۔ یا سسرالی رشتہ سے حرمت آئی جیسے سسر، شوہر کا بیٹا وغیرہ۔ اور مختار وغیرہ)

مسئلہ: محرم جس کے ساتھ عورت سفر کر سکتی ہے، اس کا عاقل بالغ ہونا بھی شرط ہے کہ وہ اس کی حفاظت کر سکے اور یہ بھی شرط ہے کہ وہ محرم بے غیرت فاسق نہ ہو۔ ایسے بے حمیت محرم کے ساتھ بھی عورت کو سفر حرام ہے کہ ناحفاظتی کا اندیشہ سامنے موجود ہے تو اس کا ہونا نہ ہونا برابر ہے۔ اور مختار وغیرہ)

مسئلہ: حج کا جانا ثواب کے لیے ہے اور بے محرم جانے یا ایسے بے غیرت کے ساتھ رہنے میں یا منہ بولے بیٹے یا ایسے باپ کو ساتھ رکھنے میں ثواب کے بدلے ہر قدم پر گناہ لکھا جائے گا۔ اگرچہ بغیر محرم کے چلی گئی اور حج کر لیا تو فرض ساقط ہو جائے گا۔ (فتاوی رضویہ)

مسئلہ: عورت کا نہ شوہر ہے نہ کوئی قابل اعتماد محرم تو اس پر یہ واجب نہیں کہ حج پر جانے کے لیے کسی سے نکاح کرے اور جب محرم ہے تو حج فرض کے لیے محرم کے ساتھ جائے اگرچہ شوہر اجازت نہ دیتا ہو، ہاں نفل یا سنت کا حج ہو تو شوہر کو منع کرنے کا

اختیار ہے۔ (جوہرہ)

مسئلہ: عورت حج کو جانا چاہتی ہے اور محرم نہیں پاتی یا شوہر نہیں رکھتی تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ کسی کفو یعنی ایسے شخص سے حج سے واپسی تک کے لیے نکاح کر کے ساتھ لے جائے اور لائے جو قوم یا مذہب یا پیسے میں یا چال چلن میں ایسا کم نہ ہو کہ اس سے نکاح اس کے ولی کے لیے باعثِ ننگ و عار ہو۔ پھر اگر نکاح کو باقی رکھنا چاہے اور اندیشہ ہو کہ دوسرے کی پابند ہو جائے گی تو اس کی تدبیر یہ ہے کہ عورت گواہوں کے روبرو اس کفو سے کہے کہ میں نے اپنے نفس کو تیرے نکاح میں دیا اس شرط پر کہ جب تو مجھے حج کو لے جائے اور واپس اپنے مکان پر پہنچتے ہی مجھ پر طلاق بائن ہو یا اگر تو اس سال حج کو میرے ساتھ نہ جائے تو مجھ پر طلاق بائن ہو۔ مرد کہے میں نے قبول کیا اسی شرط پر کہ جب میں تجھے حج کو لے جاؤں۔ (الیٰ آخرہ) یا اسی شرط پر کفو سے نکاح کے لیے کسی کو وکیل بنا دے اور یہ وکیل یونہی اسی شرط پر اس کا نکاح کر دے یعنی اس کفو سے کہے میں نے فلانہ بنت فلاں بن فلاں اپنی موکلہ کو اتنے مہر کے عوض، اس شرط پر تیرے نکاح میں دیا کہ جب وہ عورت بعد حج اپنے گھر واپس آئے، مکان میں داخل ہوتے ہی اس پر ایک طلاق بائن ہو اور شوہر کہے کہ میں نے اسے اس شرط پر قبول کیا۔ اب بعد واپسی گھر میں آتے ہی فوراً اس کے نکاح سے نکل جائے گی نہ وہ کسی طرح نہیں روک سکتا۔

مقصود اس تدبیر سے یہ ہے کہ بے محرم یا بلا شوہر کے جانا صادق نہ ہو۔ زوجیت کے مقاصد حاصل ہونے یا نہ ہونے سے بحث نہیں۔ لہٰذا ستر اسی سال کے بوڑھے سے بھی اس سفر کے لیے نکاح کرنا درست ہے۔ (فتاویٰ رضویہ)

حج بدل

مسئلہ: حج، بدنی اور مالی دونوں عبادتوں کا مجموعہ ہے، جس پر حج فرض تھا اور معاذ اللہ بے کیے مر گئی، ظاہر ہے کہ بدنی حصہ سے تو عاجز ہو گئی۔ رب عزوجل کی رحمت ہے کہ صرف مالی حصہ سے اس کی طرف سے حج بدل قبول فرماتا ہے۔ جبکہ وہ وصیت کر

جائے اور رحمت پر رحمت یہ کہ وارث کا حج کرانا بھی قبول فرمالیا جاتا ہے۔ اگرچہ میت نے وصیت نہ کی ہو۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: زندگی میں جو کوئی حج بدل عجز و مجبوری کی وجہ سے کرائے اس حج کی صحت کے لیے شرط ہے کہ وہ مجبوری آخری عمر تک باقی رہے۔ اگر حج بدل کے بعد وہ مجبوری جاتی رہی تو بذاتِ خود حج کرنے پر قدرت پائی تو اس سے پہلے جو حج بدل اپنی طرف سے کرائے سب ساقط ہو گئے۔ سب میں حج نفل کا ثواب رہ گیا۔ فرض ادا نہ ہوا۔ اب اس پر فرض ہے کہ خود حج کرے پھر اگر غفلت کی اور وقت گزر گیا اور اب دوبارہ مجبوری لاحق ہوئی تو از سرِ نو حج کرانا ضروری ہے۔ ہاں اگر کسی کی مجبوری ایسی ہو جو عادتاً زائل نہیں ہوا کرتی اور اس نے حج بدل کرا دیا اور اس کے بعد قدرتِ الٰہی سے مثلاً کسی ولی کی کرامت سے وہ ناقابلِ زوال عذر زائل ہو گیا۔ مثلاً اندھے ہونے کے باعث حج بدل کرایا پھر رب العزت نے اسے آنکھیں دے دیں تو اس کا وہ پہلے والا حج بدل ساقط نہ ہوا وہی کافی ہے۔ خود اگر حج کر سکے سعادت ہے ورنہ فرض ادا ہو گیا اور اگر وہ عورت حقیقتاً ایسی مجبور نہ تھی کہ خود نہ جا سکتی یا بیماری کمزوری وغیرہ کی وجہ سے مجبور تھی۔ بعد کو وہ مجبوری دور ہو گئی تو ان دونوں صورتوں میں وہ حج بدل یا تو سرے سے ناکافی تھا یا اب ساقط ہو گیا اور اس کے لیے صرف نفل کا ثواب رہ گیا۔ فرض باقی ہے۔ خود حج ادا کرے اور مجبور و ناامید ہو پھر حج بدل کرائے۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: بہتر یہ ہے کہ حج بدل کے لیے ایسے شخص کو بھیجا جائے جو خود حج فرض ادا کر چکا ہو۔ اور حج کے طریقے اور اس کے افعال سے آگاہ ہو اور اگر ایسے کو بھیجا جس نے خود نہیں کیا ہے، جب بھی حج بدل ہو جائے گا اور اگر خود اس پر حج فرض ہو اور ادا نہ کیا ہو اسے بھیجنا مکروہ تحریمی ہے اور مراہق یعنی قریب البلوغ بچہ سے حج کرایا جب بھی ادا ہو جائے گا۔ (درمختار، عالمگیری وغیرہ)

مسئلہ: حج بدل والے کو اسی شہر سے جانا چاہیے جو شہر میت کا تھا تاکہ مالی صرف پورا ہو۔ مکہ معظمہ سے حج کرا دینا اس میں داخل نہیں۔ (عامہ کتب)

حج میں عورت کے مخصوص احکام

مسئلہ: حج ادا کرنے میں عورت کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ جانے کے زمانے میں وہ عدت میں نہ ہو۔ عدت وفات کی ہو یا طلاق کی، بائن کی ہو یا رجعی کی۔

(عالمگیری، درمختار وغیرہ)

مسئلہ: ارکان حج کی ادائیگی میں مرد عورت برابر ہیں۔ البتہ عورت کے لیے چند مسائل میں جداگانہ احکام ہیں۔

(۱) مردوں کو حکم ہے کہ وہ احرام کے وقت، میقات آنے سے پہلے سلے ہوئے کپڑے اور موزے اتار دیں، ایک چادر تہبند یا دھلی ہوئی اوڑھیں اور ایسا ہی ایک تہ بند باندھیں۔ لیکن عورت سلے ہوئے کپڑے اور موزے پہن سکتی ہے۔

(۲) مرد کے لیے منہ یا سر کسی کپڑے سے چھپانا، حالت احرام میں حرام ہے لیکن عورت اپنا سر چھپا سکتی ہے۔ البتہ غیر محرم کے سامنے اور نماز میں سر چھپانا فرض ہے۔

تنبیہ: احرام میں منہ چھپانا عورت کو بھی حرام ہے، اسے حکم ہے کہ غیر محرم کے آنے کوئی پنکھا وغیرہ منہ سے بچا ہوا سامنے رکھے۔

(۳) گوند وغیرہ سے بال جمانا بحالتِ احرام، مرد کو حرام ہے لیکن عورت گوند یا ایسی ہی کسی چیز سے اپنے بال جما سکتی ہے۔

(۴) احرام کی حالت میں، مرد کے لیے سر یا منہ پر پٹی باندھنا یا بازو یا گلے پر تعویذ باندھنا، اگرچہ بے سلے کپڑے میں لپیٹ کر ہو، مکروہ ہے۔ لیکن عورت کے لیے جائز ہے۔

(۵) یونہی مرد کے لیے غلافِ کعبہ میں اس طرح داخل ہونا کہ غلاف شریف سر یا منہ سے لگے، مکروہ ہے اور عورت کے لیے غلافِ کعبہ کے اندر یوں داخل ہونا کہ سر پر رہے منہ پر نہ آئے جائز ہے۔

(۶) اس حالت میں دستانے موزے یا جرابیں جو پنڈلی اور قدم کے جوڑ کو چھپائے، مرد کو پہننا مکروہ ہے۔ عورت دستانے اور جرابیں، موزے استعمال کر سکتی ہے۔

(۷) مرد کے لیے حکم ہے کہ لبیک با آواز بلند کہے لیکن عورت اتنی آواز سے لبیک نہ کہے کہ غیر محرم سنے۔ ہاں اتنی آواز ہر پڑھنے میں ہمیشہ سب کو ضرور ہے کہ اپنے کان تک آواز آسکے۔

(۸) مرد کو حکم ہے کہ طواف شروع کرنے سے پہلے اضطباع کرے یعنی چادر کی سیدھی جانب داہنی بغل کے نیچے سے نکالے کہ سیدھا شانہ کھلا رہے اور دونوں آنچل بائیں کندھے پر ڈال لے مگر عورت کو یہ حکم نہیں۔

(۹) مرد طوافِ خانہ کعبہ میں رمل کرتا چلے گا یعنی جلد جلد چھوٹے قدم رکھتا، شانے ہلاتا جیسے قوی و بہادر لوگ چلتے ہیں نہ کودنا، دوڑنا لیکن عورت اس سے مستثنیٰ ہے۔

(۱۰) مرد، صفا و مروہ کے درمیان سعی کرے گا اور جب پہلا میل آئے گا دوڑنا شروع کردے گا مگر نہ حد سے زائد، نہ کسی کو ایذا دیتے ہوئے۔ یہاں تک کہ دوسرے میل سے نکل جائے تو آہستہ ہو کر مروہ پر پہنچے گا۔ پھر صفا کو جائے گا پھر آئے گا۔ یہاں تک کہ ساتواں پھیرا مروہ پر ختم ہوگا۔ اسی کا نام سعی ہے لیکن اس میں دوڑنا عورت کے لیے نہیں۔

(۱۱) سنگِ اسود کا بوسہ نصیب ہو تو یہ کمالِ سعادت ہے۔ یقیناً تمہارے محبوب و مولیٰ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بوسہ دیا اور روئے اقدس اس پر رکھا ہے۔ زہے خوش نصیبی کہ تمہارا منہ وہاں تک پہنچے لیکن اس کے لیے مردوں کے ہجوم میں گھسنا، کسی طرح درست نہیں۔ عورتوں کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ ہاتھوں سے سنگِ اسود کی طرف اشارہ کر کے ہاتھوں کو بوسہ دے لے۔ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے منہ رکھنے کی جگہ نگاہیں پڑ رہی ہیں، یہی کیا کم ہے۔

(۱۲) یہی حکم مسِ رکنِ یمانی کا ہے۔

(۱۳) طواف میں مرد جس قدر خانہ کعبہ سے نزدیک ہو بہتر ہے۔ لیکن عورتیں اگر ایسا موقع نہ پائیں کہ ان کا بدن غیر محرم سے نہ چھوئے تو انہیں الگ تھلگ رہنا سب

سے بہتر ہے۔

(۱۴) یونہی عورتیں چاہ زمزم سے خود پانی بھرنے کی کوشش نہ کریں۔

(۱۵) اور نہ چاہِ زمزم کے اندر نظر کریں اگرچہ یہ بحکمِ حدیث، نفاق کو دفع کرتا ہے۔ ہاں سنگ اسود کا بوسہ یا مس رکنِ یمانی یا قربِ کعبہ یا زمزم کے اندر نظر یا اس سے خود پانی بھرنا یہ باتیں یوں میسر آجائیں کہ غیر محرم سے بدن نہ چھوئے تو خیر ورنہ بات وہی ہے کہ الگ تھلگ رہنا عورت کے لیے سب سے بہتر ہے۔

ایک ضروری نصیحت

سعی میں سترِ عورت (یعنی بدن کے جس حصے کا چھپانا فرض ہے اسے چھپانا) سنت ہے یعنی اگرچہ ستر کا چھپانا فرض ہے۔ مگر اس حالت میں فرض کے علاوہ سنت بھی ہے۔ کہ اگر ستر کھلا رہا تو اس کی وجہ سے کفارہ واجب نہیں مگر دو گناہ اس کے سر بندھ گئے۔ ایک گناہ فرض کے ترک کا اور دوسرا ترکِ سُنّت کا۔ بعض عورتیں نہایت بے باکی سے سعی کرتی ہیں کہ ان کی کلائیاں اور گلا کھلا رہتا ہے۔ حالانکہ آزاد عورتوں کے لیے سارا بدن عورت ہے۔ سوا منہ کی ٹکلی اور ہتھیلیوں اور پاؤں کے تلوؤں کے۔ گردن اور کلائیاں بھی عورت ہیں اور گلا گردن میں داخل ہے۔ ان سب کا چھپانا بھی فرض ہے۔ مگر عورتیں یہ خیال نہیں کرتیں کہ مکہ معظمہ میں گناہ و معصیت، دوسری جگہ سے سخت تر ہے کہ یہاں جس طرح ایک نیکی لاکھ کے برابر ہے۔ یوں ہی ایک گناہ لاکھ گناہوں کے برابر۔ حرم وہ جگہ ہے جہاں گناہ کے ارادے پر پکڑ ہوتی ہے۔

عورتوں کی یہ بے باکی اور لاپرواہی اور بھی زیادہ قابل گرفت ہو جاتی ہے کہ سعی تو سعی کعبۂ معظمہ کے سامنے بھی وہ اسی حالت میں رہتی ہے بلکہ اسی حالت میں طواف بھی کر لیتی ہیں۔ حالانکہ طواف میں سر چھپانا علاوہ اس فرض کے جو عورتوں کے لیے دائمی ہے، واجب بھی ہے۔ تو یہاں بھی دو گناہ ان سے صادر ہوئے۔ ایک ترکِ فرض اور دوسرا ترکِ واجب کا۔ اور وہ بھی کہاں بیت اللہ کے سامنے اور خاص طواف کی

حالت میں۔

بلکہ بعض عورتیں طواف کرنے میں خصوصاً حجر اسود کو بوسہ دینے میں مردوں کے ہجوم میں گھس جاتی ہیں۔ ان کا بدن اجنبی مردوں کے جسم سے مس ہوتا رہتا ہے مگر ان کو اس کی پرواہ نہیں ہوتی۔ خدا کی بندیو! سعی طواف اور سنگِ اسود کا بوسہ اور دوسرے افعالِ حج، امورِ خیر ہیں۔ ثواب کے لیے کیے جاتے ہیں اور تم ثواب کی بجائے گناہوں سے اپنا نامہ اعمال سیاہ کرتی ہو۔ ان امور کی جانب حاجیوں کو خصوصیت سے توجہ دینی چاہیے اور جن مردوں کے ساتھ عورتیں رہتی ہیں انہیں بتاکید ایسی باتوں سے منع کرنا چاہیے اور انہیں ہی نہیں دونوں کو خدا اور رسول جل وعلا وصلی اللہ علیہ وسلم سے ڈرنا اور شرمانا چاہیے۔ وما توفیقی الا باللہ۔

(۱۶) مرد کو حکم ہے کہ قربانی کے بعد قبلہ رو بیٹھ کر حلق کریں یعنی سارا سر منڈائیں کہ افضل ہے یا بال کتروائیں کہ رخصت ہے مگر عورتوں کو حلق یعنی سر منڈانا حرام ہے۔ وہ صرف ایک پورے برابر بال کتروائیں۔ (فتاویٰ رضویہ، بہار شریعت)

مسئلہ: عورتیں اگر ازدحام اور مردوں کے ہجوم کے سبب، دسویں ذی الحجہ کو فرض طواف کے لیے جسے طوافِ زیارت بھی کہتے ہیں نہ جا سکیں تو اس کے بعد گیارہویں تاریخ کو افضل ہے اور اس دن یہ بڑا نفع ہے کہ مطاف خالی ملتا ہے، گنتی کے مرد ہوتے ہیں۔ عورتوں کو بھی باطمینان تمام، ہر پھیرے میں سنگ اسود کا بوسہ میسر آجاتا ہے اور جو گیارہویں کو نہ جائے بارہویں کو کرلے۔ اس کے بعد بلاعذر تاخیر گناہ ہے۔ جرمانہ میں ایک قربانی کرنی ہوگی۔ ہاں مثلاً عورت کو حیض یا نفاس آگیا تو ان کے ختم کے بعد طواف کریں۔ مگر حیض یا نفاس سے اگر ایسے وقت پاک ہوئی کہ نہا دھو کر بارہویں تاریخ میں آفتاب ڈوبنے سے پہلے طواف کے چار پھیرے کر سکتی ہے تو کرنا واجب ہے۔ نہ کرے گی تو گناہ گار ہوگی۔ یوں ہی اگر اتنا وقت ملا تھا کہ وہ طواف کر لیتی اور نہ کیا اور اب حیض یا نفاس آگیا تو گناہ گار ہوئی۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: عورت نے طواف وداع (جو باہر والوں پر واجب ہے اور مکہ معظمہ سے

عزمِ رخصت کے وقت کیا جاتا ہے) نہ کیا تھا کہ اسے حیض آگیا تو اب اس پر طوافِ وداع واجب نہ رہا۔ ایسی عورت کو حکم ہے کہ مسجد کریم کے دروازے پر کھڑی ہو کر کعبہ معظمہ کو بہ نگاہ حسرت دیکھے اور دعا کرتی پلٹے۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: حج کے ایام میں عورت کو حیض و نفاس میں مبتلا ہو جانا، اسے کسی عبادت کی بجا آوری سے نہیں روکتا۔ وہ حج کے تمام افعال، مثل وقوفِ عرفات، وقوفِ مزدلفہ و رمی جمار وغیرہا۔ اسی حالت میں بجالائے مگر خانہ کعبہ کے اندر جانا، یا اس کا طواف کرنا اگرچہ مسجد حرام کے باہر سے ہو اس کے لیے حرام ہے کہ ایسی عورت کو مسجد ہی میں جانا، جائز و حلال نہیں۔ (عامہ کتب) حق سبحانہ توفیق طاعت عطا فرما کر مدینہ طیبہ کی زیارت کرائے۔ (آمین)

حاجیو آؤ شہنشاہ کا روضہ دیکھو
کعبہ تو دیکھ چکے، کعبہ کا کعبہ دیکھو

سفر مدینہ طیبہ

مسئلہ: حبیب اکرم سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہِ بیکس پناہ میں حاضری اور روضۂ انور کی زیارت قریب بواجب ہے، بہت لوگ دوست بن کر طرح طرح سے ڈراتے ہیں۔ راہ میں خطرہ ہے۔ وہاں بیماری ہے، خبردار کسی کی نہ سنو اور ہرگز محرومی کا داغ لے کر نہ پلٹو۔ جان ایک دن جانی ضرور ہے۔ اس سے کیا بہتر کہ ان کی راہ میں جائے اور تجربہ ہے کہ جو ان کا دامن تھام لیتا ہے اسے اپنے سائے میں آرام سے لے جاتے ہیں، کیل کا کھٹکا نہیں ہوتا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جس نے میری وفات کے بعد میری زیارت کی تو گویا اس نے میری زندگی میں زیارت کی اور جو حرمین (مکہ معظمہ و مدینہ منورہ) میں مرے گا قیامت کے دن امن والوں میں اٹھے گا۔ (بیہقی) اور ایک حدیث شریف میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے حج کیا اور میری

زیارت نہ کی اس نے مجھ پر جفا کی۔ (ابن عدی)

مسئلہ: حج اگر فرض ہے تو حج کر کے مدینہ طیبہ حاضر ہو، ہاں اگر مدینہ طیبہ راستے میں ہو تو روضہ انور کی زیارت کے بغیر حج کو جانا، سخت محرومی اور قساوت قلبی (سنگدلی) ہے اور اس حاضری کو قبولِ حج سعادتِ دینی و دنیاوی کے لیے ذریعہ و وسیلہ قرار دے اور حج نفل ہو تو اختیار ہے کہ پہلے حج سے پاک صاف ہو کر محبوب کے دربار میں حاضر ہو یا پہلے سرکار اعظم میں حاضر ہو کر حج کے لیے جائے غرض اسے اختیار ہے مگر نیت خیر درکار ہے کہ اعمال کا مدار نیت پر ہے۔

تنبیہ

یقین جانو کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سچی حقیقی دنیاوی جسمانی حیات سے ویسے ہی زندہ ہیں جیسے وفات شریف سے پہلے تھے۔ ان کی اور تمام (انبیائے علیہم الصلوۃ والسلام کی موت، صرف وعدۂ خدا کی تصدیق کو ایک آن کے لیے تھی۔ پھر بدستور زندہ ہو گئے تو ان کا انتقال صرف نظر عوام سے چھپ جانا ہے۔ ولہٰذا ائمہ دین رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین فرماتے ہیں کہ "حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات وفات میں اس بات میں کچھ فرق نہیں کہ وہ اپنی امت کو دیکھ رہے ہیں اور ان کی حالتوں اور نیتوں، ان کے ارادوں اور ان کے دلوں کے خیالوں کو پہچانتے ہیں اور یہ سب حضور پر ایسا روشن ہے جس میں اصلاً پوشیدگی نہیں۔ یہاں تک کہ وہ تیری حاضری اور تیرے کھڑے ہونے اور تیرے سلام بلکہ تمام احوال افعال اور کوچ مقام سے آگاہ ہیں۔" (مواہب لدنیہ وغیرہ) ولہٰذا حضور کی تعظیم و توقیر جس طرح اس وقت تھی کہ حضور اس عالم میں ظاہری نگاہوں کے سامنے تشریف فرما تھے، اب بھی اسی طرح فرض اعظم ہے۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں مدینہ طیبہ کی حاضری نصیب ہو تو روضہ شریف کے سامنے چار ہاتھ کے فاصلے سے دست بستہ جیسے نماز میں کھڑے ہوتے ہیں کھڑی ہو کر سر جھکائے، آنکھیں نیچی کیے ہوئے جلال و جمالِ محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کے تصوّر میں

ڈوب کر صلوٰۃ و سلام عرض کرے۔ بہت قریب نہ جائے نہ ادھر ادھر دیکھے اور خبردار خبردار آواز کبھی بلند نہ کرنا کہ عمر بھر کا سارا کیا دھرا اکارت ہو جائے۔ اس وقت جو ادب و تعظیم فرض ہے ہر مسلمان کا دل جانتا ہے۔ آنکھوں، کانوں، زبان، ہاتھ، پاؤں دل سب خیال غیر سے پاک کرو۔ خشوع و خضوع سے آستانۂ اقدس کی طرف متوجہ رہو۔ رونا نہ آئے تو رونے کا منہ بناؤ اور دل کو بزور رونے پر لاؤ اور اپنی سنگدلی سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی طرف التجا کرو۔ لرزتی کانپتی، گناہوں کی ندامت سے پسینہ پسینہ ہوتی۔ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے عفو و کرم کی امید رکھتی۔ حضور والا کی پائیں یعنی مشرق کی طرف سے سامنے حاضر ہو کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم روبقبلہ، جلوہ فرما ہیں۔ اس سمت سے حاضر ہو کر حضور کی نگاہ بیکس پناہ تمہاری طرف ہوگی اور یہ بات تمہارے لیے دونوں جہاں میں کافی ہے۔

الحمد للہ اب کہ دل کی طرح تمہارا منہ بھی اس پاک جالی کی طرف ہے جو اللہ عزوجل کے محبوب عظیم الشان صلی اللہ علیہ وسلم کی آرام گاہ ہے، نہایت ادب و وقار کے ساتھ مجرا و تسلیم بجالاؤ اور معتدل آواز سے عرض کرو۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا خَیْرَ خَلْقِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا شَفِیْعَ الْمُذْنِبِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ وَعَلٰٓی اٰلِکَ وَاَصْحَابِکَ وَاُمَّتِکَ اَجْمَعِیْنَ۔

جہاں تک ممکن ہو اور زبان ساتھ دے اور ملال و کسل نہ ہو، صلوٰۃ و سلام کی کثرت کرو اور حضور سے اپنے لیے اور اپنے ماں باپ، پیر، استاد، اولاد، عزیزوں، سہیلیوں اور سب مسلمانوں کے لیے شفاعت مانگو، بار بار عرض کرو۔

اَسْئَلُکَ الشَّفَاعَةَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ۔ یارسول اللہ میں آپ سے شفاعت کی بھیک مانگتی ہوں۔

پھر اگر کسی نے عرض سلام کی وصیت کی ہو بجالاؤ۔ شرعاً اس کا حکم ہے۔ اور یہ فقیر ذلیل ان مسلمانوں کو جو اس رسالہ کو دیکھیں وصیت کرتا ہے کہ جب انہیں حاضری

بارگاہ نصیب ہو تو اس ننگِ خلائق کے لیے دعائے مغفرت کریں اور اس بارگاہِ رفیع میں صلوۃ و سلام ضرور عرض کریں۔ اللہ ان کو دونوں جہاں میں عزت بخشے۔ (آمین)

ضروری نہایت ضروری

وہ تمام آداب و احکام جو طوافِ خانہ کعبہ میں اور دوسرے مقامات پر ملحوظ تھے، یہاں بھی ان کا لحاظ رکھیں۔ مثلاً ہرگز ہرگز اجنبی مردوں کے ہجوم میں داخل نہ ہوں۔ ان سے اپنا بدن مس نہ ہونے دیں اور سترِ عورت کا پورا پورا اہتمام کریں۔

ہدایت

سفرِ حج کے لیے جانا نصیب ہو تو امام اہلسنت اعلیٰ حضرت مولانا الشاہ احمد رضا خاں صاحب قادری برکاتی قدس سرہ کا رسالہ مبارکہ "انوار البشارۃ" ضرور اپنے ساتھ رکھیں کہ قدم قدم پر راہ نمائی فرمائے گا۔ یا پھر استاذی المحترم صدر الشریعہ حضرت مولانا الشاہ ابوالعلی مولانا امجد علی صاحب قادری برکاتی رضوی قدس سرہ کی بہارِ شریعت کا حصہ ششم کہ وہ نسبتاً آسان بھی ہے اور مفصل بھی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نکاح کا بیان

ایک مرد اور عورت کے درمیان، اسلامی قانون کی رو سے جو تعلق اور رابطہ پیدا ہو جاتا ہے۔ وہ محض اپنی نفسانی اور جنسی خواہشوں کے پورا کرنے کے لیے نہیں اور نہ نکاح کا یہ مقصد ہے کہ ایک مرد اور عورت کسی نہ کسی طرح ایک دوسرے کے گلے پڑ جائیں اور نہ شریعت اس امر کی اجازت دیتی ہے کہ عورت کو مرد کی شہوانی خواہشات کی تکمیل کا آلۂ کار بنا دیا جائے۔

شریعتِ اسلامیہ میں نکاح ایک دینی اور مذہبی عمل اور ایک گہرا تمدنی، اخلاقی، اور قلبی تعلق ہے۔ مرد و عورت میں اُلفت و یگانگت اور میاں بیوی میں باہمی مناسبت کا پاکیزہ رشتہ ہے اور مقصود اصلی اس کا یہ کہ مرد و عورت کے میل ملاپ سے ایک کامل اور خوشگوار زندگی وجود میں آئے اور نسلِ انسانی کا سلسلہ بھی حدودِ الٰہی کی نگرانی کے درمیان بڑھتا اور پھلتا پھولتا رہے۔

قرآن کریم کا ارشاد گرامی ہے:

نِسَآءُكُمۡ حَرۡثٌ لَّكُمۡ فَاۡتُوۡا حَرۡثَكُمۡ اَنّٰى شِئۡتُمۡ۔

تمہاری عورتیں تمہارے لیے کھیتیاں ہیں تو آؤ اپنی کھیتیوں میں جس طرح چاہو۔

یعنی جہاں تک میاں بیوی میں وظیفۂ زوجیت کا تعلق ہے، تو تمہاری بیویاں تمہارے لیے ایسی ہی ہیں جیسے کاشتکار کیلئے کاشت کی زمین، زمیندار کیلئے اس کا کھیت۔

کھیت کہتے ہیں اس قطعۂ زمین کو جس میں کاشت کے لیے تخم ریزی ہوتی ہے، پیداوار کے لیے بیج بویا جاتا ہے اور اس میں سبزی، غلہ، نباتات کا نشو و نما ہوتا ہے۔ کھیت میں کسان محض تفریح اور وقت گزاری کے لیے نہیں جاتا بلکہ اسے اپنی بہت بڑی دولت سمجھ کر اسے نہایت درجہ عزیز رکھتا اور اس سے پیداوار حاصل کرکے خوب منافع کماتا ہے۔

اسی طرح عورتیں مردوں کے لیے کھیتی کی جگہ ہیں۔ اس کا نطفہ بجائے تخم ہے اور اولاد کا حصول بمنزلہ پیداوار ہے تو عورتوں اور مردوں میں ایک دوسرے سے تعلق اور قربت سے مقصود نسل انسانی کی بقا اولاد کا حصول اور ایک پاکیزہ زندگی ایک خوشگوار ماحول کی فراہمی ہے نہ کہ قضائے شہوت اور محض جنسی خواہشات کی تکمیل۔

یہی وجہ ہے کہ اسلامی قانون، عورتوں کے مخصوص ایام میں، قربت و ہم بستری کی اجازت نہیں دیتا۔ غرض نسلِ انسانی کے کسان کو بھی، انسانیت کی اس کھیتی میں اس لیے جانا چاہیے کہ وہ اس سے نسل کی پیداوار حاصل کرے۔

اس آیۂ کریمہ میں آگے یہ بھی ارشاد فرمایا:

وَقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ۔ یعنی اپنے حق میں آئندہ کے لیے بھی کرتے رہو۔

اپنے لیے مستقبل کا سامان کرو۔ پھر فرمایا:

وَاتَّقُوا اللّٰهَ۔ اللہ سے ڈرتے رہو۔

یعنی یہ بات نہ بھولو کہ تمہیں ایک دن مرنا اور اس کے حضور حاضر ہونا ہے۔

یہ جامع الفاظ ہیں جن سے دو مطلب نکلتے ہیں اور دونوں کی یکساں اہمیت ہے ایک یہ کہ اپنی نسل برقرار رکھنے کی کوشش کرو تاکہ تمہارے دنیا چھوڑنے سے پہلے تمہاری جگہ دوسرے کام کرنے والے پیدا ہوں اور کارخانۂ عالم کا نظام قائم رہے۔ دوسرے یہ کہ جس آنے والی نسل کو تم اپنی جگہ چھوڑنے والے ہو اس کو دین، اخلاق اور آدمیت کے جوہر سے آراستہ کرنے کی کوشش کرو۔ یہ گویا اس کی تاکید ہے کہ لذتوں میں مشغولیت کے وقت بھی مسلمان مرد اور مسلمان عورت اپنی ذمہ داریوں کو نہ

بھول جائیں۔ لذت پرستی ہی میں ڈوب کر نہ رہ جائیں بلکہ اپنی لذتوں کو بھی اسلامی سانچے میں ڈھالنے کی فکر سے غافل نہ ہوں۔ اگر ان ذمہ داریوں اور فرائض کے ادا کرنے میں تم نے قصداً کوتاہی کی اور شہوانی لذتوں اور نفسانی خواہشوں ہی میں ڈوب کر رہ گئے تو خداوند قدوس کے یہاں بازپرس سے کس طرح بچ سکو گے۔

اسی مضمون کی تاکید قرآن عظیم کے اور مقامات سے بھی ہوتی ہے۔ مثلاً نکاح کے باب میں مردوں سے فرمایا:

مُحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسَافِحِيْنَ۔ یعنی نکاح جس کی اجازت تم مردوں کو دی جا رہی ہے وہ ازدواجی زندگی کے قید و بند میں رہنے اور ان ذمہ داریوں کے پورا کرنے کے لیے ہو جو عقد نکاح کے بعد تم پر عائد ہوتی ہیں۔ اس کا مقصود نفس پرستی اور بدمستی نہیں ہونا چاہیے۔ عورتوں کے حق میں فرمایا:

مُحْصَنٰتٍ غَيْرَ مُسَافِحَاتٍ وَّلَا مُتَّخِذَاتِ اَخْدَانٍ۔

یعنی عورتیں جو مردوں کے عقد نکاح میں آ رہی ہیں انہیں بھی یہ بات ذہن نشین کر لینی چاہیے کہ وہ ازدواجی زندگی کے قید و بند کی پابند بن رہی ہیں، ہوس رانی اور بدچلنی کی زندگی، ازدواجی زندگی نہیں بن سکتی۔

خلاصہ کلام یہ کہ مرد عورت دونوں کا مقصود، نکاح کے ذریعے، ایک پاکیزہ اور عفت مآب زندگی بسر کرنا ہونا چاہیے۔ جنسی خواہشات کی تکمیل اس کی غایت نہیں، اور اس تعبیر میں تنبیہ ہے کہ زانی محض شہوت رانی کرتا اور مستی نکالتا ہے اور اس کا فعل غرضِ صحیح اور مقصدِ حسن سے خالی ہوتا ہے۔ نہ اولاد حاصل، نہ نسل و نسب محفوظ کرنا، نہ اپنے نفس کو حرام سے بچانا۔ ان میں سے کوئی بات اس کے مدنظر نہیں ہوتی وہ اپنے نطفہ و مال کو ضائع و برباد کر کے دین و دنیا کے خسارہ میں گرفتار ہوتا ہے۔

سورۂ نحل میں ارشاد فرمایا:

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ بَنِيْنَ وَحَفَدَةً۔	اور اللہ نے تمہارے لیے تمہاری جنس سے عورتیں بنائیں اور تمہارے لیے تمہاری عورتوں سے بیٹے اور پوتے اور

نواسے پیدا کیے۔

یعنی اللہ عزوجل نے مردوں کے لیے نوعِ انسانی ہی سے اس کا جوڑ پیدا کیا تاکہ دونوں میں الفت و محبت قائم رہے اور تخلیقِ انسانی کی غرض پوری ہو پھر دونوں کے باہمی اختلاط و قربت سے انسان کو اولاد بخشی اور اولاد کی اولاد عطا فرمائی، پوتے اور نواسے دیئے تاکہ نوعِ انسانی برقرار رہے، توازن و باہمی تعاقات کا قائم کرنا اور انہیں نیک مقاصد کی خاطر باقی رکھنا، ان عظیم نعمتوں میں سے ایک نعمتِ عظمیٰ ہے جن کا خدائے قدوس نے اپنے بندوں پر احسان فرمایا اور اپنے احسانات و انعامات میں گنایا۔ سورۂ فرقان میں ارشاد فرمایا:

وَهُوَ الَّذِیْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّصِهْرًا۔

اور وہی ہے جس نے انسان کو پانی سے پیدا فرمایا پھر اسے خاندان والا اور سسرال والا بنایا۔

اسلام نے سارے انسانی معاشرہ کی بنیاد خاندان ہی پر رکھی ہے اور سسرال کو بھی خاندان ہی کا ایک جزو ٹھہرایا ہے تو اجتماعی زندگی میں خاندان کو جو اہمیت حاصل ہے وہی اہمیت عقدِ نکاح کو بھی حاصل ہے بلکہ اس سے پیشتر آیۂ کریمہ پر غور فرمایئے۔ بجائے خود یہی کرشمہ کیا کم تھا کہ وہ ایک حقیر پانی کی بوند سے انسان جیسی حیرت انگیز مخلوق بنا کھڑی کرتا ہے مگر اس پر مزید کرشمہ یہ ہے کہ اس نے انسان کا بھی ایک نمونہ نہیں بلکہ دو الگ نمونے مرد اور عورت بنائے جو انسانیت میں یکساں، مگر جسمانی اور نفسانی خصوصیات میں نہایت مختلف اور اس اختلاف کی وجہ سے باہم مخالف و متضاد نہیں بلکہ ایک دوسرے کا پورا جوڑ ہیں۔ پھر ان جوڑوں کو ملا کر وہ عجیب توازن کے ساتھ جس میں کسی دوسرے کی تدبیر کا ادنیٰ دخل بھی نہیں ہے، دنیا میں مرد بھی پیدا کر رہا ہے اور عورتیں بھی۔ جس سے ایک سلسلہ تعلقات بیٹوں اور پوتوں کا چلتا ہے۔ جو دوسرے گھروں سے بہوئیں لاتے ہیں اور ایک دوسرا سلسلہ تعلقات بیٹیوں اور نواسیوں کا چلتا ہے جو دوسرے گھروں کی بہوئیں بن کر جاتی ہیں اور اس طرح خاندان سے خاندان جڑ کر پورے پورے ملک، ایک نسل اور ایک تمدن سے وابستہ ہو جاتے ہیں۔

یہی وجہ ہے کہ آیۂ کریمہ میں سسرالی رشتے کو خالقِ کائنات نے اپنی نعمتوں میں شمار فرمایا اور اپنی قدرت کاملہ کی دلیل ٹھہرایا کہ کسی بظاہر بے حقیقت چیز سے، کتنے عظیم الشان اور دُور دراز کے تعلقات قائم کر دیئے۔

قدرت کے فیاض ہاتھوں نے جو جذبات انسان کی فطرت میں ودیعت فرمائے اور جو قوتیں اسے عطا فرمائیں وہ اس کے حق میں سراپا خیر اور سرتاسر مفید ہیں اور انسان کو ان جذبات اور قوتوں سے وہی کام لینا چاہیے جس کے لیے اس کی تخلیق ہوئی ہے اور اسے کام میں لانے کا وہی طریقہ برتنا چاہیے جو قدرت نے اسے سمجھایا اور اسی حد تک کام میں لانا چاہیے جس حد تک قانونِ قدرت میں اسے وسعت دی گئی ہے۔ انہیں قوتوں میں سے ایک قوت توالد و تناسل بھی ہے جس کی بدولت انسانوں کے مابین ولادت کا سلسلہ قائم کرنا اور نسلِ انسانی کو برقرار رکھنا ظہور میں آتا ہے جو عین منشاء الٰہی ہے۔

اور چونکہ یہ قوت فطری اور عطیۂ خداوندی ہے لہٰذا اس کا کامل طور پر انسان میں پایا جانا اس کے کمال انسانیت کی دلیل ہوگی اور یہ اسی وقت ممکن ہے جب اس کا صَرف، اسی محل میں کیا جائے جو قدرت نے اس کے لیے متعین فرمایا ہے اور اسی محلِ صَرف کو حدودِ الٰہیہ میں رہتے ہوئے اپنے تصرف میں لانا، شرع کی زبان میں نکاح کہلاتا ہے اور جو بنیاد ہے ایک پاکیزہ زندگی کی۔

عورت اسلام سے پہلے

اسلام سے پہلے عورتوں کے حقوق پامال تھے نہ ان کی جان کی کوئی قیمت تھی، نہ عصمت و عفت ہی کی قدر تھی۔ بیویوں کی کوئی تعداد مقرر نہ تھی۔ اس لیے جب کوئی مرد چاہتا اور جس عورت کو چاہتا اور جس طرح چاہتا اپنے نکاح میں لے آتا اور ان کے ساتھ وہی سلوک روا رکھتا جو جانوروں سے کیا جاتا ہے۔ حق مہر ایک بے معنی چیز تھی۔ بلکہ عورت کی ملکیت اور سارا سازو سامان لاقانونی کے قانون کے تحت شوہروں کی ملکیت قرار پاتا تھا بے حسی کا عالم یہ تھا کہ شوہر کے مرنے کے بعد سوتیلی ماؤں میں بھی

وراثت کا قانون رائج تھا کہ مرنے والوں کے وارثوں میں ایک مال کی طرح اس کی تقسیم بھی عمل میں آتی تھی۔ دنیا میں سب سے پہلے حضور رحمتہ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے عورتوں کے حقوق قائم کیے اور عورت کی شخصیت کو ابھارا اور قرآن کریم کے الفاظ میں اعلان فرمایا کہ

وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِي عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوفِ۔ (البقرہ: ۲۲۸)

یعنی جیسے حقوق مردوں کے عورتوں پر ہیں ویسے ہی عورتوں کے حقوق مردوں پر ہیں۔ اسلام سے قبل عورت کی تذلیل و تحقیر کی ایک وجہ اس کی مالی بے چارگی بھی تھی۔ اس لیے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے عورت کی مالی حالت کو بھی مستحکم کیا اور اس کے لیے اصول وضع کیے۔

(۱) اسے وراثت میں حصہ دار بنایا اور اپنے باپ بھائی خاوند بیٹے وغیرہ کے مال متروکہ اور جائیدادِ منقولہ و غیر منقولہ میں عورت کے حصے مقرر فرمائے۔

(۲) میکے سے ملنے والا سامانِ جہیز اس کی ملکیت قرار دیا۔

(۳) اسے اپنی املاک و جائیداد پر مالکانہ حق دے کر اس میں تصرف کا حق دیا۔

(۴) اپنے حق مہر پر اسے پورا پورا اختیار بخشا۔

اور اس طرح بنیادی حیثیت سے عورت کو مرد کے مساوی کر دیا اور ان تدابیر سے عورت کو پستی سے نکال کر بلندی عطا فرمائی اور صحیح معنی میں اسے مرد کا شریکِ کار اور رفیقۂ حیات بنا دیا۔

غرض چونکہ نکاح شریعت اسلامیہ میں مرد و عورت کے مابین ایک شرعی تعلق، دینی رابطہ اور مذہبی اختلاط ہے۔ اس لیے اسلام نے نکاح کے اصول و قواعد مقرر کیے، میاں بیوی کے حقوق متعین کیے تاکہ کوئی فریق کسی کے حقوق پامال نہ کر سکے۔ مثلاً

(۱) ایجاب و قبول کو نکاح کا لازمی حصّہ قرار دیا۔

(۲) کم از کم دو گواہوں کی موجودگی ضروری ٹھہرائی گئی۔

(۳) عورتوں کی دو قسمیں کی گئیں ایک وہ جن سے نکاح حلال ہے اور دوسری وہ جن سے نکاح حرام ہے۔

(۴) عورت عاقلہ بالغہ ہو تو اسے اپنے نکاح کا اختیار دیا گیا اور نابالغی کی حالت میں اس پر اس کے ولی کو اختیار بخشا گیا۔

(۵) نکاح کو ہر صورت سے مکمل کرنے کے لیے کفو کا لحاظ کیا۔

(۶) مرد پر بنام حق مہر ایک معین رقم مقرر کی گئی اور اس پر عورت کو پورا پورا اختیار دیا۔

(۷) شریعت نے وہ حدود مقرر کیں جس کے بعد شوہر کو عورت پر کوئی حق نہیں رہتا۔

(۸) عورتوں کو چھوڑنے کے لیے قوانین وضع کیے گئے جنہیں طلاق اور خلع کہا جاتا ہے۔

(۹) عورت کا نان نفقہ شوہر پر لازم قرار دیا۔

(۱۰) زمانہ جاہلیت کے رسم و رواج کے برخلاف مرد کو ایک عورت سے نکاح کا حکم دیا، اور بوقت ضرورت، چند شرطوں سے مشروط، سخت پابندیوں کے ساتھ، ایک سے زیادہ کی اجازت دی۔

اب ان امور سے متعلق چند فقہی مسائل اور دوسرے احکام بھی سنیں۔

(۱) ایجاب و قبول

ایجاب و قبول یعنی مثلاً ایک کہے "میں نے اپنے کو تیری زوجیت یا تیرے نکاح میں دیا۔" دوسرا کہے "میں نے قبول کیا۔" یہ نکاح کے رکن ہیں پہلے جو کہے وہ ایجاب ہے اور اس کے جواب میں دوسرا جو الفاظ کہے اسے قبول کہتے ہیں۔ یہ کچھ ضرور نہیں کہ عورت کی طرف سے ایجاب ہو اور مرد کی طرف سے قبول۔ بلکہ اس کا الٹ بھی ہو سکتا ہے۔ (در مختار، رد المحتار)

مسئلہ: لڑکی کے باپ یا وکیل نے، مرد سے کہا کہ "میں نے اپنی لڑکی یا اپنی موکلہ کا تجھ سے نکاح کیا یا ان کو تیرے نکاح میں دیا۔ اس نے کہا "میں نے قبول کیا۔" یا اس نے

باپ یا وکیل نے کہا کہ "میں نے اسے اپنے لڑکے یا اپنے موکل کے لیے قبول کیا تو نکاح درست ہے۔ (عالمگیری وغیرہ)

مسئلہ: عورت نے مرد سے کہا "میں نے تجھ سے اپنا نکاح کیا اس شرط پر کہ مجھے اختیار ہے جب چاہوں اپنے کو طلاق دے لوں" اور مرد نے قبول کیا تو نکاح ہو گیا اور عورت کو اختیار ہے جب چاہے اپنے کو طلاق دے لے۔

مسئلہ: کسی نے لڑکی کے باپ سے کہا "میں تیرے پاس اس لیے آیا ہوں کہ اپنی لڑکی کا نکاح مجھ سے کر دے۔" اس نے کہا "میں نے اسے تیرے نکاح میں دیا تو نکاح ہو گیا، قبول کی بھی حاجت نہیں بلکہ اسے اب یہ اختیار نہیں کہ قبول نہ کرے۔

(ردالمحتار، عالمگیری)

مسئلہ: کسی نے لڑکی کے باپ سے کہا "تو نے اپنی لڑکی مجھے دی۔" اس نے کہا "دی۔" اس نے کہا "قبول کی۔" تو اگر یہ ایجاب و قبول منگنی کے لیے ہوں تو منگنی ہے اور نکاح کے لیے ہوں تو نکاح۔ (ردالمحتار، وغیرہ)

مسئلہ: کسی منگیتہ کو نکاح کا پیغام دینا مکروہ ہے۔ یوں ہی ایک کو زبان دے کر اس سے پھر جانا، یا منگنی کو بلاوجہ شرعی توڑ دینا بھی مذموم و بے جا ہے اور بہرصورت، دوسرے سے نکاح شرعاً درست و صحیح ہے۔ اور اگر درحقیقت کسی عذر معقول یا وجہ شرعی کی بنا پر منگنی کر کے توڑ دی اور لڑکی دوسرے کو دے دی تو اب کوئی برائی بھی نہیں۔ (فتاوی رضویہ وغیرہ)

مسئلہ: عورت کو چاہیے کہ مرد دیندار، خوش خلق، مال دار، سخی سے نکاح کرے، فاسق بدکار سے نہیں۔ نیک چلنی، خوش اخلاقی، خدا ترسی اور پرہیزگاری سے بڑھ کر کوئی حسن و جمال اور متاع و مال نہیں۔

مسئلہ: نابالغ لڑکے اور لڑکی کے مابین، نکاح میں مسنون طریقہ یہ ہے کہ ان کے اولیاء خود ایجاب و قبول کریں یا ان کی اجازت سے ان کے وکیل، نابالغوں سے کہلوائے

کی کوئی حاجت نہیں۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: یہ جو تمام ہندوستان و پاکستان میں عام طور پر رواج پڑا ہوا ہے کہ عورت سے ایک شخص اذن لے کر آتا ہے جسے وکیل کہتے ہیں وہ نکاح پڑھانے والے سے کہہ دیتا ہے کہ میں فلاں کا وکیل ہوں آپ کو اجازت دیتا ہوں کہ نکاح پڑھا دیجئے۔ یہ طریقہ محض خیال ہے بلکہ یوں چاہیے کہ جو شخص نکاح پڑھائے وہ عورت یا اس کے ولی کا وکیل بنے خواہ یہ خود اس کے پاس جا کر وکالت حاصل کرے یا دوسرا اس کی وکالت کے لیے اذن لائے کہ فلاں بن فلاں کو تو نے وکیل کیا کہ وہ تیرا نکاح فلاں بن فلاں سے کر دے۔ عورت کہے "ہاں۔" (بہارِ شریعت۔ فتاویٰ رضویہ)

(۲) ایجاب و قبول گواہوں کے روبرو ہونا

باہمی حقوق و اختیارات کو محفوظ رکھنے کے لیے لازم ہے دو گواہوں یعنی دو مردوں یا ایک مرد دو عورتوں کا ایجاب و قبول کے وقت ہونا شرطِ نکاح ہے۔

مسئلہ: گواہوں کا عاقل بالغ ہونا بھی ضروری ہے اور یہ بھی ضروری ہے کہ سب نے ایک ساتھ نکاح کے الفاظ سنے اور مسلمان مرد کا نکاح، مسلمان عورت کے ساتھ ہو تو گواہوں کا مسلمان ہونا بھی شرط ہے۔ لہٰذا مسلمان مرد و عورت کا نکاح کافروں کی شہادت سے نہیں ہو سکتا۔ ہاں اگر کتابیہ مثلاً نصرانیہ سے مسلمان مرد کا نکاح ہو تو اس نکاح کے گواہ ذمی کافر بھی ہو سکتے ہیں۔

مسئلہ: گواہ دوسرے ملک کے ہیں کہ یہاں کی زبان نہیں سمجھتے تو اگر یہ سمجھ رہے ہیں کہ نکاح ہو رہا ہے اور الفاظ بھی سنے اور سمجھے یعنی وہ الفاظ زبان سے ادا کر سکتے ہیں اگرچہ ان کے معنی نہیں سمجھتے تو نکاح ہو گیا۔ (عالمگیری وغیرہ)

مسئلہ: گواہ صرف وہی نہیں کہلاتے جو وہ مجلسِ عقد میں مقرر کر لیے جاتے ہیں بلکہ وہ تمام حاضرین گواہ ہیں جنہوں نے ایجاب و قبول سنا مگر ایسے ہوں کہ بوقتِ

ضرورت ان کی گواہی سنی جاسکے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: عورت سے اذن لیتے وقت گواہوں کی ضرورت نہیں یعنی اس وقت گواہ اگر نہ بھی ہوں اور نکاح پڑھاتے وقت ہوں تو نکاح ہوگیا۔ البتہ اذن لیتے وقت گواہوں کی حاجت یوں ہے کہ اگر عورت نے انکار کردیا اور یہ کہا کہ میں نے اذن نہیں دیا تھا تو اب گواہوں سے اس کا اذن دینا ثابت کیا جائے گا۔ (ردالمحتار وغیرہ)

مسئلہ: یہ امر بھی ضروری ہے کہ منکوحہ کے گواہوں کو معلوم ہو جائے کہ فلانی عورت سے نکاح ہو رہا ہے مثلاً عورت اور اس کے باپ دادا کے نام لیے جائیں اور اگر صرف اسی کا نام لینے سے گواہوں کو معلوم ہو جائے کہ فلاں عورت سے نکاح ہو رہا ہے تو باپ دادا کے نام لینے کی ضرورت نہیں پھر بھی احتیاط اس میں ہے کہ باپ دادا کے نام بھی لیے جائیں تاکہ عورت متعین ہو جائے۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: عورت سے اجازت لیں تو اس میں بھی زوج اور اس کے باپ دادا کا نام ذکر کردیں تاکہ عورت کو ہونے والے شوہر سے واقفیت رہے۔

تنبیہ: حدیث شریف میں ہے کہ جو مرد کسی عورت سے بوجہ اس کی عزت کے نکاح کرے اللہ اس کی ذلت میں زیادتی کرے گا، اور جو کسی عورت سے اس کے مال کے سبب نکاح کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی محتاجی ہی بڑھائے گا اور جو اس کے حسب کے سبب نکاح کرے گا تو اس کے کمینہ پن میں زیادتی فرمائے گا اور جو اس لیے نکاح کرے کہ ادھر ادھر نگاہ نہ اٹھے اور پاک دامنی حاصل ہو یا صلہ رحمی کرے تو اللہ عزوجل اس مرد کے لیے اس عورت میں برکت دے گا اور عورت کے لیے مرد میں۔ (طبرانی)

اس حدیث شریف کا حاصل عورت اور اس کے اہل خاندان کے لیے یہ ہے کہ وہ ایسے مرد سے نکاح نہ کریں جو ان کی دنیاوی وجاہت یا شہرت یا ان کے مال و دولت پر ریجھ کر یا صرف عورت کے حسن و جمال پر فریفتہ ہو کر شادی پر آمادہ ہو بلکہ اصل چیز پاک دامنی کا باقی رکھنا اور خدا و رسول کے احکام کی بجا آوری ہے۔ اسی سے گھریلو زندگی سدا بہار رہتی ہے اور اسی کی بدولت زن و شوہر میں حقیقی محبت پیدا ہوتی ہے۔

(۳) محرّمات کا بیان

ہیئت اجتماعی کی درستی کا انحصار اس بات پر ہے کہ نظامِ خانگی درست ہو اور خانگی نظام کا ایک اہم جز یہ ہے کہ نکاح کس کس کے ساتھ جائز ہے اور کس کے ساتھ ناجائز، قرآن کریم نے ایک مکمل فہرست دے کر ہمیں حرام و حلال عورتوں کا پتا دیا۔

محرمات وہ عورتیں ہیں جن سے نکاح حرام و ناجائز ہے اور یہ دو قسم کی عورتیں ہیں: ایک وہ جن سے نکاح ہمیشہ ہمیشہ کے لیے حرام ہے، دوسری وہ جو کسی خاص صورت و زمانۂ معینہ میں حرام ہیں۔

حرمت کے چند اسباب ہیں مثلاً:

۱۔ نسب

اس کے تحت سات عورتیں مطلقاً حرام ہیں:

(۱) ماں اور ماں سے مراد وہ عورت ہے جس کی اولاد میں یہ ہے بلاواسطہ یا بالواسطہ لہٰذا دادی، نانی، پرنانی، اگرچہ کتنی ہی اوپر کی ہوں سب حرام ہیں اور یہ سب ماں میں داخل ہیں اور سوتیلی ماں بھی حقیقی ماں کی طرح حرام قطعی ہے اور اس کی حرمت ویسی ہی ہے جیسی حقیقی ماں کی۔

(۲) بیٹی، اور بیٹی سے مراد وہ عورتیں جو اس کی اولاد میں ہیں خواہ بالواسطہ یا بلاواسطہ لہٰذا پوتی، پرپوتی، نواسی، پرنواسی سب حرام ہیں۔

(۳) بہن خواہ حقیقی ہو یعنی ایک ماں باپ سے یا سوتیلی کہ باپ دونوں کا ایک ہے اور مائیں دو، یا ماں ایک ہے اور باپ دو، سب حرام ہیں۔

(۴،۵) پھوپی، خالہ اور باپ، ماں، دادا دادی، نانا، نانی وغیرہم اصول کی پھوپیاں یا خالائیں اپنی پھوپی اور خالہ کے حکم میں ہیں خواہ حقیقی ہوں یا سوتیلی۔ یونہی اپنی خالہ سگی ہو یا سوتیلی مثل ماں کے حرام قطعی ہے۔ ہاں باپ کی منکوحہ یعنی سوتیلی ماں کی بہن حقیقی

ہو یا سوتیلی، وہ ماں کے حکم میں نہیں۔

(۶،۷) بھتیجی، بھانجی اور اس سے مراد بھائی بہن کی اولاد ہے، ان کی پوتیاں نواسیاں بھی اسی میں شمار ہیں۔ یونہی بھتیجی، بھانجی کی اولاد کے سب حرام ہیں۔

مسئلہ: زنا سے بیٹی، پوتی، بہن، بھتیجی، بھانجی بھی محرمات میں داخل ہیں اور بھتیجی اگرچہ سوتیلی ہو بچپا پر حرام قطعی ہیں۔ (عالمگیری، فتاویٰ رضویہ وغیرہ)

۲۔ مصاہرت یعنی سسرالی رشتے

اس سلسلہ میں حسب ذیل عورتیں حرام فرمائی گئی ہیں:

(۱) زوجہ موطوءہ یعنی وہ عورت جس کے نکاح کے بعد وطی کی گئی، کی لڑکیاں۔

(۲) زوجہ کی ماں، دادیاں، نانیاں۔

(۳) باپ، دادا وغیرہما اصول (جن کی یہ اولاد ہیں ان) کی بیبیاں۔

(۴) بیٹے پوتے وغیرہما فروع (جو اس کی اولاد میں ہیں ان) کی بیبیاں۔

(۵) جس عورت سے زنا کیا اس کی ماں اور لڑکیاں زانی کے لیے۔

(۶) جس عورت سے زنا کیا گیا وہ زانی کے باپ دادا اور بیٹوں کے لیے۔

ضروری مسائل جن کا تعلق مصاہرت سے ہے

مسئلہ: جس عورت سے نکاح کیا اور وطی نہ کی تھی کہ جدائی ہو گئی اس کی لڑکی اس پر حرام نہیں۔ ہاں اگر خلوتِ صحیحہ عورت کے ساتھ ہو گئی تو اس کی لڑکی حرام ہو گئی کہ خلوتِ صحیحہ بھی وطی کے حکم میں ہے اور بیٹی سے نکاح کیا تو نکاح ہوتے ہی اس کی ماں اس مرد پر ہمیشہ کے لیے حرام ہو گئی، وطی شرط نہیں کہ زوجہ کی والدہ ہمیشہ اپنی ماں کی طرح ہے۔ زوجہ کے مرنے یا طلاق ہو کر عدت گزارنے کے بعد کسی طرح حلال نہیں ہو سکتی۔ (عالمگیری، فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: حرمتِ مصاہرت جس طرح وطی سے ہوتی ہے یونہی شہوت چھونے،

بوسہ لینے، فرج داخل کی طرف نظر کرنے، گلے لگانے، دانت سے کاٹنے، چپٹانے یہاں تک کہ سر پر جو بال ہوں انہیں چھونے سے بھی حرمت ثابت ہو جاتی ہے۔ اگرچہ کوئی باریک کپڑا یا بوسہ لینے میں باریک نقاب حائل ہو۔ (عالمگیری وغیرہ)

مسئلہ: عورت نے شہوت کے ساتھ مرد کو چھوا یا بوسہ لیا یا اس کے آلہ کی طرف نظر کی تو اس سے بھی حرمتِ مصاہرت ثابت ہو گئی۔ (در مختار)

مسئلہ: حرمتِ مصاہرت کے لیے شرط یہ ہے کہ عورت مشتہاۃ (قابلِ شہوت) ہو یعنی نو برس سے کم عمر کی نہ ہو تو اگر مرد نے نو سال سے کم عمر لڑکی کو شہوت چھوا یا اس کا بوسہ لیا تو حرمت ثابت نہ ہوئی۔ (در مختار)

مسئلہ: یہ افعال قصداً ہوں یا بھول کر یا غلطی سے یا مجبوراً، بہر حال حرمت ثابت ہو جائے گی، مثلاً اندھیری رات میں مرد نے اپنی عورت کو جماع کے لیے اٹھانا چاہا غلطی سے شہوت کے ساتھ مشتہاۃ لڑکی پر ہاتھ پڑ گیا اس کی ماں ہمیشہ کے لیے حرام ہو گئی۔ یونہی اگر عورت نے شوہر کو اٹھانا چاہا اور شہوت کے ساتھ ہاتھ لڑکے پر پڑ گیا جو مراہق تھا (اس کی مقدار بارہ برس کی عمر ہے) تو عورت ہمیشہ کے لیے اپنے اس شوہر سے حرام ہو گئی۔
(در مختار)

مسئلہ: کسی نے ایک عورت سے نکاح اور اس کے لڑکے نے اس عورت کی لڑکی سے کیا جو دوسرے شوہر سے ہے تو حرج نہیں۔ یونہی اگر لڑکے نے عورت کی ماں سے نکاح کیا جب بھی یہی حکم ہے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: سوتیلی ماں، ماں نہیں تو اس کی سگی بہن سے بھی نکاح جائز ہے۔

مسئلہ: جس نے اپنی منکوحہ کی حقیقی ماں سے وطی کی یا اسے شہوت ہاتھ لگایا اس کی عورت اس پر ہمیشہ کے لیے حرام ہو گئی۔ نہ کبھی اسے رکھ سکتا ہے نہ کسی حال دوبارہ اس سے نکاح کر سکتا ہے۔ اس پر فرض ہے کہ عورت کو فوراً چھوڑ دے تاکہ وہ اس کے نکاح سے باہر ہو جائے۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: ایک شخص نے اپنے حقیقی بیٹے کی بی بی سے زنا کیا جس کا اسے اقرار ہے اور بیٹا بھی مانتا ہے کہ ایسا ہوا تو وہ عورت بیٹے پر ہمیشہ کے لیے حرام ہو گئی، اب کسی حیلہ سے اس کی زوجیت میں نہیں آ سکتی۔ اس پر فرض ہے کہ اسے فوراً چھوڑ دے مثلاً کہہ دے کہ میں نے تجھے چھوڑا۔ اس کے بعد عورت عدت کرے اور بعد عدت اپنے خسر کے علاوہ جس سے چاہے نکاح کر سکتی ہے۔ (فتاویٰ رضویہ)

۳۔ جمع بین المحارم

یعنی ایسی دو عورتوں کو نکاح میں جمع کرنا جو ایک دوسرے کے لیے محرم ہیں۔

مسئلہ: وہ دو عورتیں کہ ان میں سے جس ایک کو مرد فرض کریں دوسری اس کے لیے حرام ہو۔ مثلاً دو بہنیں کہ ایک کو مرد فرض کریں تو بھائی بہن کا رشتہ ہوا یا پھوپی بھتیجی کہ پھوپی کو مرد فرض کرو تو چچا بھتیجی کا رشتہ ہوا اور بھتیجی کو مرد فرض کرو تو پھوپی بھتیجے کا رشتہ ہوا۔ یا خالہ بھانجی کا کہ خالہ کو مرد فرض کریں تو ماموں بھانجی کا رشتہ ہوا اور بھانجی کو مرد فرض کرو تو بھانجے خالہ کا رشتہ ہوا تو دو عورتوں کو نکاح میں جمع نہیں کر سکتا۔ یا یوں سمجھ لو کہ مثلاً ایک عورت نکاح میں ہے تو جب تک وہ نکاح میں رہے اس کی بہن، پھوپی، خالہ، بھتیجی، بھانجی سے نکاح حرام ہے۔ بلکہ اگر طلاق دے دی ہو اگرچہ تین طلاقیں تو جب تک عدت نہ گزرے دوسری سے نکاح نہیں کر سکتا۔ (عامہ کتب)

مسئلہ: ایسی دو عورتیں جن میں اس قسم کا رشتہ موجود ہو جو اوپر مذکور ہوا، نسب کے ساتھ مخصوص نہیں بلکہ دودھ کے ایسے رشتے ہوں جب بھی دونوں کا جمع کرنا حرام ہے مثلاً عورت اور اس کی رضاعی بہن یا خالہ پھوپی۔ (عالمگیری)

(۴) غیر مسلمہ سے نکاح

مسئلہ: مسلمان مرد کا نکاح، کتابیہ یعنی یہودی و نصرانی عورت کے سوا مجوسیہ، آتش پرست، بت پرست، آفتاب پرست غرض کسی کافرہ سے نہیں ہو سکتا اور مسلمان عورت

کا نکاح، مسلمان مرد کے سوا، کسی اور مذہب والے سے نہیں ہو سکتا۔ (عالمگیری وغیرہ)
اگرچہ وہ اہل کتاب سے ہو۔

مسئلہ: یہودیہ اور نصرانیہ سے مسلمان کا نکاح ہو سکتا ہے بایں معنی کہ نکاح کرلیں تو ہو جائے گا یعنی اس میں جماع زنا نہ ہو گا، وطی حرام نہ کہلائے گی اور اولاد مسلمان قرار پائے گی مگر چاہیے نہیں کہ اس سے بہت سی برائیوں کا دروازہ کھلتا ہے۔ (عالمگیری) مثلاً اولاد پر اندیشہ کہ یہودیوں نصرانیوں کی عادت سیکھے۔ پھر یہ جواز اس وقت تک ہے جبکہ عورت اپنے مذہب یہودیت یا نصرانیت پر ہو اور اگر صرف نام کی یہودی، نصرانی ہوں اور حقیقتاً نیچری اور دہریہ مذہب رکھتی ہوں جیسے آج کل کے عموماً نصاریٰ کا کوئی مذہب ہی نہیں تو ان سے نکاح نہیں ہو سکتا اور کر بھی لیا تو ایسی عورتوں سے نامِ نکاح اس حرام کو حلال نہیں کر سکتا۔

مسئلہ: قادیانی مرزائی کہ ختم نبوت کے منکر ہیں اور وہابی، رافضی جو بدمذہب ضروریاتِ دین میں سے کسی دینی ضرورت کا انکار کرتا اور قطعی کفریہ عقائد رکھتا ہے ایسوں سے نکاح قطعاً یقیناً محض باطل اور زنائے خالص ہے۔ اور جو کسی ضرورتِ دینی کا منکر نہیں ان کے بارے میں بھی علمائے اہلسنّت کا قول فیصل یہی ہے کہ ان سے شادی بیاہ کے تعلقات جائز نہیں۔

ضرورہ: بدمذہب عورت کو نکاح میں لاتے وقت یہ خیال کر لینا کہ ہم اس پر غالب ہیں اس کی بدمذہبی ہمیں کیا نقصان دے گی بلکہ اسے سنی کریں گے محض حماقت ہے۔ یہ رشتہ تو دوستی، میل رغبت، میل محبت، مہر پیدا کرتا ہے اور محبت میں آدمی اندھا بہرا ہو جاتا ہے اور دل پلٹتے خیال بدلتے کچھ دیر نہیں لگتی ہے۔ اللہ عزوجل اپنے حفظ و امان ہی میں رکھے اور ایسے کو اپنی بیٹی دینا تو سخت قہر، قاتل زہر ہے کہ عورتیں مغلوب و محکوم ہوتی ہیں۔ پھر انہیں اپنے شوہر کی محبت بھی ماں سے باپ سے تمام دنیا سے زیادہ ہوتی ہے، پھر وہ نرم دل بھی زائد ہیں اور ناقصات العقل والدین بھی ہیں اور نکاح ہر وقت کا ساتھ ہے اور وہ بدمذہب ہے تو ضرور اس سے نادیدنی دیکھے گی اور ناشنیدنی سنے

گی اور انکار پر قدرت نہ ہوگی تو یہ عمر بھر کے لیے فضیحت و رسوائی کا سامان پیدا کرتا ہے۔
(فتاویٰ رضویہ)

(۵) عورت کا کسی دوسرے کے نکاح یا عدت میں ہونا

قرآن کریم نے عقدِ نکاح کو "مِیۡثَاقًا غَلِیۡظًا" عہدِ مستحکم، محکم پیمان اور باہمی نبھاؤ کا مضبوط بندھن قرار دیا اور ساتھ ہی ارشاد فرمایا کہ نکاح کی اس بندش کی گرہ، شوہر کے ہاتھ میں ہے تو جب تک شوہر طلاق نہ دے عورت بدستور اس کے نکاح میں رہتی ہے اگرچہ تعلقات بظاہر قائم نہ ہوں، اور یہ دوسرے کی عدت میں ہو جب بھی نہیں ہو سکتا۔ عدت طلاق کی ہو خواہ موت کی۔

مسئلہ: عدت میں نکاح حرام قطعی ہے بلکہ نکاح تو بڑی چیز ہے قرآن عظیم نے عدت میں صریح پیام کو بھی حرام فرمایا اور عدت گزرنے پر، نکاح کر لینے کے وعدے کو بھی حرام فرمایا۔ صرف اس کی اجازت دی ہے کہ دل میں خیال رکھو یا کوئی پہلودار بات ایسی کہو جس سے بعد عدت، ارادۂ نکاح کا اشارہ نکلتا ہو۔ صاف صاف یہ ذکر نہ ہو کہ میں بعد عدت تجھ سے نکاح کرنا چاہتا ہوں۔ پھر پہلودار بات بھی عدت وفات والی سے کہنا جائز ہے، عدت طلاق والی سے وہ بھی جائز نہیں۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: عورت کسی کے نکاح میں ہے مگر شوہر نے چھوڑ رکھا ہے، نہ نان نفقہ دیتا ہے نہ اس کی خبر گیری رکھتا ہے، نہ طلاق دیتا ہے۔ اس حالت میں بھی جب تک موت یا طلاق نہ ہو کسی اور سے نکاح حرام ہے اور حالات زمانہ کو آڑ بنا کر نکاح کرنا اور بھی برا۔ کیا یہ نکاح حرام نہ ہوگا تو وہم آئندہ سے بچنے کے لیے قصداً حرام کاری کے کیا معنی۔
(فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: جس عورت کو زنا کا حمل ہے اس سے نکاح ہو سکتا ہے۔ پھر اگر اسی کا وہ حمل ہے تو وطی بھی کر سکتا ہے اور اگر دوسرے کا ہے تو جب تک بچہ نہ پیدا ہو لے وطی

جائز نہیں اور جس عورت کا حمل ثابت النسب ہے اس سے کسی کا نکاح نہیں ہو سکتا۔
(عالمگیری، درمختار)

مسئلہ: عورت کا شوہر برسوں سے غائب ہے، کچھ پتا نہیں کہ وہ زندہ ہے یا مر گیا اور اب عورت اپنا دوسرا نکاح کرنا چاہتی ہے تو ہرگز نکاح نہیں کر سکتی۔ اس پر لازم ہے کہ صبر و انتظار کرے یہاں تک کہ اس کے شوہر کی ولادت کو ستر برس گزر جائیں اس کے بعد اس کی موت کا حکم کیا جائے۔ اب عورت عدت گزار کر دوسرا عقد کر سکتی ہے۔ ضرورت اور جوانی کا عذر حرام کو حلال نہیں کر سکتا۔ بہت کم سن لڑکیاں کہ بیوہ ہو جاتی ہیں ہندوؤں کی دیکھا دیکھی عمر بھر نام نکاح نہیں لیتیں اس وقت ضرورت و جوانی کدھر چلی جاتی ہے۔ ہزاروں وہ ہیں جن کے شوہر زندہ موجود ہیں مگر ان کی طرف سے قطعی لاپرواہ، وہ اپنی عمر کیونکر کاٹتی ہیں۔ (فتاوی رضویہ) جس دل میں خدا و رسول کا خوف اور اسلام و شریعت کا پاس ہوتا ہے ہر حال میں خدا و رسول ہی پر ان کا بھروسہ ہوتا ہے اور وہی اس کی نیا پار لگاتے ہیں۔ ضرورتوں کے لیے جائز محنت مزدوری کے دروازے کھلے ہیں اور جوانی کے لیے روزہ۔ آخر حدیث شریف میں روزہ کو سپر یعنی ڈھال بتایا گیا ہے تو اس کا مطلب یہی ہے کہ روزہ مرد خواہ عورت کو بہکنے اور پھسلنے نہیں دیتا۔

(۶) رضاعت یعنی دودھ کے رشتے

رضاع یعنی دودھ کا رشتہ، عورت کا دودھ پینے سے ثابت ہوتا ہے اور دودھ پینے سے مراد یہی معروف طریقہ نہیں بلکہ حلق یا ناک میں ٹپکایا جب بھی یہی حکم ہے اور تھوڑا پیا یا زیادہ، بہرحال حرمت ثابت ہوگی جبکہ اندر پہنچ جانا معلوم ہو۔ اور اگر چھاتی منہ میں لی مگر یہ نہیں معلوم کہ دودھ پیا تو حرمت ثابت نہیں۔ (جوہرہ نیرہ)

مسئلہ: بچہ کو دودھ پلانا چھوڑ دیا گیا ہے مگر اس کو کسی عورت نے دودھ پلا دیا، اگر اڑھائی برس کے اندر ہے تو رضاعت ثابت ہے ورنہ نہیں۔ (عالمگیری)

مسئلہ: بچے نے جس عورت کا دودھ پیا وہ اس بچہ کی ماں ہو جائے گی اور اس کا شوہر (جس کی وطی سے بچہ پیدا ہوا جس سے عورت کو دودھ اترا) اس دودھ پینے والے بچے کا باپ ہو جائے گا اور اس عورت کے تمام بچے اس کے بھائی بہن، خواہ اسی شوہر سے ہوں یا دوسرے شوہر سے۔ اس کے دودھ پینے سے پہلے کے ہوں یا بعد کے یا ساتھ کے اور عورت کے بھائی، اس کے ماموں، اس کی بہن، اس کی خالہ، یونہی اس شوہر کی اولاد اس کے بھائی بہن، اس کے بھائی، اس کے چچا، اس کی بہنیں، اس کی پھوپیاں خواہ شوہر کی یہ اولاد اسی عورت سے ہو یا دوسری سے، یونہی ہر ایک کے ماں باپ، اس کے دادا دادی، نانا نانی۔ (عالمگیری)

مسئلہ: جو نسب میں حرام ہے رضاع میں بھی حرام ہے ہاں کچھ مرد عورت اس کلیہ سے مستثنیٰ ہیں۔ وقت ضرورت علماء سے دریافت کریں۔

مسئلہ: قدرتِ خداوندی سے کنواری لڑکی کے دودھ اتر آیا اور کسی بچہ نے مدت رضاع میں اس کا دودھ پی لیا یا مردہ عورت کا دودھ پی لیا جب بھی رضاعت ثابت ہو گئی۔ (درمختار) مگر نو برس سے کم عمر لڑکی کا دودھ پیا تو رضاع نہیں۔ (جوہرہ)

مسئلہ: ایک عورت کا دو بچوں نے دودھ پیا اور ان میں ایک لڑکا ایک لڑکی ہے تو یہ بھائی بہن ہیں اور ان میں نکاح حرام۔ اگرچہ دونوں نے ایک وقت میں دودھ نہ پیا ہو بلکہ دونوں میں برسوں کا فاصلہ ہو اگرچہ ایک کے وقت میں ایک شوہر کا دودھ تھا اور دوسرے کے وقت میں دوسرے کا۔ (درمختار)

مسئلہ: جس عورت سے زنا کیا اور بچہ پیدا ہوا اس عورت کا دودھ جس لڑکی نے پیا وہ زانی پر حرام ہے۔

مسئلہ: پانی یا دوا میں عورت کا دودھ ملا کر پلایا تو اگر دودھ غالب ہے یا برابر تو رضاع ثابت ہے، مغلوب ہے تو نہیں۔ یونہی اگر بکری وغیرہ کسی جانور کے دودھ میں ملا کر دیا تو اگر یہ دودھ غالب ہے رضاع نہیں ورنہ ہے۔

مسئلہ: عورتوں کو چاہیے کہ بلاضرورت ہر بچہ کو دودھ نہ پلا دیا کریں اور پلائیں تو خود بھی یاد رکھیں اور لوگوں سے یہ بات کہہ بھی دیں۔ عورت کو بغیر اجازت شوہر کسی بچہ کو دودھ پلانا مکروہ ہے البتہ اگر اس کے ہلاک کا اندیشہ ہے تو کراہت نہیں۔ (ردالمحتار) مگر میعاد کے اندر رضاعت بہرصورت ثابت ہو جائے گی۔

مسئلہ: بچہ کو دو برس تک دودھ پلایا جائے اس سے زیادہ کی اجازت نہیں۔ دودھ پینے والا بچہ، لڑکا ہو یا لڑکی، اور یہ جو بعض عوام میں مشہور ہے کہ لڑکی کو دو برس تک اور لڑکے کو اڑھائی برس تک پلا سکتے ہیں یہ صحیح نہیں۔ یہ حکم دودھ پلانے کا ہے اور نکاح حرام ہونے کے لیے اڑھائی برس کا زمانہ ہے یعنی دو برس کے بعد اگرچہ دودھ پلانا حرام ہے مگر اڑھائی برس کے اندر اگر دودھ پلا دے گی حرمت نکاح ثابت ہو جائے گی اور اس کے بعد اگر پیا تو حرمت نکاح ثابت نہ ہوگی اگرچہ پلانا جائز نہیں۔

مسئلہ: مدت پوری ہونے کے بعد بطور علاج بھی دودھ پینا یا پلانا جائز نہیں۔ (درمختار)

مسئلہ: دو برس کے اندر بچہ کا باپ اس کی ماں کو دودھ چھڑانے پر مجبور نہیں کر سکتا اور اس کے بعد کر سکتا ہے۔ (ردالمحتار)

نکاح میں ولایت اور وکالت

اسلام سے پہلے کہیں تو عورت کو اناج، غلہ، روپیہ، پیسہ کی طرح تصرف میں لانے کا رواج تھا اور کہیں عورت کو بے روح بتایا جاتا تھا اور اب بھی کہیں اسے مجسم شیطان سے تعبیر کیا جاتا ہے اور کہیں صرف اغراضِ شہوانی کا آلہ قرار دیا جاتا ہے۔ غرض کہ کہیں اور کسی طرح عورت کی شخصیت، اس کی ذہنیت اور اس کے حقوق کا ذرہ برابر بھی پاس ولحاظ نہیں رکھا گیا۔ یہ صرف اسلام ہے جس نے ساری دنیا سے اس ظلم وتشدد کو جڑ سے اکھاڑا اور عورت کو بیٹی، بہن اور بیوی، ماں کی حیثیت سے ابھارا اور ہر حیثیت

میں اس کے حقوق کی نگرانی فرمائی۔ اسے اختیارات دیئے اور ان اختیارات کو کام میں لانے کا حوصلہ بخشا۔ یہاں تک کہ اسے اپنی ازدواجی زندگی، اپنی مرضی کے مطابق گزر بسر کرنے کی اجازت دی۔ بشرطیکہ وہ عقل و شعور سے بہرہ ور ہو۔ بچپن کی حدود سے گزر کر بلوغ تک پہنچ چکی ہو اور کوئی ایسا کام نہ کرے جو اس کے خاندان کے لیے بے عزتی اور بدنامی کا باعث ہو۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں ایک جوان لڑکی حاضر ہوئی اور عرض کیا کہ اس کے باپ نے نکاح کر دیا اور وہ اس نکاح کو ناپسند کرتی ہے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اختیار دیا یعنی چاہے تو اس نکاح کو جائز کر دے یا رد کر دے۔ (ابوداؤد) اور مسلم شریف میں روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "ثیب" وہ عورت جو کنواری نہ ہو اولیٰ سے زیادہ اپنے نفس کی حقدار ہے اور بکر (کنواری) سے اجازت لی جائے اور چپ رہنا بھی اس کا اذن (اجازت) ہے۔

فقہی مسائل

مسئلہ: ولی وہ ہے جس کا قول دوسرے پر نافذ ہو۔ یعنی جس کا حکم دوسرے پر چلے) دوسرا چاہے یا نہ چاہے اور قرابت کی وجہ سے ولی وہ مرد ہے جس کو اس سے قرابت و رشتہ، کسی عورت کی وساطت سے نہ ہو، یا یہ کہ اس خاندان میں سب سے زیادہ قربت کا رشتہ دار جو مرد ہو وہ ولی ہے۔ (عامہ کتب)

مسئلہ: ولی کسی کے بنانے کا نہیں ہوتا وہ شریعتِ مطہرہ نے ترتیب وار مقرر کیے ہیں۔ اور یہاں ولایت کی وہی ترتیب معتبر ہے جو وراثت میں معتبر ہے۔ مثلاً سب میں پہلا ولی بیٹا ہے، پھر باپ، پھر دادا، پھر سگا بھائی، پھر سوتیلا، پھر سگا بھتیجا، پھر سوتیلا، پھر سگا چچا، پھر سوتیلا، پھر سگے چچا کا بیٹا، پھر سوتیلے کا۔ وعلیٰ ہذا القیاس دادا، پردادا کی اولاد کا جو مرد عاقل بالغ قریب تر ہوگا، وہی ولی ہے اور ان میں کوئی نہ ہو تو پھر ماں ولی ہے۔ پھر دادی پھر نانی پھر ان کے بعد اور دوسرے لوگ۔ (عالمگیری وغیرہ)

مسئلہ: ولی کا عاقل بالغ ہونا شرط ہے اور مسلمان کے ولی کا مسلمان ہونا بھی شرط ہے۔ کہ کافر کو مسلمان پر کوئی اختیار نہیں۔ (در مختار وغیرہ)

مسئلہ: عورت بالغہ عاقلہ کا نکاح بغیر اس کی اجازت کے کوئی نہیں کر سکتا نہ باپ نہ کوئی اور۔ کنواری ہو یا بیاہی، یونہی مرد عاقل بالغ آزاد کا نکاح ان کی مرضی کے برخلاف کوئی نہیں کر سکتا۔ (عالمگیری، در مختار)

مسئلہ: کنواری عورت سے اس کے ولی یا ولی کے وکیل یا قاصد نے اذن مانگا یا ولی نے بلا اجازت لیے، نکاح کر دیا اور اب عورت کو اس کی خبر دی گئی اور عورت خاموش رہی یا ہنسی یا مسکرائی یا بغیر آواز کے روئی تو ان سب صورتوں میں اذن سمجھا جائے گا کہ پہلی صورت میں نکاح کر دینے کی اجازت ہے اور دوسری صورت میں نکاح لیا ہوا منظور ہے۔ (در مختار)

مسئلہ: اذن طلب کرتے وقت اس نے سن کر بھی جواب نہ دیا اس لیے کہ اسے کھانسی یا ہچکی آ گئی یا کسی نے اس کا منہ بند کر دیا کہ بول نہ سکی تو ان صورتوں میں وہ چپ رہنا اجازت نہیں اس کے بعد وہ رد کر سکتی ہے اور ہنسنا اگر بطور مذاق اڑانے کے ہو یا رونا آواز سے ہو تو اذن نہیں۔ (عالمگیری)

مسئلہ: عورت سے قبل نکاح اذن لینے کے اس نے کہا کسی اور سے ہو تا تو بہتر تھی تو یہ انکار ہے اور اگر نکاح کے بعد خبر دی گئی اور عورت نے وہی لفظ کہے تو سمجھا جائے گا کہ اسے یہ نکاح قبول ہے۔ (در مختار)

مسئلہ: اذن لینے میں یہ ضروری ہے کہ جس سے نکاح کرنا ہو اس کا نام اس طرح لیا جائے کہ وہ عورت اس مرد کو پہچان سکے اور بہتر ہے کہ اذن لیتے وقت مہر کا بھی ذکر کر دیا جائے۔ (در مختار)

مسئلہ: اجازت جس طرح قول سے ہوتی ہے۔ مثلاً عورت خبر نکاح سن کر کہے میں نے جائز کیا یا اجازت دی یا راضی ہوئی، یا مجھے قبول ہے یا اچھا کیا یا خدا مبارک کرے

وغیرہ الفاظ رضا۔ یونہی اس فعل یا حال سے بھی ہو جاتی ہے جس سے رضامندی سمجھی جائے مثلاً عورت مبارکباد لے یا خبر نکاح سن کر خوشی سے ہنسے یا مسکرائے وغیرہ وغیرہ۔

(فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: نابالغ لڑکے اور لڑکی کے نکاح کے لیے ولی شرط ہے۔ بغیر ولی ان کا نکاح نہیں ہو سکتا اور عاقلہ بالغہ نے ولی کی اجازت کے بغیر بطور خود اپنا نکاح خفیہ خواہ اعلانیہ کر لیا تو اس سے منعقد اور صحیح ہونے کے لیے یہ شرط ہے کہ شوہر اس کا کفو ہو یعنی مذہب یا نسب یا پیشے یا مال یا چال چلن میں عورت سے اتنا کم نہ ہو کہ اس کے ساتھ اس کا نکاح ہو جانا عورت کے اہل خاندان اور اولیاء کے لیے ننگ و عار اور بدنامی کا باعث ہو۔ اگر ایسا ہے تو وہ نکاح نہ ہوگا۔ ہاں عورت نے بشرطیکہ عقل سے بہرہ ور اور بالغہ ہو اپنے کفو میں، اولیاء سے اجازت لیے بغیر نکاح کر لیا تو نکاح صحیح ہو گیا۔ (درمختار وغیرہ)

مسئلہ: نابالغہ کا انکار و اقرار کوئی چیز نہیں۔ ان کے حق میں مسنون طریقہ یہ ہے کہ اولیاء خود ایجاب و قبول کریں یا ان کی اجازت سے ان کے وکیل۔ نابالغوں سے ایجاب و قبول کہلوانے کی ضرورت نہیں اگرچہ وہ بات سمجھتے اور اور الفاظ و معنی کا قصد کر سکتے ہوں۔ تاہم اگر ولی کی اجازت سے ہے تو نافذ بھی ہے ورنہ اجازتِ ولی پر موقوف ہے جبکہ کوئی مانعِ شرعی نہ ہو۔ (فتاویٰ رضویہ وغیرہ)

مسئلہ: نابالغ لڑکا اور لڑکی اگرچہ ثیب ہو ان کے نکاح پر ان کے ولی کو ولایتِ اجبار حاصل ہے یعنی اگرچہ یہ لوگ نہ چاہیں ولی نے جب نکاح کر دیا، ہو گیا۔ پھر اگر باپ دادا نے نکاح کر دیا ہے تو اگرچہ مہرِ مثل سے بہت کم یا زیادہ پر کیا یا غیرِ کفو سے کیا جب بھی ہو جائے گا بلکہ لازم ہو جائے گا کہ ان کو بالغ ہونے کے بعد اس نکاح کے توڑنے کا اختیار نہیں اور اگر باپ دادا کے سوا کسی اور نے کیا ہے اور غیرِ کفو یا مہرِ مثل میں زیادہ کمی بیشی کے ساتھ ہو تو مطلقاً صحیح نہیں۔ اور اگر کفو سے مہرِ مثل کے کیا ہے تو صحیح ہے مگر بالغ ہونے کے بعد فسخ کا اختیار ہو گا اگرچہ خلوت بلکہ وطی ہو چکی ہو۔ (درمختار وغیرہ)

مسئلہ: جن صورتوں میں بالغ ہونے کے بعد عورت کو نکاح فسخ کرنے کا اختیار ہے

وہاں یہ بات بھی ضروری ہے کہ عورت جس وقت بالغہ ہوئی اسی وقت کسی کو گواہ بنائے کہ میں ابھی بالغ ہوئی اور اپنے نفس کو اختیار کرتی ہوں اور رات میں اگر اسے حیض آیا تو اسی وقت اپنے نفس کو اختیار کر لے اور صبح کو گواہوں کے سامنے اپنا بالغ ہونا اور اختیار کرنا بیان کرے مگر یہ نہ کہے کہ رات کو بالغ ہوئی بلکہ یہ کہے میں اس وقت بالغ ہوئی اور اپنے نفس کو اختیار کیا اور اس لفظ سے یہ مُراد لے کہ میں اس وقت بالغ ہوں تاکہ جھوٹ نہ ہو۔ (بزازیہ وغیرہ)

مسئلہ: عورت کو یہ معلوم نہ تھا کہ اسے خیارِ بلوغ حاصل ہے، اس بنا پر اس نے اس پر عمل درآمد نہ کیا۔ اب اسے یہ مسئلہ معلوم ہوا تو اب کچھ نہیں کر سکتی کہ اس کے لیے جہل عذر نہیں کہ نہ معلوم کرنا اور نہ سیکھنا خود اس کا قصور ہے۔ لہٰذا معذوری نہیں۔ (درمختار وغیرہ) عورتیں ان مسائل کو خوب ذہن نشین کر لیں۔

مسئلہ: لڑکی کم از کم نو برس میں اور زیادہ سے زیادہ پندرہ برس کی عمر میں بالغہ ہوتی ہے، اس بیچ میں جب آثار بلوغ ظاہر ہوں وہ بالغہ ہے ورنہ پندرہ سال پورے ہونے پر اس کے بالغ ہونے کا حکم دے دیا جائے گا۔ اگرچہ آثار بلوغ کچھ ظاہر نہ ہوں۔

(عامہ کتب)

مسئلہ: نکاح کے لیے وکیل کسی طرف کا ضروری نہیں اور دونوں طرف سے بھی ہو سکتے ہیں اور ایک طرف سے بھی، جدھر سے چاہیں۔

کفو کا بیان

نوع انسانی کی جتنی قومیں یا نسلیں دنیا میں پائی جاتی ہیں، وہ دراصل ایک ابتدائی نسل کی شاخیں ہیں جو ایک ماں اور ایک باپ سے شروع ہوئی تھیں۔ اس کے باوجود نوع انسانی کا قوموں، قبیلوں اور کنبوں میں تقسیم ہو جانا ایک فطری امر تھا۔ ظاہر ہے کہ پورے روئے زمین پر سارے انسانوں کا ایک خاندان تو نہیں ہو سکتا تھا، نسل بڑھنے کے

ساتھ بے شمار خاندانوں اور پھر خاندانوں سے قبیلوں اور کنبوں کا وجود میں آنا لازمی امر تھا۔ اسی طرح زمین کے مختلف خطوں میں آباد ہونے کے بعد رنگ، خدوخال، زبان، اور طرز رہائش کے اعتبار سے لا محالہ انہیں ایک دوسرے سے مختلف ہونا ہی تھا اور ایک خطے کے رہنے والوں کو باہم قریب تر اور دور دراز کے خطوں کے رہنے والوں کو ان سے دور تر رہنا ہی تھا تاکہ جو ایک دوسرے کے قریب ہیں وہ ایک دوسرے کے رفیق کار اور معاون و مددگار ہوں اور ایک خاندان، ایک برادری، ایک قبیلے اور ایک قوم کے لوگ مل کر مشترک معاشرہ قائم رکھیں تاکہ ایک دوسرے کے ساتھی ایک دوسرے کے بہی خواہ اور ہمدرد بن کر رہیں۔ شادی بیاہ میں بھی اس حقیقت کو معتبر مانا گیا اور قبیلوں اور کنبوں میں باہمی رواداری کی بقا کی خاطر مرد و عورت میں نکاح کے وقت اس کا لحاظ رکھا گیا۔ شریعت کی زبان میں اسی کو کفو کہتے ہیں۔ نکاح کو ہر پہلو سے مکمل کرنے کے لیے شریعت نے کفو کا بھی لحاظ کیا ہے۔

کفاءت میں یہی روح کار فرما ہے کہ عائلی زندگی کی بنیاد ایسے امور پر رکھی جائے جس سے خاندان اور گھرانہ آباد اور شاد کام رہے۔ اَن میل اور بے جوڑ شادیاں، عموماً تباہی و بربادی کا پیش خیمہ ثابت ہوتی ہے۔ پھر ایسی شادیاں، عورتوں کے اصل زیور حیاو شرم سے انہیں ننگا بھی کر دیتی ہیں اور یہ عورت کی جیتے جی موت ہے۔

مسئلہ: کفاءت میں چھ چیزوں کا اعتبار ہے۔ نسب، اسلام، حرفت، حریت، دیانت، مال۔ اور خلاصہ ان سب کا یہ ہے کہ عورت جس مرد سے نکاح کرنا چاہتی ہے، وہ اپنے نسب یا مذہب یا چال چلن یا پیشہ میں اتنا کم نہ ہو کہ اس سے نکاح کے باعث عورت کے اولیاء کو دنیاوی اعتبار سے ننگ و عار اور بدنامی و رسوائی کا سامنا ہو اور ان کے لیے باعزت طور پر جینا دو بھر ہو جائے۔ بلکہ خود اس کے حق میں اس کا شوہر وبالِ جان بن جائے۔

مسئلہ: دیانت یا دین داری میں کفو ہونے کا مطلب یہ ہے کہ ایک دین دار، خدا ترس مسلمان کا کفو وہ فاسق و فاجر نہیں ہو سکتا جس کا فسق و فجور، اس دیندار کے لیے

رسوائی وذلت کا موجب ہو اگرچہ اس دیندار کی لڑکی خود متقیہ نہ ہو۔ (در مختار)

تنبیہ: ظاہر ہے کہ فسق اعتقادی (بد دینی و بد مذہبی) فسق عملی یعنی بد چلنی سے بدرجہا بدتر ہے لہٰذا سنی عورت کا کفو وہ بدمذہب نہیں ہو سکتا جس کی بدمذہبی حد کفر تک نہ پہنچی ہو اور جو بدمذہب ایسے ہیں کہ ان کی بدمذہبی حد کفر تک پہنچی ہو ان سے تو نکاح ہو ہی نہیں سکتا کہ وہ مسلمان ہی نہیں کفو ہونا تو بڑی بات ہے۔ جیسے روافض، وہابیۂ زمانہ کہ ان کے عقائد و اقوال نے انہیں اسلامی برادری میں رہنے کے قابل ہی نہ رکھا۔

قرآن کریم نے اس بات میں دو ٹوک فیصلہ یہ دیا کہ:

وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكٰتِ حَتّٰى يُؤْمِنَّ۔ (البقرہ: ۲۲۱)

اور شرک والی عورتوں سے نکاح نہ کرو جب تک مسلمان نہ ہو جائیں اور بے شک مسلمان لونڈی مشرکہ سے اچھی ہے۔ اگرچہ وہ تمہیں بھاتی ہو اور اپنی عورتوں کو مشرکوں کے نکاح میں نہ دو جب تک وہ ایمان نہ لائیں اور بے شک مسلمان غلام مشرک سے اچھا ہے اگرچہ وہ تمہیں بھاتا ہو۔ وہ دوزخ کی طرف بلاتے ہیں اور اللہ جنت اور بخشش کی طرف بلاتا ہے، اپنے حکم سے اور اپنی آیتیں لوگوں کے لیے بیان کرتا ہے کہ کہیں وہ نصیحت مانیں۔

مشرکین کے ساتھ شادی بیاہ کی ممانعت کی علت و حکمت یہ ہے کہ یہ لوگ مسلمانوں کو خواہ مرد ہوں یا عورت، ان اعمال اور ان عقائد کی طرف، اس طریقِ زندگی کی طرف بلاتے اور اس بود و باش کی طرف آمادہ کرتے ہیں جو جہنم کی طرف لے جانے والے ہیں۔ اور یہ علت جس طرح غیر مسلموں، کافروں، مشرکوں میں پائی جاتی ہیں اسی طرح ان مرتدین میں بھی بدرجۂ اتم پائی جاتی ہے۔ جو کلمہ پڑھ کر، ضروریاتِ دینیہ میں سے کسی ضرورتِ دینی کا انکار کرتے ہیں تو ان کے اعمال و عقائد بعینہٖ کافروں، مشرکوں کے اعمال و عقائد ہیں۔

ہم پہلے بتا چکے ہیں کہ عورت مرد کے درمیان نکاح کا تعلق محض ایک شہوانی اور جنسی خواہشات کی تکمیل کا تعلق نہیں بلکہ وہ ایک گہرا تمدنی اخلاقی اور قلبی تعلق ہے۔ انتہائی الفت و رفق کا تعلق ہے اور قرآن حکیم گواہ ہے کہ زناشوئی وہ عظیم زشتہ ہے کہ

خواہی نخواہی باہم انس و محبت اور الفت و رافت پیدا کرتا ہے اور حدیث شاہد ہے کہ عورت کے دل میں جو بات شوہر کی ہوتی ہے کسی کی نہیں ہوتی۔ (ابن ماجہ و حاکم) تو جہاں اس امر کا امکان ہے کہ کافروں، مرتدوں اور بد دینوں سے شادی بیاہ کے مراسم ایک دوسرے کے طرز زندگی اور عقائد و اعمال پر اثر ڈالیں گے، وہیں اس امر کا بھی امکان ہے کہ ان تعلقات سے ان کے خاندان اور نسل بھی متاثر ہو اور غالب امکان اس امر کا ہے کہ ایسے تعلقات زنا شوئی سے، عقائد و اعمال کی ایک ایسی معجون مرکب اس گھر اور اس خاندان میں پرورش پائے گی جسے غیر مسلم خواہ کتنا ہی پسند کریں مگر اسلام کسی طرح پسند کرنے کو تیار نہیں۔ جو شخص صحیح معنوں میں صاحب ایمان ہو، وہ محض اپنے جذبات کی تسکین کے لیے کبھی یہ خطرہ مول نہیں لے سکتا کہ اس کے گھر اور اس کے خاندان میں کفر و ارتداد اور بے دینی و بد مذہبی پروان چڑھے اور اگر بالفرض ایک فرد مومن کسی بنیاد پر اس میں مبتلا ہو جائے تب بھی اس کے ایمان کا تقاضا یہی ہونا چاہیے کہ وہ اپنے خاندان اپنی نسل اور اپنے دین و اخلاق، اور عقائد و اعمال پر اپنے شخصی جذبات کو قربان کر دے۔ ایسے بے جوڑ، جوڑے عقائد و اعمال اور دین و اخلاق کی تباہی اور خاندان و نسل کی بربادی کا موجب بھی ہوتے ہیں اور وبالِ آخرت اور رسوائی و روسیاہی کا باعث بھی۔

مسئلہ: بالغ خود نکاح کرنا چاہے تو کفو عورت سے کر سکتا ہے کہ عورت کی جانب سے اس صورت میں کفاءت معتبر نہیں۔ چنانچہ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے شہربانو سے جو پرویز بادشاہ ایران کی پوتی تھیں، شادی کی اور حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد میں ایمان لائیں اور نابالغ میں دونوں طرف سے کفو ہونے کا اعتبار ہے۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: مال میں کفاءت کے معنی یہ ہیں کہ مرد کے پاس اتنا مال ہو کہ مہر معجل اور نفقہ دینے پر قادر ہو تو ایک ایسا شخص جو ادائے نان و نفقہ پر قادر نہ ہو غنی کا کفو نہیں ہو سکتا۔ ہاں اس کی ضرورت نہیں کہ مال میں یہ اس کے برابر ہو۔ (خانیہ)

مسئلہ: جن لوگوں کے پیشے ذلیل سمجھے جاتے ہیں وہ اچھے پیشے والوں کے کفو نہیں

ہو سکتے۔ مثلاً جوتا بنانے والے (موچی) چمڑا پکانے والے سائین چرواہے' یہ بزاز عطر فروش وغیرہ تاجروں کے جن کا پیشہ دنیاوی اعتبار سے شریف پیشہ مانا جاتا ہے۔ کفو نہیں ہو سکتے۔ (ردالمحتار)

عورت کا حق مہر

قرآن کریم میں مہر کا مختلف عبارتوں اور اسلوبوں میں ذکر اور مہر کی بار بار تاکید سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ شریعت اسلامی میں عورتوں کے حق کا کس درجہ اہتمام فرمایا گیا ہے۔ جنسی خواہشات کی تکمیل کے لیے مرد کو چھوٹی بڑی رقم تو خرچ کرنی ہی ہوتی ہے خواہ یہ تکمیل حدودِ شریعت میں رہتے ہوئے بصورتِ نکاح ہو یا حدودِ شرع سے تجاوز کر کے بصورتِ زنا ہو۔ فرق یہ ہے کہ نکاح سے زندگی' اصولی زندگی بن کر انسانوں کی طرح مقید و پابند ہو جاتی ہے۔ ورنہ بصورتِ دیگر انسان وحشی جانوروں کی طرح چھوٹا رہتا ہے۔

وہ رقم معین جس کا ادا کرنا' از روئے شریعت' شوہر پر واجب ہو' اصطلاحِ شرع میں اسے مہر کہتے ہیں۔ اور شریعتِ اسلامیہ نے مہر کا الزام اس حد تک کیا ہے کہ اگر نکاح میں مہر کا ذکر ہی نہ ہو یا اس کی مقدار مقرر نہ کی گئی ہو یا نفی کر دی گئی ہے اور اس نفی پر مرد و عورت دونوں راضی ہوں کہ نکاح بلا مہر قبول کیا تو اس صورت میں بھی مہر واجب قرار پائے گا۔

مسئلہ: مہر کی مقدار کم از کم دس درہم ہے اور زیادہ کی کوئی حد نہیں' جس قدر باندھا جائے گا لازم ہو جائے گا۔ درہم چاندی کا ایک سکہ تھا جو اب رائج نہیں۔ دس درہم کی مقدار وزن کے اعتبار سے قریباً دو روپے تیرہ آنے بھر یا دو تولہ سات ماشہ چار رتی چاندی ہے جس کی قیمت گھٹتی بڑھتی رہتی ہے۔ روپیوں کی صورت میں مہر مقرر کریں تو اس کا خیال ضرور رکھیں کہ یہ رقم' دس درہم چاندی کی قیمت سے کم نہ ہو۔

(فتاویٰ رضویہ وغیرہ)

مسئلہ: وطی یا خلوتِ صحیحہ یا زن و شوہر میں سے کسی کی موت کی صورت میں مہر موکد ہو جاتا ہے۔ یعنی شوہر پر پورا مہر لازم آتا ہے کہ جو مہر مقرر ہے اب اس میں کوئی کمی نہیں ہو سکتی۔ ہاں اگر صاحبِ حق نے کل مہر یا اس کا کوئی حصہ معاف کر دیا ہے تو معاف ہو جائے گا۔ اور مہر موکد نہ ہوا تھا مثلاً عورت کی رخصتی عمل میں نہ آئی تھی یا خلوتِ صحیحہ نہ پائی گئی اور شوہر نے طلاق دے دی تو نصف مہر واجب ہو گا۔ (درمختار وغیرہ)

مسئلہ: شغار یعنی ایک شخص نے اپنی لڑکی یا بہن کا نکاح دوسرے سے کر دیا اور دوسرے نے اپنی لڑکی یا بہن کا نکاح اس سے کر دیا اور ہر ایک کا مہر دوسرا نکاح ہے تو ایسا کرنا گناہ و منع ہے۔ اور مہر مثل واجب ہو گا۔ (درمختار)

مسئلہ: نکاح میں مہر کا ذکر ہی نہ ہوا یا مہر کی نفی کر دی کہ بلا مہر نکاح کیا تو نکاح ہو جائے گا اور اگر خلوتِ صحیحہ ہو گئی یا دونوں میں سے کوئی مر گیا تو مہرِ مثل واجب ہے۔ بشرطیکہ بعد عقد آپس میں کوئی مہر طے نہ پایا گیا ہو ورنہ وہی طے شدہ مہر ہے۔

(عالمگیری وغیرہ)

مسئلہ: عورت نابالغہ ہے اور اس کا باپ مہر معاف کرنا چاہتا ہے تو نہیں کر سکتا اور بالغہ ہے تو اس کی اجازت پر معافی موقوف ہے۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: خلوتِ صحیحہ یہ ہے کہ نکاح کے بعد عورت اور مرد تنہائی میں جمع ہوں اور کوئی چیز جماع سے مانع نہ ہو تو یہ خلوت بھی جماع ہی کے حکم میں ہے اور اگر دونوں ایک جگہ تنہائی میں جمع ہوئے مگر کوئی مانعِ شرعی (مثلاً عورت کا حیض و نفاس میں ہونا یا ان میں سے کسی کا رمضان کا روزہ دار ہونا) یا مانعِ حسی مثلاً مرد کا بیمار ہونا یا عورت کا اس حد تک بیماری میں مبتلا ہونا کہ وطی سے ضرر کا صحیح اندیشہ ہے یا مانعِ طبعی (کہ وہاں کوئی تیسرا موجود ہے۔ غرض ان میں سے کوئی مانع) پایا جاتا ہے تو یہ خلوتِ فاسدہ ہے، خلوتِ صحیحہ کے احکام اس پر نافذ نہ ہوں گے۔

مسئلہ: لڑکا جو اس قابل نہیں کہ وطی کر سکے اپنی عورت کے ساتھ تنہائی میں رہا یا

زوجہ اتنی چھوٹی لڑکی ہے کہ اس قابل نہیں اور اس کا شوہر اس کے ساتھ تنہائی میں رہا ان دونوں صورتوں میں خلوتِ صحیحہ نہ ہوئی۔ (عالمگیری)

مسئلہ: عورت کے خاندان کی اس جیسی عورت کا (کہ عمر جمال مال عقل تمیز دیانت پارسائی علم وادب اور کنواری یا بیاہی ہونے میں یکساں ہوں) جو مہر ہو وہ اس کے لیے مہرِ مثل ہے۔ مثلاً اس کی بہن، پھوپی، چچا کی بیٹی وغیرہ کا مہر، اس کی ماں کا مہر اس کے لیے مہرِ مثل نہیں جبکہ وہ دوسرے گھرانے کی ہو۔ اور اس کی ماں اسی خاندان کی ہو مثلاً اس کے باپ کی چچا زاد بہن ہے تو اس کا مہر اس کے لیے مہرِ مثل ہے۔ شوہر کا حال بھی ملحوظ ہوتا ہے۔ مثلاً جوان اور بوڑھے کے مہر میں اختلاف ہوتا ہے، شہر اور زمانہ کا بھی لحاظ رکھا جاتا ہے۔ (درمختار)

مسئلہ: مہر شرعی جو لوگ یہ سمجھ کر باندھتے ہیں کہ سب سے کم درجے کا مہر جو شریعت میں مقرر ہے تو اس صورت میں دو تولے سات ماشہ چار رتی چاندی وغیرہ دینی آئے گی اور جو یہ سمجھ کر باندھتے ہیں کہ جو مہر حضرت خاتونِ جنت کا تھا تو ڈیڑھ سو تولے چاندی آئے گی اور جس کی سمجھ میں کچھ نہیں خالی ایک لفظ بول دیتے ہیں تو وہاں مہر مثل لازم آتا ہے۔ (فتاویٰ رضویہ)

مہر کی قسمیں

مسئلہ: مہر تین قسم پر ہے۔ معجل کہ رخصت سے پہلے دینا قرار پالیا ہو۔ اس کے لیے عورت کو اختیار ہے کہ جب تک وصول نہ کرے، رخصت نہ ہو اور اگر رخصت ہوگئی تو اسے اب بھی اختیار ہے کہ جب چاہے مطالبہ کرے بلکہ مہر معجل وصول کرنے کے لیے عورت اپنے کو شوہر سے روک سکتی ہے۔ اگرچہ اس سے پیشتر عورت کی رضامندی سے خلوت دوطی ہو چکی ہو۔ یعنی یہ حق عورت کو ہمیشہ حاصل ہے جب تک وصول نہ کرلے۔ دوسرا معجل جس کی میعاد قرار پائی ہو کہ دس برس یا بیس برس یا پانچ

دن کے بعد ادا کیا جائے گا تو جب تک وہ میعاد نہ گزرے عورت کو مطالبہ کا اختیار نہیں اور میعاد گزرنے کے بعد ہر وقت مطالبہ کر سکتی ہے۔

تیسرا مؤخر کہ نہ پیشگی کی شرط ٹھہری ہو، نہ کوئی میعاد معین کی گئی ہو، یونہی مطلق و مبہم طور پر باندھا ہو جیسا کہ آج کل عام طور پر یونہی باندھتے ہیں اس میں تاوقتیکہ موت یا طلاق نہ ہو عورت کو مطالبہ کا حق نہیں۔ (فتاویٰ رضویہ، عالمگیری وغیرہ) اور یہ جو عوام میں مشہور ہے کہ مہر ادا کیے بغیر، عورت کو ہاتھ لگانا حرام ہے، محض غلط ہے۔

چند متفرق مسائل

(۱) جس لڑکی سے منگنی ہوئی اس کے پاس لڑکے کے یہاں سے مٹھائی شکر اور میوے وغیرہ آئے پھر کسی وجہ سے نکاح نہ ہوا تو اگر وہ چیزیں تقسیم ہو گئیں اور بھیجنے والے نے تقسیم کی اجازت بھی دے دی تھی تو واپس نہیں لے سکتا ہے۔ (عالمگیری) تقسیم کی اجازت صراحتاً ہو یا عرفاً مثلاً ان بلاد میں ایسے موقعوں پر ایسی چیزیں اسی لیے بھیجتے ہیں کہ لڑکی والا اپنے کنبہ اور رشتہ داروں میں بانٹے گا۔ یہ چیزیں اس لیے نہیں ہوتیں کہ رکھ لے گا یا خود کھا جائے گا۔ (بہار شریعت)

(۲) لڑکی والوں نے نکاح یا رخصت کے وقت شوہر سے کچھ لیا ہو یعنی بغیر لیے نکاح یا رخصت سے انکار کرتے ہوں اور شوہر نے دے کر نکاح یا رخصت کرائی تو شوہر اس چیز کو واپس لے سکتا ہے اور وہ نہ رہی تو اس کی قیمت لے سکتا ہے کہ یہ رشوت ہے۔ (بحر وغیرہ) اور رخصت کے وقت جو کپڑے بھیجے اگر بطور تملیک ہیں (کہ وہ چیزیں لڑکی والوں کی ملک میں دے دیں) جیسے ہندوستان میں عموماً رواج ہے کہ ڈال بری جوڑے بھیجے جاتے ہیں اور عرف یہی ہے کہ لڑکی کو مالک کر دیتے ہیں تو انہیں واپس نہیں لے سکتا اور تملیک نہ ہو تو لے سکتا ہے۔ (عالمگیری)

(۳) لڑکی نے ماں باپ کے مال اور اپنی دست کاری سے کوئی چیز جہیز کے لیے تیار کی اور اس کی ماں مر گئی، باپ نے وہ چیز جہیز میں دے دی تو اس کے بھائیوں کو یہ حق نہیں

پہنچتا کہ اس چیز میں ماں کی طرف سے میراث کا دعویٰ کریں۔ یونہی اس کا باپ جو کپڑے لاتا رہا، اس میں سے یہ اپنے جہیز کے لیے بنا کر رکھتی رہی اور بہت کچھ جمع کر لیا اور باپ مرگیا تو یہ اسباب لڑکی کا ہے۔ (عالمگیری)

(۴) شادی وغیرہ تمام تقریبات میں طرح طرح کی چیزیں بھیجی جاتی ہیں، اس کے متعلق ان علاقوں میں مختلف قسم کی رسمیں ہیں۔ ہر شہر میں اور ہر قوم میں جدا جدا رسوم ہیں۔ ان کے متعلق ہدیہ اور ہبہ کا حکم ہے یا قرض کا۔ عموماً رواج سے جو بات ثابت ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ دینے والے یہ چیزیں بطور قرض دیتے ہیں اسی وجہ سے شادیوں میں اور تقریب میں جب روپے دیئے جاتے ہیں تو ہر شخص کا نام اور رقم تحریر کر لیتے ہیں جب اس دینے والے کے یہاں تقریب ہوتی ہے تو یہ شخص جس کے یہاں دیا جاچکا ہے، فہرست نکالتا ہے اور اتنے روپے ضرور دیتا ہے جو اس نے دیئے تھے اور اس کے خلاف کرنے میں سخت بدنامی ہوتی ہے اور موقع پاکر کہتے بھی ہیں کہ نیوتے کا روپیہ نہیں دیا اگر یہ قرض نہ سمجھتے ہوتے تو ایسا عرف نہ ہوتا جو ان علاقوں میں ہے۔ (بہار شریعت)

(۵) کوئی عورت عدت میں تھی، اسے خرچ دیتا رہا، اس امید پر کہ بعد عدت اس سے نکاح کر لے گا اگر نکاح ہوگیا تو جو کچھ خرچ کیا ہے واپس نہیں لے سکتا اور عورت نے نکاح سے انکار کر دیا تو جو کچھ اسے بطور تملیک دیا ہے، واپس لے سکتا ہے اور جو بطور اباحت دیا ہے (کہ اس کی ملکیت میں دیئے بغیر اس کے برتنے یا کام میں لانے اور ضرورت پوری کرنے کو دیا) مثلاً اس کے یہاں کھانا کھاتی رہی تو یہ واپس نہیں لے سکتا ہے۔ (بہار شریعت)

(۶) جس مرد کی دو یا تین یا چار عورتیں ہوں، اس پر عدل فرض ہے۔ یعنی جو چیزیں اختیاری ہوں، ان میں سب عورتوں کو یکساں لحاظ کرے، یعنی ہر ایک کو اس کا پورا حق ادا کرے۔ پوشاک اور نان نفقہ اور رہنے سہنے میں سب کے حقوق پورے ادا کرے۔ حدیث شریف میں ہے کہ جس کی دو عورتیں ہوں اگر ان دونوں میں عدل نہ کرے گا تو قیامت کے دن حاضر ہوگا اس طرح پر کہ اس کا آدھا دھڑ ساقط (بیکار) ہوگا۔ (ترمذی) اور جو بات اس کے اختیار کی نہیں، اس میں مجبور و معذور ہے۔ مثلاً ایک کی زیادہ محبت ہے،

دوسری کی کم۔ یوں ہی جماع سب کے ساتھ برابر ہونا بھی ضروری نہیں۔ (درمختار)

(۷) ایک ہی بی بی ہے مگر مرد اس کے پاس نہیں رہتا بلکہ نماز روزہ میں مشغول رہتا ہے تو عورت شوہر سے مطالبہ کر سکتی ہے اور حکم دیا جائے گا کہ عورت کے پاس بھی رہا کرے کہ حدیث میں فرمایا: وان لزوجک علیک حقا تیری بی بی کا تجھ پر حق ہے۔ روزمرہ شب بیداری اور روزے رکھنے میں اس کا حق تلف ہوتا ہے، اسے چاہیے کہ عورت کا بھی لحاظ رکھے اس کے لیے بھی کچھ وقت دے۔ (جوہرہ نیرہ وغیرہ)

(۸) شوہر بناؤ سنگھار کو کہتا ہے یہ نہیں کرتی (گھر میں میلی کچیلی پراگندہ حال رہتی ہے) یا وہ اپنے پاس بلاتا ہے اور یہ نہیں آتی۔ اس صورت میں شوہر کو مارنے کا بھی حق ہے اور نماز نہیں پڑھتی تو طلاق دے سکتا ہے۔ (عالمگیری)

(۹) ایسی عورتیں جو آپس میں سوت ہیں، ایک ہی مکان میں رہنے پر خود راضی ہوں تو رہ سکتی ہیں مگر ایک کے سامنے دوسری سے وطی نہ کرے۔ اگر ایسے موقع پر عورت نے انکار کر دیا تو نافرمان نہیں قرار دی جائے گی۔ (عالمگیری)

طلاق کا بیان

قرآن عظیم کا ارشاد گرامی ہے:

وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً۔

اللہ کی نشانیوں سے ہے کہ اس نے تمہیں میں سے تمہارے جوڑے بنائے کہ تم ان سے مل کر چین پاؤ، اور تمہارے آپس میں دوستی و مہر رکھی۔

اس آیۂ کریمہ میں اسلام کے خانگی نظامِ زندگی اور اہل و عیال کے ساتھ گزر بسر کے لیے چند باتیں بطور اصل کے بیان فرمائی گئی ہیں۔

(۱) مردوں کو بتایا گیا ہے کہ تمہاری بیویاں، تمہاری ہی ہم جنس مخلوق ہیں۔ انسانیت میں تمہاری ہی طرح ہیں، تمہاری طرح ان کی بھی کچھ خواہشیں، کچھ جذبات اور کچھ

احساسات ہیں۔ ان کی حیثیت لونڈی باندیوں کی نہیں۔

(۲) عورتوں کی پیدائش کا منشاء یہ ہے کہ وہ مردوں کے لیے راحتِ قلبی اور تسکینِ روحانی کا سرمایہ اور دلی سکون کا باعث ہوں۔

(۳) مرد اپنی فطرت کے تقاضے عورت کے پاس، اور عورت اپنی فطرت کی مانگ مرد کے پاس آئے اور دونوں ایک دوسرے سے وابستہ ہو کر سکون و اطمینان حاصل کریں۔

(۴) مرد عورت کے تعلقات کی بنیاد، باہمی محبت و اخلاص اور ہمدردی پر ہونا چاہیے۔ ان کے اندر دو طرفہ ایسی کشش و جذب اور میلان ہونا چاہیے کہ وہ ایک دوسرے کے خیر خواہ، ہمدرد و غم خوار اور رنج و راحت میں شریک رہیں اور زندگی کی منجدھار میں اپنی کشتی ایک ساتھ کھینچتے رہیں۔

(۵) مرد عورت میں ایک دوسرے کے لیے وہ مانگ، وہ پیاس، وہ اضطراب کی کیفیت پائی جاتی ہے کہ انہیں حقیقی سکون میسر نہیں آسکتا۔ جب تک وہ ایک دوسرے سے جڑ کر اور باہم شیر و شکر ہو کر نہ رہیں۔

الغرض قرآن کریم نے اس باب میں سخت تاکید کی ہے کہ وہ عہد و پیمان جو زن و شوہر کے درمیان شرعی طور پر وجود میں آئے ہیں۔ حتی الامکان قائم رکھے اور مقدور بھر انہیں ٹوٹنے نہ دیا جائے۔

لیکن دو طرفہ تعلقات میں جب ہمدردی و غم خواری باقی نہ رہے، محبت و اخلاص ناپید ہو جائے، وہ ایک دوسرے کے لیے راحت و تسکین کا سرمایہ نہ بن سکیں۔ حقوقِ زوجیت تلف ہونے لگیں غرض نبھاؤ مشکل ہو جائے اور دفعِ شر کے لیے علیحدگی کے سوا کوئی چارۂ کار باقی نہ رہے تو ایسی صورت شریعتِ مطہرہ نے علیحدگی و جدائی کے لیے بھی ایک نظام، ایک قانون دیا جسے عرف شریعت میں طلاق کہا جاتا ہے۔

طلاق کے لفظی معنی چھوڑ دینے کے ہیں اور شریعت نے اسے ایک خاص چھوڑنے کے معنی میں استعمال کیا ہے۔ یعنی وہ افتراق یا جدائی جو زن و شوہر کے درمیان واقع ہو، یا یوں کہہ لیں کہ نکاح سے عورت شوہر کی پابند ہو جاتی ہے، اس پابندی کو اٹھا

دینے کو طلاق کہتے ہیں۔

شریعت میں طلاق مباح ہے مگر ابغض المباحات یعنی تمام حلال چیزوں میں خدا کے نزدیک زیادہ ناپسندیدہ، اسی لیے شریعت نے اس نظام پر بھی چند پابندیاں عائد کردی ہیں جن کی وجہ سے طلاق کی اجازت کا استعمال محض وقتی اور ہنگامی اثرات کا نتیجہ نہ ہو۔

طلاق کا وجود خاص خاص دشواریوں کے حل کے لیے ضروری ہے اور اس وقت طلاق کی ضرورت ایسی ہی ہو جاتی ہے جیسے کسی حصۂ جسم میں زہریلا مادہ پیدا ہو جانے کے باعث اس کا جسم انسانی سے بذریعہ قطع و برید جدا کرنا ضروری ہو جاتا ہے۔ اگرچہ عضو کاٹنا بہرحال ناپسندیدہ سمجھا جائے۔

طلاق دینے والے کو شریعتِ مطہرہ پہلے سمجھاتی ہے کہ اب وہ ایک ایسے خطرناک فعل کا اقدام کرنے لگا ہے جو اللہ تعالیٰ کو ناپسندیدہ ہے اور مبغوض بھی لہٰذا جب تک یہ مسلم نہ ہو جائے کہ صرف یہی ایک صورت، مرد کے بقاء و صحت اور حفاظت عزت و ایمان کی رہ گئی ہے اس وقت تک اس پر عمل نہیں کرنا چاہیے۔ قرآن کریم نے اس کے لیے چند تفصیلی احکام دیئے۔

(۱) مثلاً فرمایا کہ:

فَاِنْ كَرِهْتُمُوْهُنَّ فَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا وَّ يَجْعَلَ اللّٰهُ فِيْهِ خَيْرًا كَثِيْرًا۔

اور اگر وہ عورتیں تمہیں ناپسند ہوں تو عجب کیا کہ ایک چیز تمہیں پسند نہ ہو اور اللہ نے اسی میں بہت کچھ بھلائی رکھ دی ہے۔

مطلب یہ ہے کہ اگر عورت میں کوئی ایسا نقص موجود ہو جس کی بنا پر وہ شوہر کو پسند نہ آئے تو بھی یہ مناسب نہیں کہ شوہر فوراً دل برداشتہ ہو کر اسے چھوڑنے پر آمادہ ہو جائے۔ بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ عورت میں بہت سی خوبیاں ایسی ہوتی ہیں جو ازدواجی زندگی اور گرہستی میں بڑی اہمیت رکھتی ہیں کہ اگر اسے اپنی ان خوبیوں کے اظہار کا موقع ملے تو شوہر پر خود یہ بات عیاں ہو جائے گی کہ اس کی بیوی میں برائیوں کے مقابلے میں خوبیاں کہیں زیادہ پائی جاتی ہیں۔ لہٰذا یہ بات پسندیدہ نہیں کہ آدمی ازدواجی تعلق کو منقطع کرنے میں جلد بازی سے کام لے۔ طلاق بالکل آخری چارۂ کار ہے، جس کو

بدرجہ مجبوری کام میں لانا چاہیے۔

(۲) اسی سورہ نساء میں فرمایا:

وَاِنِ امْرَاَةٌ خَافَتْ مِنْۢ بَعْلِهَا نُشُوْزًا۔ (الآیہ)

اور اگر کوئی عورت اپنے شوہر کی زیادتی یا بے رغبتی کا اندیشہ کرے تو ان پر گناہ نہیں کہ آپس میں صلح کرلیں اور صلح خوب ہے۔

یعنی ایک عورت اگر اپنے سے اپنے شوہر کو پھرا ہوا دیکھے کہ اس سے علیحدہ رہتا ہے یا کھانے پینے کو نہیں دیتا یا نان نفقہ میں کمی کرتا ہے یا مارتا یا بدزبانی سے پیش آتا ہے اور اس سے دور دور رہتا ہے تو طلاق و جدائی اختیار کرنے سے یہ بات کہیں بہتر ہے کہ عورت اپنے حقوق کا کوئی حصہ، شوہر پر معاف کردے۔ اسے خوش کرنے کے لیے اپنے حق میں سے کچھ چھوڑ دے۔ مثلاً اپنا مہر معاف کردے یا اس میں کمی کردے۔ اپنی باری کا دن دوسری بیوی کو دے دے۔ اپنے مصارف کا بار ہلکا کردے اور اس باہمی مصالحت اور میل ملاپ کے بعد عورت اسی شوہر کے ساتھ رہے جس کے ساتھ وہ عمر کا ایک حصہ گزار چکی ہے۔

ازدواجی تعلقات میں تلخی دور کرنے کے لیے یہ ایک ایسا نسخہ ہے جسے شریعت مطہرہ نے عورت کے اختیار و تصرف میں دیا۔

(۳) بیویاں اگر ناشائستہ، ناشزہ، نافرمان اور حقوق شوہر سے لاپرواہ ہوں جس کے باعث پرمسرت ازدواجی زندگی کے بجائے آپس میں تصادم اور دھینگا مشتی شروع ہو جائے تو ایسی صورت میں اصلاحِ احوال کے لیے قرآن کریم نے مردوں کو تین تدبیریں بتائیں۔

(۱) فَعِظُوْهُنَّ انہیں سمجھاؤ اور بتاؤ کہ شوہر کی نافرمانی اور اس کی اطاعت نہ کرنے اور اس کے حقوق کا لحاظ نہ رکھنے کے نتیجے دنیا و آخرت دونوں میں خسران و وبال کے سوا کچھ نہیں اور خدا کا عذاب مول لینا کوئی دانشمندی کی بات نہیں۔

اگر عورت شریف طینت ہے تو اس کے لیے اتنا ہی کافی ہوگا۔ اس میں بھی شوہر

کو یہ تعلیم ہے کہ فوراً غصہ میں آکر کوئی کارروائی نہ کرے۔

(ب) اب بھی اگر صلاح نہ ہو تو سزا کی دوسری منزل یہ ہے کہ وَاهْجُرُوْهُنَّ فِی الْمَضَاجِعِ مرد کچھ عرصے کے لیے عورت سے بات چیت ترک کریں، انہیں خواب گاہوں میں تنہا چھوڑ دیں اور تعلقات ہم بستری منقطع کرلیں۔

(ج) یہ تدبیر بھی کارگر نہ ہو اور عورت اپنی سرکشی و نافرمانی پر قائم رہے جیسا کہ بعض رذیل طبقوں میں دیکھا جاتا ہے تو اب تیسرا علاج یہ ہے کہ وَاضْرِبُوْهُنَّ تادیب کے طور پر ہلکی سی مار ماری جائے۔ ایسی ضرب نہ مارے جس سے جلد پر نشان ہو جائے، عورت کیسی ہی بے غیرت کیوں نہ ہو معمولی مار سے راہ راست پر آجاتی ہے۔ تاہم بعض بدخصلت عورتیں ایسی ہوتی ہیں کہ وہ کسی تدبیر سے درست ہی نہیں ہوتیں اور اپنی سرکشی و نافرمانی میں حد سے تجاوز کر جاتی ہیں تو اب شریک زندگی سے نبھاؤ کے تمام راستے بند ہو جاتے ہیں۔ اس روز کی چیخ و پکار کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ گھر گھر رسوائی ہوتی ہے اور مرد عورت دونوں کے لیے یہ دنیا جہنم کا نمونہ بن جاتی ہے۔ ایسی حالت میں شریعتِ مطہرہ پھر دونوں کو ایک اور موقع دیتی ہے اور وہ یہ کہ فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا۔

یعنی جہاں میاں بیوی میں ناموافقت اور ایسی کشمکش پیدا ہو جائے جسے وہ باہم نہ سلجھا سکیں تو دو ثالث مقرر کیے جائیں تاکہ نزاع سے انقطاع (علیحدگی) تک نوبت پہنچنے یا عدالت میں معاملہ جانے سے پہلے، گھر کے گھر میں کوئی اصلاح کی صورت نکل آئے۔ میاں بیوی میں نزاع ہونے میں یہ ہرگز نہ ہونا چاہیے کہ فوراً طلاق طلاق ہو جائے یا کسی اور ایسی ہی کارروائی کی نوبت آجائے بلکہ پہلے یہ کوششیں، مصالحت و مفاہمت کی کرلی جائیں، رشتۂ ازدواج ایک اہم ترین رشتہ ہے۔ اس پر بے پروائی سے ضرب نہیں لگائی جانی چاہیے اور اس مصالحت و مفاہمت کی تدبیر یہ ہے کہ میاں بیوی میں سے ہر ایک کے خاندان کا ایک ایک آدمی اس غرض سے مقرر کیا جائے کہ دونوں مل کر اختلاف کے اسباب کی چھان بین کریں اور پھر آپس میں سر جوڑ کر بیٹھیں اور تصفیہ کی کوئی صورت نکالیں اسلام کو یہ بات پسند نہیں کہ خانگی الجھنوں اور میاں بیوی کے مابین مناقشوں کا

علم ہونے کے باوجود ان کے خاندان کے بااثر بارسوخ اور باوقار افراد، دامن سمیٹ کر الگ تھلگ ہو جائیں جیسے کہ ان کا اس سے کوئی تعلق ہی نہیں۔ بلکہ حکم یہ ہے کہ اس خانگی نزاع کو یہ لوگ اپنا ہی معاملہ سمجھیں اور اپنی سی کوشش میں کوئی کمی نہ کریں بلکہ زوجین اگر اپنے اپنے رشتہ داروں میں سے خود ہی کسی کو منتخب نہ کریں تو انہیں چاہیے کہ اپنے اپنے خاندانوں کے وقار کی خاطر مداخلت کریں اور احکامِ شرعیہ کی روشنی میں مناسب فیصلہ دیں۔ ماننا نہ ماننا ان دونوں کے اختیار میں ہے۔

اب بھی اگر اصلاح نہ ہو اور اصلاحِ احوال کی تمام تدبیریں رائیگاں جائیں اور قصور کا بوجھ صرف عورت پر ہو تو اب شوہر کو اجازت ہے کہ اسے طلاق دے دے۔ زمانۂ جاہلیت میں دستور تھا کہ ایک شخص اپنی بیوی کو بے حساب و کتاب، طلاق دینے کا مجاز تھا جس عورت سے اس کا شوہر بگڑ جاتا وہ اس کو بار بار طلاق دے کر رجوع کرتا رہتا تھا تاکہ وہ غریب نہ تو اس کے ساتھ گزر بسر کر سکے اور نہ ہی اس سے آزاد ہو کر کسی اور سے نکاح کر سکے۔ قرآنِ مجید و حدیث شریف نے اس ظلم کا دروازہ ہمیشہ کے لیے بند کر دیا اور طلاق کے باب میں شوہروں پر پابندیاں عائد کیں اور انہیں بتایا کہ اگر تم عورتوں کو طلاق دینے پر مجبور ہو جاؤ اور سوائے طلاق کے کوئی اور چارۂ کار نہ رہے تو اس کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ جب عورت اپنے ایام معمولہ (حیض) سے فارغ ہو تو حالتِ طہر میں ایک مرتبہ طلاق دی جائے اور اگر جھگڑا ایسے زمانہ میں ہوا جبکہ عورت ایام ماہواری میں ہو تو شوہر کو اس وقت کا انتظار کرنا چاہیے جب وہ ایام ماہواری سے فارغ ہو جائے ان ایام کا یہ انتظار بھی پہلی طلاق کے روک کے لیے ہے اب پہلی طلاق کے بعد بھی عورت کے دل میں ندامت نہ ہو یا شوہر کے دل میں برداشت کی طاقت نہ ہو اور ایک ماہ گزرنے پر عورت دوسری بار حیض سے فارغ ہو جائے تو اب شوہر دوسرے مہینے میں طلاق دے سکتا ہے۔

اب پھر ایک مہینے کی لمبی میعاد ان دونوں کے درمیان ہے، اس میعاد میں اگر جھوٹے غصے بے جا بدگمانیاں اور فضول شکایتیں معدوم ہو چکیں اور دونوں میں پھر نبھاؤ کی خواہشیں بیدار ہو رہی ہیں تو شریعتِ مطہرہ، مرد کو رجعت کا حکم دیتی ہے اور اس

رجعت کے آڑے آنے والی جھوٹی ناموریوں، خاندانی وجاہتوں، دنیاوی طعنوں اور دشنام طرازیوں کو کچل کر، دونوں کو پھر دوبارہ میاں بیوی کی طرح رہنے کی اجازت دیتی ہے بلکہ پہلی یا دوسری طلاق کی عدت بھی گزر جائے تب بھی دونوں کے لیے موقع باقی رہتا ہے کہ پھر باہمی رضامندی سے نکاح کرلیں گویا اس آخری گنجائش سے فائدہ اٹھا کر طلاق واپس لے لی جائے اور تعلقاتِ زوجیت از سرنو قائم کیے جائیں۔ البتہ شریعتِ مطہرہ نے مردوں کو تنبیہہ فرمائی کہ رجوع کرتے ہو تو اس نیت سے کہ اب حسن سلوک سے رہنا ہے۔ ورنہ بہتر یہ ہے کہ شریفانہ طریقہ پر رخصت کردو زوجیت میں واپسی خانہ آبادی کے لیے ہونا چاہیے نہ کہ خانہ بربادی کے لیے۔

بہرحال اب ان دو طلاقوں کے بعد بھی ناخوشگوار تعلقات کا خاتمہ نہ ہوا اور نفرت و ضد کی بنیاد ایسی مضبوط ہے کہ مرد اب تک طلاق ہی پر تلا ہوا ہے، ادھر عورت دوسری طلاق کے بعد ایام ماہواری سے فارغ ہو چکی ہے تو اب شریعت اسے بتلاتی ہے کہ دیکھ یہ ہما تیرے ہاتھ سے نکلنے والی ہے۔ چڑیا اڑ گئی تو کف افسوس ہی ملنا پڑے گا۔ خوب سمجھ لے لیکن مرد اپنی بات پر اڑا ہوا ہے تو شریعت اسے مجبور نہیں کرتی اور معاہدۂ شادی کو زندگی بھر کے لیے طوقِ لعنت بنانا گوارا نہیں کرتی۔ البتہ اس تیسری طلاق کے بعد نہ تو شوہروں کو رجوع کا حق باقی رہتا ہے اور نہ اس کا ہی موقع رہتا ہے کہ دونوں کا پھر نکاح ہو سکے۔ اب حلالہ کے سوا کوئی چارۂ کار نہیں۔

اعتذار

فقیر کو ان مباحث کی تحریر کے دوران کئی بار یہ خیال آیا کہ ان بحثوں اور موشگافیوں سے عورت کو کیا واسطہ۔ لیکن معاً اس خیال سے دل کو تسکین ملتی رہی کہ ماشاء اللہ قوم کی سمجھ دار بیٹیاں اور بہنیں تو اس سے فائدہ اٹھا سکتی ہیں اور کم از کم وہ تو یہ سمجھ سکتی ہیں شریعتِ مطہرہ طہرہ نے کس طرح عورتوں کے حقوق کی حفاظت فرمائی اور ان کی زندگی کو بامقصد اور باوقعت بنایا ہے۔ کیا نئی تہذیب کے کسی بھی گوشہ میں یہ

موتی دستیاب ہوسکتے ہیں۔ جن سے اسلام نے عورت کے دامن کو مالا مال فرمایا ہے۔
اَللّٰھُمَّ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ۔

تنبیہ ضروری: طلاق دینا جائز ہے۔ ہاں بے حاجت، بلاوجہ شرعی طلاق دینا مکروہ و ممنوع ہے مگر دے گا تو پڑ ضرور جائے گی، کہ طلاق شوہر کی زبان پر رکھی گئی ہے تو اس کا مرتکب مکروہ بلکہ بعض صورتوں میں گناہ گار ہونا بھی طلاق کو واقع ہونے سے نہیں روکتا۔ جیسے حالتِ حیض میں طلاق دینا حرام ہے کہ حکمِ الٰہی کی نافرمانی ہے مگر دے گا تو ضرور ہو جائے گی اور دینے والا گناہ گار ہو گا۔

اور وجہ شرعی موجود ہو تو طلاق دینا مباح، بلکہ بعض صورتوں میں مستحب ہے مثلاً عورت پر شبہ ہو یا وہ نافرمان ہو تو ایسی صورت میں اسے طلاق دینا بلا کراہت جائز و مباح ہے۔

علمائے کرام فرماتے ہیں کہ اگر عورت اسے یا اوروں کو ایذا دیتی ہے یا نماز نہیں پڑھتی ہے اور یہ مہر ادا کرنے پر قادر نہ ہو جب بھی طلاق دے دینی چاہیے۔ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ بے نمازی عورت کو طلاق دے دوں اور اس کا مہر میرے ذمہ باقی ہو۔ اس حالت میں دربار خدا میں میری پیشی ہو تو یہ اس سے بہتر ہے کہ میں اس کے ساتھ زندگی بسر کروں۔ بلکہ بعض صورتوں میں واجب ہوتی ہے مثلاً شوہر نامرد یا ہجڑا ہے یا شوہر کے ماں باپ اسے حکم دیتے ہیں کہ عورت کو طلاق دے دے اور نہ دینے میں انہیں ایذا ہو یا وہ ناراض ہوں تو واجب ہے کہ طلاق دے دے اگرچہ عورت کا کچھ قصور نہ ہو کہ ماں باپ کی نافرمانی کا وبال اس سے کہیں بڑھ کر ہے۔
(فتاویٰ رضویہ وغیرہ)

چند فقہی مسائل

مسئلہ: ہر عاقل و بالغ کا فعل چونکہ شریعت کے نزدیک قابلِ تسلیم ہے اس لیے طلاق کے لیے شرط یہ ہے کہ شوہر عاقل بالغ ہو۔ نابالغ یا مجنون نہ خود طلاق دے سکتا ہے

نہ اس کی طرف سے اس کا دل۔ ہاں اگر عقل کسی خارجی شے سے زائل کر دی جائے مثلاً نشے والے نے طلاق دی، یا غصہ کی حالت میں طلاق دی تو طلاق واقع ہو جائے گی کہ عاقل کے حکم میں ہے اور نشہ خواہ شراب پینے سے ہو یا بھنگ وغیرہ کسی اور چیز سے۔ افیون کی پینک میں طلاق دے دی تب بھی واقع ہو جائے گی۔ (تاکہ کوئی شخص غصہ یا نشہ کو آپ نہ بنا سکے جس سے عورت کے حقوق تلف ہوتے ہیں) اور طلاق میں عورت کی جانب سے کوئی شرط نہیں۔ نابالغہ ہو یا مجنونہ بہرحال طلاق واقع ہو جائے گی۔ امامیہ کی وغیرہا یونہی عورت کو حمل کی حالت میں طلاق دی جائے قطعاً واقع ہو جائے گی عوام میں جو مشہور ہے کہ حاملہ عورت پر طلاق نہیں پڑتی محض بے اصل ہے۔

مسئلہ: سرسام و برسام یا کسی اور بیماری میں جس میں عقل جاتی رہی یا غشی کی حالت میں یا سوتے میں طلاق دے دی تو واقع نہ ہوگی۔ یوں ہی اگر غصہ اس حد کا ہو کہ عقل جاتی رہے تو واقع نہ ہوگی۔ اور مختار وغیرہا آج کل اکثر طلاق دے بیٹھتے ہیں بعد کو افسوس کرتے اور طرح طرح کے حیلے بہانے تراشتے ہیں۔ ایک عذر اکثر یہ بھی ہوتا ہے کہ غصہ میں طلاق دی تھی۔ عزیزو! طلاق تو عموماً غصہ ہی کی حالت میں دی جاتی ہے اور اس حالت میں طلاق واقع ہو جاتی ہے اور وہ صورت کہ عقل غصہ سے جاتی رہے، بہت نادر ہے۔ یونہی طلاق بخوشی دی جائے خواہ جبریہ، واقع ہو جائے گی۔ عزیزو! نکاح شیشہ ہے اور طلاق سنگ، شیشہ پر پتھر خوشی سے پھینکے یا جبر سے یا خود ہاتھ سے چھوٹ جائے شیشہ ہر طرح ٹوٹ جائے گا۔

مسئلہ: کسی نے شوہر کو طلاق لکھنے پر مجبور کیا اس نے لکھ دیا مگر نہ دل میں ارادہ طلاق ہے، نہ زبان سے طلاق کا لفظ کہا تو طلاق نہ ہوگی۔ مجبوری سے مراد شرعی مجبوری ہے۔ محض کسی کے اصرار کر دینے پر لکھ دینا یا یہ خیال کر کے لکھ دینا کہ بڑا ہے اس کی بات کیسے ٹالوں تو یہ مجبوری نہیں۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: طلاق دو قسم ہے۔ (یعنی باعتبار الفاظِ طلاق) صریح، کنایہ۔ صریح وہ جس سے طلاق مراد ہونا ظاہر ہو۔ اکثر طلاق میں اس کا استعمال ہو۔ اگرچہ وہ کسی زبان کا لفظ ہو

جیسے اردو میں یہ لفظ کہ "میں نے تجھے چھوڑا" صریح ہے۔ اس سے ایک طلاق ہو جائے گی۔ کچھ نیت ہو یا نہ ہو۔ کنایہ طلاق وہ الفاظ ہیں جن سے طلاق مُراد ہونا ظاہر نہ ہو۔ طلاق کے علاوہ اور معنوں میں بھی ان کا استعمال ہوتا ہے۔ (عامہ کتب)

مسئلہ: جو الفاظ طلاق کے لیے وضع کیے گئے ہیں۔ جب انہیں طلاق میں استعمال کیا جائے گا تو اس سے طلاق رجعی واقع ہوگی اور جو الفاظ کہ طلاق کے لیے وضع نہیں کیے گئے ہیں بلکہ ان کا استعمال اشارتاً اور کنایتاً طلاق کی طرف ہے۔ تو ایسے الفاظ کے استعمال سے طلاقِ بائن پڑتی ہے جب کہ نیت طلاق ہو یا حالت بتاتی ہو کہ طلاق مُراد ہے۔ مثلاً پیشتر طلاق کا ذکر تھا یا غصہ میں کہا۔ (عامہ کتب)

مسئلہ: کنایہ کے الفاظ تین طرح کے ہیں:

بعض میں سوال رد کرنے کا احتمال ہے بعض میں گالی کا احتمال ہے اور بعض میں نہ یہ ہے نہ وہ ہے بلکہ جواب کے لیے متعین ہیں۔ اگر رد کا احتمال ہے تو مطلقاً ہر حالت میں نیت کی حاجت ہے۔ بغیر نیت طلاق نہیں اور جن میں گالی کا احتمال ہے ان سے طلاق ہونا خوشی اور غضب میں نیت پر موقوف ہے اور طلاق کا ذکر تھا تو نیت کی ضرورت نہیں اور تیسری صورت میں جو فقط جواب ہو تو خوشی میں نیت ضروری ہے اور غضب و مذاکرۂ طلاق کے وقت بغیر نیت بھی طلاق ہو جاتی ہے۔ (در مختار، بہار شریعت)

مسئلہ: عورت کا حاملہ ہونا، طلاق واقع ہونے سے نہیں روکتا۔ حالت حمل میں طلاق جائز و حلال ہے۔ اگرچہ ایامِ حمل میں شوہر اس سے جماع بھی کر چکا ہو۔ اب اگر طلاق بائن تھی یا طلاق رجعی تھی اور بچہ پیدا ہونے تک نہ زبانی رجعت کی نہ زوجہ کو ہاتھ لگایا تو بعد ولادت عورت نکاح سے نکل گئی۔ اب اسے اختیار ہے جس سے چاہے نکاح کرے اور طلاق رجعی تھی اور ولادت سے قبل شوہر نے رجعت کر لی تو عورت بدستور اس کے نکاح میں ہے۔ دوسری جگہ نکاح نہیں کر سکتی۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: عورت سے کہا طلاق طلاق طلاق۔ نہ یہ کہا کہ دی نہ یہ کہا کہ تجھ کو یا اس عورت کو۔ مگر قرائن سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ اس نے اپنی عورت کو طلاق دی ہے

یا وہ خود اقرار کرتا ہے کہ میں نے اپنی عورت کو طلاق دی ہے تو تین طلاقیں پڑ گئیں۔ بے حلالہ اس کے نکاح میں نہیں آسکتی۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: طلاق (باعتبار حکم و نتیجہ) تین قسم ہے۔

(۱) **رجعی:** وہ جس سے عورت فی الحال نکاح سے نہیں نکلتی۔ عدالت کے اندر اگر شوہر رجعت کرلے وہ بدستور اس کی زوجہ رہے گی۔ ہاں عدت گزر جائے اور رجعت نہ کرے تو اس وقت نکاح سے نکلے گی پھر بھی برضائے خود (باہمی رضامندی سے) نکاح کرسکتے ہیں۔

(۲) **بائن:** وہ جس سے عورت فی الفور نکاح سے نکل جاتی ہے۔ ہاں برضائے خود نکاح کرسکتے ہیں۔ عدت کے اندر خواہ بعد میں۔

(۳) **مغلظہ:** وہ کہ عورت فوراً نکاح سے نکل بھی گئی اور کبھی ان دونوں کا نکاح نہیں ہوسکتا۔ جب تک حلالہ نہ ہو۔ یہ تین طلاقوں سے ہوتا ہے خواہ ایک ساتھ دی ہوں خواہ برسوں کے فاصلے سے۔ رجعی دی ہوں یا بائن یا بعض رجعی بعض بائن۔

طلاق کے سینکڑوں لفظ ہیں بعض سے رجعی پڑتی ہے بعض سے بائن اور بعض سے مغلظہ۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: عورت کو طلاق نہیں دی ہے مگر لوگوں سے کہتا ہے کہ میں طلاق دے آیا تو طلاق ہو جائے گی۔ یوں ہی ایک طلاق دی ہے اور لوگوں سے کہتا ہے تین دی ہیں تو فیصلہ یہی ہوگا کہ تین دی ہیں۔ اگرچہ کہے میں نے جھوٹ کہا تھا۔ (فتاویٰ خیریہ)

مسئلہ: جب طلاقیں تین تک پہنچ جائیں تو وہ عورت اس شوہر کے لیے بے حلالہ کسی طرح حلال نہیں ہوسکتی۔ اگر شوہر اس کے باوجود اس سے ہم بستری کرے تو وہ صحبت زنا ہوگی اور اگر اسے مسئلہ معلوم ہے تو یہ زانی اور شرعاً سزائے زنا کا مستحق ہوگا اور اولاد ولد الزنا اور ترکہ پدری سے محروم ہوگی۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: شوہر نے عورت کو تین طلاقیں دے دیں یا بائن طلاق دی مگر اب انکار

کرتا ہے اور عورت کے پاس گواہ نہیں تو جس طرح ممکن ہو عورت اس سے پیچھا چھڑائے۔ مہر معاف کر کے یا اپنا مال اس کو دے کر اس سے علیحدہ ہو جائے۔ غرض جس طرح بھی ممکن ہو اس سے کنارہ کشی کرے اور کسی طرح وہ نہ چھوڑے تو عورت مجبور ہے مگر ہر وقت اسی فکر میں رہے کہ جس طرح ممکن ہو رہائی حاصل کر لے اور اس کی پوری کوشش کرے کہ صحبت نہ کرنے پائے۔ عورت جب ان باتوں پر عمل کرے گی تو معذور ہے اور شوہر بہرحال گناہ کار ہے۔ (درمختار، فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: شوہر نے عورت کو تین طلاقیں دے دیں۔ عدت گزرنے پر کچھ لوگوں نے اس عورت کا نکاح کسی اور سے شرعی طریقہ پر کرا دیا اب شوہر ثانی اگر بے صحبت کیے اسے طلاق دے بھی دے جب بھی عورت شوہر اول کے لیے حلال نہیں ہو سکتی کہ بحکمِ قرآن و حدیث دوسرے شوہر کا اس سے صحبت کرنا ضروری ہے۔

مسئلہ: زید نے عمرو سے کہا تو نے اپنی عورت کو طلاق دی۔ اس نے نرم دبے لہجے میں کہا "میں نے طلاق دی" یہ اقرار ہے طلاق ہو گئی اور اگر اس نے ترش و گرم ہو کر سخت آواز سے تعجب یا زجر یا توبیخ (ڈانٹ ڈپٹ) کے لہجہ میں کہا "میں نے طلاق دی" یہ انکار ہے، طلاق نہ ہوئی۔ الفاظ بعینہا وہی ہیں اور حکم اثبات سے نفی میں بدل گیا۔ یونہی اگر عورت نے کہا "مجھے دے" اس نے نہ مانا۔ عورت نے پوچھا "دی" اس نے جھڑکنے کے لہجے میں سختی سے کہا "دی" طلاق نہ ہوئی۔ ورنہ ہو گئی۔ (فتاویٰ رضویہ)

تنبیہ: یہاں سے معلوم ہوا کہ طلاق کے مسائل بہت نازک ہیں، ایک حرف کی بیشی درکنار، لہجے کے بدلنے سے حکم بدلتا ہے، سخت احتیاط درکار ہے۔

رجعت کا مسنون طریقہ

مسئلہ: رجعت کے یہ معنی ہیں کہ جس عورت کو رجعی طلاق دی ہو، عدت کے اندر اس کی پہلے نکاح میں واپسی۔ اور رجعت اسی عورت سے ہو سکتی ہے جس سے وطی

ی ہو۔ اگر خلوت صحیحہ ہوئی مگر جماع نہ ہوا تو نہیں ہو سکتی۔ اگرچہ اسے شہوت کے ساتھ چھوا ہو۔ (در مختار، ردالمحتار)

مسئلہ: رجعت کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ کسی لفظ سے رجعت کرے اور رجعت پر دو عادل شخصوں کو گواہ کرے اور عورت کو بھی خبر کر دے کہ وہ عدت کے بعد کسی اور سے نکاح نہ کرے اور اس صورت میں کہ قول سے رجعت کی مگر گواہ نہ کیے یا گواہ بھی کیے مگر عورت کو خبر نہ کی تو مکروہ و خلافِ سُنّت ہے مگر رجعت ہو جائے گی اور اگر فعل سے رجعت کی مثلاً اس سے وطی کی یا شہوت کے ساتھ بوسہ لیا تو رجعت ہو گئی مگر مکروہ ہے۔ اسے چاہیے کہ پھر گواہوں کے سامنے رجعت کے الفاظ کہے۔ (جوہرہ)

مسئلہ: رجعت کے الفاظ یہ ہیں کہ میں نے تجھ سے رجعت کی۔ یا تجھ کو واپس اپنے نکاح میں لیا یا روک لیا یا اپنی زوجہ سے رجعت کی۔ یہ سب صریح الفاظ ہیں۔ ان میں بلا نیت بھی رجعت ہو جائے گی اور اگر عورت سے کہا کہ تو میرے نزدیک ویسی ہی ہے جیسے تھی یا تو میری عورت ہے۔ تو اگر بہ نیت رجعت یہ الفاظ کہے، رجعت ہو گئی ورنہ نہیں اور نکاح کے الفاظ سے بھی رجعت ہو جاتی ہے۔ (عالمگیری وغیرہ)

مسئلہ: رجعت میں عورت کی رضا کی ضرورت نہیں بلکہ اگر وہ انکار بھی کرے جب بھی ہو جائے گی۔ (در مختار)

مسئلہ: حلالہ کی صورت یہ ہے کہ اگر عورت مدخولہ ہے (یعنی شوہر اس سے ہم بستری کر چکا ہے) تو طلاق کی عدت پوری ہونے کے بعد عورت کسی اور سے نکاح صحیح کرے اور شوہر ثانی اس سے وطی بھی کر لے۔ اب اس شوہر ثانی کی طلاق یا موت کے بعد عدت پوری ہونے پر شوہر اول سے نکاح ہو سکتا ہے اور اگر عورت مدخولہ نہیں ہے تو پہلے شوہر کے طلاق دینے کے بعد وہ فوراً دوسرے سے نکاح کر سکتی ہے کہ اس کے لیے عدت نہیں۔ (عامہ کتب)

مسئلہ: عقد نکاح یعنی ایجاب و قبول میں یہ شرط لگائی کہ یہ صحبت کے بعد عورت

کو طلاق دے دے گا۔ حدیث شریف میں اس پر لعنت آئی اور یہ نکاح مکروہِ تحریمی ہے۔ زوجِ اوّل و ثانی اور عورت تینوں گنہگار ہوں گے۔ اگرچہ عورت اس نکاح سے بھی شوہر اول کے لیے حلال ہو جائے گی اور شرط باطل ہے۔ اور شوہر ثانی طلاق دینے پر مجبور نہیں اور اگر عقد میں شرط نہ ہو اگرچہ نیت میں ہو تو کوئی کراہت نہیں بلکہ اگر نیت خیر ہو تو مستحق ثواب ہے۔ (در مختار وغیرہ)

مسئلہ: شوہر نے عورت کو تین طلاقیں دیں یا بائن طلاق دی مگر اب انکار کرتا ہے اور عورت کے پاس گواہ نہیں تو جس طرح ممکن ہو، عورت اس سے پیچھا چھڑائے اور کسی طرح وہ نہ چھوڑے تو پوری کوشش اس کی کرے کہ وہ صحبت نہ کرنے پائے۔ عورت ان باتوں پر عمل کرے گی تو معذور ہے، اور شوہر بہر حال گنہگار ہے۔

(در مختار، بہارِ شریعت)

ایلاء اور ظہار کا بیان

زمانہ جاہلیت میں ایک طریقہ میاں بیوی میں علیحدگی کا یہ بھی تھا کہ شوہر غصے میں آکر قسم کھا بیٹھتے تھے کہ وہ اپنی بیویوں سے ہم بستری نہ کریں گے۔ اصطلاح میں اسی کو ایلاء کہتے ہیں۔ ایلاء کرنے کے بعد جو ایک طرح کی طلاق ہی تھی، شوہر اپنی بیوی کے نان و نفقہ اور ہر قسم کے ادائے حقوق سے معاً دستبردار ہو جاتا تھا۔ اسلام نے اس طریقہ طلاق کی بھی اصلاح کی اور اسے ایک قانون کی شکل میں نافذ فرمایا اور فطرت بشری کا بالکل صحیح اندازہ کر کے حکم دیا کہ چونکہ زوجین میں تعلقات ہمیشہ خوشگوار تو نہیں رہ سکتے، بگاڑ پیدا ہوتے ہی رہتے ہیں، لیکن ایسے بگاڑ کو خدا کی شریعت پسند نہیں کرتی کہ دونوں ایک دوسرے کے ساتھ، قانونی طور پر رشتۂ ازدواج میں تو بندھے رہیں، مگر عملاً ایک دوسرے سے اس طرح الگ رہیں کہ گویا وہ میاں بیوی نہیں ہیں۔ ایسے بگاڑ کے لیے اللہ تعالیٰ نے چار ماہ کی مدت مقرر فرما دی کہ یا تو اس مدت میں سارے پہلوؤں پر ٹھنڈے دل سے غور و فکر کے بعد اپنے تعلقات درست کر لو لیکن اس صورت میں ایسی

قسم توڑنے کا گناہ ایک خفیف سے کفارے کے بعد معاف کیا جائے گا ورنہ رشتہ ازدواج منقطع کر دو تاکہ دونوں، ایک دوسرے سے آزاد ہو کر جس سے چاہیں، نباہ کر سکیں۔ فریقین بنسی خوشی اور باضابطہ معاہدہ نکاح کو فسخ کر کے ایک دوسرے سے مستقل علیحدگی اختیار کر لیں۔ یہ اس سے ہزار درجہ بہتر ہے کہ رہیں تو میاں بیوی، لیکن عملاً ایک دوسرے سے لاتعلق۔

عرب میں بعض اوقات یہ صورت پیش آتی تھی کہ میاں بیوی میں لڑائی ہوتی تو شوہر غصہ میں آ کر کہتا "اَنْتَ عَلَیَّ کَظَهْرِ اُمِّیْ۔" اس کے لغوی معنی تو یہ ہیں کہ تو میرے اوپر ایسی ہے جیسی میری ماں کی پیٹھ۔ لیکن اس کا اصل مفہوم یہ ہے کہ تجھ سے مباشرت (ہم بستری) کرنا میرے لیے ایسا ہے جیسے میں اپنی ماں سے مباشرت کروں، جاہلیت کے زمانے میں اہل عرب کے یہاں یہ طلاق، بلکہ اس سے بھی شدید قطعِ تعلق کا اعلان سمجھا جاتا تھا کیونکہ ان کے نزدیک اس کے معنی یہ تھے کہ شوہر اپنی بیوی سے نہ صرف ازدواجی رشتہ توڑ رہا ہے بلکہ اسے ماں کی طرح اپنے اوپر حرام قرار دے رہا ہے۔ اسی بنا پر اہل عرب کے نزدیک طلاق کے بعد تو رجوع کی گنجائش ہو سکتی تھی، مگر ظہار کے بعد رجوع کا کوئی امکان باقی نہ رہتا تھا۔ اسلام آنے کے بعد اس طرح کے کچھ واقعات رونما ہوئے اور اب بھی بہت سے نادان مسلمان بیوی سے لڑ کر اس کو ماں، بہن، بیٹی سے تشبیہ دے بیٹھتے ہیں۔ جس کا صاف مطلب یہ ہوتا ہے کہ آدمی گویا اب اسے بیوی نہیں، بلکہ ان عورتوں کی طرح سمجھتا ہے جو اس کے لیے حرام ہیں۔ اسی فعل کا نام ظہار ہے۔

قرآن کریم نے ظہار کے متعلق پہلا فیصلہ یہ دیا کہ مَا هُنَّ اُمَّهٰتِهِمْ---الایہ۔ یعنی اگر کسی شخص نے بیوی کو ماں کی طرح کہہ بھی دیا تو وہ بیویاں ان الفاظ کی ادائیگی سے ماں نہیں بن گئیں اور نہ ان میں کوئی ایسی بات پیدا ہو گی کہ وہ حرام قرار دے ہی دی جائیں۔ ماں کا ماں ہونا تو ایک حقیقی امر واقعہ ہے کیونکہ اس نے آدمی کو جنا ہے۔ اسی بنا پر اسے ابدی حرمت حاصل ہے۔ اب آخر وہ عورت جس نے اسے نہیں جنا ہے، محض منہ سے کہہ دینے سے اس کی ماں کیسے ہو جائے گی اور اس کے بارے میں عقل، اخلاق،

قانون، کسی چیز کے اعتبار سے وہ حرمت کیسے ثابت ہوگی جو اس امر واقعی کی بناء پر جننے والی ماں کے لیے ہے۔

دوسرا فیصلہ یہ دیا کہ یہ حرکت تو ایسی ہے کہ اس پر آدمی کو بہت ہی سخت سزا ملنی چاہیے لیکن یہ اللہ تعالیٰ کی مہربانی ہے کہ اس نے اول تو ظہار کے معاملہ میں جاہلیت کے قانون کو منسوخ کر کے تمہاری خانگی زندگی کو تباہی سے بچا لیا۔ دوسرے اس فعل کا ارتکاب کرنے والوں کے لیے وہ سزا تجویز کی جو اس جرم کی ہلکی سے ہلکی سزا ہو سکتی تھی اور سب سے بڑی مہربانی یہ ہے کہ سزا کسی ضرب یا قید کی شکل میں نہیں بلکہ چند ایسی عبادات اور نیکیوں کی شکل میں تجویز کی جو تمہارے نفس کی اصلاح کرنے والی اور تمہارے معاشرے میں بھلائی پھیلانے والی ہیں، چنانچہ اس بارے میں بھی اگر کناہ کا تدارک کر لیا جائے تو کناہ معاف ہو جائے گا۔ اس سلسلہ میں یہ بات بھی سمجھ لینی چاہیے کہ اسلام میں بعض جرائم اور کناہوں پر جو عبادات بطور کفارہ مقرر کی گئی ہیں، وہ نہ محض سزا ہیں کہ عبادت کی طرح روح سے خالی ہوں اور نہ محض عبادت ہیں کہ سزا کی اذیت کا کوئی پہلو ان میں نہ ہو بلکہ ان میں یہ دونوں پہلو جمع کر دیئے گئے ہیں تاکہ آدمی کو اذیت بھی ہو اور ساتھ ساتھ وہ ایک نیکی اور عبادت کر کے اپنے کناہوں کی تلافی بھی کر دے۔ بالفاظ دیگر یہ حکم تادیب کے لیے دیا جا رہا ہے تاکہ مسلمان معاشرے کے لوگ جاہلیت کی اس بری عادت کو چھوڑ دیں اور کوئی شخص اس بے ہودہ حرکت کا ارتکاب نہ کرے۔ بیوی سے لڑنا ہی ہے تو بھلے آدمیوں کی طرح لڑو، طلاق ہی دینا ہے تو سیدھی طرح طلاق دے دو۔ یہ آخر کیا شرافت ہے کہ آدمی جب بیوی سے لڑے تو اسے ماں بہن بنا کر ہی چھوڑے۔

مسلمان عورت بلکہ مرد دیکھے کہ اسلام نے ایک مسلمان گھرانے کو بربادی و تباہی سے بچانے کے لیے کیسے کیسے حکمت آمیز احکام نافذ فرمائے ہیں اور مرد و عورت کس کس طرح خود اپنے گھر تباہ کرتے ہیں۔ اے رب ہمارے! ہماری آنکھیں کھول اور راہِ حق پر ثابت قدم رکھ۔ آمین۔

مسائلِ فقہیہ

مسئلہ: ایلاء کے معنی یہ ہیں کہ شوہر نے قسم کھائی کہ عورت سے قربت نہ کروں گا یا چار مہینے قُربت نہ کرے گا۔ ایلاء دو قسم ہے: ایک مُوقّت یعنی چار مہینے کا، دوسرا مُؤبّد یعنی وہ جس میں چار مہینے کی قید نہ ہو۔ بہرحال اگر عورت سے چار ماہ کے اندر جماع کیا تو قسم ٹوٹ گئی اور کفارہ لازم ہو گیا اور قربت نہ کی یہاں تک کہ چار مہینے گزر گئے تو طلاق ہو گئی۔

پھر اگر ایلائے موقّت تھا یعنی چار مہینے کا تو قسم ساقط ہو گئی یعنی اگر اس عورت سے پھر نکاح کیا تو اب اس کا کچھ اثر نہیں اور اگر مؤبّد تھا یعنی ہمیشہ کی اس میں قید تھی، مثلاً خدا کی قسم! تجھ سے کبھی قربت نہ کروں گا یا اس میں کچھ قید نہ تھی، مثلاً خدا کی قسم! میں تجھ سے قربت نہ کروں گا تو ان صورتوں میں ایک بائن طلاق پڑ گئی۔ پھر بھی قسم بدستور باقی ہے یعنی اگر اس عورت سے پھر نکاح کیا تو پھر ایلاء بدستور آگیا۔ اگر وقتِ نکاح سے چار ماہ کے اندر جماع کر لیا تو قسم کا کفارہ دے اور اگر چار ماہ گزر گئے اور قُربت نہ کی تو ایک طلاق بائن واقع ہو گئی، مگر قسم بدستور باقی ہے، سہ بارہ نکاح کیا تو پھر ایلاء آ گیا۔ اب بھی جماع نہ کرے تو چار مہینے گزرنے پر تیسری طلاق پڑ جائے گی اور اب بے حلالہ نکاح نہیں کر سکتا۔ اگر حلالہ کے بعد پھر نکاح کیا تو اب ایلاء نہیں۔ یعنی چار مہینے بغیر قُربت گزرنے پر طلاق نہ ہوگی مگر قسم باقی ہے۔ اگر جماع کرے گا تو کفارہ واجب ہو گا۔

(عالمگیری)

مسئلہ: ایلاء کے بعض الفاظ صریح ہیں، بعض کنایہ۔ صریح کے بعض الفاظ یہ ہیں: (۱) واللہ میں تجھ سے جماع نہ کروں گا۔ (۲) قُربت نہ کروں گا۔ (۳) صحبت نہ کروں گا۔ (۴) وطی نہ کروں گا۔ (۵) میں تیرے ساتھ نہ سوؤں گا۔ غرض وہ الفاظ جن سے ذہن، معنی جماع کی طرف سبقت کرتا ہو۔ اس معنی میں بہ کثرت استعمال کیے جاتے ہوں، وہ ایلاء صریح ہیں۔ ان میں نیت درکار نہیں، بغیر نیت بھی ایلاء ہے۔

کنایہ کے بعض الفاظ یہ ہیں۔ تیرے بچھونے کے قریب نہ جاؤں گا۔ تیرے ساتھ نہ لیٹوں گا۔ تیرے بدن سے میرے بدن نہ ملے گا۔ تیرے پاس نہ رہوں گا۔ یونہی ایسے ہی وہ الفاظ جن میں جماع کے علاوہ دوسرے معنی کا بھی احتمال ہو۔ ان میں بغیر نیت ایلاء نہیں۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: ایلاء کے لیے چند شرطیں ہیں کہ ان میں سے ایک بھی نہ پائی گئی تو ایلاء نہ ہوگا مثلاً:

(۱) ایلاء صرف منکوحہ سے ہوتا ہے یا اس عورت سے جسے طلاق رجعی دی گئی ہو۔

(۲) شوہر اہل طلاق ہو یعنی وہ طلاق دے سکتا ہو، لہٰذا مجنون و نابالغ کا ایلاء صحیح نہیں۔

(۳) چار مہینے سے کم کی مدت نہ ہو اور زیادہ کی کوئی حد نہیں۔

(۴) جگہ معین نہ کرے، اگر جگہ معین کی تو ایلاء نہیں۔

تفصیلات کے لیے اہل علم کی طرف رجوع لائیں۔

مسئلہ: عورت سے کہا "تو مجھ پر حرام ہے۔" اس لفظ سے ایلاء کی نیت کی تو ایلاء ہے اور ظہار کی نیت کی تو ظہار ہے ورنہ طلاق بائن اور تین کی نیت کی تو تین۔ اور اگر عورت نے کہا کہ میں تجھ پر حرام ہوں تو یمین (قسم) ہے۔ شوہر نے زبردستی یا اس کی خوشی سے جماع کیا تو عورت پر کفارہ لازم ہے۔ (ردمختار)

مسئلہ: اگر شوہر نے کہا "تو مجھ پر مثل مردار یا گوشت خنزیر یا خون یا شراب کے ہے۔ اگر اس سے جھوٹ مقصود ہے تو جھوٹ ہے اور حرام کرنا مقصود ہے تو ایلاء ہے۔ اور اگر طلاق کی نیت ہو تو طلاق ہے۔ (جوہرہ)

مسئلہ: ظہار کے معنی یہ ہیں کہ اپنی زوجہ یا اس کے جسم کے کسی ایسے عضو کو جو کل سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ ایسی عورت سے تشبیہ دینا جو اس پر ہمیشہ کے لیے حرام ہے یا اس کے کسی ایسے عضو سے تشبیہ دینا جس کی طرف دیکھنا حرام ہو مثلاً کہا تو مجھ پر میری ماں کی مثل ہے یا تیرا سر یا تیری گردن میری ماں کی پیٹھ کی مثل ہے۔

مسئلہ: ظہار کے لیے اسلام و عقل و بلوغ شرط ہے تو اگر نابالغ یا مجنون یا مدہوش یا سرسام و برسام سے بیمار نے یا بے ہوش یا سونے والے نے ظہار کیا تو ظہار نہ ہوا اور نشہ میں یا نشہ میں مجبور کیا گیا اس حالت میں یا زبان سے غلطی میں ظہار کا لفظ نکل گیا تو ظہار ہے۔ (عالمگیری وغیرہ)

مسئلہ: عورت مرد سے ظہار کے لفظ کہے تو ظہار نہیں بلکہ لغو ہیں۔ (بحر)

مسئلہ: محارم سے مراد حرام ہے، نسبی ہوں یا رضاعی یا سسرالی رشتہ سے۔ لہٰذا ماں، بہن، پھوپھی، لڑکی اور رضاعی ماں اور بہن وغیرہما سے اور زوجہ کی ماں سے تشبیہ دی تو ظہار ہے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: عورت کو ماں، بہن یا بیٹی کہہ دیا تو ظہار نہیں مگر ایسا کہنا مکروہ ہے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: عورت سے کہا تو "مجھ پر میری ماں کی مثل ہے۔" تو نیت دریافت کی جائے گی اگر اس کے اعزاز کے لیے کہا تو کچھ نہیں اور طلاق کی نیت ہے تو بائن طلاق واقع ہوگی اور ظہار کی نیت ہے تو ظہار ہے اور تحریم کی نیت ہے تو ایلاء ہے اور کچھ نیت نہ ہو تو کچھ نہیں۔ (جوہرہ نیرہ)

مسئلہ: ظہار کا حکم یہ ہے کہ جب تک کفارہ نہ دے دے، اس وقت تک اس عورت سے جماع کرنا یا شہوت کے ساتھ اس کا بوسہ لینا یا اس کو چھونا حرام ہے۔ اور لب کا بوسہ بغیر شہوت بھی جائز نہیں۔ کفارہ سے پہلے جماع کر لیا تو توبہ کرے مگر خبردار پھر ایسا نہ کرے اور عورت کو بھی جائز نہیں کہ شوہر کو قربت کرنے دے۔ (درمختار وغیرہ)

مسئلہ: ظہار کرنے والا جماع کا ارادہ کرے تو کفارہ واجب ہے۔ اس کا کفارہ غلام یا کنیز آزاد کرنا ہے اور اس کی استطاعت نہ ہو تو کفارہ میں پے در پے دو مہینے کے روزے رکھے اور روزے رکھنے پر بھی قدرت نہ ہو تو ساٹھ مسکینوں کو دونوں وقت پیٹ بھر کر کھانا کھلا دے

اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ہر مسکین کو صدقۂ فطر کی مقدار قریباً سوا دو سیر گیہوں یا اس کا آٹا یا اس کی گندم کی قیمت کا مالک کر دیا جائے اور انہیں لوگوں کو دیا جائے جنہیں صدقۂ فطر دے سکتے ہیں۔ (در مختار، رد المحتار وغیرہ)

تنبیہ: ظہار وغیرہ کے کفارے میں تفصیل بڑی کتابوں سے یا علماء سے معلوم کریں۔

خُلع کا بیان

شریعت اسلامی میں اجتماعی اور معاشرتی زندگی کا سنگ بنیاد، میاں بیوی کے صحیح تعلقات ہیں، لیکن جب نوبت یہاں تک آ جائے کہ وہ دونوں حقوقِ زوجیت ادا نہ کر سکیں اور موافقت کی تمام راہیں بند ہو جائیں اور عورت کو اس مرد سے اس حد تک نفرت ہو جائے کہ اس کے ساتھ اس کا نباہ نہیں ہو سکتا تو قیدِ نکاح سے مخلصی پانے اور شوہر سے طلاق حاصل کرنے کی ایک صورت یہ بھی ہے کہ عورت اپنے کل مہر سے، یا اس کے کسی حصہ سے دستبردار ہو جائے یا اپنے پاس سے کچھ مال دے کر شوہر کو طلاق پر آمادہ کر لے تو یہ بھی ایک جائز صورت علیحدگی کی ہے اور اس مال کو قبول کر لینا شوہر کے لیے درست ہو گا۔ طلاق کی اس خاص صورت کا نام جس میں طلاق کی خواست کار عورت ہو، شریعت کی اصطلاح میں خُلع ہے۔

احکام خلع کی تفصیل تو فقہ کی بڑی کتابوں میں ملے گی۔ لیکن یہاں چند مسائل تحریر کیے جاتے ہیں تاکہ عورتیں فی الجملہ اس سے واقف رہیں۔

مسئلہ: مال کے بدلے میں نکاح زائل کرنے کو خلع کہتے ہیں۔ عورت کا قبول کرنا شرط ہے۔ بغیر اس کے قبول کیے خلع نہیں ہو سکتا۔ ان کے الفاظ معین ہیں ان کے علاوہ اور الفاظ سے نہ ہو گا اور جب میاں بیوی خلع کر لیں تو طلاق بائن واقع ہو جائے گی۔ دونوں کے مابین نکاح ٹوٹ جائے گا اور جو مال ٹھہرا ہے، عورت پر اس کا دینا لازم ہے۔

(عامہ کتب)

مسئلہ: چونکہ شوہر کی جانب سے خلع طلاق ہے، لہٰذا شوہر کا عاقل بالغ ہونا شرط ہے۔ نابالغ یا مجنون خلع نہیں کر سکتا کہ اہل طلاق نہیں اور یہ بھی شرط ہے کہ عورت محلِ طلاق ہو، لہٰذا اگر عورت کو طلاق بائن دے دی تو اگرچہ عدت میں ہو، اس سے خلع نہیں ہو سکتا۔ ہاں رجعی کی عدت میں ہو تو خلع ہو سکتا ہے۔ (در مختار، ردالمحتار)

مسئلہ: شوہر نے کہا "میں نے تجھ سے خلع کیا" اور مال کا ذکر نہ کیا تو خلع نہیں بلکہ طلاق اور عورت کے قبول کرنے پر موقوف نہیں۔ (ہدایہ)

مسئلہ: باپ نے لڑکی کا اس کے شوہر سے خلع کرایا۔ اگر لڑکی بالغہ ہے اور باپ بدل خلع کا ضامن ہو تو خلع صحیح ہے اور اگر نابالغہ لڑکی کا اس لڑکی کے مال پر خلع کر دیا تو صحیح یہ ہے کہ طلاق ہو جائے گی مگر نہ تو مہر ساقط ہوگا نہ لڑکی پر مال واجب ہوگا اور اگر نابالغہ کی ماں نے اپنے مال سے خلع کرایا، یا ضامن ہوئی تو خلع ہو جانے کا اور لڑکی کے مال سے کرایا تو طلاق نہ ہوگی۔ (عالمگیری وغیرہ)

مسئلہ: عورت سے کہا "میں نے تجھ سے خلع لیا۔" عورت نے کہا، میں نے قبول کیا" تو اگر وہ لفظ شوہر نے بہ نیت طلاق کہا تھا، طلاق بائن واقع ہوئی اور مہر ساقط نہ ہوگا بلکہ اگر عورت نے قبول نہ کیا، جب بھی یہی حکم ہے، اور اگر شوہر یہ کہتا ہے کہ میں نے طلاق کی نیت سے نہ کہا تھا تو طلاق واقع نہ ہوگی جب تک عورت قبول نہ کرلے اور اگر شوہر نے عورت سے یہ کہا تھا کہ فلاں چیز کے بدلے، میں نے تجھ سے خلع کیا تو جب تک عورت قبول نہ کرے گی، طلاق واقع نہ ہوگی (کہ یہ صورت خلع کی صورت ہے) اور عورت کے قبول کرنے کے بعد اگر شوہر کہے کہ میری مراد طلاق نہ تھی تو اس کی بات مانی نہ جائے گی۔ (خانیہ وغیرہ)

لعان کا بیان

آدمی خود نیک ہو یا بد، اچھا ہو یا بُرا، غیر مرد اور غیر عورت کی بد چلنی دیکھ کر تو صبر

کر سکتا ہے، اعراض و چشم پوشی سے کام لے سکتا ہے کہ نہ چار کی تعداد میں مسلم، عاقل، بالغ، عادل، چشم دید تفصیلی گواہی دینے والے گواہ میسر آئیں گے نہ یہ شرعی عدالت میں پیش کر سکے گا تو منہ سے کسی کی طرف بد چلنی کی نسبت سے فائدہ کیا حاصل ہو گا تو زبان پر قفل چڑھانے اور معاملے کو نظر انداز کرنے کے علاوہ چارۂ کار ہی کیا ہے۔ لیکن اگر وہ خود اپنی بیوی کو بد چلنی کی حالت میں دیکھ لے تو کیا کرے؟ قتل کر دے تو الٹا سزائے قتل کا مستحق ہو۔ گواہ ڈھونڈنے جائے تو ان کے آنے تک مجرم کب ٹھہرا رہے گا۔ منہ سے بات نکالے تو حدِ قذف (الزام زنا پر شرعی سزا) جاری ہو۔ چپ رہے تو غیظ و غضب کی آگ میں جلتا رہے۔ صبر کرے تو آخر کیسے؟ طلاق دے کر عورت کو رخصت کر سکتا ہے، مگر نہ اس عورت کو کسی قسم کی مادی یا اخلاقی سزا ملی نہ اس کے آشنا کو تو معاشرہ اور زیادہ خراب۔ اور اگر عورت کو ناجائز حمل ہو تو غیر کا بچہ الگ گلے پڑا۔

شریعت مطہرہ نے ان حالات کے مدنظر تصفیہ کا جو طریقہ تجویز کیا ہے، اسے اسلامی قانون کی اصطلاح میں "لِعان" کہتے ہیں۔ اس کے اجمالی احکام سورۂ نور میں مذکور ہیں۔

مسئلہ: مرد نے اپنی عورت کو زنا کی تہمت لگائی۔ اس طرح پر اگر اجنبیہ عورت کو لگاتا تو حدِ قذف (تہمتِ زنا کی حد) اس پر لگائی جاتی یعنی عورت عاقلہ بالغہ مسلمہ عفیفہ اور آزاد ہو تو لِعان کیا جائے گا۔

لِعان کا طریقہ یہ ہے کہ قاضی کے روبرو پہلے شوہر قسم کے ساتھ چار مرتبہ شہادت دے یعنی کہے کہ "میں شہادت دیتا ہوں کہ میں نے جو اس عورت کو زنا کی تہمت لگائی، اس میں خدا کی قسم میں سچا ہوں۔" پھر پانچویں مرتبہ یہ کہے کہ "اس پر خدا کی لعنت اگر اس امر میں کہ اس پر زنا کی تہمت لگائی، جھوٹ بولنے والوں سے ہو۔" اور ہر بار لفظ "اِس" سے عورت کی طرف اشارہ کرے۔ اتنا کرنے کے بعد مرد پر سے حدِ قذف ساقط ہو جائے گی اور عورت پر لعان واجب ہو گا۔ انکار کرے گی تو قید کی جائے یہاں تک کہ لعان منظور کرے یا شوہر کے الزام کی تصدیق کر دے۔ اگر تصدیق کی تو عورت پر زنا کی حد لگائی جائے گی اور لعان کرنا چاہے تو عورت کو چار مرتبہ یہ کہنا پڑے گا

کہ میں شہادت دیتی ہوں کہ خدا کی قسم اس نے جو مجھے زنا کی تہمت لگائی ہے اس بات میں وہ جھوٹا ہے اور پانچویں مرتبہ یہ کہے کہ اس پر اللہ کا غضب ہو، اگر یہ مرد اس بات میں سچا ہو جو مجھے زنا کی تہمت لگائی۔ اتنا کہنے کے بعد عورت سے زنا کی حد ساقط ہو جائے گی۔ لعان میں لفظ شہادت شرط ہے اگر یہ کہا کہ میں خدا کی قسم کھاتا ہوں کہ میں سچا ہوں تو لعان نہ ہوگا۔ عالمگیری

مسئلہ: لعان کے لیے چند شرطیں ہیں:

(۱) مرد و عورت کے مابین نکاح صحیح ہو۔ (۲) زوجیت قائم ہو۔ (۳) دونوں آزاد عاقل بالغ مسلمان ہوں۔ (۴) ان میں کوئی گونگا نہ ہو۔ (۵) ان میں سے کسی پر حدِ قذف نہ لگائی گئی ہو۔ (۶) مرد نے اپنے قول پر گواہ نہ پیش کیے ہوں۔ (۷) عورت زنا سے انکار کرتی ہو اور اپنے آپ کو پارسا کہتی ہو۔ (۸) صریح زنا کی تہمت لگائی ہو یا اس کی جو اولاد اس کے نکاح میں پیدا ہوئی، اس کو کہتا ہو کہ یہ میری نہیں یا جو بچہ عورت کا دوسرے شوہر سے ہے اس کو کہتا ہو کہ یہ اس کا نہیں۔ (۹) عورت قاضی کے پاس مطالبہ کرے۔ (۱۰) شوہر تہمت لگانے کا اقرار کرتا ہو یا دو مرد گواہوں سے اس کا اقرار ثابت ہو۔

(عالمگیری وغیرہ)

مسئلہ: لعان کا حکم یہ ہے کہ اس سے فارغ ہوتے ہی اس شخص کو اس عورت سے وطی حرام ہے، مگر فقط لعان سے نکاح سے خارج نہ ہوئی بلکہ لعان کے بعد حاکم اسلام تفریق کر دے گا اور یہ تفریق طلاق بائن ہو جائے گی اور لعان کے بعد اگر یہ دونوں علیحدہ ہونا نہ بھی چاہیں، جب بھی تفریق کر دی جائے گی۔ (جوہرہ)

مسئلہ: مرد و عورت دونوں شہادت کے اہل ہوں اور عورت اس پر مطالبہ کرے تو مرد پر لعان واجب ہو جاتا ہے۔ اگر وہ لعان سے انکار کرے تو اس وقت تک قید رکھا جائے گا جب تک وہ لعان کرے یا اپنے جھوٹ کا اقرار۔ اس صورت میں اس پر حدِ قذف لگائی جائے گی۔

مسئلہ: لعان کے بعد تفریق ہوگی تو عورت عدت کا نفقہ و سکنیٰ یعنی رہنے کا مکان

پائے گی اور عدت کے اندر جو بچہ پیدا ہوگا وہ اسی شوہر کا ہوگا۔ (ردمحتار، ردالمحتار)

تنبیہ: لعان سے متعلق مسائل کی تفصیل بڑی کتابوں میں مذکور ہے، لیکن یہاں اتنا کہنا ہے کہ مسلمان مرد و عورت آنکھ کھول کر دیکھیں کہ اسلام نے مسلمان مرد و عورت کی عزت و ناموس کی حفاظت کا کس قدر اہتمام کیا ہے کہ کسی کی جانب زنا کی نسبت کرنے یا اس پر تہمت رکھنے والے پر یہ لازم قرار دیا کہ گویا ایک نہیں، دو نہیں، تین بھی نہیں، اکٹھے چار چار گواہ، وہ بھی چشم دید ہونا چاہیے، پیش کرے۔ اگر اس تعداد میں ایک کی بھی کمی رہ جائے گی تو اس پر حد جاری نہ ہوگی۔ البتہ یہ تہمت زنا کے جرم میں سزا کا مستحق ہوگا کہ وہ بلاضرورت ایسی بات زبان سے نکال کر ایک مسلمان کی خواہ مخواہ آبرو ریزی کرتا اور اس کی عزت و ناموس کو بٹہ لگاتا ہے اور جہاں لعان کا حکم ہے، وہاں جھوٹ کی راہیں بند فرمادیں کہ محض ایک کا جھوٹ، دوسرے کے لیے عذاب نہ بن سکے، اس لیے دونوں مرد و عورت کو اس قسما قسمی کا پابند بنایا۔ اس بارے میں سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔

زوجۂ مفقود کا بیان

مسئلہ: جس عورت کا شوہر لاپتہ ہو، معلوم نہیں مرگیا یا زندہ ہے تو اگرچہ برسوں گزر جائیں، عورت کسی اور مرد سے نکاح نہیں کرسکتی۔ اس پر لازم ہے کہ صبر و انتظار کرے یہاں تک کہ اس کے شوہر کی ولادت کو ستر برس گزر جائیں، مثلاً تیس سال کی عمر میں لاپتہ ہوا تو عورت چالیس برس انتظار کرے۔ اس مدت کے گزر جانے پر قاضی اس کی موت کا حکم کرے۔ بعد حکم عورت چار مہینے دس دن، عدت بیٹھے۔ عدت گزار کر جس سے چاہے نکاح کرے۔ (فتاویٰ رضویہ)

اور یہ عذر کہ ضروریاتِ زندگی کہاں سے میسر ہوں گی، جوانی کیسے گزرے گی، ایک مہمل اور ناقابلِ قبول عذر ہے۔ اس عذر کے باعث حرام کو حلال نہیں ٹھہرایا جا سکتا کہ حکم شرع کے لیے ہے نہ کہ اپنی خواہش نفس کے لیے۔ قاضی اسلام کے فیصلے

ت پہلے یہ عورت شوہر والی ہے اور قرآن کریم صاف فرمارہا ہے کہ:

وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ۔ یعنی تم پر شوہر والی بیبیاں حرام کی گئیں۔

بہت کم سن لڑکیاں کہ بیوہ ہو جاتی ہیں، ہندوؤں کی ریت میں عمر بھر نکاح کا نام نہیں لیتیں اور پاک دامنی سے زندگی بسر کرتی ہیں۔ اس وقت ضرورت و جوانی کدھر چلی جاتی ہے۔ ہزاروں وہ ہیں جن کے شوہر زندہ موجود ہیں، مگر ان کی طرف سے قطعاً برگشتہ و روگرداں۔ نہ نان نفقہ دیتے ہیں، نہ طلاق دے کر اس کا پیچھا چھوڑتے ہیں، وہ اپنی عمر یونہی گزارتی ہیں۔ ہم نے خود دیکھا کہ ان کی پاک دامنی پر، عمر بھر کوئی داغ نہ آیا، مرتے مر گئیں مگر کسی کو انگلی اٹھانے کا موقع نہ دیا۔ باپ دادا کی عزت سینے سے چمٹائے رہیں اور خدا کو پیاری ہو گئیں اور جنہیں بگڑنا ہی ہے وہ شوہروں کی موجودگی کے باوجود بدچلنی میں ملوث ہو جاتی ہیں۔

خدا اور رسول کی بارگاہ میں بازپرس کا خوف ہو تو قدم نہیں ڈگمگاتے اور یہ جو بعض کا زعم ہے کہ شوہر کی گمشدگی کو چار سال گزرنے پر عورت کو نکاحِ ثانی کا اختیار امام مالک رحمتہ اللہ علیہ کے مذہب میں حاصل ہو جاتا ہے، محض جہل اور امام مالک رحمتہ اللہ علیہ کے مذہب سے ناواقفی ہے۔ ان کے یہاں بھی قاضی شرع کے روبرو عورت کے دعویٰ کرنے اور اس کے حکم سے پہلے اگر بیس برس گزر جائیں تو وہ معتبر نہیں۔ عورت پہلے مدعیہ ہو اور قاضی شرع تفتیش کرائے۔ اب ثابت ہو جائے کہ واقعی وہ لاپتہ ہے تو عورت کو چار سال کی مہلت دی جاتی ہے۔ اس کے گزرنے پر قاضی تفریق کرتا ہے۔ اب عورت عدت گزار کر نکاح کر سکتی ہے اور دعویٰ و حکمِ قاضی نہ ہو تو تفریق نہ نکاح ثانی۔ (فتاویٰ رضویہ وغیرہ)

عِدَّت کا بیان

شوہر کے طلاق دینے یا اس کے وفات پا جانے کے بعد، عورت کا نکاح ممنوع ہونا،

اور ایک زمانۂ معینہ تک انتظار کرنا۔ اسے اصطلاحِ شرع میں عدت کہتے ہیں۔ عورت کے لیے اس انتظار کی مدت متعین میں متعدد حکمتیں اور مصلحتیں ہیں۔ ایک طرف تو شوہر کو ٹھنڈے دل سے غور و فکر کا پورا موقع مل جاتا ہے اور طلاقِ رجعی کی صورت میں وہ رجعت کے ذریعے اور بائنہ (بلکہ مغلظہ نہ ہو) کی صورت میں بذریعہ نکاح وہ اپنا گھر دوبارہ آباد کر سکتا ہے اور یہ دوسری طرف عورت کے حمل کی بابت پوری تحقیق ہو جاتی ہے اور دونوں عمر بھر کی ایک خلش سے محفوظ رہتے ہیں۔ اور طلاقِ بائن کے بعد بیوہ کا مسئلہ بھی کچھ کم اہمیت نہیں رکھتا۔ بیوہ کے ساتھ دنیا کے کسی دوسرے مذہب نے کوئی خاص توجہ برتی ہی نہیں ہے بلکہ بعض مذہبوں نے تو ستی وغیرہ کو جائز کر کے بیوہ کو زندہ ہی جلا دیا ہے۔ اسلام نے بیوہ کو زندہ رہنے، پوری طرح زندہ رہنے، سہاگنوں کی طرح زندہ رہنے کا حق عطا کیا ہے۔ البتہ اسے اس کا پابند بنایا کہ وہ زمانہ عدت میں باہر نہ نکلے، بناؤ سنگھار نہ کرے۔ ہاں زمانۂ متعینہ گزر جانے پر اسے اختیار ہے کہ جس جائز و شرعی طور پر چاہے، اپنی زندگی گزارے۔ عدت وفات میں صرف یہی مقصود نہیں کہ عورت کا حاملہ، غیر حاملہ ہونا معلوم ہو جائے بلکہ شوہر کی موت کا سوگ بھی ہے۔

مسئلہ: حائضہ، غیر حائضہ، حاملہ، غیر حاملہ، صغیرہ، کبیرہ، مدخولہ، غیر مدخولہ کے لیے عدت کے احکام جداگانہ ہیں، جن کی تفصیل بڑی کتابوں سے معلوم کریں یا سنی علمائے کرام کی طرف متوجہ ہوں۔ ہم ضروری و اہم مسائل پر اکتفا کرتے ہیں۔

مسئلہ: نکاح زائل ہونے کے بعد اس وقت عدت ہے کہ شوہر کا انتقال ہوا ہو یا خلوت صحیحہ ہوئی ہو۔ زانیہ کے لیے عدت نہیں، اگرچہ حاملہ ہو اور یہ نکاح کر سکتی ہے مگر جس کے زنا سے حمل ہے، اس کے سوا دوسرے سے نکاح کرے تو جب تک بچہ پیدا نہ ہو وطی جائز نہیں، اور جس کا حمل ہے اسی سے نکاح کرے تو شوہر وطی بھی کر سکتا ہے۔ (درمختار وغیرہ)

مسئلہ: طلاق کی عدت جبکہ (۱) عورت مدخولہ ہو یا (۲) خلوت واقع ہو چکی اور (۳) عورت کو حیض آتا ہو اور اسے حمل بھی نہ ہو (بالفاظ دیگر حائضہ مدخولہ، غیر حاملہ) کی

عدت پورے تین حیض ہے۔

مسئلہ: طلاق کی عدت غیرمدخولہ پر اصلا نہیں اگرچہ کبیرہ ہو۔

مسئلہ: طلاق و فسخ نکاح کی صورت میں، غیر حیض والی کے لیے عدت، تین مہینے ہیں، خواہ عورت نابالغہ صغیرہ ہو کہ ابھی حیض آیا ہی نہیں۔ یا کبیرہ آس (جو سن ایاس کو پہنچ چکی یعنی) اب عمر حیض کی نہ رہی۔ (درمختار وغیرہ)

مسئلہ: اگر طلاق یا فسخ چاند کی پہلی تاریخ کو ہوا اگرچہ عصر کے وقت تو چاند کے حساب سے تین مہینے، ورنہ ہر مہینہ تیس (۳۰) دن کا قرار دیا جائے یعنی عدت کے کل دن نوے (۹۰) ہوں گے۔ (عالمگیری وغیرہ)

مسئلہ: طلاق کی عدت وقتِ طلاق سے ہے۔ اگرچہ عورت کو اس کی اطلاع نہ ہو کہ شوہر نے اسے طلاق دے دی ہے اور تین حیض آنے کے بعد معلوم ہوا تو عدت ختم ہو چکی۔ (جوہرہ نیرہ)

مسئلہ: مرد طلاق دے کر مکر گیا۔ عورت نے قاضی کے پاس دعویٰ کیا اور گواہوں سے طلاق دینا ثابت کر دیا اور قاضی نے دونوں میں علیحدگی کا حکم دیا تو عدت وقت طلاق سے ہے۔ اس وقت سے نہیں۔ (عالمگیری)

مسئلہ: حیض کی حالت میں طلاق دی تو یہ حیض عدت میں شمار نہ ہوگا کہ طلاق کی عدت (حائضہ کے لیے) تین حیض کامل ہیں۔ یعنی بعد طلاق کے ایک نیا حیض آئے، پھر دوسرا، پھر تیسرا، جب یہ تیسرا حیض ختم ہوگا، اس وقت عدت سے نکلے گی اور اسے جس سے چاہے، نکاح کرنا روا ہوگا۔ (عامہ کتب و فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: عورت حاملہ ہے تو عدت وضعِ حمل ہے۔ عدت خواہ طلاق کی ہو یا وفات کی اور وضع حمل سے عدت پوری ہونے کے لیے کوئی خاص وقت مقرر نہیں۔ موت یا طلاق کے بعد جس وقت بچہ پیدا ہو، عدت ختم ہو جائے گی۔ اگرچہ ایک منٹ بعد۔

(جوہرہ نیرہ)

مسئلہ: حمل ساقط ہوگیا اور اعضاء بن چکے ہیں تو عدت پوری ہوگئی ورنہ نہیں اور اگر دو یا تین بچے ایک حمل سے ہوئے تو پچھلے کے پیدا ہونے سے عدت پوری ہوگی۔

(جوہرہ نیرہ)

مسئلہ: وفات کی عدت چار مہینے دس دن ہے یعنی دسویں رات بھی گزرے۔ عورت خواہ صغیرہ ہو یا کبیرہ، مدخولہ ہو یا غیرمدخولہ، یا اگرچہ شوہر نابالغ ہو، مگر اس عدت میں شرط یہ ہے کہ عورت کو حمل نہ ہو۔ (جوہرہ نیرہ)

مسئلہ: شوہر کی وفات پہلی تاریخ کو ہو تو چاند سے مہینے لیے جائیں، ورنہ آزاد عورت کے لیے ایک سو تیس دن، یعنی ہر مہینہ تیس دن کا قرار دیا جائے جیسا کہ عدت طلاق غیر حائضہ میں گزرا۔ (درمختار وغیرہ)

ضروری نہایت ضروری

عدت میں نکاح حرام قطعی ہے بلکہ نکاح تو بڑی چیز ہے قرآن عظیم نے عدت میں نکاح کے صریح پیام کو بھی حرام فرمایا بلکہ عدت گزرنے کے بعد نکاح کے وعدہ کو بھی حرام فرمایا صرف اس کی اجازت دی ہے کہ دل میں خیال رکھو یا کوئی پہلودار بات ایسی کہو جس سے بعد عدت ارادہ نکاح کا اشارہ نکلتا ہو۔ صاف صاف یہ ذکر نہ ہو کہ میں بعد عدت تجھ سے نکاح کرنا چاہتا ہوں۔ یہاں تک کہنا بھی حرام ہے تو خود نکاح کر لینا کیونکر حلال ہوگا۔ پھر پہلودار بات بھی عدت وفات والی سے کہنا جائز ہے۔ عدت طلاق والی سے باجماعِ امت وہ بھی جائز نہیں۔

یونہی جب تک شوہر زندہ ہے، اگرچہ نہ وہ عورت کی خبر گیری کرتا ہے، نہ نان نفقہ دیتا ہے، نہ باوجود مطالبہ اسے طلاق دیتا ہے، اگرچہ وہ کسی عورت سے نکاح کر چکا ہے۔ عورت کے لیے دوسرا نکاح کرنا حرام، حرام، حرام، زنا، زنا، زنا ہے۔

اور یہ وسوسے کہ عورت کو کوئی کھانا کپڑے دینے والا نہیں ہے۔ نہ اسے کوئی

قرض دیتا ہے نہ اس کے پاس کوئی اثاثہ ہے کہ اسے فروخت کر کے بسر اوقات کرے۔ نہ وہ دست کار ہے کہ اس کی اجرت سے اپنی ضروریات پوری کر سکے، اگر نکاح ثانی نہ کرے گی تو زنا کاری میں مبتلا ہو جائے گی، محض شیطانی وسوسے اور اغوا یعنی خطرے ہیں۔ زنا کے آئندہ وہم سے بچنے کے لیے، نام نکاح کی آڑ میں زنا کراؤ یہ کون سا دین ہے۔

عزیز بیبیو! رزق اللہ پر ہے۔ شوہر رازق نہیں اور اس کا وعدہ ہے کہ تم اللہ سے ڈرے گا، اللہ اس کے لیے راہ نکال دے گا اور اسے وہاں سے رزق پہنچائے گا کہ اسے گمان بھی نہ ہوگا اور بے شک اللہ سچا اور اس کے وعدے سچے، اور شیطان جھوٹا اس کے ڈراوے جھوٹے۔

مسئلہ: عورت کو شوہر سے جدا ہوئے خواہ کتنی ہی مدت کیوں نہ گزر جائے۔ بہ حکم قرآن عدت ضروری ہے۔

مسئلہ: جو عورت طلاق رجعی یا بائن کی عدت میں ہے، اسے گھر سے نکلنے کی اجازت نہیں، نہ دن میں نہ رات میں بلکہ وہ آزاد عاقلہ بالغہ مسلمہ ہو، اگرچہ شوہر نے اسے نکلنے کی اجازت بھی دی ہو اور نابالغہ لڑکی طلاق رجعی کی عدت میں شوہر کی اجازت سے باہر جا سکتی ہے، بغیر اجازت نہیں۔ اور بائن طلاق کی عدت میں نابالغہ لڑکی اجازت اور بے اجازت، دونوں صورتوں میں جا سکتی ہے۔ ہاں اگر وہ بالغ ہونے کے قریب ہے تو بغیر اجازت نہیں جا سکتی۔ (عالمگیری، درمختار)

مسئلہ: طلاق کی عدت، ختم ہونے تک نان نفقہ شوہر کے ذمہ ہے اور عورت شوہر ہی کے مکان میں عدت پوری کرے گی جبکہ قبل از طلاق وہی مکان اس کے رہنے کا تھا۔ زوال نکاح کے باعث بالکل غیر اجنبی عورت کی طرح رہے اور شوہر سے پردہ کرے۔

(فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: شوہر طلاق کے بعد عورت کو ظلماً اپنے گھر میں نہ رہنے دے تو کوئی اور مکان بتائے جس میں وہ عدت پوری کرے اور اگر وہ مکان کرایہ کا ہو تو تمام عدت تک کرایہ شوہر کے ذمہ ہے اور جب شوہر اپنے مکان میں رہنے دے یا دوسرا مکان اس کے

لیے بتائے تو عورت پر لازم ہے کہ فوراً اس مکان میں چلی جائے اور ختم عدت تک ہرگز اس سے باہر نہ آئے۔ (ردالمحتار وغیرہ)

تنبیہ: یہ ہیں اسلامی شریعت میں حقوق نسواں کی مثالیں، کہ میاں بیوی میں جدائی کے بعد بھی شریعت کا حکم ہے کہ عدت بھر، بیوی کا اعزاز و اکرام برقرار رکھا جائے، مطلقہ بیویوں کی سکونت کے لیے مکان ہی دینا نہیں، بلکہ عدت بھر ان کے کھانے پینے وغیرہ کے ضروری مصارف بھی شوہر کے ذمہ ہیں۔ یہ نہ ہو کہ طلاق کے بعد عورت کو ننگا بوچا کر کے، بھوکا پیاسا اس وقت گھر سے نکال دیا جائے۔

مسئلہ: عورت اپنے شوہر کی اجازت سے والدین کے گھر گئی۔ اس کے پیچھے اس کے شوہر کا انتقال ہو گیا تو اس پر فرض ہے کہ اپنے شوہر کی خبر مرگ سنتے ہی فوراً اس کے گھر یعنی جہاں وہ رہتا تھا، چلی جائے اور ختمِ عدت تک وہیں رہے۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: وفات کی عدت میں نفقہ واجب نہیں، خواہ عورت کو حمل ہو یا نہیں، اس کے دینے سے شوہر کے دوسرے ورثہ انکار کریں تو بے شک بجا ہے۔ (فتاویٰ رضویہ وغیرہ)

مسئلہ: جو عورت بے اجازت شوہر کے گھر سے چلی جایا کرتی ہے، اس بناء پر اسے طلاق دے دی تو عدت کا نفقہ نہیں پائے گی۔ ہاں اگر بعد طلاق، شوہر کے گھر رہی اور باہر جانا چھوڑ دیا تو پائے گی۔ (عالمگیری)

بچہ کی پرورش کا بیان

مال و متاعِ زندگی کی محبت بعض اوقات انسان پر ایسی غالب آجاتی ہیں کہ اپنے اہل و عیال و اولاد پر بھی مال خرچ کرنا، اسے گوارا نہیں ہوتا۔ یہاں تک زمانۂ جاہلیت میں اولاد پر خرچ کرنے کے مقابلہ میں، اولاد کو قتل کر ڈالنا تک گوارا کر لیا جاتا تھا۔ شریعتِ اسلامیہ نے اس شجرِ خبیث کی بھی جڑ کاٹ دی اور بار بار بہ تاکید یہ احکام دیئے کہ جو امیر ہیں وہ اپنی امارت کے لائق اور جو غریب ہیں وہ اپنی بساط کے موافق اولاد کی

تربیت و پرورش میں دریغ نہ کریں۔

اس سلسلہ کے بعض احکام یہ ہیں:

مسئلہ: بچہ کی پرورش کا حق ماں کے لیے ہے۔ خواہ وہ نکاح میں ہو یا نکاح سے باہر ہو گئی ہو۔ ہاں اگر وہ بد چلن ہے تو بچہ اس کی پرورش میں اس وقت تک رہے گا کہ نا سمجھ ہو جب کچھ سمجھنے لگے تو علیحدہ کر لیں کہ بچہ ماں کو دیکھ کر وہی عادتیں اختیار کرے گا جو اس کی ماں میں ہیں۔ (عالمگیری وغیرہ)

مسئلہ: اگر بچے کی ماں نے بچہ کے نسب میں غیر محرم سے نکاح کر لیا تو اسے پرورش کا حق نہ رہا۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: اگر بچہ کی ماں دودھ پلانے سے انکار کرے اور بچہ دوسری عورت کا دودھ نہ لیتا ہو، مفت کوئی دودھ نہیں پلاتی اور بچہ یا اس کے باپ کے پاس مال نہیں تو ماں دودھ پلانے پر مجبور کی جائے گی۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: ماں کی پرورش میں بچہ ہو اور وہ اس کے باپ کے نکاح یا عدت میں ہو تو پرورش کا معاوضہ نہیں پائے گی، ورنہ اس کا بھی حق لے سکتی ہے، اور دودھ پلانے کی اجرت اور بچہ کا نفقہ بھی، اور اگر اس کے پاس رہنے کا مکان نہ ہو تو یہ بھی۔ اور بچہ کو خادم کی ضرورت ہو تو یہ بھی۔ اور یہ سب اخراجات اگر بچہ کا مال ہو تو اس سے دیئے جائیں ورنہ جس پر بچہ کا نفقہ ہے، اس کے ذمہ یہ سب بھی ہیں۔ (درمختار)

مسئلہ: ماں اگر نہ ہو یا پرورش کی اہل نہ ہو یا اس نے انکار کر دیا، یا اجنبی سے نکاح کر لیا تو اب حق پرورش نانی کے لیے ہے۔ یہ بھی نہ ہو تو نانی کی ماں، اس کے بعد دادی، پھر حقیقی بہن، پھر مادری بہن یعنی جو اس بچہ سے صرف ماں میں شریک ہو اور باپ میں جُدا، پھر سوتیلی بہن، پھر حقیقی اور مادری بہن کی بیٹیاں، پھر سگی خالہ پھر مادری خالہ، پھر سوتیلی خالہ، پھر سوتیلی بھانجی یا سوتیلی بہن کی بیٹی، پھر سگی بھتیجی، پھر ماں شریک بھائی کی بیٹی، پھر سوتیلے بھائی کی بیٹی، پھر اسی ترتیب سے پھوپھیاں۔

پھر ماں کی خالہ، پھر باپ کی خالہ، پھر ماں کی پھوپیاں، پھر باپ کی پھوپیاں اور ان سب میں بھی وہی ترتیب ہے کہ پہلے حقیقی پھر اخیافی، پھر سوتیلی۔ یہ سب مل کر بتیس (۳۲) عورتیں ہیں۔

اور اگر کوئی عورت پرورش کرنے والی نہ ہو یا ہو مگر اس کا حق ساقط ہو تو حق پرورش، بہ ترتیبِ وراثت بچہ کے مرد عصبات کو ہے۔ ان میں سب سے مقدم باپ ہے، پھر دادا، پھر سگا بھائی، پھر سوتیلا بھائی، پھر سگا بھتیجا، پھر سوتیلا، پھر سگا چچا پھر سوتیلا، پھر چچا کے بیٹے، مگر لڑکی کو چچا زاد بھائی کی پرورش میں نہ دیں، خصوصاً جب کہ مشتہاۃ (قابلِ شہوت) ہو۔

اور اگر عصبات بھی نہ ہوں تو حق پرورش ذی الارحام کو ہے۔ عصبہ مردوں کے ہوتے ہوئے نانا ماموں وغیرہم کو حق پرورش حاصل نہیں، اور ان بتیس عورتوں میں سے جنہیں حق پرورش حاصل ہے، کسی عورت کے ہوتے بچہ کے باپ دادا پردادا چچا وغیرہم عصبات کو پرورش کا حق نہیں۔ (فتاویٰ رضویہ، ردالمحتار وغیرہما)

مسئلہ: جس عورت کو حقِ پرورش حاصل ہے، اس کے پاس لڑکے کو اس وقت تک رہنے دیں کہ اب اسے اس کی حاجت نہ رہے یعنی آپ کھاتا پیتا، پہنتا اور استنجا کر لیتا ہو۔ اس کی مقدار سات برس کی عمر ہے اور لڑکی اس وقت تک عورت کی پرورش میں رہے گی کہ حد شہوت کو پہنچ جائے۔ اس کی مقدار نو برس کی عمر ہے۔

(خانیہ، بحرالرائق وغیرہما)

مسئلہ: لڑکا بالغ نہ ہوا مگر کام کے قابل ہو گیا ہے تو اسے کسی کام میں لگانے یا کام سکھانے یا نوکری و مزدوری کے قابل ہو اور باپ اس سے نوکری یا مزدوری کرانا چاہے تو ان سب سے مقدم یہ ہے کہ بچوں کو قرآن کریم پڑھائیں۔ دین کی ضروری باتیں سکھائیں، نماز، روزہ، طہارت، خرید و فروخت اور دیگر معاملات کے مسائل جن کی روزمرہ حاجت پڑتی ہے، ان کی تعلیم دیں اور ناواقفی کے باعث، خلافِ شرع باتوں میں مبتلا ہونے سے بچائیں کہ اسی میں دنیا و دین کا بھلا ہے اور اسی میں خدا و رسول کی

خوشنودی۔

یونہی لڑکی کو بھی عقائد اہل سنت و جماعت اور ضروری مسائل سکھانے کے بعد، کسی عورت سے سینا پرونا، کاڑھنا اور نقش و نگار وغیرہ ایسے کام سکھائیں جن کی عورتوں کو اکثر ضرورت پڑتی ہے اور کھانے پکانے اور خانہ داری کے کاموں میں اسے سلیقہ مند اور سگھڑ بنانے کی کوشش کریں کہ سلیقہ والی عورت جس خوبی سے زندگی بسر کر سکتی ہے، بد سلیقہ نہیں کر سکتی۔ آج کی صحیح تربیت پر آئندہ کی خوش حال زندگی کا بڑا دارومدار ہے۔

مسئلہ: لڑکی و نوکر نہ رکھائیں جس کے پاس نوکر رہے گی کبھی ایسا بھی ہوگا کہ مرد کے پاس تجارت اور یہ بڑے عیب کی بات ہے۔ (ردالمحتار) تنہا لڑکی کا کسی غیر کے ساتھ رہنا ایسا ہے جیسے آگ بارود کے ذرا دیر میں بھڑک سکتی ہے اور لڑکی کا بھڑکنا اس کی تباہی و بربادی ہے۔

مسئلہ: لڑکا سات برس اور لڑکی نو برس کی عمر تک جن عورتوں کے پاس رکھے جائیں گے اگر ان میں کوئی بے تنخواہ نہ مانے اور بچہ نادار، باپ مالدار ہے تو جبراً تنخواہ دلائی جائے گی اور اس عمر کے بعد بچہ کو اپنی حفاظت میں لینا باپ پر واجب ہے اگر نہ لے گا، حاکم مجبور کرے گا۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: جب پرورش کا زمانہ پورا ہو چکا اور بچہ باپ کے پاس گیا تو باپ پر یہ واجب نہیں کہ بچہ کو اس کی ماں کے پاس بھیجے، نہ پرورش کے زمانہ میں ماں پر باپ کے پاس بھیجنا لازم تھا۔ ہاں اگر ایک کے پاس ہے اور دوسرا اسے دیکھنا چاہتا ہے تو دیکھنے سے منع نہیں کیا جا سکتا۔ (درمختار)

نفقہ کا بیان

نفقہ سے مراد کھانا کپڑا اور رہنے کا مکان ہے اور کس کا نفقہ، کس پر، کتنا اور

کن حالات میں لازم و ضروری ہے۔ شریعت مطہرہ نے اسے تفصیل سے بیان فرمایا اور بتایا کہ نفقہ واجب ہونے کے تین سبب ہیں:

(۱) زوجیت یعنی میاں بیوی کا رشتہ۔ (۲) نسب۔ (۳) ملک۔

ہم یہاں صرف زوجیت اور نسب سے متعلق چند مسائل پر اکتفا کرتے ہیں۔

مسئلہ: جس عورت سے نکاحِ صحیح ہوا، اس کا نفقہ شوہر پر واجب ہے، اگرچہ وہ نابالغہ ہو، مگر نابالغہ میں شرط یہ ہے کہ جماع کی طاقت رکھتی ہو یا مشتہاۃ ہو کہ حد شہوت کو پہنچ جائے اور شوہر کی جانب کوئی شرط نہیں اگرچہ صغیرالسن (کم سن) ہو۔

(عالمگیری، درمختار)

مسئلہ: ہم بستری کے بعد اگر عورت، شوہر کے یہاں آنے سے انکار کرتی ہے تو اگر مہر معجل کا مطالبہ کرتی ہے کہ دے دو تو چلوں۔ تو نفقہ کی مستحق ہے ورنہ نہیں۔ (درمختار)

مسئلہ: جس مکان میں عورت رہتی ہے۔ وہ اس کی ملک ہے اور شوہر کا آنا، وہاں بند کر دیا تو نفقہ نہیں پائے گی۔ ہاں اگر اس نے شوہر سے کہا کہ مجھے اپنے مکان میں لے چلو یا میرے لیے کرایہ کا کوئی مکان لے دو اور شوہر نہ لے گیا تو نفقہ کی مستحق ہے کہ قصور شوہر کا ہے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: عورت شوہر کے گھر بیمار ہوئی یا میکہ میں تھی اور بیمار ہو کر اس کے یہاں گئی یا اپنے ہی گھر رہی مگر شوہر کے یہاں جانے سے انکار نہ کیا تو نفقہ واجب ہے اور اگر شوہر کے یہاں بیمار ہوئی اور اپنے میکہ چلی گئی اور اگر اتنی بیمار ہے کہ ڈولی وغیرہ پر بھی نہیں آسکتی تو نفقہ کی مستحق ہے اور اگر آسکتی ہے مگر نہیں آتی تو نہیں۔ (درمختار)

مسئلہ: عورت شوہر کے یہاں سے ناحق چلی گئی تو نفقہ نہیں پائے گی جب تک واپس نہ آئے اور اگر اس وقت واپس آئی کہ شوہر مکان پر نہیں بلکہ پردیس چلا گیا ہے جب بھی نفقہ کی مستحق ہے۔ (درمختار)

مسئلہ: اگر مرد و عورت دونوں مالدار ہوں تو نفقہ مالدار کا سا ہوگا اور دونوں محتاج

ہوں تو محتاجوں کا سا۔ اور ایک مالدار ہے اور دوسرا محتاج تو متوسط درجے کا یعنی محتاج جیسا کھاتے ہوں اس سے عمدہ اور اغنیاء (مالدار) جیسا کھاتے ہوں اس سے کم۔ (درمختار)

مسئلہ: نفقہ کا تعین روپوں سے نہیں کیا جا سکتا کہ ہمیشہ اتنے ہی روپے دیئے جائیں اس لیے کہ نرخ بدلتا رہتا ہے۔ ارزانی اور گرانی دونوں کے مصارف یکساں نہیں ہو سکتے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: عورت جب رخصت ہو کر آئی تو اس وقت سے شوہر کے ذمہ اس کا لباس ہے۔ اگرچہ عورت کے پاس کتنے ہی جوڑے ہوں۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: سال میں کم از کم دو جوڑے دینا واجب ہے۔ ہر ششماہی پر ایک جوڑا، مگر اس کا لحاظ ضروری ہے کہ اگر دونوں مالدار ہوں تو مالداروں کے سے کپڑے ہوں اور محتاج و غریب ہوں تو غریبوں کے سے اور ایک مالدار ہو ایک محتاج تو متوسط ہوں جیسے کھانے میں تینوں باتوں کا لحاظ ہے۔ (درمختار، ردالمحتار)

مسئلہ: لباس میں اس شہر کے رواج کا اعتبار ہے۔ جاڑے گرمی میں جیسے کپڑوں کا وہاں چلن ہے وہ دے۔ اور اونی موزے جو جاڑوں میں سردی کی وجہ سے پہنے جاتے ہیں۔ یہ دینے ہوں گے۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: نفقہ کا تیسرا جزو سکنیٰ ہے یعنی رہنے کا مکان کہ شوہر جو رہنے کے لیے مکان دے وہ خالی ہو یعنی شوہر کے متعلقین وہاں نہ رہیں اور اگر اس مکان میں شوہر کے متعلقین رہتے ہوں اور عورت نے اسی کو اختیار کر لیا کہ سب کے ساتھ رہے تب بھی کوئی مضائقہ نہیں۔ جیسا کہ عام طور پر ہمارے اطراف و بلاد میں دستور ہے۔ ہاں یہ لحاظ ضروری ہے کہ شوہر کے رشتہ دار اسے ناحق ایذا نہ دیں۔ (درمختار، ردالمحتار)

مسئلہ: عورت اپنی سوت یا شوہر کے متعلقین کے ساتھ رہنا نہیں چاہتی تو اگر مکان میں کوئی ایسا دالان اس کو دے دے جس میں دروازہ ہو اور عورت اسے بند کر سکتی ہو کہ اس کا سامان محفوظ رہے تو اب دوسرا مکان طلب کرنے کا اسے اختیار نہیں

بشرطیکہ شوہر کے رشتہ دار، عورت کو تکلیف نہ پہنچاتے ہوں۔ (عالمگیری، ردالمحتار)

مسئلہ: عورت تنہا مکان چاہتی ہے اور شوہر مالدار ہے تو اسے ایسا مکان دے جس میں پاخانہ، غسل خانہ، باورچی خانہ وغیرہ ضروریات علیحدہ ہوں اور غریبوں میں خالی ایک کمرہ دے دینا کافی ہے۔ اگرچہ غسل خانہ وغیرہ مشترک ہو۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: یہ بات ضروری ہے کہ عورت کو ایسے مکان میں رکھے جس کے پڑوسی صالحین ہوں کہ فاسقوں بدچلنوں میں خود بھی رہنا اچھا نہیں نہ کہ ایسے مقام پر عورت کا ہونا۔ اگر مکان بہت بڑا ہو کہ عورت وہاں تنہا رہنے سے گھبراتی اور ڈرتی ہے تو وہاں کوئی ایسی نیک عورت رکھے جس سے دل وابستگی ہو اور جی بہلا رہے یا عورت کو کوئی دوسرا مکان دے جو اتنا بڑا نہ ہو اور اس کے ہمسایہ نیک لوگ ہوں۔ (درمختار وغیرہ)

مسئلہ: عورت کے والدین ہر ہفتہ میں ایک بار اپنی لڑکی کے یہاں آسکتے ہیں۔ شوہر منع نہیں کر سکتا۔ ہاں اگر رات میں وہاں رہنا چاہتے ہوں تو شوہر کو منع کرنے کا اختیار ہے۔ یونہی عورت اپنے والدین کے یہاں ہر ہفتہ میں ایک بار جا سکتی ہے مگر رات بغیر اجازت اپنے شوہر وہاں نہیں رہ سکتی اور غیروں کے یہاں جانے یا ان کی عیادت کرنے یا شادی وغیرہ تقریبوں کی شرکت سے منع کر دے عورت بغیر اجازت جائے گی تو گناہ گار ہوگی اور اجازت سے گئی اور وہاں پردہ خیال نہ رکھا اور شوہر کو یہ بات معلوم ہے تو دونوں گنہگار ہوئے۔ (درمختار وغیرہ)

مسئلہ: جس کام میں شوہر کی حق تلفی نہ ہوتی ہو، نہ اس میں کوئی نقصان ہو اگر عورت گھر میں وہ کام کر لیا کرے جیسے کپڑا سینا پرونا کاڑھنا یا ایسے ہی اور دوسرے کام جن کے لیے گھر سے باہر نہ جانا پڑے تو ایسے کاموں سے منع کرنے کی حاجت نہیں۔ خصوصاً جبکہ شوہر گھر نہ ہو کہ ان کاموں سے جی بہلتا رہے گا اور بے کار بیٹھے گی تو وسوسے اور خطرے پیدا ہوتے رہیں گے اور لایعنی و فضول باتوں میں مشغول ہوگی۔

(ردالمحتار)

مسئلہ: نابالغ اولاد کا نفقہ باپ پر واجب ہے جب کہ اولاد کی ملک میں مال نہ ہو اور بالغ بیٹا اگر اپاہج یا مجنون یا نابینا ہو، کمانے سے عاجز ہو اور اس کے پاس مال نہ ہو تو اس کا نفقہ بھی باپ پر ہے اور لڑکی بالغہ مال نہ رکھتی ہو اور شادی شدہ بھی نہ ہو تو اس کا نفقہ بہرحال باپ پر ہے۔ اگرچہ اس کے اعضاء سلامت ہوں اور لڑکی جب جوان ہو گئی اور اس کی شادی کر دی تو اب شوہر پر نفقہ ہے۔ باپ سبک دوش ہو گیا۔ (عالمگیری)

مسئلہ: اگر باپ مفلس ہے تو کمانے اور بچوں کو کھلانے سے بھی عاجز ہے مثلاً اپاہج ہے تو دادا کے ذمہ نفقہ ہے کہ خود باپ کا نفقہ بھی اس صورت میں اسی کے ذمہ ہے۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: کسی شخص کے مثلاً دو بیٹے ہیں، ایک فقط مالک نصاب ہے اور دوسرا بہت مالدار ہے تو نفقہ دونوں پر برابر برابر ہے۔ (درمختار)

مسئلہ: ماں کا نفقہ بھی بیٹے پر ہے، اگرچہ اپاہج نہ ہو، اگرچہ بیٹا نادار ہو یعنی بالغہ وہ بیوہ ہو اور اگر نکاح کر لیا ہے تو اس کا نفقہ شوہر پر ہے اور اگر اس کے باپ کے نکاح میں ہے اور باپ اور ماں دونوں محتاج ہوں تو دونوں کا نفقہ بیٹے پر ہے۔ (درمختار، ردالمحتار)

مسئلہ: باپ اگر تنگ دست ہو اور اس کے چھوٹے چھوٹے بچے ہوں اور یہ بچے محتاج ہوں اور بڑا بیٹا مالدار ہے تو باپ اور اس کی سب اولاد کا نفقہ اس پر واجب ہے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: بیٹا اگر ماں باپ دونوں کو نفقہ نہیں دے سکتا مگر ایک کا دے سکتا ہے تو ماں زیادہ مستحق ہے اور اگر والدین میں سے کسی کا پورا نفقہ نہ دے سکتا ہو تو دونوں کو اپنے ساتھ کھلائے جو وہ خود کھاتا پیتا، پہنتا ہو۔ اسی میں سے انہیں بھی کھلائے پلائے اور پہنائے۔

مسئلہ: باپ بیٹے دونوں نادار ہیں مگر بیٹا کمانے والا ہے تو بیٹے کو حکم دیا جائے گا کہ باپ کو بھی ہمراہ لے لے جبکہ تنہا ہو اور اگر بال بچوں والا ہے تو مجبور کیا جائے گا کہ باپ کو بھی ہمراہ لے لے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: جو رشتہ دار محارم ہوں (یعنی وہ کہ ان سے نکاح ہمیشہ کے لیے حرام ہے) ان کا بھی نفقہ واجب ہے جبکہ وہ حاجت مند ہوں یا نابالغ یا عورت اور رشتہ دار۔ بالغ مرد ہو تو یہ بھی شرط ہے کہ وہ کمانے سے عاجز ہو مثلاً دیوانہ ہے یا اس پر فالج گرا ہے یا اپاہج ہے یا نابینا اور اگر یہ عاجز نہ ہو تو واجب نہیں، اگرچہ محتاج ہو اور عورت میں بالغہ نابالغہ کی قید نہیں بلکہ اگر کمانے پر قادر ہے۔ جب بھی نفقہ واجب ہے۔

ہاں اگر وہ کوئی کام کرتی ہے جس سے اس کا خرچ چلتا ہے تو اب اس کا نفقہ رشتہ دار پر فرض نہیں۔ یونہی اندھا وغیرہ بھی کماتا ہو تو اب کسی اور پر اس کا نفقہ فرض نہیں۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: عورت کا شوہر تنگ دست ہے اور بھائی مالدار ہے تو بھائی کو خرچ کرنے کا حکم دیا جائے گا۔ پھر جب شوہر کے پاس مال ہو جائے تو واپس لے سکتا ہے۔ (در مختار)

مسئلہ: قریبی رشتہ دار غائب ہے اور دور والا موجود ہے تو نفقہ اس دور کے رشتہ دار پر واجب ہے۔ (در مختار)

مجالسِ خیر کا بیان

مسئلہ: میلاد شریف یعنی حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت اقدس کا بیان جائز بھی ہے اور بہت سی برکتوں اور رحمتوں کے نازل ہونے کا اعلیٰ ذریعہ بھی۔ اس مجلس پاک میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل، معجزات، آپ کی سیرتِ مبارکہ، آپ کی مبارک زندگی کے واقعات بھی بیان ہوتے ہیں۔ ان چیزوں کا بیان احادیث میں بھی ہے اور قرآنِ مجید میں بھی۔ اگر مسلمانانِ اہلِ سنت اپنی محفل میں بیان کریں۔ بلکہ خاص ان باتوں کے بیان کرنے کے لیے محفلیں منعقد کریں۔ اس کے لیے فرش و روشنی کا اچھا انتظام کریں، لوگوں کو بلاوے دیں۔ اس کے لیے تاریخ مقرر کریں۔ پڑھنے والے خوش الحانی سے حمد و نعت پڑھیں تو یہ سب باتیں جائز ہیں۔ ان کے ناجائز ہونے

کی کوئی وجہ نہیں۔

اس مجلس کے لیے لوگوں کو بلانا اور شریک کرنا خیر کی طرف بلانا ہے جس طرح وعظ اور جلسوں کے اعلان کیے جاتے ہیں۔ اشتہارات چھپوا کر تقسیم کیے جاتے ہیں۔ اخبارات میں اس کے متعلق مضامین شائع کیے جاتے ہیں اور ان کی وجہ سے وہ وعظ اور جلسے ناجائز نہیں ہو جاتے۔ اسی طرح ذکر پاک صاحب لولاک کے لیے بلاوا دینے سے اس مجلس کو ناجائز و بدعت نہیں کہا جا سکتا۔

اسی طرح میلاد شریف میں شیرینی بانٹنا بھی جائز ہے، مٹھائی بانٹنا ایک نیکی و صلہ رحمی ہے۔ جب یہ محفل جائز ہے تو شیرینی تقسیم کرنا جو ایک جائز امر تھا اس مجلس کو ناجائز نہیں کر دے گا اور یہ کہنا کہ لوگ اسے ضروری سمجھتے ہیں اس وجہ سے ناجائز ہے یہ بھی غلط ہے۔ کوئی بھی اسے فرض یا واجب و ضروری نہیں جانتا۔ بیسیویں کیا، عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم برپا کرنے والی کمیٹیوں کے انتظام میں سینکڑوں محفلیں ایسی ہوتی ہیں کہ میلاد شریف ہوا اور مٹھائی تقسیم نہیں ہوئی۔

اس مجلس میں ذکر ولادت کے وقت قیام کیا جاتا ہے یعنی کھڑے ہو کر درود و سلام پڑھتے ہیں اور نیت یہ ہوتی ہے کہ جب ہمارا درود و سلام حضور کی بارگاہ میں پیش ہو تو اسی تعظیمی ہیات کے ساتھ پیش ہو۔ علمائے کرام نے اس قیام کو مستحسن اور باعثِ ثواب فرمایا ہے۔ بعض بزرگان دین کو اس مجلس پاک میں حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کا شرف بھی حاصل ہوا ہے۔ اگرچہ یہ نہیں کہا جا سکتا کہ حضور اس موقع پر تشریف لاتے ہی ہیں مگر کسی غلام پر اپنا کرم خاص فرمائیں اور تشریف لے آئیں تو ان کے کرم سے کچھ بعید بھی نہیں۔

مسئلہ: مجلسِ میلاد شریف میں یا اور دوسری مجلسوں میں وہی روایات بیان کی جائیں جو مستند اور قابلِ اعتماد کتابوں میں مذکور ہیں، افسانے اور گڑھے ہوئے قصے ہرگز ہرگز بیان نہ کیے جائیں کہ خیر و برکت کی بجائے ایسی باتوں کے بیان کرنے میں اور گناہ ہوتا ہے۔ (بہارِ شریعت)

مسئلہ: عورتیں اگر خود میلاد شریف پڑھیں تو ان تمام باتوں کے علاوہ انہیں اس بات کا خاص خیال رکھنا چاہیے کہ ان کی آواز، گھر سے باہر نہ جائے۔ اجنبیوں یا غیر مردوں کے کانوں میں نہ پہنچنے پائے اور جو کتابیں پڑھی جائیں یا روایتیں بیان کی جائیں وہ بے سروپا کہانیاں نہ ہوں، اسی طرح جو نعتیں اور حمد وغیرہ پر مشتمل نظمیں پڑھی جائیں وہ کسی جاہل مغرور یا شاعر بے شعور کی نہ ہوں کہ ایسوں میں وہ ادب و تعظیم کہاں جو اس جناب پاک کی شایانِ شان ہے۔ نہ عقیدوں نہ شرع کی باتوں کا خیال ہوتا ہے، نہ خدا اور رسول سے شرم نہ بزرگان دین کا لحاظ، یونہی اس امر کا بطور خاص اہتمام کریں کہ عورتیں پوری توجہ سے باادب اس محفل میں شریک ہوں یہ نہ ہو کہ نام ہے میلاد شریف میں شرکت کا اور کچھ سنیں نہ سنائیں بیٹھی بیٹھی اپنی کچریاں پکائیں۔ اپنی مجلس الگ جمائیں اور بے سروپا باتوں میں وقت گنوائیں بلکہ غیبت و عیب جوئی کے دروازے کھولیں، اپنے کرتوتوں پر نظر نہ ہو دوسروں کے اعمال تولیں۔ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

مسئلہ: خلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی وفات کی تاریخوں میں مجلس منعقد کرنا اور ان کے حالات و کمالات سے مسلمانوں کو آگاہ کرنا بھی جائز ہے کہ وہ حضرات اہل اسلام کے مقتدا و پیشوا ہیں۔ ان کی زندگی کے کارنامے مسلمانوں کے لیے مشعل ہدایت ہیں اور ان کا ذکر باعثِ خیر و برکت اور سبب نزولِ رحمت ہے۔

مسئلہ: عشرۂ محرم میں مجلس منعقد کرنا اور واقعات کربلا بیان کرنا جائز ہے جب کہ روایات صحیحہ بیان کی جائیں۔ ان واقعات میں صبر و تحمل رضا و تسلیم کا بہت مکمل درس ہے اور پابندی احکامِ شریعت واتباعِ سنت کا زبردست عملی ثبوت ہے کہ دین حق کی حفاظت میں تمام عزیزوں رفیقوں اور خود اپنے کو راہ خدا میں قربان کیا اور جزع فزع کا نام بھی نہ آنے دیا مگر اس مجلس میں صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کا بھی ذکر خیر ہونا چاہیے۔ تاکہ اہلِ سنت اور شیعوں کی مجلسوں میں فرق و امتیاز رہے۔

ان مجالس میں لوگ اظہارِ غم کے لیے سر کے بال بکھیرتے ہیں، کپڑے پھاڑتے

ہیں' سر پر خاک ڈالتے اور بھوسا اڑاتے ہیں۔ یہ سب ناجائز اور جاہلیت کے کام ہیں۔ سنی مسلمانوں کو ان سے بچنا نہایت ضروری ہے۔ احادیث میں ان کی سخت ممانعت آئی ہے۔ مسلمان مردوں اور عورتوں پر لازم ہے کہ ایسے امور سے بچیں اور ایسے کام کریں جن سے اللہ و رسول صلی اللہ علیہ وسلم راضی ہوں کہ یہی نجات کا راستہ ہے۔

عقیقہ اور ختنہ سے متعلق چند مسائل

مسئلہ: بچہ پیدا ہونے کے شکریہ میں جو جانور ذبح کیا جاتا ہے اس کو عقیقہ کہتے ہیں۔ ہمارے نزدیک عقیقہ مباح و مستحب ہے' نہ لازم و ضروری ہے نہ سنتِ مؤکدہ۔ یہ نہیں کہ نہ کرنے پر خدا کے یہاں گرفت ہو اور آدمی پکڑا جائے یا مجرم قرار پائے۔ ہاں حضورِ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم نے امام حسن و امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی طرف سے ایک یا دو مینڈھے کا عقیقہ کیا۔ (ابوداؤد و نسائی) تو ہمارے لیے بھی باعثِ برکت ہے۔ علمائے کرام فرماتے ہیں کہ بچہ کی سلامتی' اس کی نشوونما اور اس میں اچھے اوصاف ہونا عقیقہ کے ساتھ وابستہ ہیں تو جسے اولاد عزیز ہو عقیقہ نہ چھوڑے۔

مسئلہ: جب بچہ پیدا ہو تو مستحب یہ ہے کہ داہنے کان میں چار مرتبہ اذان اور بائیں میں تین مرتبہ اقامت کہی جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس سے بلائیں دور ہو جائیں گی۔ بہت سے لوگوں میں یہ رواج ہے کہ لڑکا پیدا ہوتا ہے تو اذان کہی جاتی ہے اور لڑکی پیدا ہوتی ہے تو اذان نہیں کہتے۔ یہ نہ چاہیے۔ بلکہ لڑکی پیدا ہو جب بھی اذان و اقامت کہی جائے۔ ساتویں دن اس کا نام رکھا جائے اور اس کا سر مونڈھا جائے اور سر مونڈنے کے وقت عقیقہ کیا جائے۔ کہ ادھر بچہ کے سر پر استرا چلے ادھر جانور کی گردن پر چھری' اور بالوں کو وزن کر کے اتنی چاندی' اور خدا دے تو سونا خیرات کیا جائے۔

(افاداتِ رضویہ' بہارِ شریعت)

مسئلہ: بچہ کا اچھا نام رکھا جائے۔ ہندو پاک کے مسلمانوں میں ایسے نام رکھنے کا

شوق پیدا ہوگیا ہے جن کے کچھ معنی نہیں یا ان کے برے معنی نکلتے ہیں ایسے ناموں سے پرہیز کیا جائے۔ انبیائے علیہم الصلوۃ والسلام کے اسمائے مبارکہ اور صحابہ و تابعین و بزرگانِ دین کے نام پر نام رکھنا بہتر ہے۔ امید ہے کہ ان کی برکت شامل حال ہو۔ ایسا نام رکھنا جس کا ذکر نہ قرآن پاک میں آیا ہو نہ حدیثوں میں ہو اور نہ مسلمانوں میں ایسا نام مستعمل ہو، نہ رکھنا چاہیے۔ (عالمگیری وغیرہ)

مسئلہ: جو نام بُرے ہوں ان کو بدل کر اچھا نام رکھنا چاہیے۔ حدیثوں میں ہے کہ قیامت کے دن تم اپنے اور اپنے بالوں کے نام سے پکارے جاؤ گے۔ لہٰذا اپنے نام اچھے رکھو۔ محمد بہت پیارا نام ہے اس نام کی حدیثوں میں بڑی تعریف آئی ہے۔

(ردالمحتار، عالمگیری وغیرہ)

مسئلہ: عقیقہ کے لیے ساتواں دن بہتر ہے اور ساتویں دن نہ کر سکیں تو جب چاہیں کریں۔ سنت ادا ہو جائے گی۔ بہتر یہ ہے کہ جس دن بچہ پیدا ہو اس دن کو یاد رکھیں، اس سے ایک دن پہلے والا دن جب آئے وہ ساتواں دن ہوگا۔ مثلاً جمعہ کو پیدا ہوا تو جمعرات ساتواں دن ہے جس جمعرات کو عقیقہ کرے گا۔ ساتویں دن کا حساب ضرور آئے گا۔ (بہارِ شریعت وغیرہ)

مسئلہ: لڑکے کے عقیقہ میں دو بکرے اور لڑکی میں ایک بکری ذبح کی جائے یعنی لڑکے میں نر جانور اور لڑکی میں مادہ مناسب ہے اور لڑکے کے عقیقہ میں بکریاں اور لڑکی میں بکرا کیا جب بھی حرج نہیں۔ لڑکے کے عقیقہ میں دو بکری کی جگہ ایک ہی بکری کسی نے ذبح کی تو یہ بھی جائز ہے اور عقیقہ میں گائے ذبح کی جائے تو سات حصوں میں سے دو حصے لڑکے کے لیے اور ایک حصہ لڑکی کے لیے کافی ہے۔ گائے کی قربانی ہوئی تو اس میں عقیقہ کی شرکت ہو سکتی ہے۔ (عالمگیری وغیرہ)

مسئلہ: بچہ کا سر مونڈنے کے بعد سر پر زعفران پیس کر لگا دینا بہتر ہے۔ (حدیث)

مسئلہ: عقیقہ کا جانور انہیں شرائط کے ساتھ ہونا چاہیے جیسا قربانی کے لیے ہوتا

ہے اس کا گوشت فقراء، عزیز و قریب اور دوست احباب کو کچا تقسیم کر دیا جائے یا پکا کر جائے یا ان کو بطور ضیافت و دعوت کھلایا جائے یہ سب صورتیں جائز ہیں اور عوام میں یہ بات مشہور ہے کہ عقیقہ کا گوشت بچہ کے ماں باپ اور دادا، دادی، نانا نانی نہ کھائیں یہ محض غلط ہے اس کا کوئی ثبوت نہیں۔ (عامہ کتب)

مسئلہ: عقیقہ میں جانور ذبح کرتے وقت یہ دعا پڑھیں: اَللّٰھُمَّ ھٰذِہٖ عَقِیْقَۃُ فُلَانٍ (بِنْت، ابن فُلَانٍ (یہاں بچہ اور اس کے باپ کا نام لیں) دَمُھَا بِدَمِہٖ وَلَحْمُھَا بِلَحْمِہٖ وَعَظْمُھَا بِعَظْمِہٖ وَجِلْدُھَا بِجِلْدِہٖ وَشَعْرُھَا بِشَعْرِہٖ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْھَا فِدَآءً لَّہٗ مِنَ النَّارِ وَتَقَبَّلْھَا مِنِّیْ لڑکی کے لیے ہ کی بجائے ھا پڑھیں مثلاً دَمُھَا بِدَمِھَا لَحْمُھَا بِلَحْمِھَا الخ۔

مسئلہ: اگر دعا نہ پڑھی اور دل میں عقیقہ کی نیت ہے۔ تب بھی بچہ کا عقیقہ ہو جائے گا۔

مسئلہ: یہ خیال محض لغو اور بے اصل ہے کہ جس کا عقیقہ نہ ہوا ہو وہ قربانی نہیں کر سکتا۔

مسئلہ: بعض جاہل عورتوں میں دستور ہے کہ بچے کے سر پر بعض اولیائے کرام کے نام کی چوٹی رکھتی ہیں اور اس کی کچھ میعاد مقرر کرتی ہیں۔ اس میعاد تک کتنے ہی بار بچے کا سر مونڈے وہ چوٹی برقرار رکھتی ہیں۔ پھر میعاد گزار کر مزار پر لے جا کر وہ بال اتارتی ہیں۔ یہ محض بے اصل بات ہے بلکہ جاہلانہ رسم و بدعت۔ ہاں بچہ کی پیدائش کے بعد نہلا دھلا کر سر کے بال گھر پر دور کرا کر اولیائے کرام کے مزارات پر حاضر کیا جائے اور لے جانے والے مرد ہوں جو وہاں جا کر اس کے حق میں دعائے خیر کریں۔ تو انشاء اللہ تعالیٰ یہ باعثِ برکت ہے۔ (افاداتِ رضویہ)

مسئلہ: بعض جاہل عورتیں لڑکوں کے کان، ناک چھدوانے اور بچوں کی چٹیا رکھنے

ی منت یا اور طرح طرح کی ایسی منتیں مانتی ہیں جن کو کسی طرح جائز نہیں کہا جا سکتا۔ سی واہیات منتوں سے بچیں اور اور مان لی ہو تو پوری نہ کریں اور شریعت کے معاملہ یں اپنے لغو خیالات کو دخل نہ دیں، نہ یہ کہ ہمارے بڑے بوڑھے یونہی کرتے چلے آئے ہیں اور یہ کہ اگر پوری نہ کریں گے تو بچہ مرجائے گا۔ بچہ مرنے والا ہو گا تو یہ ناجائز منتیں اسے بچا نہ لیں گی۔ منت مانا کرو تو نیک کام، نماز روزہ، خیرات کرنے، درود شریف، کلمہ شریف، قرآنِ مجید پڑھنے، فقیروں کو کھانا دینے اور کپڑا پہنانے وغیرہ کی منت مانو اور اپنے یہاں کے کسی سنی عالم سے دریافت بھی کر لو کہ یہ منت ٹھیک ہے یا نہیں۔ وہابی یا شیعہ وغیرہ سے نہ پوچھنا کہ وہ گمراہ بددین ہیں وہ صحیح مسئلہ نہ بتائیں گے بلکہ اینچ پینچ سے جائز امر کو ناجائز یا ناجائز کو جائز بتا بتا کر تمہیں غلط راستے پر ڈال دیں گے۔

(بہارِ شریعت وغیرہ)

مسئلہ: علَم اور تعزیہ بنانے، پیک بننے اور محرم میں بچوں کو فقیر بنانے اور بدھی پہنانے، مرثیہ کی مجلس کرنے اور تعزیوں پر نیاز دلوانے وغیرہ خرافات جو رافضی اور تعزیہ دار لوگ کرتے ہیں ان کی منت سخت جہالت ہے۔ ایسی منت ماننی نہ چاہیے اور مانی ہو تو پوری نہ کرے۔ ان سب سے بدتر شیخ سدو کا مرغا اور کڑاہی ہے۔ اللہ اپنی پناہ میں رکھے۔ (بہارِ شریعت)

مسئلہ: ختنہ کرنا سنت ہے اور یہ اسلام کے شعائر میں ہے کہ مسلم و غیر مسلم میں اس سے امتیاز ہوتا ہے۔ اسی لیے عرف عام میں اسے مسلمانی بھی کہتے ہیں۔ ختنہ کی مدت سات سال سے بارہ سال کی عمر تک ہے اور بعض علما نے یہ فرمایا کہ پیدائش سے ساتویں دن کے بعد ختنہ کرنا جائز ہے۔ (عالمگیری) اور عموماً مسلمانوں کا عمل بھی اسی پر ہے۔ بچہ پیدا ہی ایسا ہوا کہ ختنہ میں جو کھال کاٹی جاتی ہے وہ اس میں نہیں ہے تو ختنہ کی حاجت نہیں۔ (عالمگیری)

مسئلہ: سنا جاتا بلکہ دیکھا گیا ہے کہ جس بچہ میں پیدائشی ختنہ کی کھال نہیں ہوتی، اس کے باپ وغیرہ، اولیاء اپنے اعزہ اقرباء کو بلاتے ہیں اور ختنہ کے قائم مقام پان کی

گلوری کاٹی جاتی ہے گویا اس نے ختنہ کی رسم ادا کی گئی یہ ایک لغو حرکت ہے جس کا کچھ حاصل ہے نہ فائدہ۔

مسئلہ: ختنہ کی تقریب میں رشتہ داروں کے یہاں سے جوڑے وغیرہ آتے ہیں۔ سر پر روپے وغیرہ دیئے جاتے ہیں اور جوڑے بھی طرح طرح کے ہوتے ہیں۔ ان میں سے جن چیزوں کے متعلق معلوم ہو کہ بچہ کے لیے مثلاً چھوٹے کپڑے جو بچوں کے مناسب ہیں یہ اسی بچہ کے لیے ہیں ورنہ والدین کے لیے۔ (درمختار) اور اگر بھیجنے والے نے نام بنام جوڑے یا تحفے بھیجے ہیں تو جس کے لیے جو چیز آئی ہے وہی لے سکتا ہے۔ دوسرا نہیں لے سکتا۔ یہاں تک کہ ملازمین کے لیے جو جوڑے وغیرہ آئیں وہ انہیں کو دیئے جائیں، روکنا یا کسی اور کو نہ دینا چاہیے۔

زینت کا بیان

مسئلہ: لڑکیوں کے کان، ناک چھدوانے میں حرج نہیں۔ اس لیے کہ زمانۂ رسالت میں کان چھدتے تھے اور اس پر انکار نہیں ہوا۔ (عالمگیری) بلکہ کان چھدوانے کا سلسلہ اب تک جاری ہے۔ صرف بعض گھرانوں میں نصرانی عورتوں کی تقلید میں اسے موقوف کر دیا گیا ہے اس کا اعتبار نہیں۔

مسئلہ: بعض گھرانوں میں لڑکوں کے بھی کان چھدواتے اور دُریا پہناتے ہیں۔ یہ ناجائز ہے یعنی کان چھدوانا بھی ناجائز اور اسے زیور پہنانا بھی ناجائز۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: عورتوں کو ہاتھ پاؤں میں مہندی لگانا جائز ہے کہ یہ زینت کی چیز ہے۔ بے ضرورت چھوٹے بچوں کے ہاتھ پاؤں میں مہندی لگانا نہ چاہیے۔ (عالمگیری) لڑکیوں کے ہاتھ پاؤں میں لگا سکتے ہیں جس طرح ان کو زیور پہنا سکتے ہیں۔

مسئلہ: عورتیں اپنی چوٹیوں میں پوت اور چاندی سونے کے دانے لگا سکتی ہیں۔ (عالمگیری)

مسئلہ: عورت کا اپنے شوہر کے لیے گہنا پہننا، بناؤ سنگھار کرنا عظیم ثواب کا باعث اور ان کے حق میں نمازِ نفل سے افضل ہے۔ ایک پارسا بی بی کہ وہ خود اور ان کے شوہر دونوں صاحب اولیاء کرام سے تھے۔ ہر شب بعد نماز عشاء پورا سنگھار کر کے دلہن بن کر اپنے شوہر کے پاس آتیں وہیں حاضر رہتیں۔ اگر انہیں اپنی طرف راغب پاتیں خدمت بجالاتیں ورنہ زیور و لباس اتار کر مصلیٰ بچھاتیں اور نماز میں مشغول ہو جاتیں۔ اور دلہن کو سجانا تو مسلمانوں میں قدیم سے رائج اور بہت احادیث سے ثابت ہے۔ بلکہ کنواری لڑکیوں کو زیور و لباس سے آراستہ رکھنا کہ ان کی منگنیاں آئیں یہ بھی سنت ہے۔ بلکہ عورت کا قدرت رکھنے کے باوجود بالکل بے زیور رہنا مکروہ ہے کہ یہ مردوں سے تشبہ ہے۔ ام المومنین صدیقہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا عورت کا بے زیور نماز پڑھنا مکروہ جانتیں اور فرماتیں اور کچھ نہ پائے تو ایک ڈورا ہی گلے میں باندھ لے اور بجنے والا زیور عورت کے لیے اس حالت میں جائز ہے کہ نامحرموں مثلاً خالہ ماموں، چچا پھوپھی کے بیٹوں، جیٹھ دیور، بہنوئی کے سامنے نہ آتی ہو نہ اس کے زیور کی جھنکار نامحرم تک پہنچے۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: سونے چاندی کے علاوہ دوسری دھات کی انگوٹھی پہننا حرام ہے۔ مثلاً لوہا، پیتل، تانبا جست وغیرہ۔ ان دھاتوں کی انگوٹھیاں مرد و عورت دونوں کے لیے ناجائز ہیں۔ فرق اتنا ہے کہ عورت سونا بھی پہن سکتی ہے اور مرد نہیں پہن سکتا۔ اور نگینہ ہر قسم کے پتھر کا، مرد و عورت دونوں کے لیے ہو سکتا ہے۔ عقیق، زمرد، یاقوت، فیروزہ وغیرہ سب کا نگینہ جائز ہے۔ (درمختار)

مسئلہ: لوہے کی انگوٹھی پر چاندی کا (عورت کے لیے سونے کا) خول چڑھا دیا کہ لوہا بالکل دکھائی نہ دے اس انگوٹھی کے پہننے کی ممانعت نہیں۔ (عالمگیری) اس سے معلوم ہوا کہ سونے کے زیوروں میں جو اندر تانبے یا لوہے کی سلاخ رکھتے ہیں اور اوپر سے سونے کا خول یا پتر چڑھا دیتے ہیں، اس کو پہننا جائز ہے۔ (بہارِ شریعت)

مسئلہ: عورتیں انگوٹھی پہنیں تو نگینہ ہاتھ کی پشت کی طرف رکھیں کہ ان کو پہننا

زینت کے لیے ہے اور زینت اسی صورت میں زیادہ ہے کہ نگینہ باہر کی جانب رہے۔

(ہدایہ)

مسئلہ: ہلتے ہوئے دانتوں کو سونے کے تار سے بندھوانا جائز ہے اور اگر کسی کی ناک کٹ گئی ہو تو سونے کی ناک بھی لگانے کی اجازت ہے۔ ان دونوں صورتوں میں ضرورت کی وجہ سے مردوں کے لیے بھی سونے کو جائز کیا گیا کیونکہ چاندی کے تار سے دانت باندھے جائیں یا چاندی کی ناک لگائی جائے تو اس سے تعفن (بدبو) پیدا ہوگا۔ (عالمگیری) اور دانت گر گیا تو اسی دانت کو سونے یا چاندی کے تار سے بندھوا سکتا ہے۔ دوسرے شخص کا دانت اپنے منہ میں نہیں لگا سکتا۔ (عالمگیری)

مسئلہ: گھنگرو والے زیورات کا استعمال عورت کے لیے منع ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ ہر گھنگرو کے ساتھ شیطان ہوتا ہے اور جس گھر میں گھنگرو والے زیورات استعمال کیے جاتے ہیں اس گھر میں فرشتے نہیں آتے۔ (ابوداؤد)

مسئلہ: کہیں کہیں موسم کی تبدیلی یا مزاج میں نقص یا کسی بیماری کے باعث سر کے بال سفید ہو جاتے ہیں اور عورتیں وقت سے پہلے ہی بوڑھی معلوم ہونے لگتی ہیں، ایسی عورتیں شوہر کی خوشنودی اور اس کی رغبت بڑھانے کی نیت سے اگر سیاہ خضاب سے سر کے بال رنگ لیں تو انشاء اللہ تعالیٰ اس میں حرج نہیں۔

مسئلہ: ایسے چست کپڑے جن سے جسم کا نقشہ کھنچ جاتا ہو مثلاً چست پاجامہ میں پنڈلی اور ران کی پوری ہیئت نظر آتی ہے اور اس پر کوئی اور ڈھیلا کپڑا شلوار وغیرہ نہ ہو تو عورتیں ایسے موقعوں پر استعمال نہ کریں کہ غیروں کی نظریں ان پر پڑیں۔ مثلاً گھر میں دیور، جیٹھ، چچا، پھوپی، ماموں، خالہ کے بیٹوں یا ایسے ہی دور کے رشتہ داروں کا آنا جانا ہو یا وہ موجود ہوں۔ اسی طرح بعض عورتیں بہت باریک کپڑے پہنتی ہیں مثلاً جارجٹ آب رواں یا جالی یا باریک ململ ہی کا دوپٹہ، جس سے سر کے بال یا بالوں کی سیاہی یا گردن یا کان نظر آتے ہیں، یا کرتے میں سے پیٹ اور پیٹھ بالکل نظر آتی ہے، اس قسم کے کپڑے پہننا بھی ناجائز ہیں اور مردوں کو اس حالت میں ان کی طرف نظر کرنا بھی حرام۔ (عالمگیری)

مسئلہ: عورت کو داڑھی یا مونچھ کے بال نکل آئیں تو ان کا نوچنا جائز بلکہ مستحب ہے کہ کہیں اس کے شوہر کو اس سے نفرت نہ پیدا ہو۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: ناخن کاٹنے کا ایک آسان طریقہ جو حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے مروی ہے یہ ہے کہ داہنے ہاتھ کی کلمے کی انگلی سے شروع کرے اور چھنگلیا پر ختم کرے پھر بائیں ہاتھ کی چھنگلی سے شروع کر کے انگوٹھے پر ختم کرے اس کے بعد داہنے ہاتھ کے انگوٹھے کا ناخن تراشے یا ترشوائے۔ اس صورت میں داہنے ہی ہاتھ سے شروع ہوا اور داہنے پر ہی ختم ہوا۔ (درمختار)

مسئلہ: پاؤں کے ناخن ترشوانے میں کوئی ترتیب منقول نہیں۔ بہتر یہ ہے کہ پاؤں کی انگلیوں میں خلال کرنے کی جو ترتیب ہے اسی ترتیب سے ناخن تراشے۔ یعنی داہنے پاؤں کی چھنگلی سے شروع کر کے انگوٹھے پر ختم کرے۔ پھر بائیں پاؤں کے انگوٹھے سے شروع کر کے چھنگلی پر ختم کرے۔ (درمختار)

مسئلہ: دانت سے ناخن نہ کھٹلنا چاہیے کہ مکروہ ہے اور اس میں مرض برص (معاذ اللہ) پیدا ہونے کا اندیشہ ہے۔ (عالمگیری) اور مشہور ہے کہ اس سے برکت جاتی ہے۔

مسئلہ: ہر جمعے کو اگر ناخن نہ تراش سکے تو پندرہویں دن تراشے اور اس کی انتہائی مدت چالیس دن ہے۔ (حدیث شریف) کچھ لڑکیوں میں ناخن بڑھانے انہیں نوکیلے بنانے اور پھر ان پر "نیل پالش" کا فیشن بڑھتا جا رہا ہے، ماں باپ اور گھر کے بڑوں کو چاہیے کہ اس وبا کو جو زمانہ جاہلیت کی یادگار ہے سختی سے مٹا دیں۔

مسئلہ: کنگھا کرنے یا سر دھونے میں جو بال سر سے جدا ہوں، یونہی عورت پاؤں کے ناخن کاٹے تو عورتوں پر لازم ہے کہ انہیں زمین میں دفن کر دیں یا کہیں چھپا دیں یا ایسی جگہ ڈال دیں کہ ان پر کسی اجنبی کی نظر نہ پڑے۔ (درمختار)

مسئلہ: موئے زیر ناف دور کرنا سنت ہے اور بہتر جمعہ کے جمعہ ہے۔ اور پندرہویں دن کرنا بھی جائز ہے اور چالیس روز سے زیادہ گزار دینا مکروہ و ممنوع ہے اور غسل

ضروری ہو تو ایسی حالت میں نہ بال مونڈے اور نہ ناخن ترشوائے کہ یہ مکروہ ہے۔ (عالمگیری) ناک کے بال نہ اکھاڑے کہ اس سے مرض آکلہ پیدا ہونے کا ڈر ہے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: عورت کو سر کے بال کٹوانے جیسا کہ اس زمانہ میں نصرانی عورتیں کٹواتی ہیں، ناجائز و گناہ ہے اور اس پر لعنت آئی۔ شوہر نے ایسا کرنے کو کہا جب بھی یہی حکم ہے کہ عورت ایسا کرنے میں گناہ گار ہوگی کیونکہ شریعت کی نافرمانی کرنے میں کسی کا کہنا نہیں مانا جائے گا۔ (درمختار) آہستہ آہستہ یہ بلا مغربی تہذیب کے دلدادہ گھرانوں میں پھیلتی جا رہی ہے اور حدیث شریف میں وارد ہے کہ جو عورت مردانہ ہیئت میں ہو اس پر اللہ کی لعنت ہے۔ تو یہ بال کٹواتی ہیں اور اللہ کی لعنت میں گرفتار ہوتی ہیں۔

مسئلہ: انسان کے بالوں کی چوٹی بنا کر عورت اپنے بالوں میں گوندھے یہ حرام ہے۔ حدیث میں اس پر لعنت آئی بلکہ اس پر بھی لعنت جس نے کسی عورت کے سر میں ایسی چوٹی گوندھی اور اگر وہ بال جس کی چوٹی بنائی گئی خود اسی عورت کے سر کے ہیں جس کے سر میں جوڑی گئی جب بھی ناجائز۔ کہ بات وہی نصرانی عورتوں کی ریس کی ہوئی اور اگر اون یا سیاہ تاگے کی چوٹی بنا کر لگائے تو اس کی ممانعت نہیں۔ سیاہ کپڑے کا موباف باندھنا بھی جائز ہے۔ (درمختار)

مسئلہ: سیاہ سرمہ یا کاجل آنکھوں میں استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ ہاں مرد بہ قصد زینت نہ لگائیں۔ (عالمگیری)

مسئلہ: مکان میں جاندار کی تصویر (پوری ہو یا آدھی یا صرف چہرہ) لگانا یا اسے اعزاز و تعظیم سے رکھنا یونہی ایسے پردے دروازوں پر ڈالنا جائز نہیں اور غیر جاندار کی تصویر سے مکان آراستہ کرنا جائز ہے جیسا کہ طغرے اور کتبوں سے مکان سجانے کا رواج ہے۔ (عالمگیری) حدیث شریف میں ہے کہ جبریل امین علیہ الصلوۃ والتسلیم نے حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی۔ ہم ملائکہ رحمت اس گھر میں نہیں جاتے جس میں کتا یا تصویر ہو۔ (بخاری و مسلم)

مسئلہ: بعض گھروں میں خاندانی بزرگوں یا بزرگان دین کی مصنوعی تصویریں دیواروں پر لٹکاتے یا میز وغیرہ ایسی چیز پر رکھتے ہیں کہ وہ نمایاں نظر آتی ہیں یہ اور بھی برا اور سخت تر گناہ ہے۔ بت پرستی کی ابتدا ہوئی تو انہیں بزرگوں کی تصویروں کی تعظیم سے۔ قرآن کریم میں جو پانچ بتوں کا سورۂ نوح میں فرمایا یہ پانچوں بندگانِ صالحین تھے کہ لوگوں نے ان کے انتقال کے بعد ابلیس لعین کے بہکائے میں آکر ان کی تصویریں بنا کر مجلسوں میں قائم کیں۔ پھر بعد کی آنے والی نسلوں نے انہیں معبود سمجھ لیا اور ان کی پوجا پاٹ شروع ہو گئی۔ (بخاری)

مسئلہ: حضور سید البشر علیہ افضل الصلوۃ واکمل السلام کے نعل (پاپوش) مطہر اور روضۂ معطر کے نقشے مکانوں میں آویزاں کرنا انہیں عزت و تکریم سے رکھنا، انہیں بوسہ دینا، آنکھوں سے لگانا، سر پر رکھنا یہ سب جائز ہے اور دنیا و آخرت میں عزت و سرور کا باعث اور تکمیلِ ایمان کا اعلیٰ ذریعہ کہ جس چیز کو محبوبانِ خدا بالخصوص سید المحبوبین خاتم النبیین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف نسبت کا شرف حاصل ہو جاتا ہے وہ خود بھی معظم شرعی ہو جاتی ہے جیسے غلافِ کعبہ کی تعظیم و تکریم سب ہی کرتے چلے آرہے ہیں۔ علمائے کرام فرماتے ہیں کہ ان نقشوں میں ایک فائدہ یہ ہے کہ جسے اصل روضۂ عالیہ کی زیارت نہ ملی وہ اس کی زیارت کرلے کہ یہ مثال و تصویر اس اصل کے قائم مقام ہے۔ یونہی نعلِ مقدس کا نقشہ، اصل نعلِ مقدس کے قائم مقام ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دلائل الخیرات شریف میں روضۂ انور کا نقشہ شامل کیا جاتا ہے اور صدیوں سے علماء و مشائخ میں معمول ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم مسلمانوں کو حسنِ ادب عطا فرمائے۔ (آمین)

مسئلہ: لڑکیوں کے لیے گڑیوں سے کھیلنے کی اجازت ہے کہ اس بہانے ان میں سینے پرونے، کھانے پینے اور قرینے سے رہنے سہنے کا شوق پیدا ہوتا ہے۔ خواہ یہ گڑیاں یا ایسے ہی دوسرے کھلونے کپڑے کے ہوں یا ٹین وغیرہ کسی دھات کے یا مٹی اور پلاسٹک کے لیکن یہ ضرور ہے کہ یہ چیزیں کھلونوں کی حد تک رہیں کہ بچے پھینکے توڑیں تاکہ ان میں بت شکنی کی عادت پیدا ہو۔ انہیں شیشے کی الماریوں میں سجا سجا کر گھر اور کمرے میں

زینت کا سامان بنانا کسی طرح جائز و درست نہیں۔ یہ مسئلہ خوب ذہن نشین رکھیں۔

ابو داؤد نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی۔ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غزوۂ تبوک یا خیبر سے تشریف لائے (اس وقت آپ کی عمر شریف قریباً نو سال تھی، گڑیوں سے کھیلا کرتی تھیں اور آپ کے پاس آپ کی سہیلیاں بھی آجاتی تھیں) اس وقت آپ کی گڑیاں طاق میں رکھی ہوئی تھیں، اور ان پر پردہ پڑا ہوا تھا، ہوا چلی اور پردہ ہٹ گیا۔ حضرت عائشہ کی گڑیاں دکھائی دیں تو حضور نے فرمایا۔ عائشہ یہ کیا ہیں؟ عرض کی میری گڑیاں ہیں۔ ان گڑیوں کے درمیان کپڑے کا ایک گھوڑا تھا جس کے دو بازو تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس گھوڑے کی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ گڑیوں کے بیچ میں یہ کیا ہے؟ عرض کی یہ گھوڑا ہے۔ ارشاد فرمایا گھوڑے کے یہ کیا ہیں؟ عرض کی یہ گھوڑے کے بازو ہیں۔ ارشاد فرمایا گھوڑے کے لیے بازو؟ حضرت عائشہ نے عرض کی کیا آپ نے نہیں سنا ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے گھوڑوں کے بازو تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ سن کر تبسم فرمایا۔

اس حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ لڑکیوں کو گڑیوں سے کھیلنا جائز ہے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ اگر انہیں رکھنا ہو تو پردے سے چھپا دیا جائے تاکہ ان پر نظر نہ پڑے اور ان کا شمار زینت کی چیزوں میں نہ ہو اور بچوں میں چونکہ اتنی سمجھ نہیں ہوتی، اس لیے گھر کے بڑوں کو اس کا خیال رکھنا چاہیے۔ ایسا نہ ہو کہ ان کی غفلت سے رحمت کے فرشتوں سے گھر محروم رہے اور برکتیں رخصت ہو جائیں۔

اصلاح الرسوم

بچے کی پیدائش، ختنہ، عقیقہ، بسم اللہ خوانی، شادی بیاہ اور دوسری تمام تقریبات سے لے کر انسان کے آخری انجام یعنی موت تک مسلمان گھرانوں میں طرح طرح کی رسمیں برتی جاتی ہیں۔ ہر ملک میں نئی رسوم ہیں اور ہر قوم و خاندان کے رواج اور طریقے، جداگانہ رسوم کی بنیاد عرف پر ہے۔ یہ کوئی نہیں سمجھتا کہ یہ شرعاً واجب یا سنت

یا مستحب ہیں۔ لہٰذا جب تک کسی رسم کی ممانعت، شریعت سے ثابت نہ ہو اس وقت تک اسے حرام و ناجائز نہیں کہہ سکتے۔ کھینچ تان کر اسے ممنوع قرار دینا بڑی زیادتی ہے۔

دراصل شرع شریف کا ایک کلّیہ قاعدہ یہ ہے کہ جس چیز کو خدا اور رسول اچھا بتائیں وہ اچھی ہے اور جسے برا فرمائیں وہ بری ہے اور جس سے سکوت فرمائیں یعنی شرع سے نہ اس کی خوبی نکلی نہ برائی کہ نہ اس کی ممانعت شریعتِ مطہرہ سے ثابت ہے نہ شریعت نے اس کے کرنے کا حکم دیا تو وہ چیز اباحتِ اصلیہ پر رہتی ہے اور اسے مباح قرار دیا جائے گا کہ اس کے کرنے میں کوئی ثواب نہیں اور نہ کرنے پر کوئی عذاب و عتاب نہیں۔ یہ قاعدہ ہمیشہ یاد رکھنے کا ہے کہ اکثر جگہ کام آئے گا۔ آج کل مخالفینِ حق اور اہلِ سنت و جماعت سے کٹ کر نئی راہوں پر چلنے والوں مثل وہابیہ دیوبندیہ نے یہ روش اختیار کرلی ہے کہ جس چیز کو چاہا، شرک، حرام، بدعت ضلالت کہنا شروع کر دیا۔ اس پر طرہ یہ کہ اہلِ سُنّت سے پوچھتے ہیں تم جو ان چیزوں کو جائز بتاتے ہو قرآن و حدیث میں کہاں جائز لکھا ہے۔ حالانکہ ان کو اپنی خوش فہمی سے اتنی خبر نہیں کہ جائز کہنے والا کسی دلیل کا محتاج نہیں۔ جو ناجائز کہے وہ قرآن و حدیث میں دکھلائے کہ ان افعال کو کہاں ناجائز لکھا ہے۔ ورنہ شریعت کسی کی زبان کا نام نہیں کہ جسے چاہے آدمی بے دلیل حرام و ناجائز و ممنوع کہہ دے۔

اور فرقہ وہابیہ کے مبلغ اور ان کے بہی خواہ جو اس قسم کے مسائل میں یہ حدیث پیش کرتے ہیں:

مَنْ اَحْدَثَ فِیْ اَمْرِنَا هٰذَا مَا لَیْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ۔ یعنی جو شخص دین میں نئی بات پیدا کرے وہ بات مردود ہے۔

تو یہ محض بے محل اور مسلمانوں کو گمراہ کرنے کا ایک بہانہ ہے، ورنہ ان کے بڑے بھی یہ بات خوب جانتے ہیں کہ بدعت ضلالت وہی ہے جو دین میں نئی پیدا ہو اور دنیاوی رسوم و عادات پر حکم بدعت نہیں ہو سکتا مثلاً انگرکھا و شیروانی پہننا، بریانی مزعفر متنجن شیرمال وغیرہ لذیذ کھانا، عالیشان مکانوں، بنگلوں کے نام تجویز کرنا اور ان میں رہنا سہنا، دولہا کو عمدہ پوشاک پہنانا، بنا سنوار کر پورے اہتمام سے دلہن کے گھر لے جانا اور

ان کا جائز طریقوں پر استقبال کرنا اور خاطر ومدارات میں پیش پیش رہنا۔ دلہن کو بوقت رخصت پالکی یا موٹر وغیرہ میں بٹھانا۔ اسی طرح دلہن اور دولہا کے سر پر سہرا باندھنا جبکہ سہرے میں نلکیاں اور پنی وغیرہ نہ ہو کہ کوئی بھی ان چیزوں کو دینی بات سمجھ کر نہیں کرتا۔ نہ بغرض ثواب انہیں کیا جاتا ہے بلکہ سب ایک دنیاوی رسم ہی جان کر کرتے ہیں۔ ہاں اگر کوئی جاہل اور ناواقف محض ایسا ہو کہ انہیں دینی بات جانے اور نہ کرنے کو شرعاً برا یا گناہ مانے تو اس کی اس بے ہودہ سمجھ پر اعتراض صحیح ہے۔

یونہی دولہا دلہن کو ابٹنا ملنا، خوشبو لگانا، دلہن کو مائیوں بٹھانا اور ڈال بری کی رسم کہ کپڑے وغیرہ بھیجے جاتے ہیں، جائز ہے۔ اسی طرح دولہا دلہن کے گلوں میں خالص پھولوں کے ہار پہنانا کہ ان میں پھولوں سے بس اتنی بات زائد ہے کہ انہیں ایک ڈورے میں پرو لیا ہے اور گلے میں ڈالنا خوشبو سے خود فائدہ لینا اور اپنے ساتھیوں کو فرحت پہنچانا ہے اور خوشبو لگانا سنت ہے اور خوشبو کی چیزیں پھول پتی وغیرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پسند ہیں اور پھول اگر ہاتھ میں لیے رہیں تو ہاتھ بھی رکے اور پھول بھی جلد کملا جائیں۔ اسی لیے ڈورے میں پرو کر گلے میں ڈالنے سے کوئی حرج نہیں تو اس میں حرمت یا ممانعت وناجوازی کس طرف سے آگئی۔

اسی طرح شادی بیاہ کے موقع پر نبوٹ کھیلنا لکڑی پھینکنا، بندوقیں چھوڑنا اور اسی قسم کے سب کھیل جائز ہیں جبکہ اپنے یا کسی دوسرے کے نقصان کا اندیشہ نہ ہو۔ اور ان سے مقصود، کوئی غرض محمود ہو جیسے فن سپاہ گری میں مہارت اور اگر صرف کھیل کود مقصود ہو تو ضرور ممنوع ومکروہ ہے۔

غرض یہ کہ ان جائز رسوم وعادات کو جو بلا دلیل شرعی ناجائز وحرام اور بدعت وضلالت کہتا ہے وہ شریعتِ مطہرہ پر افتراء کرتا ہے اگر سچا ہے تو بتائے کہ اللہ ورسول نے قرآن وحدیث میں اسے کہاں ناجائز کہا اور کہاں منع فرمایا ہے اور جب اللہ و رسول نے منع نہیں فرمایا تو دوسرا اپنی طرف سے منع کرنے والا کون۔ جل وعلا وصلی اللہ علیہ وسلم۔ مگر یہ ضرور ہے کہ رسوم کی پابندی اسی حد تک کر سکتا ہے کہ کسی فعل حرام میں مبتلا نہ ہو اس کے برخلاف بعض لوگوں کو ان رسوم وعادات اور اپنے باپ دادا سے ورثہ

میں پائی ہوئی رسم و رواج کی پابندی کا اس حد تک خیال رہتا ہے کہ ناجائز و حرام فعل کرنا پڑے تو پڑے مگر خاندانی رسم و رواج کا چھوڑنا گوارا نہیں کرتے۔ میں مانتا ہوں کہ رسم و رواج کی جڑیں جب کسی قوم یا خاندان یا اس کے افراد و اشخاص کی رگ و پے میں سرایت کر جاتی ہیں اور ان رسوم و عادات کے پاؤں مضبوطی سے ان میں جم جاتے ہیں تو انہیں ترک کرنا نفس پر بڑا شاق گزرتا ہے اور آدمی کسی طرح انہیں چھوڑنا گوارا نہیں کرتا۔ لیکن یہ تو سوچو تم مسلمان ہو اور مسلمانی، اطاعت و فرمانبرداری کا دوسرا نام ہے۔ قرآن کریم میں ارشاد گرامی ہے:

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِي السِّلْمِ كَآفَّةً۔ الایہ۔

اے ایمان والو! اسلام میں پورے پورے داخل ہو جاؤ اور شیطان کے قدموں پر نہ چلو، وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔

تو اسلام کا کلمہ پڑھنے، قرآن و حدیث کو اپنا امام ماننے اور خدا اور رسول جل و علا و صلی اللہ علیہ وسلم کی کامل فرماں گزاری کا اقرار کرنے کے بعد، جاہل بے شعور بننا اور اپنی جھوٹی عزت و ناموس اور خاندانی عز و وقار کا ایسی رسوم و عادات کے درمیان نام لانا اسی شیطان لعین کے قدموں پر چلنا ہے جس سے دور رہنے کا قرآنِ عظیم حکم دیتا ہے۔ لہٰذا مسلمانوں پر فرض ہے کہ اپنی نفسیاتی خواہشات پر قرآنِ عظیم و حدیثِ کریم کے احکام کو حاکم بنائیں۔ اور ہر حال میں خدا اور رسول کی رضا و خوشی کے طالب رہیں۔ اسی پر جئیں اسی پر مریں اور ہمیشہ اسی کا دم بھریں۔

یہ جو کچھ لکھا گیا ہے "رسوم و عادات" کے بارے میں ایک بنیادی چیز تھی۔ اب ہم اپنے عنوان "اصلاحِ رسوم" کی طرف آتے ہیں اور چند رسوم کا ذکر کرتے ہیں جن کی پابندی سے دنیا و آخرت میں ذلت و رسوائی کے سوا کچھ ہاتھ نہیں آتا۔

(۱) شادی میں ٹال مٹول

مثلاً لڑکی جوان ہے، مناسب رشتہ بھی مل رہا ہے لیکن رسوم ادا کرنے کو روپیہ

نہیں تو یہ نہ ہو گا کہ رسوم چھوڑ دیں۔ لڑکی کی شادی کر کے اس کے ہاتھ پیلے کر کے ا
بوجھ سے سبکدوش ہو جائیں اور فتنوں کا دروازہ بند ہو۔ اب خاندانی رسوم کے پو
کرنے کو بھیک مانگنے کو طرح طرح کی فکریں کرتے ہیں اور اس خیال میں کہ کہیں سے
کچھ مل جائے تو لڑکی کا بیاہ رچائیں، شادی کی خوشیاں منائیں تاکہ برادری میں نام پائیں
برسوں گزار دیتے ہیں۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ لڑکی کی تندرستی بگڑتی ہے اس کی جوانی ڈھلتی
ہے، اس کا دل بجھ جاتا ہے اور اس پر طرہ یہ کہ طرح طرح کی باتیں اڑائی جاتیں اور
افواہیں پھیلائی جاتی ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں جب ایسا شخص پیغام
بھیجے جس کے خلق اور دین کو تم پسند کرتے ہو تو نکاح کر دو اگر نہ کرو گے تو زمین میں فتنہ
اور فساد عظیم برپا ہو گا۔ ایک اور حدیث شریف میں فرمایا کہ تین چیزوں میں تاخیر نہ کرو۔
(دیر نہ لگاؤ) نماز کا جب وقت آ جائے، جنازہ جب موجود ہو، شوہر والی کا جب کفو ملے۔
(ترمذی) کفو کے یہ معنی ہیں کہ مرد، عورت سے نسب وغیرہ میں اتنا کم نہ ہو کہ اس سے
نکاح عورت کے اولیا کے لیے ننگ و عار کا باعث ہو۔

(۲) بلائے قرض

ضرورت اگر واقعی ہو تو قرض لینے میں کوئی گناہ بھی نہیں بشرطیکہ اس کی ادائیگی
بآسانی ہو سکے لیکن بعض لوگ قرض لیتے ہیں تو صرف اس لیے کہ ان رسوم کو انجام
دینا ہے۔ اگر قرض نہ لیں گے اور ان رسوم کو ادا نہ کریں گے تو خاندان کی عزت اور
ہمارے نام کو بٹہ لگ جائے گا۔ غرض اسی قسم کے حیلے بہانے کو قرض کا ذریعہ بناتے ہیں۔
ظاہر ہے کہ مفلس کو قرض کون دے۔ جب یوں نہیں ملتا تو سودی قرضے لیتے ہیں
جو آسانی سے دستیاب ہو تو جاتا ہے مگر جس طرح سود لینا حرام، یونہی دینا بھی حرام۔
حدیث شریف میں دونوں پر لعنت آئی۔ اس سودی قرض سے رسوم تو انجام پائیں لیکن
نہ سوچا کہ شریعت کی مخالفت کے ساتھ اللہ و رسول کی لعنت بھی خرید لی اور اس کے
نتیجے میں دنیا میں بھی بربادی آخرت میں بھی رسوائی۔ اگر باپ دادا کی کمائی ہوئی کچھ

جائیداد ہے تو اسے سودی قرضے میں بہا دیا ورنہ رہنے کا جھونپڑا ہی گروی رکھ دیا۔ تھوڑے دنوں سود کا سیلاب سب کو بہا کر لے گیا۔ جائیداد نیلام ہوئی، مکان سود خوار کے قبضے میں گیا۔ اب دربدر مارے مارے پھرتے ہیں، نہ کھانے کا ٹھکانہ، نہ رہنے کی جگہ۔

اس کی مثالیں بہ کثرت ہر جگہ ملیں گی کہ ایسے ہی غیر ضروری مصارف کی وجہ سے مسلمانوں کی بیشتر جائیدادیں سود کی نذر ہو گئیں۔ پھر قرض خواہ کے تقاضے اور اس کے تشدد آمیز لہجے سے رہی سہی عزت پر بھی پانی پڑ جاتا ہے۔ یہ ساری تباہی بربادی آنکھوں دیکھ رہے ہیں مگر عبرت نہیں ہوتی۔ آنکھیں نہیں کھلتیں اور مسلمان اپنی فضول خرچیوں سے باز نہیں آتے۔ پھر ان فضول خرچیوں کا وبال یہی نہیں کہ اسی دنیا کی زندگی تک محدود ہو بلکہ آخرت کا وبال الگ ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی پناہ و عافیت میں رکھے۔ (آمین)

(۳) ڈھول تماشا گانا بجانا

عام طور پر جاہل گھرانوں میں رواج ہے کہ محلّہ یا رشتہ کی عورتیں جمع ہوتی اور گاتی بجاتی ہیں۔ یہ حرام ہے کہ اولاً ڈھول بجانا ہی حرام پھر عورتوں کا گانا مزید برآں عورت کی آواز نامحرموں کو پہنچنا اور وہ بھی گانے کی۔ اور وہ بھی عشق و ہجر و وصال کے اشعار یا گیت۔ جو عورتیں اپنے گھروں میں چلا کر بات کرنا پسند نہیں کرتیں گھر سے باہر آواز جانے کو برا اور بڑا عیب جانتی ہیں۔ ایسے موقعوں پر وہ بھی اس محفل میں شریک ہو جاتی ہیں گویا ان کے نزدیک گانا کوئی عیب نہیں۔ گانے بجانے کی آواز کتنی ہی دور تک جائے اس میں کوئی حرج نہیں۔

نیز ایسے گانوں میں جوان کنواری لڑکیاں بھی ہوتی ہیں، ان کا ایسے اشعار پڑھنا یا سننا، کس حد تک ان کے دبے ہوئے جوش کو ابھارے گا اور کیسے کیسے ولولے پیدا کرے گا اور ان کے اخلاق و عادات پر کہاں تک اس کا اثر پڑے گا۔ یہ باتیں ایسی نہیں جن کے سمجھانے کی ضرورت ہو یا ثبوت پیش کرنے کی حاجت ہو۔ گانے باجے کی ان تمام

ناجائز و حرام رسموں میں ایک اور ناپاک ملعون رسم ہے جو بے تمیز احمق جاہل گھرانوں نے ہندوؤں سے سیکھی۔ یعنی فحش گالیوں کے گیت گوانا اور مجلس میں موجود مردوں عورتوں کو لچھے دار سنانا، سمدھیانے کی پاکدامن عورتوں کو الفاظ زنا سے تعبیر کرنا کرانا۔ خصوصاً اس ملعون بے حیا رسم کا عورتوں کے مجمع میں ہونا۔ ان کا اس ناپاک فاحشہ حرکت پر ہنسنا، قہقہے اڑانا، اپنی کنواری لڑکیوں کو یہ سب کچھ سنا کر بدلحاظیاں سکھانا، بے حیا بے غیرت بے حمیت مردوں کا اس شہد پن کو جائز رکھنا کبھی برائے نام لوگوں کے دکھلاوے کو جھوٹ موٹ ایک آدھ بار جھڑک دینا مگر بندوبست قطعی نہ کرنا۔ یہ وہ گندی مردود رسم ہے جس پر صدہا لعنتیں اللہ عزوجل کی اترتی ہیں۔ اس کے کرنے والے، اس پر راضی ہونے والے، اپنے یہاں اس کی روک تھام کا کافی انتظام نہ کرنے والے سب گناہ گار، سخت گناہ گار، کبیرہ گناہوں میں گرفتار اور غضبِ خداوندی کے سزاوار ہیں۔ والعیاذ باللہ تبارک وتعالی۔ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو ہدایت بخشے۔ (آمین)

(۴) ناچ باجا

شادی بیاہ میں عموماً ناچ کا بھی اہتمام کیا جاتا ہے، گھروں میں ڈومنیوں اور میراثنوں کا اور گھر سے باہر مردانی محفلوں میں بازاری فاجرہ فاحشہ عورتوں رنڈیوں یا پھر دونوں جگہ ہجڑوں کا، ایسی محفلوں میں شریف زادیوں کا خواہ کنواری ہوں یا بیاہی، شوہر والی ہوں یا بیوہ، شریک ہونا درکنار ان کا ان آوارہ بدوضعوں کے سامنے آنا ہی سخت بے ہودہ و بے جا ہے۔ صحبتِ بد، زہر قاتل ہے اور عورتیں نازک شیشیاں جن کے ٹوٹنے کو ادنیٰ ٹھیس بہت ہوتی ہے تو ایسوں کو تو گھر میں ہرگز قدم نہ رکھنے دیں۔ وہ بے حیائیوں کی عادی ہیں، منع کرتے کرتے اپنا کام کر گزریں گی۔

ناچ رنگ کی یہ محفلیں جس طرح شریف گھرانوں اور شریف زادیوں کے حق میں زہر قاتل ہیں، یوں ہی مردوں اور شریف زادوں کے لیے تباہی و بربادی کا باعث ہیں۔ بازاری عورتوں اور رنڈیوں میں جو بے حیائی، بے شرمی اور بدلحاظی پائی جاتی ہے۔

اس سے کون واقف نہیں۔ پھر جب یہ بے حیا و بے شرم عورتیں جب مردوں کی محفلوں میں آتی اور کولہا کمر مٹکا کر، آنکھیں چمکا کر نیم برہنہ لباس میں اپنا جوہر دکھاتی اور اپنی رسیلی آواز کا رس کانوں میں گراتی ہیں تو وہاں کون سا مرد ایسا ہوتا ہے جو ٹکٹکی باندھ کر اس کی اداؤں کا جائزہ نہیں لیتا اور اس کے گانوں کو مزے لے لے کر نہیں سنتا۔ نامحرم عورت کو مرد دیکھتے ہیں اور گھور گھور کر دیکھتے ہیں یہ آنکھوں کا زنا ہوا۔ نامحرم عورت کی آواز سنتے اور پوری توجہ سے سنتے ہیں یہ کانوں کا زنا ہوا اور جب وہ اپنی بے حیائی کا مظاہرہ کرتی ان میں سے کسی کے پاس سے گزرتی ہے تو یہ اس سے باتیں کرنے یا آواز کسنے یا فقرے چست کرنے میں نہیں شرماتے یہ زبان کا زنا ہوا پھر ان کی برہنہ جسم کے ساتھ، فحش حرکتوں کے باعث ان مردوں کے دلوں میں برے خیالات آتے ہیں یہ دل کا گناہ ہوا۔ کبھی کبھی جوش و ولولے میں آکر اس کے جسم کو ہاتھ بھی لگا لیتے یا اپنی سی پوری کوشش اسے چھونے کی کرتے ہیں اور کبھی باکمالِ اشتیاق اس کی طرف جاتے ہیں یہ ہاتھ پیروں کا زنا ہوا۔

غرض ناچ رنگ کی ان محفلوں میں جن فاحشہ حرکتوں، بدکاریوں اور دین و اخلاق کو تباہ کرنے والی باتوں کا اجتماع ہوتا ہے یہ ایسی باتیں نہیں جنہیں بتایا گنایا جائے۔ ایسی ہی مجلسوں میں شرکت کے باعث اکثر نوجوان بالخصوص وہ جن میں خود سری کا مادہ ہوتا ہے جنہیں کسی کی پرسش کا خطرہ نہیں ہوتا، جذبات کی رو میں بے قابو ہو جاتے ہیں۔ طوائفوں کے دام فریب کا شکار ہو جاتے ہیں، آوارگی کو اپنا مشغلہ بنا لیتے ہیں۔ دولت برباد کر بیٹھتے ہیں، کمائی لٹاتے ہیں، بازاریوں سے تعلق ہی میں زندگی کی ساری لذتیں اور مسرتیں ڈھونڈتے ہیں۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ گھر والوں اور پاک دامن بیبیوں سے دور رہتے ہیں اور یوں اپنی بربادی و تباہی اپنے ہی ہاتھوں خریدتے ہیں اور اگر ان بے ہودگیوں اور آوارہ گردیوں سے کوئی بندۂ خدا بچ بھی گیا تو اتنا تو ضرور ہوتا ہے کہ حیاء و غیرت کی چادر اتار کر سر سے پیر تک بے حیائی اور بے غیرتی کا مجسمہ بن جاتے ہیں۔

بعض لوگوں کے متعلق تو یہاں تک سننے اور دیکھنے میں آیا کہ خود بھی ان مجلسوں میں شریک ہوتے ہیں اور اپنے ساتھ ساتھ جوان بیٹوں اور بیوی بیٹیوں تک کو لے

جاتے ہیں۔ ایسی بد تہذیبی کے مجمع میں باپ بیٹے اور ماں بیٹی کا ساتھ ساتھ رہنا بے غیرتی اور بے حمیتی کا پتا دیتا ہے وہ بیان کا محتاج نہیں۔

اس سے بڑھ کر رونا اس بات کا ہے کہ اپنی جھوٹی کھوٹی ناموری اور شہرت کو آڑ بنا کر لڑکی والے، لڑکے والوں پر دباؤ ڈالتے بلکہ نسبت کے وقت ہی طے کر لیتے ہیں کہ ناچ باجا لانا ہو گا ورنہ ہم شادی نہ کریں گے۔ لڑکی والا یہ خیال نہیں کرتا کہ بے جا صرف نہ ہو تو اسی کی لڑکی کے کام آئے گا۔ ایک وقتی خوشی کے لیے یہ سب کچھ کر لیا لیکن یہ نہ سمجھا کہ لڑکی جہاں بیاہ کر گئی وہاں تو اب اس کے بیٹھنے کا ٹھکانا نہ رہا۔ ایک مکان تھا وہ بھی قرض کا سیلاب بہا کر لے گیا۔ اب تکلیف ہوئی تو میاں بیوی میں لڑائی ٹھنی اور اس کا سلسلہ دراز ہوا تو اچھی خاصی جنگ قائم ہو گئی اور نتیجہ نکلا، دونوں کے درمیان طلاق و جدائی یہ شادی ہوئی یا خانہ بربادی۔ ہم نے مانا کہ یہ خوشی کا موقع ہے اور مدت کی آرزو کے بعد یہ دن دیکھنے نصیب ہوئے بے شک خوشی کرو مگر حد سے گزرنا اور حدودِ شریعت سے باہر ہو جانا کسی عقلمند کا کام نہیں۔ کام وہ کرو جس سے دنیا میں بول بالا اور آخرت میں منہ اجالا ہو اور وہ ہے ہر کام خدا اور رسول جل وعلا وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی رضا جوئی کے لیے انجام دینا اور شریعت مطہرہ کا دامن مضبوطی سے تھام کر اپنی ناجائز خواہشوں سے ہمیشہ ہمیش کے لیے دست بردار ہو جانا۔

اور آہ صد آہ

کہ بعض تو اتنے باک ہیں کہ اگر شادی میں یہ خرافات نہ ہوں تو اسے غمی اور جنازہ سے تعبیر کرتے ہیں اور یہ خیال نہیں کرتے کہ ایک گناہ اور شریعت کی مخالفت ہے دوسرے تمام شرکت کرنے والوں اور تماشائیوں کے گناہ کا یہی سبب ہے اور سب کے گناہوں کے برابر، اس تنہا پر گناہوں کا بوجھ کہ اگر یہ ان خرافات کی سختی سے روک تھام کرتا اور گناہوں کے یہ سامان اپنے یہاں نہ پھیلاتا تو آنے والے یا تماشائی ان گناہوں میں کیوں پڑتے۔ اور بے حیائیوں اور بے شرمیوں کا یہ بازار کیوں گرم ہوتا

جن میں اللہ تعالیٰ کی صدہا نعمتیں اترتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب مسلمانوں کو ہدایت بخشے اور اپنی پناہ و حفاظت میں رکھے۔ (آمین) جس شادی میں ایسی ناپاک حرکتیں ہوں مسلمانوں پر لازم ہے کہ اس میں ہرگز ہرگز شریک نہ ہوں۔ اگر دانستہ شریک ہوگئے ہیں تو جس وقت اس قسم کی باتیں شروع ہوں یا ان لوگوں کا ارادہ معلوم ہو سب مسلمان مردوں عورتوں پر لازم ہے فوراً فوراً اسی وقت اٹھ جائیں اور اپنی بیویوں بیٹیوں، ماؤں، بہنوں کو گالیاں نہ دلوائیں۔ فحش نہ سنوائیں ورنہ یہ بھی ان ناپاکیوں میں شریک ہوں گے اور غضبِ الٰہی سے حصہ لیں گے۔ والعیاذ باللہ۔ ہرگز ہرگز اس معاملہ میں حقیقی بہن بھائی بلکہ ماں باپ کی بھی رعایت و مروت روا نہ رکھیں کہ خدا کی نافرمانی میں کسی کی فرمانبرداری نہیں۔ اے رب ہمارے! ہمیں قبول حق کی توفیق عطا فرما۔ (آمین)

فلمی ریکارڈنگ

اور اب ہمارے اس دور میں ایک نئی بلا نے گھر گھر جنم لیا ہے اور وہ ہے فلمی گانوں اور فضول آوازوں کی ریکارڈنگ۔ گانے بجانے کی آواز اور ڈھول سارنگی کی ڈھب ڈھب روں روں تو خیر اسی مجلس اسی گھر یا زیادہ سے زیادہ دو چار پاس پڑوس کے گھروں تک محدود رہتی تھی مگر یہ ریکارڈنگ تو خدا کی پناہ فلمی گانے خود اپنی جگہ تنہائی میں جوان لڑکوں اور نوجوان لڑکیوں کے لیے زہر قاتل اور بڑے بوڑھوں کے لیے سوہانِ روح ہوتے ہیں نہ کہ پوری آواز سے ان کی تشہیر نہ یہ خیال کہ نوجوان شریف زادیوں اور شریف زادوں کے جذبات میں ان سے کیسا ہیجان پیدا ہوگا۔ نہ اس کا لحاظ کہ بڑے بوڑھوں کے دلوں پر ان گانوں کا کیا اثر ہوگا۔ نہ اس کا پاس کہ بیماروں، غم کے ماروں کو ان سے کیسی تکلیف پہنچے گی۔ نہ خدا اور رسول کا خوف نہ قیامت میں گرفت کی پرواہ۔ اور لعنت پوری لعنت یہ ہے کہ ان شوقین مزاجوں کو نہ اذان کا دھیان آئے نہ نمازوں اور جماعتوں کا احساس ہو۔ اپنی دھن میں مست، اپنے ناجائز شوق کی تکمیل میں مصروف، اپنے پیسے اور وقت کے ضیاع میں مشغول، دنیا و مافیہا سے بے خبر خدا اور

رسول کے احکام کی خلاف ورزی کے باعث عذاب خداوندی میں مبتلا ہیں۔ لیکن آنکھ نہیں کھولتے۔ خدا اور رسول سے نہیں ڈرتے اور کوئی منع کرے تو اس کی توہین و تذلیل کرتے ان پر پھبتیاں کستے اور ان کا مذاق اڑاتے ہیں۔ سچ ہے۔

بے حیا باش و ہرچہ خواہی کن

آتش بازی

شادی بیاہ کی تقریبوں میں عموماً اور شب برات کے موقع پر خصوصاً آتش بازی کی رسم، وبا کی صورت اختیار کرتی جا رہی ہے۔ کپڑے جلیں، بدن جھلسیں، بچے پٹے، مکانوں چھپروں میں آگ لگے، بچے بوڑھے جوان ناگہانی زخمی ہو جائیں، جسموں پر آبلے پڑ جائیں، یہ سب کچھ گوارا ہے اور گوارا نہیں تو اس بے ہودہ رسم کو چھوڑنا۔ حالانکہ یہ حرام ہے اور سخت حرام کہ اس میں مال بھی ضائع ہوتا ہے اور جان کو بھی نقصان پہنچتا ہے۔ قرآن کا صاف صاف ارشاد گرامی ہے کہ اپنا مال ضائع کرنے والے شیطان کے بھائی ہیں۔ چنانچہ فرمایا:

وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيرًا ○ اِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّيٰطِيْنِ وَ كَانَ الشَّيْطَانُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا۔

یعنی مال کو فضول کاموں میں نہ اڑا، بیشک فضولیات میں اڑا دینے والے شیطانوں کے بھائی بند ہوتے ہیں اور شیطان اپنے پروردگار کا بڑا ہی ناشکرا ہے۔

کسی انسان کی برائی اس سے بڑھ کر اور کیا ہو سکتی ہے کہ اسے شیطان سے تشبیہ دی جائے اور اسے شیطان کا بھائی بند کہا جائے۔ "گھر پھونک تماشہ" اسی کا نام ہے۔

عزیزو! اللہ تعالیٰ نے تمہیں اسلام دیا، عقل عطا فرمائی، دولت بخشی تو اس لیے کہ دولت کو طاعت و بندگی کے کاموں میں صرف کرو۔ اپنی ضروریات اور مفید کاموں میں صرف کرو اور اپنے پروردگار کا شکر بجا لاؤ، اب تم اس دولت کو فضول کاموں میں اڑاتے اور خدا کی نافرمانیوں میں کام لاتے ہو تو تم خود سوچو کہ دولت کو غلط راستوں پر

بہانے والے بڑے ناشکرے اور شیطان کے بھائی بند ہوئے یا نہیں۔ کہو ہوئے ضرور ہوئے تو پھر فخرو ریا و نمائش اور اک ذرا سی واہ واہ کے لیے یہ فضول خرچیاں اور مالی عیاشیاں آخر کیوں نہیں چھوڑتے۔ جبکہ ان کا وبال تم اپنی آنکھوں دیکھ رہے ہو۔ خدا کے بندو اپنی آنکھیں کھولو اور خدا اور رسول کا خوف کرو۔ مائیں اور گھروں کی بڑی بوڑھیاں اگر خدا و رسول کے احکام کی تعمیل پر اڑ جائیں اور اپنے چھوٹوں کو ان واہی تباہی فضول خرچیوں سے سختی سے روک دیں تو دین و دنیا میں اِن کا بھی بھلا اُن کا بھی بھلا۔ پھر شب برأت کے موقع پر ایسی بدعتوں اور خرافات میں مصروف رہنا، اپنا پیسہ اڑانا، بچوں کو آتش بازی کے لیے پیسے دینا جیسا کہ عام رواج ہوتا جارہا ہے اور بھی زیادہ برا اور بھی گناہ اور بڑی بدنصیبی کی بات ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنی پناہ میں رکھے۔ (آمین)

مسئلہ: مسجد میں چراغ جلانے، یا طاق بھرنے یا کسی بزرگ کے مزار شریف پر چادر چڑھانے یا گیارہویں کی نیاز دلانے، یا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا توشہ یا شاہ عبدالحق ردولوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا توشہ یا حضرت جلال بخاری رحمتہ اللہ علیہ کا کونڈا بھرنے یا محرم کی نیاز یا شربت یا سبیل لگانے یا میلاد شریف کرنے کی منت مانی تو یہ شرعی منت نہیں۔ سب اس میں سے کھاپی سکتے ہیں۔ (بہارِ شریعت)

مسئلہ: یہ اور اسی قسم کے دوسرے خیر خیرات، درود فاتحہ یا نذر و نیاز کے طریقے منع نہیں ہیں۔ کریں تو اچھا ہے البتہ اس کا خیال ہمیشہ رکھنا چاہیے کہ کوئی بات خلافِ شرع اس کے ساتھ نہ ملائے۔ مثلاً طاق بھرنے میں رت جگا ہوتا ہے جس میں کنبہ اور رشتہ اور پاس پڑوس کی عورتیں اکٹھا ہو کر گاتی بجاتی ناچتی کودتی اور شور و غوغا مچاتی ہیں۔ دوسروں کی نیندیں خراب اور اپنا وقت فضول و لغو کاموں میں ضائع و برباد کرتی ہیں۔ یہ حرام اور گناہ ہے۔ اللہ تعالیٰ شیطانی کاموں سے ہم سب کو دور رکھے۔ (آمین) یونہی چادر چڑھانے کے لیے بعض لوگ تاشے باجے کے ساتھ جاتے ہیں۔ یہ ناجائز ہے اور مسجد میں چراغ جلانے میں عموماً عورتیں آٹے کا چراغ جلاتی ہیں اور تیل کی بجائے اس میں گھی استعمال کرتی ہیں، یہ خواہ مخواہ مال ضائع کرنا ہے اور ناجائز ہے۔ مٹی کا چراغ کافی ہے

اور کنگھی کی بھی ضرورت نہیں۔ مقصود روشنی ہے وہ تیل سے حاصل ہے پھر عورتوں کا گاتے ہوئے مسجد تک جانا اور بھی زیادہ بُرا اور سخت گناہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

فضائل و مسائلِ درود شریف

قرآن کریم کا ارشاد گرامی ہے:

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا۔

بے شک اللہ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں، اس غیب بتانے والے (نبی) پر۔ اے ایمان والو تم بھی ان پر درود اور خوب سلام بھیجو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ۔

درود شریف اللہ تعالیٰ کی طرف سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تکریم ہے۔

علماء نے اللھم صل علی سیدنا محمد کے معنی یہ بیان کیے ہیں کہ یارب محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو عظمت عطا فرما۔ آپ کے کام میں برکت دے۔ آپ کا نام بلند فرما اور آپ پر اپنی رحمتوں کی بارش نازل کر۔ دنیا میں ان کا دین بلند اور ان کی دعوت غالب فرما کر اور ان کی شریعت کو فروغ اور بقا عنایت کر کے اور آخرت میں ان کی شفاعت قبول فرما کر۔ ان کا ثواب زیادہ کر کے اور اولین و آخرین پر ان کی فضیلت کا اظہار فرما کر اور انبیاء و مرسلین و ملائکہ اور تمام خلق پر ان کی شان بلند کر کے اور آپ کو مقام محمود پر پہنچا کر۔

یہاں یہ بات خاص طور پر ذہن نشین رکھیں کہ رب عزوجل کا ہر حکم مطلق ہے۔

کی زبان کسی مکان، کسی وقت اور کسی حالت کا اس میں استثناء نہیں کہ فلاں وقت فلاں جگہ فلاں حالت میں نہ پڑھو تو ہر وہ محل ہر وہ موقع اور ہر وہ حال کہ شرعاً ذکر و اذکار کی ممانعت وارد نہ ہو، جب بھی درود شریف پڑھا جائے گا، اسی حکمِ الٰہی کی تعمیل میں شمار ہو گا، اسی لیے ہر بار درود شریف پڑھنے میں ادائے فرض کا ثواب ملتا ہے کہ وہ سب اسی مطلق فرض کے تحت میں داخل ہے جس کا قرآن کریم حکم دے رہا ہے تو جتنا بھی پڑھیں گے، فرض ہی میں شامل ہو گا۔ نظیر اس کی تلاوت قرآن کریم ہے کہ ویسے تو فرض نماز میں ایک ہی آیت کا پڑھنا ہے اور اگر ایک رکعت میں سارا قرآن عظیم تلاوت کر لیا تو سب فرض میں داخل ہو گا اور فرض ہی کا ثواب ملے گا۔ (فتاویٰ رضویہ)

وہابیہ کی اوندھی مت کہ وہ قدم قدم پر شان رسالت کی توہین کرتے اور سنی مسلمانوں کو اس سے روکتے بلکہ ان سے جھگڑتے ہیں۔ درود شریف کی بہت برکتیں اور فضیلتیں ہیں۔

حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں جو مجھ پر درود بھیجے اس کا دل نفاق سے ایسا پاک ہو جائے جیسا کپڑا پانی سے۔ ایک حدیث شریف میں ہے کہ جو کہے صلی اللہ علی (سیدنا) محمد اس نے ستر دروازے رحمت کے اپنے اوپر کھول لیے۔ اللہ عزوجل اس کی محبت لوگوں کے دلوں میں ڈالے گا۔ اس سے بغض نہ رکھے گا مگر وہ جس کے دل میں نفاق ہو گا۔ (کشف الغمہ)

ایک حدیث میں ہے کہ جو مجھ پر ایک بار درود بھیجے، اللہ عزوجل اس پر دس درودیں نازل فرمائے۔ اس کی دس خطائیں محو فرمائے گا اور دس درجے بلند فرمائے گا۔ (نسائی) نیز فرمایا کہ پورا بخیل وہ ہے جس کے سامنے میرا ذکر ہو اور مجھ پر درود نہ بھیجے۔ (ترمذی) اسی میں ہے کہ فرمایا قیامت کے دن مجھ سے سب میں زیادہ قریب وہ ہو گا جس نے سب سے زیادہ مجھ پر درود بھیجا ہے۔

نسائی شریف میں ہے کہ فرمایا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے کہ اللہ کے کچھ فارغ فرشتے ہیں جو زمین میں سیر کرتے رہتے ہیں اور میری امت کا سلام مجھ تک پہنچاتے رہتے ہیں۔ ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کی:

یارسول اللہ! میں بہ کثرت دعا مانگتا ہوں کہ اس میں سے حضور پر درود کے لیے کتنا وقت مقرر کروں: "فرمایا جو تم چاہو۔" عرض کی "چوتھائی۔" فرمایا: جو تم چاہو اور اگر زیادہ وقت کرو تو تمہارے لیے بہتری ہے۔

میں نے عرض کی "نصف" فرمایا: جو تم چاہو اور زیادہ کرو تو تمہارے لیے بہتری ہے۔" میں نے عرض کی تو کل درود ہی کے لیے مقرر کروں۔ فرمایا: ایسا ہے تو اللہ تمہارے کاموں کی کفایت کرے گا اور تمہارے گناہ بخش دے گا۔ (ترمذی شریف)

الغرض فرائض و واجبات کی ادائیگی، نفل نمازوں اور تلاوت قرآن عظیم کے بعد درود شریف کی قرأت ثوابِ عظیم کی باعث اور رحمت رب کریم کی موجب ہے اور مسلمانوں کے لیے بڑی نعمت و دولت۔ مولائے کریم ہمیں اپنی پناہ میں رکھے اور ہر فتنہ، ہر فتین اور ہر گمراہی و گمراہ سے۔ آمین۔

چند مسائل

مسئلہ: عمر میں ایک بار درود شریف پڑھنا فرض ہے۔ اور ہر جلسۂ ذکر میں درود شریف پڑھنا واجب۔ خواہ خود نام اقدس لے یا دوسرے سے سنے اور اگر مجلس میں سو بار ذکر آئے تو ہر بار درود شریف پڑھنا چاہیے۔ (در مختار وغیرہ)

مسئلہ: جہاں تک بھی ممکن ہو، درود شریف پڑھنا مستحب ہے اور خصوصیت کے ساتھ ان جگہوں میں:

روز جمعہ، شب جمعہ، صبح، شام، جواب اذان کے بعد، دعا کے اول آخر میں، اجتماع و فراق کے وقت، وضو کرتے وقت جب کوئی چیز بھول جائے اس وقت۔

مسئلہ: نام اقدس لکھے تو درود ضرور لکھے کہ بعض علمائے کے نزدیک اس وقت درود شریف لکھنا واجب ہے۔ (رد مختار، رد المحتار)

مسئلہ: اکثر لوگ آج کل ویسے درود شریف کے بدلے صلعم، علیہ السلام کے

بدلے عم یا ص ، ع لکھ دیا کرتے ہیں یہ ناجائز و سخت حرام ہے۔ علماء کرام فرماتے ہیں کہ سب سے پہلے جس نے ایسا لکھا، اس کے ہاتھ قلم کر دیئے گئے کہ ایسے مقدس نام کے لیے ذرا سے وقت، ذرا سے کاغذ اور ذرا سی سیاہی میں اتنا بخیل۔ یونہی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی جگہ رضؓ ، رحمۃ اللہ علیہ کی جگہ رح لکھتے ہیں، یہ بھی نہ چاہیے۔ جن لوگوں کے نام محمد، احمد، علی، حسن، حسین وغیرہ ہوتے ہیں، ان ناموں پر ص یا ع بناتے ہیں، یہ بھی ممنوع ہے کہ اس جگہ تو یہ شخص مراد ہے۔ اس پر درود شریف یا دوسرے الفاظ کے اشاروں کا کیا مطلب؟ (الطحطاوی، فتاویٰ رضویہ وغیرہ)

قرآن مجید پڑھنے کے فضائل و آداب

قرآن کریم اللہ تعالیٰ کا کلام ہے۔ اس پر اسلام اور احکام اسلام کا دارومدار ہے۔ اس کی تلاوت کرنا اس کے معنی و مفہوم کو سمجھنا اور اس کے معانی و مطالب میں غور و فکر آدمی کو خدا کا مقرب بناتا اور اس کی دنیا و آخرت سنوارتا ہے۔

یہی وہ کتاب ہے جس کا دیکھنا ثواب، چھونا ثواب، پڑھنا ثواب اور سمجھنا موجب نجات ہے۔ اس موقع پر چند احادیث ذکر کی جاتی ہے:

حضور اقدس نور مجسم نبی مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

(۱) تم میں بہتر وہ شخص ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے۔ (بخاری)

(۲) جو مومن قرآن پڑھتا ہے۔ اس کی مثال ترنج کی سی ہے کہ خوشبو بھی اچھی ہے اور مزہ بھی اچھا اور جو مومن قرآن نہیں پڑھتا وہ کھجور کی مثل ہے کہ اس میں خوشبو نہیں مگر مزہ شیریں ہے اور جو منافق قرآن نہیں پڑھتا وہ اندرائن کی مثل ہے کہ اس میں خوشبو بھی نہیں اور مزہ کڑوا ہے اور جو منافق قرآن پڑھتا ہے وہ پھول کی مثل ہے کہ اس میں خوشبو ہے مگر مزہ کڑوا۔ (بخاری و مسلم)

(۳) جو قرآن پڑھنے میں ماہر ہے (کہ خوب آسانی و روانی سے پڑھتا ہے) وہ کراماً کاتبین کے ساتھ ہے اور جو شخص رک رک کر پڑھتا ہے اور وہ اس پر شاق ہے یعنی

اس کی زبان آسانی سے نہیں چلتی، تکلیف کے ساتھ پڑھتا ہے۔ اس کے لیے دو اجر اور (دوہرے ثواب) ہیں۔ (بخاری و مسلم)

(۴) جس کے پیٹ میں کچھ قرآن نہیں ہے، وہ ویرانے مکان کی مثل ہے۔ (ترمذی)

(۵) جو شخص کتاب اللہ کا ایک حرف پڑھے گا اس کو ایک نیکی ملے گی جو دس کے برابر ہوگی۔ میں یہ نہیں کہتا کہ الم ایک حرف ہے بلکہ الف ایک حرف، لام دوسرا حرف اور میم تیسرا حرف ہے۔

(۶) جس نے قرآن پڑھا اور جو کچھ اس میں ہے، اس پر عمل کیا، اس کے والدین کو قیامت کے دن تاج پہنایا جائے گا جس کی روشنی سورج سے اچھی ہے اگر وہ تمہارے گھروں میں ہوتا، تو اب خود اس عمل کرنے والے کے متعلق تمہارا کیا گمان ہے۔

(ابوداؤد)

(۷) جس نے قرآن پڑھا اور اس کو یاد کرلیا، اس کے حلال کو حلال سمجھا اور حرام کو حرام جانا، اس کے گھر والوں میں سے دس شخصوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ اس کی شفاعت قبول فرمائے گا جن پر جہنم واجب ہو چکا تھا۔ (ترمذی)

(۸) ان دلوں میں بھی زنگ لگ جاتی ہے جس طرح لوہے میں پانی لگنے سے زنگ لگتی ہے۔ عرض کی گئی یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اس کی جِلا (صفائی) کس چیز سے ہوگی؟ فرمایا کثرت سے موت کو یاد کرنے اور تلاوتِ قرآن سے۔

(۹) اپنے گھروں کو قبرستان نہ بناؤ۔ شیطان اس گھر سے بھاگتا ہے جس میں سورۃ بقرہ پڑھی جاتی ہے۔ (مسلم شریف)

(۱۰) جو شخص سورہ کہف، جمعہ کے دن پڑھے گا اس کے لیے دو جمعہ کے مابین نور روشن ہوگا۔ (بیہقی)

(۱۱) ہر چیز کے لیے دل ہے اور قرآن کا دل یاسین ہے جس نے یاسین پڑھی، دس مرتبہ قرآن پڑھنا، اللہ تعالیٰ اس کے لیے لکھ دے گا۔ (ترمذی)

(۱۲) جو شخص اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے یاسین پڑھے گا اس کے اگلے گناہوں کی مغفرت ہو جائے گی۔ لہٰذا اس کو اپنے مردوں کے پاس پڑھو۔ (بیہقی)

(۱۳) قرآن کی تیس آیات کی ایک سورت ہے۔ آدمی کے لیے شفاعت کرے گی۔ یہاں تک کہ اس کی مغفرت ہو جائے گی۔ وہ تبارک الذی بیدہ الملک ہے۔

(ابوداؤد)

(۱۴) جو شخص سورہ واقعہ ہر رات میں پڑھ لے گا، اس کو کبھی فاقہ نہیں پہنچے گا۔ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی صاحبزادیوں کو حکم فرماتے تھے کہ رات میں اس کو پڑھا کریں۔ (بیہقی)

(۱۵) سورۃ البقرہ کے خاتمہ کی دو آیتیں، اللہ تعالیٰ کے اس خزانہ میں سے ہیں جو عرش کے نیچے ہے۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے یہ دونوں آیتیں دیں۔ انہیں سیکھو اور اپنی عورتوں کو سکھاؤ کہ وہ رحمت ہیں اور اللہ سے نزدیکی اور دعائیں۔ (دارمی)

(۱۶) جو ہر نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھ لے، اس کو جنت میں داخل ہونے سے کوئی چیز مانع نہیں سوا موت کے۔ یعنی مرتے ہی جنت میں چلا جائے گا اور لیٹتے وقت جو اسے پڑھے اللہ تعالیٰ اس کے اور اس کے پڑوسی کے گھر کو اور آس پاس کے گھر والوں کو شیطان اور چور سے امن دے گا۔ (بیہقی)

آدابِ تلاوت و مسائلِ قرأت

مسئلہ: قرآن مجید دیکھ کر پڑھنا، زبانی پڑھنے سے افضل ہے کہ یہ پڑھنا بھی ہے اور دیکھنا اور ہاتھ سے اس کا چھونا بھی اور یہ سب عبادت ہیں۔

مسئلہ: تلاوت شروع کرتے وقت اعوذ باللہ پڑھنا واجب ہے اور سورت سے پہلے جہاں بسم اللہ قرآن میں لکھی ہوئی ہے۔ بسم اللہ پڑھنا سنت ہے ورنہ مستحب۔

مسئلہ: تلاوت کے دوران کوئی دنیاوی کام کرے تو اعوذ باللہ، بسم اللہ پھر پڑھ لے اور دینی کام کیا مثلاً سلام یا اذان کا جواب دیا یا کلمہ طیبہ وغیرہ اذکار پڑھے تو اعوذ باللہ پھر پڑھنا اس کے ذمہ نہیں۔ (غنیہ وغیرہ)

مسئلہ: سورۃ براءت (توبہ) سے اگر تلاوت کی تو اعوذ باللہ بسم اللہ کہہ لے اور جو اس کے پہلے سے تلاوت شروع کی اور سورہ براءت آگئی تو بسم اللہ پڑھنے کی حاجت نہیں۔ (غنیہ) اور سورہ توبہ کی ابتداء میں نیا اعوذ باللہ جو آج کل کے حافظوں نے نکالا ہے بے اصل ہے اور یہ جو مشہور ہے کہ سورۃ توبہ ابتداءً پڑھے جب بھی بسم اللہ نہ پڑھے۔ یہ محض غلط ہے۔ (بہار شریعت)

مسئلہ: گرمیوں میں صبح کو قرآن مجید ختم کرنا بہتر ہے اور جاڑوں میں اوّل شب کو کہ حدیث شریف میں ہے "جس نے شروع دن میں قرآن ختم کیا، شام تک فرشتے اس کے لیے استغفار کرتے ہیں اور جس نے ابتدائے شب میں ختم کیا۔ صبح تک فرشتے اس کے لیے استغفار کرتے ہیں۔" تو گرمیوں میں چونکہ دن بڑا ہوتا ہے تو صبح کے ختم کرنے میں استغفار ملائکہ زیادہ ہوگی اور جاڑوں کی راتیں بڑی ہوتی ہیں تو شروع رات میں ختم کرنے سے استغفار زیادہ ہوگی۔ (غنیہ)

مسئلہ: جب ختم ہو تو تین بار قل ھواللہ پڑھنا بہتر ہے۔ (غنیہ)

مسئلہ: لیٹ کر قرآن پڑھنے میں حرج نہیں جبکہ پاؤں سمٹے ہوں اور منہ کھلا ہو تو یونہی چلنے اور کام کرنے کی حالت میں بھی تلاوت جائز ہے۔ جبکہ دل نہ بٹے اور دل بٹے تو مکروہ ہے۔ (غنیہ)

مسئلہ: غسل خانے اور نجاست کی جگہوں پر قرآن مجید پڑھنا ناجائز ہے۔ (غنیہ)

مسئلہ: قرآن کریم جب بلند آواز سے پڑھا جائے تو تمام حاضرین پر سننا فرض ہے جبکہ وہ مجمع سننے کی غرض سے حاضر ہو۔ ورنہ ایک کا سننا کافی ہے۔ اگرچہ اور اپنے کاموں میں ہوں۔ (غنیہ، فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: مجمع میں سب لوگ بلند آواز سے پڑھیں کہ آوازیں ٹکرائیں گی یہ حرام ہے۔ اکثر مجمعوں میں جہاں قرآن خوانی ہوتی ہے۔ مثلاً تیجوں میں سب بلند آواز سے پڑھتے ہیں۔ یہ حرام ہے۔ ایسے موقعوں پر کہ پڑھنے والے جمع ہوں حکم ہے کہ آہستہ

پڑھیں۔

مسئلہ: عورت کو عورت سے قرآن مجید پڑھنا، غیر محرم نابینا سے پڑھنے سے بہتر ہے کہ اگرچہ وہ اسے نہیں دیکھتا مگر آواز تو سنتا ہے اور عورت کی آواز بھی عورت ہے۔ یعنی غیر محرم کو بلا ضرورت سنانے کی اجازت نہیں۔ (غنیۃ المستملی)

مسئلہ: قرآن کریم پڑھ کر بھلا دینا گناہ ہے۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ میری امت کے ثواب (کے کام) مجھ پر پیش کیے گئے یہاں تک کہ تنکا جو مسجد سے آدمی نکال دیتا ہے اور میری امت کے گناہ مجھ پر پیش ہوئے تو اس سے بڑھ کر کوئی گناہ نہیں دیکھا کہ آدمی کو سورت یا آیت دی گئی (اس نے یاد کرلی) اور بھلا دیا۔

مسئلہ: آدابِ تلاوت میں سے یہ بات بھی ہے کہ تلاوت کرنے والا باوضو، قبلہ رو، یک جہت ہو کر کہ تلاوت میں خلل ڈالنے والی چیزیں روبرو نہ ہوں، اچھے کپڑے پہن کر قرآن کریم کو کسی پاک صاف اونچی چیز یا مثلاً تکیہ پر رکھ کر اور ٹھہر ٹھہر کر تلاوت کرے۔ صحیح ترجمہ والا قرآن کریم مثلاً امام اہل سنت اعلیٰ حضرت مولانا الشاہ احمد رضا خاں صاحب بریلوی کامل جائے اور ہر جگہ ملتا بھی ہے تو اس کے ترجمہ اور معانی کو بھی غور سے پڑھے کہ قلب و قبر کی روشنی اور بڑھے اور تلاوت سے فارغ ہو کر اپنے لیے اور سب مسلمانوں کے لیے دعا کرنا نہ بھولے۔

مسئلہ: جُنُب اور حیض و نفاس والی عورت، اگرچہ خود نہ قرآن شریف پڑھ سکتی ہے نہ چھو سکتی ہے لیکن اگر کوئی قرآن کریم پڑھے اور اس کے پاس کوئی جُنُب یا حیض و نفاس والی یا حیض و نفاس سے نکلی ہوئی بے نہائی عورت بیٹھی ہو تو قرآن عظیم کی تلاوت میں کوئی حرج نہیں۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: قرآن مجید پرانا بوسیدہ ہو گیا، اس قابل نہ رہا کہ اس میں تلاوت کی جائے اور یہ اندیشہ ہے کہ اس کے اوراق منتشر ہو کر ضائع ہوں گے تو کسی پاک کپڑے میں لپیٹ کر احتیاط کی جگہ دفن کر دیا جائے اور دفن کرنے میں اس کے لیے لحد بنائی جائے

تاکہ اس پر مٹی نہ پڑے، یا اس پر تختہ لگا کر چھت بنا کر مٹی ڈالیں کہ اس پر مٹی نہ پڑے۔ ہاں مصحف شریف پرانا بوسیدہ ہو جائے تو اس کو جلایا نہ جائے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: قرآن کریم کو دوسری کتابوں مثلاً فقہ و تفسیر، سب سے اوپر رکھیں اور قرآن کریم جس صندوق میں ہو، اس پر کپڑا وغیرہ نہ رکھیں۔ (عالمگیری)

مسئلہ: کسی نے محض خیر و برکت کے لیے اپنے مکان یا دکان میں قرآن مجید رکھ چھوڑا ہے اور تلاوت نہیں کرتا تو یہ گناہ نہیں بلکہ اس کی یہ نیت باعثِ ثواب ہے مگر تلاوتِ قرآن سے غافل نہیں رہنا چاہیے۔ (خانیہ وغیرہ)

مسئلہ: جس کمرہ میں قرآن مجید رکھا ہو، اس میں بی بی سے صحبت کرنا جائز ہے جبکہ قرآن کریم پر پردہ پڑا ہو۔ (عالمگیری)

مسئلہ: مسلمانوں میں یہ دستور ہے کہ قرآن مجید پڑھتے وقت اگر اٹھ کر کہیں جاتے ہیں تو بند کر دیتے ہیں، کھلا ہوا چھوڑ کر نہیں جاتے۔ یہ ادب کی بات ہے، مگر بعض لوگوں میں یہ مشہور ہے کہ اگر کھلا ہوا چھوڑ دیا جائے گا تو شیطان پڑھے گا، اس کی اصل نہیں۔ ممکن ہے کہ بچوں کو اس ادب کی طرف توجہ دلانے کے لیے کسی نے اپنی طرف سے یہ بات کہہ دی ہو جو مسئلہ بن گئی۔

مسئلہ: قرآن کریم کے آداب میں یہ بھی ہے کہ اس کی طرف پیٹھ نہ کی جائے، نہ پاؤں کو اس سے اونچا کریں، نہ یہ کہ خود اونچی جگہ پر ہو اور قرآن مجید نیچے ہو۔ (بہارِ شریعت)

مسئلہ: قرآن مجید کو جزودان اور غلاف میں رکھنا ادب ہے۔ صحابہ و تابعین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کے زمانہ سے اس پر مسلمانوں کا عمل ہے۔ (بہار شریعت)

مسئلہ: مصحف یعنی قرآن شریف کو بوسہ دینا بھی صحابہ کرام کے فعل سے ثابت ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ روزانہ صبح بوسہ دیتے تھے اور کہتے تھے: یہ میرے رب کا عہد اور اس کی کتاب ہے اور حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی مصحف کو

بوسہ دیتے اور چہرے سے مس کرتے تھے۔ (درمختار)

مسئلہ: قرآن کی قسم بھی قسم ہے۔ اگر اس کا خلاف ہوگا کفارہ لازم آئے گا۔

(ردالمحتار وغیرہ)

مسئلہ: قرآن کی کسی آیت کو عیب لگانا یا اس کی توہین کرنا یا اس کے ساتھ مسخرہ پن کرنا یا مذاق و دل لگی میں قرآن مجید کی آیتیں بے موقع پڑھ دینا کہ لوگ سن کر ہنسیں، یہ سب باتیں کفر ہیں۔ (بہار شریعت وغیرہ) اللہ تعالیٰ ہم سب کو اسلام اور مذہب اہلِ سنت و جماعت پر ثابت قدم رکھے۔ (آمین)

بجاہ النبی الامی الامین علیہ افضل الصلوۃ والتسلیم۔

مسئلہ ضروریہ

یہ بات بتائی جا چکی ہے کہ قراءت و تلاوت میں اتنی آواز آہستہ پڑھنے میں بھی ضروری ہے کہ پڑھنے والا خود سن سکے۔ اگر کسی نے نماز و تلاوت میں اس قدر آہستہ پڑھا کہ خود نہ سن سکا اور کوئی مانع مثلاً شور و غل یا ثقل سماعت (اونچا سننا) بھی نہیں تو نہ نماز ہوگی نہ تلاوت۔

اسی طرح جن معاملات میں نطق کو دخل ہے، یعنی جہاں کچھ پڑھنا یا کہنا مقرر کیا گیا ہے۔ اس سے یہی مقصود ہے کہ کم از کم اتنا ہو کہ خود سن سکے۔ مثلاً جانور ذبح کرتے وقت بسم اللہ پڑھنا یا طلاق دینا یا مثلاً آیت سجدہ پڑھنے پر سجدہ واجب ہونا وغیرہ۔

(عالمگیری)

دُعا اور اس کے فضائل و آداب

دعا اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں مناجات و عرضِ حاجت کا دوسرا نام ہے۔ دعا ایک عجیب

نعمت اور عمدہ دولت ہے کہ پروردگار اعلیٰ نے اپنے بندوں کو عنایت فرمائی اور انہیں تعلیم دی۔

مشکلات کو حل کرنے میں اس سے زیادہ کوئی چیز موثر نہیں اور بلا و آفت کے ٹالنے میں کوئی بات اس سے بہتر نہیں کہ عبادت بھی ہے اور مغزِ عبادت بھی۔ ایک عبادت سے آدمی کو پانچ فائدے حاصل ہوتے ہیں:

(۱) آدمی عبادت گزاروں کے گروہ میں داخل ہوتا ہے۔

(۲) جو شخص دعا کرتا ہے، وہ اپنے عجز و احتیاج کا اقرار اپنے پروردگار کے کرم و قدرت کا اعتراف کرتا ہے۔

(۳) دعا کرنے والا، حکم شرعی کی تکمیل کرتا ہے کہ شریعت نے اس پر تاکید فرمائی اور دعا نہ کرنے والوں پر غضبِ الٰہی کی وعید آئی۔

(۴) اتباعِ سُنّت بھی ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم اکثر اوقات دعا مانگتے اور دوسروں کو بھی تاکید فرماتے۔

(۵) دعا سے بلائیں ٹلتی ہیں اور مدعا بھی حاصل ہوتا ہے۔ آدمی اگر بلا سے پناہ چاہتا ہے خدائے تعالیٰ پناہ دیتا ہے اور جو کسی بات کی طلب کرتا ہے اپنی رحمت سے اس کو عطا فرماتا ہے یا آخرت میں ثواب بخشتا ہے۔

سرورِ معصوم صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم سے روایت ہے دعا بندے کی تین باتوں سے خالی نہیں ہوتی۔ یا اس کا گناہ بخشا جاتا ہے یا دنیا میں اسے فائدہ حاصل ہوتا ہے یا اس کے لیے آخرت میں بھلائی جمع کی جاتی ہے کہ جب بندہ اپنی ان دعاؤں کا ثواب دیکھے گا جو دنیا میں مستجاب (مقبول) نہ ہوئی تھیں، تمنا کرے گا کہ کاش دنیا میں میری کوئی دعا قبول نہ ہوتی اور سب یہیں کے واسطے جمع رہتیں۔ (احسن الوعاء)

مگر ایسے شخص کو جو اپنی دعا کا قبول ہونا اور مدعا حاصل نہ ہونے کی صورت میں ثواب آخرت اس کے عوض لینا چاہتا ہے، مناسب ہے کہ دعا میں اس کے آداب کی رعایت کرے کہ جب آداب دعا، دعا کے ساتھ جمع ہو جاتے ہیں تو قبولیت کی توقع زیادہ ہوتی ہے جبکہ مولائے کریم کے فضل و کرم کی کوئی نہایت نہیں۔

آدابِ دعا جو بڑی کتابوں میں مذکور ہیں ان میں بعض یہ ہیں:

(۱) دل کو حتی الامکان، دوسرے خیالات سے پاک رکھو۔

(۲) بدن لباس اور مکان پاک صاف ہوں۔

(۳) دعا سے پہلے کوئی عمل صالح، نماز تلاوت قرآن وغیرہ کر لو کہ خدائے کریم کی رحمت متوجہ ہو، صدقہ خصوصاً پوشیدہ دعا میں بڑا اثر رکھتا ہے۔

(۴) دعا سے قبل گزشتہ گناہوں سے توبہ کرو کہ نافرمانی پر قائم رہ کر، عطا مانگنا بے حیائی ہے۔

(۵) وقتِ کراہت نہ ہو تو دو رکعت نماز خلوصِ قلب سے پڑھو کہ رحمت متوجہ ہو۔

(۶) دعا کے وقت باوضو قبلہ رو، آداب کے ساتھ جیسے نماز میں بیٹھتے ہیں، بیٹھو۔ دل حاضر اور نگاہ نیچی رکھو۔

(۷) دعا کے لیے اول آخر حمد الٰہی بجالاؤ اور درود شریف پڑھو کہ اس کے بغیر دعا بلند نہیں ہونے پاتی۔

(۸) اب کہ مانگنے کا وقت آیا جلال الٰہی کے تصور میں ڈوب جاؤ۔ اس کی عظیم رحمتوں کو جو باوجود گناہ تمہارے حال پر فرماتا رہا یاد کر کے شرمندہ ہو اور بڑے ادب کے ساتھ ہاتھ آسمان کی طرف اٹھاؤ اور سینے کے مقابل اور کھلے رکھو۔

(۹) جس قدر عاجزی کا اظہار کر سکتے ہو، اتنی ہی بہتر ہے اور دعا میں بھی اس قدر آواز ضرور ہے کہ اپنے کان تک پہنچ سکے۔

(۱۰) جب اپنے لیے دعا مانگو تو سب اہل اسلام کو اس میں شریک کر لو، ساتھ ہی والدین اور مشائخ کے لیے بھی ضرور دعا کرو کہ اگر خود قابل عطا نہیں تو کسی بندے کا طفیلی ہو کر مراد کو پہنچ جاؤ گے۔

(۱۱) آمین پر ختم کرو کہ دعا کی مہر ہے اور فارغ ہو کر دونوں ہاتھ چہرے پر پھیر لو کہ خدائے تعالیٰ شرم و کرم والا ہے۔ جب بندہ اپنے دونوں ہاتھ اٹھاتا اور سوال کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ خالی پھیرنے سے شرماتا ہے۔ کسی طرح کی خیر و خوبی ضرور مرحمت فرماتا ہے تو بہ

نظر اس نعمت و برکت کے دعا کے بعد منہ پر ہاتھ پھیر لینا مقرر ہوا۔

(۱۲) تنہا اپنی دعا پر قناعت نہ کرو بلکہ اللہ کے نیک بندوں، بچوں، مسکینوں اور بیوہ عورتوں کے ساتھ نیک سلوک کر کے ان سے بھی دعا چاہو کہ جلد قبول ہوتی ہے کہ جب احسان کیا، وہ راضی ہوں گے اور دل سے اس کے لیے دعا کریں گے اور مسلمان کی دعا مسلمان کے لیے اس کی غیبِ موجودگی میں نہایت جلد قبول ہوتی ہے کہ ان کی رضامندی سے اللہ راضی ہوگا اور ان کا منہ اس کے لیے دعا میں اس کے منہ سے بہتر ہوگا۔ امیرالمومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ مدینہ منورہ کے بچوں سے اپنے لیے دعا کراتے کہ دعا کرو عمر بخشا جائے۔

قبولیت دُعا کے اوقات

احادیث اور ائمۂ دین کے ارشادات کے مطابق جن اوقات و حالات میں، قبولیت کی امید قوی ہے، ان میں چند یہ ہیں:

(۱) شب قدر کہ اکثر علماء کے نزدیک رمضان المبارک کی ۲۷ ویں شب ہے۔

(۲) شبِ جمعہ اور روزِ جمعہ بالخصوص سورج ڈوبنے سے کچھ ہی پہلے۔

(۳) روزِ عرفہ یعنی ذی الحجہ کی نویں تاریخ۔

(۴) ٹھیک آدھی رات کو، کہ اس وقت تجلی خاص ہوتی ہے۔

(۵) پنجگانہ فرضوں بلکہ ہر نماز کے بعد۔

(۶) تلاوتِ قرآنِ کریم کے بعد اور ختمِ قرآنِ کریم کے وقت۔

(۷) روزہ افطار کرتے وقت۔

(۸) جب مرغ اذان دے کہ حدیث میں آیا وہ رحمت کے فرشتوں کو دیکھ کر بولتا ہے۔ اس وقت اللہ کا فضل مانگو۔

(۹) اذان کے وقت، حدیث میں ہے اس وقت آسمان کے دروازے کھولے جاتے ہیں۔

(۱۰) رجب کی چاند رات۔

(۱۱) شبِ براءت، شبِ عید الفطر اور شبِ عید الاضحیٰ۔

بشارتیں

(۱) حدیث شریف میں آیہ کریمہ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ کی نسبت فرمایا کہ یہ اسم اعظم ہے جو اس کے ساتھ دعا کرے قبول ہو۔ علمائے کرام فرماتے ہیں: یہ آیہ کریمہ دعا کی قبولیت اور بلاؤں کو دفع کرنے میں عظیم اثر رکھتی ہے۔

(۲) حدیث شریف میں آیا کہ جب بندہ یَارَبِّ یَارَبِّ (بار بار) کہتا ہے تو رب عزوجل فرماتا ہے: اے میرے بندے مانگ تجھے دیا جائے گا۔

(۳) جو شخص یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ تین بار کہے۔ فرشتہ کہتا ہے مانگ کہ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ نے تیری طرف توجہ فرمائی۔

(۴) حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں جو کسی تکلیف میں مجھ سے مدد مانگے، وہ تکلیف دور ہو اور جو کسی سختی میں میرا نام لے کر پکارے وہ سختی دفع ہو اور جو کسی حاجت میں مجھے وسیلہ کرے، وہ حاجت روا ہو۔

اسی لیے علمائے کرام نے فرمایا کہ محبوبانِ خدا کے وسیلے سے دعا قبول ہوتی ہے۔

مفید نہایت مفید

دعا کے قبول میں جلدی نہ کرے۔ حدیث شریف میں ہے کہ خدائے تعالیٰ تین آدمیوں کی دعا قبول نہیں فرماتا۔ (۱) ایک وہ کہ گناہ کی دعا مانگے۔ (۲) دوسرا وہ کہ ایسی بات چاہے کہ قطع رحم (رشتہ داروں سے قطع تعلق) ہو۔ (۳) تیسرا وہ کہ قبول میں جلدی کرے کہ میں نے دعا مانگی اب تک قبول نہ ہوئی۔ ایسا شخص گھبرا کر دعا چھوڑ دیتا ہے اور

مطلب سے محروم رہتا ہے۔

اے عزیز! تیرا پروردگار فرماتا ہے:

اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ۔ مجھ سے دعا مانگو میں قبول فرماؤں۔

پس یقین سمجھ کہ وہ تجھے اپنے در سے محروم نہیں کرے گا اور اپنے وعدے کو وفا فرمائے گا بلکہ وہ تیرے اوپر نظر کرم رکھتا ہے کہ تیری دعا کے قبول کرنے میں دیر کرتا ہے تو کیا جانے کہ تیرے لیے بھلائی کاہے میں ہے تو کیا جانے کہ کیسی سخت بلا آنے والی تھی کہ اس دعا نے دفع کی۔ تو کیا جانے کہ اس دعا کے عوض کیسا ثواب تیرے لیے ذخیرہ ہو رہا ہے۔ اس کا وعدہ سچا ہے۔ ہاں بے اعتقادی آئی تو یقین جان کہ مارا گیا اور ابلیس لعین نے تجھے اپنا ساکر لیا۔ والعیاذ باللہ۔

اور ہرگز ہرگز اپنے اور اپنے عزیزوں رشتہ داروں بلکہ ملنے جلنے والوں کی جان و مال، اولاد اور اہل و عیال پر بددعا نہ کرو کیا معلوم کہ قبولیت کا وقت ہو اور جو تم نے مانگا وہ واقع ہو جائے تو ندامت کے سوا کچھ حاصل نہ ہو گا۔ (احسن الوعاء الامام احمد رضا بریلوی)

قسم اور اس کے کفارہ کا بیان

مسئلہ: قسم کھانا جائز ہے مگر جہاں تک ہو کمی بہتر ہے اور بات بات پر قسم کھانا نہ چاہیے۔ بعض لوگوں نے قسم کو تکیہ کلام بنا رکھا ہے کہ قصد و بلا قصد زبان پر جاری رہتی ہے اور اس کا بھی خیال نہیں رکھتے کہ بات سچی ہے یا جھوٹی، یہ سخت معیوب اور بڑے عیب کی بات ہے اور خدا کے سوا کسی اور کی قسم کھانا مکروہ اور بری بات ہے اور یہ شرعاً قسم بھی نہیں۔ یعنی اس کے توڑنے سے کفارہ لازم نہیں۔ (بہار شریعت)

مسئلہ: یہ الفاظ قسم نہیں اگرچہ آدمی ان کے بولنے سے گناہ گار ہو گا جب کہ اپنی بات میں جھوٹا ہو۔ اگر ایسا کروں تو مجھ پر خدا کا غضب ہو اس کی لعنت ہو۔ اس کا عذاب ہو۔ خدا کا قہر ٹوٹے۔ مجھ پر آسمان پھٹ پڑے وغیرہا۔ یوں ہی رسول اللہ کی شفاعت نہ ملے۔ خدا کا دیدار مجھے نصیب نہ ہو۔ مرتے وقت کلمہ نصیب نہ ہو۔ (بہارِ شریعت)

مسئلہ: جو شخص کسی چیز کو اپنے اوپر حرام کرے مثلاً کہے کہ فلاں چیز مجھ پر حرام ہے تو اس کہہ دینے سے وہ چیز حرام نہیں ہوگی کہ اللہ نے جس چیز کو حلال کیا اسے کون حرام کر سکے، مگر اس کے برتنے سے کفارہ لازم آئے گا یعنی یہ بھی قسم ہے۔

(تبیین الحقائق)

مسئلہ: تجھ سے بات کرنا حرام ہے یہ قسم ہے بات کرے گا تو کفارہ لازم آئے گا۔

(عالمگیری)

مسئلہ: خدا و رسول کی قسم یہ کام نہ کروں گا، یہ قسم نہیں۔ (عالمگیری)

مسئلہ: دوسرے کے قسم دلانے سے قسم نہیں ہوتی مثلاً کہا تمہیں خدا کی قسم یہ کام کر دو تو اس کہنے پر اس پر قسم نہ ہوئی یعنی نہ کرنے سے کفارہ لازم نہیں۔ (عالمگیری)

مسئلہ: جان بوجھ کر جھوٹی قسم کھائی جسے غموس کہتے ہیں تو یہ سخت گناہ ہے۔ اس پر توبہ و استغفار فرض ہے مگر کفارہ لازم نہیں۔

اور اگر اپنے خیال میں تو اس نے سچی قسم کھائی تھی مگر حقیقت میں جھوٹی ہے مثلاً جانتی تھی (جانتا تھا) کہ فلاں شخص نہیں آیا ہے اور قسم کھائی کہ نہیں آیا ہے اور حقیقت میں وہ آگیا ہے تو ایسی قسم کو لغو کہتے ہیں اس میں کفارہ بھی نہیں اور اگر آئندہ کے لیے قسم کھائی تو اس کو منعقدہ کہتے ہیں۔ ایسی قسم اگر توڑے گی کفارہ دینا پڑے گا اور بعض صورتوں میں گناہ گار بھی ہوگی۔ (عامہ کتب)

مسئلہ: قسم توڑنے کا کفارہ، غلام آزاد کرنا یا دس مسکینوں کو کھانا کھلانا یا ان کو کپڑے پہنانا ہے۔ یعنی یہ اختیار ہے کہ ان تینوں باتوں میں سے جو چاہے کرے اور جو شخص ان میں سے کسی بات پر قادر نہ ہو تو پے در پے تین روزے رکھے۔ (عامہ کتب)

مسئلہ: عورت کو ان روزوں کے درمیان حیض آگیا تو پہلے کے روزہ کا اعتبار نہ ہوگا یعنی اب پاک ہونے کے بعد لگاتار تین روزے رکھے۔ (درمختار)

مسئلہ: قسم توڑنے سے پہلے کفارہ نہیں اور دیا تو ادا نہ ہوگا۔ یعنی اگر کفارہ دینے کے بعد قسم توڑی تو اب پھر کفارہ دے کہ جو پہلے دیا ہے وہ کفارہ نہیں، مگر فقیر کے دیئے ہوئے کو واپس نہیں لے سکتی۔ (عالمگیری)

مسئلہ: کفارہ انہیں مساکین کو دے سکتی ہے جن کو زکوٰۃ دے سکتی ہے، یعنی اپنے ماں باپ اولاد وغیرہم کو جن کو زکوٰۃ نہیں دے سکتی کفارہ بھی نہیں دے سکتی یونہی کفارہ کی قیمت مسجد میں صرف نہیں کر سکتی نہ مردے کے کفن میں لگا سکتی ہے یعنی جہاں جہاں زکوٰۃ نہیں خرچ کر سکتی وہاں کفارہ کی قیمت بھی نہیں دے سکتی۔ (درمختار، عالمگیری)

مسئلہ: قسم میں ایک قاعدہ یہ یاد رکھنا چاہیے جس کا قسم میں ہر جگہ لحاظ ضروری ہے کہ قسم کے تمام الفاظ سے وہ معنی لیے جائیں گے جن میں اہل عرف استعمال کرتے ہوں، مثلاً کسی نے قسم کھائی کہ کسی مکان میں نہیں جاؤں گی اور مسجد یا کعبہ معظمہ میں گئی تو قسم نہیں ٹوٹی۔ اگرچہ یہ بھی مکان ہیں یونہی لفظوں کے بول چال میں جو معنی ہیں وہ مراد لیے جائیں گے، قسم کھانے والے کی نیت اور قصد کا اعتبار نہ ہوگا مثلاً قسم کھائی کہ دروازہ سے باہر نہ جاؤں گی اور دیوار کود کر یا سیڑھی لگا کر باہر چلی گئی تو قسم نہیں ٹوٹی۔ اگرچہ اس سے مراد یہ ہے کہ گھر سے باہر نہ جاؤں گی۔ (عالمگیری، درمختار وغیرہ)

مسئلہ: قسم کھائی کہ فلاں کے گھر نہ جاؤں گی تو جس گھر میں وہ رہتا ہے اس میں جانے سے قسم ٹوٹ گئی اگرچہ وہ مکان اس کا نہ ہو بلکہ کرایہ پر یا عاریتاً اس میں رہتا ہو۔ یونہی جو مکان اس کی ملک میں ہے، اگرچہ اس میں رہتا نہ ہو، اس میں جانے سے بھی قسم ٹوٹ جائے گی۔ (عالمگیری)

مسئلہ: جو چیز ایسی ہو کہ چبا کر حلق سے اتاری جاتی ہو، اس کے حلق سے اتارنے کو کھانا کہتے ہیں اگرچہ اس نے بغیر چبائے اتار لی اور پتلی چیز، بہتی ہوئی کو حلق سے اتارنے کو پینا کہتے ہیں مگر قسم میں یہاں بھی محاورات کا ضرور خیال کرنا ہوگا کہ کہاں کھانے کا لفظ بولتے ہیں اور کہاں پینے کا۔ مثلاً اردو میں دودھ پینے کو بھی دودھ کھانا کہتے ہیں لہٰذا اگر قسم کھائی کہ دودھ نہیں کھاؤں گی تو پینے سے بھی قسم ٹوٹ جائے گی اور اگر

کوئی ایسی چیز کھائی جس میں دودھ ملا ہوا ہے، مگر اس کا مزہ محسوس نہیں ہوتا تو اس کے کھانے سے قسم نہیں ٹوٹتی۔ (بہار شریعت)

مسئلہ: چکھنے کے معنی ہیں کسی چیز کو منہ میں رکھ کر اس کا مزہ معلوم کرنا اردو محاورہ میں اکثر مزہ دریافت کرنے کے لیے تھوڑا سا کھا لینے کو بھی چکھنا کہتے ہیں۔ اگر قرینہ سے یہ بات معلوم ہو کہ اس کلام میں چکھنے سے مراد تھوڑا سا کھا کر مزہ معلوم کرنا ہے تو یہ مراد لیں گے مثلاً کوئی شخص کچھ کھا پی رہا ہے۔ اس نے دوسرے کو بلایا۔ اس نے انکار کیا۔ اس نے کہا: ذرا چکھ کر تو دیکھو کیسی ہے تو یہاں چکھنے سے مراد تھوڑی کھا لینا ہے اور اگر قرینہ نہ ہو تو مطلقاً مزہ معلوم کرنے کے لیے منہ میں رکھنا مراد ہوگا کہ اس معنی میں بھی یہ لفظ بولا جاتا ہے۔ (بہار شریعت)

مسئلہ: قسم کھائی کہ کھانا نہیں کھاؤں گی اور کوئی ایسی چیز کھالی جسے عرف میں کھانا نہیں کہتے مثلاً دودھ پی لیا یا مٹھائی کھالی تو قسم نہیں ٹوٹی۔ (بہار شریعت)

مسئلہ: کسی سے کلام نہ کرنے کی قسم کھائی تو خط بھیجنے یا کسی کے ہاتھ کچھ کہلا بھیجنے یا اشارہ کرنے سے قسم ٹوٹے گی۔ (عالمگیری)

مسئلہ: قسم کھائی کہ فلاں کا خط نہ پڑھوں گی اور خط کو دیکھا اور جو کچھ اس میں لکھا ہے اسے سمجھا تو قسم ٹوٹ گئی کہ خط پڑھنے سے یہی مقصود ہوتا ہے۔ زبان سے پڑھنا نہیں جیسا کہ یہاں کا عام محاورہ ہے۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: قسم کھائی کہ میں اس کے پاس نہیں پھٹکوں گی تو اس کا وہی حکم ہے جیسے یہ کہا کہ میں اس سے کلام نہ کروں گی۔ (عالمگیری)

مسئلہ: قسم کھائی کہ تیرے مکان کا کھانا پینا مجھ پر حرام ہے یا کہا کہ تیرے مٹکے کا پانی پینا حرام ہے تو یہ قسم ہے اگر اس کے گھر کا کھائے گی پئے گی یا دوسری صورت میں اس کے مٹکے کا پانی پئے گی تو قسم کا کفارہ دینا آئے گا۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: قسم کھائی کہ گوشت نہیں کھائے گی تو مچھلی کھانے سے قسم نہیں ٹوٹے گی۔

یونہی کلیجی، تلی پھیپھڑا، دل، گردہ، اوجھڑی، دنبہ کی چکتی کے کھانے سے بھی نہیں ٹوٹے گی کہ ان چیزوں کو عرف میں گوشت نہیں کہتے اور اگر کسی جگہ ان چیزوں کا بھی گوشت میں شمار ہو تو وہاں ان کے کھانے سے بھی قسم ٹوٹ جائے گی۔ (درمختار، ردالمحتار)

مسئلہ: منت کی بعض صورتوں میں بھی کفارہ ہوتا ہے مثلاً کہا کہ اگر میں تم سے بات کروں یا تمہارے گھر آؤں تو مجھ پر اتنے روزے ہیں کہ اس کا مقصد یہ ہے کہ میں تم سے بات نہیں کروں گی یا تمہارے یہاں نہیں آؤں گی۔ ایسی صورت میں اگر شرط پائی گئی یعنی اس کے یہاں گئی یا اس سے بات کی تو اختیار ہے کہ جتنے روزے کہے تھے، وہ رکھ لے یا کفارہ دے دے۔ (درمختار)

مسئلہ: جس منت میں شرط کا ذکر نہ ہو تو منت کا پورا کرنا ضروری ہے۔ حج یا عمرہ یا روزہ یا نماز یا خیرات یا اعتکاف، جس کی منت مانی ہو، وہ کرے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: منت یا قسم میں انشاء اللہ تعالیٰ کہا تو اس کا پورا کرنا واجب نہیں، بشرطیکہ انشاء اللہ کا لفظ اس کے کلام سے متصل ہو اور اگر فاصلہ ہو گیا مثلاً قسم کھا کر چپ ہو گئی یا درمیان میں کچھ اور بات کی پھر انشاء اللہ کہا تو قسم باطل نہ ہوئی۔ یونہی ہر وہ کام جو کلام کرنے سے ہوتا ہے، مثلاً طلاق، وعدہ، اقرار وغیرہ یہ [illegible] نشاء اللہ کہہ دینے سے باطل ہو جاتے ہیں۔ (درمختار) یعنی اس کے خلاف کرنے سے کفارہ وغیرہ لازم نہیں آتا۔

فائدہ جلیلہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں: خدا کی قسم! انشاء اللہ تعالیٰ میں کوئی قسم کھاؤں اور اس کے غیر میں بھلائی دیکھوں تو وہ کروں گا جو بہتر ہے اور قسم کا کفارہ دے دوں گا۔ (بخاری و مسلم)

اور دوسری حدیث میں ہے کہ جو شخص قسم کھائے اور دوسری چیز اس سے بہتر پائے تو قسم کا کفارہ دے دے اور وہ کام کرے۔ (مسلم و ترمذی)

تو وہ جو بعض مردوں اور عورتوں میں عادت ہوتی ہے کہ ذرا ذرا سی بات پر نہ کرنے کی قسم کھا بیٹھتے ہیں بلکہ بعض تو ایسے بے باک ہوتے ہیں کہ مرنے کے بعد جنازہ پر نہ جانے کی قسم کھا بیٹھتے ہیں حالانکہ وہ اپنے عزیز اور مسلمان ہوتے ہیں۔ انہیں ان حدیثوں سے سبق حاصل کرنا چاہیے کہ قسم توڑ دیں، کفارہ ادا کریں اور تعلقات کو برقرار رکھیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو توفیق خیر عطا فرمائے۔ بجاہ النبی الامی الامین علیہ افضل الصلوٰۃ واکمل التسلیم۔

حدود اور تعزیرات (جُرم و سزا) کا بیان

حد ایک قسم کی سزا ہے جس کی مقدار شریعت کی جانب سے مقرر ہے۔ اس میں کمی بیشی نہیں ہو سکتی۔ اس سے مقصود لوگوں کو ایسے کام سے باز رکھنا ہے جس کی یہ سزا ہے۔ حد قائم کرنا بادشاہِ اسلام یا اس کے نائب کا کام ہے یعنی باپ اپنے بیٹے پر یا مثلاً استاد اپنے شاگرد پر، شوہر اپنی بی بی پر یا بڑا اپنے چھوٹے پر قائم نہیں کر سکتا۔

اور تعزیر اس سزا کو کہتے ہیں جو کسی گناہ پر بغرضِ تادیب دی جائے۔ شریعتِ مطہرہ میں اس کے لیے کوئی مقدار معین نہیں بلکہ اسے حاکم اسلام (قاضی) کی رائے پر چھوڑا ہے جیسا موقع ہو اس کے مطابق عمل کرے۔ تعزیر کا اختیار صرف بادشاہ اسلام ہی کو نہیں بلکہ شوہر بی بی کو، ماں باپ اپنی اولاد کو اور استاد شاگرد کو تعزیر کر سکتا ہے۔

قابلِ حفظ فائدۂ جلیلہ

اسلام نے انسانی برادری کو جو قوانین عطا فرمائے ہیں وہ اپنی جگہ اتنے کامل اور مکمل ہیں کہ ان پر عمل پیرا ہونے والا انسان اپنی زندگی بڑی آسائش و سہولت اور فارغ البالی سے بسر کر سکتا ہے۔ اب جو لوگ ان آسائشوں اور معاشرہ میں پائی جانے والی نعمتوں کے نظام کو درہم برہم کرنا چاہتے ہیں۔ وہ دراصل امن عامہ پر ڈاکہ ڈالنا اور نظام

حیات کو برباد کرنا چاہتے ہیں۔ لہٰذا یہ مستحق بھی ایسی ہی سزاؤں کے ہیں جو شریعتِ مطہرہ نے مقرر کی ہیں۔ یا جن کا اختیار حاکم اسلام کو دیا گیا ہے۔

مثلاً عورت کی عزت و ناموس، خانگی زندگی کی جان ہے۔ اب اگر ایک مرد اور ایک عورت بغیر اس کے کہ ان کے درمیان جائز رشتہ، میاں بیوی کا ہو، باہم مباشرت و ہم بستری کا ارتکاب کریں تو یہ کوئی معمولی بات اور قابلِ معافی جُرم نہیں۔ بلکہ غور کریں تو یہ وہ جرم ہے ہے جس سے اجتماعی زندگی کی جڑ ہی کٹ کر رہ جاتی ہے۔ اسی وجہ سے ہر زمانے میں انسانی برادری بشرطیکہ وہ نفس پرستی کی اسیر نہ ہو، انسانی معاشرہ کو پاکیزہ رکھنے کے لیے نکاح کو (خواہ وہ کسی بھی صورت میں انجام پذیر ہو) رواج دیتی رہی اور ساتھ ہی ساتھ ناجائز میل میلاپ کو ختم کرنے کے لیے کوششوں میں مصروف رہی۔

اسلامی قانون نے زنا کو ایک بدترین معاشرتی جرم قرار دے کر، زانی و زانیہ کے لیے سخت سزائیں تجویز کیں اور منشاء اس کا یہ ہے کہ لوگ ان سزاؤں کے خوف سے اس جرم خبیث کا ارتکاب نہ کریں اور کسی کو اس پر سزا دینے کی نوبت ہی نہ آنے پائے۔ یہاں یہ بنیادی نکتہ یاد رہے کہ اسلام نے معاشرہ کی بنیاد خاندان ہی کو قرار دیا ہے۔ اگر خاندان کا نظام صحیح اصول پر قائم ہو گیا تو اصلاح سارے معاشرہ کی ہو کر رہے گی۔ یونہی چوری شریعتِ اسلامیہ میں ایک بدترین جرم ہے۔ اسلام نے فرد و جماعت دونوں کے لیے امن و امان اور سکونِ خاطر کا جو بہترین و کامل ترین نظام قائم کیا ہے، چور اس میں رخنہ ڈالنا اور اس ساری فضا کو درہم برہم کر ڈالنا چاہتا ہے تو چور بدبخت مجرم، ہے ہی ایسی سزا کا مستحق۔ اسی لیے اس سزا میں تخفیف یا ترحم کا حق حاکم اسلام کو بھی حاصل نہیں جبکہ جرم اس کی عدالت میں بطریقِ شرعی ثابت ہو جائے۔

یونہی کسی عفیف و عفیفہ، (پاک دامن مرد خواہ عورت) کی جانب زنا و بدچلنی جیسے بدترین جرم کی نسبت بھی وہی لوگ کر سکتے ہیں جو بے باک ہوں۔ جب زناکاری خود ایک شدید گناہ ٹھہرا تو اس کی تہمت بھی کسی کلمہ گو کے حق میں اس کی شدید توہین و تذلیل کے ہم معنی ہوئی اور سزا بھی اس کے لیے ایسی ہی سخت لازم آئی۔

اللہ اللہ، اللہ تعالیٰ کو مسلمان مرد اور مسلمان عورت کی عزت و عصمت اور اس

کے ناموس تحفظ کا کس قدر اہتمام ہے کہ گواہ ایک نہیں، دو بھی نہیں، تین بھی نہیں۔ اکٹھے چار گواہ، وہ چشم دید ہونا چاہیے۔ اگر اس تعداد میں ایک کی بھی کمی رہ جائے گی تو جس پر زنا کو تہمت لگائی وہ نہ زانی قرار دیا جائے گا نہ اس پر حد زنا لازم آئے گی۔ تو جو بلا ضرورت ایسی بات زبان سے نکالتا ہے وہ ایک مسلمان کی خواہ مخواہ آبرو ریزی کرتا ہے جو شریعتِ اسلامیہ کی نظر میں سخت ناپسندیدہ بات ہے۔

منشا اس حکم کا یہ ہے کہ معاشرہ میں لوگوں کی "آشنائیوں" اور ناجائز تعلقات کے چرچے قطعی طور پر بند کر دیئے جائیں کیونکہ اس سے بے شمار برائیاں پھیلتی ہیں۔ شریعت اس چیز کا سدباب پہلے ہی قدم پر کر دینا چاہتی ہے۔ ایک طرف وہ حکم دیتی ہے کہ اگر کوئی زنا کرے اور شہادتوں سے اس کا جرم ثابت ہو جائے تو اس کو وہ انتہائی سزا دو جو کسی اور جرم پر نہیں دی جاتی اور دوسری طرف وہ فیصلہ کرتی ہے کہ جو شخص کسی پر زنا کا الزام لگائے وہ یا تو شہادتوں سے اپنا الزام ثابت کرے ورنہ اس پر اسی(۸۰) کوڑے برسا دو تاکہ آئندہ وہ یا کوئی اور اپنی زبان سے ایسی بات بلا ثبوت نکالنے کی جرأت نہ کر سکے۔ بالفرض اگر الزام لگانے والے نے کسی کو اپنی نگاہوں سے بدکاری کرتے دیکھ بھی لیا ہو تب بھی اسے خاموش رہنا چاہیے اور دوسروں تک اسے نہ پہنچانا چاہیے تاکہ گندگی جہاں ہے وہیں پڑی رہے آگے نہ پھیل سکے۔ البتہ اگر اس کے پاس گواہ موجود ہوں تو معاشرہ میں بے ہودہ چرچے کرنے کے بجائے معاملہ حکام کے پاس لے جائے اور عدالت میں ملزم کا جرم ثابت کر کے اسے سزا دلوا دے۔

کیا آج دنیا کے کسی قانون میں معاشرہ کی پاکیزگی و صفائی کا اس درجہ اہتمام و لحاظ ہے جتنا قدم قدم پر شریعتِ اسلامیہ میں پایا جاتا ہے اور عقل کے کورے ان سزاؤں کو ظلم سے تعبیر کرتے نہیں شرماتے۔

اسی طرح معاشرہ میں آج تک جتنے فسادات، شراب نوشی سے پیدا ہو چکے ہیں، اظہر من الشمس ہیں۔ گالیاں یہ بکوائے، بے حیائی یہ پھیلائے۔ حرام کاری کی طرف یہ لائے۔ بلوے دنگے یہ کرا دے۔ چوری ٹھگی پر یہ آمادہ کرے۔ قتل و غارت کی نوبت یہ لے آئے۔ گھرانوں کی رونقیں یہ اجاڑے۔ زندگی کے لہلہاتے چمن کو یہ بگاڑے۔ ہر

عبادت سے، طہارت سے پاکیزہ منشی سے یہ روک دے اور اتلافِ مال تو اس کے لیے کوئی بات ہی نہیں۔

اس لیے عقلِ سلیم کے لحاظ سے شراب قابلِ ترک اور واجب الاحتراز ہے اور یہ فخر تاریخ میں اسلام ہی کو حاصل ہے کہ اس نے حدودِ مملکت سے اس ام الخبائث (شراب) کا خاتمہ ہی کر دیا اور امت کی نگاہوں میں "شرابی" کو انتہائی تحقیر اور تذلیل کا لقب قرار دیا۔ یہاں تک کہ دنیائے عیسائیت کو بھی تسلیم کرنا پڑا کہ "دنیا میں انسدادِ مے نوشی (شراب بندی) کی سب سے بڑی انجمن خود اسلام ہے۔ برخلاف اس کے یورپین تجارت کے قدم جہاں جہاں پہنچتے جاتے ہیں، مے نوشی و بدکاری اور لوگوں کی اخلاقی پستی بڑھتی ہی چلی جاتی ہے۔"

اب شراب بندی کے لیے ذلیل و کمینہ صفت انسانوں کی کمر پر اگر کوڑے برسا دیئے جائیں تو اس میں شرمانے اور لجانے کی کیا بات ہے۔

فقہی مسائل متعلق بہ زنا

مسئلہ: جس مرد یا عورت سے زنا سرزد ہو، اور ہو وہ مکلف یعنی آزاد عاقل بالغ اور نکاح صحیح کے ساتھ منکوحہ سے صحبت و ہم بستری کر چکا ہو خواہ ایک ہی مرتبہ۔ ایسے شخص سے زنا ثابت ہو، اس کے لیے سزائے زنا رجم یا سنگساری ہے تا آنکہ وہ مرجائے۔

اور اگر ان میں سے ایک بات بھی نہ ہو مثلاً آزاد نہ ہو یا مسلمان نہ ہو یا عاقل بالغ نہ ہو یا عاقل بالغ ہو لیکن ہنوز اس کا نکاح نہ ہوا ہو یا نکاح تو ہو چکا ہو لیکن ہم بستری کی نوبت ابھی نہ آئی ہو یا جس کے ساتھ صحبت کی ہو، اس کے ساتھ نکاح فاسد ہوا ہو، ایسوں سے زنا ثابت ہونے کی صورت میں سو کوڑے مارنے کی سزا ہے۔ (عامہ کتب)

مسئلہ: زنا کا ثبوت یا تو چار مردوں کی گواہیوں سے ہوتا ہے یا زنا کرنے والے کے چار مرتبہ اقرار کر لینے سے۔ پھر بھی امام بار بار سوال کرے گا اور دریافت کرے گا کہ زنا سے کیا مراد ہے، کہاں کیا، کس سے کیا، کب کیا۔ اگر ان سب کا بیان کر دیا تو زنا ثابت ہو گا

ورنہ نہیں۔ (درمختار)

مسئلہ: گواہوں سے ثبوتِ زنا کے لیے یہ بات ضروری ہے کہ چار مرد عاقل بالغ مسلمان، پرہیزگار دیندار ہو نہ کسی کبیرہ گناہ کا ارتکاب کرتے ہوں نہ کسی صغیرہ پر اصرار رکھتے ہوں، نہ خفیف الحرکات ہوں کہ کوئی بات خلاف مروت چھچھورے پن کی (مثلاً سربازار کھانا کھانا یا عام گزرگاہوں پر سب کے سامنے پیشاب کرنا) ان سے صادر نہیں ہوتیں۔ حلف شرعی کے ساتھ شہادت دیں اور ایک ہی مجلس میں صراحتاً اپنا معائنہ بیان کریں کہ انہوں نے ایک ہی وقت میں فلاں مرد کو فلانی عورت سے زنا کرتے ہوئے اپنی آنکھوں سے اس کا اندام اس کے جسم میں اس طرح دیکھا جیسے سرمہ دانی میں سلائی۔ ان شرطوں میں سے ایک بات بھی کم ہوگی تو خود گواہی دینے والوں پر حدِ قذف جاری ہوگی اور وہ شرعاً ۸۰، ۸۰ کوڑوں کے مستحق ہوں گے، مثلاً گواہوں میں تین دین دار مسلمانوں نے ویسی ہی گواہی دی جیسی کہ شرعاً درکار، مگر چوتھے نے یہ گواہی دی کہ میں نے دونوں کو، بالکل سراپا برہنہ ایک پلنگ پر بیٹھے ہوئے اور باہم لپٹے ہوئے دیکھا تو زنا ثابت نہ ہوگا۔ یا دو نے کہا کل دیکھا۔ دو نے کہا آج۔ یا تین نے کہا صبح دیکھا ایک نے کہا تیسرے پہر تو سب کی گواہیاں مردود اور زنا ثابت نہ ہوگا۔ یونہی بے ہودہ و بے معنی و بے اصل گواہوں سے زنا کا ثبوت قیامت تک نہیں ہو سکتا اور عورتوں کی گواہیاں زنا کے بارے میں بالکل قابل اعتبار نہیں بلکہ مردود ہیں۔ یونہی بازاری افواہ سے بھی زنا کا ثبوت نہیں ہو سکتا۔ لوگ محض اپنے قیاس و قرینے کے گھوڑے دوڑاتے اور اپنی طرف سے خیالاتِ باطلہ باندھ لیتے۔ یا فقط دو ایک شخصوں یا صرف عورتوں کے کہنے پر اڑا دیتے ہیں کہ فلاں ایسا ہے، فلانی ایسی ہے۔ یہ نہ شرعاً معتبر ہے نہ اس پر سننے والوں کو اعتبار حلال۔ (فتاویٰ رضویہ)

حدِ قذف کا بیان

مسئلہ: کسی کو زنا کی تہمت لگانے کو قذف کہتے ہیں اور جو شخص مرد ہو یا عورت،

کسی پارسا مسلمان، مرد و خواہ عورت کو جبکہ وہ آزاد عاقل بالغ ہوں، زنا کی تہمت لگائے اور اس پر چار معائنہ کے گواہ پیش نہ کر سکے اس پر حد واجب ہو جاتی ہے۔ حدِ قذف آزاد پر اسی (۸۰) کوڑے ہے اور غلام پر چالیس (۴۰) (در مختار، رد المحتار وغیرہ)

مسئلہ: قذف کے الفاظ یہ ہیں کہ وہ صراحتاً کسی کو زانی کہے، یا غصہ میں یہ کہے کہ تو اپنے باپ سے نہیں ہے یا اس کے باپ کا نام لے کر کہے کہ تو فلاں کا بیٹا نہیں ہے۔ یا اس کو زانیہ کا بیٹا کہہ کر پکارے اور ہو اس کی ماں پارسا، تو ایسے شخص پر تہمت کی حد جاری کی جائے گی۔ (عامہ کتب)

مسئلہ: کسی پارسا عورت کو رنڈی یا کسبی کہا (جیسا کہ جاہل عورتیں ایک دوسرے کو کہہ دیتی ہیں) تو یہ قذف ہے اور جس نے کہا، وہ حد کی مستحق ہے کہ یہ لفظ انہیں کے لیے ہے جنہوں نے زنا کو پیشہ کر لیا ہے۔

مسئلہ: بعض اوقات تنبیہہ اور سرزنش کے لیے، باپ کا نام لے کر کہہ دیا کرتے ہیں کہ تو فلاں کا بیٹا نہیں اور مقصد یہ ہوتا ہے کہ تو عادت و خصلت میں اپنے باپ جیسا نہیں تو اس صورت میں حد نہیں۔ (در مختار)

مسئلہ: عورتوں بلکہ بعض مردوں میں بھی واہی تباہی باتیں منہ سے نکالنے اور خواہ مخواہ بک بک جھک جھک کی عادت ہوتی ہے منہ سے ایسے کریہہ اور فحش الفاظ ادا کیے جاتے ہیں۔ جنہیں سننا بھی کوئی شریف برداشت نہیں کر سکتا۔ پھر نام دیا جاتا ہے ان بے ہودگیوں، بدزبانیوں اور گالیوں کو مذاق کا دل لگی کا بھئی یہ کون سا مذاق ہے کہ تم نے بلا بات دوسرے کو حرام زادہ، بھڑوا، حرامی، حرام کا بچہ، یا کتا، گدھا، سور، بندر، الو وغیرہ کہہ دیا۔ کیا تمہیں نہیں معلوم کہ ایسے الفاظ سے دوسروں کو کتنی اذیت و تکلیف بلکہ عزت والے کی کیسی توہین و ذلت و رسوائی ہوتی ہے۔ یہ سب باتیں گناہ کی باتیں ہیں اور کہنے والے تعزیر کے مستحق ہوتے ہیں جس کا اختیار حاکمِ شرع کو ہے جو سزا مناسب جانے دے۔ یہاں یہ بات یاد رکھنے کی ہے کہ ہر وہ گناہ جس پر شریعت نے کوئی خاص سزا مقرر نہیں کی ہے خواہ وہ کہنے میں آئے یا کرنے میں حاکمِ اسلام مختار ہے کہ اس پر جو چاہے،

سزادے۔ (درمختار)

تعزیر کا بیان

مسئلہ: تعزیر کی بعض صورتوں میں محض زجر و توبیخ اور تفہیم و تنبیہہ بھی کافی ہو سکتی ہے تو یہی درکار ہے، کوڑے مارنا ہی ضروری نہیں۔ یوں ہی حاکم اسلام ہی کی طرف ہر معاملہ میں رجوع نہ کیا جائے گا۔ مثلاً چھوٹے بچے کو بھی تعزیر کر سکتے ہیں اور اس کو سزا اس کا باپ یا دادا یا ان کا وصی یا معلم دے گا اور ماں کو بھی سزا دینے کا اختیار ہے۔ قرآن پڑھنے اور ادب حاصل کرنے اور علم سیکھنے کے لیے بچہ کو اس کے ماں باپ مجبور کر سکتے ہیں۔ یونہی یتیم بچہ جو کسی کی پرورش میں ہے، اسے بھی ان باتوں پر مار سکتا ہے جن پر اپنے لڑکے کو مارتا۔ (درمختار، ردالمحتار) کیونکہ اگر یتیم بچہ کو مطلق العنان، بالکل آزاد چھوڑ دیا جائے اور اس کی کسی حرکت پر باز پرس نہ کی جائے تو وہ علم و ادب اور شرم و لحاظ سے بالکل رہ جائے گا اور عموماً بچے بغیر تنبیہہ قابو میں نہیں آتے اور جب تک انہیں خوف نہ ہو، کہنا نہیں مانتے مگر مارنے کا مقصد صحیح ہونا ضروری ہے۔ ایسے ہی موقع پر فرمایا گیا:

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدُ مِنَ الْمُصْلِحِ۔ — اللہ کو معلوم ہے کون مفسد ہے اور کون مصلح۔

اساتذہ بھی بچوں کو نہ پڑھنے یا شرارتیں کرنے پر سزائیں دے سکتے ہیں مگر کلیہ ان کے پیش نظر بھی ہونا چاہیے کہ اپنا بچہ ہوتا تو اسے بھی اس قصور پر اتنی ہی سزا دیتے جتنی اپنے شاگرد کو دی ہے۔ بلکہ ظاہر تو یہ ہے کہ ہر شخص کو اپنے بچہ کی تعلیم و تربیت کا جتنا خیال ہوتا ہے، دوسرے کا اتنا خیال نہیں ہوتا تو اگر اس کام پر اپنے بچے کو نہ مارا یا کم مارا اور دوسرے کے بچے کو دھن ڈالا تو یہ مارا محض غصہ اتارنے کے لیے ہے، سدھارنا مقصود نہیں۔ ورنہ اپنے بچے کے سدھارنے کا خیال زیادہ ہوتا۔ بچے اگر سادات کرام کے ہوں اور ایسی ویسی حرکتیں کریں یا پڑھنے میں جی نہ لگائیں یا استاد کا ادب بڑوں کی

تعظیم بجانہ لائیں تو سزا انہیں بھی دی جا سکتی ہے مگر یہاں نیت اصلاح کے ساتھ یہ بھی خیال دل میں رہنا چاہیے کہ صاحبزادے کے کپڑوں پر کیچڑ لگ گئی ہے میں اسے چھٹا رہا ہوں۔ (بہار شریعت وغیرہ)

مسئلہ: بعض حالتوں میں شوہر اپنی بیوی کو اسی اصلاح کی نیت سے سزا دے سکتا ہے۔ مثلاً اگر عورت باوجود قدرت بناؤ سنگھار نہ کرے، سر جھاڑ منہ پھاڑ رہے یا غسلِ جنابت نہ کرے یا جس موقع پر اسے اجازت لینے کی ضرورت ہے، بلا اجازت گھر سے چلی جائے یا شوہر نے اپنے پاس بلایا اور نہیں آئی جبکہ حیض و نفاس سے پاک تھی اور فرض روزہ بھی رکھے ہوئے نہ تھی یا چھوٹے ناسمجھ بچے کو مار دیا یا غیر محرم کے سامنے چہرہ کھول دیا یا اجنبی مرد سے کلام کیا یا شوہر کو گالی دی یا اس کے کپڑے پھاڑ دیئے۔

مسئلہ: شوہر کو جہاں یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ عورت کی کوتاہیوں پر اسے مار سکتا ہے، اس کا مطلب یہ نہیں کہ شوہر اس کمزور مخلوق پر زور آزمائی کرے اور لاٹھی یا ڈنڈا اٹھا کر اس پر برسانا شروع کر دے کہ یہ سلوک تو جانوروں سے بھی ناحق روا نہیں تو اگر کسی بے رحم نے اپنی بیوی کو اتنا مارا کہ اس کی ہڈی ٹوٹ گئی یا کھال پھٹ گئی یا نہ سہی اس کے جسم پر نیلا داغ پڑ گیا تو اب لینے کے دینے پڑ جائیں گے۔ فرض کر لو عورت نے کھسیا کر حاکم اسلام کے یہاں دعویٰ کر دیا اور اپنے دعویٰ کے ثبوت میں گواہوں کو پیش کر دیا اور ان کی گواہی سے شوہر کی یہ حرکت ثابت ہو گئی تو شوہر کی اس بے جا مار پیٹ کی وجہ سے تعزیر ہو گی۔ حاکم اسلام جو چاہے گا اسے مناسب سزا دے گا۔ (در مختار وغیرہ)

مسئلہ: کسی جاہل خبیث کے بہکائے میں آ کر یا خود عورت اس غرض سے معاذ اللہ کفر کی کوئی بات زبان سے نکال بیٹھی یا کوئی اور ایسی حرکت کر بیٹھی جس سے کفر لازم آتا ہے اور یہ سب کیا اس نیت و غرض سے کہ شوہر سے پیچھا چھوٹ جائے تو اسے سزا دی جائے گی اور اسے دوبارہ از سر نو اسلام لانے اور پھر اسی شوہر سے نکاح کرنے پر مجبور کیا جائے گا۔ وہ ہرگز دوسرے سے نکاح نہیں کر سکتی۔ اسے کہتے ہیں گو، کھایا اور کال بھی نہ کٹا۔ (در مختار وغیرہ)

ایک نفیس فائدہ

گناہ تین قسم کے ہوتے ہیں۔ ایک ہلکے کہ حد کی حد تک نہ پہنچے جیسے اجنبیہ سے بوس و کنار۔ ان پر حد مقرر نہیں ہوگی کہ حد ایسے گناہوں کی مقدار سے زائد ہے اور مولیٰ عزوجل اس سے پاک ہے کہ کسی مجرم کو اس کی حد جرم سے زیادہ سزا دے۔ ایسے گناہوں پر تعزیر رکھی جاتی ہے۔ دوسرے وہ اخبث درجہ کے گناہ کہ حد کی حد سے گزرے ہوئے ہوں (جیسے ماں بہن وغیرہ ابدی محرمات سے جان بوجھ کر نکاح اور ہم بستری) ان پر حد نہیں رکھی جاتی کہ حد اس گناہ سے پاک کرنے کی ہوتی ہے اور ایسا خبیث گناہ اس حد سے پاک نہیں ہوتا۔ تیسرے متوسط درجہ۔ ان پر حدود ہیں۔ اس کی نظیر پیشاب اور شراب۔ پیشاب شراب سے خبیث تر ہے کہ کبھی کسی شریعت میں اس کی ایک بوند حلال یا طاہر نہ ٹھہر سکی۔ بایں ہمہ شراب پینے پر حد ہے اور پیشاب پینے پر حد نہیں۔ یونہی اجنبیہ پر زنا سے حد ہے اور محارم (وہ عورتیں جو ہمیشہ حرام ہیں ان سے) نکاح (و ہم بستری) پر نہیں کہ وہ خبیث کام ہے جسے حد سنبھال نہیں سکتی۔ (فتاویٰ رضویہ)

شراب نوشی کی حد کا بیان

شراب نوشی ایک ایسی لعنت ہے جسے قرآن کریم نے رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ فرمایا۔ یعنی گندا شیطانی کام۔ محض تحریک شیطانی کا نتیجہ۔ شراب نوشی کے نقصان رساں اثرات، شر و فساد کی شکل میں ہمارے روزمرہ کے مشاہدے ہیں۔

حدیث شریف میں اسے ام الخبائث اور برائی کی کنجی فرمایا۔ بعض احادیث میں ارشاد ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم نے شراب کے بارے میں دس شخصوں پر لعنت فرمائی۔ بنانے والا، بنوانے والا، پینے والا، اٹھانے والا، جس کے پاس اٹھا کر لائی گئی، پلانے والا، بیچنے والا، اس کی کمائی کھانے والا، خریدنے والا اور جس کے لیے

خریدی گئی۔ (ترمذی) غرض جس طرح شراب پینا ناجائز و حرام اور موجبِ لعنتِ الٰہی ہے اسی طرح اس کے کاروبار میں حصہ لینا اور اس سے کسی بھی طرح نفع اٹھانا حرام، حرام اور لعنتِ خداوندی کا باعث ہے۔

یہاں تک کہ حدیث شریف میں فرمایا کہ جو شخص اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہے وہ ایسے دسترخوان پر نہ بیٹھے جس پر شراب پی جاتی ہے۔ (طبرانی) ابوداؤد میں روایت ہے کہ ایک صاحب نے عرض کیا یارسول اللہ ہم ایک ایسے علاقے کے رہنے والے ہیں جو نہایت سرد ہے اور ہمیں محنت بھی بہت کرنی پڑتی ہے۔ ہم گیہوں کی شراب بناتے ہیں اور اس سے تکان اور سردی کا مقابلہ کرتے ہیں جس کی وجہ سے ہم کام کرنے کے قابل ہو جاتے ہیں اور سردی کا بھی اثر نہیں ہوتا۔ ارشاد فرمایا: کیا اس میں نشہ ہوتا ہے؟ عرض کیا ہاں۔ فرمایا: تو اس سے پرہیز کرو۔ انہوں نے عرض کیا: مگر ہمارے علاقے کے لوگ تو نہ چھوڑیں گے۔ فرمایا: اگر وہ نہ مانیں تو ان سے قتال کرو۔

صحیح مسلم میں ہے کہ ایک صحابی نے عرض کیا کہ ہم تو شراب کو دوا کے لیے بناتے ہیں تو کیا بطور دوا اس کے استعمال کی اجازت ہے۔ فرمایا: وہ دوا نہیں یہ تو خود ایک بیماری ہے۔

دنیاوی نقصانات جو مے نوشی کا نتیجہ ہوتے ہیں وہی عبرت کے لیے بہت کافی ہیں۔ لیکن اخروی قباحتیں جو سزا کے طور پر کل شراب نوشوں کو بھگتنی پڑیں گی ان کے تصور ہی سے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ جو شخص نشہ پئے گا اسے اللہ طِیْنَۃُ الْخِبَالِ سے پلائے گا۔ لوگوں نے عرض کی: طِیْنَۃُ الْخِبَالِ کیا چیز ہے؟ فرمایا کہ جہنمیوں کا پسینہ یا ان کا عصارہ (نچوڑ) (مسلم شریف) امام احمد نے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: قسم ہے میری عزت کی میرا جو بندہ شراب کا ایک گھونٹ بھی پئے گا میں اس کو اتنی ہی پیپ پلاؤں گا۔ اور جو بندہ میرے خوف سے اسے چھوڑ دے گا اس کو حوضِ قدس سے پلاؤں گا۔

امام احمد ہی کی روایت ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

شراب کی مداومت کرنے والا (عادی شرابی) خدا سے ایسے ملے گا جیسا بت پرست۔ والعیاذ باللہ تعالی۔ افسوس کہ مغربی تہذیب نے عورتوں میں بھی اس لعنت کو رواج دے دیا۔

چند مسائل متعلقہ

مسئلہ: مسلمان عاقل بالغ کہ نہ گونگا ہو اور نہ کسی نے اسے شراب پینے پر مجبور کیا ہو اگر خمر یعنی انگوری کچی شراب کا ایک قطرہ بھی پئے یا اور دوسری کوئی شراب پی کر اسے نشہ آجائے تو اس پر حد قائم کی جائے گی۔ (درمختار، ردالمحتار)

مسئلہ: نشہ یہ ہے کہ بات چیت صاف نہ کرسکے اور کلام کا اکثر حصہ ہذیان (بکواس) ہو اگرچہ کچھ باتیں ٹھیک بھی ہوں۔ (عالمگیری، درمختار)

مسئلہ: شراب نوشی کا ثبوت، دو مردوں کی گواہی سے ہوگا۔ اور اگر خود اقرار کرتا ہو تو ایک بار اقرار کافی ہے۔ حد قائم کردیں گے جبکہ اقرار ہوش میں کرتا ہوں اور نشہ میں اقرار کیا تو کافی نہیں۔ (درمختار)

مسئلہ: کسی جگہ چند اشخاص بیٹھے ہیں اور وہاں شراب بھی رکھی ہے اور ان کی مجلس اس قسم کی ہے جیسے شراب پینے والے، شراب پینے بیٹھتے ہیں اگرچہ انہیں پیتے ہوئے کسی نے نہ دیکھا تو ان پر حد نہیں مگر سزا سب کو دی جائے گی۔ (ردالمحتار) شراب نوشی کی حد میں اسّی (۸۰) کوڑے مارے جائیں گے۔ (درمختار)

مسئلہ: مجبوری کے یہ معنی ہیں کہ جان جانے یا عضو کٹنے یا ضرب شدید کا صحیح اندیشہ ہو۔ (عامہ کتب)

مسئلہ: نشہ کی حالت میں وہ تمام احکام جاری ہوں گے جو ہوش میں ہوتے ہیں۔ مثلاً اپنی بیوی کو طلاق دے دی تو طلاق ہوگئی یا اپنا کوئی مال بیچ ڈالا تو بیع ہوگئی۔ ہاں چند

باتوں میں اس کے احکام ہوش کی حالت کے احکام سے علیحدہ ہیں۔ مثلاً نشہ کی حالت میں کوئی کلمہ کفر بکا تو اس کے مرتد ہونے کا حکم نہ دیں یعنی اس کی عورت بائن نہ ہوگی۔

(ردالمحتار وغیرہ)

مسئلہ: بھنگ اور افیون پینے سے نشہ ہو تو حد قائم نہ کریں گے مگر سزا دی جائے گی اور ان سے نشہ کی حالت میں طلاق دی تو ہو جائے گی جبکہ نشہ کے لیے استعمال کی ہو، اور اگر علاج کے طور پر استعمال ہو تو نہیں۔ (ردالمحتار)

تنبیہہ

اگر شراب نوشی، زنا، چوری اور الزام زنا پر کہیں حدود جاری نہ ہوں تو چارۂ کار ترکِ تعلق ہے کہ اولاً اسے سمجھائیں، تنبیہہ کریں، توبہ کرائیں۔ وہ باز آجائیں فبہا ورنہ مسلمان مرد اور مسلمان بیبیاں ایسوں سے ملنا جلنا، ان کے پاس اٹھنا بیٹھنا، ان کے یہاں شادی بیاہ میں شریک ہونا، انہیں اپنے یہاں کی تقاریب میں شریک کرنا، یک قلم سب چھوڑ دیں بلکہ جو لوگ ان کے ہم پیالہ و ہم نوالہ ہوں اور حرکتوں سے باز نہ آئیں تو ان کے ساتھ بھی یہی سلوک کریں کہ یہاں ترکِ تعلق کے سوا کوئی سزا جاری نہیں ہو سکتی۔ وَاللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

حضرت امیر المومنین علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے ارشاد فرمایا کہ اگر شراب کا ایک قطرہ کنوئیں میں گر جائے پھر اس جگہ منارہ بنایا جائے تو میں اس پر اذان نہ کہوں اور اگر دریا میں شراب کا قطرہ پڑے پھر دریا خشک اور وہاں گھاس پیدا ہو اس میں اپنے جانوروں کو نہ چراؤں۔ سبحان اللہ، گناہ سے اس درجہ نفرت اللہ تعالیٰ کے ایسے ہی مقربین بارگاہ اور صالحین کا حصہ ہے۔ مولائے کریم ہمیں ان کے زمرے میں شمار فرمائے، آمین۔

مرتد کا بیان

مرتد وہ شخص ہے کہ کلمہ گو ہو کر کفر کرے خواہ یوں کہ پہلے مسلمان تھا پھر ملا: یہ اسلام سے پھر گیا۔ کلمہ اسلام کا منکر ہو گیا یا یوں کہ کلمہ اسلام اب بھی پڑھتا ہے، اپنے آپ کو مسلمان ہی کہتا ہے مگر ضروریاتِ دین میں سے کسی کا انکار کرتا ہے غرض زبان سے کلمہ کفر بکتا ہے جس میں صحیح تاویل کی گنجائش نہیں یا دین کا مذاق اڑاتا اور ضروریاتِ دین بلکہ تعلیماتِ اسلام کو مضحکہ خیز سمجھتا ہے۔ بلکہ علمائے کرام نے فرمایا: جو شخص بطور تمسخر اور ہنسی مذاق میں کفر کرے گا وہ بھی کافر ہے اگرچہ کہتا ہے کہ ایسا اعتقاد نہیں رکھتا۔ بعض افعال بھی ایسے ہیں جن سے آدمی اسلامی برادری سے نکل کر کافر ہو جاتا ہے۔ مثلاً بت کو سجدہ کرنا، قرآن شریف کو نجاست کی جگہ پھینک دینا۔ یونہی وہ اعمال جو قطعاً ایمان کے منافی ہوں ان کے مرتکب کو کافر کہا جائے گا۔ جیسے کسی بت کو یا چاند سورج کو سجدہ کرنا، انبیاء و مرسلین میں سے کسی کی توہین کرنا یا مصحف شریف یا کعبہ معظمہ کی توہین کرنا یا زنار باندھنا، سر پر چوٹیاں رکھنا، قشقہ لگانا کہ یہ اعمال کفر کی علامت ہیں۔

اور ضروریاتِ دین، وہ مسائل دین ہیں جن کو ہر خاص و عام جانتے ہوں کہ انہیں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اپنے رب کے پاس سے لائے۔ جیسے اللہ عزوجل شانہ کی وحدانیت، انبیاء کی نبوت، جنت و دوزخ، حشر نشر وغیرہ یا مثلاً یہ اعتقاد کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خاتم النبیین ہیں، حضور کے بعد کوئی نیا نبی نہیں آ سکتا، غرض اسلام کے بعد دین کی ایسی باتوں کا انکار ارتداد ہے اور اس کے مرتکب کو مرتد کہا جاتا ہے۔ ارتداد کفر کی بدترین صورت ہے۔ قرآن کریم نے ایسوں ہی کے لیے فرمایا:

فَاُولٰٓئِکَ حَبِطَتْ اَعْمَالُھُمْ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ۔

کہ یہی وہ لوگ ہیں جن کے اعمال دنیا و آخرت میں اکارت گئے۔

اعمال کی بربادی کا اثر، آخرت میں تو یوں ظاہر ہوگا کہ یہ بدنصیب مرتد اپنے کو ہر عبادت کے ثواب اور ہر ایک نیک عمل کے اجر سے محروم پائے گا اور دنیا میں اس کا ظہور یہ ہوگا کہ نہ مسلمان بیوی سے اس کا نکاح قائم رہ سکتا ہے نہ مسلمان کی میراث میں اسے حصہ مل سکتا ہے۔ بلکہ حکومت اگر اسلامی ہو تو ایسے بدعہد باغی و غدار کو زندہ رہنے کا بھی حق باقی نہیں رہتا۔ اگر وہ مسلمان ہو جائے اور اپنے کفر سے توبہ کرلے فبہا ورنہ قتل کر دیا جائے۔ (درمختار، عالمگیری وغیرہ) حضور اقدس سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ جو شخص اپنے دین کو بدل دے (کلمہ گو ہو کر اسلام سے پھر جائے) اسے قتل کر ڈالو۔ (بخاری)

امام بخاری نے ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا: "بندہ کبھی اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کی بات کہتا ہے اور اس کی طرف توجہ بھی نہیں کرتا (یعنی اپنے نزدیک ایک معمولی بات سمجھتا ہے) اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے بہت درجے بلند کرتا ہے اور کبھی اللہ کی ناراضگی کی بات کرتا ہے اور اس کا خیال بھی نہیں کرتا اس کی وجہ سے جہنم میں گرتا ہے اور ایک روایت میں ہے کہ شرق و غرب کے درمیان جو فاصلہ ہے اس سے بھی زیادہ فاصلہ پر گرتا ہے۔"

والعیاذ باللہ۔

تنبیہہ ضروری

کفر و شرک سے بدتر کوئی گناہ نہیں اور وہ بھی ارتداد، کہ یہ کفر اصلی سے بھی باعتبارِ احکام سخت تر ہے۔ جیسا کہ اس کے احکام سے معلوم ہوگا۔ مسلمان کو چاہیے کہ اس سے پناہ مانگتا رہے کہ شیطان ہر وقت ایمان کی گھات میں ہے اور حدیث میں فرمایا کہ شیطان انسان کے بدن میں خون کی طرح تیرتا ہے۔ آدمی کو کبھی اپنے اوپر یا اپنی طاعت و اعمال پر بھروسہ نہ کرنا چاہیے۔ ہر وقت خدا پر بھروسہ کرے اور اسی سے بقائے ایمان کی دعا چاہے کہ اسی کے ہاتھ میں قلب ہے اور قلب کو قلب اسی وجہ سے کہتے

ہیں کہ لوٹ پوٹ ہوتا رہتا ہے۔ ایمان پر ثابت قدم رہنا اسی کی توفیق سے ہے جس کے دست قدرت میں قلب ہے۔

حدیث شریف میں فرمایا کہ شرک سے بچو کہ وہ چیونٹی کی چال سے زیادہ مخفی ہے اور اس سے بچنے کی حدیث شریف میں ایک دعا ارشاد فرمائی ہے۔ اسے ہر روز تین مرتبہ پڑھ لیا کرو کہ شرک سے محفوظ رہو گے۔ وہ دعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ اَنْ اُشْرِکَ بِکَ شَیْئًا وَّاَنَا اَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُکَ لِمَا لَآ اَعْلَمُ اِنَّکَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ۔

ارتداد سے متعلق چند احکام

مسئلہ: عورت یا نابالغ سمجھدار بچہ مرتد ہو جائے تو اس کو قتل نہ کریں گے بلکہ قید کریں گے۔ یہاں تک کہ توبہ کرے اور مسلمان ہو جائے۔ اور عورت مرتد ہو گئی پھر اسلام لائی تو شوہر اول سے نکاح کرنے پر مجبور کی جائے گی۔ یہ نہیں ہو سکتا کہ دوسرے سے نکاح کرے۔ اسی پر فتویٰ ہے۔ (درمختار، عالمگیری)

مسئلہ: مرتد اگر اپنے ارتداد سے توبہ کرے تو اس کی توبہ مقبول ہے مگر بعض مرتدین مثلاً کسی نبی کی شان میں گستاخی کرنے والا کہ اس کی توبہ مقبول نہیں، توبہ قبول کرنے سے مراد یہ ہے کہ توبہ کرنے کے بعد بادشاہِ اسلام اسے قتل نہ کرے گا۔

(ردالمحتار)

مسئلہ: مرتد کا نکاح بالاتفاق باطل ہے، وہ کسی عورت سے نکاح نہیں کر سکتا، نہ مسلمہ سے، نہ کافرہ سے، نہ مرتدہ سے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: مرتد کا ذبیحہ مردار ہے اگرچہ بسم اللہ پڑھ کر ذبح کرے۔ مرتد کسی معاملہ میں گواہی نہیں دے سکتا اور کسی کا وارث نہیں ہو سکتا۔ یونہی ارتداد سے مِلک جاتی رہتی ہے یعنی جو کچھ اس کے املاک و اموال تھے، سب اس کی مِلک سے خارج ہو

جائیں گے، اور زمانۂ ارتداد میں جو کچھ کمایا ہے اس میں مرتد کا کوئی وارث نہیں۔ ہاں عورت کو طلاق دی تھی وہ ابھی عدت میں ہی تھی کہ شوہر مرتد ہوگیا اور اسی حالت میں اسے قتل کردیا گیا تو وہ عورت وارث ہوگی۔ (درمختار، ردالمحتار، ہدایہ وغیرہ)

مسئلہ: کسی دین باطل کو اختیار کیا مثلاً یہودی یا نصرانی ہوگئی تو دوبارہ وہ مسلمان اس وقت سمجھی جائے گی کہ اس دین باطل سے بیزاری اور نفرت کا اظہار کرے اور دینِ اسلام قبول کرے اور اگر ضروریاتِ دین میں سے کسی بات کا انکار کیا ہو تو جب تک اس کا اقرار نہ کرے جس سے انکار کیا تھا محض کلمۂ شہادت پڑھ لینے پر اس کے اسلام کا حکم نہ دیا جائے گا کہ کلمۂ شہادت کا اس نے بظاہر انکار نہ کیا تھا۔ مثلاً نماز یا روزے کی فرضیت کا انکار کردے یا شراب اور سور کی حرمت نہ مانے تو اس کے اسلام کے لیے یہ شرط ہے کہ جب تک خاص اس امر کا اقرار نہ کرے اس کا اسلام مقبول نہیں۔ یا اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی جناب میں گستاخی کرنے سے کافر ہو تو جب تک خاص اس سے توبہ نہ کرے مسلمان نہیں ہوسکتی۔ (درمختار، ردالمحتار)

ضروری نصیحت

مرتد کو قید کرنا اور اسلام قبول نہ کرنے پر قتل کرڈالنا بادشاہ اسلام کا کام ہے اور اس سے مقصود یہ ہے کہ ایسا شخص اگر زندہ رہا اور اس سے باز پرس نہ کی گئی تو ملک میں طرح طرح کے فتنے ہوں گے اور فتنوں کا سلسلہ روز بروز ترقی پذیر ہوگا جس کی وجہ سے امن عامہ میں خلل پڑے گا۔ لہٰذا ایسے شخص کو ختم کردینا ہی مقتضائے حکمت تھا۔ اب چونکہ حکومت اسلام باقی نہیں، کوئی روک تھام کرنے کا موثر ذریعہ نہیں، ہر شخص جو چاہتا کرتا اور بکتا پھرتا ہے اور اسی باعث آئے دن مسلمانوں میں سرپھٹول اور دھینگا مشتی کے مناظر دیکھنے میں آتے ہیں۔ نئے نئے مذہب پیدا ہوتے رہتے ہیں۔ ایک خاندان بلکہ بعض جگہ ایک گھر میں کئی مذہب کے ماننے والے موجود ہیں اور بات بات پر لڑائی جھگڑے ہیں۔ ان تمام خرابیوں کے باعث یہی نئے نئے مذہب اور نئی نئی مذہبی ٹولیاں

ہیں جو نئی تراش خراش سے اور چولے بدل بدل کر رونما ہوتی رہتی ہیں۔

ایسی صورت میں سب سے بہتر ترکیب وہ ہے جو ایسے وقت کے لیے قرآن و حدیث میں ارشاد ہوئی۔ اگر مسلمان اس پر عمل کریں تو تمام قصوں سے نجات پائیں اور دنیا و آخرت کی بھلائی مفت کمائیں۔ خاندانوں اور گھرانوں کے خرخشے ختم ہوں اور خدا اور رسول کی رضا ہاتھ آئے۔

اور وہ ترکیب یہ ہے کہ ایسے لوگوں سے بالکل میل جول چھوڑ دیں۔ سلام کلام ترک کر دیں۔ ان کے پاس اٹھنا، بیٹھنا، ان کے ساتھ کھانا پینا، ان کے یہاں شادی بیاہ یا ان کی تقریبوں میں، غرض ہر قسم کے تعلقات ان سے قطع کر لیں گویا سمجھیں کہ اب وہ دنیا میں رہا ہی نہیں۔ واللہ الموفق۔ (بہار شریعت وغیرہ)

چند غلط فہمیوں کا ازالہ

دشمنانِ دین کہ خود ضروریاتِ دین کا انکار کرتے ہیں، اپنے اوپر سے صریح کفر کے باوجود، نام کفر مٹانے کے لیے خدا اور رسول کے احکام میں، من گھڑت تاویلیں کر کے، مسلمانوں کو اپنے مکر و فریب کی باتوں میں پھانس لیتے ہیں اور عوام الناس بالخصوص ان کی عورتیں ان کے مکر کا شکار ہو کر، اسلام سے دور جا پڑتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اسلام و ایمان پر ثابت قدم رکھے اور ان نام کے کلمہ گویوں کے اغوا و تلبیس سے بچائے۔ آمین۔

مسلمانوں کے یہ دشمن عوام کو چھلنے اور خدائے واحد قہار کا دین بدلنے کے لیے چند شیطانی مکر پیش کرتے ہیں۔

پہلا مکر: اسلام کلمہ گوئی کا نام ہے۔ حدیث میں فرمایا جس نے لا الہ الا اللہ کہہ لیا، وہ جنت میں جائے گا۔ پھر کسی قول یا فعل کی وجہ سے کیسے کافر ہو سکتا ہے۔ مسلمانو! ذرا ہوشیار خبردار۔ اس مکر ملعون کا حاصل یہ ہے کہ اسلام فقط طوطے کی طرح زبان سے کلمہ رٹ لینے کا نام ہے۔ کلمۂ اسلام زبان سے کہہ لینا، گویا خدا کا بیٹا بن جانا ہے کہ آدمی کا بیٹا

کچھ بھی کرے اس کے بیٹے ہونے سے نہیں نکل سکتا۔ یونہی جس نے لا الہ الا اللہ کہہ لیا، اب وہ چاہے خدا کو جھوٹا کہے، رسول کو سڑی سڑی گالیاں دے، قرآن کو جھٹلائے، اسلام کا مذاق اڑائے، کفر و اسلام کو حقیقت میں ایک بتائے، اس کا اسلام نہیں بدل سکتا۔

اس مکر کا جواب خود قرآن کریم نے جابجا دیا۔ منافقین کیسی کیسی تاکیدوں سے مؤکد اور کیسی کیسی قسموں سے مؤید، اسلام کا دعویٰ کرتے اور کلمۂ اسلام پڑھتے لیکن ان کی یہ لمبی چوڑی کلمہ گوئی، ان کے حق میں ہرگز موجبِ اسلام نہ ہوئی اور اللہ واحد قہار نے ان کے جھوٹے کذاب ہونے کی گواہی دی تو حدیث کا وہ مطلب گھڑنا صراحتاً قرآن عظیم کا رد کرنا ہے۔

ہاں جو کلمہ پڑھتا اور اپنے آپ کو مسلمان کہتا ہو اسے مسلمان جانیں گے جب تک اس سے کوئی کلمہ، کوئی حرکت، کوئی فعل اسلام کے منافی نہ صادر ہو۔ منافیٔ اسلام کسی بات کے صادر ہونے کے بعد ہرگز کلمہ گوئی کام نہ دے گی۔

مثلاً ہر مسلمان جانتا ہے کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم مدارِ ایمان بھی ہے، مدارِ نجات بھی ہے اور مدارِ قبولِ اعمال بھی۔ اور قرآن کریم کا فیصلہ یہ ہے کہ آدمی کیسا ہی کلمہ گو ہو، نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں گستاخی کرنے سے کافر ہو جاتا ہے۔ اس لیے کہ نبی کی شان میں بے ادبی کا لفظ کلمہ، کفر ہے اور اس کا کہنے والا اگرچہ لاکھ مسلمانی کا مدعی ہو، کروڑ بار کلمہ پڑھے، کافر ہو کر، اسلامی برادری سے نکل جاتا ہے۔ قال اللہ تعالیٰ لَا تَعْتَذِرُوْا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ۔

دوسرا مکر یہ ہے کہ امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مذہب ہے کہ ہم اہلِ قبلہ میں سے کسی کو کافر نہیں کہتے اور حدیث میں ہے جو ہماری سی نمازیں پڑھے اور ہمارے قبلہ کو منہ کرے اور ہمارا ذبیحہ کھائے، وہ مسلمان ہے۔

مسلمانو! اس مکر خبیث میں ان لوگوں کی نری کلمہ گوئی سے ہٹ کر اب صرف قبلہ روئی کا نام ایمان رکھ دیا۔ یعنی جو قبلہ رو ہو کر نماز پڑھ لے، مسلمان ہے۔ اگر اللہ عزوجل کو جھوٹا کہے، محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو گالیاں دے، کسی

صورت، کسی طرح اس کا ایمان نہیں ملتا۔ ع

چوں وضوئے محکم بی بی تمیز

حالانکہ قرآن کریم نے صاف فرمادیا کہ ضروریاتِ دین پر ایمان لانا ہی اصل کار ہے۔ بغیر اس کے نماز میں قبلہ کو منہ کرنا کوئی چیز نہیں۔ چنانچہ ارشاد گرامی ہے لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ۔ (الآیہ)

اور ایک جگہ قرآن کریم نے منافقوں کا نماز پڑھنا بیان کیا اور پھر انہیں کافر فرمایا۔ کیا وہ قبلہ کو نماز نہیں پڑھتے تھے۔ فقط قبلہ کیسا قبلہ دل و جان، کعبۂ دین و ایمان، سرورِ عالمیان صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم کے پیچھے جانب قبلہ نماز پڑھتے تھے۔ بلکہ اسی قماش کے لوگوں کو خود قرآن کریم میں کفر کا پیشوا، کافروں کا سرغنہ فرمایا اور وجہ یہ بیان فرمائی کہ یہ لوگ نماز روزہ والے ہو کر، دین پر طعن کرتے اور آیاتِ الٰہیہ کا مذاق اڑاتے ہیں۔ فَقَاتِلُوْٓا اَئِمَّةَ الْكُفْرِ۔ (الآیہ)

اصل بات یہ ہے کہ ائمہ دین کی اصطلاح میں اہلِ قبلہ وہ ہے کہ تمام ضروریاتِ دین پر ایمان رکھتا ہو۔ ان میں سے ایک بات کا بھی منکر ہو تو قطعی یقینی اجماعی طور پر کافر مرتد ہے۔ ایسا کہ جو اسے کافر نہ کہے، خود کافر ہے۔

بھلا سوچو تو سہی کہ رافضی جو بکتے ہیں کہ جبرئیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کو وحی میں دھوکا ہوا، اللہ تعالیٰ نے انہیں مولا علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کی طرف بھیجا اور وہ چلے گئے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم) کی جانب اور بعض تو مولا علی کو خدا کہتے ہیں۔ کیا وہ مسلمان کہے جاسکتے ہیں؟

یونہی جو شخص کلمہ گو ہو کر، مدعی اسلام بن کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم کو کسی طرح کا عیب لگائے یا کسی بھی طرح سے حضور کی شان گھٹائے وہ یقیناً کافر ہو کر اسلامی برادری سے نکل جاتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم کی شان میں گستاخی کے ساتھ نہ قبلہ قبول نہ کلمہ مقبول۔ والعیاذ باللہ تعالیٰ۔

آدمی عقل سے کام لے تو خود سمجھ سکتا ہے کہ نری قبلہ روئی کوئی چیز نہیں۔ کیا جو شخص پانچ وقت قبلہ کی طرف نماز پڑھتا اور ایک وقت کسی مہادیو کو سجدہ کر لیتا ہو کسی

عاقل کے نزدیک مسلمان ہو سکتا ہے۔ حالانکہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی شانِ اقدس میں گستاخی کرنا مہادیوں کے سجدے سے کہیں بدتر ہے۔ اگرچہ کفر ہونے میں برابر ہے۔ علانیہ کفر کر کے مسلمانوں سے کہنا کہ کسی کو کافر نہ کہو، اپنی تکفیر سے روکنا اور دین اسلام کے علاوہ دوسرا دین گھڑنا ہے اور یہ کام نہیں مگر نیچریوں بے دینوں کا۔

تیسرا مکر یہ کہ فقہ میں لکھا ہے جس میں ننانوے باتیں کفر کی ہوں اور ایک بات اسلام کی، تو اسے کافر نہ کہنا چاہیے۔

مسلمانو! ہوشیار خبردار۔ یہ مکر خبیث سب مکروں سے بدتر و ضعیف ہے۔ جس کا حاصل یہ ہے کہ جو شخص دن میں ایک بار اذان دے، یا دو رکعت نماز پڑھ لے اور ننانوے بار بت پوجے، سنکھ پھونکے، گھنٹی بجائے اور کفر کو اپنائے، وہ مسلمان ہے کہ اس میں ننانوے باتیں کفر کی ہیں تو ایک اسلام کی بھی ہے۔ یہی کافی ہے۔

حالانکہ مومن تو مومن اس کے لیے خدا اور رسول کی امان ہے۔ کوئی غافل اسے مسلمان نہیں کہہ سکتا بلکہ اس کی روسے، سوا دہریے کے، گو سرے سے خدا کے وجود کا منکر ہو، تمام کافر، مشرک، مجوسی، نصرانی، یہودی وغیرہم دنیا بھر کے کفار، سب کے سب مسلمان ٹھہرے جاتے ہیں کہ اور باتوں کے منکر سہی، آخر وجود خدا کے قائل ہیں اور ایک یہی بات، سب سے بڑھ کر اسلام کی بات، بلکہ تمام اسلامی باتوں کی اصل الاصول ہے۔ اور یہود و نصاریٰ تو بڑے بھاری مسلمان ٹھہریں گے کہ توحید کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے بہت سے کلاموں اور ہزاروں نبیوں اور قیامت و حشر و حساب و ثواب و عذاب، جنت و دوزخ وغیرہا بکثرت اسلامی باتوں کے قائل ہیں تو یہ مسلمانوں کا عقیدہ نہیں بلکہ قرآن گواہ ہے کہ خود صریح کفر ہے۔

فرض کرلیں کہ کلام الٰہی میں اگر ہزار باتیں ہوں تو ان میں سے ہر ایک بات کا ماننا ایک اسلامی عقیدہ ہے۔ اب اگر کوئی شخص ۹۹۹ مانے اور صرف ایک نہ مانے تو قرآن عظیم کا فیصلہ ہے کہ وہ ان ۹۹۹ کے ماننے سے مسلمان نہیں بلکہ صرف ایک کے نہ ماننے سے کافر ہے۔ دنیا میں اس کی رسوائی ہوگی اور آخرت میں اس پر سخت عذاب۔

اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتَابِ وَتَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ۔

اصل بات یہ ہے کہ فقہائے کرام پر ان لوگوں نے کھلا افترا اٹھایا۔ انہوں نے کہیں ہرگز ایسا نہ فرمایا بلکہ ان لوگوں نے یہودیوں کی پیروی میں تحریف و تبدیل کرکے کچھ کا کچھ بنالیا۔ فقہاء نے یہ نہیں فرمایا کہ جس شخص میں ننانوے باتیں کفر کی اور ایک اسلام کی ہو، وہ مسلمان ہے۔ حاشا للہ بلکہ تمام امت کا اجماع ہے کہ جس میں ننانوے ہزار باتیں اسلام کی ہوں اور ایک کفر کی ہو تو یقیناً قطعاً کافر ہے۔

ننانوے قطرے گلاب میں ایک بوند پیشاب پڑ جائے، سب پیشاب ہو جائے گا۔ مگر یہ جاہل کہتے ہیں کہ ننانوے قطرے پیشاب میں ایک بوند گلاب ڈال دو سب طیب و طاہر ہو جائے گا۔ حاشا فقہاء تو فقہاء کوئی ادنیٰ تمیز والا بھی ایسی جہالت کی بات منہ سے نہیں نکال سکتا۔ بلکہ فقہائے کرام نے یہ فرمایا ہے کہ اگر کسی مسلمان نے ایسی بات کہی جس میں سو پہلو نکل سکیں، ان میں ننانوے پہلو کفر کی طرف جاتے ہوں اور ایک اسلام کی طرف، تو اسے کافر نہ کہیں گے کہ آخر ایک پہلو اسلام کا بھی ہے۔ کیا معلوم شاید اس کی مراد یہی پہلو ہو۔ ہاں اگر معلوم و ثابت ہو جائے کہ کہنے والے نے وہی کفری معنی کا کوئی پہلو مراد لیا ہے۔ مثلاً وہ خود کہتا ہے کہ میری مراد یہی ہے تو ہماری تاویل سے اسے کوئی فائدہ نہ ملے گا۔ وہ عنداللہ کافر ہی ہوگا۔

کہاں یہ صاف ستھری نکھری پاکیزہ تعلیم اور کہاں یہ گندی گھناؤنی ناپاک بات۔ ولا حول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

چوتھا مکر یہ ہے کہ ہم تو کافر کو بھی کافر نہ کہیں گے۔ ہمیں کیا معلوم کہ اس کا خاتمہ کفر پر ہوگا۔ مسلمانو! اعدائے دین کا یہ مکر بھی قطعاً یقیناً قرآنی احکام کے خلاف ہے۔ قرآن عظیم نے فرمایا ہے: قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ۔ یہاں قرآن کریم، حضور پُرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے ارشاد فرماتا ہے کہ اے محبوب! تم کافروں کو یہ کہہ کر پکارو کہ اے کافرو۔ یعنی کافروں کو کافر کہہ کر خطاب کرنا، مطلوبِ شرع اور مقصودِ شرع ہے۔ کافر کو بحکمِ شریعت اسی وقت تک کافر کہا جائے گا جب تک وہ کافر ہے۔ اور جب بتوفیقہٖ تعالیٰ وہ مسلمان ہو جائے گا اس وقت اس کو مسلمان ہی کہا جائے گا۔ مسلمان کو

اسی وقت تک مسلمان کہیں گے جب تک وہ مسلمان ہے اور جس وقت کوئی مسلمان معاذاللہ کسی ضروری دینی بات کا انکار کر کے کافر ہو جائے۔ اس وقت اس کو کافر و مرتد ہی کہیں گے، مسلمان نہیں۔

اور یہ کہنا کہ ہمیں کیا معلوم کہ اس کا خاتمہ کفر پر ہو گا، ایسا ہی ہے جیسے کوئی کہے مسلمان کو مسلمان مت کہو شاید وہ کبھی معاذاللہ اسلام سے نکل جائے۔ ہمیں کیا معلوم کہ اس کا خاتمہ اسلام و ایمان پر ہو گا۔

یعنی شربتِ انگور کو شربتِ انگور مت کہو۔ شاید کبھی اس میں نشہ پیدا ہو جائے اور شراب بن جائے۔ شراب کو شراب مت کہو شاید کسی وقت سرکہ ہو جائے۔ سور کو سور مت کہو، گدھے کو گدھا مت کہو، شاید کبھی کانِ نمک میں جا کر نمک بن جائے۔ حتیٰ کہ بیوی کو بیوی مت کہو شاید کسی وقت طلاق دے بیٹھو اور وہ اجنبیہ بن جائے۔ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

مسلمانو! اصل بات یہ ہے کہ مسلمان کو مسلمان اور کافر کو کافر جاننا، ضروریاتِ دین سے ہے۔ اگرچہ کسی خاص شخص کی نسبت یہ یقین نہیں کیا جا سکتا کہ اس کا خاتمہ ایمان یا معاذ اللہ کفر پر ہوا تاوقتیکہ اس کے خاتمہ کا حال دلیلِ شرعی سے ثابت نہ ہو مگر اس سے یہ نہ ہو گا کہ جس شخص نے قطعاً کفر کیا ہو اس کے کفر میں شک کیا جائے کہ قطعی کافر کے کفر میں شک بھی آدمی کو کافر بنا دیتا ہے۔ خاتمہ پر بنا روزِ قیامت اور ظاہر پر احکامِ شرعی کا دارومدار ہے۔ اس کو یوں سمجھو کہ کوئی کافر مثلاً یہودی یا نصرانی یا بت پرست مر گیا تو یقین کے ساتھ نہیں کہا جا سکتا کہ کفر پر مرا مگر ہم کو خدا اور رسول کا حکم یہی ہے کہ اسے کافر ہی جانیں اور اس کی زندگی و موت میں تمام وہی معاملات اس کے ساتھ برتیں جو کافروں کے لیے ہیں۔

مثلاً میل جول، شادی بیاہ، نماز جنازہ، کفن دفن۔ جب اس نے کفر کیا تو فرض ہے کہ ہم اسے کافر ہی جانیں اور خاتمہ کا حال علمِ الٰہی پر چھوڑ دیں۔ جس طرح جو ظاہرا مسلمان ہو اور اس سے کوئی قول و فعل خلاف اسلام سرزد نہ ہو، فرض ہے کہ ہم اسے مسلمان ہی جانیں۔ اگرچہ ہمیں اس کے خاتمہ کا بھی حال معلوم نہیں۔ خاتمہ کا حال تو

خدا جانے اور اس کے بتائے سے اس کا رسول۔ مگر شریعت اسلامیہ نے کافر و مسلم میں فرق رکھا ہے۔ اگر کافر کو کافر نہ جانا جائے تو کیا اس کے ساتھ وہی معاملات کرو گے جو مسلم کے ساتھ ہوتے ہیں۔ حالانکہ بہت سے امور ایسے ہیں جن میں کفار کے احکام مسلمانوں سے بالکل جدا ہیں۔ مثلاً ان کے جنازہ کی نماز نہ پڑھنا، ان کے لیے استغفار نہ کرنا، ان کو مسلمانوں کی طرح دفن نہ کرنا، ان کو اپنی لڑکیاں نہ دینا، ان پر جہاد کرنا وغیرہا۔

(حسام الحرمین، بہار شریعت وغیرہما)

تنبیہ: بعض جاہل یہ کہتے ہیں کہ ہم کسی کو کافر نہیں کہتے۔ عالم لوگ جانیں وہ کافر ہیں۔ مگر کیا یہ لوگ نہیں جانتے کہ عوام کے تو وہی عقائد ہوں گے جو قرآن حدیث وغیرہما سے علماء نے انہیں بتائے یا عوام کے لیے کوئی شریعت جداگانہ ہے۔ جب ایسا نہیں تو پھر عالمِ دین کے بتائے پر کیوں نہیں چلتے۔ نیز یہ کہ ضروریاتِ دین کا انکار کوئی ایسا امر نہیں جو علماء ہی جانیں۔ عوام جو علماء کی صحبت سے مشرف ہوتے رہتے ہیں، وہ ان سے بے خبر نہیں ہوتے۔ پھر ایسے معاملہ میں پہلوتہی اور اعراض کے کیا معنی۔ اس زمانہ میں بعض لوگ یہ کہہ دیا کرتے ہیں کہ میاں جتنی دیر اسے کافر کہو گے۔۔۔ اتنی دیر اللہ اللہ کرو۔ یہ ثواب کی بات ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ ہم کب کہتے ہیں کافر کافر کا وظیفہ کر لو۔ مقصود یہ ہے کہ اسے کافر جانو اور پوچھا جائے تو قطعاً کافر کہو کافر جانو۔ یہ نہ ہو کہ اپنی صلح کن روش کے ماتحت اس کے کفر پر پردہ ڈالو۔ (بہار شریعت) مولائے کریم ہمیں قبولِ حق اور اس پر عمل کی توفیق دے۔ آمین۔

ایک اور نصیحت

مسلمانو! ماؤ، بہنو اور بیٹیو! ذرا ادھر خدا اور رسول کی خاطر، تعصب اور ناحق پاسداری سے ہٹ کر ایمان کے دل پر ہاتھ رکھ کر، انصاف کی نگاہوں سے دیکھو اور فیصلہ کرو کہ اگر کچھ لوگ تمہارے کسی معظم دینی و دنیاوی مثلاً تمہارے پیر، تمہارے استاد، یا تمہارے ماں باپ، تمہارے آباء و اجداد، تمہارے بھائی برادر یا تمہارے کسی

جگری دوست کو، رات دن بلاوجہ محض فحش مغلظہ گالیاں دینا، ان کی برائیاں کرنا، ان پر تہمتیں تراشنا، ان پر لعن طعن کرنا، اپنا وطیرہ، اپنا پیشہ بلکہ اپنا دین ٹھہرالیں۔ کیا تم ان سے بکشادہ پیشانی ملنا پسند کرو گی؟ کیا عظمت و عزت کے ساتھ ان کا خیال تمہارے ذہنوں میں آئے گا اور کیا تم صرف یہ کہہ کر خاموش ہو جاؤ گی کہ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ۔ یا صرف اتنا کہنا کافی جانو گی کہ ہمیں کیا وہ اپنی قبر میں جائیں گے ہم اپنی قبر میں۔ کیا صرف اتنا کہنے سے تمہارے دل کی تسکین ہو جائے گی کہ ہم کیا کہہ سکتے ہیں۔ حاشا و کلا ہرگز نہیں۔ اگر تم میں نام کو غیرت باقی ہے، اگر تم میں انسانیت باقی ہے، اگر تمہارے دلوں میں عظمتِ مصطفیٰ کا فانوس روشن ہے، اگر تمہیں معظمانِ دینی، اپنے آباء و اجداد، اپنے ماں باپ کی عزتوں کا پاس ہے، اگر تمہیں اپنے شوہروں، بھائیوں، اپنے بڑوں یا اپنے جگری دوستوں کی بڑائی یا محبت اور چاہت کا لحاظ ہے تو یہ باتیں سن کر تمہارے دماغ کھول جائیں گے۔ انہیں دیکھ کر تمہارے دل بھر جائیں گے۔ تمہاری آنکھوں میں خون اتر آئے گا اور تم اگر کچھ بھی نہ کر سکو تو ان کی طرف نگاہ اٹھانا بھی تمہیں گوارا نہ ہو گا۔ تنکا توڑ اس سے الگ ہو جاؤ گی اور ان سے منہ پھیر لو گی۔

للہ انصاف: محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ واصحابہ و بارک و سلم اجمعین، ان کی ازواجِ مطہرات، ان کے اہلِ بیت، ان کے اصحاب، ان کے دین کے اولیاء، ان کی شریعت کے علماء، خلفائے راشدین، بالخصوص صدیق اکبر و فاروق اعظم، ان کی اولاد امجاد خصوصاً شہزادۂ گلگوں قبا امام حسین شہیدِ کربلا رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی عزتیں، عظمتیں، وجاہتیں، رفعتیں، زائد یا تمہارے آباء و اجداد تمہارے باپ، تمہارے برادر اور خواہر شوہر کی۔ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا جن کی پاک دامنی پر قرآن گواہ ہے، زائد یا تمہاری ماں۔ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم کے امتی، صدیق و فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے غلام، باندیاں اور ام المومنین کے بیٹے، بیٹیاں کہلاتے اور پکارے جاتے ہیں۔ ان کی عزتوں پر حملہ کرنے والوں، ان کو گالیاں دینے والوں، انہیں غاصب و باغی و چنین و چناں کہلانے والوں سے اگر ترک تعلق نہ کریں اور وہ برتاؤ نہ برتیں جو ایسے دشمنانِ دین و اعدا۔

اسلام کے ساتھ برتنا چاہیے اور جو ہم اپنے بدگویوں، بدکرداروں، بدتماشوں بدمعاشوں سے برتتے ہیں تو پھر کیا ہم ان کے نمک حلال غلام، باندی اور لائق و قابل فخر بیٹے بیٹی کہلانے جانے کے مستحق ہیں، اور کیا ہمیں یہ حق ہے کہ ہم ان عالی مرتبہ جنابوں سے اپنی نسبتوں کو زبان پر لائیں۔ نہیں ہرگز نہیں، تو بس اب فیصلہ یہی ہے کہ جو ان مقربانِ بارگاہ سے جتنا دور ہے، اتنی ہی نفرت و حقارت کا مستحق ہے نہ کہ عزت و کرامت کا۔

قادیانی ہوئے، رافضی ہوئے، وہابی ہوئے، چکڑالوی ہوئے، نیچری ہوئے اور ایسے ہی اور ہوئے۔ ان کے اقوال و احوال اور عقائد و اعمال ان کی کتابوں سے ظاہر ہیں۔ انہیں اٹھا کر دیکھ لو۔ تمہارا دین، تمہارا ایمان آپ ہی بتا دے گا کہ جن کے یہ عقیدے، یہ اقوال ہیں، وہ اللہ و رسول کے دشمن ہیں یا دوست۔ اور ان کے دلوں میں اسلام کا مغز ہے یا پوست۔ اور جو انصاف نہ کرے اس کا حساب اللہ واحد قہار کے یہاں ہے۔ اور جو اللہ و رسول کی سچی محبت سامنے رکھ کر جانچے تو بحمدہ تعالیٰ حق آفتاب سے زیادہ عیاں ہے۔ وعیاں راچہ بیاں۔

فقیر گناہ گار امید کرتا ہے کہ ہماری مائیں بہنیں اور بیٹیاں اس تمام بیان کو ہمیشہ ذہن نشین رکھیں گی اور دوسروں کو بتانے اور اپنی اولاد کو اس نہج پر تربیت دینے میں دریغ نہ کریں گی کہ آج کی تعلیم بچوں کے دل پر نقش ہو جاتی ہے۔

مولائے کریم ہم سب کو حق و صداقت پر ثابت قدم رکھے۔ آمین۔

چند کفریہ کلمات

اپنی زبان کو قابو میں نہ رکھنا اور بے باکی سے ہر بات زبان سے نکال دینا بعض اوقات آدمی کو اسلام و شرع کا مجرم بنا دیتا ہے۔ ہنسی مذاق، دل لگی یا غضب و غصہ کے عالم میں بعض اوقات ایسے کلمات منہ سے نکل جاتے ہیں جس سے ایمان کے لالے پڑ جائیں۔

ہم چند کلمات اس لیے ذکر کرتے ہیں کہ ہماری بی بیاں ان سے واقف رہیں۔ خود

بھی ان سے بچیں، دوسروں کو بھی بچائیں اور کبھی غلطی ہو جائے تو صدق دل سے خدا کی بارگاہ میں توبہ کریں، اوروں سے کرائیں۔ نئی تہذیب نے ایسے گندہ دہن بہت سے پیدا کر دیئے ہیں۔ ان سے دور ہی سے دعا سلام بھلی کہ شیطان کو بہکاتے اور بری بات دل میں اترتے دیر نہیں لگتی۔

مسئلہ: جس شخص کو اپنے ایمان میں شک ہو یعنی کہتا ہو کہ مجھے اپنے مومن ہونے کا یقین نہیں یا کہتا ہے معلوم نہیں میں مومن ہوں یا کافر تو وہ کافر ہے۔ ہاں اگر اس کا مطلب یہ ہو کہ معلوم نہیں میرا خاتمہ ایمان پر ہو گا یا نہیں تو کافر نہیں۔ (عالمگیری)

مسلمان کا کام یہ ہے کہ وہ اپنی بداعمالیوں سے ڈرے اور رحمتِ خداوندی پر بھروسہ رکھے اور ہر وقت اس سے اس کے فضل کا سوال کرتا رہے۔

مسئلہ: کوئی شخص بیمار نہیں ہوتا یا بہت بوڑھا ہے مرتا نہیں۔ اس کے لیے یہ کہنا کہ اسے اللہ میاں بھول گئے ہیں یا کسی زبان دراز آدمی سے یہ کہنا کہ خدا تمہاری زبان کا مقابلہ کر ہی نہیں سکتا میں کس طرح کروں، یہ کفر ہے۔ (خلاصۃ الفتاویٰ)

مسئلہ: کسی بااثر یا مالدار آدمی یا حاکم کی توجہ حاصل کرنے کے لیے لوگ کہہ بیٹھتے ہیں اوپر خدا ہے نیچے تم۔ یہ کلمہ کفر ہے۔ (خانیہ) ہرگز یہ بات منہ سے نہ نکالیں۔

مسئلہ: ایک نے دوسرے سے کہا کہ تو خدا سے نہیں ڈرتا اس نے غصہ میں کہا "نہیں" یا کہا خدا اس کے سوا کیا کر سکتا ہے کہ دوزخ میں ڈال دے یا اس نے کہا خدا سے ڈر۔ اس نے کہا خدا کہاں ہے۔ یہ سب کفریہ کلمات ہیں۔ (عالمگیری)

مسئلہ: کسی مسکین نے اپنی محتاجی و پریشان حالی کو دیکھ کر یہ کہا کہ "اے خدا فلاں بھی تیرا بندہ ہے اس کو تو نے کتنی نعمتیں دے رکھی ہیں اور میں بھی تیرا بندہ ہوں مجھے کس قدر رنج و تکلیف دیتا ہے، آخر یہ انصاف ہے، ایسا کہنا کفر ہے۔ (عالمگیری)

حدیث میں ایسوں ہی کے لیے فرمایا: كَادَ الْفَقْرُ اَنْ يَّكُوْنَ كُفْرًا۔ محتاجی کفر کے قریب ہے کہ جب محتاجی کے سبب ایسے ناملائم اور خلاف شرع کلمات منہ سے نکلیں جو

کفر ہیں تو گویا خود محتاجی قریب بہ کفر ہے۔

مسئلہ: اللہ عزوجل کے نام کی تصغیر کرنا کفر ہے۔ جیسے کسی کا نام عبداللہ یا عبدالخالق یا عبدالرحمٰن ہو۔ اسے پکارنے میں آخر میں الف وغیرہ ایسے حروف ملا دیں جن سے تصغیر سمجھی جاتی ہے۔ (بحرالرائق)

مسئلہ: انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی توہین کرنا۔ ان کی جناب میں گستاخی کرنا یا ان کی فواحش و بے حیائی کی طرف نسبت کرنا کفر ہے۔ مثلاً معاذ اللہ یوسف علیہ السلام کی زنا کی طرف نسبت کرنا۔

مسئلہ: جو شخص حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو انبیاء میں آخری نبی نہ مانے، یا حضور کے زمانہ میں یا حضور کے بعد کسی کو نبوت ملنا مانے یا جائز جانے یا کسی بھی طور پر ختم نبوت کا انکار کرے..... معاذ اللہ مسیح موعود یا مہدی یا مجدد بلکہ اسے ادنیٰ درجہ کا مسلمان مانے یا کسی مدعیٔ نبوت کے اقوالِ ملعونہ پر مطلع ہو کر اس کے کافر ہونے میں ادنیٰ شک کرے وہ کافر ہے۔ اور دائرہ اسلام سے قطعاً خارج۔ (عامہ کتب)

مسئلہ: جو شخص حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی جانب منسوب کسی چیز کی توہین کرے یا عیب لگائے مثلاً آپ کے موئے مبارک کو تحقیر سے یاد کرے یا آپ کے لباس مبارک کو گندہ اور میلا بتائے یا حضور کے ناخن بڑے بڑے کہے، یہ کفر ہے۔ بلکہ اگر کسی کے اس کہنے پر کہ حضور کو کدو پسند تھا، کوئی یہ کہے کہ مجھے پسند نہیں تو بعض علماء کے نزدیک کافر ہے اور حقیقت یہ ہے کہ اگر اس حیثیت سے اسے ناپسند ہے کہ حضور کو پسند تھا تو وہ کافر ہے۔ یونہی کسی نے کہا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کھانا تناول فرمانے کے بعد تین بار انگشت ہائے مبارک چاٹ لیا کرتے تھے۔ اس پر کسی نے کہا یہ ادب کے خلاف ہے تو یہ کہنا علماء کے نزدیک کفر ہے۔

مسئلہ: حضرت جبرئیل علیہ السلام یا حضرت میکائیل علیہ السلام کو کہ سب ملائکہ پر فضیلت رکھتے ہیں یا کسی بھی فرشتے کے ساتھ ادنیٰ گستاخی کفر ہے۔ جاہل لوگ اپنے کسی

دشمن یا مبغوض کو دیکھ کر کہہ بیٹھتے ہیں کہ ملک الموت یا عزرائیل آگیا، یہ قریب قریب کلمۂ کفر ہے، ہرگز منہ سے نہ نکالیں۔

مسئلہ: قرآن پاک کی کسی آیت کو عیب لگانا یا اس کی توہین کرنا یا اس کے ساتھ مسخرہ پن کرنا کفر ہے۔ مثلاً داڑھی منڈانے سے منع کرنے پر، اکثر داڑھی منڈھے کہہ دیتے ہیں: كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ۔ اور مطلب اس کا یہ بیان کرتے ہیں کلا صاف کرو۔ یہ قرآن مجید کی تحریف و تبدیل بھی ہے اور اس کے ساتھ مذاق و دل لگی بھی اور یہ دونوں باتیں کفر ہیں۔

مسئلہ: جو شخص یہ کہے کہ قرآن کے کچھ پارے یا سورتیں یا آئتیں بلکہ ایک حرف بھی کسی نے کم کر دیا یا بڑھا دیا، یا بدل دیا وہ قطعاً کافر ہے۔

مسئلہ: کسی سے نماز پڑھنے کو کہا اس نے جواب دیا پڑھتا تو ہوں لیکن اس کا کچھ نتیجہ نہیں یا کہا تم نے نماز پڑھی تو کیا فائدہ ہوا یا کہا نماز پڑھ کے کیا کروں، کس کے لیے پڑھوں ماں باپ تو مر گئے، یا کہا بہت پڑھ لی اب دل گھبرا گیا یا کہا پڑھنا نہ پڑھنا دونوں برابر ہے۔ غرض اس قسم کی باتیں کرنا جن سے نماز کی فرضیت کا انکار سمجھا جاتا ہو، یا نماز کی تحقیر ہوتی ہو یہ سب کفر ہے۔

مسئلہ: روزہ رمضان نہیں رکھتی اور کہتی ہے کہ روزہ وہ رکھے جسے روزی نہ ملے یا کہتی ہے جب خدا نے کھانے کو دیا ہے تو بھوکے کیوں مریں یا اسی قسم کی اور باتیں بک دیں جن سے روزہ کی ہتک یا تحقیر ہوتی ہے، یہ کفر ہے۔

مسئلہ: کسی شخص کو شریعت کا کوئی حکم بتایا گیا، اس نے کہا ہم شریعت پر عمل نہیں کریں گے، ہم تو خاندانی رسم و رواج کی پابندی کریں گے یا کہا شریعت دیکھیں کہ رسم و رواج کو دیکھیں۔۔۔ ایسی باتیں بھی منہ سے نکالنا علماء کے نزدیک کفر ہے۔

مسئلہ: دو شخص جھگڑ رہے تھے۔ ایک نے کہا لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔ دوسرے نے کہا یہاں لاحول کا کیا کام یا کہا لاحول کو میں کیا کروں، یا لاحول روٹی کی جگہ کام نہ

دے گا۔ یونہی سبحان اللہ اور لا الہ الا اللہ کے متعلق اسی قسم کے الفاظ زبان سے نکالنا کفر ہے۔

مسئلہ: بیماری میں گھبرا کر کہنے لگی تجھے اختیار ہے چاہے کافر مار یا مسلمان مار۔ یہ کفر ہے، یونہی مصیبتوں سے گھبرا کر یہ کہنا کہ تو نے مال لیا، اولاد لی اور یہ لیا، وہ لیا، اب کیا کرے گا، اسی طرح بکنا کفر ہے۔

مسئلہ: مسلمان مرد خواہ عورت کو، کلماتِ کفر کی تعلیم و تلقین کرنا کفر ہے۔ اگرچہ کھیل اور مذاق میں ایسا کرتے۔ یونہی کسی کی عورت کو کفر کی تعلیم کی اور یہ کہا کہ تو کافر ہو جا تاکہ ایسے شوہر سے پیچھا چھوٹے، تو عورت کفر کرے یا نہ کرے، یہ کہنے والا کافر ہو گیا۔

مسئلہ: ہولی اور دیوالی پوجنا کفر ہے کہ یہ غیر اللہ کی عبادت ہے۔ کافروں کے میلوں، تہواروں میں شریک ہو کر ان کے میلے اور مذہبی جلوس کی شان و شوکت بڑھانا کفر ہے۔ جیسے رام لیلا اور جنم اشٹمی اور رام نومی وغیرہ کے میلوں جھمیلوں میں شریک ہونا۔ یونہی ان کے تہواروں کے دن محض اس وجہ سے چیزیں خریدنا کہ کافروں کا تہوار ہے یہ بھی کفر ہے۔ جیسے دیوالی میں کھلونے اور مٹھائیاں خریدی جاتی ہیں کہ ان دنوں میں خریدنا دیوالی منانے کے سوا کچھ نہیں۔ یونہی کوئی چیز خرید کر اس روز مشرکین کے پاس ہدیہ کرنا یا انہیں مبارک بادی دینا جبکہ مقصود اس دن کی تعظیم ہو تو کفر ہے۔ (بحر الرائق خانیہ، عالمگیری، بہار شریعت وغیرہ) عزیز ماؤں! پیاری بہنو! لاڈلی بیٹیو! اور مسلمان بھائیو! قرآن کریم کا یہ ارشاد ذرا کان لگا کر، غور سے، پوری توجہ سے سنو اور دل نشین کر لو:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِي السِّلْمِ كَآفَّةً ۠ وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ۭ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ۔

اے ایمان والو! اسلام میں پورے پورے داخل ہو جاؤ اور شیطان کے قدموں پر نہ چلو، بے شک وہ تمہارا صریح دشمن ہے۔

یعنی مسلمان مردوں اور عورتوں پر لازم ہے کہ اسلام کے احکام کا پورا پورا اتباع کریں۔ اپنی پوری زندگی اسلامی احکام کے تحت لائیں یہاں تک کہ ان کے خیالات، ان کے نظریات، ان کے طور طریقے، ان کے معاملات اور تمام تر سعی و عمل کے راستے سب کے سب، مکمل طور پر اسلامی تعلیمات، اسلامی قوانین اور اسلامی دستور کے موافق ہوں۔

عزیزو! اسلام صرف چند عقائد یا صرف چند عبادات یا صرف قوانین کا نام نہیں، وہ تو ایک جامع و مانع نظامِ حیات ہے، ایک مکمل و منظم دستورِ زندگی ہے۔ انسانیت کے ایک ایک شعبہ پر اور ہر ہر گوشہ پر حاوی ہے۔ کسی اور دین، کسی اور نظریہ کی پیوند کاری اس کے ساتھ نبھ ہی نہیں سکتی۔

شیطان کے نقش قدم پر چلنا یہی ہے کہ اسلام میں غیر اسلام کی آمیزش کی جانے لگے اور یہود و نصاریٰ کے طور طریق، اور دوسرے غیر مسلموں کے طرزِ زندگی کو "روشن خیالی" کا نام دے کا ماڈرن اسلام کے نام پر اسے اپنے کردار و گفتار اور اپنے نظامِ حیات پر غالب کر لیا جائے۔

مولائے کریم ہمیں، تمہیں اور سب مسلمانوں کو حق قبول کرنے اور حق پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے اور ہمارا، تمہارا معاون و مددگار ہو، آمین۔

لُقطہ کا بیان

لُقطہ اس مال کو کہتے ہیں جو کہیں پڑا ہوا مل جائے۔

مسئلہ: پڑا ہوا مال کہیں مل جائے اور یہ خیال ہو کہ اس کے مالک کو تلاش کر کے میں یہ مال اسے دے دوں گی تو اٹھا لینا مستحب ہے اور اگر اندیشہ ہو کہ شاید میں خود ہی رکھ لوں اور مالک کو تلاش نہ کروں تو چھوڑ دینا بہتر ہے۔ اور اگر غالب گمان یہ ہو کہ میں مالک کو نہ دوں گی تو اٹھانا ناجائز ہے اور اپنے لیے اٹھانا حرام ہے۔ اور یہ ایسا ہے جیسا کسی کا مال جھپٹ لینا جسے غصب کہتے ہیں۔ (درمختار)

مسئلہ: لقطہ اٹھانے والے کے ہاتھ میں امانت ہے۔ یعنی اگر تلف ہو جائے تو اس پر تاوان نہیں بشرطیکہ اٹھاتے وقت کسی کو گواہ بنالیا یعنی دوسرے سے کہہ دیا کہ اگر کوئی شخص اپنی گمی ہوئی چیز کو تلاش کرتا ہوا آئے تو میرے پاس بھیج دینا اور اگر گواہ نہ کیا اور چپ چاپ چیز اٹھالی تو تلف ہونے کی صورت میں تاوان دینا پڑے گا۔ ہاں وہاں کوئی تھا ہی نہیں تو بے شک تاوان نہیں یا اندیشہ ہو کہ گواہ بنائے تو کوئی ظالم چھین لے گا تو بھی ضمان نہیں۔ (بحرالرائق)

مسئلہ: مُلْتَقِطْ، یعنی پڑی ہوئی چیز پانے والے پر تشہیر لازم ہے یعنی بازاروں، عام گزرگاہوں اور مسجدوں میں اتنے زمانہ تک اعلان کرے یا کرائے کہ گمان غالب ہو جائے کہ مالک اب تلاش نہ کرتا ہوگا۔ یہ مدت پوری ہونے کے بعد اسے اختیار ہے کہ لقطہ کی حفاظت کرے کہ جب بھی مالک آئے گا اپنی چیز لے لے گا یا کسی مسکین پر تصدق کر دے۔ اب اگر مالک آگیا تو اپنی چیز طلب کرتا ہے اور وہ چیز بھی موجود ہے تو اپنی چیز لے اور ہلاک ہو گئی ہے تو تاوان لے سکتا ہے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: بچہ کو کوئی چیز پڑی ہوئی ملی اور اٹھالایا تو اس کا ولی یا وصی تشہیر کرے اور مالک کا پتا نہ ملا اور بچہ خود فقیر ہے تو ولی یا وصی خود اس بچہ پر تصدق کر سکتا ہے اور بعد میں مالک آیا اور اپنی چیز مانگتا ہے تو ولی یا وصی کو ضمان دینا ہوگا۔ (بحرالرائق)

مسئلہ: اٹھانے والا اگر فقیر ہے تو مدت مذکورہ تک اعلان کے بعد خود اپنے صرف میں بھی لا سکتا ہے اور مالدار ہے تو اپنی رشتہ والے فقیر یعنی نادار کو کہ صاحب نصاب نہیں، دے سکتا ہے۔ مثلاً اپنے ماں باپ، بیٹے بیٹی وغیرہ کو جبکہ وہ بالغ ہوں۔ (درمختار)

مسئلہ: لُقطہ کا دعویدار پیدا ہو گیا اور وہ نشان اور پتا بتاتا ہے جو لُقطہ میں موجود ہے تو دے دینا جائز ہے، ہاں اس کا ضامن لے سکتا ہے اور علامت بتانے کی صورت میں اگر دینے سے انکار کر دیا تو دعویدار کو گواہ سے ثابت کرنا ہوگا کہ یہ اسی کی مِلک ہے۔ (ہدایہ)

لُقطہ کے مناسب کچھ اور مسائل

مسئلہ: نکاح میں چھوارے لٹائے جاتے ہیں۔ ایک کے دامن میں گرے تھے اور دوسرے نے اٹھالیے۔ اس کی دو صورتیں ہیں: جس کے دامن میں گرے تھے اگر اس نے اسی غرض سے دامن وغیرہ پھیلایا تھا تو دوسرے کو لینا جائز نہیں ورنہ جائز ہے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: شادی بیاہ وغیرہ تقریبوں میں روپے پیسے لٹانے کے لیے جس کو دیئے وہ خود لٹائے، دوسرے کو لٹانے کے لیے نہیں دے سکتا اور کچھ بچا کر اپنے لیے رکھ لے یا گرا ہوا خود اٹھالے یہ جائز نہیں اور شکر چھوارے وغیرہ لٹانے کو دیئے تو بچا کر کچھ رکھ سکتا ہے اور دوسرے کو بھی لٹانے کے لیے دے سکتا ہے اور دوسرے نے لٹائے تو اب وہ بھی لوٹ سکتا ہے۔ (خانیہ)

مسئلہ: مجمعوں یا مسجدوں میں اکثر جوتے بدل جاتے ہیں، ان کو کام میں لانا جائز نہیں یا اس کا اچھا جوتا کوئی لے گیا اور اپنا خراب چھوڑ گیا اور بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ اس نے قصداً ایسا کیا ہے دھوکے سے نہیں ہوا ہے تو جب یہ شخص خراب جوڑا اٹھالایا اس کو پہن سکتا ہے کہ یہ اس کا عوض ہے۔ (بحرالرائق)

مسئلہ: مکان خریدا اور اس کی دیوار وغیرہ میں روپے ملے۔ اگر بائع کہتا ہے کہ یہ میرے ہیں تو اسے دے دے ورنہ لقطہ ہے۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: جس کی کوئی چیز گم ہوگئی ہے اس نے اعلان کیا کہ جو اس کا پتا بتائے گا اس کو اتنا دوں گا اور کسی نے پتا بتا دیا تو وہ رقم بطور انعام دینا چاہے تو دے سکتا ہے، شرعاً یہ اجارہ نہیں نہ اس پر اجارہ کے احکام۔ (بحرالرائق)

مسئلہ: لوگوں کے دَین (قرض) یا حقوق اس کے ذمہ ہیں مگر نہ ان کا پتا ہے نہ ان

کے ورثہ کا (جیسا کہ عموماً رشوت وغیرہ کے لین دین میں ہوتا ہے کہ رشوت لی جاتی ہے، دی جاتی ہے مگر دینے والے کا پتا معلوم نہیں ہوتا نہ اس کی فکر ہوتی ہے) تو اتنا ہی اپنے مال میں سے فقیروں پر صدقہ کرے کہ آخرت کے مواخذے (پکڑ) سے بچ جائے اور اگر قصداً غصب کیا اور کسی کا مال دبالیا ہے تو، توبہ بھی کرے اور اگر کسی کا مطالبہ اس کے ذمہ ہے اور اس کے پاس مال نہیں کہ ادا کرے اور مالک کا پتا بھی نہیں کہ معاف کرائے تو توبہ و استغفار کرے اور مالک کے حق میں دعائے خیر کرے۔ امید ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اسے بری کر دے۔ (درمختار وغیرہ)

مسئلہ: چور نے اگر کسی کو کوئی چیز دی اس نے لے لی۔ اگر معلوم ہے کہ یہ فلاں کی چیز ہے تو مالک کو دے دے ورنہ صدقہ کر دے، خود اس چور کو واپس نہ کرے۔

(البحر الرائق)

مسئلہ: کسی کے مکان پر کوئی اجنبی مسافر آیا اور مر گیا۔ تجہیز و تکفین کے بعد اس کے ترکہ میں کچھ روپیہ بچا تو مالک مکان اگرچہ فقیر ہو ان روپوں کو اپنے صرف میں نہیں لا سکتا کہ یہ لُقطہ نہیں۔ (عالمگیری)

ہاں اگر اس کا ترکہ پانچ درہم تک ہے اور ورثہ کا پتا نہ چلے اور یہ خود محتاج ہے تو اپنے صرف میں لا سکتا ہے ورنہ مساکین کو دے دے اور اس سے زائد ہو اور ورثہ کا پتا نہ چلے تو بیت المال میں جمع کر دے۔ (درمختار) اور اگر بیت المال نہ ہو تو دوسرے مسلمانوں کے مشورہ پر عمل کرے۔

مسئلہ: بارش میں اس لیے برتن رکھ دیئے کہ ان میں پانی جمع ہو تو دوسرے کو بغیر اجازت ان برتنوں کا پانی لینا جائز نہیں اور اگر اس لیے نہیں رکھے ہیں تو جائز ہے۔

(عالمگیری)

مسئلہ: جنگلی کبوتر نے کسی کے مکان میں انڈے دیئے، اگر مالک نے پکڑنے کے لیے دروازہ بھیڑا تھا کہ دوسرے نے آکر پکڑ لیا تو یہ مالک مکان کا ہے ورنہ جو پکڑے اس کا ہے۔ (عالمگیری)

فائدہ: جب کسی کی کوئی چیز گم ہو جائے تو یہ دعا پڑھے:

یَا جَامِعَ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْہِ ○ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُخْلِفُ الْمِیْعَاد ○ اِجْمَعْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ ضَالَّتِیْ۔

ضالتی کی جگہ پر اس چیز کا نام لے، ان شاء اللہ تعالیٰ وہ چیز مل جائے گی۔ امام نووی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں: اس کو میں نے آزمایا ہے، گمی ہوئی چیز جلد مل جاتی ہے۔

دوسری ترکیب یہ ہے کہ بلند جگہ قبلہ منہ کر کے کھڑی ہو اور فاتحہ پڑھ کر اس کا ثواب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو نذر کرے پھر سیدھی احمد بن علوان کو ہدیہ کر کے یہ کہے:

یَا سَیِّدِیْ اَحْمَدْ یَا ابْنَ عَلْوَانْ رُدَّ عَلَیَّ ضَالَّتِیْ وَاِلَّا نَزَعْتُکَ مِنْ دِیْوَانِ الْاَوْلِیَآءِ۔

ان شاء اللہ تعالیٰ ان کی برکت سے وہ چیز مل جائے۔ (بہار شریعت) کسی چیز کی گمشدگی کا علم ہوتے ہی فوراً اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ○ پڑھ لیں۔ خدا و رسول نے چاہا تو وہ چیز مل جائے گی خواہ جلد یا بدیر۔ واللہ اعلم۔

مفقود کا بیان

مفقود اس شخص کو کہتے ہیں جس کا کوئی پتا نہ ہو۔ یہ بھی معلوم نہ ہو کہ زندہ ہے یا مر گیا۔

مسئلہ: مفقود خود اپنے حق میں زندہ قرار پائے گا لہٰذا اس کا مال تقسیم نہ کیا جائے اور اس کی عورت نکاح نہیں کر سکتی اور اس کا اجارہ فسخ نہ ہوگا۔ (درمختار)

مسئلہ: مفقود پر جب لوگوں کا نفقہ واجب ہے یعنی اس کی زوجہ، اس کی اولاد اور اس کے ماں باپ، ان کو نفقہ اس کے مال سے دیا جائے گا۔ یعنی روپیہ، سونا چاندی، جو

کچھ گھر میں ہے یا کسی کے پاس امانت یا دَین ہے' ان سے نفقہ دیا جائے۔ ہاں نفقہ کے لیے اس کی جائیداد منقولہ خواہ غیر منقولہ بیچی نہ جائے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: دوسروں کے حق میں مفقود مردہ ہے یعنی اس زمانہ میں کسی کا وارث نہیں ہوگا یعنی دوسروں کے اموال لینے کے لیے، مفقود کو مردہ تصور کیا جائے۔ مورث کی موت کے وقت جو لوگ زندہ تھے وہی وارث ہوں گے، مفقود کو وارث قرار دے کر اس کے ورثہ کو وہ اموال نہیں ملیں گے۔ (درمختار) یہ اس وقت ہے کہ جب سے گم ہوا ہے اس کا اب تک کوئی پتا نہ چلا ہو' اگر درمیان میں کبھی اس کی زندگی کا علم ہوا ہے تو اس وقت سے پہلے جو لوگ مرے ہیں ان کا وارث ہے' بعد میں جو مریں گے ان کا وارث نہیں ہوگا۔ (البحرالرائق)

خرید و فروخت کا بیان

وہ خلاقِ عالم جس کی قدرتِ کاملہ کا ادراک انسانی طاقت سے باہر ہے۔ عرش سے فرش تک جدھر نظر کیجئے اسی کی قدرت جلوہ گر ہے۔ حیوانات' نباتات' جمادات اور تمام مخلوقات اسی کے مظہر ہیں۔ اسی نے اپنی مخلوقات میں انسان کے سر پر تاجِ کرامت و عزت رکھا اور اس کو مدنی الطبع بنایا یعنی یہ کہ زندگی بسر کرنے میں یہ اپنی نوع کا محتاج ہے کیونکہ انسانی ضروریات اتنی زائد اور ان کے تحصیل میں اتنی دشواریاں ہیں کہ ہر شخص اگر اپنی تمام ضروریات کا تنہا متکفل (کفیل) ہونا چاہے غالباً عاجز ہو کر بیٹھ رہے گا اور اپنی زندگی کے ایّام خوبی کے ساتھ نہ گزار سکے گا۔ لہٰذا اس حکیمِ مطلق نے انسانی جماعت کو مختلف شعبوں اور متعدد قسموں پر منقسم فرمایا کہ ہر ایک جماعت ایک ایک کام انجام دے اور سب کے مجموعہ سے ضروریات پوری ہوں۔ مثلاً کوئی کھیتی کرتا ہے، کوئی کپڑا بنتا ہے، کوئی دوسری دست کاری کرتا ہے۔

جس طرح کھیتی کرنے والے کو کپڑے کی ضرورت ہے، کپڑا بننے والوں کو غلہ کی حاجت ہے۔ نہ یہ اس سے مستغنی' نہ وہ اس سے بے نیاز' بلکہ ہر ایک کو دوسرے کی

طرف احتیاج۔ لہٰذا یہ ضرورت پیدا ہوئی کہ اس کی چیز اس کے پاس جائے اور اس کی اس کے پاس آئے تاکہ سب کی حاجتیں پوری ہوں اور کاموں میں دشواریاں پیش نہ آئیں۔ یہاں سے معاملات کا سلسلہ شروع ہوا اور بیع وغیرہ وغیرہ ہر قسم کے معاملات وجود میں آئے۔

اسلام چونکہ مکمل دین ہے اور انسانی زندگی کے ہر شعبہ پر اس کا حکم نافذ ہے۔ جہاں عبادات کے طریقے بتاتا ہے، معاملات کے متعلق بھی پوری روشنی ڈالتا ہے تاکہ زندگی کا کوئی شعبہ تشنہ باقی نہ رہے اور مسلمان کسی عمل میں اسلام کے سوا دوسرے کا محتاج نہ رہے۔

جس طرح عبادات میں بعض صورتیں جائز ہیں اور بعض ناجائز، اسی طرح تحصیلِ مال کی بھی بعض صورتیں جائز ہیں اور بعض ناجائز اور حلال روزی کی تحصیل اس پر موقوف کہ جائز و ناجائز کو پہچانے۔ جائز طریقے سے عمل کرے، ناجائز سے دور بھاگے کہ قرآن مجید میں ناجائز طور پر مال حاصل کرنے کی سخت ممانعت آئی۔

تحصیل مال کے ذرائع میں جس کی سب سے زیادہ ضرورت پڑتی ہے اور غالبا روزانہ جس سے سابقہ پڑتا ہے وہ خرید و فروخت ہے۔

فائدہ ضروریہ

تجارت بہت عمدہ اور نفیس کام ہے۔ مگر اکثر تجار (تجارت پیشہ حضرات) کذب بیانی سے کام لیتے بلکہ جھوٹی قسمیں کھا لیتے ہیں۔ اسی لئے اکثر احادیث میں جہاں تجارت کا ذکر آتا ہے، جھوٹ بولنے اور جھوٹی قسمیں کھانے کی ساتھ ہی ساتھ ممانعت بھی آئی ہے اور یہ واقعہ بھی ہے کہ اگر تاجر اپنے مال میں برکت دیکھنا چاہتا ہے تو ان بری باتوں سے گریز کرے۔ تاجروں کی انہیں بدعنوانیوں کی وجہ سے بازار کو بدترین بقعۂ زمین فرمایا گیا ہے اور یہ کہ شیطان ہر صبح کو اپنا جھنڈا لے کر بازار میں پہنچ جاتا ہے اور بے ضرورت بازار میں جانے کو برا بتایا گیا ہے۔

قرآن کریم کا یہ ارشاد کہ رِجَالٌ لَّا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَن ذِكْرِ اللّٰهِ بھی اسی طرف اشارہ کرتا ہے کہ تجارت و بیع، یادِ خدا سے غافل کرنے والی چیز ہے اور اس سے دلچسپی غفلت لانے والی ہے۔ لہٰذا فرض ہے کہ تجارت میں اتنا انہماک اور مصروفیت نہ ہو کہ یادِ خدا سے غفلت کا موجب ہو۔ صحیح بخاری شریف میں ہے کہ صحابہ کرام خرید و فروخت و تجارت کرتے تھے۔ مگر جب حقوق اللہ میں سے کوئی حق پیش آتا تو تجارت و بیع ان کو ذکر اللہ سے نہیں روکتی تھی وہ اس حق کو ادا کرتے تھے۔

(بہارِ شریعت)

ایک نفیس دُعا

بازار میں داخل ہونے کے وقت یہ دعا پڑھ لیا کرو۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو بازار میں داخل ہوتے وقت یہ دعا پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اس کے لیے ایک لاکھ نیکی لکھے گا اور ایک لاکھ گناہ مٹا دے گا اور ایک لاکھ درجے بلند فرمائے گا اور اس کے لیے ایک گھر جنت میں بنائے گا۔

(ترمذی، ابن ماجہ)

کسبِ حلال کی فضیلت

حضورِ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ "اللہ پاک ہے اور پاک ہی کو دوست رکھتا ہے اور اللہ تعالیٰ نے مومنین کو بھی اسی کا حکم دیا جس کا رسولوں کو حکم دیا۔ اس نے رسولوں سے فرمایا: يٰٓاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا اے رسولو! پاک چیزوں سے کھاؤ اور اچھے کام کرو۔" اور مومنین

سے فرمایا: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ اے ایمان والو! جو کچھ ہم نے تم کو دیا ان میں پاک چیزوں میں سے کھاؤ، پھر بیان فرمایا کہ ایک شخص طویل سفر کرتا ہے جس کے بال پریشان ہیں اور بدن گرد آلود ہے۔ (یعنی اس کی حالت ایسی ہے کہ جو دعا کرے وہ قبول ہو) وہ آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر یا رب یا رب کہتا ہے۔ (دعا کرتا ہے) مگر حالت یہ ہے کہ اس کا کھانا حرام، پینا حرام، لباس حرام اور غذا حرام۔ پھر اس کی دعا کیوں کر قبول ہو۔ (یعنی اگر قبول کی خواہش ہو تو سب حلال اختیار کرو کہ بغیر اس کے قبولِ دعا کے اسباب بے کار ہیں)

حضورِ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ تمام کمائیوں میں زیادہ پاکیزہ ان تاجروں کی کمائی ہے کہ جب وہ بات کریں جھوٹ نہ بولیں اور جب ان کے پاس امانت رکھی جائے، خیانت نہ کریں اور جب وعدہ کریں اس کا خلاف نہ کریں اور جب کسی چیز کو خریدیں تو اس کی مذمت (برائی) نہ کریں اور جب اپنی چیز بیچیں تو ان کی تعریف میں مبالغہ نہ کریں اور ان پر کسی کا آتا ہو تو دینے میں ڈھیل نہ ڈالیں اور جب ان کا کسی پر آتا ہو تو سختی نہ کریں۔ (بیہقی شعب الایمان)

مسائلِ متعلقہ

مسئلہ: اصطلاحِ شرع میں بیع کے معنی یہ ہیں کہ دو شخصوں کا باہم مال کو مال سے ایک مخصوص صورت کے ساتھ تبادلہ کرنا۔

بیع کبھی قول سے ہوتی ہے اور کبھی فعل سے۔ اگر قول سے ہو تو اس کے ارکان ایجاب و قبول ہیں۔ مثلاً ایک نے کہا میں نے بیچا دوسرے نے کہا میں نے خریدا، اور فعل سے ہو تو چیز کا لے لینا اور دے دینا اس کے ارکان ہیں اور یہ فعل ایجاب و قبول کے قائم مقام ہو جاتا ہے۔ مثلاً ترکاری وغیرہ کی گڈیاں بنا کر اکثر بیچنے والے رکھ دیتے ہیں اور ظاہر کر دیتے ہیں کہ آنے آنے یا مثلاً دو دو آنے کی گڈی ہے۔ خریدار آتا ہے، مقررہ پیسے ڈال دیتا ہے اور ایک گڈی اٹھا لیتا ہے۔ طرفین باہم کوئی بات نہیں کرتے۔ مگر دونوں

سے فعل ایجاب وقبول کے قائم مقام شمار ہوتے ہیں۔ شریعت میں اس قسم کی بیع کو بیع تعاطی کہتے ہیں۔ (عامہ کتب)

مسئلہ: یہ ضروری نہیں کہ خریدنا اور بیچنا ہی کہیں تو بیع ہو ورنہ نہ ہو۔ بلکہ یہ مطلب اگر دوسرے الفاظ سے ادا ہو تا ہو تب بھی بیع ہو سکتی ہے۔ مثلاً دکاندار سے پوچھے کہ اس چیز کے دس روپے بتائے۔ اس نے کہا دس روپیہ۔ اس نے کہا آٹھ روپیہ میں دو، اس نے جواب دیا لے لو۔ بیع ہو گئی۔ (عالمگیری)

مسئلہ: جو چیز موجود ہی نہ ہو بلکہ اس کے موجود نہ ہونے کا اندیشہ ہو، اس کی بیع نہیں ہو سکتی۔ مثلاً تھن میں جو دودھ ہے اس کی بیع ناجائز ہے کہ ہو سکتا ہے اس میں دودھ ہی نہ ہو۔ (عامہ کتب)

مسئلہ: جو چیز بیچی یا خریدی جائے اس کی قیمت صاف صاف اس طرح معلوم ہو کہ نزاع اور جھگڑا بکھیڑا نہ پڑے اور اگر بات مجہول یعنی گول مول رہی کہ نزاع ہو سکتا ہے تو بیع صحیح نہیں۔ مثلاً اس ریوڑ میں سے ایک بکری بیچی اور یہ معلوم نہیں کہ کون سی بیچی یا کہا میں نے اس چیز کو واجبی قیمت میں بیچا یا خریدار نے کہا کہ جو کچھ میری مٹھی میں ہے اس کے بدلے میں نے فلاں چیز خریدی اور معلوم نہیں کہ مٹھی میں کیا ہے تو یہ بیع درست نہ ہوئی۔ (عامہ کتب)

مسئلہ: ایک شخص نے کہا یہ سامان لے جاؤ اور اس کے متعلق آج غور کر لو اگر تم کو پسند ہو تو ایک ہزار کو ہے۔ دوسرا اسے لے گیا۔ بیع جائز ہو گئی۔ (خانیہ)

مسئلہ: دکانداروں کے ہاں سے خرچ کے لیے چیزیں منگوالی جاتی ہیں اور خرچ کر ڈالنے کے بعد قیمت کا حساب ہوتا ہے، ایسا کرنا جائز ہے۔ (درمختار)

مسئلہ: بائع (بیچنے والا) اور مشتری (خریدنے والا) ان دونوں کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ قطعی طور پر بیع نہ کریں بلکہ عقد میں یعنی بیچتے خریدتے وقت یہ شرط کر دیں کہ اگر منظور نہ ہوا یا چیز پسند نہ آئی تو بیع باقی نہ رہے گی۔ اسے خیارِ شرط کہتے ہیں اور اس کی

ضرورت طرفین کو ہوا کرتی ہے کیونکہ کبھی بائع اپنی ناواقفی سے کم داموں میں چیز بیچ دیتا ہے یا مشتری اپنی نادانی سے زیادہ داموں میں خرید لیتا ہے۔ یا چیز کی اسے شناخت نہیں ہے ضرورت ہے کہ دوسرے سے مشورہ کرکے صحیح رائے قائم کرے اور اگر اس وقت نہ خریدے تو چیز جاتی رہے گی۔ یا بائع کو اندیشہ ہے کہ گاہک ہاتھ سے نکل جائے گا۔ ایسی صورت میں شرعِ مطہر نے دونوں کو یہ موقع دیا ہے کہ غور کرلیں اگر نامنظور ہو تو خیار کی بناء پر بیع کو نامنظور کردیں۔ (بہارِ شریعت)

مسئلہ: خیار کی مدت زیادہ سے زیادہ تین دن ہے۔ اس سے کم ہو سکتی ہے زیادہ نہیں۔ اگر کوئی ایسی چیز خریدی ہے جو جلد خراب ہو جانے والی ہے اور مشتری (خریدار) کو تین دن کا خیار تھا تو اس سے کہا جائے گا کہ بیع کو فسخ کردے یا بیع کو جائز کردے۔ اور اگر خراب ہونے والی چیز کسی نے بلا خیار خریدی اور بغیر قبضہ کیے اور بغیر ثمن (قیمت جو طے پائی) ادا کیے چل دیا اور غائب ہو گیا تو بائع اس چیز کو دوسرے کے ہاتھ بیع کر سکتا ہے اور اس دوسرے خریدار کو یہ معلوم ہوتے ہوئے بھی خریدنا جائز ہے۔

(درمختار، ردالمحتار وغیرہ)

مسئلہ: اگر خیار کی کوئی مدت ذکر نہیں کی صرف اتنا کہا مجھے خیار ہے یا مدت مجہول ہے۔ مثلاً مجھے چند دن کا اختیار ہے یا ہمیشہ کے لیے خیار رکھا ان سب صورتوں میں خیار فاسد ہے۔ (عالمگیری)

خیارِ رویت کا بیان

کبھی ایسا ہوتا ہے کہ بغیر دیکھے بھالے چیز خرید لیتے ہیں اور دیکھنے کے بعد وہ چیز ناپسند ہوتی ہے۔ ایسی حالت میں شرعِ مطہر نے مشتری کو یہ اختیار دیا ہے کہ اگر دیکھنے کے بعد چیز کو نہ لینا چاہے تو بیع کو فسخ کردے اس کو خیارِ رویت کہتے ہیں۔ (بہارِ شریعت)

مسئلہ: بائع نے ایسی چیز بیچی جس کو اس نے دیکھا نہیں۔ مثلاً اسے میراث میں کوئی

شے ملی ہے اور بن دیکھے بیچ ڈالی تو بیع صحیح ہے مگر اس کو یہ اختیار نہیں کہ دیکھنے کے بعد بیع کو فسخ کر دے۔ (در رغرر)

مسئلہ: خیارِ رویت کے لیے کسی وقت کی حد شرعاً مقرر نہیں کہ اس کے گزرنے کے بعد خیار باقی نہ رہے بلکہ یہ خیار دیکھنے پر ہے جب دیکھے۔ اور دیکھنے کے بعد فسخ کا حق اس وقت تک باقی رہتا ہے جب تک صراحتاً یا کسی اور طور پر رضامندی نہ پائی جائے۔

(در مختار، در رغرر)

مسئلہ: بن دیکھے چیز خریدی ہے تو دیکھنے سے پہلے بھی اس کی بیع فسخ کر سکتا ہے یہ نہ سمجھے کہ یہ بیع مشتری (خریدار) کے ذمہ لازم نہیں۔ (در مختار)

مسئلہ: اگر مشتری نے مبیع (خریدی ہوئی چیز) پر قبضہ کر لیا اور دیکھنے کے بعد اپنی رضامندی ظاہر کر دی یا اس میں ایسا تصرف کر دیا جو قابلِ فسخ نہیں ہے تو ان سب صورتوں میں خیارِ رویت جاتا رہا اب بیع کو فسخ نہیں کر سکتا۔ (عالمگیری، در مختار)

مسئلہ: نابینا (اندھے) کی بیع و شرا (خرید و فروخت) دونوں جائز ہیں۔ اگر کسی چیز کو بیچے گا تو خیار حاصل نہ ہوگا اور خریدے گا تو خیار حاصل ہوگا اور مبیع (خریدی ہوئی چیز) کو الٹ پلٹ کر ٹٹولنا دیکھنے کے حکم میں ہے کہ ٹٹول لیا اور پسند کر لیا تو خیار ساقط ہو گیا اور کھانے کی چیز کا چکھنا اور سونگھنے کی چیز کا سونگھنا اور جو چیز ٹٹولنے سے معلوم نہ ہو نہ چکھنے سونگھنے سے وہاں اس چیز کے اوصاف بیان کرنے ہوں گے۔ جو اوصاف بیان کر دیئے گئے مبیع ان کے مطابق ہے تو فسخ نہیں کر سکتا ورنہ فسخ کر سکتا ہے۔ اندھا مشتری یہ بھی کر سکتا ہے کہ کسی کو قبضہ کرنے یا خریدنے کے لیے وکیل کر دے۔ وکیل کا دیکھ لینا اس کے دیکھنے کے قائم مقام ہو جائے گا اور اندھا کسی چیز کو اپنے لیے خریدے یا دوسرے کے لیے مثلاً کسی نے اندھے کو وکیل کر دیا کہ ہمارے لیے فلاں چیز خرید لینا اور اس نے خرید لی تو دونوں صورتوں میں اسے خیار حاصل ہوگا۔ (عالمگیری وغیرہ)

مسئلہ: شے معین کی بیع، شے معین سے ہوئی مثلاً کتاب کو کپڑے کے بدلے میں

خریدا یا بیچا تو ایسی صورت میں بائع و مشتری دونوں کو خیارِ رویت حاصل ہے کیونکہ یہاں دونوں مشتری بھی ہیں۔ (درمختار، بہارِ شریعت)

خیارِ عیب کا بیان

شریعت کی زبان میں عیب جس کی وجہ سے مبیع کو واپس کر سکتے ہیں وہ ہے جس سے تاجروں کی نظر میں قیمت کم ہو جائے۔

مبیع میں عیب ہو تو اس کا ظاہر کر دینا بائع پر واجب ہے چھپانا گناہ کبیرہ ہے۔ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے عیب والی چیز بیع کی اور اس کو ظاہر نہ کیا وہ ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی ناراضی میں ہے یا فرمایا کہ ہمیشہ فرشتے اس پر لعنت کرتے ہیں۔ (ابنِ ماجہ) ایک اور حدیث شریف میں فرمایا کہ ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے اور جب مسلمان اپنے بھائی کے ہاتھ کوئی چیز بیچے جس میں عیب ہو تو جب تک بیان نہ کرے اسے بیچنا حلال نہیں۔ (امام احمد ابنِ ماجہ) یوں ہی ثمن کا عیب (یعنی جس کے بدلے میں کوئی چیز خریدی اس کا عیب) مشتری پر ظاہر کر دینا واجب ہے اگر بغیر عیب ظاہر کیے چیز بیچ کر دی تو معلوم ہونے کے بعد واپس کر سکتے ہیں، اس کو خیارِ عیب کہتے ہیں۔

خیارِ عیب کے لیے یہ ضروری نہیں کہ وقت عقد یہ کہہ دے کہ عیب ہو گا تو پھیر دیں گے کہا ہو یا نہ کہا، بہرحال عیب معلوم ہونے پر مشتری کو واپس کرنے کا حق حاصل ہو گا۔ لہٰذا اگر مشتری کو نہ خریدنے سے پہلے عیب پر اطلاع تھی نہ وقت خریداری اس کے علم میں یہ بات آئی بعد میں معلوم ہوا کہ اس میں عیب ہے۔ تھوڑا عیب ہو یا زیادہ، خیارِ عیب حاصل ہے کہ مبیع کو لینا چاہے تو پورے دام پر لے لے واپس کرنا چاہے واپس کر دے۔ یہ نہیں ہو سکتا کہ واپس نہ کرے بلکہ دام کم کر دے۔ (عالمگیری) ہاں بائع خود قیمت کم کر دے تو اور بات ہے۔

مسئلہ: خریدار کو عقد یا قبضہ کے وقت عیب پر اطلاع ہو گئی اس کے باوجود عیب دار جان کر خرید لیا یا قبضہ کیا تو خیارِ عیب نہ رہا۔ یونہی اگر بائع نے عیب سے برأت کر دی

اور کہہ دیا کہ میں اس کے کسی عیب کا ذمہ دار نہیں اور خریدار نے منظور کر لیا، تب بھی خیارِ عیب ثابت نہیں۔ (عالمگیری وغیرہ)

مسئلہ: کوئی چیز غبنِ فاحش کے ساتھ خریدی ہے اس کی دو صورتیں ہیں۔ دھوکا دے کر نقصان پہنچایا ہے یا نہیں۔ اگر غبنِ فاحش کے ساتھ دھوکا بھی ہے تو واپس کر سکتا ہے ورنہ نہیں۔

غبنِ فاحش کا مطلب یہ ہے کہ اتنا فرق ہے جو قیمت لگانے والوں کے اندازہ سے باہر ہو مثلاً ایک چیز دس روپیہ میں خریدی کوئی اس کی قیمت پانچ بتاتا ہے، کوئی چھ سات، تو یہ غبنِ فاحش ہے اور اگر کوئی اس کی قیمت آٹھ بتاتا ہے کوئی نو کوئی دس تو یہ غبن یسیر (معمولی نقصان) ہے۔ دھوکے کی تین صورتیں ہیں۔ کبھی بائع مشتری کو دھوکا دیتا ہے اور پانچ کی چیز دس میں بیچ دیتا ہے اور کبھی مشتری بائع کو، کہ دس کی چیز پانچ میں خرید لیتا ہے۔ کبھی دلال دھوکا دیتا ہے، ان صورتوں میں جس کو غبنِ فاحش کے ساتھ نقصان پہنچا ہے وہ چیز کو واپس کر سکتا ہے، اور کسی اجنبی شخص نے دھوکا دیا کہ خواہ مخواہ چیز کی قیمت بڑھا چڑھا کر بیان کر دی اور یہ اس کے چکر میں آ گیا تو اب واپس نہیں کر سکتا۔

(درمختار، ردالمحتار وغیرہ)

مسئلہ: موزے یا جوتے خریدے وہ اس کے پاؤں میں نہیں آتے واپس کر سکتا ہے۔ اگرچہ خریدتے وقت یہ نہ کہا ہو کہ پہننے کے لیے خریدتا ہے کیونکہ عادتاً ایک جوڑا موزہ یا جوتا پہننے ہی کے لیے خریدا جاتا ہے۔ ہاں اگر جوتا خریدا جو تنگ تھا، بائع نے کہہ دیا کہ پہن لو ٹھیک ہو جائے گا اس نے ایک دن پہنا مگر ٹھیک نہ ہوا تو اب واپس نہیں کر سکتا۔ (عالمگیری)

مسئلہ: انڈا خریدا، اسے توڑا تو گندا نکلا تو کل واپس ہوں گے کہ وہ چیز بے کار ہے۔ بیع کے قابل نہیں۔ خربوزہ تربوز کھیرا ککڑی وغیرہ کوئی چیز خریدی اور کاٹی تو خراب نکلی۔ یا بادام، اخروٹ خریدا، توڑنے پر معلوم ہوا کہ خراب ہے مگر باوجود خرابی کے، کام کے لائق ہے۔ کم از کم یہ کہ جانور ہی کے کھلانے میں آ سکتا ہے۔ تو واپس نہیں کر سکتی

نقصان لے سکتی ہے، اور اگر بائع اسی حالت میں واپس لینے کو تیار ہے تو واپس کر دے نقصان نہیں لے سکتی یہاں محض چکھ کر دیکھا اور کھایا نہیں تو اب نقصان لے سکتی ہے اور اگر کاٹنے توڑنے کے بعد معلوم ہوا کہ یہ چیزیں بالکل بے کار ہیں۔ مثلاً کھیرا کڑوا ہے یا بادام اخروٹ میں گری نہیں ہے، تربوز یا خربوزہ سڑا ہوا ہے تو پورے دام واپس لے کہ یہ بیع بالکل ہوئی نہیں۔ (در مختار وغیرہ)

بیع باطل و بیع فاسد کا بیان

جس صورت میں بیع کا کوئی رکن نہ پایا جائے یا وہ چیز بیع کے قابل ہی نہ ہو شریعت میں اسے بیع باطل کہتے ہیں۔ یعنی ایسی بیع جو شرعاً محض ناقابلِ اعتبار ہے گویا کہ یہ بیع وجود میں آئی ہی نہیں۔ نہ بیچی گئی نہ خریدی گئی، پہلی صورت کی مثال یہ ہے کہ مجنوں یا بالکل ناسمجھ بچہ نے ایجاب یا قبول کیا کہ ان کا قول شرعاً معتبر ہی نہیں۔ دوسری صورت کہ مبیع، بیع کے قابل ہی نہیں اس کی مثال یہ ہے کہ مبیع مردار یا خون یا شراب ہو کہ یہ چیزیں بیع کے قابل نہیں ہیں۔ اور اگر بیع کے رکن یا محلِ بیع (جس کی بیع کی جارہی ہے) میں تو کوئی خرابی نہیں بلکہ اس کے علاوہ کوئی خرابی پائی جاتی ہے تو وہ بیع فاسد کہلاتی ہے۔ مثلاً شراب کا بطور قیمت دینا طے پایا۔ یا بیع میں کوئی ایسی شرط لگادی جس کا پورا کرنا بیع میں شامل نہیں یا شریعت نے اسے جائز نہیں رکھا یا دین دار مسلمانوں کا اس پر عمل نہیں مثلاً کپڑا خریدا اور یہ شرط کرلی کہ بائع اس کو کاٹ کر سی دے گا۔ (عالمگیری) تو یہ بیع فاسد ہے۔

مسئلہ: بیع باطل کا حکم یہ ہے کہ اس چیز پر مشتری کا قبضہ بھی ہو جائے جب بھی مشتری اس کا مالک نہیں ہوگا وہ چیز اب تک بائع کی ملک ہے اور مشتری کا یہ قبضہ ایسا ہے جیسے کسی امانت پر قبضہ۔ ولہٰذا اس میں سے خریدار کو کھانا، پینا، یا اسے کسی طرح اپنے تصرف میں لانا جائز نہیں۔ مشتری پر لازم ہے کہ وہ چیز واپس کرے اور اپنی قیمت واپس لے۔ (عالمگیری وغیرہ)

مسئلہ: بیع فاسد کا حکم یہ ہے کہ اگر مشتری نے بائع کی اجازت سے مبیع پر قبضہ کرلیا تو وہ مبیع کا مالک ہوگیا۔ مگر یہ ملک خبیث ہے کیونکہ جو چیز بیع فاسد سے حاصل ہوگی اسے واپس کرنا واجب ہے اور مشتری کو اس میں تصرف کرنا منع ہے۔ لہٰذا اگر وہ کھانے کی چیز ہے تو اس کا کھانا اور پہننے کی چیز ہے تو اس کا پہننا حلال نہیں۔ ہاں اگر یہ اسے بیچ ڈالے تو ثمن (قیمت) کا مالک یہی ہوگا کہ اگرچہ ملک خبیث ہے مگر مالک تو یہی ہے۔ بیع فاسد کا فسخ کرنا بائع و مشتری دونوں پر واجب ہے اور اگر بیع فاسد کی صورت میں مشتری نے مبیع پر قبضہ نہیں کیا تو اس کی ملک ثابت نہیں ہوگی اور نہ اس پر اس کی ملکیت کے احکام جاری ہوں گے۔ (درمختار وغیرہ)

مسئلہ: بیع فاسد میں اگر مشتری نے مبیع پر بائع کی اجازت کے بغیر قبضہ کرلیا تو نہ قبضہ ہوا نہ یہ مالک ہوا اور نہ اس کے تصرفات جاری ہوں گے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: بیع فاسد میں مشتری نے قبضہ کرنے کے بعد اس چیز کو بائع کے علاوہ دوسرے کے ہاتھ بیچ ڈالا یا ہبہ کرکے قبضہ دلادیا۔ یا غلہ تھا اسے دوسرے غلہ میں ملادیا یا بیچ ڈالا یا جانور تھا ذبح کرڈالا یا وصیت کرکے مرگیا یا صدقہ دے ڈالا۔ غرض یہ کہ کسی طرح مشتری کی ملک سے وہ چیز نکل گئی تو اب وہ بیع فاسد نافذ ہو جائے گی اور اب فسخ نہیں ہو سکتی۔ (درمختار وغیرہ)

مسئلہ: بائع و مشتری میں سے کوئی مرگیا جب بھی (بیع باطل وفاسد کی صورت میں) فسخ کا حکم بدستور باقی ہے اس کا وارث اس کے قائم مقام ہے۔ وہ فسخ کرے۔ (درمختار)

بیع فاسد و باطل کی چند صورتیں

مسئلہ: بیع میں ثمن کا ذکر نہ ہوا یعنی بائع نے مشتری سے یہ کہہ دیا کہ جو نرخ بازار میں ہے وہ دے دینا، یہ بیع فاسد ہے اور اگر یہ کہا کہ ثمن کچھ نہیں تو بیع باطل ہے کہ بغیر ثمن بیع نہیں ہو سکتی۔ (درمختار)

مسئلہ: تالابوں جھیلوں کا مچھلیوں کے شکار کے لیے ٹھیکہ دینا جیسا کہ بہت زمیندار کرتے ہیں یہ ناجائز ہے۔ (درمختار)

مسئلہ: جو دودھ تھن میں ہے اس کی بیع ناجائز ہے، اسی طرح اس اون کی بیع جو دنبہ یا بھیڑ کے جسم میں ہے، ابھی کاٹی نہ ہو یا گھی کی بیع جو ابھی دودھ سے نکالا نہ ہو ناجائز ہے۔ (درمختار وغیرہ)

مسئلہ: پانی جب تک کنویں یا نہر میں ہے اس کی بیع جائز نہیں اور جب اس کو گھڑے، مٹکے، بالٹی، ڈول وغیرہ میں بھر لیا تو بھرنے والا مالک ہو گیا۔ بیع کر سکتا ہے۔ یوں ہی بارش کا پانی جمع کر لینے سے مالک ہو جاتا ہے۔ بیع کر سکتا ہے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: بہشتی سے پانی کی مشکیں مول لیں یعنی ابھی اس نے بھری بھی نہیں ہیں ان کو خرید لینا درست ہے کہ مسلمانوں کا اس پر عمل درآمد ہے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: انسان کے بال کی بیع درست نہیں اور انہیں کام میں لانا جائز نہیں مثلاً ان کی چوٹیاں بنا کر عورتیں استعمال کریں حرام ہے۔ حدیث شریف میں اس پر لعنت فرمائی۔ (عامہ کتب)

فائدہ نفیسہ

حضورِ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے موئے مبارک جس کے پاس ہوں، اس سے دوسرے نے لیے اور ہدیہ میں کوئی چیز پیش کی، یہ درست ہے۔ جب کہ بطور بیع نہ ہو۔

اور موئے مبارک سے برکت حاصل کرنا، اس کا غسالہ (جس پانی میں موئے مبارک کو غسل دیا جائے یعنی اس میں حصولِ برکت کے لیے ڈال دیا جائے اس پانی کا) پینا، آنکھوں پر ملنا اور بغرضِ شفا مریض کو پلانا درست ہے جیسا کہ احادیث صحیحہ سے

ثابت ہے۔ (بہار شریعت)

حضرت خالد بن ولید سے مروی ہے کہ رسولِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے عمرہ ادا فرمانے کے بعد سر مبارک کا حلق کرایا۔ (یعنی سر اقدس سے موئے مبارک اتارے گئے) تو صحابہ کرام نے موئے مبارک کو حاصل کرنے کے لیے ایک دوسرے پر سبقت لے جانے کی کوشش کی۔ میں نے ان سب پر سبقت کی اور پیشانی سے موئے مبارک حاصل کر لیے اور انہیں اپنی ٹوپی میں رکھ لیا۔ اس کی یہ برکت ہوئی کہ جب بھی کسی جنگ میں شامل ہوا اور یہ ٹوپی میرے ساتھ ہوتی ضرور مجھے فتح مبین حاصل ہوتی۔

ایک قنوطیہ

اس حدیث سے صاف صاف ظاہر ہے کہ صحابہ کرام کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آثار مبارک سے انتہا درجہ کا عشق تھا۔ انہیں جان کی طرح ساتھ رکھتے تھے، سر پر رکھتے، ان کی حفاظت کرتے، ان سے برکتیں حاصل کرنے، نفع پانے اور اعدائے دین پر کامیاب ہونے کا اعتقاد رکھتے اور ہمیشہ اس اعتقاد کے مطابق کامیاب ہوتے اور مرادیں پاتے تھے۔ بلکہ انہیں جان کی طرح عزیز رکھتے بلکہ ان کی حفاظت کے لیے اپنی جانیں خطرہ میں ڈال دیا کرتے تھے۔ چنانچہ انہیں خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وہ کلاہ مبارک یعنی ٹوپی جس میں موئے مبارک تھے، ایک معرکہ میں گر گئی۔ جب آپ کو اس کا علم ہوا تو نہایت تیزی سے پلٹ کر، دشمنوں پر سخت حملہ کیا اور اپنی جان خطرہ میں ڈال کر اس ٹوپی کو حاصل کر لیا۔

بعض صحابہ کرام نے اس واقعہ سے، زیادہ مسلمانوں کے شہید ہو جانے کے باعث اعتراض کیا تو آپ نے فرمایا میں نے یہ جو کچھ کیا، اپنی ٹوپی کے لیے نہیں کیا بلکہ ان مبارک بالوں کی وجہ سے کیا جو اس ٹوپی میں موجود تھے۔ تاکہ میں ان موئے مبارک کی برکتوں سے محروم نہ ہو جاؤں اور دشمنوں کے ہاتھ نہ آجائیں۔ درحقیقت یہی اقتضائے محبت ہے اور یہی تقاضائے ایمان۔

حضرات علماء کرام کا ارشادِ گرامی ہے کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعظیم کا ایک جزو یہ بھی ہے کہ جس چیز کو حضور سے کچھ علاقہ ہو۔ حضور کی طرف

منسوب ہو۔ حضور نے اسے چھوا ہو یا حضور کے نام پاک سے پہچانی جاتی ہو، اس سب کی تعظیم کی جائے۔ (شفا شریف بلامہ قاضی عیاض رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

یہاں تک کہ ائمہ دین اور علمائے متقدین و متاخرین، جن کے علمی و روحانی اور تبلیغی کارناموں پر تاریخ اسلام گواہ ہے، نعلِ اقدس کی شبیہ و مثال، اس کے نقشے اور خاکوں کی برابر تعظیم فرماتے رہے۔ اس سے برکتیں اور غیبی مدیں پاتے رہے۔ جب نقشہ کی یہ برکت و عظمت ہے تو خود نعلِ اقدس کی عظمت و برکت کا خیال کیجئے پھر ردائے اقدس (چادر مبارک) جبہ مقدسہ اور عمامہ مکرمہ پر نظر کیجئے پھر ان تمام آثار و تبرکات شریفہ سے ہزاروں درجے اعظم و اعلیٰ و اکرم اولیٰ حضورِ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ناخن پاک کا تراشہ ہے کہ وہ سب ملبوسات (استعمال میں آنے والی چیزیں جو بدن سے مس رہیں اتنے اور یہ جزء بدنِ والا ہے۔ یہ کسی روضہ منورہ حضور پرنور سیّد عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نقلِ صحیح بلاشبہ ان چیزوں میں سے ہے جو شرعاً واجب التعظیم ہیں۔ اس کی تعظیم و تکریم، بروجہ شرعی ہر مسلمان صحیح الایمان کا مقتضائے ایمان ہے۔

اے گل بتو خرسندم تو بوئے کسے

مسئلہ: تیل ناپاک ہو گیا اس کی بیع جائز ہے اور کھانے کے علاوہ اس کو دوسرے کام میں لانا بھی جائز ہے۔ (در مختار) مگر یہ ضرور ہے کہ مشتری کو اس کے نجس ہونے کی اطلاع دے دے تاکہ وہ کھانے کے کام میں نہ لائے اور یہ بھی وجہ ہے کہ نجاست عیب ہے اور عیب پر مطلع کرنا ضروری ہے۔ ناپاک تیل مسجد میں جانا منع ہے، گھر میں جلا سکتے ہیں اس کا استعمال اگرچہ جائز ہے مگر بدن یا کپڑے میں جہاں لگ جائے گا، ناپاک ہو جائے گا۔ پاک کرنا پڑے گا۔ بعض دوائیں اس قسم کی بنائی جاتی ہیں جس میں کوئی ناپاک چیز شامل کرتے ہیں۔ مثلاً جانور کا پتہ۔ اس کو اگر بدن پر لگایا تو پاک کرنا ضروری ہے۔

(بہارِ شریعت)

مسئلہ: جس بیع میں مبیع یا ثمن مجہول (نامعلوم) ہو وہ بیع فاسد ہے جبکہ ایسی جہالت

ہو کہ اسے سونپتے وقت جھگڑا پیدا ہو جائے اور اگر مبیع کو سونپنے میں کوئی دشواری نہ ہو تو بیع فاسد نہیں۔ مثلاً گیہوں کی پوری بوری مثلاً سو روپیہ میں خریدی اور معلوم نہیں کہ اس میں کتنے گیہوں ہیں۔ یا کپڑے کی گانٹھ خرید لی معلوم نہیں کہ اس میں کتنے تھان ہیں' یہ بیع درست ہے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: تیل بیچا اور یہ ٹھہرا کہ برتن سمیت تولا جائے گا اور برتن کا اتنا وزن کاٹ دیا جائے گا۔ مثلاً ایک سیر' یہ ناجائز ہے اور اگر یہ ٹھہرا کہ برتن کا جو وزن ہے وہ کاٹ دیا جائے گا۔ مثلاً ایک سیر ہے تو ایک سیر اور ڈیڑھ سیر ہے تو ڈیڑھ سیر۔ یونہی اگر دونوں کو معلوم ہے کہ برتن کا وزن ایک سیر ہے اور ٹھہرا کہ برتن کا وزن ایک سیر مجرا کیا جائے گا یہ بھی جائز ہے۔ (درمختار وغیرہ)

مسئلہ: بیع میں کبھی ایسا ہوتا ہے کہ مقررہ قیمت ادا کرنے کی کوئی مدت مقرر ہوتی ہے اور کبھی نہیں۔ اگر مدت مقررہ نہ ہو تو ثمن کا مطالبہ بائع جب چاہے کرے اور جب تک مشتری ثمن نہ ادا کرے مبیع کو روک سکتا ہے اور دعویٰ کر کے وصول کر سکتا ہے اور اگر مدت مقرر ہے تو قبل مدت مطالبہ نہیں کر سکتا۔ مگر مدت ایسی مقرر ہو جس میں جہالت (ناواقفی) نہ رہے کہ جھگڑا ہو۔ اور اگر مدت ایسی مقرر کی جو فریقین نہ جانتے ہوں یا ایک کو اس کا علم نہ ہو تو بیع فاسد ہے۔ مثلاً نو روز' مہرگاں یا ہولی دیوالی کہ اکثر مسلمان یہ نہیں جانتے کہ کب ہوگی اور جانتے ہوں تو ہو جائے گی مگر مسلمانوں کو اپنے کاموں میں کفار کے تہواروں کی تاریخ مقرر کرنا بہت بری بات ہے۔ یونہی حاجیوں کی واپسی کا دن مقرر کرنا، کھیت کٹنے اور پیڑ میں سے غلہ اٹھنے کی تاریخ مقرر کرنا بیع کو فاسد کر دے گا کہ یہ چیزیں آگے پیچھے ہوتی رہتی ہیں۔ (ہدایہ' درمختار)

مسئلہ: مشتری نے مبیع کو واپس دے دیا یعنی بائع کے پاس رکھ دیا کہ بائع لینا چاہے تو لے سکتا ہے۔ بائع نے اسے لینے سے انکار کر دیا مگر مشتری اس کے پاس چھوڑ کر چلا گیا تو وہ بری الذمہ ہو گیا۔ وہ چیز اگر ضائع ہو گی تو مشتری تاوان نہیں دے گا اور اگر بائع کے انکار پر مشتری چیز کو واپس لے گیا تو بری الذمہ نہیں کہ اس صورت میں اسے لے جانا

جائز نہ تھا کہ بیع فسخ ہو چکی اور پھر لے جانا غصب ہے۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: ایک شخص نے دوسرے پر ایک مال کا دعویٰ کیا۔ مدعا علیہ نے دے دیا۔ اس مال سے مدعی نے کچھ نفع حاصل کیا پھر دونوں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ وہ مال نہیں چاہیے تھا۔ تو جو کچھ نفع اٹھایا ہے مدعی کے لیے حلال ہے۔ (ہدایہ) مگر یہ اس وقت ہے کہ مدعی کے خیال میں یہی تھا کہ یہ مال میرا ہے اور اگر قصداً غلط طور پر مطالبہ کیا اور مدعا علیہ نے کسی بھی وجہ سے دے دیا اور اس نے لے لیا تو یہ لینا حرام ہے اور اس کا نفع بھی ناجائز و خبیث۔ غصب کرنے والے نے چھینی ہوئی چیز سے جو کچھ کمایا یا نفع اٹھایا وہ بھی حرام ہے۔ (فتح القدیر، درمختار)

مسئلہ: مورِث (یعنی مرنے والا جس نے اپنے وارث چھوڑے اس) نے حرام طریقہ پر مال حاصل کیا تھا اب وارث کو ملا۔ اگر وارث کو معلوم ہے کہ یہ مال فلاں کا ہے تو دے دینا واجب ہے اور اگر یہ معلوم نہ ہو کہ کس کا ہے تو مالک کی طرف سے صدقہ کر دے اور اگر مورث کا مالِ حرام اور مالِ حلال خلط ملط ہو گیا ہے یہ نہیں معلوم کہ کون سا حرام ہے، کون سا حلال، مثلاً اس نے رشوت لی ہے یا سود لیا ہے اور یہ مالِ حرام، مالِ حلال سے جدا و ممتاز نہیں ہے تو فتویٰ کا حکم یہ ہے کہ وارث کے لیے حلال ہے اور دیانت کا تقاضہ یہ ہے کہ اس سے بچنا چاہیے۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: مشتری پر لازم نہیں ہے کہ بائع سے دریافت کرے کہ یہ مالِ حلال ہے یا حرام۔ ہاں اگر بائع ایسا شخص ہے کہ حلال و حرام یعنی چوری غصب وغیرہ سب ہی طرح کی چیزیں بیچتا ہے تو احتیاط یہ ہے کہ دریافت کرے۔ حلال ہو تو خریدے ورنہ خریدنا جائز نہیں۔ (عالمگیری)

بیع مکروہ کا بیان

بیع سے متعلق جو مسائل آپ نے اب تک پڑھے ان سے بخوبی اس امر کا اندازہ

آپ کو ہو گیا ہو گا کہ اسلامی شریعت ایک ایسا پاکیزہ ماحول ایسا صاف ستھرا اور نکھرا ہو
معاشرہ قائم کرتی ہے جس میں فرد سے لے کر جماعت تک حق پرستی اور خدا ترسی کی
جلوہ گری ہو ہر ایک دوسرے کے ساتھ خیر خواہی و ہمدردی کا سلوک کرے اور کسی
مرحلہ میں بد دیانتی، دھوکا فریب، ملمع کاری اور ناحق ستانی کا وجود باقی نہ رہے۔

بیع مکروہ بھی شرعاً ممنوع ہے اور اس کا کرنے والا گناہ گار، فقہائے کرام نے اس
مرتبہ اگرچہ بیع فاسد سے کم رکھا ہے۔ پھر بھی حکم یہ دیا ہے کہ ایسی بیع کو فسخ کر دینا
چاہیے۔ یہی دیانت کا تقاضہ اور غیرت ایمانی کا مقتضاء ہے۔

بیع فاسد اور بیع مکروہ میں فرق اتنا ہے کہ:

(۱) بیع فاسد کو اگر عاقدین (بائع و مشتری) فسخ نہ کریں تو قاضی جبراً فسخ کر دے گا اور بیع مکروہ کو قاضی فسخ نہ کرے گا۔ بلکہ عاقدین کے ذمہ دیانتاً فسخ کر دینا ہے۔

(۲) بیع فاسد میں قیمت (بازاری نرخ) واجب ہوتی ہے اور بیع مکروہ میں ثمن (طے شدہ بدل) واجب ہوتا ہے۔

(۳) بیع فاسد میں بغیر قبضہ ملک نہیں ہوتی بیع مکروہ میں مشتری قبلِ قبضہ مالک ہو جاتا ہے۔ (در مختار، رد المحتار)

مسائل متعلقہ

مسئلہ: اذانِ جمعہ کے شروع سے ختم نماز تک بیع مکروہ تحریمی ہے اور اذان سے مراد پہلی اذان ہے کہ اسی وقت سعی (نماز کی تیاری) واجب ہو جاتی ہے۔ مگر وہ لوگ جن پر جمعہ واجب نہیں۔ مثلاً عورتیں یا مریض، ان کی بیع میں کراہت نہیں۔ (در مختار)

مسئلہ: نَجَش مکروہ ہے حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا۔ نجش یہ ہے کہ کوئی مبیع کی قیمت بڑھائے اور خود خریدنے کا ارادہ نہ رکھتا ہو حالانکہ خریدار واجبی قیمت دے کر خرید رہا ہے۔ اس سے مقصود یہ ہوتا ہے کہ دوسرے گاہک کو غیرت دلائے اور وہ قیمت سے زیادہ دے کر چیز خریدے اور یہ حقیقتاً خریدار کو دھوکا

دینا ہے۔ گاہک کے سامنے مبیع کی تعریف کرنا اور اس کے ایسے اوصاف بیان کرنا جو اس میں نہ ہوں تاکہ خریدار دھوکا کھا جائے یہ بھی نَجَش ہے۔ (ہدایہ وغیرہ)

بعض دکانداروں کے یہاں اس قسم کے آدمی لگے رہتے ہیں۔ گاہک کو دیکھ کر چیز کے خریدار بن کر دام بڑھا دیا کرتے ہیں اور ان کی اس حرکت سے گاہک دھوکا کھا جاتا ہے۔

مسئلہ: خریدار واجبی قیمت سے کم دے کر لینا چاہتا ہے اور ایک شخص غیر خریدار اس لیے دام بڑھا رہا ہے کہ اصلی قیمت تک خریدار پہنچ جائے یہ ممنوع نہیں کہ ایک مسلمان کو نفع پہنچایا ہے بغیر اس کے کہ دوسرے کو نقصان پہنچائے۔ (ردالمحتار وغیرہ)

مسئلہ: ایک شخص کے دام چکا لینے کے بعد، دوسرے کو دام چکانا ممنوع ہے۔ اس کی صورت یہ ہے کہ بائع و مشتری ایک ثمن پر راضی ہو گئے۔ صرف ایجاب و قبول ہی یا مبیع کو اٹھا کر دام دے دینا ہی باقی رہ گیا ہے دوسرا شخص دام بڑھا کر لینا چاہتا ہے، دام اتنے ہی دے گا مگر دکاندار سے اس کا میل ہے یا یہ دوسرا بااثر ذی وجاہت شخص ہے، دکاندار اسے چھوڑ کر پہلے کو نہیں دے گا۔

اور اگر دام اب تک طے نہیں ہوا ایک ثمن پر دونوں کی رضامندی نہیں ہوتی ہے تو دوسرے کو دام چکانا منع نہیں جیسا کہ نیلام میں ہوتا ہے اس کو بیع من یزید کہتے ہیں۔ یعنی بیچنے والا کہتا ہے کہ جو زیادہ دے وہ لے لے۔ اس قسم کی بیع حدیث سے ثابت ہے۔

پھر جس طرح خریدار کے لیے یہ صورت ممنوع ہے، بائع کے لیے بھی اس کی ممانعت ہے۔ مثلاً ایک دکاندار سے دام طے ہو گئے دوسرا دکاندار کہتا ہے میں اس سے کم دوں گا یا وہ اس کا ملاقاتی ہے کہتا ہے میرے یہاں سے لے لو میں بھی اتنے ہی دوں گا، یہ سب صورتیں ممنوع ہیں۔ (فتح القدیر، ردالمحتار)

مسئلہ: حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تَلَقِّیْ جَلَبْ سے ممانعت فرمائی۔ یعنی باہر سے تاجر جو غلہ لا رہے ہیں ان کے شہر پہنچنے سے قبل، باہر جا کر خرید لینا،

اس کی دو صورتیں ہیں: ایک یہ کہ اہلِ شہر کو غلہ کی ضرورت ہے اور یہ اس لیے ایسا کرتا ہے کہ غلہ ہمارے قبضہ میں ہوگا، نرخ زیادہ کر کے بیچیں گے۔ دوسری صورت یہ ہے کہ غلہ لانے والے تاجروں کو شہر کا غلط نرخ بتا کر خریدے۔ مثلاً شہر میں گیہوں چالیس روپیہ من ملتے ہیں اس نے کہہ دیا پینتیس روپیہ کا بھاؤ ہے گویا دھوکا دے کر خریدنا چاہتا ہے یہ دونوں صورتیں ممنوع ہیں، اگر یہ دونوں باتیں نہ ہوں تو ممانعت نہیں۔ ہدایہ فتح القدیر)

مسئلہ: احتکار یعنی غلہ روکنا منع ہے اور سخت گناہ۔ اور اس کی صورت یہ ہے کہ گرانی کے زمانہ میں غلہ خریدے اور اسے فروخت نہ کرے بلکہ روک رکھے کہ لوگ جب خوب پریشان ہوں گے تو خوب گراں کر کے بیچوں گا۔

اور اگر یہ صورت نہ ہو بلکہ فصل میں غلہ خریدتا ہے اور رکھ چھوڑتا ہے۔ چھ دنوں بعد جب گراں ہو جاتا ہے، بیچتا ہے۔ یہ نہ احتکار ہے نہ اس کی ممانعت ہے۔

(عالمگیری)

مسئلہ: احتکار انسان کے کھانے کی چیزوں میں بھی ہوتا ہے۔ مثلاً اناج انگور بادام وغیرہ اور جانوروں کے چارے میں بھی جیسے گھاس، بھوسہ، خشک و تر چارہ اور دلا ہوا دانہ وغیرہ۔ (در مختار، رد المحتار وغیرہ)

مسئلہ: جو شخص راستہ پر خرید و فروخت کرتا ہے اگر راستہ کشادہ ہے کہ اس کے بیٹھنے یا کاروبار کرنے سے راہ گیروں اور آنے جانے والوں پر تنگی نہیں ہوتی تو حرج نہیں، اور اگر گزرنے والوں کو اس کی وجہ سے تکلیف ہو جائے تو اس سے سودا خریدنا نہ چاہیے کہ گناہ پر مدد دینا ہے۔ کیونکہ جب کوئی خریدے گا نہیں تو بیٹھے گا کیوں۔

(عالمگیری)

مسئلہ: لوہے، پیتل، تانبے، جست وغیرہ کی انگوٹھی، چھلے، بالیاں، جھومر، نیکلس وغیرہ کا استعمال مرد و عورت دونوں کے لیے ناجائز ہے تو ان کا بنانا اور بیچنا بھی ممنوع ہے۔ ہاں بیع کی ممانعت ویسی نہیں جیسی پہننے کی ممانعت ہے۔ (در مختار وغیرہ)

خرید و فروخت کے متفرق مسائل

مسئلہ: عورت کے دودھ کو بیچنا ناجائز ہے اگرچہ اسے نکال کر کسی برتن میں رکھ لیا ہو۔ (ہدایہ وغیرہ)

مسئلہ: ہاتھی کے دانت اور ہڈی کو فروخت کرنا، اسے خریدنا اور اس سے بنی ہوئی چیز استعمال کرنا جائز ہے۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: جب تک خرید و فروخت کے مسائل معلوم نہ ہوں کہ کون سی بیع جائز ہے اور کون سی ناجائز اس وقت تک تجارت نہ کرے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: انسان کے پاخانہ کا بیع کرنا ممنوع ہے۔ گوبر کا بیچنا ممنوع نہیں اور انسان کے پاخانہ میں مٹی یا راکھ مل کر غالب ہو جائے جیسے کھاد میں مٹی کا غلبہ ہو جاتا ہے تو بیع بھی جائز ہے اور اس کو کام میں لانا مثلاً کھیت میں ڈالنا بھی جائز ہے اور جب گوبر لید کی بیع جائز ہے اگرچہ دوسری چیز کی ان میں آمیزش نہ ہو تو اپلے (گنڈے) کا بیچنا اور خریدنا یا اس کا استعمال کرنا مکروہ ممنوع نہیں۔ (درمختار، ردالمحتار) لہٰذا اپلے کا دھواں روٹی میں لگا تو روٹی ناپاک نہ ہوئی۔ (بہارِ شریعت)

مسئلہ: جو شخص کوئی چیز بیع کر رہا ہے اور وہ چیز ایسی ہے کہ اس جیسے شخص کی نہیں ہو سکتی۔ مثلاً وہ چیز بیش قیمت ہے اور یہ شخص ایسا نہیں معلوم ہوتا کہ وہ اس کی ہوگی تو اس صورت میں اس کی خریداری سے بچنا چاہیے اور اس کے باوجود اگر اس نے خرید ہی لی تو خریدنا جائز ہے کیونکہ خریدار نے اس دلیل شرعی پر اعتماد کر کے خریدا ہے کہ اس کے قبضہ میں ہونا، اس کی مِلک کی دلیل ہے اور اس کے خلاف کوئی بات پائی نہیں گئی۔ (ہدایہ)

مسئلہ: نجس کپڑے کو بیچ سکتا ہے مگر جب یہ گمان ہو کر خریدار اس میں نماز پڑھے

کا تو اس پر ظاہر کر دے کہ یہ ناپاک کپڑا ہے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: جتنے میں چیز خریدی، بائع کو اس سے زیادہ کچھ دے دیا تو جب تک یہ نہ کہہ دے کہ یہ زیادتی تمہارے لیے حلال ہے یا یہ کہ میں نے تمہیں اس کا مالک کر دیا اس زیادتی کو لینا جائز نہیں۔ (عالمگیری)

مسئلہ: خریدنے کے بعد بہت سے لوگ روکھ لیتے ہیں کہ مبیع جتنی طے ہوئی ہے اس سے کچھ زیادہ روکھ مانگنا بھی نہ چاہیے کہ یہ ایک قسم کا سوال ہے اور بغیر حاجت، سوال کی اجازت نہیں۔ (بہارِ شریعت)

مسئلہ: اچھے صاف گیہوں وغیرہ میں خاک دھول ملا کر بیچنا ناجائز ہے اگرچہ وہاں ملانے کی عادت ہو۔ (عالمگیری) اسی طرح دودھ میں پانی ملا کر بیچنا یا دوسری استعمالی چیزوں میں غلط سلط چیزیں خلط ملط کر دینا ہرگز ہرگز جائز نہیں کہ یہ دھوکا بھی ہے۔ ناجائز منافع بھی اور انسانی برادری کو ناحق ایذا دینا بھی۔ مسلمان پر لازم ہے کہ وہ رزق حلال کی طلب میں رہے اور خدا پر بھروسہ رکھے۔

مسئلہ: اپنی زمین کا غلہ روک لینا احتکار نہیں۔ ہاں اگر یہ شخص گرانی یا قحط کا منتظر ہے تو اس بری نیت کی وجہ سے گناہ گار ہوگا اور اس صورت میں بھی اگر عام لوگوں کو غلہ کی حاجت ہو اور غلہ دستیاب نہ ہوتا ہو تو قاضی (حاکم اسلام) اسے بھی بیع کرنے پر مجبور کرے گا اور یہ حکم دے گا کہ اپنے گھر والوں کے خرچ کے قابل غلہ رکھ لے اور باقی فروخت کر دے۔ (درمختار، ردالمحتار)

مسئلہ: تاجروں نے اگر چیزوں کا نرخ بہت زیادہ کر دیا ہے اور بغیر نرخ مقرر کیے کام چلتا نظر نہ آتا ہو تو اہل الرائے سے مشورہ لے کر قاضی نرخ مقرر کر سکتا ہے اور مقرر شدہ نرخ (کنٹرول پرائس) کے مطابق جو بیع ہوئی یہ بیع جائز ہے۔ یہ نہیں کہا جا سکتا کہ یہ بیع مکرہ (زبردستی کی خرید و فروخت) ہے کیونکہ یہاں بیع پر اکراہ نہیں۔ قاضی نے اسے بیچنے پر مجبور نہیں کیا۔ اسے اختیار ہے کہ اپنی چیز بیچے یا نہ بیچے۔ صرف یہ کہا ہے کہ

اگر بیچے تو جو نرخ مقرر ہوا ہے اس سے گراں نہ بیچے۔ (ہدایہ) پھر عوام الناس کو نقصان و پریشانی سے بچانے کی صورت اگر یہ اختیار نہ کی جائے تو مفاد پرست، بدن کی کھال بھی نوچ ڈالیں۔

مسئلہ: چھوٹے بچے جن کی پرورش میں ہوں ان کے لیے یہ جائز ہے کہ بچے کے مال سے اس کی ضرورت کے مطابق خرید و فروخت کریں اور ان کے لیے کھانے پینے وغیرہ کی ضروریات مہیا کریں مگر اس کا خیال رکھیں کہ فضول خرچی نہ ہو ورنہ ان کی گرفت ہوگی۔ (درمختار، ردالمحتار وغیرہ)

قرض کا بیان

بعض ضرورتیں ایسی درپیش آجاتی ہیں جن کو پورا کرنے کے لیے دوسروں سے قرض لینا پڑتا ہے۔ ضرورت اگر واقعی، ضرورت ہو تو اس کے لیے قرض لینا بھی اور دینا بھی روا۔ احادیث میں وارد ہے کہ حضورِ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مال قرض لیا اور جب مال آیا ادا فرما دیا اور دعا دی کہ اللہ تعالیٰ تیرے اہل و مال میں برکت دے اور فرمایا قرض کا بدلہ شکریہ اور ادا کر دینا ہے۔ (نسائی) بلکہ قرض مانگنے والا اگر جائز ضرورت کے لیے قرض مانگتا ہے تو اس کی ضرورت بھر، اسے قرض دینا، مستحب اور کارِ ثواب بھی ہے۔ کہ تم دوسروں کے کام آؤ گی۔ خداوند تعالیٰ تمہاری دستگیری فرمائے گا اور تمہارے کام بنائے گا۔ بلکہ قرض لینے والا اگر ادا میں ٹال مٹول کرے تب بھی اس کے حق میں بہتر۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں جس کا دوسرے پر حق ہو اور وہ ادا کرنے میں تاخیر کرے تو دینے والا ہر روز اتنے ہی مال کے صدقہ کرنے کا ثواب پائے گا۔ (امام احمد) اس کے ساتھ یہ ضرور ہے کہ جس سے قرض لو، ادا کرنے کی نیت سے لو۔ وقت پر ادا نہ کر سکو تو نرمی اور خوشی اخلاقی سے معذرت کر لو۔ خواہ مخواہ ٹال مٹول نہ کرو۔ ورنہ مفت کا گناہ نامہ اعمال میں لکھا جائے گا۔ حضورِ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ کبیرہ گناہ جن سے اللہ تعالیٰ نے ممانعت فرمائی ہے ان

کے بعد اللہ کے نزدیک سب گناہوں سے بڑا یہ ہے کہ آدمی اپنے اوپر دَین چھوڑ کر مرے اور اس کے ادا کے لیے کچھ نہ چھوڑا ہو۔ (امام احمد)

ابوداؤد و نسائی میں ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم نے فرمایا۔ مالدار کا دَین ادا کرنے میں تاخیر کرنا اس کی آبرو اور سزا کو حلال کر دیتا ہے۔ عبداللہ بن مبارک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کی تفسیر میں فرمایا کہ آبرو کو حلال کرنا یہ ہے کہ اس پر سختی کی جائے گی اور سزا کا حلال کرنا یہ ہے کہ قید کیا جائے گا۔

دوسری طرف تنگ دست کو مہلت دینے، اسے معاف کرنے اور خوش اخلاقی سے تقاضہ کرنے والوں کی احادیث میں بڑی تعریف آئی اور فرمایا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جس کو یہ بات پسند ہو کہ قیامت کی سختیوں سے اللہ تعالیٰ اسے نجات بخشے وہ تنگ دست کو مہلت دے یا معاف کر دے۔ ایک حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص تنگ دست کو مہلت دے گا یا اسے معاف کر دے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کو اپنے سایہ میں رکھے گا۔ (مسلم)

مسئلہ: اب قرضہ سے متعلق کچھ مسائل بھی سن لو تاکہ یہ لین دین بھی شرعی اور اسلامی احکام کی حدود میں رہے۔

مسئلہ: جو چیز قرض لی جائے یا دی جائے اس کا مثلی ہونا ضروری ہے۔ یعنی وہ چیز ماپ کی ہو یا تول کی یا گنتی کی۔ مگر گنتی کی چیز میں شرط یہ ہے کہ اس کے افراد میں زیادہ فرق نہ ہو جیسے انڈے، اخروٹ، بادام وغیرہ۔ اور اگر گنتی کی چیز میں اتنا فرق ہو کہ اس کی وجہ سے قیمت میں کمی بیشی ہو جائے جیسے آم، امرود، موسمی اور ایسی ہی دوسری چیز، ان کو نہ قرض دے سکتے ہیں نہ لے سکتے ہیں۔ یونہی ہر قیمتی چیز جیسے جانور مکان زمین ان کو قرض دینا لینا صحیح نہیں۔ (درمختار وغیرہ)

مسئلہ: قرض کا حکم یہ ہے کہ جو چیز لی گئی اس کی مثل ادا کی جائے۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: روٹیوں کو گن کر بھی قرض لے سکتے ہیں اور تول کر بھی۔ اور گوشت وزن کر کے قرض لیا دیا جائے۔ (درمختار)

مسئلہ: آٹے کو ناپ کر قرض لینا دینا چاہیے اور اگر عرف اور معمول، وزن سے قرض لینے کا ہو جیسا کہ عموماً ان علاقوں میں مروج ہے تو وزن سے بھی قرض جائز ہے۔ (عالمگیری) یہی حکم دال، چاول، چینی، شکر، گھی، تیل وغیرہ اشیاء کا ہونا چاہیے۔

مسئلہ: پیسے (یا نوٹ اور ایسے ہی تانبے، پیتل وغیرہ کے سکے جو ادلتے بدلتے رہتے ہیں) قرض لیے تھے اور اب ان کا چلن جاتا رہا تو ویسے ہی پیسے (یا نوٹ وغیرہ) اسی تعداد میں دے دینے سے قرض ادا نہ ہوگا۔ بلکہ ان کی قیمت کا اعتبار ہے مثلاً آٹھ آنے کے پیسے (یا دس بیس پچاس، سو کے نوٹ) قرض لیے تھے تو چلن بند ہو جانے کے بعد اٹھنی یا دوسرا سکہ اس قیمت کا دینا ہوگا۔ (درمختار وغیرہ)

مسئلہ: ادائے قرض میں چیز کے سستے مہنگے ہونے کا اعتبار نہیں۔ مثلاً دس سیر گیہوں قرض لیے تھے ان کی قیمت اس روز کچھ اور تھی اور ادا کرنے کے دن اس سے کم یا زیادہ ہے تو اس کا بالکل لحاظ نہ کیا جائے گا۔ وہی دس سیر گیہوں دینے ہوں گے۔ (درمختار) اور اگر دونوں قیمت لینے دینے پر راضی ہو جائیں تو اس روزِ ادائیگی کی قیمت ادا کر دی جائے۔

مسئلہ: قرض دار نے قرض کی چیز پر قبضہ کر لیا تو اس چیز کا مالک ہو گیا۔ فرض کرو کہ ایک چیز قرض لی تھی اور ابھی خرچ نہیں کی ہے کہ اپنی آگئی۔ مثلاً روپیہ قرض لیا تھا اور روپیہ آگیا یا آٹا قرض لیا، پکنے سے پہلے آٹا پس کر آگیا اب قرض دار کو اختیار ہے کہ اس کی چیز رہنے دے اور اپنی چیز ادا کر دے یا اس کی ہی چیز واپس کر دے، جس نے قرض دیا ہے وہ نہیں کہہ سکتا کہ میں نے جو چیز دی تھی وہ تمہارے پاس موجود ہے میں وہی لوں گا۔ (درمختار عالمگیری)

مسئلہ: واپسیٔ قرض میں اس چیز کی مثل دینی ہوگی جو لی ہے نہ اس سے بہتر اور نہ کمتر۔ ہاں یونہی جتنا لیا ہے ادا کرتے وقت اس سے زیادہ دیتا ہے مگر اس کی شرط نہ تھی یہ بھی جائز ہے۔ (درمختار)

مسئلہ: قرض دیا اور ٹھہرالیا کہ جتنا دیا ہے اس سے زیادہ لے گا جیسا کہ آج کل سود خواروں کا قاعدہ ہے کہ روپیہ دو روپیہ سینکڑہ ماہوار سود ٹھہرالیتے ہیں یہ حرام ہے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: جس پر قرض ہے اس نے قرض دینے والے کو کچھ ہدیہ دیا تو لینے میں حرج نہیں جب کہ ہدیہ دینا قرض کی وجہ سے نہ ہو بلکہ اس وجہ سے ہو کہ دونوں میں قرابت یا دوستی ہے۔ یا اس کی عادت ہی ایسی ہے کہ لوگوں کو ہدیہ کیا کرتا ہے۔ اور اگر قرض کی وجہ سے ہدیہ دیتا ہے تو اس کے لینے سے بچنا چاہیے۔ جب تک یہ بات ظاہر نہ ہو جائے کہ قرض کی وجہ سے نہیں ہے، اس کی دعوت کا بھی یہی حکم ہے کہ قرض کی وجہ سے نہ ہو تو قبول کرنے میں حرج نہیں اور قرض کی وجہ سے ہے یا پتا نہ چلے تو بچنا چاہیے۔

اس کو یوں سمجھنا چاہیے کہ قرض نہیں دیا تھا جب بھی وہ دعوت کرتا تھا تو معلوم ہوا کہ یہ دعوت قرض کی وجہ سے نہیں اور اگر پہلے نہیں کرتا تھا اور اب کرتا ہے یا پہلے مہینہ میں ایک بار کرتا تھا اب دوبارہ کرنے لگا یا اب سامانِ ضیافت زیادہ کرتا ہے تو معلوم ہوا کہ یہ قرض کی وجہ سے ہے۔ لہٰذا اس سے بچنا ہی چاہیے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: ایک نے دوسرے سے کہا کہ مجھے اتنے روپیہ قرض دو، میں اپنی زمین تمہیں عاریت دیتا ہو جب تک میں روپیہ ادا نہ کروں تم اس کی کاشت کرو اور نفع اٹھاؤ یہ ممنوع ہے۔ (عالمگیری) یونہی مشین وغیرہ کوئی بھی چیز عاریت کے نام سے دینا اور قرض لینا کہ قرض دینے والا اس سے کام لیتا اور نفع اٹھاتا رہے ممنوع ہے۔

تنبیہ: آج کل سود خواروں کا عام طریقہ یہ ہے کہ قرض دے کر مکان یا کھیت رہن رکھ لیتے ہیں، مکان ہے تو اس میں مرتہن (رہن رکھنے والا) سکونت کرتا یا اس کو کرایہ پر چلاتا ہے اور کھیت ہے تو اس کی خود کاشت کرتا ہے یا اجارہ پر دے دیتا ہے اور نفع خود کھاتا ہے یہ سود ہے اور اس سے بچنا لازم۔ (بہارِ شریعت)

ضروری فہمائش

جو دین و دنیا دونوں میں مفید و کار آمد ہے۔

شریعتِ مطہرہ نے جس طرح سود لینا حرام فرمایا ہے سود دینا بھی حرام کیا ہے۔ حدیثوں میں دونوں پر لعنت فرمائی ہے اور فرمایا کہ دونوں برابر ہیں۔

آج کل سود کی اتنی کثرت ہے کہ قرض حسن جو بغیر سودی ہوتا ہے بہت کم پایا جاتا ہے۔ دولت والے کسی کو بغیر نفع روپیہ دینا نہیں چاہتے اور اہل حاجت اپنی حاجت کے سامنے اس کا لحاظ بھی نہیں کرتے کہ سودی روپیہ لینے میں آخرت کا کتنا عظیم وبال ہے۔ اس سے بچنے کی کوشش کی جائے۔

لڑکے لڑکی کی شادی ختنہ اور دیگر تقریباتِ شادی و غمی میں اپنی وسعت سے زیادہ خرچ کرنا چاہتے ہیں۔ برادری اور خاندان کے رسوم میں اتنے جکڑے ہوئے ہیں کہ ہر چند کہئے، ایک نہیں سنتے۔ رسوم میں کمی کرنے کو اپنی ذلت سمجھتے ہیں۔ ہم اپنے مسلمان بھائیوں کو اولاً تو یہی نصیحت کرتے ہیں کہ ان رسوم کے جنجال سے نکلیں، پاؤں نہ پھیلائیں اور دنیا و آخرت کے تباہ کن نتائج سے ڈریں۔ تھوڑی دیر کی مسرت یا ابنائے جنس میں نام آوری کا خیال کر کے آئندہ زندگی کو تلخ نہ کریں۔

اگر یہ لوگ اپنی ہٹ سے باز نہ آئیں۔ قرض کا بارگراں اپنے سر ہی رکھنا چاہتے ہیں بچنے کی سعی نہیں کرتے جیسا کہ مشاہدہ اسی پر شاہد ہے تو اب ہماری دوسری فہمائش ان مسلمانوں کو یہ ہے کہ سودی قرض کے قریب نہ جائیں کہ بانص قرآنی اس میں برکت نہیں اور مشاہدے و تجربے بھی یہی ہیں کہ بڑی بڑی جائیدادیں سود میں تباہ ہو چکی ہیں

اب رہی یہ بات کہ اگر قرض سود پر نہ لیا جائے تو بغیر سود، قرض کون دے گا تو اولاً تو اس کا جواب وہی ہے جو اوپر گزرا کہ خاندانی رسوم اور برادری کے معمولات کو نہ دیکھیں، دنیا و آخرت کے وبال کو دیکھیں۔ عذاب دوزخ کے وہ چھکے کون برداشت کر سکتا

ہے جو بلاوجہِ شرعی سود پر قرض لینے والوں کے متعلق ہیں۔ ہم نے خود دیکھا کہ ایسے موقعوں پر غریب آدمی نے کھل کر خاندان کے بااثر بزرگوں سے کہہ دیا کہ میں ان رسوم پر عمل کرنے کی طاقت نہیں رکھتا۔ بزرگوں نے مان لیا اور دوسروں کو سمجھادیا اور خاندان والوں نے خوبصورتی سے نبھادیا۔ اس کی عزت بھی رہ گئی اور وبال آخرت سے بھی بچ گیا۔

ثانیاً ہمارے علمائے کرام نے چند صورتیں ایسی تحریر فرمائی ہیں کہ ان طریقوں پر عمل کیا جائے تو سود کی نجاست و نحوست سے پناہ ملتی ہے اور قرض دینے والا جس ناجائز نفع کا خواہش مند تھا اس کے لیے جائز طریقہ پر نفع حاصل ہو سکتا ہے۔ صرف لین دین کی صورت میں کچھ ردو بدل کرنا پڑے گا مگر ناجائز و حرام سے بچاؤ ہو جائے گا۔ (بہار شریعت وغیرہ) تفصیل کے لیے فتاویٰ رضویہ یا بہار شریعت ص۱۱ دیکھیں یا علمائے اہلسنت سے رجوع کریں۔

متفرقات

مسئلہ: یادداشت کے لیے یعنی اس غرض سے کہ بات یاد رہے بعض لوگ رومال یا کمربند میں گرہ لگا لیتے ہیں یا کسی جگہ انگلی وغیرہ پر ڈورا باندھ لیتے ہیں، یہ جائز ہے اور بلاوجہ ڈورا باندھ لینا مکروہ ہے۔ (درمختار، ردالمحتار)

مسئلہ: بعض لوگ کسی بیماری کی وجہ سے پاؤں کے انگوٹھوں میں اس قدر کھینچ کر تاگا باندھ دیتے ہیں کہ وضو یا غسل کرتے وقت پانی کا بہنا درکنار، تاگے کے نیچے کا حصہ تر بھی نہیں ہوتا۔ اس سے بچنا لازم ہے کہ اس صورت میں وضو نہیں ہوتا اور غسل کی حاجت ہو تو غسل نہیں اترتا اور ظاہر ہے کہ اس برائے نام وضو یا غسل سے جو نماز پڑھی جائے گی وہ نماز نہ ہوگی۔ نماز کے لیے طہارت شرط ہے اور یہ حاصل نہ ہوئی۔

(بہارِ شریعت وغیرہ)

مسئلہ: گلے میں تعویذ لٹکانا جائز ہے۔ جبکہ وہ تعویذ جائز ہو یعنی آیاتِ قرآنیہ یا اسمائے الٰہیہ یا ان دعاؤں یا تحریروں پر مشتمل ہو جو بزرگانِ دین سے ماثور و منقول ہیں یا کسی اسم کا نقش مظہر یا مضمر (ہندسوں میں) لکھا جائے اور اگر اس تعویذ میں ناجائز الفاظ لکھے ہوں یا شرک و کفر کے الفاظ پر مشتمل ہوں یا تعویذ دینے والا قابلِ اعتبار آدمی نہیں، حلال حرام اور جائز و ناجائز میں امتیاز نہیں رکھتا تو ایسا تعویذ لکھنا بھی ناجائز ہے اور اس کا لینا اور باندھنا بھی ناجائز اور گناہ ہے۔ عورتیں کہ بعض اوقات تعویذ گنڈوں کے لیے ماری ماری پھرتی ہیں اور غلط جگہ پر پہنچ جاتی ہیں، ان باتوں کا خاص خیال رکھیں ورنہ فائدہ درکنار، الٹا نقصان اٹھائیں گی اور خواہ مخواہ گناہ میں پڑیں گی۔

مسئلہ: ریشم کے کپڑے میں تعویذ سی کر گلے میں لٹکانا یا بازو پر باندھنا مرد کے لیے ناجائز ہے کہ یہ پہننے میں داخل ہے۔ اسی طرح سونے اور چاندی میں رکھ کر پہننا بھی ناجائز ہے اور سونے یا چاندی پر تعویذ کھدا ہوا ہو تو یہ بدرجۂ اولیٰ ناجائز ہے۔

(بہار شریعت)

مسئلہ: سونے چاندی پر کھدے ہوئے تعویذات اور نقوش کو کپڑے میں سی کر استعمال کیا جائے تو اب ممانعت کی کوئی وجہ نہیں۔ واللہ اعلم۔

مسئلہ: بعض احادیث میں تعویذوں کے استعمال سے ممانعت آئی ہے اس سے مراد وہ تعویذات ہیں جو ناجائز الفاظ پر مشتمل ہوں اور جو زمانہ جاہلیت میں کیے جاتے تھے۔

مسئلہ: وہ تعویذات اور آیات و احادیث یا دعائیں جو بزرگانِ دین کے معمولات میں رہیں، رکابی میں لکھ کر مریض کو بہ نیتِ شفا پلانا بھی جائز ہے۔ جُنُب اور حیض و نفاس والی عورتیں بھی تعویذات کو گلے میں پہن سکتی ہیں۔ یونہی مرد بھی بلکہ مردوں میں عموماً تعویذ بازو پر بھی باندھ سکتے ہیں جبکہ تعویذات غلاف میں ہوں۔ (درمختار، ردالمحتار)

مسئلہ: تعویذ اگر غلاف میں ہو یا موم جامہ میں ہو تو اسے پہن کر بیت الخلا میں جانا

مکروہ نہیں پھر بھی اس سے بچنا افضل اور جس انگشتری پر کوئی متبرک نام لکھا ہو، اسے پہن کر بیت الخلاء میں جانا مکروہ ہے اور وقتِ استنجا اس کا اتار لینا بہت ضروری ہے۔

(فتاوٰی رضویہ)

مسئلہ: کسی کو سانپ نے یا بچھو نے کاٹا ہو اس کے جھاڑنے کی اجرت لینا، جائز ہے۔ اگرچہ قرآن مجید ہی کی آیت یا سورت پڑھ کر جھاڑتا ہو کہ یہ اجرت پر تلاوت نہیں بلکہ علاج کے قبیل سے ہے۔ حدیث شریف میں ایک صحابی کا سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کرنا اور اس کا اچھا ہو جانا اور ان کا پہلے ہی سے اجرت مقرر کر لینا اور اس کے اچھا ہونے کے بعد لینا، پھر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے پاس معاملہ پیش ہونا اور حضور کا انکار نہ فرمانا بلکہ جائز رکھنا اس کے جائز ہونے کی صریح دلیل ہے۔ (ردالمحتار) اور جب لینا جائز تو دینا جائز یونہی تعویذوں، گنڈوں اور نقوش کا معاوضہ لینا بھی جائز۔

مسئلہ: بچھونے یا مصلّے پر کچھ لکھا ہوا ہو تو اس کو استعمال کرنا، ناجائز ہے۔ یہ عبارت اس کی بناوٹ میں ہو یا کاڑھی گئی ہو یا روشنائی سے لکھی ہو۔ اگرچہ الگ الگ حروف لکھے ہوں کیونکہ حروف مقررہ (حروف تہجی) کا بھی احترام ہے۔ (ردالمحتار) اکثر دسترخوانوں پر جو عموماً بڑی دعوتوں میں استعمال کیے جاتے ہیں، اردو یا فارسی میں اشعار لکھے ہوتے ہیں۔ ایسے دسترخوان کو استعمال میں لانا، ان پر کھانا کھانا نہ چاہیے۔ ہم نے مانا کہ کھانا اتارنے والے کھانا اتارتے وقت احتیاط سے پاؤں رکھیں گے اور لکھی ہوئی جگہ بچالیں گے لیکن کہاں تک پھر اس پر روٹی، سالن کے برتن، ڈونگے، ڈشیں، پلیٹیں وغیرہ تو رکھنے ہی پڑیں گے تو ان حروف کی تعظیم کہاں رہی۔ لہٰذا ان سے دور رہنا ہی ٹھیک ہے یوں ہی بعض لوگوں کے تکیوں پر عشقیہ یا دعائیہ اشعار لکھے ہوتے ہیں، ان کا بھی یہی حکم ہے کہ استعمال نہ کیا جائے کہ حروف تہجی کی بے ادبی پائی جاتی ہے اور بعض جگہ چادروں پر بھی اشعار لکھے پائے جاتے ہیں۔ ایسی چادروں کا استعمال میں لانا اور بھی زیادہ برا اور ممنوع کہ ان پر آدمی کا پیر بھی پڑے گا۔ (بہار شریعت)

مسئلہ: کسی سے وعدہ کرکے، اس کا خلاف کرنا شرعاً بہت برا اور بلاوجہ شرعی ہو تو اسے نفاقِ عملی کی علامت قرار دیا گیا ہے لیکن وعدہ پورا کرنے میں کوئی شرعی قباحت تھی، اس وجہ سے پورا نہیں کیا تو اس کو وعدہ خلافی نہیں کہا جائے گا اور وعدہ خلافی کا جو وبال و گناہ ہے وہ اس صورت میں اس پر نہ آئے گا۔ اگرچہ وعدہ کرتے وقت اس نے استثناء (انشاء اللہ تعالیٰ یا کوئی اور کلمہ وغیرہ کہنا) نہ کیا ہو کیونکہ یہاں شریعت کی طرف سے استثناء موجود ہے اس کو زبان سے کہنے کی ضرورت نہیں۔ مثلاً تم نے اپنی کسی سہیلی سے وعدہ کیا تھا کہ میں فلاں جگہ مثلاً اپنے ماں باپ یا بھائی یا چچا تایا کے گھر ملوں گی اور وہاں تمہارا انتظار کروں گی، مگر جب وہاں گئی تو دیکھا کہ ناچ رنگ، ڈھول تماشے کی محفل جمی ہوئی ہے یا گھر والے ایسے ہی دوسرے کاموں میں مصروف ہیں جو شرعاً جائز نہیں، اس لیے تم وہاں سے چلی آئیں تو یہ وعدہ خلافی نہیں اور نہ کوئی تم پر وعدہ خلافی کا الزام دے سکتا ہے کہ شریعت ایسے مقامات سے دور بھاگنے کا حکم دیتی ہے نہ کہ وہاں شرکت کرنے اور ایسی محفلوں کی رونق بڑھانے کا۔ (طحاوی شریف وغیرہ)

مسئلہ: بعض کاشت کار اپنے کھیتوں میں کپڑا لپیٹ کر، کسی لکڑی پر لگا دیتے ہیں اور اس سے مقصود، نظر بد سے کھیتوں کو بچانا ہوتا ہے کیونکہ۔ دیکھنے والے کی نظر پہلے اس پر پڑے گی اس کے بعد کھیتی پر، اور اس صورت میں نظر نہیں لگے گی۔ ایسا کرنا، ناجائز نہیں کیونکہ نظر کا لگنا صحیح ہے۔ احادیث سے ثابت ہے، اس کا انکار نہیں کیا جا سکتا۔ حدیث شریف میں ہے کہ جب اپنی یا مسلمان بھائی کی کوئی چیز دیکھے اور پسند آ جائے تو برکت کی دعا کرے یہ کہے کہ تَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ۔ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ فِيْهِ یا اردو میں کہہ دے کہ اللہ برکت کرے یا اللہ نظر بد سے بچائے یا ماشاء اللہ وغیرہ کلماتِ طیبہ زبان سے ادا کرے۔ امید ہے کہ اس طرح کہنے سے نظر نہیں لگے گی (ردالمحتار وغیرہ) بچوں کو نہلا دھلا کر کپڑے پہنائیں تو ان کی حفاظت کے لیے یہ کلمے ضرور کہہ دیں۔ انشاء اللہ بچے نظر بد سے محفوظ رہیں گے۔

مسئلہ: ہندوؤں یا نصرانیوں کے استعمالی برتن اگر خریدے یا کسی طرح سے ملے۔

ان میں پاک کیے بغیر کھانا پینا مکروہ ہے بلکہ برتن کا نجس ہونا معلوم نہ ہو اور معلوم ہو تو اس میں کھانا پینا حرام ہے۔ (عالمگیری وغیرہ)

مسئلہ: رافضی کے یہاں کچھ کھانا پینا ہرگز نہ چاہیے کہ وہ اہل سنت کو قصداً نجاست کھلانے پلانے کی کوشش کرتے ہیں۔ (فتاوی رضویہ) تو عوام الناس میں جو مشہور ہے کہ رافضی ایسا کرتے ہیں وہ بے اصل نہیں۔

مسئلہ: عجیب و غریب قصے کہانی تفریح کے طور پر سننا سنانا جائز ہے بلکہ جو یقیناً جھوٹ ہوں ان کو بھی سنا جا سکتا ہے بلکہ مقصود ان سے نصیحت ہو کہ سننے والے ان سے عبرت پکڑیں اور نصیحت حاصل کریں جیسا کہ مثنوی شریف وغیرہ میں بہت سے فرضی قصے کہانیاں، وعظ و نصیحت کے لیے درج کیے گئے ہیں۔ اسی طرح طوطا مینا، شیر لومڑی، کچھوا خرگوش اور دوسرے جانوروں بلکہ کنکر پتھر وغیرہ کی باتیں فرضی طور پر بیان کرنا اور سننا بھی جائز ہے مثلاً گلستاں میں حضرت شیخ سعدی علیہ الرحمہ نے لکھا "گلے خوشبوئے در حمام روزے۔۔۔ الخ۔" کہ مقصود اس کہانی سے بری صحبت سے بچانا اور نیک صحبت میں رہنے کی ترغیب دینا ہے۔ ورنہ کہاں مٹی اور کہاں یہ سوال جواب۔

(درمختار، بہار شریعت وغیرہ)

مسئلہ: ہنسی مذاق میں اگر بے ہودہ باتیں، گالی گلوچ اور کسی مسلمان کی ایذاء رسانی نہ ہو، محض پر لطف اور دل خوش کن باتیں ہوں جن سے اہل مجلس کو ہنسی آئے اور خوش ہوں اس میں حرج نہیں۔ (عالمگیری)

مسئلہ: تمام زبانوں میں عربی زبان افضل ہے۔ ہمارے آقا و مولیٰ سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم کی یہی زبان ہے۔ قرآن مجید عربی زبان میں نازل ہوا۔ اہلِ جنت کی، جنت میں عربی ہی زبان ہوگی جو اس زبان کو خود سیکھے یا دوسروں کو سکھائے، اسے ثواب ملے گا۔ (درمختار)

یہ جو کہا گیا صرف زبان کے لحاظ سے کہا گیا ورنہ ایک مسلمان کو خود سوچنے کی ضرورت ہے کہ عربی زبان کا جاننا مسلمان کے لیے کس قدر ضروری ہے۔ قرآن، حدیث

اور دین کے تمام اصول و فروغ اسی زبان میں ہیں- اس زبان سے ناواقفی کتنی کمی اور نقصان کی چیز ہے- (بہار شریعت)

مسئلہ: خطبۂ جمعہ میں اردو کے اشعار جو وعظ و نصیحت پر مشتمل ہوتے ہیں پڑھے جاتے ہیں- یہ امر اس سُنّت کے خلاف ہے جو مسلمانوں میں صحابہ کرام کے دور سے لے کر آج تک رائج ہے- صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے دور میں بحمد اللہ تعالیٰ ہزاروں شہر عجمیوں (غیر عرب) کے فتح ہوئے- ہزارہا منبر نصب کیے گئے- ہزاروں عجمی کہ ہنوز زبان عربی سے واقف نہ تھے، مسجدوں میں موجود ہوتے مگر کہیں منقول نہیں کہ صحابہ کرام نے ان کی غرض سے خطبہ غیر عربی میں پڑھا ہو یا اس میں دوسری زبانوں کو خلط کر دیا تو پھر اب کیوں ایسا ہو اور عوام کا عذر کہ عربی ہماری سمجھ میں نہیں آتی جب صحابہ کرام کے نزدیک لائق لحاظ نہ تھا اب کیوں قابل قبول ہونے لگا- بات یہ ہے کہ شریعت مطہرہ نے علم سیکھنا سب پر واجب کیا ہے- عوام کہ نہیں سمجھتے یا نہیں سیکھتے تو قصور ان کا ہے نہ کہ امام و خطیب کا- آخر عوام قرآن مجید بھی تو نہیں سمجھتے کیا ان کے لیے قرآن، اردو میں پڑھا جائے- (فتاویٰ رضویہ) غرض یہ کہ مسلمان مرد و عورت پر لازم کہ عربی زبان پڑھیں اور سیکھیں-

مسئلہ: عورت رخصت ہو کر آئی اور عورتوں نے دولہا سے کہہ دیا کہ یہ عورت تمہاری دلہن ہے، اس سے وطی کرنا جائز ہے- اگرچہ یہ خود اسے نہ پہچانتا ہو- (درمختار) اسی طرح عورتوں نے شب زفاف (شوہر اور بیوی کی یکجائی کی پہلی رات) میں اس کے کمرہ میں جس عورت کو دلہن بنا کر بھیج دیا، اگرچہ یہ نہیں کہا کہ یہ تمہاری عورت ہے، اس سے صحبت جائز ہے کہ اس کو یوں بنا سنوار کر اور دلہن کی صورت میں مرد کے کمرہ میں پہنچانا ہی اس کی دلیل ہے کہ یہ اس کی دلہن ہے- دوسری کسی عورت کو اس طرح کہیں نہیں بھیجا جاتا- (بہار شریعت)

مسئلہ: لڑکی نے ماں باپ کے مال اور اپنی دست کاری سے کوئی چیز جہیز کے لیے تیار کی اور اس کی ماں مرگئی- باپ نے وہ چیز جہیز میں دے دی تو اس کے بھائیوں کو یہ

حق نہیں پہنچتا کہ اس چیز میں ماں کی طرف سے وراثت کا دعویٰ کریں۔ یونہی اس کا باپ جو کپڑے لاتا رہا اس میں سے یہ اپنے جہیز کے لیے بنا کر رکھتی رہی، اور بہت کچھ جمع کرایا کہ باپ مرگیا تو یہ اسباب سب لڑکی کا ہے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: معاذ اللہ، جو بات ہولناک ہو جیسے سخت آندھی، کڑک، زلزلہ، بارش یا برف لگاتار برسے جانا، دن میں سخت اندھیری یا رات کو خوفناک روشنی۔ ان سب میں مستحب ہے کہ مسلمان مرد و عورت نفل نماز سے اپنے رب کی طرف رجوع کریں۔

(فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: جب دلہن کو بیاہ کر لائیں تو مستحب ہے کہ اس کے پاؤں دھو کر پانی مکان کے چاروں گوشوں میں چھڑکیں، اس سے برکت ہوتی ہے۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: عورت کا زوجہ ہونا اس بات کو لازم نہیں کرتا کہ شوہر کو ہر حال میں اس سے صحبت جائز ہو۔ نماز ہے، روزہ ہے، احرام ہے، اعتکاف ہے، حیض ہے، نفاس ہے اور بہت صورتیں ہیں کہ ان میں منکوحہ سے بھی صحبت حرام ہے۔ مثلاً وقت ایسا ہے کہ جماع کے بعد غسل کر کے نماز کا وقت نہ ملے گا تو ایسی صورت میں جماع ہی حرام ہے کہ جان بوجھ کر نماز کو فوت کرنا ہے۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: بیٹا باپ کے کام میں اسے مدد دیتا ہے۔ دونوں کے کام سے مال بڑھا تو تمام مال کا مالک صرف باپ ہے، بیٹا فقط مددگار سمجھا جائے گا۔ یونہی اگر زن و مرد میں کام مرد کا ہے اور عورت مدد دیتی ہے تو مال میں حصہ دار نہ ٹھہرے گی۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: باپ کے انتقال کے بعد سب بھائی ترکہ میں مل کر کام کرتے رہے اور مال بڑھا تو وہ سب کا برابر ہے۔ اگرچہ بعض نے کام کم کیا ہو، بعض نے زیادہ۔ بعض نے تدبیریں اچھی بتائی ہوں جن سے نفع ہوا بعض نے نہیں۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: کھانے پینے کی چیز جو بچوں کا نام کر کے بھیجتے ہیں، اس میں سے ماں باپ کھا سکتے ہیں کہ اصل مقصود ماں باپ کو بھیجنا ہوتا ہے اور چیز تھوڑی سمجھ کر بچوں کا نام لیا جاتا

ہے۔ ہاں اگر معلوم ہو کہ دینے والے نے واقعی بچہ ہی کو دی ہے۔ ماں باپ کو دینا مقصود نہیں کہ اس میں سے کھانا حرام ہے، مگر یہ کہ محتاج ہوں۔ (البحرالرائق وغیرہ)

مسئلہ: لڑکا بارہ اور لڑکی نو (۹) برس سے کم عمر تک ہرگز بالغ و بالغہ نہ ہوں گے اور لڑکا لڑکی دونوں (۱۵) برس کامل کی عمر پر ضرور شرعاً بالغ و بالغہ ہیں، اگرچہ آثار بلوغ کچھ ظاہر نہ ہوں۔ ان عمروں کے اندر اگر آثار پائے جائیں یعنی لڑکے خواہ لڑکی کو، سوتے خواہ جاگتے میں، انزال ہو یا لڑکی کو حیض آئے یا لڑکی کو حمل رہ جائے تو یقیناً بالغ و بالغہ ہیں۔ آثار مذکورہ کے علاوہ بغل یا پنڈلی یا پیڑو پر بالوں کا جمنا، یا لڑکے کی داڑھی مونچھ نکلنا، یا لڑکی کے پستان میں ابھار پیدا ہونا کچھ معتبر نہیں۔ (فتاویٰ رضویہ، درمختار وغیرہ)

اس مسئلہ کو خوب ذہن نشین کر لیں، بیسیوں موقعوں پر رہنمائی کا اعلیٰ ذریعہ ہے۔

مسئلہ: جھوٹ اور غیبت معنوی نجاست ہیں ولہٰذا جھوٹے کے منہ سے ایسی بدبو نکلتی ہے کہ حفاظت کے فرشتے اس وقت اس کے پاس سے دور ہٹ جاتے ہیں جیسا کہ حدیث میں وارد ہوا ہے کہ جب کوئی شخص جھوٹ بولتا ہے اس کی بدبو کے باعث فرشتہ ایک میل مسافت تک اس سے دور ہو جاتا ہے۔ ایک اور حدیث میں ایک بدبو کی نسبت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم نے خبر دی کہ یہ ان کے منہ کی سڑاند ہے جو مسلمانوں کی غیبت کرتے ہیں۔

اور ہمیں جو جھوٹ یا غیبت کی بدبو محسوس نہیں ہوتی اس کی یہ وجہ ہے کہ ہم اس سے مالوف و مانوس ہو گئے ہیں۔ ہماری ناکیں اس سے بھری ہوئی ہیں۔ جیسا کہ چمڑا پکانے والوں کے محلہ میں جو رہتا ہے، اسے اس کی بدبو سے ایذا نہیں ہوتی۔ دوسرا آئے تو اس سے ناک نہ رکھی جائے۔

مسلمان اس بات کو یاد رکھیں اور اپنے رب سے ڈریں۔ جھوٹ اور غیبت ترک کریں۔ کیا معاذ اللہ منہ سے پاخانہ نکلنا کسی کو پسند ہو گا۔ باطن کی ناک کھلے تو معلوم ہو کہ جھوٹ اور غیبت میں پاخانہ سے بدتر سڑاند ہے۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: شراب خور کی مونچھیں بڑی بڑی ہوں کہ شراب مونچھ کو لگ گئی تو جب تک مونچھیں دھل کر پاک نہ ہو جائیں، پانی وغیرہ جس چیز کو لگے گی ناپاک کردے گی اور وہ چیز جس کو اس نے پیا جس برتن میں ہوگی وہ برتن بھی ناپاک ہو جائے گا۔ (فتاویٰ رضویہ وغیرہ) اللہ تعالیٰ اس خبیث عادت سے تمام مسلمانوں کو بچائے۔

مسئلہ: دوست، احباب، رشتہ دار، سہیلیاں جن میں آپس میں بے تکلفی ہو، وہ ایک دوسرے کے مال میں ایسا تصرف کر سکتے ہیں، جو دوسرے کو ناگوار نہ ہو۔ یونہی اس کے نوکر نوکرانی سے اتنا کام بے ان کی اجازت کے لینا جو انہیں گوارا ہو جائز ہے۔ اور اگر اتنا انبساط اور بے تکلفی نہ ہو تو بغیر اجازت ایک دوسرے کے مال کو استعمال کریں، نہ خدمت گار سے کام لیں اور دوسرے کے چھوٹے بچے سے سہل معمولی کام لینا مثلاً محلہ میں فلاں کو بلا دو یا یہ بات کہہ آؤ، اس قدر میں کوئی حرج نہیں۔ (فتاویٰ رضویہ وغیرہ)

مسئلہ: بلاوجہ شرعی وہ بات نہ کہی جائے جو سننے سے بری معلوم ہو، عذر کی حاجت پڑے اور مسلمانوں کو نفرت دلائے۔ یوں ہی بلاوجہ شرعی وہ بات کرنی مکروہ ہے جس سے اس کی غیبت کا دروازہ کھلے۔ حدیث شریف میں تہمت کی جگہ کھڑے ہونے سے بھی ممانعت آئی ہے۔ (فتاویٰ رضویہ وغیرہ)

مسئلہ: ماں باپ، دادا دادی اپنے بچے سے کام لے سکتے ہیں۔ یا تو یوں کہ وہ محتاج ہیں، نوکر رکھنے کی طاقت نہیں رکھتے یا بچے کو ادب دینے، کام سکھانے اور کام کی عادت ڈالنے کے لیے۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: آزاد عورت کو حرام ہے کہ کسی نامحرم مرد کے بدن کو ہاتھ لگائے۔ اگرچہ ہاتھ یا پاؤں کو اور مرد پر حرام ہے کہ اسے اس کی اجازت دے یہاں سے مشائخ زمانہ کہ ان کی جوان مریدات، ان کی قدم لیتیں۔ ان کے ہاتھوں کو بوسہ دیتیں، آنکھوں سے لگاتی ہیں۔ ان پر فرض ہے کہ انہیں ان حرکات سے سختی سے روک دیں۔

یوں ہی آزاد عورت کے منہ کی طرف ٹکلی، جس میں کان یا گلے یا بالوں کا کوئی ذرہ داخل نہیں اور ہتھیلیاں اور تلوے دیکھنا اگرچہ حرام نہیں مگر اس کے ان مواضع کا بھی

چھونا مطلقاً حرام ہے ولہٰذا شیخ (پیر) کو حرام ہے کہ اجنبی عورت کا ہاتھ پکڑ کر بیعت لے۔
(فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: کھریا مٹی یا ملتانی مٹی یا طین خراسانی یا کوئی اور سوندھی مٹی خوشبودار، خوش ذائقہ کہ حاملہ عورتیں اسے کھاتی ہیں۔ اطباء کے نزدیک سخت نقصان دہ اور شرعاً اس کا کھانا حرام ہے۔ یوں ہی چولہے کی بھٹ اور تنور کا پیٹ ہاں خاک شفا شریف سے تبرکاً قدرے چکھ لینا بہتر ہے۔ جیسے پان میں چونا۔ یہی حکم سیپ کے چونے کا ہے کہ حرام ہے بلکہ جس پان پر وہ چونا لگا ہو، اس کا کھانا حرام ہے۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: بلاضرورتِ دوا، منہ پر کوئی ایسی چیز سانا جس سے صورت بگڑے، ناجائز و گناہ ہے۔ بعض نوجوان، جو آپس میں کیچڑ سے کھیلتے ہیں، ایک دوسرے کے منہ پر کیچڑ ملتے ہیں یا ہنسی مذاق میں سوتے جاگتے، کسی کے منہ پر کالک لگاتے ہیں۔ یہ سب حرام ہے۔ نوجوان عورتیں اور سہیلیاں بھی شادی بیاہ کے موقع پر ایسی حرکتیں کرتی ہیں، یہ سب حرام ہے۔ ایسی حرکتوں سے بچنا ضروری و لازم ہے۔ (فتاویٰ رضویہ وغیرہ)

مسئلہ: جس کے کسی پر مثلاً سو (۱۰۰) روپے آتے ہوں کہ اس نے دبائے یا کسی اور وجہ سے ہوئے اور اس سے روپیہ ملنے کی کوئی امید نہیں تو سو روپیہ کی مقدار تک اس کا جو مال ملے، لے سکتا ہے مگر سچے دل سے، بازار کے بھاؤ سے سو ہی روپیہ کا مال ہو، زیادہ ایک پیسہ کا بھی ہوا تو حرام۔ (ردالمحتار وغیرہ)

مسئلہ: ایک شخص نماز پڑھتا ہے اور روزے رکھتا ہے، مگر اپنی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان کو ضرر پہنچاتا ہے۔ اس کی ایذاء رسانی کو لوگوں کے سامنے بیان کرنا غیبت نہیں کیونکہ اس کا مقصد یہ ہے کہ لوگ اس کی اس حرکت سے واقف ہو جائیں اور اس سے بچتے رہیں کیونکہ ایسا نہ ہو کہ اس کی نماز اور روزے سے دھوکا کھا جائیں اور مصیبت میں مبتلا ہو جائیں۔ حدیث شریف میں ارشاد فرمایا کیا تم فاجر کے ذکر سے ڈرتے ہو، جو خرابی کی بات اس میں ہے بیان کر دو تاکہ لوگ اس سے پرہیز کریں اور بچیں۔ (درمختار، ردالمحتار)

اور ایسے شخص کا حال حاکم وقت تک پہنچانا کہ وہ اسے مناسب سزا دے اور مسلمانوں کو اس کی ایذا رسانی سے بچائے اور یہ اپنی حرکتوں سے باز آجائے، چغلی اور غیبت میں داخل نہیں۔ (درمختار)

یہ حکم فاسق و فاجر کا ہے جس کے شر سے بچانے کے لیے لوگوں پر اس کی برائی کھول دینا جائز ہے اور غیبت نہیں۔ اب سمجھنا چاہیے کہ بدمذہبوں اور بدعقیدہ لوگوں کا ضرر، فاسق کے ضرر سے بہت زائد ہے۔ فاسق سے جو ضرر پہنچے گا، وہ اس سے بہت کم ہے جو بدعقیدہ لوگوں سے پہنچتا ہے۔ فاسق سے اکثر دنیا کا ضرر ہوتا ہے اور بدمذہب سے تو دین و ایمان کی بربادی کا ضرر ہے اور بدمذہب اپنی بدمذہبی پھیلانے کے لیے نماز، روزہ کی بظاہر بہت پابندی کرتے بلکہ قریہ قریہ، شہر شہر اس کی تبلیغ کرتے پھرتے ہیں تاکہ ان کا وقار لوگوں میں قائم ہو، مسلمانوں کی نگاہوں میں انہیں عزت کا مقام ملے، عوام الناس ان کی طرف مائل ہوں اور پھر یہ اس جال میں عوام الناس کو چال سے پھانس لیں کہ اب جو گمراہی کی بات کریں گے، اس کا پورا اثر ہوگا اور لوگ آسانی سے شکار ہو جائیں گے۔

اور لطف یہ ہے کہ نماز، روزہ کی تبلیغ اعلانیہ کرتے ہیں اور عقیدہ کی تبلیغ اندرونِ خانہ، تاکہ عوام الناس میں بھی ان کا بھرم قائم رہے، حالانکہ عقیدہ عمل پر مقدم ہے۔ عقیدہ درست ہے تو اعمال بھی مقبول اور عقیدہ غلط ہے تو تمام اعمال مردود۔ تو کہنا یہ ہے کہ ایسے لوگوں کی بدعقیدگی اور بدمذہبی کا اظہار فاسقوں، فاجروں کے فسق و فجور کے اظہار سے کہیں زیادہ ہے۔ اس کے بیان میں ہرگز دریغ نہ کریں اور یہ خام خیال دل سے نکال دیں کہ کسی کی برائی کر کے ہم غیبت کے گناہ میں کیوں ملوث ہوں۔ غیبت بے شک گناہ ہے مگر ایسوں کی برائی کا اظہار غیبت ہی نہیں۔

آج کل کے بعض نام نہاد صوفی، پیر، عالم اپنا تقدس یوں ظاہر کرتے ہیں کہ ہمیں کسی کی بُرائی نہیں کرنی چاہیے، ہم سے سب اچھے ہیں۔ ہمارے ہی گناہ کیا کم ہیں کہ ہم دوسروں کی پگڑی اچھالیں اور ان کی غیبت کرتے پھریں۔ یہ بھی شیطانی فریب ہے اور حق کو ناحق میں ملانا ہے۔ اللہ کے بندوں کو گمراہی اور گمراہوں سے بچانا انبیاء کرام کی

سُنت کریمہ ہے جس کو ناکارہ اور ناقابلِ قبول تاویلوں سے ایسا نام نہاد صوفی، پیر چھوڑنا چاہتا ہے اور مقصود اس سے اس کا یہ ہوتا ہے کہ میں ہر دل عزیز بن جاؤں، کیوں کسی کو اپنا مخالف کروں۔ (بہارِ شریعت وغیرہ)

یوں ہی اولاد کی بے راہ روی کی اطلاع والدین کو شاگرد کی کجروی کی خبر استاد کو دینا اور بیوی کی بدچلنی سے شوہر کو آگاہ کرنا غیبت نہیں۔ انہیں مطلع کیا جا سکتا ہے اور اگر معلوم ہے کہ یہ کسی کا کہا نہ مانے گا اور اپنی حرکتوں سے باز نہ آئے گا یا خود اس کے ماں باپ وغیرہ اس پر تہمت جڑ دیں گے تو نہ کہے کہ بلاوجہ عداوت پیدا ہوگی اور انتشار بڑھے گا۔ (درمختار وغیرہ) مگر یہ ضرور ہے کہ ظاہر کرنے سے اس کی بُرائی مقصود نہ ہو بلکہ اصل مقصد یہ ہو کہ وہ لوگ اس بُرائی کی روک تھام کریں تاکہ اس کی بُری عادتیں چھوٹ جائیں۔ اس گئے گزرے دور میں بھی بزرگوں کی کچھ شنوائی ہو ہی جاتی ہے۔

(بہارِ شریعت وغیرہ)

مسئلہ: غیبت جس طرح زبان سے ہوتی ہے، فعل سے بھی ہوتی ہے۔ صراحت کے ساتھ برائی کی جائے یا اشاروں کنایوں میں۔ سب صورتیں حرام ہیں۔ سر وغیرہ کی حرکت سے بھی غیبت ہو سکتی ہے مثلاً کسی کی خوبیوں کا تذکرہ تھا اسے سر کے اشارے سے یہ بتانا چاہا کہ اس میں جو کچھ بُرائیاں ہیں ان سے تم واقف نہیں، یہ بھی غیبت میں داخل ہے۔ یونہی ہونٹوں، آنکھوں، بھوؤں اور زبان یا ہاتھ کے اشارہ سے بھی غیبت ہو سکتی ہے۔ ایسی تمام حرکتوں اور عادتوں سے بچنا چاہیے۔ (درمختار، ردالمحتار وغیرہ) ایک صورت غیبت کی نقل کی ہے بلکہ زبان سے کہہ دینے سے یہ زیادہ برا ہے کیونکہ نقل کرنے میں پوری تصویر کشی اور بات کو سمجھانا پایا جاتا ہے اور کہنے میں وہ بات حاصل نہیں ہوتی۔ (درمختار)

مسئلہ: ٹڈی حلال جانور ہے، اسے کھانے کے لیے مار سکتے ہیں اور ضرر سے بچنے کے لیے بھی اسے مار سکتے ہیں۔ چیونٹی نے ایذا پہنچائی اور اسے مار ڈالا تو حرج نہیں ورنہ مکروہ ہے۔ جوں کو مار سکتے ہیں۔ اگرچہ اس نے کاٹا نہ ہو اور آگ میں ڈالنا مکروہ ہے اور

جوں کو بدن یا کپڑے سے نکال کر زندہ پھینک دینا طریق ادب کے خلاف ہے۔ (عالمگیری) کھٹمل کو مارنا جائز ہے کہ یہ تکلیف دہ کیڑا ہے۔ (بہار شریعت) مگر کھولتا ہوا پانی ڈال کر کھٹمل نہ مارے۔

مسئلہ: مرد کو اجنبیہ عورت کا جھوٹا اور عورت کو اجنبی مرد کا جھوٹا مکروہ ہے۔ زوجین اور محارم (محرم مرد و عورت) کے جھوٹے میں حرج نہیں۔ (درمختار) اور کراہت اس صورت میں ہے جبکہ تلذذ (لذت حاصل کرنے) کے طور پر ہو اور اگر تلذذ مقصود نہ ہو بلکہ تبرک کے طور پر ہو جیسا کہ عالم باعمل اور باشرع پیر کا جھوٹا کہ لوگ اسے تبرک سمجھ کر کھاتے پیتے ہیں، اس میں حرج نہیں۔ (بہارِ شریعت)

مسئلہ: اگر جان، مال، آبرو کا اندیشہ ہو، ان کے بچانے کے لیے رشوت دیتا ہے یا کسی کے ذمہ اپنا حق ہے جو بغیر رشوت دیئے وصول نہیں ہوگا اور یہ اس لیے رشوت دیتا ہے کہ میرا حق وصول ہو جائے۔ یہ دینا جائز ہے۔ یعنی دینے والا گنہگار نہیں، مگر لینے والا ضرور گناہ گار ہے اس کو لینا جائز نہیں۔ اسی طرح جن لوگوں سے زبان درازی کا اندیشہ ہو جیسے بعض لچے شہدے ایسے ہوتے ہیں کہ سربازار کسی کو گالی دے دینا یا بے آبرو کر دینا ان کے نزدیک معمولی بات ہے ایسوں کو اس لیے کچھ دینا تاکہ ایسی حرکت نہ کریں، یہ جائز ہے۔ (درمختار) ہیجڑے، زنخے، گویئے، شادی بیاہ، ختنہ، عقیقہ بالخصوص لڑکے کی پیدائش کے موقع پر آدھمکتے ہیں، انہیں کچھ نہ کچھ دے کر ٹال دینا چاہیے۔ وہ بلا لیے ٹلیں گے نہیں۔ اور جب تک رہیں زبان درازی کرتے رہیں گے تو ایسی بلا کو ٹال دینا ہی عافیت ہے۔

مسئلہ: ماں باپ، دادا دادی جن کی یہ اولاد میں ہے۔ ان میں سے کسی کا نام لے کر پکارنا ممنوع و مکروہ ہے اور خلافِ ادب بھی ہے اور محرومی و بے برکتی کا موجب بھی، یوں ہی عورت کے لیے یہ بات مکروہ ہے کہ وہ شوہر کا نام لے کر پکارے۔ (درمختار وغیرہ) بعض جاہلوں میں یہ بات مشہور ہے کہ عورت اگر شوہر کا نام لے گی تو نکاح ٹوٹ جاتا ہے، یہ غلط ہے۔ شاید اس لیے گھڑا ہو کہ اس ڈر سے کہ طلاق ہو جائے گی، شوہر کا نام نہ لے

گی۔ (بہارِ شریعت)

مسئلہ: مرنے کی آرزو کرنا اور اس کی دعا مانگنا مکروہ ہے جبکہ کسی دنیاوی تکلیف کی وجہ سے ہو مثلاً تنگی سے بسر اوقات ہوتی ہے یا دشمن کا اندیشہ ہے۔ مال جانے کا خوف ہے اور اگر یہ باتیں نہ ہوں بلکہ لوگوں کی حالتیں خراب ہو گئیں، معصیت میں مبتلا ہیں، اسے بھی اندیشہ ہے کہ گناہ میں پڑ جائے گی تو آرزوئے موت مکروہ نہیں۔ (عالمگیری)

مسئلہ: زلزلہ کے وقت مکان سے نکل کر باہر آجانا جائز ہے۔ اسی طرح اگر دیوار جھکی ہوئی ہے گرنا چاہتی ہے تو اس کے پاس سے بھاگنا جائز ہے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: طاعون جہاں ہو، وہاں سے بھاگنا جائز نہیں اور دوسری جگہ سے وہاں جانا بھی نہ چاہیے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جو لوگ کمزور اعتقاد کے ہوں اور ایسی جگہ گئے اور مبتلا ہو گئے تو ان کے دل میں یہ بات آئے گی کہ یہاں آنے سے ایسا ہوا۔ نہ آتے تو کاہے کو اس بلا میں پڑتے اور بھاگنے میں بچ گیا تو یہ خیال کرے گا کہ وہاں ہوتا تو نہ بچتا، بھاگنے کی وجہ سے بچا۔ ایسی صورت میں بھاگنا اور جانا دونوں ممنوع۔ طاعون کے زمانہ میں عوام سے اکثر اسی قسم کی باتیں سننے میں آتی ہیں اور اگر اس کا عقیدہ پکّا ہے، جانتا ہے کہ جو کچھ مقدر میں ہوتا ہے، وہی ہوتا ہے نہ وہاں جانے سے کچھ ہوتا ہے، نہ بھاگنے میں فائدہ پہنچتا ہے تو ایسے کو وہاں جانا بھی جائز ہے اور نکلنے میں بھی حرج نہیں کہ اس کو بھاگنا نہیں کہا جائے گا اور حدیث میں مطلقاً نکلنے کی ممانعت نہیں بلکہ بھاگنے کی ممانعت ہے۔ (بہار شریعت)

مسئلہ: کافر کہ عمر بھر کفر کرتا رہے اور مرتے دم تک کفر سے توبہ نہ کی، اس کی مغفرت و بخشش کی دعا ہرگز ہرگز نہ کرے۔ ہاں ہدایت کی دعا کر سکتا ہے۔ (عالمگیری) کہ اللہ اسے راہِ راست پر لائے۔ یوں ہی بدمذہبوں، بے دینوں کے لیے ہدایت کی دعا کرے۔ انہیں مرحوم و مغفور رحمتہ اللہ علیہ وغیرہ کلمات دعائیہ ہرگز زبان سے ادا نہ کرے۔ عقائد کی کتابوں میں یہ مسئلہ مذکور ہے کہ جو کسی کافر کے لیے اس کے مرنے کے بعد مغفرت کی دعا کرے، یا کسی مردہ مرتد کو مرحوم یا مغفور یا کسی مُردہ ہندو (سکھ،

عیسائی، نصرانی، پارسی وغیرہ) کو بے کٹھ باشی (جنتی) کہے وہ خود کافر ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اسلام پر استقامت اور ایمان و اسلام اور مذہب اہلسنت پر خاتمہ نصیب فرمائے، آمین۔

مسئلہ: مکان میں پرند نے گھونسلا لگایا اور بچے بھی دیئے۔ بچھونے اور کپڑوں پر بیٹ گرتی ہے۔ ایسی حالت میں گھونسلا بگاڑنا اور پرند کو بھگا دینا نہیں چاہیے بلکہ اس وقت تک انتظار کرے کہ بچے بڑے ہو کر اُڑ جائیں۔ (عالمگیری)

مسئلہ: جماع کرتے وقت کلام مکروہ ہے بلکہ بچے کے گونگے یا توتلے ہونے کا خطرہ ہے۔ یوں ہی اس وقت عورت کی شرمگاہ پر نظر نہ کرے کہ بچے کے اندھے ہونے کا خطرہ ہے اور مرد و زن کپڑا اوڑھ لیں۔ جانوروں کی طرح برہنہ نہ ہوں کہ بچے کے بے حیا و بے شرم ہونے کا اندیشہ ہے۔ یہ مسئلہ عورتیں اپنے شوہروں کو بھی بتادیں۔

(عالمگیری، فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: نمازِ عشاء سے پہلے سونا اور بعد نمازِ عشاء دنیا کی باتیں کرنا، قصے کہانی کہنا، سننا مکروہ ہے۔ ضروری باتیں اور تلاوت قرآن مجید اور ذکر اور دینی مسائل اور صالحین کے قصے اور مہمان سے بات چیت کرنے میں حرج نہیں۔ یونہی طلوعِ فجر سے نمازِ فجر تک بلکہ طلوعِ آفتاب تک ذکرِ الٰہی اور خیر کے سوا ہر بات مکروہ ہے۔

(درمختار، ردالمحتار، عالمگیری)

مسئلہ: قمر در عقرب یعنی چاند جب برج عقرب میں ہوتا ہے تو سفر کرنے کو لوگ برا جانتے ہیں اور نجومی اسے منحوس بتاتے ہیں اور جب برج اسد میں ہوتا ہے تو کپڑے قطع کرانے اور سلوانے کو برا جانتے ہیں۔ ایسی باتوں کو ہرگز نہ مانا جائے۔ یہ باتیں خلافِ شرع اور نجومیوں کے ڈھکوسلے ہیں۔ یوں ہی نجوم کی اس قسم کی باتیں جن میں ستاروں کی تاثیرات بتائی جاتی ہیں کہ فلاں ستارہ طلوع کرے گا تو فلاں بات ہوگی۔ یہ بھی خلافِ شرع ہے۔ (بہارِ شریعت)

مسئلہ: حاکم پر لازم ہے کہ نجومیوں، قرعہ و فال والوں کو دکانوں اور راستوں پر نہ بیٹھنے دے اور نہ اس کام کے لیے اسے لوگوں کے گھروں میں جانے دے۔ (شرح فقہ اکبر) جو عورتیں ان کے پاس آتی جاتی اور فال نکلواتی ہیں۔ وہ دوہرے گناہ میں گرفتار ہوتی ہیں۔

مسئلہ: ایک شخص نے کسی کو اذیت پہنچائی۔ اس سے معافی مانگنا چاہتا ہے، مگر جانتا ہے کہ ابھی اسے غصہ ہے معاف نہیں کرے گا۔ معافی مانگنے میں تاخیر کی تو اس تاخیر میں یہ معذور نہیں۔ فرض کرلو اسی حالت میں مرگیا تو اس پر وبال رہے گا۔ ظالم نے مظلوم کو بار بار سلام کیا اور وہ جواب بھی دیتا رہا اور اس کے ساتھ اچھی طرح پیش آیا۔ یہاں تک کہ ظالم نے سمجھ لیا کہ اب وہ مجھ سے راضی ہے یہ کافی نہیں بلکہ معافی مانگنی چاہیے۔ (عالمگیری)

مسئلہ: ماہِ صفر کو جاہلوں میں منحوس سمجھا جاتا ہے۔ اس میں نہ شادی بیاہ کرتے میں نہ کوئی اور جائز تقریب بلکہ لڑکیوں تک کو اس ماہ میں رخصت کرنا معیوب و منحوس خیال کرتے ہیں حتیٰ کہ بعض لوگوں میں اس ماہ کے دوران سفر کرنے سے بھی سخت پرہیز کیا جاتا ہے۔ خصوصاً ماہ صفر کی ابتدائی تیرہ تاریخیں بہت زیادہ نحس مانی جاتی ہیں اور عورتیں ان کو تیرہ تیزی سے نام سے یاد کرتی ہیں بلکہ عورتوں کی زبان میں اس مہینہ ہی کو تیرہ تیزی کا مہینہ کہا جاتا ہے۔ یہ سب جہالت کی باتیں ہیں۔ حدیث شریف میں فرمایا کہ لَاصَفَرَ۔ صفر کوئی چیز نہیں یعنی لوگوں کا اسے منحوس سمجھنا غلط ہے۔ فقیر نے اپنے ہی قصبہ مارہرہ شریف ضلع ایٹہ یو۔پی کے ایک مشہور محلے شیش گراں میں علی الصباح دیکھا کہ ہر گھر کے سامنے گھڑے، مٹکے، مٹی کے پیالے اور دوسرے برتن ٹوٹے پڑے ہیں۔ بڑا تعجب ہوا۔ آخر کار اس محلّہ کے چند بوڑھوں سے پوچھا کہ یہ معاملہ کیا ہے۔ جواب ملا کہ آج تیرہ تیزی (صفر) کی تیرہ (۱۳) تاریخ ہے۔ برتنوں میں بلائیں اترتی ہیں اسی لیے انہیں توڑ پھوڑ کر ضائع کر دیا جاتا ہے کہ بلائیں ٹلیں۔ فقیر نے خاص اس موضوع پر ایک جمعہ میں بیان کیا کہ وہ بلائیں بھی خوب ہیں کہ چینی، شیشے اور تانبے کے برتنوں میں

نہیں اترتیں اور گھر والے ہی عجیب ہیں کہ قیمتی برتنوں کو بلاؤں سے محفوظ کر لیتے ہیں، مٹی کے برتنوں کی حفاظت نہیں کر پاتے۔ آخر کار آہستہ آہستہ وہ رواج ختم ہونا شروع ہوا۔

مسئلہ: ماہ صفر کا آخری چہار شنبہ ہندوستان و پاکستان میں بہت منایا جاتا ہے۔ لوگ اپنے کاروبار بند کر دیتے ہیں۔ سیر و تفریح و شکار کو نکل جاتے ہیں۔ قافلوں کی شکل میں، خاندان و گھرانے کے افراد، باغوں، دریاؤں کے کناروں یا ایسی ہی دوسری تفریح گاہوں میں ڈیرا جما دیتے ہیں۔ پوریاں بکتی ہیں۔ کڑاہیاں چڑھتی ہیں۔ پکوان تیار ہوتا ہے۔ پھر سب مل کر کھاتے پیتے ہیں۔ نہاتے دھوتے ہیں، خوشیاں مناتے اور دھما چوکڑی مچاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم نے اس روز غسلِ صحت فرمایا تھا اور بیرون مدینہ طیبہ سیر کے لیے تشریف لے گئے تھے۔ یہ سب باتیں بے اصل ہیں بلکہ ان دنوں میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا مرض وفات شریف شدت کے ساتھ تھا۔ یہ باتیں خلافِ واقع ہیں۔ (بہار شریعت وغیرہ)

مسئلہ: بالخصوص عورتیں ذی قعدہ کے مہینے کو بھی بہت بُرا جانتی ہیں اور ان کی زبان میں اس مہینہ کا نام ہی ہے "خالی کا مہینہ۔" گویا یہ تمام برکتوں سے خالی مہینہ ہے اور اسی لیے شادی بیاہ اور رخصتی جیسے اہم امور بھی اس مہینے میں انجام نہیں پاتے۔ یہ سب واہی تباہی باتیں ہیں۔ یوں ہی ہر ماہ کی ۳، ۱۳، ۲۳ اور ۸، ۱۸، ۲۸ تاریخیں بھی منحوس خیال کی جاتی ہیں۔ یہ بھی محض لغو ہے اور حیرت کی بات یہ ہے کہ جاہلوں کا یہ جادو پڑھے لکھے خاندانوں میں بھی چل گیا ہے اور ایسا کہ لاکھ سمجھاؤ، بات سمجھنے کا نام نہیں لیتیں، سن لیں گی مگر کریں گی وہی جو ان کے دماغوں پر مسلط ہے۔

روزمرہ زندگی سے متعلق چند اور مسائل

مسئلہ: بعض کتابوں میں مذکور ہے کہ تانبے کے برتن سے وضو کرنا ناقص ہے

حالانکہ تانبے کے برتن سے وضو کرنا اس میں کھانا پینا سب بلا کراہت جائز ہے۔ وضو میں کچھ نقصان نہیں آتا۔ ہاں قلعی کے بعد چاہیے۔ بے قلعی برتن میں کھانا پینا مکروہ ہے کہ جسمانی ضرر کا باعث ہے اور مٹی کا برتن تانبے سے افضل ہے۔ علماء نے وضو کے آداب و مستحبات سے شمار فرمایا کہ مٹی کے برتن سے ہو اور اس میں کھانا پینا بھی تواضع (وانکسار) سے قریب تر ہے۔ حدیث میں ہے جو اپنے گھر کے برتن مٹی کے رکھے، فرشتے اس کی زیارت کریں۔ (فتاویٰ رضویہ، ردالمحتار)

مسئلہ: کھانا کھاتے وقت جوتا اتار لینا سُنّت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں: جب کھانا کھانے بیٹھو تو جوتے اتار لو کہ اس میں تمہارے پاؤں کے لیے راحت ہے اور یہ اچھی سنت ہے۔ ہاں جوتا پہنے کھانا اگر اس عذر سے ہو کہ زمین پر (اکثروں) بیٹھا کھا رہا ہے اور فرش نہیں تو صرف ایک سُنّتِ مستحبہ کا ترک ہے۔ اس کے لیے بہتر یہی تھا کہ جوتے اتار لیتا، اور اگر میز پر کھانا ہے اور یہ خود کرسی پر تو یہ وضع خاص نصاریٰ کی ہے۔ اس سے دور بھاگے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ ارشاد یاد کرے کہ مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ۔ جو کسی قوم سے مشابہت پیدا کرے (یعنی انہیں کے طور طریق اپنائے) وہ انہیں میں سے ہے۔ کرسی پر کھڑے ہو کر کھانا پینا جس کا آج کل فیشن چل نکلا ہے خلافِ سُنّت و خلافِ آداب کھانا کھانے کے علاوہ پورا اتباعِ نصاریٰ کا ڈھانچہ ہے۔ مغربی تہذیب کے متوالے، اسلامی طور و طریق چھوڑ کر یہود و نصاریٰ کے نقش قدم پر چل رہے ہیں جبکہ یہ راستہ جہنم کا راستہ ہے۔

مسئلہ: کھانا کھاتے وقت روٹی کے چار ٹکڑے اس نیت سے کرنا کہ دوسرے انہیں سنی مسلمان، چاروں خلفاء کے ماننے والے، چاروں کی خلافت کو حق جاننے والے سمجھیں اور بچوں کے دلوں میں بھی یہ عقیدہ راسخ ہو جائے کہ چاروں خلفاء کا ماننا فرض ہے تو اس میں حرج نہیں۔ بلکہ اگر رافضیوں کے سامنے ان کے چڑانے کو چار کریں تو یہ نیت محمود ہے اور انشاء اللہ اس پر ثواب پائے گا۔ ہاں جو سنی مسلمان ایسا نہ کرے اسے عیب لگانا، خود معیوب ہے۔ (فتاویٰ رضویہ وغیرہ)

مسئلہ: پان میں تمباکو کا استعمال اگر اس حد تک ہو کہ نقصان پہنچے اور حواس میں خلل پڑے، حرام ہے اور اس طرح کہ منہ سے بدبو آنے لگے مکروہ۔ اور اگر تھوڑا تمباکو خصوصاً مشک وغیرہ سے خوشبو کر کے پان میں کھائیں اور ہر بار کھا کے کلیوں سے خوب منہ صاف کر لیں کہ بو نہ آنے پائے تو خالص مباح ہے۔ بو کی حالت میں کوئی وظیفہ نہ چاہیے۔ منہ اچھی طرح صاف کرنے کے بعد ہو اور قرآن کریم تو حالت بدبو میں پڑھنا اور بھی سخت ہے۔ تلاوت کے وقت ضرور منہ بالکل صاف کر لیں۔ فرشتوں کو قرآنِ عظیم کا بہت شوق ہے اور عام ملائکہ کو تلاوت کی قدرت نہ دی گئی۔ جب مسلمان قرآن شریف پڑھتا ہے فرشتہ اس کے منہ پر اپنا منہ رکھ کر تلاوت کی لذت لیتا ہے اور جو آیت اس کے منہ سے نکلتی ہے، فرشتے کے منہ میں داخل ہوتی ہے۔ اس وقت اگر منہ میں کھانے کا کسی چیز کا لگاؤ ہوتا ہے، فرشتے کو ایذا ہوتی ہے۔ (فتاویٰ رضویہ)

مسئلہ: بیڑی سگریٹ اور حقہ پینا جیسا کہ تمام شہروں یہاں تک کہ علماء و فضلاء میں رائج ہے، اور عرب و عجم، مشرق و مغرب کے عام مسلمانوں میں مروج ہے اور جن کا چرچا آج کل عوام و خواص میں شائع ہے، شرعاً جائز و مباح ہے۔ ان کے حرام ہونے کی کوئی وجہ ہے نہ کراہت کی۔ اگرچہ ان کی بو طبیعت کو ناپسند ہے تو یہ طبعی مکروہ ہو سکتا ہے، شرعاً مکروہ نہیں۔ ہاں اگر ان کو نشہ لانے کی غرض سے خاص طور پر پیا جائے اور اس سے عقل میں فتور پیدا ہو اور جسمانی نقصان پہنچے تو یہ خاص صورت ضرور ناجائز و حرام ہوگی۔ (فتاویٰ رضویہ وغیرہ)

مسئلہ: کبوتر پالنا جائز ہے جبکہ دوسروں کے کبوتر نہ پکڑے بلکہ بعض احادیث میں سرخ کبوتروں کے پالنے پر برکت کا وعدہ آیا ہے اور کبوتر اڑانا کہ گھنٹوں ان کو اترنے نہیں دیتے اور انہیں بھوکا پیاسا اڑنے پر مجبور کرتے ہیں، حرام ہے۔ پھر دیکھا گیا ہے کہ کبوتر اڑانے والے کبوتر اڑانے کے لیے مکانوں کی چھتوں پر بھی چڑھتے ہیں، اگر ایسا ہے تو اور بھی زیادہ حرام۔ ظاہر ہے کہ اب اس کی نظریں دوسروں کے مکانوں، کمروں، صحنوں میں بھی پڑیں گی اور عموماً ان میں عورتیں، بوڑھی، جوان، بیاہی، بن بیاہی رہتی

ہیں تو یہ ان کی بے پردگی بھی ہوئی اور یہ اس کا خیال نہیں کرتا تو اس کی بے شرمی اور بے حسی بھی۔ ایسے کو اس شنیع و قبیح حرکت سے سختی سے منع کیا جائے اور اہلِ محلّہ اس سے سخت بازپُرس کریں اور اب یہ زمانہ تو نہیں کہ خود سزا دیں لہٰذا حکومت کو مطلع کریں۔ اب حکومت کے کارندے اس کے تمام کبوتر جنہیں وہ اڑاتا اور ان کے اڑانے کے لیے ان پر کنکریاں پھینکتا اور دوسروں کو ناحق ایذا دیتا تھا، ذبح کر کے خود اسی کو دے دیں کہ کھائے اور کھلائے تاکہ اڑانے کا یہ سلسلہ ہی منقطع ہو جائے۔ دوسروں کو عبرت بھی ہو اور عورتیں اس کی بدنگاہی سے بھی بچیں۔ (درمختار وغیرہ)

مسئلہ: مردوں کو دیکھا دیکھی اب عورتیں بھی تاش و شطرنج کھیلنے لگی ہیں۔ حالانکہ یہ دونوں کام مردوں کے لیے ناجائز ہیں تو عورتوں کے لیے ناجائز تر اور تاش کھیلنا شطرنج سے بھی زیادہ بُرا کہ اس میں تصاویر بھی ہیں۔ (فتاویٰ رضویہ وغیرہ)

مسئلہ: اندھے سے پردہ ویسا ہی ہے جیسا آنکھ والے سے اور اس کا گھر میں جانا، عورت کے پاس بیٹھنا ویسا ہی ہے جیسا آنکھ والے کے پاس بیٹھنا جیسا کہ احادیث میں وارد ہے۔

مسئلہ: آج کل یورپ کی تقلید کی کچھ ایسی ہوا چلی ہے اور مسلمانوں پر یورپ کی تہذیب کا کچھ ایسا بھوت سوار ہے کہ کھانے پینے، پہننے، رہن سہن میں اسی گندی تہذیب کی گندگیاں جگہ جگہ نظر پڑتی ہیں۔ انگریزوں کی دیکھا دیکھی مسلمانوں میں بھی چھری کانٹے سے کھانے کا رواج آتا جا رہا ہے۔ عموماً بڑے گھرانے ہی اس تہذیب کا جلدی شکار ہو جاتے ہیں۔ شرعاً یہ نہایت مذموم طریقہ ہے۔ حدیث میں ہے کہ گوشت کو ذانت سے نوچ کر کھاؤ کہ یہ خوشگوار اور زود ہضم ہے اور اگر بوجہ ضرورت چھری سے گوشت کاٹ کر کھایا جائے مثلاً گوشت اتنا گلا ہوا نہیں ہے کہ ہاتھ سے توڑا یا دانتوں سے نوچا جا سکے یا مثلاً مسلم ران بھنی ہوئی ہے کہ دانتوں سے نوچنے میں دقت ہوگی تو اب چھری سے کاٹ کر کھانے میں حرج نہیں۔ اسی قسم کے بعض مواقع پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا چھری سے کاٹ کر تناول فرمانا آیا ہے۔ اس سے آج کل کے

چھری کاٹنے سے کھانے کی دلیل لانا صحیح نہیں۔

یوں ہی ضرورت ہو تو روٹی کو بھی چھری سے کاٹنا درست ہے۔ مثلاً ڈمل روٹی کو چھری سے کاٹ کر اس کے ٹکڑے کر لیے جاتے ہیں تو حرج نہیں۔ یا دعوتوں میں شیرمال کے دو دو یا چار چار ٹکڑے کر لیے جاتے ہیں تاکہ برباد نہ ہو تو اس میں بھی حرج نہیں۔

(بہار شریعت وغیرہ)

اور روٹی کو دانت سے کاٹ کر کھانا حد درجہ معیوب اور بے برکتی کا باعث ہے۔ یوں ہی کھڑے کھڑے کھانا کہ سنت نصاریٰ بھی ہے۔

مسئلہ: کھانا کھاتے وقت اگر کوئی آجاتا ہے تو رواج یہ ہے کہ اسے کھانے کو پوچھتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ آؤ کھانا کھاؤ۔ اگر نہ پوچھیں تو طعن کرتے ہیں کہ انہوں نے پوچھا تک نہیں۔ یہ بات یعنی دوسرے مسلمان کو کھانے کے لیے بلانا اچھی بات ہے مگر بلانے والے کو یہ چاہیے کہ یہ پوچھنا محض نمائش کے لیے نہ ہو بلکہ دل سے پوچھے بلکہ اگر اسے کوئی معقول عذر نہ ہو تو اصرار کر کے کھلائے کہ مفت کا ثواب ہاتھ آتا ہے وہ کھائے گا تو تمہارے خوان پر اپنا رزق کھاتا ہے تو تمہارے لیے مقام شکر ہے۔ یہ بھی رواج ہے کہ جب پوچھا جاتا ہے تو وہ کہتا ہے "بسم اللہ" یہ نہ کہنا چاہیے۔ یہاں "بسم اللہ" کہنے کے کوئی معنی نہیں کہ مسلمان بسم اللہ پڑھ کر ہی کھانا شروع کرتا ہے اور وہ پڑھ چکا۔ علماء کرام نے اس موقع پر بسم اللہ کہنے کو بہت سخت ممنوع فرمایا بلکہ ایسے موقع پر دعائیہ الفاظ کہنا بہتر ہے۔ مثلاً بارک اللہ یا اردو میں کہہ دے اللہ تعالیٰ برکت دے، زیادہ دے۔

(بہار شریعت وغیرہ)

اور بزرگوں کا معمول یہ ہے کہ کھانے سے فارغ ہو کر یہ کہتے ہیں کہ کھانا بڑھاؤ یا برتن بڑھاؤ۔ کھانا یا برتن اٹھاؤ نہیں کہتے۔ کھانا بڑھنا یا برتن بڑھنا کھانے میں برکت اور فراخی و وسعت کی ضمناً دعا ہو جاتی ہے۔

مسئلہ: پانی، نمک اور آگ کا منع کرنا حلال نہیں۔ حدیث شریف میں فرمایا گیا کہ جس نے نمک اور آگ دے دی، گویا اس کے اس تمام کھانے کو صدقہ کیا جو اس آگ

اور نمک سے درست کیا گیا اور جس نے مسلمانوں کو اس جگہ پانی کا گھونٹ پلایا جہاں پانی ملتا ہے تو گویا گردن کو آزاد کیا اور جس نے مسلمان کو ایسی جگہ پانی کا گھونٹ پلایا جہاں پانی نہیں ملتا تو گویا اس نے اسے زندہ کر دیا۔ (ابن ماجہ) تو جتنا ثواب پانی دینے پر ہے بلاوجہ شرعی پانی نہ دینے پر اتنا ہی وبال بھی ہونا چاہیے۔ اس لیے پانی نہ پلانا شقاوت کی نشانی ہے۔ اور آگ کے قائم مقام آج کل دیا سلائی یا لائٹر قسم کی چیزیں بھی ہیں۔

مسئلہ: ایسی چھوٹی چھوٹی چیزیں جو عادتاً ہمسائے ایک دوسرے سے مانگتے رہتے ہیں اور ان کا مانگنا بری یا ذلت کی بات بھی نہیں سمجھی جاتی کیونکہ امیر و غریب سب ہی کو کسی نہ کسی وقت ان کی ضرورت پیش آتی رہتی ہے اور ہمسائے ایک دوسرے سے عاریتاً لے کر عموماً جوں کی توں واپس کر دیا کرتے ہیں۔ ایسی چیزوں کو دینے سے بخل برتنا اخلاقاً ایک ذلیل اور گری ہوئی بات سمجھا جاتا ہے اور بات ہے بھی ایسی ہی کہ یہ حرکتیں وہی کرتے ہیں جن کے دل مخلوق خدا کی ہمدردی سے اس قدر خالی ہیں کہ کسی کی معمولی سی اعانت بھی انہیں گوارا نہیں ہوتی بلکہ گراں گزرتی ہے۔ ایسوں کی بُرائی کا ذکر سورۃ الماعون میں بھی آیا ہے۔

مسئلہ: مغربی تہذیب کے متوالوں یا ان کے ریس کرنے والوں میں بدستور یہ ہے کہ بالخصوص کھانا کھاتے وقت دائیں ہاتھ سے پانی پینا خلاف تہذیب جانتے ہیں۔ ان کی یہ تہذیب، تہذیب نصاریٰ تو کہی جا سکتی ہے، اسلامی تہذیب یہ ہے کہ پانی بسم اللہ کہہ کر دہنے ہاتھ سے بیٹھ کر پیئے اور تین سانس میں پیئے اور ہر مرتبہ برتن سے منہ ہٹا کر سانس لے۔ پہلی اور دوسری مرتبہ ایک گھونٹ پیئے اور تیسری سانس میں جتنا چاہے، پی لے۔ اس طرح پینا خوشگوار بھی ہے اور زود ہضم بھی۔

گلاس میں بچے ہوئے پانی کو اگرچہ وہ صاف ستھرا ہو، لوگ جھوٹا کہہ کر پھینک دیتے ہیں۔ یہ ہندوؤں کی تہذیب ہے۔ اسلام میں چھوت چھات نہیں، مسلمان کے جھوٹے سے بچنے کے کوئی معنی نہیں بلکہ یہ خواہ مخواہ صاف اور قابل استعمال پانی کو ضائع کرنا اور اسراف ہے اور اسراف حرام ہے۔

مسئلہ: بچوں کو بسم اللہ پڑھانے کے موقع پر چاندی کی دوات، قلم اور تختی لا کر رکھتے ہیں۔ یہ چیزیں استعمال میں نہیں آتیں بلکہ پڑھانے والے کو دے دیتے ہیں۔ اس میں حرج نہیں۔ (بہار شریعت) بلکہ بہتر ہے کہ احسن طریقہ پر ایک مسلمان کی جو قابلِ عزت ولائقِ تعظیم ہے اعانت بھی ہوگی اور دینے والے کی قلبی مسرت کا سامان بھی۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ ریا نہ آنے پائے۔

مسئلہ: جب لڑکے اور لڑکی کی عمر دس سال کی ہو جائے تو ان کو الگ الگ سلانا چاہیے۔ یعنی لڑکا جب اتنا بڑا ہو جائے تو اپنی ماں، بہن یا کسی عورت کے ساتھ نہ سوئے اور لڑکی جب اس عمر تک پہنچ جائے تو وہ اپنے باپ، بھائی یا کسی اور مرد کے پاس نہ سوئے بلکہ میاں بیوی جب ایک چارپائی پر سوئیں تو دس برس کے بچے کو خواہ لڑکا ہو یا لڑکی، اپنے ساتھ نہ سلائیں۔ (درمختار وغیرہ)

مسئلہ: اگر ایسے مکان میں جانا ہو کہ اس میں کوئی نہیں تو یہ کہنا چاہیے:

اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ۔ سلام ہم پر اور اللہ کے صالح بندوں پر۔

فرشتے اس سلام کا جواب دیں گے۔ (درمختار) یا اس طرح کہے:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ۔ اے اللہ کے نبی آپ پر سلام۔

کیا عجب کہ یہ سلام قبول ہو جائے اور جواب میں سلامتیوں اور رحمتوں سے نوازا جائے کیونکہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی روح مبارک مسلمانوں کے گھروں میں موجود ہے۔ (مرقاۃ)

مسئلہ: اکثر جگہ بالخصوص عورتوں میں یہ طریقہ ہے کہ چھوٹا جب بڑے کو سلام کرتا ہے تو جواب میں کہہ دیتا ہے "جیتے رہو۔" یہ سلام کا جواب نہیں بلکہ یہ جواب زمانہ جاہلیت میں کفار دیا کرتے تھے، وہ کہتے تھے:

حَيَّاكَ اللّٰهُ۔ یعنی اللہ تمہیں جیتا رکھے۔

اسلام نے یہ بتایا کہ جواب میں وعلیکم السلام کہا جائے۔ اگرچہ کسی نے کہا سلام تو

سلام کہہ دینے سے بھی جواب ہو جائے گا۔ (بہار شریعت وغیرہ)

مسئلہ: بہت لوگ چھینک کو بدفالی خیال کرتے ہیں۔ مثلاً آدمی کسی کام کے لیے جا رہا ہے اور کسی کو چھینک آگئی تو سمجھتے ہیں کہ اب وہ کام پورا نہیں ہو گا۔ یہ جہالت ہے کہ بدفالی کوئی چیز نہیں اور ایسی چیز کو بدفالی کہنا جس کو حدیث میں شاہد عدل (سچا گواہ) فرمایا اور بھی سخت غلطی ہے۔ (بہار شریعت)

مسئلہ: چھت پر چڑھنے میں دوسروں کے گھروں میں نگاہ پہنچتی ہے تو وہ لوگ چھت پر چڑھنے سے منع کر سکتے ہیں جب تک پردہ کی دیوار نہ بنوالے یا کوئی اور ایسی چیز نہ لگالے، جس سے بے پردگی نہ ہو اور اگر دوسرے لوگوں کے گھروں میں نظر نہیں پڑتی، مگر وہ لوگ جب چھت پر چڑھتے ہیں تو سامنا ہوتا ہے تو اس کو چڑھنے سے منع نہیں کر سکتے بلکہ مستورات کو یہ چاہیے کہ وہ خود چھتوں پر نہ چڑھیں تاکہ بے پردگی نہ ہو۔ (در مختار)

مسئلہ: کسی کے مال پر دباؤ اور دھونس سے علانیہ، اس کے قبضہ کو ہٹا کر اپنا قبضہ میں لے لینا غصب کہلاتا ہے اور حدیث شریف میں فرمایا کہ جو شخص پرایا مال لے گا وہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ سے کوڑھی ہو کر ملے گا۔ (طبرانی)

مسئلہ: اپنا کام نکالنے کے لیے ایک نے دوسرے سے کوئی چیز عاریتاً (مانگ) لی اور وہ چیز ہلاک ہو گئی تو اگر اس نے اس سے اسی طرح کا کام لیا جو کام کا طریقہ ہے اور چیز کی حفاظت کی اور اس پر جو خرچ کرنا مناسب تھا، خرچ کیا تو ہلاک ہونے پر تاوان نہیں۔ اگرچہ عاریت دیتے وقت یہ شرط کر لی ہو کہ ہلاک ہونے پر تاوان دینا ہو گا کہ یہ شرط باطل ہے۔ (البحرالرائق)

مسئلہ: کسی کو کوئی چیز بلاعوض ہبہ یا بخشش کے طور پر دینے کے بعد واپس لینا بہت بری بات ہے۔ حدیث میں ارشاد ہوا اس کی مثال ایسی ہے جس طرح کتا قے کر کے پھر چاٹ لے۔ لہٰذا مسلمان کو اس سے بچنا ہی چاہیے۔ بعض اوقات بعض لوگ اوچھے پن

پر اتر کر ایسا مطالبہ کر بیٹھتے ہیں کہ لاؤ، ہماری فلاں چیز واپس کرو۔ یہ بڑی اوچھی اور گری ہوئی حرکت ہے۔

مسئلہ: آج کل دیکھا جاتا ہے کہ بہت سی عورتیں، دوسرے کے برتنوں کو جن میں کوئی چیز بطور تحفہ و ہدیہ آئی اور اس وقت برتن کسی وجہ سے واپس نہ کیے گئے، بلا تکلف اپنے گھر میں استعمال کر لیتی ہیں، حالانکہ ان کو اپنے استعمال میں لانا جائز نہیں، وہ اس کے پاس امانت کے طور پر ہیں۔ (عالمگیری)

مسئلہ: عورت نے ایسے شخص کی ملازمت کی جو بال بچوں والا ہے۔ اس میں حرج نہیں جیسا کہ عموماً شہروں میں کھانا پکانے اور گھر کے کاموں کے لیے مامائیں نوکر رکھی جاتی ہیں، مگر یہ خیال رکھنا ضروری ہے کہ مرد کو اس کے ساتھ تنہائی نہ ہو۔

مسئلہ: ناواقف مسلمان مردوں اور عورتوں میں یہ مسئلہ بہت مشہور ہے کہ قطب کی طرف پاؤں نہ پھیلانا چاہیے۔ قطب عوام میں ایک ستارے کا نام ہے کہ قطب شمالی کے قریب ہے تو ستارے تو چاروں طرف ہیں کسی طرف پاؤں نہ پھیلائیں تو آدمی کرے کیا؟ ہاں اگر یہ خیال کرے کہ ان علاقوں میں جانب شمال میں حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مزار اقدس ہے اور اس لیے پاؤں ادھر نہ پھیلائے تو اسے لغو حرکت نہ کہنا چاہیے۔

مسئلہ: تنکے سے خلال کرنا سنت ہے اور خلال کرنے میں جو کچھ دانتوں سے ریشہ وغیرہ نکلا، بہتر ہے کہ اسے پھینک دے اور نگل گئی تو اس میں بھی حرج نہیں۔ پھول اور میوے کے تنکے سے خلال نہ کرے بلکہ خلال کے لیے نیم کی سینک بہت بہتر ہے کہ اس کی تلخی سے منہ کی صفائی ہوتی ہے اور یہ مسوڑوں کے لیے بھی مفید ہے۔ جھاڑو کی سینکیں بھی اس کام میں لا سکتے ہیں جبکہ وہ کوری ہوں، مستعمل نہ ہوں۔

(عالمگیری، بہارِ شریعت)

مسئلہ: سفر پر جانے والے کے بازو پر امام ضامن کا پیسہ باندھا جاتا ہے۔ اس کی

حقیقت نہیں۔ (الملفوظ ۳) مسافر کو نیک دعاؤں سے رخصت کرو اور برابر دعائے خیر میں یاد رکھو۔ ہاں امام ضامن علی رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نام کی فاتحہ دلا دی جائے تو امید رکھنی چاہیے کہ خداوند تعالیٰ، امام علی رضا اور دوسرے ائمہ و بزرگانِ دین کے طفیل اسے اپنی امان و ضمان میں رکھے۔ واللہ اعلم۔

مسئلہ: بچہ پیدا ہونے کے بعد پہلا کام یہ کیا جائے کہ نہلا کر اذان و اقامت بچہ کے کان میں کہہ دی جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ بچہ "ام الصبیان" سے (کہ ایک خبیث بلا ہے) عمر بھر محفوظ رہتا ہے۔ (الملفوظ، حصہ سوم)

مسئلہ: کوئی نامحرم نہ ہو اور گھر کے اندر ہوں اور گانا نہ گائیں تو عورتوں کے واسطے بھی جھولا جھولنا جائز ہے کہ یہ بدن کی ریاضت ہے۔ بعض امراض میں اطباء مفید بتاتے ہیں۔ (الملفوظ ۳)

مسئلہ: آفتاب کے غروب ہونے کے بعد چاند جب روشن ہوتا ہے، اس وقت سرکش جن زمین پر منتشر ہوتے ہیں۔ اسی واسطے حدیث میں آیا ہے اپنے بچوں کو روکے رکھو مغرب سے عشاء تک، یعنی گھر سے باہر نہ نکلنے دو۔

مسئلہ: کامدار جوتے پر اگر جھوٹا کام ہو تو مطلقاً مکروہ ہے حتیٰ کہ عورتوں کو بھی اور اگر سچا ہے تو چار انگل سے کم مردوں کو جائز ہے۔ اس سے زیادہ نہیں اور عورتوں کو مطلقاً جائز ہے۔ (درمختار وغیرہ)

مسئلہ: عصر کے بعد کھانے پینے سے بہت سے مرد اور عورتیں پرہیز کرتی ہیں، یہ کوئی شرعی مسئلہ نہیں۔ البتہ صوفیاء کا طریقہ رہا کہ ان کے نزدیک رات طالبان حق کی عید ہے اور عید سے پہلا روزہ ہوتا ہے تو عصر و مغرب کے مابین کو وہ روزہ کی طرح گزارتے ہیں اور شب بیداری میں مصروف رہتے ہیں۔ اگر یہی نیت رکھی جائے کہ بزرگوں کا اتباع مقصود ہے تو کوئی حرج نہیں۔

مسئلہ: سونے چاندی کے برتن میں کھانا پینا اور ان پیالیوں سے تیل لگانا یا ان کے

عطر دان سے عطر لگانا یا ان کی سلائی یا سرمہ دانی سے سرمہ لگانا ان کے آئینہ میں منہ دیکھنا ان کے قلم دوات سے لکھنا مرد عورت دونوں کے لیے منع ہے۔ عورتوں کو سونے چاندی کے زیور پہننے کی اجازت ہے۔ زیور کے سوا دوسری طرح سونے چاندی کا استعمال مرد و عورت دونوں کے لیے ناجائز ہے۔ سونے چاندی کی آرسی پہننا عورت کے لیے جائز ہے مگر اس آرسی میں منہ دیکھنا عورت کے لیے بھی ناجائز ہے۔ (درمختار وغیرہ) ہاں برتن پر سونے چاندی کا ملمع ہو تو اس کے استعمال میں حرج نہیں۔ (ہدایہ)

مسئلہ: مکان کو چاندی سونے ریشم سے آراستہ کرنا مثلاً دیواروں، دروازوں پر ریشمی پردے لٹکانا اور جگہ جگہ قرینے سے، سونے چاندی کے ظروف اور دوسری چیزیں سجا کر رکھنا، جس سے مقصود محض آرائش و زیبائش ہو تو کراہت ہے اور اگر تکبر یا تفاخر (اترانے) سے ایسا کرتا ہے تو ناجائز ہے۔ (ردالمحتار) غالباً کراہت کی وجہ یہ ہوگی کہ ایسی چیزیں اگرچہ ابتداءً تکبر سے نہ ہوں مگر بالآخر عموماً ان سے تکبر پیدا ہو جایا کرتا ہے۔

(بہار شریعت)

مسئلہ: مرد کو سونے چاندی کے بٹن کرتے یا اچکن میں لگانا جائز ہے جس طرح ریشم کی گھنڈی جائز ہے۔ (درمختار) یعنی جبکہ بٹن بغیر زنجیر ہوں اور اگر زنجیر والے بٹن ہوں تو ان کا استعمال ناجائز ہے کہ زنجیر زیور کے حکم میں ہے جس کا استعمال مرد کو ناجائز ہے۔ (بہار شریعت)

مسئلہ: نابالغ لڑکوں کو بھی ریشم کے کپڑے پہنانا حرام ہے اور گناہ پہنانے والے پر ہے۔ (عالمگیری) کہ قصور مند یہ ہیں نہ کہ وہ۔

مسئلہ: ایامِ محرم میں یعنی پہلی محرم سے بارہویں تک دو قسم کے رنگ نہ پہنے جائیں۔ (۱) سیاہ کہ یہ رافضیوں کا طریقہ ہے۔ (۲) اور سرخ کہ یہ خارجیوں کا طریقہ ہے کہ وہ معاذ اللہ اظہارِ مسرت کے لیے سرخ پہنتے ہیں۔ (اعلیٰ حضرت قدس سرہ، بہار شریعت)

مسئلہ: عورتوں کو بالخصوص چوڑی دار پاجامہ نہیں پہننا چاہیے کہ اس میں پنڈلیوں

وغیرہ کی پوری ہیئات نظر میں آجاتی ہے۔ عورتوں کے پاجامے ڈھیلے ڈھالے ہوں جیسے کہ شلواریں اور نیچے ہوں کہ قدم چھپ جائیں۔ ان کے لیے جہاں تک پاؤں کا زیادہ حصہ چھپے، اچھا ہے۔ (بہار شریعت وغیرہ)

مسئلہ: آنے والے نے سلام نہیں کیا اور بات چیت شروع کر دی تو اسے اختیار ہے کہ اس کی بات کا جواب نہ دے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم نے فرمایا کہ جس نے سلام سے قبل کلام کیا، اس کی بات کا جواب نہ دو۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: آنے کے وقت بھی سلام کرے اور جاتے وقت بھی۔ (ردالمحتار)

مسئلہ: جس کو چھینک آئی، وہ یہ کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ یا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ اور اس کے جواب میں دوسرا شخص یوں کہے یَغْفِرُ اللّٰہُ لَنَا وَلَکُمْ یا یہ کہے یَھْدِیْکُمُ اللّٰہُ وَیُصْلِحُ بَالَکُمْ۔ اس کے سوا کوئی بات نہ کہے۔
(عالمگیری)

اسلامی تہذیب کے چند ابواب

گر تو می خواہی مسلماں زیستن
نیست ممکن جز بہ قرآں زیستن

مولائے کریم جل جلالہ و عم نوالہ کا لاکھ لاکھ شکر و احسان کہ اس نے اسلام دیا، مسلمان کیا اور اپنی پناہ اور اپنے حبیب لبیب علیہ التحیۃ والثناء کے جوار رحمت میں لیا۔ دولتِ ایمان بخشی اور جوہرِ عقل کو، اس چراغ سے جلادی اور پھر حضور خاتم النبیین صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم کے طفیل میں وہ سیاست و تمدن اور وہ تہذیب عطا فرمائی کہ ہر اعتبار سے کامل و مکمّل و مکمِّل ہے۔ زندگی کے وہ آداب سکھائے کہ ہر تہذیب و تمدن سے بے نیاز و مستغنی بنا دیا۔ زندگی کے پہلے سانس سے، زیست کی آخری ہچکی تک ہر مرحلہ ہر منزل پر ہدایت و رہنمائی کے فانوس آویزاں کر دیئے۔ خوش نصیب ہیں وہ جو

ان انوارِ ہدایت سے فیض حاصل کرتے ہیں اور اپنی دنیا، اپنی آخرت، اپنا دین، اپنی عاقبت سنوارتے ہیں اور بدنصیب و بے بہرہ ہیں جو اس دریائے رواں کے قریب رہتے ہوئے بھی سرابِ یورپ پر مرمٹیں اور مغربی تہذیب و تمدن پر فریفتہ ہو کر اپنی جان تک سے گزر جائیں۔

بہرحال ہم اس مختصر کتاب میں رہنے سہنے، کھانے پینے، چلنے پھرنے، اٹھنے بیٹھنے، سونے جاگنے وغیرہ ضروری مشاغل سے متعلق بھی چند آداب بیان کرتے ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ ہماری مائیں، بہنیں، بیٹیاں بالخصوص انہیں غور و توجہ سے پڑھیں گی کہ ان کی گودیں، قوم کے ہونہاروں کی گودیں ہیں۔ آج نہیں تو کل انہیں اولاد کی تربیت اور اپنے معاشرہ و ماحول اور اپنے گھرانے کی اصلاح کرنی ہے اور یہ کتاب انشاء اللہ ان کی بہترین ساتھی ثابت ہوگی۔

رات دن کی مصروفیات اور ضروری مشاغل میں اسلامی تہذیب کے یہ آداب ہمیشہ اور ہر آن آپ کو ذہن نشین رکھنے چاہئیں تاکہ آپ خود بھی اس سے زیادہ سے زیادہ آرام پائیں اور دوسروں کے لیے بھی کسی ناگواری، نفرت یا تکلیف کا باعث نہ بنیں۔ جو کام خوبی، خوبصورتی اور عمدگی سے انجام دیا جاتا ہے وہ اوروں کے لیے بھی جاذبِ نظر اور نمونۂ عمل بنتا ہے، لوگ اسے اچھی نگاہوں سے دیکھتے اور عزت کا مقام دیتے ہیں اور جن کاموں میں پھوہڑپن اور بدسلیقگی اور لاپرواہی و بے توجہی پائی جاتی ہے وہ بگڑتے بھی ہیں اور کرنے والوں کی عزت و آبرو بھی لے ڈوبتے ہیں۔ خداوندِ قدوس ہماری آپ کی دستگیری فرمائے اور اسلامی تعلیمات پر عمل پیرا رہنے کی توفیق دے۔

(آمین)

کھانے پینے کے آداب

(۱) کھانے سے پہلے اور کھانے کے بعد دونوں ہاتھ گٹوں تک دھونا چاہئیں۔ بعض لوگ صرف ایک ہاتھ یا انگلیاں دھو لیتے ہیں بلکہ صرف چٹکی دھونے پر کفایت کرتے

ہیں، اس سے سنت ادا نہیں ہوتی۔

(۲) کھانے سے پہلے ہاتھ دھو کر پونچھے نہ جائیں اور کھانے کے بعد دھو کر رومال یا تولیہ سے پونچھ لیں کہ کھانے کا اثر، چکنائی وغیرہ لگی نہ رہے۔

(۳) کھانا بسم اللہ پڑھ کر شروع کیا جائے کہ کھانا جو زندگی کی بقا اور جسم کے قیام کا اصلی ذریعہ ہے اس میں نام خدا کی برکتیں شامل رہیں۔ حدیث شریف میں آیا کہ جب کوئی شخص کھانا کھائے تو یہ کہے اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْہِ وَاَبْدِلْنَا خَیْرًا فِیْہِ۔

(۴) اگر بسم اللہ کہنا بھول جائے تو جب یاد آئے یہ کہہ لے بِسْمِ اللّٰہِ فِیْ اَوَّلِہٖ وَ آخِرِہٖ۔

(۵) بسم اللہ بلند آواز سے کہے کہ ساتھ والوں کو اگر یاد نہ ہو تو اس سے سن کر انہیں یاد آجائے اور کھانے کی برکتیں سب کو حاصل ہوں۔

(۶) روٹی پر کوئی چیز نہ رکھی جائے۔ حدیث شریف میں فرمایا کہ روٹی کا احترام کرو کہ یہ چیز جب کسی قوم سے بھاگی ہے تو لوٹ کر نہیں آئی۔ یعنی ناشکری کی وجہ سے کسی قوم کا رزق چلا جاتا ہے تو پھر واپس نہیں آتا۔

بعض لوگ سالن کا پیالہ یا چٹنی کی پیالی یا نمک دانی وغیرہ روٹی پر رکھ دیتے ہیں ایسا نہ کرنا چاہیے۔

(۷) روٹی کا کنارہ خواہ مخواہ توڑ کر ڈال دینا اور بیچ کی کھا لینا اسراف ہے بلکہ پوری روٹی کھالے۔ ہاں اگر کنارے کچے رہ گئے ہیں، یا جل گئے ہیں کہ کھانے سے نقصان ہوگا تو توڑ سکتا ہے۔

(۸) داہنے ہاتھ سے کھانا کھائے اور پانی پئے اور تین انگلیوں سے کھائے۔ پانچوں انگلیوں سے کھانا گنواروں کا طریقہ ہے اور معیوب بھی۔ صرف کھانے پینے ہی کی خصوصیت نہیں شریعتِ مطہرہ کو اکثر کام داہنی جانب سے، دائیں ہاتھ سے پسند ہیں۔ حدیث شریف میں فرمایا کہ داہنے ہاتھ سے کھائے اور داہنے ہاتھ سے پئے اور دائیں ہاتھ سے لے اور دائیں سے دے، کیونکہ شیطان بائیں ہاتھ سے کھاتا بائیں ہاتھ سے لیتا اور بائیں ہاتھ سے دیتا ہے۔ (ابن ماجہ) پھر فطرت انسانی کا بھی یہی تقاضہ ہے۔

(۹) ہاتھ سے لقمہ چھوٹ کر دسترخوان وغیرہ پر گر جائے تو اسے چھوڑ دینا اسراف ہے بلکہ پہلے اسے اٹھا کر کھائے۔

(۱۰) بائیں ہاتھ کو زمین پر ٹیک دے کر یا تکیہ لگا کر، یا ننگے سر کھانا نہ کھائے۔ کہ ادب کے خلاف ہے اور اس سے کھانے کی برکت بھی جاتی ہے۔

(۱۱) رکابی یا پیالے کے بیچ میں سے ابتدا نہ کھائے بلکہ ایک کنارہ سے اور جو کنارہ اس کے قریب ہے وہاں سے کھائے۔

کیونکہ اس سے کھانے کی وہ مقدار جو بیچ جائے گی گندی نہ ہوگی۔ دوسرے یہ کہ اگر کوئی اس طریقہ سے نہ کھائے تو اس سے اس کی حرص کا پتہ چلتا ہے اور حریص آدمی کبھی سیر نہیں ہوتا۔ اسی کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے برکت سے تعبیر کیا اور فرمایا کہ برکت کھانے کے بیچ میں اترتی ہے۔ (ترمذی)

(۱۲) لقمے چھوٹے لے اور خوب چبا کر کھائے۔

(۱۳) کھاتے وقت حاضرین کے چہروں کو نہ تکے۔

(۱۴) کھانے کے دوران موت کا ذکر نہ کرے تاکہ دوسروں کی طبیعت میں بدمزگی نہ آئے اور خواہش کے باوجود، بھوکے اٹھ بیٹھیں۔

(۱۵) جب کھانا ایک قسم کا ہو تو ایک جگہ سے کھائے، ہر طرف ہاتھ نہ مارے ہاں اگر طباق میں مختلف قسم کی چیزیں ہوں تو ادھر ادھر سے کھانے کی اجازت ہے پھر بھی بے صبری کا مظاہرہ نہ کرے کیونکہ اخلاقی حیثیت سے اس سے حرص اور لالچ کا اظہار ہوتا ہے۔

(۱۶) کھانے کے وقت بایاں پاؤں بچھا دے اور دایاں کھڑا رکھے یا سرین پر بیٹھے اور دونوں گھٹنے کھڑے رکھے کہ تھوڑا کھانا کفایت کرے۔

(۷) گرم گرم کھانا کہ منہ جلتا جائے نہ کھائے، نہ کھانے پر پھونک مارے، نہ کھانے کو سونگھے، زیادہ گرم کھانا نقصان دہ بھی ہے اور اس سے سیری بھی حاصل نہیں ہوتی۔

(۱۸) بالکل چپ چاپ خاموشی سے کھانا مجوسیوں کا طریقہ ہے اس سے بچے، مگر بے ہودہ باتیں نہ بکے بلکہ اچھی باتیں کرے۔

(۱۹) کھانے میں عیب نہ نکالے مرغوب ہو تو کھالے ورنہ ہاتھ اٹھالے۔ کیونکہ گھر والوں اور کام کرنے والوں میں، بات بات میں فیہ نکالنے والے کی طرف سے چڑھ پیدا ہو جاتی ہے اور اس سے کام سدھرنے کی بجائے اور بگڑتا ہے۔ میاں بیوی میں جھگڑے کی ایک وجہ یہ بھی ہوتی ہے۔

(۲۰) دوست احباب یا گھر کے لوگ، کھانا مل کر سب ایک ساتھ کھائیں تو اس میں برکت بھی ہوتی ہے، تھوڑا کھانا، زیادہ کو کفایت کرتا ہے اور برباد بھی نہیں ہوتا۔

ایک بار چند صحابہ نے عرض کیا کہ یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) ہم کھاتے ہیں لیکن پیٹ نہیں بھرتا۔ ارشاد فرمایا کہ غالباً تم لوگ الگ الگ کھاتے ہوگے۔ عرض کیا ہاں یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) فرمایا اکٹھے کھاؤ اور بسم اللہ پڑھو برکت ہوگی۔ (ابن ماجہ)

(۲۱) دسترخوان پر چند اشخاص ہوں تو ان میں جو بزرگ ہو وہ کھانا پہلے شروع کرے پھر اور لوگ۔ اس میں حسن ادب و تعظیم بھی ہے۔

(۲۲) کھانے میں مکھی گر جائے تو اسے غوطہ دے کر پھینک دینا چاہیے کیونکہ اس کے ایک بازو میں بیماری ہے اور دوسرے میں شفا ہے اور وہ وہی بازو کھانے میں پہلے ڈالتی ہے جس میں بیماری ہے اور دوسرے کو بچاتی ہے۔ لہٰذا پوری کو غوطہ دے دو۔ (حدیث شریف)

مکھی گرے ہوئے کھانے کو، گندا سمجھ کر پھینک دینا اسراف ہے اور نہ کھانا خواہ مخواہ اپنی لطافت پسندی کا اظہار ہے۔ حضورِ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کہ جان نظافت ہیں ان کی پیروی، شانِ ایمان ہے یہ خود ساختہ نظافت، نظافت و نفاست نہیں۔ اتباعِ سُنّت نصاریٰ ہے۔

(۲۳) کھانے کے بعد برتن کو انگلیوں سے چاٹ لے اور انگلیوں کو منہ سے اچھی طرح صاف کر لے ان میں جھوٹا نہ لگا رہنے دے جو لوگ اسے خلافِ تہذیب جانتے ہیں وہ جھوٹی تہذیب کے متوالے ہیں۔ ان سے زیادہ نہ اُلجھیں کہ اول فول بکنے لگتے ہیں۔ مسلمانوں کے لیے یہی بات کافی ہے جو حدیث شریف میں ہے کہ کھانے کے بعد جو شخص برتن صاف کر دیتا ہے تو وہ برتن اس کے لیے دعا کرتا ہے کہتا ہے کہ اللہ تجھے جہنم

ں آگ سے آزاد کرے جس طرح تو نے مجھے شیطان سے آزاد کیا اور ایک روایت میں ہے کہ برتن اس کے لیے استغفار کرتا ہے۔

(۲۴) کھانے کی ابتداء نمک سے کی جائے اور ختم بھی اسی پر کریں۔ اس سے ستر بیماریاں دفع ہو جاتی ہیں۔ یہ اس صورت میں ہے کہ دسترخوان پر نمکین اور میٹھی دونوں قسم کی چیزیں ہوں اور دسترخوان پر صرف نمکین کھاتا ہو اور بعد فراغت کچھ میٹھا کھالیا جائے تو مشہور یہ ہے کہ یہ مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہ الکریم کی سنتِ کریمہ ہے۔ واللہ اعلم۔

(۲۵) کھانے سے فارغ ہو کر خدا کا شکر بجا لائے۔ اس موقع پر بہت سی دعائیں احادیث میں آئی ہیں۔ زیادہ مشہور دعا یہ ہے: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ۔

اور دوسرے کے یہاں کھایا پیا ہو تو اس دعا کے بعد یہ دعا بھی پڑھ لے: اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهٗ فِیْ مَا رَزَقْتَهٗ وَاغْفِرْهُ وَارْزُقْنَا رِزْقًا حَسَنًا وَاسِعًا مُبَارَكًا فِیْهِ۔

(۲۶) جب دسترخوان بڑھ جائے تو اب اٹھ کر ہاتھ دھوئے کہ چکنائی وغیرہ ہاتھوں میں نہ رہے پھر رومال وغیرہ سے پونچھ لے۔

جس برتن میں کھانا کھایا ہے اس میں ہاتھ دھونا، یا ہاتھ دھو کر، کرتے یا تہ بند کے دامن یا آنچل سے پوچھنا، برکت کو اڑا دیتا ہے۔

(۲۷) پانی خواہ درمیان میں پئے یا بعد فراغت جبکہ خواہش ہو چوس کر پئے، غٹ غٹ بڑے بڑے گھونٹ نہ پئے۔ اس طرح پانی پینے سے پوری سیری ہوتی ہے اور پیاس بجھ جاتی ہے۔

(۲۸) پانی کے برتن میں سانس نہ لے کہ اندر سے نکلنے والی گندی ہوا، اس پانی سے نہ لگے اور یہ بھی ممکن ہے کہ برتن میں سانس لیتے وقت منہ یا ناک سے تھوک یا ریزش نکل کر پانی میں گر جائے اور پھر اس کے منہ میں جائے جس سے کراہت آتی ہے۔

(۲۹) مشک کے دھانے یا لوٹے کی ٹونٹی سے، یا بغیر دیکھے ہوئے کسی چیز سے پانی نہ پیا جائے۔ کیا معلوم کوئی مضر چیز اس کے حلق میں چلی جائے۔

(۳۰) پینے کی وہ چیز زیادہ پسندیدہ ہے جو شیریں اور ٹھنڈی ہو مگر چائے کہ وہ گرم ہی پی جاتی ہے لیکن لب دوز، دہن سوز نہیں۔

(۳۱) حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص اللہ اور روز قیامت پر ایمان رکھتا ہے وہ مہمان کا اکرام کرے۔ ایک دن رات اس کا جائزہ ہے۔ (یعنی جائز حق تو ایک دن رات اس کی پوری خاطر داری کرے اور اپنے مقدور بھر اس کے لیے پر تکلف کھانا تیار کرائے) ضیافت تین دن ہے۔ یعنی ایک دن بعد معمول کے مطابق کھلائے اور جو میسر ہو پیش کرے، اور تین دن کے بعد صدقہ ہے۔ مہمان کے لیے یہ حلال نہیں کہ اس کے یہاں ٹھہرا رہے اور اسے حرج میں ڈالے۔ (بخاری و مسلم)

(۳۲) مہمان کو چار باتیں ضروری ہیں۔ (۱) جہاں بٹھایا جائے وہیں بیٹھے۔ (۲) جو کچھ اس کے سامنے پیش کیا جائے اس پر خوش ہو اور کوئی ایسی حرکت نہ کرے جس سے میزبان کو تکلیف ہو۔ (۳) بغیر اجازت صاحب خانہ وہاں سے نہ اٹھے۔ (۴) اور جب وہاں سے جائے تو اس کے لیے دعا کرے۔

(۳۳) میزبان کو چاہیے کہ مہمان سے وقتاً فوقتاً کہے کہ اور کھاؤ مگر اتنا اصرار نہ کرے کہ وہ زیادہ کھا جائے اور پھر نقصان اٹھائے۔ (۲) مہمان سے دل خوش کن باتیں بھی کرتا جائے۔ (۳) مہمان کے سامنے اہل خانہ یا خادم پر ناراض نہ ہو۔ (۴) مہمان اگر تھوڑے ہوں تو میزبان ان کے ساتھ کھانے پر بیٹھے کہ یہی تقاضائے محبت ہے اور مہمان زیادہ ہوں تو ان کی نگہداشت اور خدمت میں مشغول رہے۔ (۵) مہمانوں کے ساتھ ایسے کو نہ بٹھائے جس کا بیٹھنا ان پر گراں ہو۔

چلنے پھرنے کے آداب

دولت، اقتدار، حسن، علم و فن میں امتیازی شان، طاقت کا گمان اور ایسی ہی دوسری چیزیں جو انسان میں تکبر پیدا کرنے کا ذریعہ بنتی ہیں وہ لازماً ایک خاص طرز کی چال میں ڈھل کر ظاہر ہوتی ہیں جسے دیکھ کر نہ صرف یہ معلوم ہو جاتا ہے کہ آدمی کسی گھمنڈ

میں مبتلا ہے بلکہ چال کی شان یہ تک بتا دیتی ہے کہ اسے کس چیز کا گھمنڈ ہے۔ آدمی کی چال میں اکڑ اور اتراہٹ اور فخر و غرور کی شان لازماً اسی وقت پیدا ہوتی ہے جب اس کے دماغ میں تکبر کی ہوا بھر جاتی ہے اور وہ چاہتا ہے کہ دوسروں کو اپنی بڑائی محسوس کرائے۔

قرآنِ کریم نے اس گری ہوئی اخلاقی کمزوری کی اصلاح ان الفاظ میں فرمائی کہ "وَلَا تَمْشِ فِی الْاَرْضِ مَرَحًا۔" زمین پر اکڑ کر نہ چلو۔

مقصود اس سے ہر طرح کے فخر و غرور اور تبختر و تکبر کی روک تھام ہے کہ مسلمان جباروں اور متکبروں کی روش سے بچیں اور بجائے فخر و غرور و تمکنت کے جو جاہلیت اور جاہل قوموں کا شعار ہے، اپنے مزاج میں نرمی اور تواضع پیدا کریں اور یہاں تک کہ چال ڈھال اور رفتار میں تواضع و انکسار کا اثر ظاہر ہونے لگے۔

یہ ہدایت بھی انفرادی طرزِ عمل اور قومی رویے، دونوں پر یکساں حاوی ہے اس سلسلہ میں چند آداب یہ ہیں جو اسلام نے ہمیں بخشے:

(۱) آدمی کو راستہ میں متانت، سنجیدگی، اور خاکساری و انکساری کے ساتھ قدم اٹھانا چاہیے۔

(۲) اس کا لحاظ رکھنا چاہیے کہ قدم ظاہری اور معنوی اعتبار سے کہاں پڑ رہا ہے۔

(۳) عورتیں مردوں کے سامنے یا مرد عورتوں کے سامنے آجائیں تو درمیان سے نہ گزریں۔ دائیں یا بائیں کا راستہ لیں۔

(۴) عورت کو بجنے والے زیور مثلاً پازیب، جھانجن پہن کر چلنے میں زمین پر زور زور سے پاؤں نہیں رکھنا چاہئیں کیونکہ اس کی آواز سے سننے والوں کے خیالات میں انتشار پیدا ہوتا ہے۔

(۵) عورتیں خوشبو لگا کر اور دوسروں کے حواس کو مشتعل کرنے والی چیزیں استعمال کر کے ہرگز گھروں سے نہ نکلیں۔

(۶) عورتیں بلا ضرورت اپنی آواز غیر مردوں کو نہ سنائیں، ضرورت پڑنے پر بات کرنے کی اجازت تو خود قرآنِ کریم میں دی گئی ہے لیکن جہاں نہ اس کی ضرورت ہو اور نہ کوئی دینی یا اخلاقی فائدہ، وہاں اس بات کو پسند نہیں کیا گیا ہے کہ عورتوں کی آواز غیر

مردوں کے کانوں سے ٹکرائیں۔

مٹرگشت اور محض تفریح طبع کی خاطر بازاروں اور دکانوں پر جانے والی عورتیں ذرا اس کا خیال رکھیں اور یہ بات تو بڑی بے غیرتی کی ہے کہ شوہر نامدار، بصورتِ برخوردار، بچوں کو گود اٹھائے انگلی تھامے ہمراہ ہیں اور بیگم صاحبہ خریداری میں مصروف۔

(۷) شریف عورت جو بہ ضرورت گھر سے باہر نکلے تو کسی بڑی چادر یا برقع سے اپنا سارا بدن، سر سے پاؤں تک چھپالے جس سے اس کی اصل پوشاک اور زیب و زینت کی ساری چیزیں چھپ جائیں اور چادر یا نقاب کا کچھ حصہ منہ پر بھی آجائے۔

(۸) خوشنما کپڑے، زیور اور سر، منہ، ہاتھ، پاؤں، ابرو، پلکوں اور آنکھوں کی مختلف آرائش و زیبائش جو بالعموم عورتیں کرتی ہیں اور جن کے لیے موجودہ زمانے میں میک اپ کا لفظ بولا جاتا ہے یہ بناؤ سنگھار ہرگز ہرگز غیروں پر ظاہر نہ ہو۔ عورت اپنے منہ کو مسی اور سرمے اور سرخی پاؤڈر سے اور اپنے ہاتھوں کو انگوٹھی، چھلے اور چوڑیوں اور کنگن وغیرہ سے آراستہ رکھ کر لوگوں کے سامنے کھولے پھرے جیسا کہ آج کل صاحبزادیوں میں دستور ہے، شریف مسلمان عورت کے لیے یونہی ننگ و عار ہے۔

(۹) راہ چلتے نگاہیں نیچی رکھیں جس طرح مردوں کو حکم ہے کہ وہ غیر عورتوں پر نظر نہ ڈالیں۔ یونہی عورتوں کو حکم ہے کہ وہ قصداً غیر مردوں کو نہ دیکھیں۔ نگاہ پڑ جائے تو فوراً ہٹالیں اگرچہ وہ مرد نابینا ہو۔ یہ کسی طرح بھی جائز نہیں کہ عورتیں اطمینان سے مردوں کو گھوریں اور ان کے حسن و جمال یا بدصورتی کو موضوع بحث بنا کر ان کے جسمانی ساخت کا جائزہ لیں۔

(۱۰) عورتوں کو وسطِ راہ سے الگ ہو کر، راستہ کے کنارے سے چلنا چاہیے۔

مجلس کے آداب

شریعت کی ہمہ گیری سے زندگی کا کون سا شعبہ بچ سکتا ہے۔ قرآنِ کریم نے

آدابِ مجلس کی بھی تعلیم دی اور مسلمانوں کی تمام مجلسوں کے لیے یہ عام ہدایت دی کہ مجلس میں تہذیب و وقار کی شکل پیدا ہو اور شرکاء مجلس میں سے کسی کو دوسرے سے شکایت پیدا نہ ہو بلکہ یہ مجلس باہمی محبت بڑھانے کا سبب ہو۔

اللہ و رسول نے مسلمانوں کو جو آدابِ مجلس سکھائے ان میں سے چند آداب یہ ہیں:

(۱) جب کسی مجلس میں پہلے سے کچھ لوگ بیٹھے ہوں اور بعد میں مزید کچھ لوگ آئیں تو جہاں بے تکلف جگہ مل جائے بیٹھ جائیں۔

(۲) پہلے سے بیٹھے ہوؤں کو اس کا لحاظ رکھنا چاہیے کہ وہ خود سے آنے والوں کو جگہ دیں اور کچھ سمٹ سکڑ کر ان کے لیے کشادگی پیدا کریں اور اتنی شائستگی بعد میں آنے والوں میں ہونی چاہیے کہ وہ مجمع کو چیر کر، زبردستی آگے بڑھنے کی کوشش نہ کریں اور خواہ مخواہ اندر نہ گھسیں۔

(۳) کوئی شخص کسی کو اٹھا کر اس کی جگہ بیٹھنے کی کوشش نہ کرے چونکہ اس سے غرور و نخوت اور اپنی برتری کا احساس پیدا ہوتا ہے اور دوسروں کے دل میں اس سے کدورت بڑھتی ہے۔

(۴) اگر کوئی شخص مجلس میں ایک جگہ بیٹھا تھا اور کسی ضرورت سے خود اٹھ کر چلا گیا تو پلٹنے کے بعد وہی اس جگہ کا مستحق ہے، دوسرا اس جگہ نہیں بیٹھ سکتا۔

(۵) کسی شخص کے لیے یہ حلال نہیں ہے کہ دو آدمیوں کے درمیان ان کی اجازت کے بغیر دھس جائے کہ اس سے تکدر اور وحشت و نفرت پیدا ہوتی ہے۔

(۶) راستہ و عام گزرگاہوں کو مجلس کا رنگ نہ دینا چاہیے کیونکہ یہ وقار کے خلاف ہے لیکن اگر ضرورت مجبور کرے تو جن اخلاقی باتوں کی پابندی کرنی چاہیے مثلاً نگاہ نیچی رکھیں، آنے جانے والوں کو نہ تکیں، ضرر رساں چیزیں راہ سے ہٹا دیں، راستہ بھٹکے ہوؤں کو راستہ دکھائیں اور مدد کے خواستگاروں اور مصیبت کے مارے ہوؤں کی مدد کریں۔

مجلس میں جو معزز جگہ ہو وہاں بیٹھنے کی از خود کوشش نہ کی جائے۔ کسی

دوسرے کے یہاں جائے تو بھی اس کی اجازت کے بغیر اس کی خاص جگہ پر نہ بیٹھے اور وہ خود بٹھائے تو خواہ مخواہ انکسار کی آڑ نہ لے۔

(۸) مجلس میں بیٹھ کر کانا پھوسی نہ کریں۔ خصوصاً جب کہ دوسرے یہ سمجھیں کہ آپ انہیں کی نسبت کچھ کہہ رہے ہیں۔

(۹) مجلس کی راز کی باتوں کو برملا بیان نہیں کرنا چاہیے۔

(۱۰) انسان پر سب سے زیادہ اثر صحبت کا پڑتا ہے۔ اس لیے جن کے اخلاق و عادات اور عقائد و خیالات، قابلِ اعتبار نہ ہوں وہاں ہرگز نہ جائے کہ بری بات کو دل میں جمتے اور خیالات پلٹتے کچھ دیر نہیں لگتی۔

(۱۱) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا "چند کلمات ہیں کہ جو شخص مجلس سے فارغ ہو کر ان کو تین مرتبہ کہہ لے گا، اللہ تعالیٰ اس کے گناہ مٹا دے گا اور جو شخص مجلسِ خیر و مجلسِ ذکر میں ان کو کہے گا، تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے اس خیر پر مہر کر دے گا جس طرح کوئی شخص انگوٹھی سے مہر کرتا ہے وہ یہ ہیں:

سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ۔ (ابو داؤد)

اور حاکم کی روایت میں ہے کہ جو لوگ دیر تک کسی جگہ بیٹھے اور بغیر ذکرِ خدا کیے اور بغیر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھے وہاں سے متفرق ہو گئے، انہوں نے نقصان کیا۔ اگر اللہ تعالیٰ چاہے عذاب دے اور چاہے تو بخش دے۔

گفتگو اور ملاقات کے آداب

(۱) عزیزوں، قریبوں رشتہ داروں اور ملنے جلنے والوں اور عورتوں کو اپنی سہیلیوں سے ملاقات کے وقت چہرہ سے خوش دلی اور مسرت ظاہر کرنی چاہیے۔ حدیث شریف میں فرمایا کہ تمہارا اپنے بھائی کے سامنے، یہ بھی ایک صدقہ ہے۔

(۲) ملاقات کے وقت سب سے پہلے جو کلمہ منہ سے نکلے وہ محبت اور امن و سلامتی

کا پیغام ہو یعنی سلام۔ یہ ذکر و عبادت بھی ہے اور دعا و خیر خواہی کا کلمہ بھی۔

(۳) جس کو سلام کیا جائے اس پر اخلاقاً فرض ہے کہ سلام کا جواب دے۔

(۴) آنے والا اگر محبوب و محترم اور دینی عظمت و شخصیت والا ہو تو اسے آتے دیکھ کر جوشِ محبت اور جوشِ عقیدت میں کھڑا ہو جانا بھی کمالِ ادب ہے۔

(۵) اس قسم کے موقعوں پر خوش آمدید کے الفاظ مثلاً مرحبا کہنے کی مثال بھی شریعت میں موجود ہے پھر اس سے انس بھی بڑھتا ہے۔

(۶) ملاقات یا کسی اور کام کے لیے کسی کے گھر میں جانے کے لیے صاحبِ خانہ سے اجازت لینا بھی ضروری ہے اور اس کا اصلی مقصود یہ ہے کہ انسان بعض اوقات ایسی حالت میں ہوتا ہے کہ وہ اس حالت میں دوسروں سے ملنا پسند نہیں کرتا۔

(۷) خود اپنے گھر کے اندر بھی سلام کر کے اندر جانا چاہیے۔ اس سے برکت کے علاوہ یہ فائدہ ہوگا کہ اگر گھر میں عورتیں بے تکلفی کی حالت میں ہوں گی یا اور کوئی ایسی ہی بات ہوگی تو گھر والے ہوشیار ہو جائیں۔

(۸) ملاقات کے وقت یا آتے جاتے ایسے فقرے نہ کہیں جن میں کوئی طعن چھپا ہو یا کسی کی تحقیر نکلتی ہو۔

(۹) عورتوں کو جب نامحرم مردوں سے گفتگو کی ضرورت پیش ہی آجائے تو بات میں اور لہجہ میں ایسی نزاکت اور لوچ نہ ہو کہ سننے والے کے جذبات میں اشتعال پیدا ہو اور اس کے دل میں برے خیالات آئیں۔

(۱۰) گفتگو بقدرِ ضرورت بوقتِ ضرورت متانت و سنجیدگی اور نرمی سے کرنی چاہیے۔ اس سے بڑے فتنوں کا منہ بند ہو جاتا ہے۔

(۱۱) زبان کو توڑ مروڑ کر، چبا چبا کر، خواہ مخواہ بڑھا چڑھا کر باتیں کرنا انسان کے وقار کو بھی ختم کرتا ہے اور بعض اوقات تکلیف دہ بھی بن جاتا ہے۔

(۱۲) اپنی کہے جانا، دوسروں کی نہ سننا، خود بینی بھی ہے اور تھڑدلی بھی۔

(۱۳) دوسرا اگر اس کے سامنے اس کی تعریف کرے تو اسے اللہ کا فضل جانے اور شکر بجا لائے تاکہ کبر و نخوت دل میں پیدا نہ ہو اور اگر اس کے خلاف باتیں ہوں یا وہ

بدکلامی سے پیش آئیں یا ناپسندیدہ حرکتیں کریں تو اپنا معاملہ اللہ کے سپرد کردے اور اسی کی مدد چاہے اور پناہ مانگے اور استغفار کرے کہ نامعلوم کس گناہ کی پاداش میں ایسا سامنا آیا۔

(۱۳) فضول باتوں سے پرہیز کرنا وقار کی نشانی ہے اور بے موقع چیخ کر باتیں کرنا حماقت کی دلیل ہے۔ لہٰذا بات کی جائے تو آہستگی سے اور بہ ضرورت۔ حدیث شریف میں ہے کہ آدمی کے اسلام کی خوبیوں میں سے ایک یہ ہے کہ جس چیز سے اسے مطلب نہ ہو اسے چھوڑ دے۔

سونے کے آداب

(۱) سونے سے پہلے کھانے پینے کے برتن ڈھانک دینا چاہیے۔ حدیث شریف میں آیا کہ ڈھانکو نہیں تو یہی کرو کہ اس پر کوئی چیز آڑی کرکے رکھ دو۔

(۲) دروازے بند کردو اور چراغ بجھادو کہ کبھی چوہا بتی گھسیٹ کرلے جاتا ہے اور گھر جل جاتا ہے، یونہی آگ بھی بجھادینا چاہیے۔

(۳) دروازہ بسم اللہ پڑھ کر بند کیا جائے کہ شیطان نہ کھول سکے گا۔

(۴) اب کے سونے کا وقت آیا تو احتیاط کا تقاضہ یہ ہے کہ بستر کو جھاڑ لیا جائے مبادا کوئی موذی چھپا بیٹھا ہو اور نقصان پہنچائے۔

(۵) مستحب یہ ہے کہ باطہارت سوئے، کچھ دیر دہنی کروٹ پر، داہنے ہاتھ کو رخسار کے نیچے رکھ کر قبلہ رو سوئے پھر اس کے بعد بائیں کروٹ پر۔

(۶) سوتے وقت قبر میں سونے کو یاد کرے کہ وہاں تنہا سونا ہوگا۔ اپنے اعمال کے سوا کوئی ساتھ نہ ہوگا۔ نہ کوئی مونس وغم خوار۔

(۷) سوتے وقت یادِ خدا میں مشغول ہو۔ تہلیل لا الہ الا اللہ، و تسبیح سبحان اللہ، و تحمید الحمدللہ، اور آیۃ الکرسی، چاروں قل ایک ایک بار پڑھ کر سو جائے کہ جس حالت پر انسان سوتا ہے اسی پر اٹھتا ہے اور جس حالت پر مرتا ہے قیامت

دن اسی پر اٹھے گا۔

(۸) پیٹ کے بل نہ سوئے کہ یہ طریقہ خدا کو پسند نہیں۔

(۹) ایسی چھت پر نہیں سونا چاہیے جس پر منڈیر یا جالی یا کوئی اور رکاوٹ نہ ہو کیونکہ ایسی حالت میں زمین پر گر پڑنے کا اندیشہ ہے۔

(۱۰) علی الصباح بیدار ہو اور آنکھ کھولتے ہی خدا کو یاد کرے اور یہ دعا پڑھے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَآ اَمَاتَنَا وَاِلَیْهِ النُّشُوْرُ۔

تمام حمد اللہ کے لیے جس نے ہمیں (اس عارضی موت یعنی) نیند کے بعد زندگی دی اور آخر اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔

(۱۱) دن کے ابتدائی حصہ میں سونا یا مغرب و عشاء کے درمیان سونا مکروہ ہے اور حدیث شریف میں آیا کہ جو شخص عصر کے بعد سوئے اور اس کی عقل جاتی رہے تو وہ اپنے ہی کو ملامت کرے۔ (ابو یعلی)

(۱۲) بیدار ہونے اور دعا وغیرہ سے فارغ ہوتے ہی یہ عزم (پکا ارادہ) کر لے کہ وہ پرہیزگاری اور تقویٰ پر دن گزارے گا، کسی کو ستانے کا نہیں۔

خوشی اور غم کے آداب

(۱) جب کوئی مسرت و خوشی حاصل ہو۔ مثلاً مال و دولت ملے، علم و فضل کی ڈگری حاصل ہونے، کسی کو عہدہ و منصب تک پہنچنے یا کسی شادی بیاہ کرنے یا کسی اہم کام سے فراغت نصیب ہونے پر آدمی مسرور و مطمئن ہو تو سب سے پہلے خداوندِ قدوس کا شکر بجا لانا چاہیے کہ اسی کی توفیق اور اسی کے فضل و کرم سے یہ خوشی نصیب ہوئی اور باطہارت سجدۂ شکر بجالائے یا دوگانہ تحیت ادا کرے تو زہے نصیب۔

(۲) سفر سے واپسی ہونے کے بعد بھی انسان کو وطن میں پہنچنے کی مسرت ہوتی ہے اس موقع پر حسبِ توفیق اعزاء و احباب کی دعوت کی جاسکتی ہے کہ وہ بھی اس مسرت میں شریک ہوں۔

(۳) دور دراز کے سفر بالخصوص سفر حج سے آنے والوں کے استقبال کی تیاریاں کرنا اور جائز طور پر اس کا اہتمام کرنا بھی شرعاً محبوب و مطلوب ہے۔

(۴) شادی بیاہ میں دوستوں اور عزیزوں کی دعوت اور اس دعوت کو قبول کرنا دونوں مسنون ہیں جس سے جو کچھ ہو سکے اور جتنا ہو سکے عزیزوں اور دوستوں کو اس پر کھلائے۔

(۵) اسی طرح دوستوں عزیزوں کو ایسی خوشیوں کے موقعوں پر تحفہ تحائف بھیجنا، آپس میں محبت بڑھاتا ہے تو جس سے جو بن پڑے اس میں دریغ نہ کرے۔

(۶) آدابِ تعزیت حصہ اول میں دیکھیں۔

ہمسائیگی (پڑوسی) کے آداب

اس سلسلہ میں ہم چند احادیث اور ان کی تشریح پیش کرتے ہیں۔

(۱) خدا کی قسم وہ مومن نہیں، خدا کی قسم وہ مومن نہیں۔ خدا کی قسم وہ مومن نہیں۔ (یہ تین بار ارشاد فرمایا) عرض کی گئی کون؟" یا رسول اللہ! فرمایا وہ شخص کہ اس کے پڑوسی اس کی آفتوں سے محفوظ نہ ہوں۔ (بخاری)

(۲) وہ شخص جنت میں نہیں جائے گا جس کا پڑوسی اس کی آفتوں سے امن میں نہیں ہے۔ (مسلم)

(۳) پڑوسیوں میں اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ بہتر ہے جو اپنے پڑوسی کا خیر خواہ ہو۔ (ترمذی)

(۴) جو شخص اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتا ہے وہ اپنے پڑوسی کا اکرام کرے۔ (حاکم)

(۵) مومن وہ نہیں جو خود پیٹ بھر کھائے اور اس کا پڑوسی اس کے پہلو میں بھوکا رہے۔ یعنی مومن کامل نہیں۔ (طبرانی)

ان احادیث کریمہ سے صاف روشن ہے کہ ہمسایوں کے ساتھ محبت و یگانگت سے پیش آنا، اس کی عزت بڑھانا، اس کی ضرورتوں کا خیال رکھنا اور ہر حال میں اس کا خیر

خواہ رہنا، ایمان و کمالِ ایمان کا ثمرہ اور خدا اور رسول کی محبوبیت کی علامت ہے۔ اسی لیے ایسے کے لیے جنت کے دروازے کھلے ہوئے ہیں۔

پڑوسیوں میں محبت کی ترقی اور تعلقات کی استواری کا بہترین ذریعہ باہم ہدیوں، تحفوں کا تبادلہ ہے۔ اس کے لیے معمولی کھانے پینے کی چیزیں بھی کار آمد ہیں۔

ان تحفوں کے بھیجنے یا قبول کرنے کا موقع، عورتوں کو زیادہ پیش آتا ہے۔ اس لیے عورت کو خصوصاً یہ تعلیم دی گئی کہ کوئی پڑوسی عورت دوسری پڑوسی کے لیے کسی ہدیہ کو حقیر نہ سمجھے اگرچہ بکری کا کھر ہی کیوں نہ ہو۔

یہ نصیحت دونوں بیویوں کے لیے ہے یعنی تو بھیجنے والی یہ خیال کرے کہ اتنی معمولی چیز کیا بھیجوں اور نہ دوسری کو یہ خیال آئے کہ اتنا حقیر تحفہ کیوں قبول کروں۔ دونوں میں سے کوئی اس تحفہ کو حقیر نہ جانے۔

ایک حدیث شریف میں ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) فلاں عورت کے متعلق ذکر کیا جاتا ہے کہ نماز، روزہ و صدقہ کثرت سے کرتی ہے مگر یہ بات بھی ہے کہ وہ اپنے پڑوسیوں کو زبان سے تکلیف دیتی ہے۔ فرمایا وہ جہنم میں ہے۔ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! (صلی اللہ علیہ وسلم) فلاں عورت کے متعلق ذکر کیا جاتا ہے کہ اس کے نماز روزہ و صدقہ میں کمی ہے۔ (یعنی نفلی روزہ، نفل نمازیں اور صدقہ کم کرتی ہے) مگر اپنی زبان سے پڑوسیوں کو ایذا نہیں دیتی۔ فرمایا وہ جنت میں ہے۔ (بیہقی)

عورتیں اس حدیث کو غور سے پڑھ کر ہمیشہ کے لیے ذہن نشین کر لیں بعض احادیث میں پڑوسیوں کے یہ حقوق ارشاد فرمائے گئے ہیں:

(۱) جب وہ مدد مانگے تو اس کی مدد کرو۔

(۲) جب کوئی چیز طلب کرے تو اسے قرض دو۔

(۳) جب وہ محتاج ہو تو اس کی حاجت پوری کرو۔

(۴) جب وہ بیمار ہو تو اس کی عیادت کرو۔

(۵) جب اس کے یہاں کوئی خوشی کی بات ہو تو مبارک باد دو۔

(۶) جب وہ کسی بلاو غم میں ہو تو اس کی تعزیت کو جاؤ۔

(۷) بغیر اجازت اپنی عمارت بلند نہ کرو کہ اس کی ہوا روک دو۔

(۸) جب وہ مر جائے تو جنازہ کے ساتھ جاؤ۔

(۹) میوے خریدو تو اس کے پاس بھی ہدیہ کرو۔

(۱۰) اپنی ہانڈی سے اسے ایذا نہ دو، کچھ اسے بھی دو۔

پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پڑوسی تین قسم کے ہیں، بعض کے تین حق ہیں، بعض کے دو اور بعض کا صرف ایک۔

جو پڑوسی مسلمان ہو اور رشتہ دار بھی اس کے تین حق ہیں، حق ہمسائیگی، حق اسلام اور حق قرابت۔ اور پڑوسی مسلمان کہ رشتہ دار نہیں اس کے دو حق ہیں حق ہمسائیگی اور حق اسلام۔ اور پڑوسی غیر مسلم کا صرف ایک حق ہے حق ہمسائیگی۔ ولہٰذا علماء فرماتے ہیں کہ کافر پڑوسی کو بھی ناحق نہ ستایا جائے۔ مثلاً وہ ہندو ہے تو مسلمان کو یہ نہ چاہیے کہ گوشت کھا کر اس کی چھت پر یا اس کے گھ کے سامنے اسے ایذاء پہنچانے کے لیے ڈالے۔

متفرق آداب

روزمرہ زندگی کے آداب سے متعلق یہ بات اصولی طور پر پیش نظر رکھنی چاہیے کہ مسلمان مرد خواہ عورت کی جسمانی کیفیت و حالت میں ایسا کوئی تغیر و تبدل پیدا نہ ہو جو تہذیب و وقار کے منافی ہو، یا اس حالت کو برقرار رکھنا لوگوں میں نفرت و کراہت پیدا کرے اور اسے دیکھ کر لوگوں میں ناگواری کا رد عمل ہو۔ مثلاً:

جماہی لینے میں جبکہ انسان کا منہ کھل جاتا ہے اور اس کے منہ سے ہاہ ہاہ کی ناگوار آواز نکلتی ہے تو چہرے کی قدرتی ہیئت بدل کر مضحکہ خیز شکل پیدا ہو جاتی ہے اور ہاتھ میں ہاتھ ڈال کر اوپر کی جانب زور لگانا اور بھی بدشکل بنا دیتا ہے اور بالخصوص عورتوں کا جسمانی ابھار اسے اور بھی شرمناک بنا دیتا ہے۔ اس لیے شریعتِ اسلامیہ نے حکم دیا کہ

جماہی آئے تو اسے روکنا مستحب ہے اگر روکے سے نہ رکے تو ہونٹ کو دانتوں سے دبائے اور اس پر بھی نہ رکے تو داہنا یا بایاں ہاتھ منہ پر رکھ دے یا آستین سے منہ چھپا لے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جماہی شیطان کی طرف سے ہے۔ جب تم میں سے کسی کو جماہی آئے تو جہاں تک ممکن ہو روکے۔ بعض روایتوں میں ہے کہ شیطان منہ میں گھس جاتا ہے۔ بعض میں ہے شیطان دیکھ کر مسکراتا ہے۔ علماء فرماتے ہیں کہ جو جماہی میں منہ کھول دیتا ہے شیطان اس کے منہ میں تھوک دیتا ہے اور جو قاہ قاہ کی آواز آتی ہے وہ شیطان کا قہقہہ ہے کہ اس کا منہ بگڑا دیکھ کر ٹھٹھا لگاتا ہے اور وہ جو رطوبت نکلتی ہے وہ شیطان کا تھوک ہے۔ جماہی روکنے کی بہتر ترکیب یہ ہے کہ جب معلوم ہو تو دل میں خیال کرے کہ انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام اس سے محفوظ ہیں، فوراً رک جائے گی۔ (ردالمحتار وغیرہ)

(۲) جماہی کے برخلاف، چھینک کا عمل، بدن کے ہلکے پھلکے ہونے، مساماتِ جسم کے کھلنے اور بہت زیادہ نہ کھانے کی علامت اور شفاء کا ذریعہ ہے اسی لیے شریعت نے حکم دیا کہ وہ الحمد للہ کہے اور دوسرے اس کے جواب میں یرحمک اللہ کہیں تاہم بعض اوقات اس حالت میں ناک سے بلغم یا منہ سے لعاب نکل آتا ہے۔ اس لیے چھینکتے وقت منہ کو ہاتھ یا کپڑے سے ڈھانک کر سر جھکا لینا اور کوشش کرنا چاہیے کہ اس کی آواز پست ہو اور دوسروں کی ناگواری کا باعث نہ بنے۔

(۳) عام مجمع میں انگڑائی اور ڈکار لینا بڑی معیوب اور غیر پسندیدہ حرکت ہے حدیث شریف میں ہے کہ ایک شخص نے آپ کے سامنے ڈکار لی تو آپ نے فرمایا کہ اپنی ڈکار کو روکو۔ کیونکہ جو لوگ دنیا میں بہت پیٹ بھر لیتے ہیں وہ آخرت میں سب سے زیادہ بھوکے رہیں گے۔ (ترمذی)

(۴) قہقہہ مار کر ہنسنا یوں بھی پسندیدہ نہیں اور محفل میں بالخصوص جبکہ اس میں دینی و دنیاوی وجاہت والے شریک ہوں اور زیادہ ناپسندیدہ اور معظمان دینی کے روبرو اس طرح ہنسنا خلافِ ادب اور زیادہ ناپسندیدہ تر۔

(۵) بلاضرورت کمر پر ہاتھ نہ رکھے۔

(۶) تھوکنے کی ضرورت ہو تو قبلہ رو ہرگز نہ تھوکے۔ نہ دائیں جانب بلکہ بائیں جانب تھوکے۔ اور پان کی پیک تھوکے تو اس کا خیال رکھے کہ پیک کے اجزاء اس پر یا کسی اور پر نہ اڑیں۔

(۷) پاجامہ کبھی کھڑے ہو کر نہ پہنیں اور مرد بیٹھ کر عمامہ نہ باندھے۔ حدیث شریف میں ہے کہ وہ ایسے مرض میں گرفتار ہوگا جس کا علاج نہیں۔ مولائے کریم اپنی پناہ میں رکھے اور عافیت دے۔

(۸) خواب کی تعبیر ہمیشہ کسی صالح اور عالم دین سے پوچھے اور اپنا خواب ہر ایک سے بیان نہ کرے۔ ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔

(۹) دین و دنیا کا کوئی کام کرو اس کے متعلق اہل الرائے سے مشورہ کرلو کہ دین و دنیا میں برکت کا موجب ہے۔

(۱۰) مسلمان مردوں کو کبھی برائی سے یاد نہ کرو کہ وہ گزر چکے اور تمہارا دامن اب تک دنیا کی آلائشوں میں ملوث ہے۔

(۱۱) برائی سرزد ہو جائے تو کوئی نیک کام کرلو کہ یہ نیکی اس برائی کو مٹا دے گی اور نیک کام کرکے اتراؤ مت کہ سب اکارت جائے۔

(۱۲) نئے مہینے کا چاند نظر آئے تو فوراً درود شریف پڑھو، دعا مانگو اور کوشش کرو کہ نظر کسی اچھی صورت یا پیاری چیز پر پڑے

(۱۳) جب کوئی شخص دوسرے کے مکان پر جائے تو پہلے اندر آنے کی اجازت حاصل کرے پھر جب اندر جائے تو پہلے سلام کرے اس کے بعد بات چیت۔

(۱۴) کسی کے دروازے پر جاکر آواز دے اور پوچھیں کہ "کون؟" تو اس کے جواب میں یہ نہ کہے کہ "میں" جیسا کہ عموماً لوگ کہہ دیا کرتے ہیں۔ اس جواب کو حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ناپسند فرمایا بلکہ جواب میں اپنا نام ظاہر کرے کیونکہ "میں" کا لفظ تو ہر شخص اپنے لیے کہہ سکتا ہے۔ یہ جواب ہی کب ہوا۔

(۱۵) صاحب خانہ نے اجازت نہ دی یا فرض کرو کہ مکان سے کوئی جواب نہ ملا تو یہ

ناراضگی کی بات نہیں۔ ہو سکتا ہے کہ وہ اس وقت کسی خاص کام میں مشغول ہو یا اسے اس وقت ملنا اس کی کسی جائز مصلحت کے برخلاف ہو۔

(۱۶) کسی بھی حالت میں اپنے اوپر اور اپنی اولاد و اموال پر بددعا نہ کرو۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ یہ بددعا ایسی ساعت میں ہو جس میں جو دعا خدا سے کی جائے قبول ہوتی ہے۔

(حدیث شریف)

(۱۷) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا: سب سے زیادہ بُرا قیامت کے دن اس کو پاؤ گے جو ذُوالْوَجْهَيْن ہو۔ یعنی دو رخا آدمی کہ ان کے پاس ایک منہ سے آتا ہے اور ان کے پاس دوسرے منہ سے۔ یعنی منافقوں کی طرح کہیں کچھ کہتا ہے اور کہیں کچھ۔ یہ نہیں کہ ایک طرح کی بات سب جگہ کہے۔ (بخاری)

(۱۸) صلہ رحمی یعنی رشتہ والوں سے نیکی اور سلوک کرنا، اس کی مختلف صورتیں ہیں۔ ان کو تحفہ دینا، ہدیہ بھیجنا، کسی کام میں انہیں تمہاری اعانت و امداد درکار ہو تو اس میں کوتاہی نہ کرنا بلکہ اس کام میں مقدور بھر ان کی مدد کرنا۔ انہیں سلام کرنا ان کی ملاقات کو جانا ان کے پاس اٹھنا بیٹھنا۔ ان سے بات کرنا اور ان کے ساتھ لطف و مہربانی سے پیش آنا اور خود پردیس میں ہو تو ان کے ساتھ خط و کتابت جاری رکھنا تاکہ بے تعلقی پیدا نہ ہو اور ہو سکے تو وطن آئے اور رشتہ داروں سے تعلقات تازہ کرے۔ اس طرح کرنے سے محبت میں اضافہ ہو گا۔ (درمختار، ردالمحتار)

(۱۹) باپ کے بعد دادا اور بڑے بھائی کا مرتبہ ہے کہ بڑا بھائی بہ منزلہ باپ کے ہوتا ہے۔ بڑی بہن اور خالہ ماں کی جگہ پر ہیں۔ بعض علماء نے چچا کو باپ کی مثل بتایا۔

(ردالمحتار)

(۲۰) صلہ رحمی اسی کا نام نہیں کہ وہ سلوک کرے تو تم بھی کرو۔ یہ چیز تو مکافاۃ یعنی ادلا بدلا ہے کہ اس نے تمہارے پاس چیز بھیج دی تم نے اس کے پاس بھیج دی وہ تمہارے یہاں آیا تم اس کے پاس چلے گئے۔ حقیقتاً صلہ رحم یہ ہے کہ وہ کاٹے اور تم جوڑو۔ وہ تم سے جدا ہونا چاہتا ہے اور تم اس کے ساتھ رشتہ کے حقوق کی رعایت کرو۔

(ردالمحتار)

(۲۱) میلے کپڑے کہ انہیں دھو کر دوبارہ استعمال میں لایا جاتا ہے۔ بے مصرف جان کر ادھر ادھر نہ پھینکے جائیں کہ آخر مصرف میں لانا ہے۔ انہیں احتیاط سے ایک جگہ جمع رکھیں تاکہ بوقت ضرورت آسانی سے دستیاب ہو جائیں۔ بعض بزرگانِ دین کی طرف یہ بات منسوب ہے کہ وہ اس شخص کی شفاعت کریں گے جو میلے کپڑے احتیاط سے رکھے گا۔ واللہ اعلم۔

(۲۲) خودداری، عزت نفس اور شریفانہ رکھ رکھاؤ کا دوسرا نام ہے لیکن اس احتیاط کے ساتھ کہ اوچھاپن یا تنگ مزاجی یا غرور و نمائش کی بو تک نہ آئے۔

(۲۳) جب خدا نے مال دیا ہے تو اس کے فضل و کرم اور احسان و نعمت کا اثر اہل خانہ اور تمہارے جسم پر بھی ظاہر ہونا چاہیے۔ اچھا کھاؤ پیو، گھر میں شوہر کے لیے بن سنور کر رہو، پھوہڑپن، بد سلیقگی اور گندگی سے دور بھاگو کہ یہ بد بلا ہے۔

(۲۴) ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کسی نے پوچھا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کون سا عملِ نیک، سب سے زیادہ محبوب تھا؟ فرمایا وہ نیکی جس پر مداومت کی جائے یعنی اسے ہمیشہ جاری رکھا جائے خود حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ خدا کے نزدیک سب سے بہتر عمل وہ ہے جس کو ہمیشہ کیا جائے اگرچہ وہ تھوڑا ہو۔ (بخاری)

(۲۵) ایک مسلمان کے لیے اسلام اور ایمان کی نعمت وہ عزت و دولت ہے جس کے مقابلہ میں ساری نعمتیں اور دولتیں ہیچ ہیں۔ لہٰذا کوشش کرو کہ حتیٰ الامکان کوئی کام کوئی حرکت اسلام کے منافی سرزد نہ ہو اور خلاف شرع کوئی قدم نہ اٹھے۔

اسبابِ فقر و تنگ دستی

(ماخوذ از معمولاتِ مشائخ، مطبوعہ دہلی و دولت بے زوال وغیرہ)

کتب متداولہ میں جو اسباب کہ انسان کو مفلس کر دیتے ہیں بکثرت لکھے ہیں۔ چونکہ احصاء اور شمار اس مختصر رسالہ میں دشوار ہے۔ اس لیے لب لباب کے طور پر

اختصار کے ساتھ درج کیے جاتے ہیں۔ اسے کتب معتبرہ کا انتخاب سمجھنا چاہیے حق تعالیٰ سب مسلمانوں کو اس بلائے ناگہانی سے نکالے اور ان کے اقوال و افعال اپنی مرضی کے موافق کر دے اور مجھ کو اور اس رسالہ کے ناظرین اور جملہ مسلمین و مسلمات کو اپنی رحمتِ کاملہ سے نوازے۔ (آمین)

فقیر قادری عرض کرتا ہے کہ ان اسباب میں وہ بھی ہیں جن کا ذکر قرآن و حدیث میں ملتا ہے اور اکثر و بیشتر وہ ہیں جو اکابر ملت و رہنمایانِ شریعت نے اپنے اپنے مشاہدے اور تجربے سے دریافت کیے تو جو ان اسباب سے اپنے آپ کو دور رکھے گا خود ہی فائدہ اٹھائے گا اور جو ان میں ملوث ہو گا وہ خود دیکھ لے گا کہ اس نے کیا کھویا کیونکر کھویا۔

ہاں آدمی یہ کبھی نہ بھولے کہ موثر حقیقی اللہ عزوجل ہے اور ہر نفع و نقصان کی کنجی اسی کے دست قدرت میں ہے۔ وہ چاہے کرے اس سے کوئی باز پُرس کرنے والا نہیں۔ وہ اسباب یہ ہیں:

(۱) جھوٹ بولنا۔

(۲) زنا کرنا۔

(۳) گناہوں میں مشغول رہنا۔

(۴) جھوٹی قسمیں کھانا۔

(۵) جنابت میں کھانا کھانا۔

(۶) برہنہ پیشاب کرنا۔

(۷) شب میں جھاڑو دینا خصوصاً کپڑے سے جھاڑنا۔

(۸) ناخن دانت سے تراشنا۔

(۹) پاجامہ یا دامن یا آنچل سے منہ پونچھنا۔

(۱۰) فقیروں سے روٹی کے ٹکڑے خریدنا۔

(۱۱) کھڑے ہو کر پاجامہ پہننا۔

(۱۲) بیٹھ کر دستار یعنی عمامہ باندھنا۔

(۱۳) خشک بالوں میں کنگھا کرنا یا کھڑے ہو کر بال کاڑھنا۔

(۱۴) شکستہ کنگھا استعمال کرنا۔

(۱۵) ماں باپ کا نام لے کر پکارنا۔

(۱۶) مقراض (قینچی) سے موئے زیر ناف کاٹنا۔

(۱۷) چالیس روز سے زیادہ زیرِ ناف کے بال رکھنا۔

(۱۸) بزرگوں کے آگے چلنا۔

(۱۹) دروازے پر بیٹھنے کی عادت کرنا۔

(۲۰) لہسن پیاز کے پوست جلانا۔

(۲۱) مکڑی کے جالے دور نہ کرنا۔

(۲۲) جوں کو زندہ چھوڑنا۔

(۲۳) نماز میں کاہلی کرنا۔

(۲۴) پھٹے ہوئے کپڑے کو نہ سینا۔

(۲۵) فجر کی نماز پڑھ کر مسجد سے جلد نکل آنا۔

(۲۶) صبح کے وقت سونا۔

(۲۷) اولاد پر باوجود مالداری، تنگی کرنا۔

(۲۸) بغیر ہاتھ دھوئے کھانا کھانا۔

(۲۹) کھانے کے بعد برتن صاف نہ کرنا۔

(۳۰) اہل و عیال سے لڑتے رہنا۔

(۳۱) میت کے قریب بیٹھ کر کھانا۔

(۳۲) خلال کرتے وقت جو ریشہ نکلے اسے پھر منہ میں رکھ لینا۔

(۳۳) ہر قسم کی لکڑی سے خلال کرنا۔

(۳۴) چراغ منہ کی پھونک سے بجھانا۔

(۳۵) کھانے پینے کے برتن کھلے ہوئے رکھنا۔

(۳۶) بازار میں سب سے پہلے جانا اور بعد میں آنا۔

(۳۷) اوندھے جوتے کو دیکھنا اور اس کو سیدھا نہ کرنا، دولت بے زوال میں لکھا

ب کہ اگر رات بھر جوتا اوندھا پڑا تو شیطان اس پر آن کر بیٹھتا ہے۔ وہ اس کا تخت ہے۔

(۳۸) بکریوں کے گلے میں گھس کر چلنا خصوصاً شام کے وقت۔

(۳۹) اولاد کو گالی دینا، یا لعنت کرنا۔

(۴۰) فقیر کو جھڑک دینا۔

(۴۱) بایاں پاؤں پہلے پاجامہ میں ڈالنا اور بائیں ہاتھ کی آستین پہلے پہننا۔

(۴۲) قبرستان میں ہنسنا۔

(۴۳) کوڑا کرکٹ گھر میں بہت رکھنا۔

(۴۴) صبح ہوتے ہی خدا اور رسول کا نام لیے، ذکر کیے بغیر دنیا میں مشغول ہو جانا۔

(۴۵) مغرب اور عشاء کے درمیان سونا۔

(۴۶) گانے بجانے میں دل لگانا۔

(۴۷) بلاوجہ شرعی اپنوں سے تعلقات ختم کر لینا۔

(۴۸) صلہ رحمی نہ کرنا۔

(۴۹) جنابت کی حالت میں ناخن ترشوانا یا سر منڈانا یا موئے زیر ناف وغیرہ صاف کرنا۔

(۵۰) زکوٰۃ یا صدقات واجبہ مثلاً قربانی و کفارہ قسم وغیرہ کے ادا کرنے میں بخل کرنا یا خواہ مخواہ انہیں ٹالتے رہنا۔

(۵۱) بغیر حاجت سوال کرنا۔

(۵۲) امانت میں خیانت کرنا۔

(۵۳) اندھیرے میں کھانا کھانا۔

(۵۴) ماں باپ کو ایذا دینا۔

(۵۵) قرآن پاک کو بے وضو ہاتھ لگانا۔

(۵۶) شب چہار شنبہ (بدھ کی رات) یا شب یک شنبہ (اتوار کی رات) میں بیوی سے نا، اگر اس صحبت میں حمل بھی رہا تو بچہ بے حیا اور بد نصیب پیدا ہو گا اور ہمیشہ ر حریص رہے گا۔ (مولائے کریم اپنا فضل فرمائے۔ غالباً اسی بنا پر سنیچر اور منگل

کے دن، دلہن بیلو کر نہیں لاتے۔ بزرگوں اور گھر کی بڑی بوڑھیوں کا یہ عمل یہ فقیر اپنے بچپن سے دیکھتا آرہا ہے)

(۵۷) قحط کی نیت سے غلہ روکنا کہ اور مہنگا ہوگا جب بیچیں گے۔

(۵۸) قمار بازی یا گانے بجانے کے آلات وغیرہ گھر میں رکھنا، حدیث شریف ہے کہ جس گھر میں شراب اور دف اور طنبورہ (سارنگی، ستار وغیرہ) ہو اس گھر آدمیوں کی دعا قبول نہیں ہوگی اور نہ اس گھر میں رحمت کے فرشتوں کا نزول ہوگا۔

(۵۹) راستہ میں پیشاب کرنا (اور بے ستری ہو تو حرام و گناہ)

(۶۰) ہمیشہ بے ہودگی مسخرہ پن اور ہزلیات (مذاق دل لگی) میں مصروف رہنا۔

(۶۱) ننگے سر کھانا کھانا۔

(۶۲) ننگے سر بیت الخلا میں جانا۔

(۶۳) نکلے ہوئے کھانے میں دیر کرنا (کہ کھانا دسترخوان پر الٹا ان کا انتظار کر رہا۔

(۶۴) برہنہ سر بازار میں پھرنا (اور عورتوں کا ننگے سر رہنا اور اجنبیوں کے سامنے حالت میں آنا جانا حرام، حرام، حرام اور سخت گناہ ہے)

(۶۵) سجدۂ تلاوت نہ کرنا، یا وضو ہوتے ہوئے اس میں دیر لگانا۔

(۶۶) تلاوتِ قرآن کے دوران آیتِ سجدہ چھوڑ کر آگے پڑھنا۔

(۶۷) دوسرے شخص کا کنگھا عاریتاً مانگ کر، استعمال کرنا۔ (خصوصاً) صاف کیے بغیر کہ دوسرے کے بال اس کے بالوں میں الجھیں۔

(۶۸) حوض یا تالاب یا بہتے پانی میں پیشاب کرنا۔ (اس سے نسیان بھی پیدا ہوتا ہے دولت بے زوال میں لکھا ہے کہ پانچ چیزوں سے بھول پیدا ہوتی ہے۔ حوض وغیرہ میں پیشاب کرنا، راکھ پر پیشاب کرنا، چوہے کا جھوٹا کھانا، قبلہ کی طرف منہ کر کے پیشاب کرنا، زندگانی حرام خوری میں گنوانا بلکہ غور کیجئے تو یہ آخری ایک مستقل بلا و عذاب ہے)

(۶۹) نہانے کی جگہ پیشاب کرنا۔

(۷۰) برہنہ ہو کر سونا۔

(۷۱) سوتے وقت پاجامہ یا تہہ بند سر کے نیچے رکھ کر سونا۔ (دولت بے زوال میں

لکھا ہے کہ اس سے خواب خوفناک نظر آتا ہے)

(۷۲) بلا ضرورت بستر کے پاس پانی کا لوٹا یا سلفچی پیشاب کے لیے رکھنا۔

(۷۳) نماز قضا کر دینا۔

(۷۴) مسجد میں دنیا کی باتیں کرنا۔

(۷۵) وضو کرتے وقت دنیا کی باتیں کرنا۔ (اس وقت دعائیں پڑھے یا پھر خاموش رہے)

(۷۶) بلاوجہ شرعی کسی کے تحفہ ہدیہ یا نذرانہ کو رد کر دینا۔

(۷۷) روٹی کو خوار رکھنا (کہ اس کی بے ادبی ہو اور پیروں میں آئے)

(۷۸) وضو کی جگہ پر پیشاب یا پیشاب کی جگہ وضو کرنا۔

(۷۹) دروازے پر بیٹھ کر کچھ کھانا پینا (یہ خلافِ ادب بھی ہے اور قابلِ نفرت بھی)

(۸۰) استاد کی عظمت و توقیر میں کمی کرنا نہ کہ معاذ اللہ اس کی توہین۔

(۸۱) مٹی یا چینی کے شکستہ برتن استعمال میں رکھنا خواہ اس سے پانی پینا۔

(۸۲) شکستہ یا گرہ دار قلم سے لکھنا۔

(۸۳) قلم کا تراشہ ادھر ادھر ڈال دینا کہ پیروں میں آئے۔

(۸۴) مہمان کو حقارت سے دیکھنا اور اس کے آنے سے ناخوش ہونا۔

(۸۵) بیت الخلاء میں باتیں کرنا یا وہاں کسی دینی بات میں غور و تامل کرنا۔

(۸۶) مردوں کو چھوٹا استنجا کرتے وقت عام گزرگاہوں پر ٹہلنا اور باتیں کرنا۔

(۸۷) بغیر بلائے دعوت میں جانا۔

(۸۸) چارپائی پر دسترخوان وغیرہ رکھے بغیر کھانا کھانا۔

(۸۹) چارپائی پر خود سرہانے بیٹھنا اور کھانا پائنتی پر رکھنا۔

(۹۰) دانتوں سے روٹی کترنا۔

(۹۱) دانتوں کو بلاوجہ کپڑے سے ملنا جیسے مسواک کرتے ہیں۔

(۹۲) ظلم کرنا، کسی کو ناحق ایذا دینا اگرچہ جانور کو۔

(۹۳) گناہ کے کاموں میں ضد کرنا اور اپنی بات پر اڑ جانا۔

(۹۴) جس برتن میں کھانا کھایا ہے اسی میں ہاتھ دھونا۔

(۹۵) قرآن شریف گھر میں موجود ہوتے ہوئے نہ پڑھنا۔

(۹۶) ماں باپ، استاد، مرشد کی مرضی کے خلاف کام کرنا۔

(۹۷) دروازے کی دہلیز پر تکیہ لگانا یا سر رکھ کر سونا۔

(۹۸) سبز درخت کاٹ کر اس کی لکڑیاں فروخت کرنا۔

(۹۹) بلا ضرورت جانور ذبح کرنے کا پیشہ اختیار کرنا۔

(۱۰۰) صحیح رشتہ ملنے کے باوجود جوان لڑکیوں کو نہ بیاہنا۔

"معمولاتِ مشائخ" سے یہ ہم نے جو کچھ نقل کیا اس سلسلہ میں یہ بتا دینا بھی مفید اور کار آمد ہوگا کہ احکامِ شریعت کے خلاف قدم بڑھانا، اپنے لیے برکتوں کے دروازے بند کرنا اور نحوست و افلاس اور فقر و تنگ دستی کو دعوت دینا ہے۔

اس تقدیر پر اور بہت لوگ ایسے نکل سکتے ہیں کہ دانستہ، مضرتوں میں گرتے اور پھر بلاؤں میں گھر کر خود کا علاج ڈھونڈتے ہیں۔ دعائیں کرتے ہیں اور اس باب میں دعائیں ان کے حق میں قبول نہیں ہوتیں۔ سبب ظاہر ہے کہ یہ کام خود انہوں نے اپنے ہاتھ سے کیے ہیں۔

مثلاً حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

تین شخص اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں اور ان کی دعا قبول نہیں ہوتی۔ ایک وہ جس کے نکاح میں کوئی بد خلق عورت ہو اور وہ اسے طلاق نہ دے۔ دوسرا وہ جس کا کسی پر کچھ آتا تھا اور اس کے گواہ نہ کرے۔ تیسرا وہ جس نے سفیہ بے عقل کو مال سپرد کر دیا حالانکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے سفیہوں کو اپنا مال نہ دو۔ (حاکم)

ایک اور حدیث شریف میں ایسے ہی تین اور ارشاد فرمائے:

ایک وہ کہ ویرانے مکان میں اترے۔ دوسرا وہ مسافر کہ سر راہ مقام کرے یعنی سڑک سے بچ کر نہ ٹھہرے۔ (طبرانی) تیسرا وہ جس نے خود اپنا جانور چھوڑ دیا۔ اب خدا سے دعا کرتا ہے کہ اسے روک دے تو یہ چھ ہوئے جن کی نسبت تصریح فرمائی کہ ان کی دعا قبول نہیں ہوتی۔

اور ظاہر ہے کہ جب دعا قبول نہ ہوگی برکت جائے گی پریشانی آئے گی اضطرار و قراری میں اضافہ ہوگا اور افلاس و تنگدستی حد سے بڑھ جائے گی اور ان امور میں عدم کا سبب ظاہر کہ یہ کام خود اپنے ہاتھوں کیے ہیں۔

ویرانے مکان میں اترنے والا اس کی مضرتوں سے آگاہ ہے پھر اگر وہاں چوری ہو یا کوئی لوٹ لے یا جن ایذا پہنچائیں تو یہ باتیں خود اس کی قبول کی ہوئی ہیں۔ اب کیوں ان کی رفع کی دعائیں کرتا اور گھبراتا ہے۔

یوں ہی جب راستہ پر قیام کیا تو ہر قسم کے لوگ گزریں گے اب اگر چوری ہو جائے یا ہاتھی گھوڑے کے پاؤں یا کسی اور سواری کے کچھ نقصان پہنچ جائے یا رات کو سانپ وغیرہ سے ایذا پہنچے تو اس کا اپنا کیا ہوا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ شب کو سر راہ نہ اترو کہ اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق سے جسے چاہے راہ پر پھیلنے کی اجازت دیتا ہے۔ ظاہر ہے کہ اس کی خلاف ورزی نحوست ہی لائے گی۔ اور جانور بلکہ اپنے کسی مال کو بلا حکمت بے احتیاطی سے چھوڑ کہ یہ دعا کرنا کہ اللہ اس کی حفاظت کرے ظاہر ضد ہے۔ کیا واحدِ قہار کو آزمانا یا معاذ اللہ اسے اپنا محکوم ٹھہرانا ہے۔

اور عورت کی نسبت صحیح حدیث سے ثابت کہ ٹیڑھی پسلی سے بنی ہے اس کی کجی ہرگز نہ جائے گی۔ سیدھا کرنا چاہو تو ٹوٹ جائے گی اور اس کا ٹوٹنا یہ ہے کہ طلاق دے دی جائے پس یا تو آدمی اس کی کجی پر صبر کرے یا طلاق دے دے۔ یہ کہ نہ طلاق دیتا ہے نہ صبر کرتا ہے بلکہ بددعا دیتا ہے خواہ خود کو یا عورت کو اور روز روز کی کل کل سے گھبرایا گھبرایا بوکھلایا بوکھلایا پھرتا ہے اب گھر میں نحوست نہ آئے گی تو کیا رحمت و برکت کی بارش ہوگی۔

اور سفیہ ناتجربہ کار، ناقابلِ اعتماد کو مال دے کر جب گواہ نہ کیے تو خود اپنا مال ہلاکت میں ڈالا۔ سفیہ کو دینا بربادی کے لیے پیش کرنا ہے پھر دانستہ مضرت میں گر کر برکت کی دعا مانگنا حماقت نہیں تو اور کیا ہے۔ خلاصہ یہ کہ:

خویشتن کردہ را علاجے نیست

علمائے کرام و صوفیائے عظام نے اس موقع کی مناسبت سے اور بھی ایسے لوگ

گنائے ہیں جو خود کردہ کا علاج ڈھونڈتے ہیں۔

(۱) مثلاً جو بغیر کسی سخت مجبوری کے رات کو ایسے وقت گھر سے باہر نکلے کہ لوگ سو گئے ہوں، پاؤں کی چپل راستوں سے موقوف ہو گئی۔

صحیح حدیث میں اس سے ممانعت فرمائی کہ اس وقت بلائیں منتشر ہوتی ہیں۔

(۲) یا رات کو دروازہ کھلا چھوڑ دے۔

(۳) یا بغیر اللہ بسم اللہ پڑھے بند کرے کہ شیطان اسے کھول سکتا ہے اور جب بسم اللہ پڑھ کر دایا پاؤں مکان میں رکھے تو شیطان کہ ساتھ آیا تھا باہر رہ جاتا ہے اور جب بسم اللہ پڑھ کر دروازہ بند کرے تو اس کے کھولنے پر قدرت نہیں رکھتا۔

(۴) یا کھانے پینے کے برتن بسم اللہ کہہ کر نہ ڈھانکے کہ بلائیں اترتی اور خراب کر دیتی ہیں پھر وہ طعام و مشروب بیماریاں لاتے ہیں۔

(۵) یا بچے کو مغرب کے وقت باہر نکالے کہ اس وقت شیاطین منتشر ہوتے ہیں۔

(۶) یا کھانے سے فارغ ہو کر بے ہاتھ دھوئے سو رہے کہ شیطان چاٹتا ہے اور معاذ اللہ برص کا باعث ہوتا ہے۔

(۷) یا غسل خانہ میں پیشاب کرے کہ اس سے وسوسہ پیدا ہوتا ہے۔

(۸) یا چھجے کے قریب سوئے اور چھت پر روک نہ ہو کہ گر پڑنے کا احتمال ہے۔

(۹) یا عورت سے ہم بستری کے وقت بسم اللہ نہ کہے کہ شیطان شریک ہو جاتا ہے اور اپنا عضو اس کے عضو کے ساتھ داخل کرتا ہے جس کے باعث بچہ انسان و شیطان دونوں کے نطفے سے بنتا اور پھر برا تخم برا ہی پھل لاتا ہے۔

(۱۰) یا کھانا بغیر بسم اللہ کے کھائے کہ شیطان ساتھ کھاتا اور جو طعام چند مسلمانوں کو کفایت کرتا ایک ہی کے کھانے میں فنا ہو جاتا ہے۔

(۱۱) یا زمین کے سوراخوں میں پیشاب کرے کہ کبھی سانپ وغیرہ جانوروں کا گھر یا جن کا مکان ہوتا ہے اور انسان ایذا پاتا ہے۔

(۱۲) یا اپنی خواہ اپنے دوست کی کوئی چیز پسند آئے تو اس پر نظر بد دور کرنے کی دعا اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلَیْہِ وَلَا تَضُرُّہٗ مَا شَآءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ نہ پڑھے کہ نظر حق

ہے۔ مرد کو قبر اور اونٹ کو ریگ میں داخل کر دیتی ہے۔

(۱۳) یا تنہا سفر کرے کہ فساق انس و جن سے مضرت پہنچتی ہے اور ہر کام میں دقت پیش آتی ہے۔

(۱۴) یا ہنگام جماع، شرمگاہ زن کی طرف نگاہ کرے کہ معاذ اللہ اپنے یا بچے یا دل کے اندھے ہونے کا باعث ہے۔

(۱۵) یا اس وقت باتیں کرے کہ بچے کے گونگے ہونے کا احتمال ہے۔

(۱۶) یا کھڑے کھڑے پانی پیا کرے کہ درد جگر کا مورث ہے۔

(۱۷) یا پاخانہ میں بغیر بسم اللہ اور اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ کہے جائے کہ خبیث (مرد خواہ عورت) جن سے مضرت کا اندیشہ ہے۔

(۱۸) یا لوگوں کے راستوں میں خواہ ان کی نشست و برخواست کی جگہ پاخانہ پیشاب کرے یا کوڑا کرکٹ ڈالے یا اوپر سے پانی وغیرہ پھینکے کہ ان کے ملوث ہونے کا اندیشہ ہو تو آپ ہی گالیاں کھائے گا۔

(۱۹) یا سفر سے پلٹ کر بغیر اطلاع کیے رات کو اپنے گھر میں چلا آئے کہ مکروہ دیکھنے کا احتمال ہے۔

(۲۰) یا فاسقوں، فاجروں، بدوضعوں، بدمذہبوں کے پاس نشست و برخاست کرے ان سے میل جول خلط ملط رکھے، ان سے مشورہ لے، ان پر اعتماد کرے کہ لوگوں کے نزدیک انہیں میں شمار ہوگا اور پھر محبت تو اپنا رنگ لاتی ہی ہے ان کا رنگ چڑھ جائے تو دین و ایمان کے رخصت ہونے یا قلبی بیماریوں کے پیدا ہونے کا خطرہ سامنے موجود اور اگر بالفرض صحبت بد کے اثر سے بچا تو متہم و بدنام ضرور ہو جائے گا اور مثل مشہور ہے بد اچھا بدنام برا۔ پھر عقیدہ کی بدنامی، عمل کی بدنامی سے بدرجہا بدتر۔

یہ اور اس قسم کے صدہا امور و آداب، احادیثِ کریمہ میں ماثور اور علمائے اہلِ سنت کے فتاویٰ کتب میں مذکور ہیں۔

خدا توفیق دے اور جو یہاں ذکر کیے گئے وہی ذہن نشین رہیں تو رحمتِ خداوندی کو توجہ فرماتے اور برکتوں کے نزول میں کیا دیر لگتی ہے۔

اسبابِ غنا و فراخ دستی

(۱) نمازِ اشراق، یعنی طلوعِ آفتاب کے کم از کم بیس منٹ بعد، دو یا چار نفل پڑھنا۔

(۲) چاشت کی نماز کی پابندی کرنا۔ دولت بے زوال میں لکھا ہے کہ دو چیزیں کبھی جمع نہیں ہو سکتیں۔ مفلسی اور چاشت کی نماز یعنی جو کوئی چاشت کی نماز کا پابند ہو گا، کبھی مفلس نہ ہو گا۔

(۳) ایامِ بیض یعنی ہر مہینے کی ۱۳، ۱۴ اور ۱۵ کو روزے رکھنا۔

فتوح الاوراد میں منقول ہے کہ تجربہ سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ جو کوئی ایام بیض کے روزے رکھے اس کے رزق میں وسعت ہو گی۔ دنیاوی آفتوں سے محفوظ رہے گا اور دونوں جہاں میں برکتوں سے مالا مال۔

(۴) سورۂ واقعہ کا ہمیشہ بالخصوص بعد مغرب پڑھتے رہنا۔

(۵) مردوں کو اوّل وقت فجر میں، سنتِ فجر اپنے گھر پڑھ کر، فرض نماز کے لیے مسجد میں جانا کہ بعض روایات میں آیا ہے کہ جس شخص نے فجر کی سنتیں اپنے گھر میں پڑھیں۔ اللہ تعالیٰ اس کا رزق کشادہ کرتا ہے۔ اس کے اعزاء و اقارب کا جھگڑا اس سے کم ہو جاتا ہے اور اس کا خاتمہ ایمان پر ہوتا ہے۔

(۶) نمازِ پنجگانہ کے لیے اذان کا جواب دینا اور اس کا احترام بجالانا، کہ لیٹا ہوا بیٹھ جائے اوراد و وظائف بلکہ تلاوت قرآن موقوف کر دے۔ سر پر ٹوپی دوپٹہ وغیرہ ڈال دے۔ ہرگز ہرگز دنیا کی کوئی بات نہ کرے کہ ایمان میں خلل آنے کا اندیشہ ہے۔

(۷) دینی معلومات فراہم کرنے کی کوشش میں لگا رہنا۔

(۸) دوسروں تک علمِ دین پہنچانا اگرچہ قرآن کی ایک آیت یا دین کا ایک مسئلہ کہ دوسروں کو تم سے جو خیر پہنچے وہ تمہارے لیے مبارک ہے۔

(۹) خدا توفیق دے تو نماز تہجد پڑھتے رہنا۔

(۱۰) توبہ و استغفار کرنا، بالخصوص فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان ستر بار۔

(۱۱) مردوں کو حکم شرعی کے مطابق چاندی کی انگوٹھی میں عقیق سرخ استعمال کرنا یہ موجبِ برکت بھی ہے اور دردِ جگر کو نافع بھی۔

(۱۲) گھر میں آیۃ الکرسی اور سورۂ اخلاص پڑھتے رہنا۔

(۱۳) صبح کے وقت یا بعد عصر، یا مغرب و عشاء کے مابین نہ سونا۔

(۱۴) ہر نماز کے بعد تسبیح فاطمہ پڑھنا۔ یعنی ۳۳ بار سبحان اللہ، ۳۳ بار الحمد للہ اور ۳۴ بار اللہ اکبر۔

(۱۵) قرآنِ مجید اور دینی کتابیں دینی مدرسوں کے لیے وقف کرنا۔

(۱۶) والدین کی خدمت میں مصروف رہنا۔

(۱۷) سورۂ مزمل اور سورۂ نباء کی تلاوت کم از کم ایک بار کر لینا اور سورۂ ملک بعد عشاء پڑھ کر سو رہنا اور شب جمعہ میں سورۂ کہف پڑھنا۔

(۱۸) سرکہ گھر میں رکھنا۔

(۱۹) عاشورہ محرم میں مسکینوں کو کھانا کھلانا کہ آج کے روز جو چیز دوسروں کو کھلائی پلائی جاتی ہے سال بھر تک اس میں برکت رہتی ہے اسی لیے مسلمانوں میں حلیم کا عمل جاری ہے۔

(۲۰) درود شریف بکثرت پڑھنا۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلَیْہِ وَعَلٰی کُلِّ مَنْ ھُوَ مَحْبُوْبٌ وَمَرْضِیٌّ لَدَیْہِ۔

دُعائے خیر

رب عزوجل رؤف رحیم کریم حی قیوم عظیم علیم جل مجدہ سے بتوسل حضور سید المحبوبین سید المرسلین نبی الرحمہ شفیع الامہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وابنہ الاکرم الغوث الاعظم واولیاء امتہ وعلماء ملتہ اجمعین۔

بنہایت تضرع و زاری دعا ہے کہ وہ اس رسالہ اور اس فقیر بے مایہ کی تمام تالیفات کو خالصاً لوجہہ الکریم فرمائے اور اہلِ اسلام کو عاجلاً و آجلاً اب اور آئندہ ان سے

نفع بخشے۔ (آمین) بِرَحْمَتِکَ یَآاَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

وصلی اللہ تعالی علی سیدنا و مولنا محمد و آلہ و صحبہ اجمعین۔

سبحانک اللھم وبحمدک اشھد ان لا الہ الا انت استغفرک واتوب الیک۔


العبد


محمد خلیل خاں القادری البرکاتی عفی عنہ


۲۴ رجب المرجب ۱۳۹۸ھ یکم جولائی ۱۹۷۸ء

دارالعلوم احسن البرکات، حیدر آباد سندھ (پاکستان)














حضرت علامہ مفتی محمد خلیل خان برکاتی قادری

تصنیف

دلکش و تحقیقی طباعت

فرید بک سٹال